V. 3

د

د (مذکر و مونث) تلفظ دال ۔ ۱ اردو کا گیارھواں ۔ فارسی کا دسواں عربی کا آٹھواں حرف اور دیوناگری رسم الخط کا اٹھارھواں ونجن ہے اور دنتی ونجنوں میں سے دوسرا ہے ۲ ابجد میں اس کے چار عدد فرض کئے گئے ہیں ۳ جنتری میں بدھ کا دن ظاہر کرتا ہے ۴ علم الافلاک میں ستارہ عطارد یا برج اسد کا نشان ہے ۵ اسے دال ابجد ۔ غیر منقوطہ یا مہملہ بھی کہتے ہیں ۶ الفاظ کے آخر میں مصدریت کے معنی دیتا ہے جیسے اچھل کود ۔ **دکار** (ھ) حرف یا آواز دال ۔

داب (ہ ۔ امر) ۱ دابنا سے ۲ (مونث) دباؤ ۔ زور ۳ بوجھ ۔ وزن ۴ رعب ۵ حکومت ۶ (اصطلاح طباعت) ایک رخ سو کاغذ ۷ نشان چھاپے کا ۸ ایک دفعہ کل سے نکالنا ۔ پیچ گھماؤ ۹ درخت کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لئے دبائی جائے ۔ **داباد** (ھ) ۱ بخار زدہ شخص کو لحافوں یا کمبلوں سے ڈھانپنا تاکہ پسینہ آئے ۲ بوجھ ۔ وزن ۳ رعب ۔ دباؤ ۔ زبردستی ۴ دست درازی ۔ استحصال بالجبر ۔ **داباد دینا** (ھ) رعب ڈالنا ۔ دھمکانا ۔ **داباکھچلی** (ھ) ۱ کاٹ ۔ جو حق ہو اس میں سے خواہ مخواہ کچھ رکھ لینا ۲ استحصال بالجبر ۔ دست درازی ۔ **داب بٹھانا** (متعدی) ۱ زور دینا ۔ دباؤ ڈالنا ۲ رعب ڈالنا ۔ سکہ جمانا ۳ بے جا حکومت کرنا ۴ قابو میں لانا ۔ مطیع کرنا ۔ **داب بیٹھ جانا** (لازم) رعب قائم ہونا ۔ سکہ بیٹھ جانا ۔ **داب بیٹھنا** (متعدی) ۱ دبا لینا ۔ زبردستی قبضہ کرنا ۲ نیچے دبانا ۳ خیانت کرنا ۴ زنا وغیرہ کے لئے پکڑ لینا ۵ (لازم) رعب پڑنا ۔ ڈر بیٹھنا ۔ **داب جمانا** (متعدی) داب بٹھانا ۔ **داب جمنا** (لازم) رعب پڑنا ۔ ڈر بیٹھنا ۔ **داب چوک** (مونث) چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا ۔ **داب دو** ۔ جھگڑا فساد رفع کرو ۔ **داب دینا** (متعدی) دفن کر دینا ۔ دبا دینا ۲ چھپا دینا ۳ رعب ڈالنا ۔ دھمکی دینا ۔ **داب رکھنا** (متعدی) ۱ دبانا ۔ دبا کر روکنا ۲ دبا کر نیچے رکھنا ۳ رکھ لینا ۔ نہ دینا ۴ چھپانا ۵ چرانا ۶ ناجائز طور پر قبضے میں رکھنا ۷ روپیہ قابو میں کر لینا ۔ روپیہ مار لینا ۔ **داب لینا** (متعدی) ۱ روپیہ مار لینا ۔ غصب کر لینا ۲ دبوچنا ۔ قابو کر لینا ۳ بھینچنا ۔ دبانا ۴ مغلوب کر لینا ۔ دبانا ۵ عاجز کرنا ۔ مجبور کرنا ۶ داب بیٹھنا ۔ **دابنا** (متعدی) ۱ دبانا (زیادہ فصیح ہے) ۲ جسم دبانا ۳ روکنا ۴ بھینچنا ۔ دبوچنا ۵ گاڑنا ۔ دفن کرنا ۶ حکومت کرنا ۷ دھمکانا ۔ جھڑکنا ۸ مغلوب کرنا ۔ زیر کرنا ۹ مجبور کرنا ۔ عاجز کرنا ۔

داب (ف ۔ مذکر) داراب کا مخفف ۱ شان و شوکت ۲ نمود ۔ نمائش ۳ رعب ۔ دبدبہ ۔ دھاک ۔ **داب بیجا یا ناجائز** (مذکر) بیجا دباؤ ۔ جبر ۔ رعب ۔

داب (ع ۔ مذکر) ۱ آداب ۔ طور ۔ طریق ۲ رسم ۔ رواج ۳ عادت ۔ طور ۔ طریق ۴ کام ۔ کاج دھندا ۔ معاملہ ۵ حالت ۔ کیفیت ۶ زور سے چلانا یا گھسیٹنا (دَاَبَ ۔ کوشش کرنا) **داب سلطنت** (مذکر) طریق سلطنت ۔ آداب حکومت ۔ **داب صحبت** (مذکر) ۱ تہذیب ۔ شائستگی ۲ آداب ۔ اخلاق ۔ **داب مجلس** (مذکر) آداب مجلس ۔ علم مجلس ۔

دابّت (ع ۔ مونث) ۱ رینگنے والا جانور ۲ حیوان ۳ سواری کا گھوڑا ۔ **دابۃ الارض** (مذکر) ایک جانور جو مسلمانوں کے اعتقاد میں قیامت سے پہلے نکلے گا ۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ صفا کی پہاڑی سے نکلے گا ۔ اس کے ایک ہاتھ میں حضرت موسٰے کا عصا اور دوسرے میں حضرت سلیمان کی مہر ہوگی ۔ عصا سے وہ مسلمانوں کو چھوئیگا اور مہر کافروں کو لگائے گا ۔ جن کے چہروں پر لفظ کافر لکھا جائے گا ۔

دابستان (ف ۔ مونث) ایک کتاب مصنفہ ملا موبد ۔ اس میں ہندوستان کے مختلف مذاہب کا ذکر ہے ۔ اور یہ پہلوی زبان میں ہے ۔

دابشلیم (ف ۔ مذکر) ایک خاندان جو سومنات میں حکومت کرتا تھا ۔ ایک راجہ جس کا ذکر کلیلہ دمنہ میں آتا ہے ۔

دابق (شام) ایک گاؤں جہاں سلطان سلیم اول ۔ اور مملوک سلطان قنصوا کے درمیان سخت لڑائی ہوئی ۔ قنصوا قتل ہوا ۔ اور مملوکوں کی سلطنت کا خاتمہ ہوا ۔

دابویہ (۔ ۶۶۰ء) بن گیل گاؤ بارجفاندان ساسانیاں کی نسل سے تھا ۔ یہ گیلان کا بادشاہ ۶۶۰ء میں ہوگیا ۔ اور اس کی نسل نے ۷۵۹ء تک وہاں حکومت کی مفصلہ ذیل بادشاہ ہوئے ۔ خورشید بن گیل (۶۶۰ء) فرخان بن خورشید (۷۰۹ء) داد برزمہر بن فرخان (۷۲۲ء) خورشید ثانی (۷۴۳ء ۔ ۷۵۹ء) خورشید کی لڑائی خلیفہ المنصور سے ہوئی اور اس نے شکست کھا کر خودکشی کرلی ۔

دابھ (ھ ۔ مونث) ایک گھاس ۔ کشا گھاس ۔

دابھا (ہند) ضلع چندا میں ایک قصبہ

دابھول (ہند) ضلع رتناگری میں ایک شہر اور بندرگاہ ۔ یہاں ایک بہت خوبصورت مسجد ہے ۔

دابی (ھ ۔ مونث) ۱ ایک لکڑی جس سے نیل کو حوض میں دباتے ہیں ۲ ایک ماپ جو دس مٹھیوں کے برابر ہوتا ہے ۔

داپ (ھ ۔ مرکز) ۱ غرور ۔ تکبر ۔ خود پسندی ۲ گستاخی ۔ بے ادبی ۔ گردن کشی ۳ خود بینی ۔ زعم ۔ اکھیمان ۴ شیخی ۔ ڈینگ ۵ زور سے دبانا ۶ طاقت ۔ قوت ۔ داب ۔

دات (ھ ۔ مذکر) ۱ فیاضی ۔ سخاوت ۲ (مونث) چیز جو دی جائے ۔ **داتپن** (مذکر) فیاضی ۔ سخاوت ۔

داتا (ہ ۔ مذکر) ۱ دینے والا شخص ۔ فیاض یا سخی آدمی ۲ فقیر ۔ سائیں ۔ درویش ۳ تمام چیزوں کا دینے والا خدا ۔ **داتاپن** (ھ) سخاوت ۔ فیاضی ۔ **داتا دتا رہ** **داتار** (س ۔ مذکر) دیکھو داتا ۔

امثال و اقوال ۔ داتا پن کرے کنجوس جھجھر مرے ۔ کوئی دے کوئی جلے ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی دے اور دوسرے کو ناگوار ہو ۔ داتا داتا مر گئے اور رہ گئے مکھی چوس ۔ دین لین کو کچھ نہیں لڑنے کو موجود ۔ سخی مر گئے کنجوس رہ گئے

دیتے دلاتے کچھ نہیں لڑنے کو تیار رہتے ہیں۔ موجودہ زمانے کا خاکا ہے۔ **داتا دتار سنتھنی اتار**۔ طنزاً کہتے ہیں کہ اسقدر سخی ہے کہ عورت کا پاجامہ بھی اتار کر خیرات کر دیتا ہے۔ **داتا دے بھنڈاری (پیٹ پیٹے) کا پیٹ پھٹے**۔ **داتا دے کنجوس جھر جھر مرے** دیکھو داتا پن الخ۔ **داتا دیوے اور شرما وے بادل برسے اور گرما وے**۔ اصل سخی سخاوت کر کے ظاہر نہیں کرتا۔ جیسے بادل پسینے پسینے ہوتا ہوا برستا ہے۔ **داتا سدا دلدری**۔ سخی ہمیشہ مفلس رہتا ہے۔ **داتا کا دان غریب کا اشنان**۔ سخی کی خیرات کرنے سے غریب کا کام چل جاتا ہے۔ **داتا کو رام چھپر پھاڑ کے دیتا ہے**۔ خدا سخی کو بہت دیتا ہے۔ **داتا کے تین گن دے دلا دے۔ اور دے کے چھین لے**۔ خدا دیتا ہے۔ اوروں سے دلاتا ہے اور دے کر لے لیتا ہے خدا کی قدرت کے تماشے ہیں۔ **داتا کے دینے کے سو ہاتھ**۔ خدا جب دینے پر آتا ہے تو سو طرح سے دیتا ہے۔ **داتا کے گھر لچھمی ٹھاڑی رہت حضور۔ جیسا گارا راج کو بھر بھر دیت مجور** (ھ) دولت سخی کے حضور میں ہر وقت اس طرح کھڑی رہتی ہے جس طرح مزدور معمار کو ٹوکریاں بھر بھر کر گارا دیتا ہے۔ **داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے**۔ سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے

داتا گنج (ہند) ۱ ضلع بدایوں میں ایک تحصیل۔ رقبہ ۳۰۰ ۲ (۱۹۶) ۲ قصبہ (۳)

داتا گنج بخش (۔۔۱۰۷۲) سید علی مخدوم ہجویری غزنی کے رہنے والے تھے۔ شیخ ابوالحسن ختلی کے مرید تھے۔ مرشد کی ہدایت سے لاہور آئے۔ اور تعلیم و تلقین میں مصروف ہوئے۔ کشف المحجوب مشہور تصنیف ہے

داتَر (س۔ مذکر) داتری ایک اوزار جس سے کاٹتے ہیں۔

داتر (س۔ صفت و مذکر) ۱ دیکھو داتا ۲ وہ شخص جو بیٹی شادی میں دے ۳ بھائی جو بہن شادی میں دے۔ **داترپورہ** (مذکر) ایک شہر۔

داتَن (ھ۔ مونث) دانتوں کو صاف کرنے کی لکڑی جو کیکر نیم یا پھلاہی کی ہوتی ہے (کرنا ہونا کے ساتھ)

داتَوَن (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو داتن ۲ داتن سے دانت صاف کرنا۔

داتھ (ہند) ایک ریاست۔ رقبہ ۵۱ ۲ راجدھانی۔

داج (ھ۔ مذکر) جہیز۔

داجل (ہند) ضلع ڈیرہ غازی خاں میں ایک قصبہ (۶)

داخِل (ع۔ صفت) ۱ اندر جانیوالا گھسنے والا ۲ پہنچنے والا۔ اندر آنے والا ۳ گھسا ہوا اندر گیا ہوا ۴ شامل۔ ملحق ۵ مانند۔ مثل ۶ (مذکر) اندر۔ بھیتر ۷ اندراج۔ کتاب یا حساب میں ۸ قبضہ کرنا ۹ شمولیت تھوڑی زمین کی بڑی زمین کے ساتھ ۱۰ ادائگی ۱۱ سپردگی حوالگی (دَخَل ۲ اندر جانا) **داخلِ حسنات ہونا** (صفت) کسی کار خیر میں شرکت کر کے ثواب حاصل کرنا۔ **داخل خارج** (مذکر) انتقال رجسٹر یا اقرار نامہ میں اندراج ملکیت۔ ایک شخص کا دوسرے کی جگہ مالک قرار دیا جانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **داخل خزانہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) روپیہ کا خزانے میں ادا ہونا۔ **داخلدار** (مذکر) قابض شخص۔ دخیل۔ **داخل دفتر** (صفت) ۱ شامل مثل ۲ نامنظور ۳ ملتوی کرنا۔ التوا میں ڈالنا ۴ مقدمہ یا درخواست خارج ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **داخل کرنا** (متعدی) ۱ اندر کرنا۔ گھسیڑنا ۲ شامل کرنا ملانا ۳ سپرد کرنا۔ سونپنا ۴ روپیہ ادا کرنا یا پہنچانا ۵ نام لکھوانا۔ درج کرنا ۶ بھرتی کرنا۔ داخل کرنا ۷ رجسٹر میں نام لکھنا یا درج کرنا ۸ قبضہ دلانا ۹ رکھنا۔ لگانا ۱۰ پہنچانا **داخل کرنیوالا۔ یا کنندہ** (صفت) ۱ وہ جو داخل کرے ۲ ادا کرنے والا۔ **داخِل نامہ** (مذکر) وہ اقرار نامہ جس میں ملکیت دوسرے کے نام درج ہو۔ دستاویز انتقال **داخلہ** (مذکر) ۱ اندر جانا۔ گھسنا ۲ دخل۔ گزر۔ باریابی ۳ سپردگی۔ حوالگی ۴ حساب میں اندراج۔ تحریر جس سے حساب میں اندراج ظاہر ہو ۵ روپے کی رسید خصوصاً مالگزاری کی۔ محصول یا چنگی کی رسید ۶ داخل کرنے کی فیس۔ سپردگی کی اجرت ۷ شمولیت۔ شرکت ۸ روپے کی ادائگی ۹ دروازہ اندر جانے کا راستہ ۱۰ (صفت) اندر۔ اندرونی۔ **داخل ہونا** (لازم) دیکھو داخل کرنا۔ **داخلی** (صفت) ۱ شامل داخل ۲ اندرونی۔ اندر کا ۳ مشمولہ۔ ملحقہ ۴ جبلی۔ قدرتی ۵ مملوکہ۔ مقبوضہ ۶ (مونث) باریابی۔ دخل۔ گزر ۷ کسی مقدس جگہ یا مقبرہ میں داخل ہونے کا دن ۸ موضع جو بڑے موضع کا حصہ ہو۔ **داخلی موضع** (مذکر) داخلی ۸

داد (ف و س۔ مذکر) ۱ ایک بیماری پھنسیوں کے چھتے جو بہت کھجلاتے ہیں ۲ سرخبادہ۔ کیمبی

داد (ف۔ مونث) ۱ دینا۔ بخشنا ۲ عطا بخشش ۳ انصاف۔ عدل ۴ فریاد۔ نالش ۵ سزا۔ پاداش ۶ انتقام۔ بدلہ ۷ آفریں۔ واہ واہ ۸ قانون (دادن سے حاصل مصدر) **داد آفرید یا آفریں** (مذکر) ۱ خدا ۲ ایک سر۔ **داد آور** (مذکر) انصاف کرنے والا۔ خدا۔ **داد بازی** (مونث) ایک کھیل جو پاسے سے کھیلتے ہیں۔ **داد بخش** (صفت) عادل۔ منصف۔ **داد بخشی** (مونث) عدل۔ انصاف (کرنا ہونا کے ساتھ) **داد بیداد** (مونث) فریاد۔ نالش۔ انصاف کے لئے شور۔ دہائی (سننا کرنا ہونا کے ساتھ) **داد بیگ** (مذکر) ایک افسر جو انصاف کیا کرتا تھا۔ منصف۔ جج۔ **داد پانا** (لازم) انصاف کو پہنچنا ۲ تحسین حاصل کرنا۔ **داد چاہنا** (متعدی) ۱ انصاف چاہنا ۲ تحسین چاہنا۔ آفرین کا خواہاں ہونا۔ **داد خواہ** (صفت) فریادی مستغیث۔ **داد خواہی** (مونث) ۱ فریاد۔ استغاثہ ۲ انصاف چاہنا ۳ نالش۔ دعوے (کرنا ہونا کے ساتھ) **داد دہش** (مونث) ۱ عطا۔ بخشش ۲ فیاضی۔ سخاوت ۳ خیر خیرات (کرنا ہونا کے ساتھ) **داد دہی** (مونث) ۱ فریاد سننا ۲ انصاف کرنا۔ **داد دینا** (متعدی) ۱ کسی کے ہنر کمال یا خوبی کی تعریف کرنا ۲ انصاف کرنا ۳ فریاد رسی کرنا۔ **دادرس** (صفت) ۱ فریاد سننے والا ۲ انصاف کرنے والا۔ **دادرسِ غریباں** (مذکر) خدا سے کنایہ ہے **دادرسی** (مونث) ۱ فریاد رسی۔ چارہ سازی ۲ انصاف

حق رسی (کرنا ہونا کے ساتھ)، دادستد یا ستد (مونث) لین دین ۔ خرید فروخت (کرنا ہونا کے ساتھ) داد سخن (مونث) بات یا شعر کی تعریف (چاہنا دینا لینا کے ساتھ) داد شجاعت دینا (متعدی) بہادری دکھانا جنگ میں دلیری سے لڑنا ۔ داد طلب (صفت) ۱ مستغیث ۲ فریادی ۳ تعریف کا خواہشمند ۔ داد عیش (وخرمی یا نشاط) دینا (متعدی) خوب عیش کرنا ۔ عیش وعشرت میں مشغول ہونا ۔ داد فرما (مذکر) ۱ خدا ۲ منصف بادشاہ ۔ داد فریاد (مونث) ۱ نالش ۔ استغاثہ ۲ فریاد واویلا (کرنا ہونا کے ساتھ) داد کو پہنچنا (لازم) ۱ فریاد رسی کرنا ۲ انصاف پانا ۳ صلہ ملنا ۴ ہنر یا کمال کی تعریف پانا ۔ دادگاہ (مونث) انصاف کی جگہ ۔ کچہری ۔ عدالت ۔ دادگاہِ مصاف (مونث) لڑائی کی عدالت میدانِ جنگ جو دو حریفوں کے درمیان فیصلہ کرتا ہے ۔ داد گر یا گستر (صفت) ۱ منصف ۔ عادل ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا نام ۳ منصف بادشاہ ۔ دادگستری (مونث) انصاف دادرسی (کرنا ہونا کے ساتھ) داد لینا (متعدی) ۱ انصاف ۲ اپنے کمال یا ہنر کی تعریف کرانا ۔ داد مانگنا (متعدی) ۱ انصاف کا خواہاں ہونا ۲ تعریف کا خواہاں ہونا ۔ داد ملنا (لازم) دیکھو آخری ۔ داد نہ فریاد ۔ نہ انصاف ہے نہ فریاد سنی جاتی ہے ۔ دادنی (مونث) ۱ وہ چیز جو دینے کے قابل ہو ۲ پیشگی روپیہ جو پہلے دیا جائے ۔ دادنی دار (صفت) وہ شخص جس نے پیشگی لی ہو ۔ داد وبیداد داد وستد (مونث) دیکھو داد بیداد اور داد ستد ۔ دادہ (صفت) ۱ دیا ہوا ۔ عطا کیا ہوا ۲ دیا گیا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے دلدادہ ۔ دادی ۔ دادی فریادی (صفت) فریادی ۔ مستغیث ۔

داد (ہ ۔ مذکر) دادا کا مخفف ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (س تا تک ۔ قابل عزت) دادا (مذکر) ۱ باپ کا باپ ۲ گرو ۔ استاد ۳ (ھ) بڑا بھائی دادس (مونث) ساس کی ساس ۔ دادسرا ۔ دادسرا (مذکر) سسر کا باپ یا سسر ۔ دادھیال (مذکر) دادا کا گھر یا خاندان ۔ دادی (مونث) باپ کی ماں ۔ دادا کی بیوی ۔

امثال واقوال ۔ دادا پردادا کے راج کی باتیں کرتا ہے ۔ پرانے زمانے کے حالات کا ذکر کرتا رہتا ہے ۔ دادا جان پرائے بردے آزاد کرتے تھے ۔ شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں دادا کہنے سے بنیا گڑ دیتا ہے ۔ خوشامد سے کچھ نہ کچھ مل جاتا ہے ۔ دادا مرے گا (مریں گے) جب بیل بٹیں گے ۔ دادا کے مرنے پر جائیداد کی تقسیم ہوگی دادا مریں گے تو پوتا راج کرے گا ۔ بڑے مر جائیں تو چھوٹے مزے اڑاتے ہیں ۔ دادا مریں گے جب میراث بٹیگی ۔ دادا کے مرنے پر جائیداد کی تقسیم ہوگی ۔ دادا مرتے ہیں تو بھوج کرتے ہیں (ھ) بزرگوں کے مرنے پر مزے اڑائیں گے ۔ دادا نے پن کیا ۔ پوتوں نے گانڈ مرائی (عفف) ناخلف اولاد سے خاندان کی بدنامی ہوتی ہے ۔ دادے راج نہ کھائے پان دانت دکھاوت گئے پران ۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو نئی چیز دکھاتا پھرتا ہے ۔

دادا (ف ۔ مونث) خادمہ ۔ انا ۔

دادا بھائی نوروجی (۱۸۲۵ ۔ ۱۹۱۰) بمبئی کا مشہور پارسی سیاسی لیڈر ۔ ہاؤس آف کامنز کا ممبر تھا ۔

دادار (ف ۔ صفت) ۱ منصف عادل ۲ خدا تعالےٰ کا نام ۔

دادا قلندر (نامعلوم) ایک مسلمان بزرگ جن کا مزار کوہ ما مالون علاقہ میسور پر ہے ۔ کہتے ہیں کہ یہ عرب سے قہوے کے بیج لائے تھے ۔

دادان (ف ۔ مذکر) کیومورث سے گشتاسپ تک ایران کے قدیم بادشاہوں کا لقب

دادر ۔ دادروا (ھ ۔ مذکر) مینڈک

دادرا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گیت ۲ تیسی ۳ حلق ۔ تالو ۔ حلق کا کوا ۔ دادرا بیٹھ جانا (لازم) غش آجانا ۔

داوری (مونث) ریاست جیند میں ایک قصبہ ۔

داڈو (ھ ۔ مذکر) ایک ہندو فقیر کا نام جو دادو پنتھی فرقے کا بانی ہے ۔ دادو پنتھ (مذکر) ایک فرقہ جو دادو نے نکالا تھا ۔ دادو پنتھی (صفت) دادو کا پیرو ۔

مقولہ ۔ دادو دنیا باوری کہیں چام سے رام ۔ پونچھ مروڑیں بیل کی ۔ اور کاڑھیں اپنا کام ۔ دنیا اپنے مطلب کی خاطر خدا کا نام لیتی ہے ۔

داڈو (ہند) ضلع کراچی میں ایک قصبہ

دادھنا (ھ ۔ متعدی) جلانا ۔

دار (ف ۔ صفت) ۱ رکھنے والا ۲ قابض ۳ مالک ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے دلدار ۔ آبدار ۴ (مذکر) لکڑی ۔ لکڑی کا ٹکڑا ۵ پھانسی ۔ سولی صلیب (داشتن ۔ رکھنا) داربست (مونث) ۱ لکڑی کی باڑ جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں ۲ ٹھاٹھر جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں ۔ دار پر چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) چڑھوانا (مم) کھینچنا (متعدی) سولی پر چڑھا کر قتل کرنا ۔ پھانسی دینا ۔ دارچینی (مونث) ایک درخت کی چھال ۔ دار فلفل (مونث) لمبی مرچ ۔ دارکش (صفت) سولی پر چڑھانے والا ۔ جلاد ۔ دار (و) گیر (مونث) ۱ پکڑ دھکڑ ۔ پرسش ۔ مواخذہ ۲ لڑائی کا شور ہاہو ۳ مشکل ۔ وقت ۔ الجھیڑا ۔ دار وگیر کی صدا بلند ہونا (لازم) لڑائی کا شور ہونا ۔ دار (و) مدار (مذکر) ۱ انحصار ۔ ٹھہراؤ ۔ قرار داد ۲ وعدہ وعید ۳ جھگڑے کا فیصلہ ۔ صفائی ۴ حفاظت ۔ بچاؤ (کرنا ہونا کے ساتھ) دارومدار بس اسی پر ہے ۔ انحصار محض اسی پر ہے ۔ دارومدار منظور رہونا (لازم) اقرار ہونا ۔ وعدہ ہونا ۔ داری (مونث) رکھنا ۔ لینا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے جہانداری ۔ ایمانداری ۔

دارہ (ع ۔ مذکر) ۱ گھر ۔ محل ۔ قصر ۲ مقام ۔ جگہ ۳ محلہ ۔ کوچہ ۴ شہر ۔ قصبہ ۵ علاقہ ۔ ملک ۔ (دَوَر ۔ حرکت کرنا)

دارُالآخرت (مذکر) اگلا جہان - دوسرا عالم - دارُالابتلا (مذکر) دنیا - دارُالادب (مذکر) تعلیم گاہ - یونیورسٹی
دارُالاسلام (مذکر) وہ ملک جس میں اسلامی سلطنت ہو - دارُالامارت (مذکر) پایۂ تخت - دارُالامان یا الامن (مذکر) امن کا گھر - وہ ملک جہاں امن ہو -
دارُالبقا (مذکر) ہمیشہ رہنے کا گھر - اگلا جہان - دارُالبوار (مذکر) ہلاکت کا گھر - دوزخ - دارُالحدث (مذکر) پاخانہ - دارُالحرب (مذکر) وہ ملک جس میں کافروں کی حکومت ہو اور مسلمانوں کو مذہبی فرائض ادا کرنے سے روکا جائے - دارُالحکومت - الخلافت (الخلافہ) یا السلطنت (مذکر) پایۂ تخت - وہ جگہ جہاں بادشاہ رہے - دارالسّرور (مذکر) خوشی کا گھر - بہشت - دارالسلام (مذکر) ۱ سلامتی کا گھر - بہشت ۲ بغداد ۳ باب عالی -
دارُالشرع (مذکر) عدالت - کچہری - دارُالشفا (مذکر) ہسپتال - شفاخانہ - دارُالشورٰا (مذکر) دربار یا جلسہ عام کی جگہ - دارُالشورا عام (مذکر) دیوان عام -
دارُالضرب (مذکر) ٹکسال - دارالعبادت (مذکر) ۱ عبادت کی جگہ ۲ یزد - دارالعدالت (مذکر) کچہری عدالت - دارُالعلم یا العُلوم (مذکر) تعلیم گاہ یونیورسٹی کالج - مدرسہ - دارالعمارت (مذکر) محل قصر - دارالعمارت شاہی (مذکر) شاہی محل - دارُالعمل (مذکر) عمل کی جگہ - دنیا - دارُالعوض (مذکر) سزا کی جگہ - دارُالعیار (مذکر) وہ جگہ جہاں کھوٹا کھرا روپیہ پرکھا جاتا ہے - دارُالفنا (مذکر) موت کا گھر - دنیا - دارُالفنون (مذکر) یونیورسٹی کالج - دارالقرار (مذکر) بہشت - جنت - دارُالقضا (مذکر) ۱ قاضیوں کی کچہری - عدالت - دارالقمار (مذکر) جوئے خانہ - قمار خانہ - دارالکتب (مذکر) کتاب گھر - لائبریری - دارالمحن (مذکر) غم یا رنج کا گھر - دنیا - دارالمرض (مذکر) ہسپتال - دارالمکافات (مذکر) بدلہ ملنے کا گھر - دنیا - دارالملک (مذکر) دارالخلافہ
دارالنشاط (مذکر) ۱ خوشی کا گھر ۲ اور میرہ - دارِ سرور (مذکر) ۱ خوشی کا گھر ۲ طفلس - دارِ غرور - فنا یا مکافات ناپائیدار (مذکر) دنیا - دارودستہ (مذکر) گھر اور خاندان - دارین (مذکر) دونوں جہان - دنیا و عقبےٰ
دارہ - دارا (س - مونث) بیوی - زوجہ - استری -
دارا (ف - مذکر) ۱ مالک - آقا ۲ شاہ - بادشاہ ۳ دیوتا - داراشکن (صفت) سکندر کا لقب - داراشکوہ (صفت) جسکی طاقت یا شان و شوکت دارا کی طرح ہو - دارائی (صفت) ۱ دارا سے منسوب ۲ (مونث) دریائی ۳ حکومت - خدائی -
دارائے ظلمت (مذکر) رات - شب -
دارا (۔ ۴۸۶ ق م) گشتاسپ - شاہ ایران ۵۳۲ ق م میں تخت نشین ہوا (۔ ۴۰۴) اول بن بہمن ملکہ ہمائے کے بطن سے تھا جو بہمن کی بیٹی تھی - جس نے شرم کی وجہ سے اسے جنگل میں پھنکوا دیا - اس کی پرورش ایک کسان نے کی - بڑا ہو کر فوج میں ملازم ہوا اور ترقی کرتے کرتے جرنیل ہو گیا - ملکہ ہمائے نے شناخت کر کے ۴۲۴ ھ میں سلطنت اس کے حوالے کی - یہ خاندان کیانیاں کا آٹھواں بادشاہ تھا - اس کی لڑائیاں فیلقوس شاہ مقدونیہ سے رہیں - (۳۸۰ - ۳۳۱ ق م) ثانی بن دارا ۳۳۶ ھ میں تخت نشین ہوا - سکندر سے لڑتا ہوا مارا گیا - داراَبخت (۱۹) مرزا ابن بہادر شاہ ثانی شاہ دہلی - صاحب دیوان ہے - دارابیگ (۔ ۱۷۰۰) مرزا المتخلص جویا فارسی شاعر صاحب دیوان ہے - داراخاں ۱ (۔ ۱۶۲۵) مرزا عبدالرحیم خان خاناں کا دوسرا بیٹا تھا - جہانگیر نے اسے پنجہزاری امیر مقرر کر کے برار اور احمد نگر کا گورنر بنایا کچھ عرصہ بنگال کا گورنر رہا جہانگیر کے حکم سے قتل ہوا ۲ (۔ ۱۶۷۹) بن مختار خاں سبزواری - عالمگیر کے دربار کا ایک امیر تھا - داراشکوہ (۱۶۱۵ - ۱۶۵۹) شاہجہاں کا سب سے بڑا بیٹا تھا - جب شاہ جہاں بیمار ہوا تو اس کے اور اورنگ زیب کے درمیان جنگ ہوئی جس میں اسے شکست ہوئی - یہ بھاگ گیا - مگر حاکم سندھ نے گرفتار کر کے پابجولاں بھیجا - اورنگ زیب کے حکم سے قتل ہوا -
دارا (ہ - مذکر) جماعت - گروہ - زنانوں کی اصطلاح - دارے سے نکال دینا (متعدی) جماعت سے خارج کر دینا -
داراب (ف - مذکر) ۱ شان و شوکت ۲ فخر - غرور ۳ لڑائی کا شور ۴ محافظ - مددگار - والی ۵ دیکھو دارا نام ۶ بہمن کی بڑی بیٹی کا نام - داراب گرد (ایران) ایک شہر جو داراب نے آباد کیا تھا - (۱۲) دارابی (مونث) رسی جس سے توپ کھینچتے ہیں -
داراپور (ہند) ضلع جہلم پنجاب میں ایک گاؤں - جس کے قریب اودے نگر کے کھنڈرات ہیں -
داراد (ف - مذکر) بخشنے والا - خدا کا ایک نام -
دارا گنج (ہند) دریائے گنگا پر الہ آباد کے مقابل میں ایک قصبہ (۱۵)
دارُالبلد (افریقہ) مراکو کے شمال مغرب میں ایک بندرگاہ (۲۰) اسے کاسا بلانکا بھی کہتے ہیں -
دارالسلام (افریقہ) جرمن مشرقی افریقہ کا دارالخلافہ تھا - اب ٹانگانیکا کا دارالخلافہ ہے (۲۵)
دارانگر (ہند) ضلع الہ آباد میں ایک قصبہ (۳) ۲ ضلع بجنور میں ایک قصبہ (۴)
دارتانیان (فر - مذکر) الگزینڈر ڈوما کے ناول تین بندوقچی میں سے ایک بندوقچی -
دارجیلنگ (ہند) ۱ صوبہ بنگال میں شمال کی طرف - ایک ضلع رقبہ ۱۲۳۴ ھ (۳۲۰) ۲ ایک شہر جو بنگال گورنمنٹ کا موسم گرما کا دارالسلطنت ہے (۲۲)
دارِد - دارِدر (ہ - مذکر) غربت افلاس - دلدر - مفلسی - دارودرکھیدنا (مذکر) ایک رسم جو ہندو دیوالی میں ادا کرتے ہیں - ایک چھلنی لے کر مکان کے ہر کونے میں بجاتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں - ایشور پیٹھو دارِدر نکلو -

دارفور (افریقہ) مشرقی سوڈان کا ایک صوبہ۔ رقبہ ۲ لاکھ (۰۰۰ ہم) دارالخلافہ الفشر۔

دارقطنی (ع۔ مذکر) دیکھو ابوالحسین علی بن عمر۔

دارک (س۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ بچہ طفل ۲ جانور کا بچہ۔

دارُک (س۔ مذکر) ۱ گڑیا ۲ کرشن جی کا رتھ بان ۳ شوجی کے ایک اوتار۔ **دارکاون** (مذکر) ایک تیرتھ۔

دارکا (س۔ مونث) بیٹی۔ لڑکی۔ کنیا۔ **دارکادان** (مذکر) بیٹی کو شادی میں دینا۔

دارکان (ایشیا) منگولیا میں ایک سلسلۂ کوہ۔

دارم (ف۔ مضارع) واحد متکلم۔ میں نے رکھا۔

مثل۔ دارم چرا نہ پوشم۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی بے ضرورت نمائش کے لئے کپڑے پہنے۔

دارِم (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلے ۲ ایک عرب قبیلے کے بانی کا نام ۳ ایک درخت۔

دارِمی (۔ ۸۶۹) ابو محمد عبداللہ الدارمی بن عبدالرحمٰن سمرقندی۔ سند دارمی کا مصنف ہے۔

دارُن (س۔ صفت) ۱ سخت۔ کرخت ۲ سخت آواز والا ۳ سنگدل۔ بے رحم ۴ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک ۵ تکلیف دہ ۶ کٹر ۷ (مذکر) سختی۔ سنگدلی۔ ڈر ۸ تکلیف ۹ ایک درخت کا نام۔

دارَنی (س۔ مونث) درگا جی کا نام

دارُو (ف۔ مذکر) ۱ دوائی ۲ علاج درماں۔ معالجہ۔ اوکھد ۳ بارود ۴ شراب۔ **دارو پینا** (لازم) شراب پینا۔ **دارو درمن** (مذکر) علاج معالجہ۔ درمن درماں کا بگڑا ہوا ہے۔ **داروڑا**۔ (مذکر) **داروڑی** (ھ) شراب۔ **دارو لگنا** (لازم) دوائی کا اثر ہونا۔ **داروہا** (ھ۔ مذکر) شرابی۔ **داروے بیہوشی** (مذکر) بیہوشی کی دوائی۔ وہ دوائی جسے سنگھا کر بیہوش کرتے ہیں۔ **داروئے چشم** (مذکر) آنکھ کی دوائی۔ سرمہ۔ **داروئے مستی** (مذکر) نشے کی چیز۔

امثال۔ دارو بگماں خوردن عقلمند فہم و ادراک سے کام لیتے ہیں۔ **داروئے غضب خاموشی**۔ غصہ کا علاج چپ رہنا ہے۔ اگر غصے ہونے والے کو جواب نہ دیا جائے تو اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔

دارو (س۔ مذکر) ۱ لکڑی۔ لکڑی کا ٹکڑا ۲ دیودار کا درخت۔

داروغا (ف۔ مذکر) داروغہ۔

داروغائی (مونث) ۱ داروغے کا عہدہ یا کام ۲ محافظت۔ نگہبانی ۳ افسری۔ سرداری ۴ انتظام حکومت۔

داروغگی (ف۔ مونث) دیکھو داروغائی۔

داروغہ (ف۔ مذکر) ۱ محافظ۔ نگراں ۲ سردار۔ کسی جماعت کا سردار ۳ سردار ملازمان ۴ پولیس تھانہ دار۔ پولیس انسپکٹر۔ **داروغۂ توپخانہ** (مذکر) توپخانے کا افسر۔ میر آتش۔ **داروغۂ جیل یا جیلخانہ** (مذکر) قیدخانے کا افسر۔ جیلر۔ **داروغۂ دیوان خانہ** (مذکر) وہ شخص جو امیروں کے پاس دیوان خانے میں جانے کی اجازت دے۔ **داروغۂ صفائی** (مذکر) جس کے سپرد صفائی کا انتظام ہو۔ بھنگیوں کا داروغہ۔ **داروغۂ نقارخانہ** (مذکر) نقارچیوں کا داروغہ۔ بینڈ ماسٹر۔

داری (ہ۔ مونث) ۱ لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو۔ باندی۔ کنیز ۲ فاحشہ عورت چھنال۔ **داری جارہ** (مذکر) کنیز بچہ۔ حرامزادہ۔

دارین (عرب) بحرین میں ایک بندرگاہ۔

داڑک (ھ۔ مذکر) ڈاڑھ۔

داڑم۔ داڑمب (ھ۔ مذکر) انار کا درخت ۲ انار۔

داڑھ۔ داڑھا۔ داڑھی (ہ۔ مونث) دیکھو ڈاڑھ وغیرہ جو زیادہ فصیح ہے۔

داس (ف۔ مذکر) داتری۔

داس (س۔ مذکر) ۱ غلام ۲ نوکر۔ ملازم ۳ ہندوؤں کے بعض ناموں کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے رام داس ۴ اسر۔ راکھشس ۵ ایک خاص قسم کی مخلوق جسے اندر نے مغلوب کیا تھا ۶ وحشی۔ جنگلی۔ ملچھ ۷ مچھلی پکڑنے والا ۸ شودر ۹ وہ جسے بھینٹ دیں۔ **داسا** (صفت) وحشی۔ شیطانی۔ پرکینہ۔ **داس بکری** (مونث) غلاموں کی خرید فروخت یا تجارت۔ **داس کیتو** (مذکر) منو وکش ساورن کا ایک بیٹا۔ **داسی** (مونث) لونڈی۔ باندی کنیز ۲ ملازمہ ۳ ایک دریا ۴ (صفت) پرکینہ۔ شیطانی وحشی۔ **داسی برہمن** (مذکر) برہمن جو لونڈیوں سے زنا کرے۔ **داس پتر یا جایا** (مذکر) ۱ لونڈی کا بیٹا ۲ حرامی حرامزادہ۔

مثل۔ داسی کرم کہار سے نیچے نوکر کا کام سب سے ادنٰے کام ہے۔

داس (۱۸۷۰ - ۱۹۲۵) چتارنجن ولد بھجن موہن داس۔ بیرسٹر اور بنگال سوراج پارٹی کا لیڈر تھا۔ ۱۸۹۵ء میں اس نے کچھ نظمیں شائع کیں۔ ۱۹۱۵ء میں اس نے رسالہ نارائن جاری کیا۔ ۱۹۱۷ء میں گاندھی کی عدم تعاون تحریک میں شامل ہوا اور وکالت چھوڑ دی مگر سیاسی ملزموں کے مقدمات کی پیروی کرتا رہا۔ ۱۹۲۳ء میں بنگالی لیجسلیٹو کونسل کا ممبر ہوا۔ وزارت سے انکار کیا۔ اس کی مخالفت کی وجہ سے دوعملی حکومت کا خاتمہ ہوا۔ اور گورنمنٹ نے انتظام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ دارجیلنگ میں دل کی حرکت بند ہو جانے سے موت واقع ہوئی۔

داسا (ھ۔ مذکر) ۱ پتھر یا لکڑی کا چوڑا

اور لمبا ٹکڑا - سر دل ۲ لکڑی جو دیوار سے نکلی ہو اور چھپر وغیرہ باندھنے کے کام آئے ۳ داتری ۴ خنجر -

داسپر - داسپلور (ہ - مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس -

داس پور (ہند) ۱ ضلع مدنا پور مدراس میں ایک قصبہ ۲ ریاست مور بھنج اوڑیسہ میں ایک قصبہ ۳ ریاست کرند صوبجات وسطی میں ایک قصبہ -

داستان (ف - مونث) ۱ قصہ کہانی حکایت ۲ طول طویل قصہ - لمبی کہانی ۳ سرگذشت تاریخ ۴ شہرت - مشہوری - **داستان چھیڑنا** (متعدی) لمبا قصہ شروع کردینا - اپنی ساری سرگذشت سنانا شروع کردینا - **داستان سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) قصہ سننا - کہانی سننا - **داستان کہنا** (متعدی) قصہ یا کہانی سنانا - **داستان گو** (مذکر) قصہ خوان - وہ شخص جو قصہ سنائے -

داستانہ (ف - مذکر) ۱ ہاتھ پر پہننے کی چیز ۲ وہ چمڑے کی پوشش جو شکاری اپنے ہاتھ میں شکاری پرند بٹھلانے کے لئے پہن لے (اتارنا اترنا پہننا وغیرہ کے ساتھ)

داش (س - مونث) ۱ عورت ۲ پرستش پوجا -

داش (س - مذکر) ۱ ماہی گیر - ملاح ۲ داس - **داشی** (مونث) ۱ ماہی گیر عورت - ماہی گیر کی بیوی یا بیٹی ۲ داسی -

داشت (ف - مونث) ۱ خبرگیری نگرانی ۲ گھوڑے کی مالش ۳ کمہار کی بھٹی - تحفہ - **داشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پرورش ہونا - خبرگیری ہونا - تعلیم ہونا - **داشتہ** (صفت) رکھا ہوا -

مقولہ - داشتہ آید بکار - گرچہ باشد سرمارہ - رکھی ہوئی چیز کام آہی جاتی ہے گو سانپ کا سرہی ہو - کسی چیز کو احتیاط سے رکھنے کے موقع پر کہتے ہیں -

داشیرک (س - مذکر) صوبہ مالوہ کا پرانا نام -

داعی (ع - صفت) ۱ بلانے والا ۲ دعا کرنے والا ۳ (مذکر) وہ شخص جو دوسرے کے لئے دعا کرے ۴ مدعی - مستغیث ۵ وہ جو دوسرے کو کوئی کام کرنے کے لئے اکسائے ۶ وجہ - موجب - بانی ۷ ذریعہ سبب - وسیلہ - **داعی اجل کو لبیک کہنا** (متعدی) مرجانا - وفات پانا - **داعیہ** (مذکر) ۱ خواہش - مرضی ۲ اجارہ - دعوے - زور - استدعا (کرنا ہونا کے ساتھ)

داعی (ا ۵) نظام الدین محمد فارسی شاعر صاحب دیوان - نعمت اللہ شاہ ولی کا شاگرد تھا -

داعی اللہ شاہ (نامعلوم) ایک مسلمان پیر جن کا مزار شیراز میں ہے -

داغ (ف - مذکر) ۱ نشان - دھبہ ۲ جلنے کا نشان ۳ وہ نشان جو لوہے کو گرم کرکے کسی مرض کے لئے لگایا جائے ۴ کلنک کا ٹیکا - الزام ۵ رنج - غم ۶ صدمہ ۷ کسی عزیز کے مرنے کا غم ۸ رشک - حسد ۹ وہ نشان جو پھل پر پڑ جائے ۱۰ چیچک کا نشان ۱۱ زخم یا پھوڑے کا نشان ۱۲ نقص - عیب ۱۳ چاند کا نشان ۱۴ زنگ کا نشان ۱۵ حماسہ ۱۶ زخم - پھوڑا ۱۷ (صفت) نشان کیا ہوا ۱۸ گرم کرکڑاتا ہوا - **داغ ابھرنا** (لازم) ۱ زخم تازہ ہونا ۲ صدمہ تازہ ہونا - **داغ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) رنج یا صدمہ برداشت ہونا - **داغا** (صفت) داغ کیا ہوا - **داغا جانا** (لازم) ۱ لوہے سے نشان کیا جانا ۲ سر ہونا ۳ آتشبازی کو آگ لگنا ۴ جلایا جانا - **داغ بربالائے داغ** - صدمے پر صدمہ - **داغ بیل** - (مونث) وہ نشان جو سڑک روش نالی کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لئے لگاتے ہیں (دینا لگانا کے ساتھ) **داغ بیل ڈالنا** (متعدی) کسی کام کو کرنا کسی کام کی بنیاد رکھنا - کسی کام کو ایک خاص طریق پر کرنا **داغ پر داغ** - صدمے پر صدمہ (دینا کے ساتھ) **داغ پڑنا** (لازم) دھبہ پڑنا - نشان پڑنا - **داغ تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ زخم ہرا ہونا ۲ پرانا صدمہ یاد آنا اور رنج ہونا - **داغ تصحیحہ** (مذکر) وہ دفتر جہاں گھوڑوں پر نشان کٹے جاتے ہیں - **داغ جگر** (مذکر) ۱ زخم جگر ۲ اولاد کے مرنے کا صدمہ - **داغ جگر کھانا** (لازم) **کھلانا** (متعدی) صدمہ پہنچانا - رنج دینا - **داغ جنون** (مذکر) جنون - **داغ چڑھانا** (متعدی) داغ لگانا - **داغ چھڑانا** (متعدی) دھبہ مٹانا - **داغ چھوڑنا** (لازم) نشان رہ جانا - **داغ خاطر یا دل** (مذکر) دل کا داغ - غم - صدمہ - **داغ دار** (صفت) وہ جس پر داغ ہو - پھل یا چیز - داغی (کرنا ہونا کے ساتھ) **داغ دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (لازم) صدمہ اٹھانا - **داغ دہ** (صفت) داغ دینے والا - **داغ دے گیا** - مرگیا - **داغ دینا** (متعدی) صدمہ پہنچانا - رنج دینا ۲ لوہے کو گرم کرکے جسم پر نشان لگانا کسی بیماری کی وجہ سے یا ملکیت کا نشان کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں ۳ جلانا - جھلسا دینا ۴ مردے کو جلانا ۵ زخم کو جلانا ۶ نقصان پہنچانا ۷ توپ یا بندوق کو سر کرنا ۸ آتشبازی کو آگ لگانا ۹ گرم کرنا - گڑگڑانا ۱۰ چغلی کھانا - شکایت کرنا - **داغ کرنا** (متعدی) گرم ہونا - بگھارنا - کڑکڑانا **داغ کرنے والا** (صفت) وہ جس سے نشان پڑ جائے جلانے والا - نشان کرنے والا - **داغ کھا جانا** (لازم) نشان پڑ جانا - داغ لگ جانا (پھل کو) **داغ کھانا** (متعدی) ۱ رنج اٹھانا - صدمہ اٹھانا ۲ رشک کھانا ۳ دھبہ لگنا - نشان پڑنا ۴ گل کھلانا - **داغ کھلانا** (متعدی) صدمہ دینا - **داغ لانا - لگانا** (متعدی) **لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ جلنا - جل جانا ۲ بدنام ہونا الزام لگنا ۳ نشان لگنا ۴ عیب دار ہونا - **داغ لیجانا** (لازم) کسی بات کا رنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا - **داغ مٹانا** (متعدی) **مٹنا** (لازم) کسی چیز کا نشان معدوم ہونا - **داغنا** (متعدی) ۱ لوہا یا کوئی اور دھات گرم کرکے بدن پر نشان لگانا ۲ توپ یا بندوق سر کرنا ۳ بارود کو آگ لگانا - آتشبازی چھوڑنا ۴ کسی کی بات کسی سے کہدینا **داغ نکلے** ۱ ایک قسم کا کوسنا ۲ پھوٹ نکلے - جلکر نکلے - **داغ ہوکر نکلے** - دیکھو آخری - **داغ ہونا** (لازم) ۱ بگھارا جانا - گرم ہونا - نشان ہونا - دھبہ ہونا ۲ گرم لوہے کے

نشان لگنا ۹ رنج ہونا۔ صدمہ ہونا ۱۰ رشک ہونا ۱۱ جلکر زخمی ہونا۔ **داغی** (صفت) ۱ داغدار۔ دھبے دار ۲ عیب دار۔ معیوب ۳ جلایا ہوا ۴ سزایاب ۵ مجرم۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **داغی غلام** (مذکر) وہ غلام جس کے بدن پر ملکیت کا نشان ہو۔

داغ (۱۸۳۱-۱۹۰۴) نواب مرزا خاں بن نواب شمس الدین خاں دہلوی۔ اردو شاعر۔ ذوق کا شاگرد تھا۔ غدر کے بعد لکھنؤ گیا ۱۸۶۵ء میں نواب رامپور کے پاس ملازمت اختیار کی ۱۸۸۸ء میں حیدر آباد گیا اور نظام کا استاد ہوا۔ بہت سے دیوانوں کا مصنف ہے۔ گلزارِ داغ۔ آفتابِ داغ۔ مہتابِ داغ۔ یادگارِ داغ وغیرہ۔

داغستان (قاف) ایک جمہوری سوویٹ ریاست جسکا رقبہ ۵۵۲۷۲ (۹ ۰ ۷۸) ہے پہاڑی علاقہ ہے۔ مخچ کلا۔ دار السلطنت ہے۔

داغستانی (نامعلوم) ایک شاعر جو داغستان کا رہنے والا تھا۔ ریاض الشعرا کا مصنف ہے۔

دافع (ع۔صفت) دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔ **دافعُ البلیات** (مذکر) بلاؤں کو دفع کرنے والا۔ کنایۃً خدا۔ **دافعِ حجاب** (صفت) شرم کو دور کرنے والا (دَفع۔ دور کرنا) **دافعہ** (مونث) ایک قوتِ بدن انسان میں جو نقصان دہ چیز کو نکال دیتی ہے۔

داک (س۔ مذکر) ۱ دینے والا۔ مخیر ۲ وہ جو برہمنوں کو دان دے ۳ وہ جو یگ کرے اور برہمنوں کو دے۔

داکنی (س۔مونث) ایک قسم کی بھتنیاں جو کالی کے ساتھ رہتی ہیں اور انسان کا گوشت کھاتی ہیں۔

داکھ (ھ۔مونث)۔ انگور کی ایک قسم۔ انگور۔ **داکھ رس** (مذکر) ۱ انگور کا پانی ۲ شراب **داکھ لتا** (مونث) انگور کی بیل۔ انگور کی شاخ۔

داگ۔ داگنا (ھ۔ متعدی) دیکھو داغ۔ داغنا۔

امثال۔ داگے کے سانڈ تو داگے لے لوہار۔ جو کام جس کے لائق ہو اسے ہی کرنا چاہیے۔ **داگ لگائے لنگوٹیا یار۔** پرانے دوست ہی دغا دیتے ہیں۔

دال (ہ۔مونث) ۱ دلے ہوئے اناج جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں۔ جیسے چنے۔ مونگ۔ ماش۔ ارہر وغیرہ ۲ نشان دال کی شکل کا کسی چیز پر ۳ حرف د کا تلفظ ۴ کھرنڈ ۵ نقطۂ شعاع کرن بندی ۶ زردی جو پرند کے بچے کی چونچ پر انڈے سے نکلنے کے وقت ہوتی ہے۔ **دال بنانا** (متعدی) دال پکانا (عف) (س دَل۔ توڑنا) **دال بندھنا** (لازم) ۱ کھرنڈ بندھنا ۲ چیچک کے آبلوں پر کھرنڈ بندھنا ۳ شعاع کا ایک جگہ اکٹھا ہونا۔ **دال بھات کھچڑی** (مونث) گڈمڈ۔ ہفت رنگی۔ آمیزش۔ **دال جوتیوں میں بٹنا** (لازم) ۱ لڑائی ہونا ۲ تھکا فضیحتی ہونا ۳ خانگی جھگڑا ہونا۔ نا اتفاقی ہونا۔ **دال جھڑنا** (لازم) دال ۱ اتر جانا۔ **دال چپاتی** (مونث) ۱ دال روٹی ۲ بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ **دال چپاتی بٹنا** (لازم) آپس میں جوتیوں کی لڑائی ہونا۔ **دال چپو ہونا** (لازم) ۱ گتھم گتھا ہونا۔ باہم لپٹنا ۲ دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر گر پڑنا۔ **دال خور** (صفت) مسلمان مذاقاً یا طنزاً ہندوؤں کو کہتے ہیں۔ **دال دلانا** (حم) دلنا (متعدی) دال کو چکی میں دو ٹکڑے کرنا۔ **دال دَلیا** (مذکر) ۱ غریبانہ خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا ۲ تکلف سے اپنے کھانے کا ذکر کرتے ہیں۔ ماحضر۔ روکھی سوکھی روٹی ۳ (صفت) تھوڑا سا۔ تھوڑا بہت۔ کچھ نہ کچھ۔ **دال دلیا ہونا** (لازم) کچھ نہ کچھ کام ہنجانا **دال روٹی** (مونث) ۱ غریبانہ خوراک ۲ رزق۔ روزی۔ **دال روٹی پیٹ بھر کر کھاتا ہے۔** آسودہ حال ہے۔ خوشحال ہے۔ **دال روٹی سے آسودہ یا خوش** (صفت) آسودہ حال۔ خوشحال۔ **دال روٹی کر دینا۔** ہر وقت استعمال کر کے بے وقعت کر دینا **دال ف عین** (مونث) دفع (کرنا ہونا کے ساتھ) **دال گلنا** (لازم) ۱ دال پک جانا ۲ کامیاب ہونا۔ کام بن جانا ۳ کسی جگہ مداخلت ہونا۔ **دال موٹ یا موٹھ** (مذکر) دال میں موٹھ ملا کر نمک چھڑک کر چبینا بناتے ہیں۔ **دال میں کچھ کالا ہے۔** کچھ خرابی ہے۔ شک و شبہ کی بات ہے۔ مشکوک معاملہ ہے۔ **دال نہ گلنا۔** (لازم) کامیابی نہ ہونا۔ **دال والا** (مذکر) بنیا۔ بقال

امثال۔ دال روٹی کھاتے ٹوٹا تو (بھاڑ میں پڑے) زندگی بیکار۔ اگر باوجود کفایت شعاری کے گزارا نہیں ہوتا تو مر جانا بہتر ہے

دالّ (ع۔صفت) ۱ دلالت کرنے والا ۲ راہ دکھلانے والا ۳ معنی خیز۔ پر معنی ۴ (مذکر) علامت نشان (ہونا کے ساتھ) (دَلّ۔ رستہ بتانا)

دالان (ف۔ مذکر) بڑا اور لمبا کمرہ جس میں سہ در یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں۔ **دالان در دالان** (مذکر) دالان کے پیچھے دوسرا دالان۔ ایک کمرے کے پیچھے دوسرا کمرہ۔ ایک کے پیچھے ایک جیسے دو کمرے۔

دالی (ف۔مونث) ۱ چھوٹی ٹوکری۔ پھل کی ٹوکری ۲ تحفہ پھل یا مٹھائی کا۔ ڈالی۔

دام (ف۔ مذکر) ۱ جال۔ پھندا ۲ گھاس کھانے والا جنگلی جانور ۳ دنیا کے پھندے ۴ رینگنے والا جانور۔ کیڑا ۵ سکہ۔ روپے کا چالیسواں حصہ ۶ ایک وزن جو پکا ۶ ماشے کا اور خام ۱۲ ماشے کا ہوتا ہے۔ **دامِ بلا** (مذکر) مصیبت کا پھندہ۔ مصیبت۔ **دامِ بلا سے رہائی پانا** (لازم) دینا (متعدی) مصیبت سے بچانا۔ **دام بچھانا** (متعدی) پھندا لگانا۔ جال لگانا۔ **دام بچھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **دامِ تزویر یا فریب** (مذکر) فریب کا پھندا یا جال۔ مکر۔ فریب۔ **دام میں آنا** (لازم) فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔ **دام میں پھنسانا** (متعدی) پھنسنا (لازم) ۱ گرفتار ہونا ۲ جال میں پھنسنا **دام میں لانا** (متعدی) ۱ پھنسانا۔ فریب میں لانا ۲

جال میں پھنسانا ۳ بس میں لانا - **دام و دَد** (مذکر) چرندے اور درندے - **دامی** (مذکر) دام لگانے والا - شکاری صیاد - چڑیمار - **دامِ یار** (مذکر) ۱ صیاد ۲ ماہی گیروں کا جال -

مقولہ - دامے درمے قدمے سخنے
ہر طرح مدد کرنے کو تیار -

دام (ہ - مذکر) ۱ دمڑی - چھدام - ۲ قیمت - مول ۳ نرخ - بھاؤ ۴ نقدی - روپیہ - زر نقد ۵ پیسے کے پچیسویں حصے کو کہتے تھے ۶ اکبر کے زمانے میں روپے کا چالیسواں حصہ تھا (س - دَرَم) **دام اٹھانا** (متعدی) خرچ کرنا - **دام اُٹھنا** (لازم) چیز بک جانا قیمت حاصل ہونا - **دامِ اُلش** (مذکر) گاؤں یا جائداد کا خریدا ہوا حصہ - **دام بھر پانا** (لازم) قیمت وصول ہونا روپیہ وصول ہونا - **دام بھرنا** (متعدی) تاوان دینا قیمت ادا کرنا - **دام پٹ جانا** (لازم) قیمت وصول ہو جانا - **دام چکانا** (متعدی) **چکنا** (لازم) بھاؤ ٹھیرنا قیمت طے ہونا - **دام دام** (مذکر) کل رقم - کوڑی کوڑی **دام دام ادا کیا** - کل رقم ادا کی - **دام دینا** (متعدی) قیمت طے کرنا - **دام کھرے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نقد قیمت ملجانا - **دام لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ قیمت صرف ہونا ۲ قیمت مقرر ہونا -

امثال و اقوال - دام آوے کام - روپیہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے - **دام دیجے کام لیجے** - جو روپیہ خرچ کرے اس کا کام ہو جاتا ہے - **دام کا کام بات سے نہیں ہو جاتا** - اجرت پر کام کرائے جاتے ہیں - **دام کرائے کام** - جو روپیہ خرچے اسکا کام ہو جاتا ہے - **دام کرے سب کام - دام کریں کام** - روپے سے ہر کام نکل آتا ہے - **داموں ڈھیری یا ہاڈوں ڈھیری** - روپیہ نہ ہو تو مر جانا بہتر ہے - **داموں کا روٹھا باتوں سے نہیں مانتا** - جس کو اس کا حق نہ ملے وہ اور کسی طرح راضی نہیں ہوتا -

دَامَ (ع - ماضی) واحد غائب - ہمیشہ رہے - برقرار رہے - **دامَ دَولتہٗ** - اس کی دولت ہمیشہ رہے - **دامَ ظِلّہٗ** - اس کا سایہ عاطفت ہمیشہ برقرار رہے - بزرگوں کو القاب میں لکھتے ہیں - **دامَ عنایتہٗ** - **دامَ لطفہٗ** - اس کی مہربانی ہمیشہ رہے برابر والے کو لکھتے ہیں - **دامَ مُلکہٗ** - اس کی سلطنت ہمیشہ برقرار رہے - بادشاہوں کو لکھتے ہیں -

داما (ہ - مذکر) ۱ رسی ۲ جال ۳ ہار

داماجی (- ۱۸) گائیکواڑ - بڑودہ کا پہلا راجہ تھا - اس نے ۱۷۲۱ء کے قریب موجودہ خاندان کی بنا رکھی -

داماد (ف - مذکر) بیٹی کا شوہر - (ژند - داماتر - س جاماتری - نئے بچے پیدا کرنے والا)

دامادی (مونث) ۱ داماد کا رشتہ ۲ داماد کی حالت ۳ داماد کا حق ۴ شادی - بیاہ -

دامار (عرب) یمن میں ایک شہر (۲۰)

داماساہ (ہ - مذکر) ایک سوداگر کا نام جس کے دیوالیہ ہو کر مرنے پر اس کی جائداد قرضخواہوں کو حصہ رسدی بانٹ کر دی گئی تھی - **داماساہی** (مونث) دیوالئے کی جائداد کو حصہ رسدی بانٹنا **داماساہی چکانا** (متعدی) **چکنا** (لازم) دیوالئے کی جائداد حصہ رسدی بٹ جانا - قرضہ بیباق ہونا -

دامان (ف - مذکر) ۱ انگرکھے یا قبا کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا ہے ۲ کسی چیز کا کنارہ ۳ پہاڑ کے نیچے کی زمین ۴ صحرا یا شہر کے اردگرد کی زمین ۵ حرف کا دائرہ - محاورات کے لئے دیکھو دامن -

دامان (عراق) ایک مقام جہاں کے سیب مشہور ہیں -

دامانِ حُور (مصر) صوبہ بحیرہ کا دار الخلافہ (۴۸)

دامباک (ف - مذکر) ایک بادشاہ جو حضرت آدم سے پہلے نیم سر مخلوق پر حکومت کرتا تھا

دامچا (ہ - مذکر) مچان جس پر بیٹھ کر پرندوں کو اُڑاتے ہیں -

دامغان (ایران) صوبہ قمس کا دار الخلافہ (۱۰) یہاں کے بادام مشہور ہیں -

دامکینہ (با - عص) ایک دیوی جو ایا کی بیوی اور مردوک کی ماں ہے -

دالمپت (س - مذکر) ۱ ایک ملک جسے آجکل تملک کہتے ہیں ۲ ایک قوم کا نام - **دالمپتا** (مونث) ایک شہر -

دامن (ف - مذکر) ۱ دیکھو دامان ۲ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے - جیسے پاکدامن - تر دامن - **دامن آلودہ** (صفت) دامن بھرے ہوئے گناہگار - **دامنِ آلودہ** (مذکر) گناہ - جرم - **دامن اٹک جانا یا اٹکنا** (لازم) گرفتار ہو جانا پھنس جانا **دامن اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) دامن اونچا ہونا یا سمٹنا - **دامن افشاں** (لازم) ۱ دامن پھیلائے ہوئے ۲ غرور سے چلتے ہوئے - ناز سے چلتے ہوئے **دامن الجھنا** (لازم) ۱ دامن کسی چیز میں اٹک جانا ۲ پابند ہونا ۳ جھگڑے میں پھنس جانا - **دامنِ امید گوہر آرزو سے مالامال ہونا** (لازم) امید بر آنا آرزو پوری ہونا - **دامن بچانا** (متعدی) ۱ علیحدہ رہنا - علیحدگی اختیار کرنا ۲ بے لوث رہنا - کسی معاملے میں تعلق نہ رکھنا ۳ سلامت روی اختیار کرنا - **دامن بدنداں** (صفت) عاجز - بیچارہ - **دامن بندی** (مونث) شادی - بیاہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دامن بوس** (صفت) دامن کو چومنے والا - **دامن بھرنا** (متعدی) ۱ دامن میں کوئی چیز بہت سی لینا کہ دامن بھر جائے ۲ دامن آلودہ کرنا - **دامنِ پاک** (مذکر) بے لوث چلن - **دامن پاک ہونا** (لازم) معصوم ہونا بے گناہ ہونا - **دامن پر دھبا رہنا** (لازم) **لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی کے سر الزام لگنا - **دامن پسارنا** (متعدی) دامن پھیلانا - **دامن پکڑنا** (متعدی) ۱ مانگنا - متقاضی ہونا ۲ پناہ میں آنا - سہارا لینا ۳ روکنا - تعرض کرنا - **دامن پھیلانا** (متعدی) ۱ دامن کو پکڑ کر آگے کرنا ۲ کچھ مانگنا - **دامن پھیلنا** (لازم) مانگنا - **دامن تر** (صفت) گناہگار (کرنا ہونا کے ساتھ) **دامنِ تر** - (مذکر) گناہ - جرم - **دامن تلے چھپانا یا ڈھانکنا** (متعدی)

پناہ میں لینا ۲ عیب ڈھانکنا ۳ حفاظت کرنا ۴ پرورش کرنا
پالنا ۵ چھپ کر گناہ کرنا - **دامن تھام لینا** (متعدی)
روکنا - **دامنِ تیغ** (مذکر) تلوار کے کنارے کا حصہ - **دامن**
جھاڑ کر نکلنا (لازم) تعلقات دنیوی سے آزاد ہو جانا
دامن جھاڑنا (متعدی) دامن کو گرد و غبار سے صاف
کرنا ۲ پاس کچھ نہ رہنا - خالی ہاتھ ہونا ۳ محاسبہ سے پاک ہونا
۴ آزاد ہونا - تعلقات چھوڑ دینا - **دامن جھٹک کر**
چلے جانا (متعدی) ناراض ہو کر چلے جانا - بیزار ہو کر
چلے جانا - **دامن جھٹک کر کھڑا ہو جانا** (لازم)
نفرت کرنا - بیزار ہونا - **دامن جھٹکنا** (متعدی) دامن
چھڑا لینا - الگ ہو جانا - **دامن چلنا** (لازم) دامن پھٹ
جانا (دہلی) **دامن چھٹنا یا چھوٹنا** (لازم) ۱ آزاد ہونا
تعلق نہ رہنا - بری الذمہ ہونا ۲ علیحدگی ہونا - **دامن**
چھڑانا یا چھوڑانا (متعدی) ۱ پیچھا چھڑانا ۲ قطع تعلق
کرنا - **دامن چھوڑنا** (متعدی) جدا ہونا - قطع تعلق
کرنا - **دامن چھونا** (متعدی) دامن کو ہاتھ لگانا - **دامن**
دار (صفت) ۱ چوڑا ۲ دامن والا - **دامن دبا بیٹھنا**
(متعدی) مخل ہونا - دخل در معقولات ہونا - **دامن**
دراز (صفت) بیوقوف - احمق - **دامنِ دل**
(مذکر) دل - **دامنِ دولت** (مذکر) بادشاہ یا امیر کا
سہارا یا پناہ - **دامن سمیٹنا یا سنبھالنا** (متعدی)
دامن کو ہاتھ سے اکٹھا کرنا ۲ کنارہ کشی کرنا - **دامن سوار**
(مذکر) بچہ جو گھوڑے پر چڑھنے کا کھیل کھیلے - **دامن سے**
باندھنا (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ کسی کا ہو رہنا ۲
کسی سے شادی ہو جانا - **دامن سے (آ) لگنا** (لازم)
پناہ لینا - **دامن سے لگا رہنا** (لازم) ۱ ہر وقت
ساتھ رہنا - کسی سے وابستہ رہنا ۲ کسی کا حاجتمند رہنا
دامن سے منہ چھپانا یا ڈھانکنا (متعدی) شرمندہ
ہونا - شرمانا - **دامن سے ہوا دینا** (متعدی) حبس
میں ایسا کرتے ہیں گرمیوں کے موسم میں - **دامنِ شب**
(مذکر) شب کا آخری نصف حصہ - **دامنِ صبر و ست**
استقلال سے چھوٹنا (لازم) مصیبت میں گھبرا جانا -
واویلا کرنا - **دامنِ قیامت** (مذکر) قیامت کا میدان

دامن کشاں (صفت) ۱ فخریہ ناز سے چلتے ہوئے ۲
ٹھکراتے ہوئے - چھوڑتے ہوئے - **دامن کمر سے باندھنا**
(متعدی) بہت چلنے والے یا سواری کے ساتھ دوڑنے والے
اکثر ایسا کرتے ہیں - **دامنِ کوہ** (مذکر) میدان جو پہاڑ
سے ملا ہوا نیچے کی طرف ہوتا ہے - **دامن کھینچنا** (متعدی)
روکنے کے لئے ایسا کرتے ہیں - **دامن کی ہوا دینا**
(متعدی) کوئی بیہوش ہو جائے تو اسے دامن سے پنکھا جھلتے
ہیں - **دامن گردانا** (متعدی) دامن اکٹھا کرنا - **دامن**
گہنا (مت) دامن پکڑنا - **دامنگیر** (صفت) ۱ مدد
چاہنے والا - حمایت چاہنے والا ۲ مستغیث - مدعی ۳
مزاحم - روکنے والا ۴ چپ کرانے والا (ہونا کے ساتھ)
دامنگیری (مونث) ۱ حمایت چاہنا - مدد چاہنا ۲ دوستی
محبت ۳ استغاثہ - دعوے - **دامن لینا** (متعدی) پناہ
لینا - سہارا لینا - **دامنِ محشر** (مذکر) قیامت کا میدان
دامنِ مژگاں (مذکر) مژگاں کا آخری حصہ - **دامنِ**
مقصود (مذکر) ارادہ - مقصود کا دامن سے استعارہ
کرتے ہیں - **دامن میں چھپا لینا یا چھپانا** (متعدی) **چھپنا**
(لازم) پناہ لینا - **دامن میں لہو لگنا** (متعدی) ۱
دامن کا خون آلود ہونا ۲ قاتل پر قتل ثابت ہونا - **دامنِ**
ناز کو سنبھالنا (لازم) نخروں کو زیادہ کرنا - ناز کی وجہ
ہونا - **دامن نشان** (مذکر) ۱ درویش ۲ غریب آدمی
دامن نکلنا (متعدی) دامن کا چاک ہونا - **دامن نہ**
چھوڑنا (لازم) ہر وقت ساتھ رہنا - ساتھ ساتھ پھرنا
دامن ہاتھ ہونا (لازم) ۱ پیچھا نہ چھوڑنا ۲ ظلم کی فریاد
کرنا - **دامنہ** (مذکر) دامن - **دامنۂ زین** (مذکر) ۱ رکاب
دوال ۲ زین کا چمڑا جو دونوں طرف رکاب دوال کو
ڈھانکتا ہے - **دامنۂ کوہ** (مذکر) دامن کوہ - **دامنی**
(مونث) ۱ وہ کپڑا جو گھوڑے کے پٹھے پر پڑا رہتا ہے -
زین پوش ۲ باریک چادر جو عورت کے جنازے پر
ڈالتے ہیں ۳ مرکبات کے آخر میں آتا ہے - جیسے پاکدامنی
تردامنی ۴ عورت کی پوشاک کا ایک حصہ - نقاب چنہ،
۵ ایک زیور جو ماتھے پر عورتیں پہنتی ہیں -
مقولہ - دامن پر فرشتے نماز پڑھیں

بہت پاکدامن ہے -

دَامَن پُور (ہند) ریاست دھولپور
میں ایک قصبہ (۶)

دَامنِ کوہ (ہند) بنگال میں ایک
علاقہ جو پہاڑی قوموں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے -

دَام نگر (ہند) گاؤں ریاست بڑودہ میں (۲)

دَامنی (ھ - مونث) بجلی -

دَامودَر (س - مذکر) کرشن جی کا ایک نام لفظی معنی
جس کے پیٹ پر رسی بندھی ہو - انکی دائیہ بچپن میں ان کو باہر جانے
سے روکنے کے لئے ان کے پیٹ پر رسی باندھتی تھی -

دَامودَر (ہند) بنگال میں ایک دریا
جو ہوگلی کا معاون ہے لمبائی ۳۵۰ -

دَامی (ھ - مونث) مالگزاری - مالیانہ
دامی لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم) مالگزاری مقرر ہونا -
دامی و اصلات (مونث) گاؤں کی کل مالگزاری

دَان (ھ - مذکر) ۱ دینا - نذر کرنا ۲
پن - سدابرت - خیرات ۳ تحفہ - نذرانہ - چندہ عطیہ
۴ محصول ۵ ایک رسم جس میں برہمن کچھ پڑھ کر کسی کو
کچھ دیتے ہیں ۶ چیز جو اس طرح دی جائے ۷ جہیز ۸ عورت کا
شادی میں دینا - کنیادان ۹ پانی جو مست ہاتھی کی کنپٹیوں
سے نکلے - **دان پتر یا پتر** (مذکر) ۱ ایک دستاویز جس
میں برہمنوں کے نام زمین کی جاتی ہے ۲ ہبہ نامہ - وقف
نامہ ۳ وہ جسے دان دیا جائے یا جس کو قانوناً دان دیا جا سکے
دان پتر دار (مذکر) برہمن جسے زمین دان کی جائے
دان پتی (مذکر) بہت فیاض آدمی - **دانپن** (مذکر)
فیاضی - داد و دہش - **دان پن یا پنیہ** (مذکر) خیرات
صدقہ - پن - **دان دتار** (مذکر) پن کرنے والا - مخیر -
(طنزاً) **دان دھرم** (مذکر) پن کرنے کا فرض - خیرات
کرنا - پن کے کام - پن کے قواعد - **دان دہیز** (مذکر) جہیز
دان دینا (متعدی) پن کرنا - خیرات کرنا - **دان شالا**
(مذکر) خیرات خانہ - **دان کر دینا یا کرنا** (متعدی)
خیرات کرنا - **دان لینا** (لازم) خیرات لینا - **دانم ددا**
(مونث) ۱ ایک الپسرا ۲ ایک گندھرو عورت - **دانی**

(صفت) دان دینے والا ۔ مخیر ۔ فیاض ۔

امثال ۔ **دان بت سمن** ۔ خیرات استعداد کے موافق دینی چاہئے ۔ **دانی کی بھا کا خالی نہ جائے** ۔ مخیر آدمی کی بات پوری ہوئے بغیر نہیں رہتی

دان (ف ۔ صفت) ۱ جاننے والا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے قدردان ۔ نکتہ دان ۲ (کلمۂ ظرف) خانہ ۔ جگہ ۔ مقام ۔ گھر مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے قلمدان ۔ نمکدان ۳ اردو کے الفاظ کے ساتھ ظرفیت کے معنی دیتا ہے جیسے اگالدان ۔ پاندان ۔ **دانا** (صفت) عقلمند ۔ ہوشیار ۔ دانشمند ۔ **دانا بینا** (صفت) عاقل اور ہوشیار ۔ کارآزمودہ ۔ **دانائی** (مونث) عقل ۔ دانش ۔ **دانائی ٹپکنا** (لازم) عقلمندی ظاہر ہونا ہوشیاری مترشح ہونا ۔ **دانائے دہر** (مذکر) اپنے زمانے کا عقلمند اور قابل آدمی ۔ **دانایان** (مذکر) جمع دانا کی ۔ **دانایانِ فرنگ** (مذکر) یورپ کے عقلمند آدمی **دانایانہ** (صفت) عقلمندانہ ۔ **دانندگی** (مونث) جاننا ۔ علم ۔ **دانندہ** (صفت) جاننے والا ۔ ماہر ۔ **دانی** (مونث) جگہ ۔ خانہ ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سرمہ دانی ۔ تلادانی ۔

مقولے ۔ **دانا جلد بازی نہیں کرتے** ۔ عقلمند آدمی کسی کام میں تعجیل سے کام نہیں لیتے **دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے** ۔ بیوقوف دوست کے ہاتھ سے عموماً نقصان پہنچتا ہے ۔ **داناؤں کی دور بلا** ۔ عقلمندوں کی ریس نہیں ہوتی ۔

دان (عبر ۔ مذکر) ۱ حضرت یعقوب کا پانچواں بیٹا راخل کی لونڈی بلہاہ کے بطن سے تھا ۲ یہودیوں کی ایک قوم جو دان کی نسل سے تھی ۳ ایک قدیم شہر کنعان میں ۔ اب کھنڈرات باقی ہیں ۔

دانا (ھ ۔ مذکر) دانہ ۔

داناہ ۔ متعدی) بیلوں کو کھلیان پر چلانا ۔ گاہنا ۔ دائیں چلانا ۔

دانت (ھ ۔ مذکر) ۱ وہ سخت اور سفید ہڈی کے ٹکڑے جو انسان اور جانوروں کے منہ میں ہوتے ہیں ۔ اور جن سے خوراک چبائی جاتی ہے ۔ دندان ۲ دندانہ (آری ۔ چاقو ۔ چکی ۔ بیل ۔ کنگھی ۔ پرزوں وغیرہ) ۳ رغبت ۔ میلان خاطر ۴ ہاتھی یا سور کے لمبے دندان جو باہر نکلے ہوتے ہیں اور ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۵ دشمنی ۔ مخالفت (س دنت) **دانتا** (مذکر) بڑا دانت دندانہ ۔ **دانت اڑنا** (لازم) دانت کا چبھنا یا گڑنا **دانتا کلکل** (مذکر) ۱ جھگڑے فساد کی باتیں ۲ جھگڑا تکرار ۔ بے فائدہ بحث (ہونا کے ساتھ) **دانت اکھاڑنا یا اکھیڑنا** (متعدی) **اکھڑنا** (لازم) دانتوں کا مسوڑوں سے نکل جانا ۔ **دانت بانا** (ھ) دیکھو دانت نکالنا ۱ و ۲ **دانت باندھنا** (متعدی) ہلتے ہوئے دانتوں کو تار سے باندھنا ۔ **دانت بٹھا دینا** (متعدی) عاجز کر دینا ۔ مجبور کر دینا ۔ **دانت باجنا** (ھ) **بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ سردی سے دانتوں کا ایک دوسرے سے ٹکرا کر آواز دینا کڑکڑانا ۲ جھگڑنا ۔ لڑنا ۔ **دانت براق ہونا** (لازم) دانت سفید ہونا ۔ **دانت بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) مصنوعی دانت لگنا ۔ **دانت بندھنا** (لازم) **بندھوانا** (مم) ہلتے ہوئے دانتوں کو تار سے جکڑوانا یا کسوانا ۔ **دانت بنوانا** (مم) مصنوعی دانت لگوانا ۔ **دانت بھینچنا** (متعدی) دانت زور سے بند کرنا ۔ **دانت بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) ۱ دانتوں کا جکڑ جانا ۔ دانتوں کا گوشت میں گڑ جانا ۔ **دانت پچی ہو جانا** ۱ دانت بند ہو جانا ۔ یہ غشی میں ہو جاتا ہے ۲ دانت گڑ جانا یا چبھ جانا ۔ **دانت پر تلوار لگانا** (متعدی) تلوار کو دانتوں پر لگا کر تیزی کا امتحان کرنا ۔ **دانت پر میل نہ ہونا** (لازم) نہایت غریب ہونا مفلس ہونا ۔ فاقوں مرنا ۔ **دانت پھاڑنا** (متعدی) دیکھو دانت نکالنا ۱ و ۲ ۔ **دانت پیسنا** (متعدی) اوپر نیچے کے دانتوں کو آپس میں رگڑنا ۱ نہایت غصے ہونا غصہ دکھانا ۲ کسی کو اذیت یا نقصان پہنچانے کا ارادہ کرنا ۔ **دانت تلے انگلی دبانا یا دینا** (متعدی) ۱ حیران ہونا تعجب میں ہونا ۲ افسوس کرنا ۔ **دانت تلے جیب دے** ذرا ٹھہر تامل کر ۔ **دانت تلے ہونٹ دبانا** (متعدی) غصے میں ہونا ۔ غصہ کرنا ۔ **دانت توڑنا** (متعدی) ۱ دانت اکھاڑ دینا ۔ دانت کے ٹکڑے کر دینا ۲ عاجز کرنا ۳ کسی کام کا نہ رکھنا ۔ **دانت تیز کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ لالچ کرنا ۔ حرص کرنا ۲ ایذا رسانی کا قصد کرنا ۔ **دانت ٹوٹنا** (متعدی) ۱ دانت کا گر جانا دانت کا شکستہ ہونا ۲ بچے کے دودھ کے دانت ٹوٹنا ۳ بڑھاپے کی وجہ سے دانت گر جانا ۔ پوپلا ہو جانا ۔ **دانت جھاڑنا** (متعدی) ۱ دانت توڑ دینا ۲ منتر پڑھ کر دانت کا کیڑا نکالنا ۔ **دانت جھڑ پڑنا یا جانا یا جھڑنا** (لازم) کسی ضرب کے صدمے سے دانت ٹوٹ جانا ۔ **دانت چبانا** (متعدی) نیند میں دانت پیسنا ۔ **دانت چوہے کی نذر کر دینا** (متعدی) دانت گر جانا ۔ **دانت دکھانا** (متعدی) ۱ بے حیائی سے دانت نکال دینا ۲ جواب بن نہ آنے پر ہنس دینا ۳ اس طرح ہنسنا کہ دانت دکھائی دیں ۔ **دانت رکھنا** (متعدی) کسی چیز کی خواہش رکھنا کسی چیز کو لینے کا ارادہ رکھنا ۲ بدلا یا انتقام لینے کا ارادہ رکھنا ۔ **دانت سلسلانا** (لازم) دانتوں میں درد ہونا ۔ **دانت سے دانت بجنا** (لازم) سردی یا لرزے سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز دینا ۔ **دانت سے زبان کاٹنا** (متعدی) کہہ کر پچتانا ۔ **دانت سے زبان کٹنا** (لازم) بعض وقت کھاتے ہوئے ایسا ہو جاتا ہے ۔ **دانت کاٹی روٹی** (مونث) بیحد دوستی ۔ اگلے زمانے میں دستور تھا کہ روٹی کا ٹکڑا کاٹ کر دوسرے کو دیدیتے تھے ۔ یہ دوستی کی نشانی تھی ۔ **دانت کاٹی روٹی کھانا یا ہونا** (لازم) بہت دوست ہونا ۔ **دانت کا درد** (مذکر) تکلیف جو خراب دانتوں کی وجہ سے ہوتی ہے ۔ **دانت کٹکٹانا یا کچکچانا** (متعدی) نہایت خفا ہونا ۔ غصے سے دانت پیسنا ۔ **دانت کرانا** (متعدی) نیند میں دانتوں کا آواز دینا ۔ **دانت کرنا** (ھ) ۱ دانت نکالنا ۲ دودھ پیتے بچے کے دانت نکلنے شروع ہونا ۔ **دانت کریدنے کو تنکا نہ بچنا رہنا** (لازم) چوری یا آگ کے بعد گھر میں کچھ نہ رہنا سب اسباب جاتا رہنا ۔ **دانت کڑکڑانا** (متعدی)

۱- دانت سردی سے بجنا ۲- سوتے میں دانت پیسنا- **دانت کر کر بولنا** (متعدی) سردی یا لرزے سے دانتوں کا ٹکرا کر آواز دینا- **دانت کند ہونا** (لازم) دانت کا کسی سخت چیز کے کاٹنے کے قابل نہ رہنا- **دانت کھٹے کر دینا یا کرنا** (متعدی) ہو جانا- ہونا (لازم) دانتوں کا ترشی کی وجہ سے نہ کاٹنا ۲- ہمت ہار دینا عاجز ہو جانا- جی چھوٹ جانا- **دانت کھلنا** (لازم) کھولنا (متعدی) ہنسنا اس طرح کہ دانت دکھائی دیں **دانت گر جانا یا گرنا** (لازم) دانت کا مسوڑھے میں سے نکل جانا- **دانت گھنگھنی** (مونث) خشخاش کی گھنگھنیاں جو بچے کے پہلے دانت نکلنے پر تقسیم کی جاتی ہیں- **دانت لانا** (ھ) دانت نکالنا- **دانت لگانا** (متعدی) ۱- دانت کا زخم پہنچانا- منہ مارنا ۲- دانت چھونا ۲- لالچ کرنا- تاک لگائے رکھنا- **دانت لگنا** (لازم) ۱- دانت چبھنا ۲- جبڑا بند ہو جانا ۳- لالچ ہونا **دانت مارنا** (متعدی) ۱- کاٹنا ۲- بھانجی مارنا- **دانت مانجنا** (متعدی) ملنا (مت) منجن لگا کر دانت صاف کرنا- **دانت نپوڑنا یا نکاسنا** (متعدی) دانت نکالنا ۱۱۶ - **دانت نکال دیئے**- عاجز ہو گیا- **دانت نکال دینا** (لازم) دیکھو دانت نکالنا ۱۱۶۲ **دانت نکال کے ہنسنا** (متعدی) منہ کھول کے ہنسنا- **دانت نکالنا** (متعدی) ۱- شرمندہ ہو کر ہنسنا- بیہودہ طرح سے ہنسنا- بے موقعہ ہنسنا- معقول جواب نہ آنے کی حالت میں ہنسنا ۲- پھوسڑے نکل آنا- ادھڑ جانا- ٹانکے ٹوٹ جانا ۳- منت سماجت کرنا- عجز ظاہر کرنا ۴- دانت توڑ دینا ۵- بچوں کے دانت پیدا کرنا- **دانت نکل آنا**- (لازم) ۱- منہ میں دانتوں کا نمایاں ہونا ۲- ہنسی آجانا **دانت نکلنا** (لازم) ۱- بچے کے دانت نمودار ہونا **دانت نکوسنا** (متعدی) دانت نکالنا- **دانت نہ لگانا** (متعدی) ثابت نگل جانا- **دانت نہ ہونا** (لازم) پوپلا ہونا- **دانتوں** (مذکر) دانت کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے- **دانتوں اٹھانا** (متعدی) ۱- نہایت قدر کے ساتھ لینا- کنجوس کے متعلق کہتے ہیں- **دانتوں انگلی کاٹنا** (متعدی) ۱- ناراض ہونا- غصے ہونا ۲- افسوس کرنا- تاسف کرنا ۳- حیران ہونا- متوجہ ہونا- **دانتوں پر میل نہ ہونا** (لازم) سخت مفلس ہونا- بھوکوں مرنا- **دانتوں پر ہونا** (لازم) بچے کا دانت نکلنے کے قریب ہونا- **دانتوں پسینا آنا** (لازم) تھک جانا کام کرنے سے عاجز آ جانا- **دانتوں تلے انگلی دابنا یا کاٹنا** (متعدی) ۱- نہایت افسوس کرنا- غم کا اظہار کرنا ۲- حیرت میں آنا- متعجب ہونا- **دانتوں چڑھانا** (متعدی) کوسنے کا موقع دینا- **دانتوں چڑھنا** (متعدی) ۱- کوسنے کھانا ۲- ٹوک میں آنا ۳- موجب رشک ہونا- **دانتوں زمین پکڑی نہ رہنا** (لازم) کسی چیز کو اپنے قبضے میں رکھنے کے ناقابل ہونا- کچھ نہ کر سکنا **دانتوں سے انگلی کاٹنا** (متعدی) ۱- تاسف کرنا ۲- حیران ہونا- **دانتوں سے پکڑ پکڑ کر پیسہ اٹھانا** (متعدی) نہایت کفایت شعاری سے کام کرنا- **دانتوں سے پکڑنا** (متعدی) ۱- سخت کنجوسی کرنا ۲- حصول مطلب کے لئے بے حد کوشش کرنا- **دانتوں سے دانت بجنا** (لازم) سردی سے دانتوں کا کٹکٹانا- نہایت سردی ہونا- **دانتوں (سے) زمین پکڑنا** (متعدی) جگہ سے نہ ہلنا- زمین کو مضبوط پکڑنا- **دانتوں سے کوڑی اٹھانا** (متعدی) سخت کنجوسی کرنا- **دانتوں سے نہیں کھلتا**- بہت مشکل ہے- **دانتوں سے ہاتھ کاٹنا** (متعدی) ۱- سخت افسوس کرنا ۲- سخت غصے میں ہونا- **دانتوں سے ہونٹ چبانا** (متعدی) افسوس یا غصے میں ہونا- حسرت کی وجہ سے بھی ایسا ہوتا ہے- **دانتوں کا چوکا** (مذکر) نیچے کے اگلے چار دانت جو ایک جیسے ہوتے ہیں- **دانتوں کا کڑ کڑ بولنا** (متعدی) دانت سے دانت بجانا- **دانتوں کی زردی** (مونث) دانتوں کا میل- **دانتوں کے تلے انگلی دینا** (متعدی) دیکھو دانتوں تلے الخ- **دانتوں کے نیچے زبان دبانا** (متعدی) ۱- بات کرتے کرتے رک جانا- کہتے کہتے زبان روک لینا ۲- حیرت افسوس تعجب شرارت ظاہر کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں-

دانتوں کے نیچے داڑھیاں دبانا (متعدی) غصے کی حالت میں ہونا- **دانتوں مارنا** (ھ) دانت پیسنا- **دانتوں میں انگلی دینا یا دبانا** (متعدی) حیرت افسوس گھبراہٹ یا شرم ظاہر کرنا- **دانتوں میں تنکا لینا** (متعدی) ۱- عاجزی کرنا ۲- امان مانگنا ۳- اطاعت کرنا ۴- دوسرے کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں- **دانتوں میں (جیبھ) زبان ہونا**- **دانتوں میں (جیبھ) زبان کی طرح (رہنا) ہونا** (لازم) ۱- دشمنوں سے گھرا ہونا ۲- دشمنوں میں رہ کر بچے رہنا- **دانت ہلنا** (لازم) جڑیں ڈھیلی ہو کر دانتوں میں جنبش پیدا ہونا **دانت ہونا** (لازم) ۱- کسی چیز کی بہت خواہش ہونا ۲- صدمہ پہنچانے کا ارادہ ہونا- درپئے ذلت ہونا ۳- دانتوں کا موجود ہونا ۴- گھات میں ہونا- تاک میں ہونا ۵- عداوت ہونا- دشمنی ہونا- **دانتے** (مذکر) دانت کی جمع- **دانتی بیٹھ جانا** (لازم) دانت بیٹھ جانا (غف) **دانتے پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) دندانے پڑ جانا- دھار گر جانا- **دانتی دینا** (متعدی) منہ بند کرنا- خاموش ہونا-

امثال و اقوال- دانتا باجے گھر پڑے اور رہانسا باجے دن پڑے- زبان درازی سے گھر میں لڑائی رہتی ہے- اور ہنسی مذاق میں دوستوں سے دشمنی ہو جاتی ہے- **دانت تھے تو چنے نہ تھے چنے ہوئے تو دانت نہ رہے**- جب چیز کی ضرورت ہوتی ہے نہیں ملتی- جب ضرورت نہ ہو ملجاتی ہے- **دانت (ٹوٹے) گرے اور کھر گھسے پیٹھ نہ بوجھ لے- ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھس دے**- بوڑھے آدمی کو کوئی اپنے پاس رکھنا نہیں چاہتا-

دانتا (س- مونث) فیاضی- داد و دہش- دان پن-

دانتا (ہند) ۱- ریاست مہی کنٹھ میں ایک قصبہ ۲- ریاست جے پور اور ضلع گنجام میں ایک گاؤں-

دانتن (ھ- مذکر) کیکر پھلاہی یا نیم کی

لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہیں۔ مسواک (کرنا ہونا کے ساتھ) دانتنا (لازم) گائے بھینس وغیرہ کا دانت نکالنا۔

دانتن (۱۷۵۹-۱۷۹۴) جارج جیک فرانسیسی انقلابی لیڈر۔ آخر کو سزائے قتل ملی۔

دانتو (ھ۔ صفت) اونچے دانتوں والا

دانتی (ہ۔ مونث) ۱ آرے کا دندانہ ۲ پہیے کا دانت ۳ دانتوں کی قطار ۴ درانتی۔ ہنسیا ۵ گھاس جمع کرنے کا آلہ پنجی ۶ دندانہ (س دنت) دانتی پڑنا (لازم) دندانہ پڑنا۔ دانتی دبنا (متعدی) ۱ دوسرے کو چپ کرا دینا ۲ ڈانٹنا۔ دبکنا ۳ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ دانتی لگنا (لازم) ۱ دانت زور سے بند ہونا۔ دانت بھنچ جانا ۲ جبڑا بند ہو جانا۔

دانتے (۱۲۶۵-۱۳۲۱) آلی گیئری۔ اطالوی زبان کا سب سے بڑا شاعر۔ ڈیوائن کامیڈی کا مصنف۔

دانتیادہ - مذکر) ۱ ایک قسم کا نمک جو تمباکو کو تیز کرنے کے لئے ملا دیا جاتا ہے ۲ دانتوں کا منجن (س دنت - دانت)

دانڈ - دانڈ (ہ - مذکر) ۱ ظلم۔ جور۔ سپاہیوں کا ظلم غریبوں پر ۲ بے انصافی ۳ سزا ۴ چیرہ ۵ جرمانہ۔ ڈنڈ (س ڈنڈ)

دانڈا (ہ - مذکر) ۱ نشان۔ حد کی لکیر۔ حد (س دنڈک) دانڈا ملنا (لازم) حدیں ملنا۔ ڈانڈا مینڈا (مذکر) دو مالکوں کی زمین کی حد فاصل۔

دانڈی (ھ - مذکر) ۱ چپو چلانیوالا۔ ۲ کشتی ۳ (مونث) ترازو۔

دانست (ف - مونث) ۱ علم۔ جاننا ۲ رائے۔ سمجھ۔ واقفیت۔ شناخت۔ دانستگی (مونث) دیکھو دانست۔ دانست میں (تف) سمجھ میں۔ خیال میں۔ دانستہ (صفت) جانا ہوا۔ جانکر۔ جان بوجھ کر۔

دانش (ف - مونث) ۱ عقل۔ دانائی ۲ سمجھ ۳ علم ۴ فضیلت۔ بدیا۔ حکمت۔ دانشمند (صفت) ۱ عالم۔ فاضل ۲ عقلمند۔ ہوشیار۔ دانشمندانہ (صفت) عقلمندوں کی طرح۔ دانشمندی (مونث) دانش۔ دانشور (صفت) دانشمند۔ دانشوری (مونث) دانشمندی۔ دانشی (صفت) ۱ عقلمند۔ ہوشیار ۲ عقلمند آدمی۔

دانش (-۱۶۶۵) مرزا رضی ایک ایرانی شاعر۔

دانشمند خاں ۱ (-۱۶۷۰) محمد شفیع ۱۶۴۶ء میں ایران سے ہندوستان آیا۔ شاہ جہاں کے امرا میں داخل ہوا۔ عالمگیر کے زمانے میں شاہ جہاں آباد کا گورنر تھا ۲ (-۱۷۰۸) مرزا محمد علی شیرازی ایک ایرانی تھا۔ ۱۶۹۰ء میں عالمگیر نے اسے خان ساماں بنایا۔ بہادر شاہ نے یہ خطاب دیا۔

دانق (ع - مذکر) دانگ کا معرب

دانگ (ف - مذکر) ۱ ایک سکہ درہم کا چھٹا حصہ ۲ ایک وزن مثقال یا درم کا چوتھا حصہ ۳ کسی چیز کا چھٹا حصہ ۴ شہر کی ایک طرف ۵ پہلو طرف۔ جانب۔ سمت ۶ ٹکڑا۔ حصہ۔

دانگ (ھ - مونث) ۱ پہاڑی چٹان ۲ چوٹی ۳ دریا کا اونچا کنارہ۔ دانگی (صفت) ۱ پہاڑی۔ پہاڑ کا ۲ بندیلے راجپوتوں کا نام۔

دانگر (ھ - مذکر) ۱ سینگدار حیوان۔ ڈانگر ۲ (گالی) بیوقوف۔ احمق۔ بیل۔

دانو (ھ - مذکر) دیکھو داؤں۔

دانو (س - مذکر) ۱ اسروں یعنی بھوتوں کی ایک قسم ۲ (صفت) دانوؤں کی ملکیت۔ دانوؤں کا۔

دانواں (ھ - مذکر) جنگل کی آتش زدگی۔ جلتی ہوئی گھاس۔ الاؤ۔

دانوری (ھ - مونث) ۱ رسی۔ دام۔ ۲ وہ رسی جس سے غلہ گاہتے وقت بیل باندھتے ہیں۔

دانول (ف - مذکر) دانہ کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔

دانہ (ف - مذکر) ۱ اناج۔ غلہ ۲ بیج۔ تخم ۳ تسبیح کا دانہ ۴ مکی کا بیج ۵ انار کا بیج ۶ انگور ۷ چاول ۸ کھیل کا دانہ ۹ آم کی تعداد ۱۰ چھوٹی پھنسی ۱۱ چیچک کے آبلے ۱۲ چھوٹے چھوٹے کنکر جنکی جنبش سے گھنگرو بجتے ہیں ۱۳ پاسہ۔ چھوٹی کوڑیاں جن سے پاسے کا کام لیتے ہیں ۱۴ خشخاش ۱۵ اچنا ۱۶ گھی وغیرہ کا ذرہ۔ دانہ اٹھانا (متعدی) دانا چگنا پرندکا۔ دانہ اگلنا (لازم) پرندہ کا پوٹے سے دانہ نکالنا۔ دانہ اگلوانا (متعدی) کبوتر کے پیٹ سے دانہ نکلوانا تاکہ وہ اڑنے میں ہلکا رہے۔ دانہ بچھانا (متعدی) پرندوں کو پکڑنے کے لئے جال کے نیچے دانہ ڈالنا۔ دانہ بدلنا (متعدی) پرندوں کا ایک دوسرے کے منہ سے دانہ نکال کر کھلانا۔ دانہ دانہ بدلول (مذکر) ۱ کبوتر اور کبوتری کا اختلاط چونچوں کو ملاکر ۲ دو آدمیوں کا اختلاط۔ دانہ بدلی (مونث) پرندوں کا ایک دوسرے کو دانہ کھلانا۔ دانہ بدلی کرنا (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ پیار محبت کرنا۔ بوس وکنار کرنا۔ دانہ بندی (مونث) کھڑی کھیتی کی پیداوار کا جانچنا۔ کچی پیمائش۔ پیمائش کا تخمینہ۔ دانہ بھرانا (متعدی) چوگا دینا پرندے کا اپنے بچے کے منہ میں دانا دینا۔ دانہ پانی (مذکر) ۱ آب و دانہ۔ رزق ۲ (مجازاً) قسمت۔ نصیب۔ دانہ پانی اٹھنا (لازم) رزق ختم ہونا۔ مرجانا۔ دانہ پانی حرام ہونا (لازم) کھانا پینا چھوٹ جانا۔ دانہ پانی کھینچ لایا۔ جہاں کا رزق مقدر میں تھا جبوراً وہاں آنا پڑا۔ دانہ پڑنا (لازم) بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا ۲ آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ دانہ ہو جانا۔ دانہ پانی کے ہاتھ ہونا (لازم) قسمت کے اختیار میں ہونا۔ دانہ تک حرام ہونا (لازم) کچھ نہ کھانا۔ دانہ جمانا (متعدی) ۱ جال بچھانا۔ پھندا لگانا۔ دھوکا دینا ۲ بونا۔ بیج ڈالنا۔ دانہ جمنا (متعدی) بیج پھوٹ آنا۔ دانۂ خردل (مذکر) رائی کا دانہ۔ دانہ خور (صفت) دانہ کھانے والا۔ چنا کھانیوالا۔ دانہ خوری (مذکر) وہ جانور جو چنے کھلا کر موٹا کیا جائے۔ دانہ دار (صفت) ۱ وہ جس میں گول گول

دانے پڑجائیں۔ جو اصلی پیداوار کے مطابق ہو (جمع) دانہ دان (مت) تباہ۔ برباد۔ دانہ دنکا (مذکر) ۱ تھوڑا سا دانہ۔ ایک آدھ دانا ۲ ٹکڑے۔ گرا پڑا دانہ۔ ۳ چھوٹی پھنسیاں۔ دانہ دینا (متعدی) ۱ گھوڑے کو دانہ کھلانا ۲ کبوتروں یا مرغیوں کو دانہ کھلانا۔ دانہ دانہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بکھر جانا۔ دانہ دُر (مذکر) ایک موتی۔ دانہ ڈالنا (متعدی) کبوتروں مرغیوں وغیرہ کو دانہ کھلانا ۲ کسی کو پھنسانے کے لئے کوئی فعل کرنا ۳ پودوں میں بیج پیدا کرنا (خدا کا) دانہ زد (صفت) ۱ سفلہ۔ کمینہ۔ مفلوک الحال ۲ کنجوس۔ دانہ زمین پر گرتے ہی بھن جانا (لازم) سخت گرمی ہونا۔ دانہ زنجیر (مذکر) زنجیر کا حلقہ۔ دانہ کیش (مذکر) ایک قسم کا کارچوبی رومال جسکو سردیوں میں گردن کے گرد لپیٹتے ہیں۔ دانہ یاقوت (مذکر) یاقوت کا ریزہ۔ دانے (مذکر) ۱ دانہ کی جمع ۲ بجائے دانہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ دانے پر لگانا (متعدی) اجنبی کبوتر کو دانہ کھلا کر رام کرنا۔ دانے دار (صفت) جس میں گول گول دانے پڑ جائیں۔ گھی۔ کھانڈ وغیرہ۔ دانے دان کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ ملنا۔ گڈ مڈ ہونا ۲ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ دانے کا اڑ کر پہنچنا (لازم) جو رزق مقسوم میں ہے ملنا۔ دانے مانگنا (لازم) بھیک مانگنا۔ دانے نبڑ جانا (لازم) آب و دانہ ختم ہو جانا۔ دانے نکلنا (لازم) ۱ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا۔ چیچک نکلنا۔ دانے نہ ہونا (لازم) کھانے پینے کے لئے کچھ نہ ہونا۔ سخت غریب ہونا۔

امثال و اقوال۔ دانہ چھٹرانا وہاں جانا ضرور ہے۔ جہاں کا رزق انسان کی قسمت میں ہے وہاں ضرور جانا پڑتا ہے۔ دانہ دانہ است غلہ در انبار۔ ایک ایک دانہ جمع ہو کر انبار ہو جاتا ہے۔ دانہ دانہ پر مہر ہے ۱ جس کا مقدر ہو اسی کو ملتا ہے ۲ بخیل کے گھر بڑی احتیاط ہوتی ہے۔ دانہ کو دان نہیں بھکاری کو بھیک نہیں بخیل کی نسبت کہتے ہیں۔ دانہ کھا موٹھ کا پانی پی سونٹھ کا۔ اگر موٹھ کھاؤ تو سونٹھ کا پانی پینا چاہئے۔ مطلب یہ ہے کہ سوچ سمجھ کر کام کرنا چاہئے۔ دانہ کھائے نہ پانی پیوے۔ وہ آدمی کیسے جیوے۔ جو شخص کھائے پئے نہیں وہ کیسے زندہ رہ سکتا ہے۔ اس شخص کو کہتے ہیں جو غم و رنج کی وجہ سے کھانا پینا چھوڑ دے۔ دانہ نہ گھاس پانی (کھریرا) چھ چھ بار (وقت) دانہ نہ گھاس کھریرا تین تین بار۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خاطر داری تو بہت کرے مگر دے دلائے کچھ نہیں۔ دانہ نہ گھاس گھوڑے تیری آس۔ دیتا دلاتا کچھ نہیں مفت میں کام لیتا ہے۔ دانہ نہ گھاس ہیں ہیں کرے۔ گھوڑے کو دانہ گھاس نہ ملے تو ہنہناتا ہے۔ دانے پانی کے اختیار (ہاتھ) ہے۔ جہاں کا رزق مقدر ہے وہیں ملے گا۔ دانے دانے پر مہر ہوتی ہے۔ جو رزق جس کے مقدر کا ہے اسی کو ملتا ہے دوسرے کو نہیں ملتا۔ دانے دانے کو محتاج ہے۔ بالکل مفلس ہے۔ دانے کوٹا پلے سواری کو پادے۔ کھانے پینے کو ہر وقت تیار ہے۔ کام کرنے سے گھبراتا ہے۔

داہنا (ھ۔ صفت) دیکھو دایاں داہنا۔

داہنو (ھ۔ صفت) ۱ اچھی طرح سے کاریگری سے ۲ مکمل طور پر۔ پوری طرح ۳ دل بھر کر۔

دانیا (ھ۔ صفت) دائیں۔ دانیں بائیں (صفت) دائیں بائیں۔

دانیال (ع۔ قم) ۱ ایک پیغمبر کا نام۔ بنوحد نذر شاہ بابل انہیں پکڑ کر دیگر یہودی قیدیوں کے ساتھ لے گیا تھا۔ اسکی دانائی کی وجہ سے شاہ بابل نے انہیں وزیر بنالیا۔ بابل کے فتح ہو جانے پر کیخسرو نے انہیں اپنا وزیر بنایا اور اسکی کوشش سے قیدی یہودیوں کو اپنے ملک میں جانیکی اجازت ملی۔ توریت میں ان کے بہت سے قصے درج ہیں ۲ سلطان (۱۵۷۲-۱۶۰۵) مرزا۔ اکبر کا تیسرا بیٹا اور بہاری لال کچھواہا کی بیٹی کے بطن سے تھا۔ اجمیر میں پیدا ہوا۔ شاہزادہ مراد کی وفات پر اکبر نے اسے دکن کی فوج کا جرنیل بنا کر بھیجا۔ اسنے سنہ ۱۶۰۰ء میں احمد نگر فتح کیا۔ اکبر کی وفات سے ۲ مہینے پہلے فوت ہوا۔ ۳ حضرت داؤد کا دوسرا بیٹا ۴ توریت کی ایک کتاب جو حضرت دانیال کی تالیف بتائی جاتی ہے۔

داوا (ہ۔ مذکر) انا کا خاوند۔

داور (ف۔ مذکر) ۱ خدا ۲ منصف یا عادل بادشاہ۔ حاکم یا جج ۳ علاج ۴ دوا ۵ مخالف۔ مقابل ۶ ایک ملک کا نام۔ داورِ آسماں یا اعظم (مذکر) خدا تعالےٰ داورِ دوراں (مذکر) شہنشاہ۔ شاہجہاں۔ داورستان (مذکر) کچہری۔ عدالت۔ داوری (مونث) ۱ بادشاہت سلطنت ۲ عدالت۔ انصاف ۳ عدالت کا حکم ۴ مقدمہ ۵ جھگڑا ۶ دعوے عدالت میں۔

داور بخش (۔-۱۶۲۷) بن سلطان خسرو جہانگیر کا پوتا تھا۔ آصف خاں وزیر نے جہانگیر کی وفات پر شاہجہاں کو دکن سے بلایا۔ اسنے دانیال کے دو بیٹوں اور شہریار نے آصف خاں سے جنگ کی مگر شکست کھا کر گرفتار ہوئے۔ چاروں کو قتل کیا گیا۔

داوردال (ف۔ مذکر) واسط کے قریب ایک گاؤں۔

داون (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو داؤنی ۲ دامن کا بگڑا ہوا ۳ اناج کو گاہنے کا فعل ۴ تباہی ۵ (مونث) ہوتی رسی جو چارپائی کی پائینتی کی طرف ڈال کر چارپائی کستے ہیں داونا (متعدی) گاہنا۔ دائیں چلانا۔ داونی (مونث) دامنی کا بگڑا ہوا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔

داونگرے (ہند) شہر ریاست میسور میں (۸)

داونور (ہند) شہر ریاست میسور میں۔

داونی (۔-۱۵۰۲) جلال الدین محمد اسعد الداونی بن سعد الدین اسعد داونی۔ ایرانی فلسفہ دان۔ مصنف اخلاق جلالی۔ شرح عقائد وغیرہ۔

داہ (ھ۔ مونث) ۱ جلانا۔ مردے کو جلانا ۲ داغ دنیا۔ داغ ۳ آگ ۴ اندرونی گرمی ۵ جلنے کا

احساس ۲ جلن - سوزش ۳ جوش ۴ رشک - حسد - داہ جور (مذکر) سخت بخار - داہ دینا (متعدی) مردے کو جلانا
داہ رکھنا (متعدی) رشک کرنا - حسد کرنا - دشمنی رکھنا
داہ سر (مذکر) وہ جگہ جہاں مردے جلائے جائیں - مسان
داہ کرنا (متعدی) مردہ جلانا - داہ کریا (مونث) مردہ جلانے کی رسم - داہنا (متعدی) جلانا -

داہان (- ۱۱۷۳) ابو محمد سعید بن مبارک - ابن داہان البغدادی - عربی نحوی اور شاعر -

داہم (ف - مذکر) ۱ تاج جس میں جواہرات جڑے ہوں ۲ تخت ۳ شاہی محل -

داہن (س - مذکر) ۱ جلانا - آگ لگانا ۲ داغ دینا -

داہنا (د - صفت) سیدھا (س دکشن)
داہنا ہاتھ (مذکر) سیدھا ہاتھ - داہنا قدم لینا (طنزاً) چالاکی اور شرارت کا قائل ہونا تعظیم کرنا - داہنی آنکھ پھڑکنا (لازم) داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا مرد کے لئے اچھا اور عورت کے لئے برا شگون ہے - داہنی طرف - داہنے ہاتھ کی طرف - داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے - ایک قسم جو کسی کام کے کرنے کے لئے کھائی یا کھلائی جاتی ہے - داہنے ہاتھ کو - داہنے ہاتھ کی طرف
داہنی ہتھیلی کا تل (مذکر) دولتمندی اور سخاوت کا نشان سمجھا جاتا ہے -

مثل - داہنا دھووے بائیں کو اور بایاں دھووے دائیں کو - ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہئے -

داہی (ع - صفت) چالاک ہشیار عقلمند - سمجھدار - داہیت (مونث) ۱ خطرہ مصیبت ۲ اتفاقی صدمہ -

داہی (س - صفت) ۱ جلانے والا ۲ تکلیف دینے والا -

داہیم (ف - مذکر) ۱ تاج جس میں کلغی ہو ۲ سلطنت - حکومت -

دائر (ع - صفت) ۱ چلنے والا - پھرنے والا دورہ کرنے والا ۲ زیر تجویز - درپیش (دَور - دار - چکر کھانا) دائر تجویز (مونث) زیر تجویز - دائر کرنا (متعدی) چلانا - سلسلہ شروع کرنا - شروع کرنا - رجوع کرنا - دائر (و) سائر (صفت) ۱ پھرنے والا (دج) ۲ نافذ - جاری ۳ دخیل - بااثر - دائرہ (مذکر) ۱ (علم ہندسہ) وہ سطح محیط جس کے بیچ میں ایک نقطہ ہو جسے مرکز کہتے ہیں اور جس سے جتنے خطوط خط محیط تک کھینچے جائیں سب برابر ہوں (بنانا بننا کے ساتھ) ۲ دور - محیط - حلقہ ۳ خانقاہ ۴ محلہ - ٹولہ - ڈیرہ ۵ ڈفلی - چنگ (بجانا بجنا کے ساتھ) ۶ حرفوں کی گولائی ۷ گردش کا خط - چکر - دائرہ دار (صفت) خانقاہ کا محافظ - دائرۂ دور دوراں یا دیر پائے (مذکر) آسمان - دائرۂ قطبی (مذکر) وہ فرضی خط جہاں سے منطقہ قطبی شروع ہوتے ہیں - دائرہ کش (مذکر) پرکار - دائرہ کھینچنا پرکار سے دائرہ بنانا - دائرہ گرد (مذکر) سورج - دائرۂ نصف النہار - دیکھو خط نصف النہار
دائرہ وسیع ہونا (لازم) بہت سے لوگوں سے ملاقات ہونا -

دائم (ع - صفت) ہمیشہ - نت - سدا مدام - دائماً (تف) ہمیشہ - لگاتار - برابر - دائم الحبس (صفت) ۱ وہ جسے عمر بھر کی قید ہو ۲ حبس دوام - عمر بھر کی قید - دائم الخمر (صفت) ہمیشہ شراب پینے والا - شرابی - دائم المرض یا المریض (صفت) جو ہمیشہ بیمار رہے - دائم رہنا (لازم) ہمیشہ رہنا - دائم رہے (دعا) ہمیشہ رہے - مدام رہے - دائمی (صفت) ۱ دیکھو دائم ۲ (مونث) دیکھو دائمیت - دائمیت (مونث) ۱ ہمیشگی - مداومت - دوام - استمرار ۲ ثبات - قیام بقا - ابد - ازل -

دائن (ع - صفت) قرض دینے والا قرضخواہ (دَین - دان - قرض لینا)

داؤ (ہ - مذکر) داؤ (ھ) ۱ دیکھو داؤ ۲ داؤں ۳ ایک قسم کی کلہاڑی جس کا کنارہ مڑا ہوا ہوتا ہے اور جس سے جانوروں کے لئے پتے اور ٹہنیاں کاٹتے ہیں - درانتی - داؤ چلنا (لازم) فریب دیا جانا
داؤ دینا (متعدی) جال کرنا - فریب دینا - داؤ دے گیا - دھوکا کر گیا - داؤ کھا گیا - فریب میں آگیا - داؤ کھا جانا یا کھانا (متعدی) فریب میں آجانا
داؤ گھاؤ (مذکر) داؤ -

داؤد ۱ (۱۰۱۰ - ۹۷۰ ق م) توریت کے بموجب یہودیوں کا ایک بادشاہ اور مسلمانوں کے اعتقاد میں ایک پیغمبر جن پر زبور اتری تھی - یہ جالوت کو قتل کر کے بادشاہ بنے - انکی وفات پر حضرت سلیمان بادشاہ ہوئے انکی کئی مناجاتیں موجودہ توریت میں ہیں - کہتے ہیں کہ یہ بہت خوش آواز تھے ۲ (۸۱۵ - ۸۳۳) بن خلف الاصفہانی ابو سلیمان کوفہ میں پیدا ہوا - وہیں وفات پائی - فرقہ ظاہریہ کا بانی ہے ۳ (۱۴۰) ملا - بیدری - سلطان محمد شاہ بہمنی کا مہر بردار تھا - تحفۃ السلاطین بہمنی کا مصنف ہے - داؤد پاشا ۱ (- ۱۴۹۸) بایزید ثانی کا وزیر اعظم تھا - البانی نسل سے تھا ۲ (- ۱۶۲۳) کارا - ۱۶۲۲ء میں وزیر اعظم ہوا اور معزول سلطان عثمان ثانی کو قتل کیا - مگر چند روز بعد یہ بھی قتل ہوا - بوتھنیا کا باشندہ تھا ۳ (۱۷۶۷ - ۱۸۵۱) بغداد کا آخری مملوک گورنر تھا - اسکو معزول کرنے کے لئے سلطان نے فوج بھیجی یہ قید ہو کر معاف ہوا مگر رہا ہو کر پیغمبر صلعم کے روضہ کا محافظ مقرر ہوا - وہیں وفات پائی ۴ (- ۱۸۷۳) ۱۸۶۱ء سے ۱۸۶۸ء تک لبنان کا گورنر تھا - آرمینی نسل سے تھا ۱۸۶۸ء میں وزیر ہوا - داؤد پوترا (مذکر) نواب بہاولپور کے خاندان کا نام جو داؤد خاں سندھی کی اولاد سے ہیں اور اپنا سلسلہ بغداد کے خاندان عباسیہ سے ملاتے ہیں - داؤد خاں ۱ (۱۷) اورنگزیب کا ایک جرنیل تھا ۲ پنی (- ۱۷۱۶) اورنگزیب کے عہد میں ایک پٹھان فوجی افسر تھا - بہادر شاہ کے عہد میں امیر الامرا ذوالفقار خاں دکن کا گورنر مقرر ہوا مگر اس کے نہ جاسکنے کی وجہ سے یہ نائب گورنر ہوا - فرخ سیر کے عہد میں جب امیر الامرا دکن گیا تو شہنشاہ کے حکم سے اپنے اس کا مقابلہ کیا اور جنگ میں کام آیا ۳ فاروقی (- ۱۵۱۰) شاہ خاندیس - اپنے بھائی میراں غنی کے بعد

۱۵۰۰ء میں تخت نشین ہوا ۔ قریشی (۱۷) بن بھیکن خاں - عالمگیر کا ایک پنجہزاری امیر تھا ۱۶۷۰ء میں الہ آباد کا گورنر ہوا ۔ قیصری (-۱۳۰۰) مصنف شرح حدیث الاربعین - **داؤد شاہ** ۔ بہمنی (-۱۳۷۸) ابن سلطان علاء الدین حسن - اپنے بھتیجے مجاہد شاہ کو قتل کر کے تخت نشین ہوا - مگر ایک ماہ پانچ دن بعد مسجد گلبرگہ میں قتل ہوا ۔ گجراتی (۱۵) گجرات کا بادشاہ - اپنے بھتیجے قطب شاہ کی وفات پر ۱۴۵۹ء میں تخت پر بیٹھا - مگر سات دن کے بعد تخت سے اتار اگیا اور اس کا دوسرا بھتیجا محمود شاہ تخت نشین ہوا ۔ (-۱۳۷۶) بنگال کا آخری بادشاہ - اپنے بڑے بھائی بایزید کے بعد ۱۵۷۳ء میں تخت نشین ہوا - سخت عیاش تھا اور رکینے لوگوں سے صحبت رکھتا تھا - اسنے مغلوں کی سلطنت پر حملہ کیا اور منعم خاں سے لڑائیاں ہوئیں - اکبر خود ۱۵۷۵ء میں شامل ہوا اور اسنے شکست کھائی - مگر کٹک اور اوڑیسہ کا گورنر مقرر ہوا - اگلے سال منعم خاں مرگیا اور اسنے پھر بنگال پر قبضہ کر لیا - مگر خان جہاں سے شکست کھا کر گرفتار ہوا اور بجرم بغاوت پھانسی دیا گیا - **داؤد طائی** (-۷۸۲) ایک مشہور مسلمان حکیم جو امام ابوحنیفہ کا ملازم تھا - اور حبیب راعی کا مرید تھا -

داؤد پور (ہند) بنگال میں ایک منڈی جہاں چاول اور رائی کی تجارت ہوتی ہے -

داؤد کنڈی (ہند) بنگال میں ایک شہر -

داؤد نگر (ہند) بنگال کے ضلع گیا کا ایک شہر (۱۰) کپڑوں قالینوں اور کمبلوں کی تجارت ہوتی ہے -

داؤں (ہ - مذکر) ۱ چالبازی - فریب ۲ قابو - موقع - گھات ۳ فریب - دھوکا - جل ۴ شطرنج کی چال ۵ نوبت باری ۶ وہ چیز جو قمار باز شرط کا نشان ظاہر کرنے کو رکھدیتے ہیں ۷ شرط - وہ چیز جو جیتنے پر لیجاتی ہے ۸ پانسہ - قرعہ - چھ سات آٹھ نو میں ایک شمار ۹ گوکھو اور عربوں کا قوس نما چھرا - کگڑی ۱۰ کشتی کا پیچ (س - درد - حرکت کرنا) **داؤں آنا** (لازم) ۱ پانسہ پڑنا ۲ باری آنا - **داؤں بیٹھنا** (ھ) گھات لگانا - **داؤں پہ اڑنا** (ھ) داؤں پر لگانا - **داؤں پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ قابو میں آنا - بس میں آنا ۲ دھوکے میں آنا - فریب کھانا ۳ پیچ پر چڑھنا - **داؤں پر رکھدینا یا رکھنا** (متعدی) ۱ بازی پر لگانا - شرط پر رکھنا ۲ پیچ کرنا - **داؤں پر لگا دینا یا لگانا** (متعدی) شرط پر رکھنا - **داؤں پڑنا** ۱ حسب مراد پانسہ پڑنا ۲ باری آنا - موقع آنا - **داؤں پھینکنا** (متعدی) پانسہ پھینکنا - کوڑیاں پھینکنا - **داؤں پیچ** (مذکر) ۱ کشتی کے بند - بازی کے ڈھنگ ۲ چال - مکر و فریب (چلانا - چلنا - کرنا کے ساتھ) **داؤں تاکنا** (متعدی) تاک یا گھات لگانا - موقعہ دیکھنا - **داؤں جانا** (لازم) قمار بازی کی اصطلاح - معمولی شرط سے دو چند شرط لگانا - **داؤں چلنا** (لازم) ۱ فریب کرنا - فریبی - کارروائی کرنا ۲ کشتی کا پیچ کرنا **داؤں دینا** (متعدی) ۱ دم دینا - دھوکا دینا ۲ ٹھگنا ۳ موقع دینا - **داؤں کرنا** (متعدی) ۱ دھوکا کرنا - فریب کرنا ۲ کشتی میں پیچ کرنا - **داؤں کھا جانا یا کھانا** (متعدی) ۱ دھوکا کھانا - فریب کھانا ۲ (عف) لڑکے یا عورت کا ایک بار بدفعلی کرا لینا - **داؤں کھیلنا** (متعدی) ۱ جل دینا - دھوکا دینا ۲ گھات لگانا - **داؤں گھات** (مذکر) ۱ خفیہ تدبیر - گھات حیلہ - پیچ - تاک - **داؤں لگانا** (متعدی) ۱ گھات لگانا - تاک لگانا ۲ قابو پانا - موقع دیکھنا ۳ شرط بدنا بازی لگانا - **داؤں لگنا** (لازم) دیکھو آخری - **داؤں لینا** (لازم) ۱ اپنی باری لینا ۲ موقع پا کر فائدہ اٹھانا - **داؤں مارنا** (متعدی) نفع کثیر اٹھانا - **داؤں میں آنا** - پھنسانا (متعدی) پھنس جانا - پھنسنا (لازم) لانا (متعدی) فریب سے قابو میں لانا -

دائی (ھ - صفت) دینے والا - مرکبات کے اخیر میں آتا ہے - جیسے دکھائی -

دائی (ہ - مونث) ۱ دودھ پلانے والی انا ۲ وہ عورت جو دولھن کے ساتھ میکے سے خدمت گذاری کے لئے آتی ہے ۳ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت ۴ وہ جگہ جہاں آنکھ مچولی کھیلنے کے لئے بچے جمع ہوتے ہیں ۵ عورتیں جب اپنے یا کسی کے واسطے بری بات کہتی ہیں تو یہ لفظ استعمال کرتی ہیں (س داتر کا - دینے والی) **دائی اصیل** (مونث) ملازمہ جو سب کی افسر ہو - **دائی بندی** (مونث) دیکھو دائی ۵ - **دائی پلائی** (مونث) انا - دودھ پلانیوالی - **دائی جنائی** (مونث) قابلہ جنانے والی عورت - **دائی دوا والے** (مذکر) ۱ دائی دوا کی اولاد ۲ اونے قوم کے آدمی ۳ وہ لوگ جو حسب نسب میں اونٹے ہوں اور شرافت کا دعوے کریں - **دائی سے پیٹ چھپانا** (لازم) راز داروں سے عیب چھپانا - **دائی کا جی ماندا ہے** - کوئی عزیز بیمار ہو تو عورتیں اس طرح اس کی بیماری کا ذکر کرتی ہیں - **دائی کو سونپنا** (متعدی) دودھ پلانے کے لئے بچے کو کسی عورت کے سپرد کرنا - **دائی کو مری کوستی ہے** (عو) مجھے کوستی ہے - **دائی کھلائی** (مونث) کھلانے والی عورت - **دائی گری یا گیری** (مونث) جنانے کا پیشہ یا کام - قابلہ پن -

امثال و اقوال - **دائی ضبیلی کے مرزا مو گرا** - جہاں کوئی اونے ذات کا ہو کر اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرے تو کہتے ہیں - **دائی جانے اپنی بائی** - دائی کو زچہ کی تکلیف کا خیال نہیں ہوتا - اپنے آرام اور فائدے سے مطلب ہوتا ہے - **دائی دائی اونٹنی سوا گھڑا مو تنی** - لمبی عورت کو مذاقاً کہتے ہیں - **دائی ری دائی تیرے سات ہوں بھائی** - آنکھ مچولی کے کھیل میں بچے کہتے ہیں - **دائی سے پیٹ نہیں چھپتا** - **دائی کے آگے پیٹ (کا پردہ) نہیں چھپتا** - واقفوں سے عیب نہیں چھپتا - **دائی کے سر پان پھول** - غریب کو ہر طرح کا الزام لگ جاتا ہے **دائی میٹھ دادا میٹھ سر گے کون جائے** - **دائی ہو میٹھی دادا ہو میٹھا تو سورگ کون جائے** جہاں ہر طرح آرام ہو اس جگہ کو نہیں چھوڑا جاتا -

دائیں (ہ - تف) سیدھے ہاتھ کی طرف - داہنی طرف - راست (داہنا سے) دائیں

بائیں (صفت) چپ و راست - اِدھر اُدھر - دائیں بائیں دے کر نکل جانا (لازم) دھوکا دے کر نکل جانا - جھاو لی دے کر چلے جانا - دائیں بائیں دیکھنا (لازم) ادھر ادھر دیکھنا - ہوشیار ہونا - دائیں بائیں کر دینا یا کرنا (متعدی) اِدھر اُدھر کر دینا - چھپا دینا - دائیں بائیں کے ہیں - دونوں مساوی درجے کے ہیں - دائیں ہاتھ کا کھایا حرام ہے - جب تک اپنے دعوے کو پورا نہ کر لو تمہیں کھانا کھانا بمنزلہ حرام چیز کھانے کے ہے - تمہیں قسم ہے جو اس طرح نہ کرو -

دَائیں (ہ - مونث) 1 توپ بندوق پٹاخوں وغیرہ کے متواتر چھوٹنے کی آواز - دنادن (آواز کی نقل ہے) 2 بیلوں کو گاہنے کے لئے باندھنا 3 بیلوں کے ذریعے اناج گاہنا 4 اناج جو گاہا نہ گیا ہو (داؤں سے) دائیں چلانا (متعدی) اناج گاہنا - کھلیان پر بیلوں کو چلانا - دائیں دائیں (مونث) دنادن -

دَائِیں (ھ - مذکر جمع) 1 دون کی پہاڑ کی جائدادیں 2 (مونث) برابری - ہم چشمی 3 قد - ماپ - دائیں داریا کا (صفت) برابر کا - ہم چشم -

دَائی (س - مذکر) 1 تحفہ - عطیہ - نذرانہ 2 شادی کا تحفہ 3 استری دھن 4 جدی جائداد - وراثت - ورثہ -

دَایا (ھ - مذکر) 1 دائی کا خاوند 2 زر مطالبہ - حق نالش 3 استغاثہ - دعوے -

دَایاں (ہ - صفت) دیکھو داہنا - دایاں بولنا (لازم) تیتر کا داہنی طرف سے بولنا - چور اسے منحوس سمجھتے ہیں -

مثل - دایاں پیر ہلاؤنگی تو گھر ہی پیر (نپاؤنگی) مناؤنگی - محنتی آدمی ہر جگہ کما لیتا ہے

دَایِک (س - صفت) دینے والا - عطا کرنے والا - مرکبات کے اخیر میں آتا ہے جیسے بھکتا دایک -

دَایہ (ہ - مونث) 1 انا - دودھ پلانیوالی 2 بچے کو پرورش کرنے والی عورت (س داتر کا) دایہ گری (مونث) دایہ کا پیشہ یا کام -

دُبّ (ع - مذکر) ریچھ - دبِّ اصغر (مذکر) ایک صورت کوکبہ قطب شمالی سے ذرا فاصلے پر -

دَب (ہ - امر) دبنا کا (س دَم چپ کرانا) دبا (ماضی) 1 دبنا کی 2 امر دبانا کا 3 (صفت) گڑا ہوا - سوبا ہوا 4 تاک لگائے ہوئے 5 ڈرا ہوا - رعب میں آیا ہوا 6 قابو میں آیا ہوا - رکا ہوا 7 مغلوب شدہ - زیر - دب آنا (لازم) بڑھ آنا - آگے بڑھ آنا دبا بیٹھنا (لازم) دبوچ لینا 2 مال مار لینا - قبضہ کر لینا - دبا جانا (لازم) 1 نیچے آجانا - پھنس جانا 2 مغلوب ہو جانا 3 (متعدی) کسی بات کو چھپانا - دبا دبایا (صفت) دبا ہوا - دبا دینا (متعدی) 1 گاڑ دینا 2 فرو کر دینا - روک دینا 3 کسی بات کو چھپا دینا - دبا ڈالنا (متعدی) 1 کسی بات کو چھپا دینا 2 کچل دینا - دبا رہنا (لازم) 1 کسی چیز کی آڑ میں چھپا رہنا - دبک رہنا 2 مغلوب رہنا 3 ڈرنا - دبا کر (تف) جبر سے - زبردستی - حکومت سے - دبا لینا (متعدی) 1 مال مار لینا 2 دبوچ لینا 3 مغلوب کر لینا - دبانا 1 گاڑنا - دفن کرنا 2 بیج بونا 3 مغلوب کرنا - زیر کرنا 4 مال مارنا - قبضہ کرنا 5 عاجز کرنا - تنگ کرنا 6 زور ڈالنا - دباؤ ڈالنا 7 ناراض ہونا 8 ٹھونسنا - زور سے بھرنا 9 کمی کرانا 10 (آگ) راکھ سے چھپانا 11 (بات وغیرہ) چھپانا - اخفا کرنا 12 (بدن یا حصہ) چپی کرنا - مالش کرنا 13 (دَبا) پودے کی شاخ کو مٹی میں گاڑنا تاکہ جڑ پکڑے 14 (آنکھ) بند کرنا - اشارے سے منع کرنا 15 (کان) نیچے کو کرنا - دباؤ (صفت) 1 جھکا ہوا - دبا ہوا - نیچے کیا ہوا 2 جسکا بوجھ آگے کی طرف زیادہ ہو (ٹانگا یا گاڑی) 3 (ھ) ظالم - ستمگر - سخت گیر - دباؤ (مذکر) دباہٹ (ھ) 1 بوجھ - زور - غلبہ 2 جبر - سختی 3 خوف - دہشت 4 اثر - اختیار - رعب - 5 روک - پابندی 6 عزت - حرمت 7 اطاعت - رضاجوئی - دباؤ پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) 1 بوجھ ڈالنا - زور ڈالنا 2 جبر کرنا - سختی کرنا 3 اثر ڈالنا - رعب ڈالنا - دباؤ کھا جانا یا کھانا (متعدی) رعب ماننا دباؤ ماننا (لازم) 1 اطاعت کرنا 2 رعب ماننا - دباؤ ہونا (لازم) 1 بوجھ ہونا 2 زور ہونا 3 رعب ہونا - اثر ہونا 4 روک ہونا - پابندی ہونا - دباؤنا (ھ) دبانا - دبائی (ھ) دیکھو دباؤ - دبائے ڈالنا (متعدی) چھپانا - پوشیدہ رکھنا - دبائے رکھنا (متعدی) چھپا کر رکھنا - ظاہر نہ ہونے دینا - دب جانا (لازم) 1 کسی چیز کے نیچے آجانا 2 مغلوب ہو جانا 3 رعب میں آجانا 4 ہٹ جانا - رکجانا - دب چلنا (لازم) 1 مغلوب ہو جانا 2 ڈر جانا - رعب میں آجانا - دب دبا جانا (لازم) 1 کسی چیز کے نیچے آجانا 2 معاملہ رفت گذشت ہو جانا - دبکر (صفت) ڈر کر - رعب میں آکر - دبکر نکل جانا (لازم) بدن چرا کر یا سمٹ کر بھیڑ یا تنگ راستے سے گزر جانا - دبکے چلنا (لازم) کترا کے چلنا رک کے چلنا - دب مرنا (لازم) کسی بھاری چیز کے نیچے آکر ہلاک ہو جانا - دبنا (لازم) دیکھو دبانا - دب نکلنا (لازم) 1 عاجز ہو جانا - پست ہو جانا 2 مغلوب ہو جانا 3 ڈر جانا - دبّوں دبّوں کر کے عیب چھپا لینا یا چھپانا (متعدی) کسی بری بات کو ظاہر نہ ہونے دینا - دبّوں دبّوں کرنا (متعدی) کسی بات کو دبا چھپا لینا - دبی آگ اکھیڑنا یا کریدنا (متعدی) پرانے جھگڑے کو تازہ کرنا - دبی بلی (مونث) مغلوب آدمی - ڈرا ہوا شخص - دبے پاؤں (تف) چھپ کے - چپکے سے - ڈرتے ڈرتے - دبے پر (تف) عاجز آکر - جب اور کچھ نہ ہو سکے - دبے رہنا (لازم) بوجھ کے نیچے رہنا 2 مغلوب رہنا - دبی زبان سے (تف) آہستہ سے - رکتے رکتے - ڈرتے ڈرتے - مجبوراً -

امثال و اقوال - دبا بنیا پورا تولے - جب کسی پر دباؤ پڑے تو وہ حق ادا کرتا ہے - دبا حاکم محکوم کے تابع - رشوت خوار افسر ماتحتوں سے دبتا ہے - دبا پائی گوجری گھرا باسن لاؤ - کوئی قابو میں آجائے تو پورا فائدہ اٹھانا چاہئے - دبتے کو

سب دباتے ہیں۔ غریب کو سب لوٹتے ہیں۔ دبی بلی چوہوں سے کان کٹاتی ہے۔ دبا ہوا آدمی کمزوروں سے بھی دبتا ہے۔ دبے پر چیونٹی بھی چوٹ (کاٹ کھاتی) کرتی ہے ۔ تنگ آکر کمزور بھی مقابلے پر تیار ہو جاتا ہے۔ دبے پر سب شیر ہیں۔ کمزور پر سب حکم چلاتے ہیں۔ دبے مردے (اکھاڑتے ہو) کیوں اکھاڑتا ہے۔ پرانے قصے کیوں یاد دلاتا ہے۔

دَبا (ہ۔ مذکر) ۱ درخت کی شاخ جسکو مٹی میں دبا دیتے ہیں کہ جڑیں نکال کر نیا پودہ بن جائے (دبانا لگانا کے ساتھ) ۲ گھات۔ تاک ۳ غوطہ۔ ڈبکی (دوبنا سے) دبا مارنا (متعدی) گھات لگانا۔ تاک میں بیٹھنا۔

دَبازَت (ع۔ مونث) گندگی۔ گنداپن۔ موٹاپن (دَبز۔ موٹا)

دَبّاغ (ع۔ مذکر) چمڑہ کمانے والا۔ چرم ساز (دَبغ۔ چمڑا کمانا)

دِباغت (ع۔ مونث) چمڑہ کمانا (دَبغ۔ چمڑا کمانا)

دُباین (ھ۔ مونث) دُباذات کی عورت۔ دُبے کی بیوی۔

دُبدَبہ (ع۔ مذکر) ۱ شور۔ آواز۔ چیخ۔ غل۔ جھنکار ۲ رعب۔ خوف۔ ڈر ۳ شان و شوکت۔ طمطراق۔ شکوہ۔ شان۔ جاہ و جلال (دَبدَب چلنے کی آواز نکلنا) دبدبہ بٹھانا (متعدی) بیٹھنا (لازم) رعب جمنا۔ خوف ہونا۔ دبدبہ دکھانا (متعدی) رعب دکھانا۔

دُبدھا (ھ۔ مذکر) ۱ شک۔ شبہ۔ احتمال ۲ گھبراہٹ۔ پریشانی ۳ وہم۔ وسوسہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

مثل۔ دبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام۔ شکی آدمی ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے۔

دُبھدیل (ھ۔ صفت) ۱ دودلا۔ شک میں ۲ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔

دُبُر (ع۔ مونث) ۱ پیٹھ۔ پشت ۲ کسی چیز کا پچھلا حصہ ۳ چوتڑ۔ گانڈ ۴ آخری حصہ سرا ۵ مہینے کا آخری حصہ ۶ دعا کا آخری حصہ (دَبر۔ پیٹھ پھیرنا) دُبر الشّہر (مونث) مہینے کا آخری حصہ۔ دبر اللیل (مونث) رات کا پچھلا حصہ۔

دُبران (ع۔ مذکر) چوتھی منزل قمر یا نکشترے کا نام۔

دُبڑ وگھسڑو (ہ۔ صفت) ۱ چھپا ہوا۔ مخفی ۲ بزدل۔ ڈرپوک۔ بودا۔ کم ہمت۔ عاجز ۳ مذبذب۔ شکی ۴ (مذکر) مصیبت۔ مشکل (دبنا اور گھسنا سے)

دَبز (ف۔ صفت) موٹا۔ گف۔ دبیز۔ گاڑھا۔

دبستان (ف۔ مذکر) سکول۔ مدرسہ (دابرستان کا مخفف) دبستانی (صفت) ۱ سکول کا۔ سکول کے متعلق ۲ (مذکر) طالب علم۔

دُبسی (ھ۔ مونث) فی صدی مالگزاری جو زمینداروں کو معاف کی جاتی ہے۔

دَبک (ہ۔ امر) ۱ دبکنا کا ۲ (مونث) ڈانٹ۔ دھمکی (س دم۔ چپ کرانا) دَبکا (امر) ۱ دبکانا کا ۲ (ماضی) دبکنا۔ دبک آنا (لازم) ۱ پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات میں بیٹھنا چھپنا چھپ کے چلے آنا۔ دبکانا (متعدی) ۱ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ۲ روکنا ۳ دبانا۔ ناراض ہونا ۴ دھمکانا۔ ڈرانا۔ دبکا ہوا (صفت) کٹا ہوا تار جو سلمے کے کام میں استعمال ہوتا ہے۔ دبک بیٹھنا یا جانا یا رہنا (لازم) دیکھو دبک آنا۔ دبکن (مونث) ۱ وزن جو ڈھینکلی پر دبانے کے لئے باندھتے ہیں ۲ گھات۔ تاک۔ دبکنا (لازم) ۱ پوشیدہ ہونا۔ چھپنا ۲ پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات لگانا ۳ لپکنا جیسے کتے کا ۴ جگمگانا ۵ ڈرنا۔ رعب میں آنا ۶ گڑگڑانا ۷ (متعدی) کوٹنا تار کو۔ دبکٹی (مونث) ۱ سلمہ بنانے کے لئے تار کے کوٹنے کا کام ۲ تار کو کوٹنے کا پیشہ۔ دبکی (مونث) ۱ چھپنے کا فعل ۲ گھات۔ تاک۔ دبکیا (مذکر) وہ شخص جو سلمے کے لئے تار کوٹتا ہے۔ دبکی لگانا یا مارنا (متعدی) ۱ کمین گاہ میں بیٹھنا ۲ گھات لگانا۔ دبکیل۔ دبکیل (ھ۔ صفت) تاک لگائے ہوئے۔ تاک لگانے والا۔ دبکیلا (ھ۔ صفت) تاک لگانے والا۔

مثل۔ دبک شیرے کے مٹکے میں۔ موقع کا فائدہ اٹھانا۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔

دَبگر (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو چمڑے کی بوتلیں ترازو۔ پیپے وغیرہ بنائے۔

دَبل (ھ۔ صفت) ۱ دبا ۲ ڈبل۔

دَبلا (ہند) ریاست اودے پور میں ایک قصبہ۔

دُبلا (ہ۔ صفت) ۱ پتلا۔ لاغر۔ منحنی ۲ کمزور۔ ضعیف۔ دبلاپا (ھ) دبلاپن (مذکر) دبلاپنا (ھ) ۱ لاغری۔ پتلاپن ۲ کمزوری۔ ضعف۔ دبلا کرنا (متعدی) دبلانا۔ دبلا ہونا (لازم) ۱ لاغر ہونا ۲ کمزور ہونا۔ دُبلائی (ھ۔ مونث) دبلاپن۔

امثال واقوال۔ دبلا کنبا سراپ کی آس۔ دبلے کلاونت کی کون سنے۔ غریب کی کوئی پروا نہیں کرتا۔ **دبلے ماریں شاہ مدار۔** کمزور کو سب نقصان پہنچاتے ہیں۔

دَبَنگ (ہ۔ صفت) دبنگا (ھ) ۱ بدشکل۔ بدوضع۔ بھدا ۲ بدتمیز۔ بدتہذیب۔ بداخلاق ۳ موٹا۔ مسٹنڈا۔ قوی ۴ گنوار۔ اکھڑ۔ اجڈ ۵ بیوقوف احمق ۶ (ف) تندرست جوان آدمی۔ دبنگی (مونث) ہٹی کٹی۔ موٹی تازی۔

دَبوچ (ہ۔ امر) دبوچنا کا۔ دبوچا (ماضی) دبوچنا کی۔ دبوچ لینا۔ دبوچنا (لازم) ۱ پکڑ لینا۔ قابو کر لینا ۲ دبانا۔ بھینچنا ۳ چھپانا۔ مخفی کرنا۔

دَبور (ع۔ مذکر) پچھوا ہوا۔ بادصبا نسیم۔

دَبوس (ف۔ مذکر) ۱ عصا۔ لاٹھی۔

۲ ایک قلعہ کا نام سمرقند اور بخارا کے درمیان ۳ اس کے بانی کا نام ۴ دبوسہ۔

دبوس (ھ۔ مذکر) چقماق۔

دبوسا (ھ)، **دبوسہ** (ف۔ مذکر) ۱ جہاز میں کھانے کا کمرہ ۲ جہاز کی کوٹھڑی ۳ جہاز کی پچھاڑی۔

دبوسنا (ھ۔ لازم) نشّی چیز پینا۔ مدہوش ہونا۔ شراب پینا۔

دبوئی (ھ۔ مونث) دبانے کی مشین شکنجہ۔

دبوہ (ہند) ریاست گوالیار میں ایک قصبہ۔

دبہ (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹے کا چھچا۔ پلی ۲ کُپا۔ دبہ برنجی (مذکر) تانبے کا برتن ۳ ریت گھڑی۔
دبہ خایہ (مذکر) وہ آدمی جس کے فوطے بڑے ہوں

دبھک (ھ۔ مذکر) قحط۔ کال۔ گرانی۔ خشک سالی۔

دبھورا (ہند) ضلع باندا میں ایک قصبہ۔

دبھول (ہند) ضلع رتناگری میں ایک بندرگاہ۔

دبھوئی (ہند) ریاست بردوہ میں ایک قصبہ (۱۵)

دُبے (ھ۔ مذکر) برہمنوں کی ایک گوت جو دو وید جانتے ہیں۔

دبیا (ھ۔ مذکر) ایک پیمانہ جو دو مٹھیوں کے برابر ہوتا ہے۔

دبیر (ع۔ مذکر) ۱ مصنف۔ مولف۔ انشاپرداز ۲ منشی۔ محرر۔ راقم۔ سکریٹری ۳ ہنڈیاں تصدیق کرنے والا افسر۔ ایک افسر (دبیر۔ کتاب لکھنا) دبیر الملک (مذکر) سکریٹری آف سٹیٹ۔ محرر شاہی۔ دبیر انجم (مذکر) عطارد۔ دبیرستان (مذکر) ۱ تحریر کا مدرسہ ۲ نافظ خانہ۔ دبیر صائب التدبیر (مذکر) اچھا مصنف۔ دبیر فلک (مذکر) عطارد۔

دبیر (۱۸۰۳-۱۸۷۵) سلامت علی بن مرزا غلام حسین دہلی میں پیدا ہوا۔ باپ کے ہمراہ سنہ ۱۸۱۰ میں لکھنؤ گیا وہیں تعلیم پائی۔ ضمیر کا شاگرد تھا۔ اور مرثیہ لکھنے میں کمال حاصل کیا۔ جلد مراثی وسلام وغیرہ یادگار ہیں۔ **دبیر الدولہ** (۱۹) امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خاں بہادر مصلح جنگ۔ سرسید احمد خاں کا نانا تھا۔ سرکار انگریزی کی طرف سے سفیر ہو کر ایران و آوا کو گیا۔ بعدہ اکبر شاہ ثانی شاہ دہلی کا وزیر ہوا۔

دبیز (ف۔ صفت) موٹا۔ گف۔ مضبوط (دبز۔ موٹا ہونا)

دبیش (ف۔ مذکر) مدائن کے گورنر کا نام۔

دبیق (ایران) ایک گاؤں کا نام جہاں کا ریشم کا کپڑا مشہور تھا۔ **دبیقی** (مونث) دبیق کا بنا ہوا ریشمی کپڑا۔

دبیل (آرمینیا) ایک شہر۔

دبیل۔ دبیل۔ دبیل (ہ صفت) ۱ ماتحت۔ تابع۔ زیر حکم ۲ کمزور۔ ضعیف ۳ (مذکر) وہ چیز جو قابو میں ہو یا زیر حکم ہو (دبانا سے)

دبیل (آرمینیا) دیکھو دوین۔

دبیلا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک دوائی کا نام ۲ چیچو۔

دبیلہ (ف۔ مذکر) ۱ پھوڑا بدن انسان پر جو کسی دوسری بیماری کی وجہ سے ہو۔ دبیلۂ کبد (مذکر) جگر کا پھوڑا۔

دبیہ (ھ۔ صفت) ۱ خالص۔ پاک ۲ قسم۔ سوں۔

دبیہرا (ھ۔ مذکر) ایک لکڑی کا بڑا ہل جو لوہے کے ہل کے پیچھے لگا دیتے ہیں۔ دبیہری (مونث) ایک ہلکا ہل۔

دپٹ (ہ۔ امر) دپٹنا کا ۱ دوڑ۔ جھپٹ ۲ حملہ ۳ ہلہ جھپٹ۔ اردو میں دوڑ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دپٹانا (متعدی)، دپٹنا (لازم) ۱ سرپٹ دوڑانا ۲ حملہ کرنا۔ ہلہ کرنا ۳ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔

دپدپ کرنا۔ دپدپانا (ھ۔ لازم) چمکنا۔ دپدپاہٹ (مونث) چمک۔ درخشانی۔ شان و شوکت۔

دپتا (ھ۔ صفت) حاملہ۔

دپو (ھ۔ مذکر) گانڑ (عف)

دپھار (س۔ مذکر) ایک مقام کا نام۔

دت (س۔ صفت) ۱ دیا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ ہبہ کیا ہوا ۲ ایک نام جو اکثر ویش قوم کا ہوتا ہے ۳ ہندوؤں کے نام کے اخیر میں آتا ہے ۴ ایک رشی ۵ راجہ ودھیا۔ سور کے ایک بیٹے کا نام ۶ دوسرے منونتر کے ایک رشی ۷ ساتویں واسو دیو کا نام۔
دتا (مونث) ۱ ویش عورتوں کے نام کے اخیر میں آتا ہے ۲ کنیا جو دان کی جائے یا شادی میں دی جائے
دتاتریہ (مذکر) ایک رشی جو اتری اور انسویا کا لڑکا تھا۔ دتامتر (مذکر) ایک سوویر راجہ۔

دُت (ھ۔ حرف تحقیر) دور۔ پرے دفان۔ ہٹ۔ **دت وبک** (مونث) یا کالا (مذکر) یا کاری (مونث) ۱ دور کرنا۔ نکال دینا ۲ ڈانٹ ڈپٹ۔ گھرکی۔ ملامت۔ سرزنش۔ دتکارنا (ہ) دت کرنا (متعدی) ۱ دور کرنا۔ نکال دینا ۲ ڈانٹنا۔ گھرکنا۔ جھڑکنا۔

دُتا (ھ۔ مذکر) ۱ نکال دینا دُت کہہ کر ۲ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ مکر۔ دتا دینا (متعدی) ۱ نکال دینا ۲ دھوکا دینا۔ دغا کرنا۔

دتاجی سندھیا (۔ ۱۷۶۰) رانا جی کا بیٹا اور ۸۰ ہزار سواروں کا جرنیل تھا۔ احمد شاہ ابدالی کے ساتھ جنگ کرتا ہوا مارا گیا۔

دتار (ھ۔ مذکر) داتار کا مخفف ہے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے داتا دتار۔

دُتانا (ھ - متعدی) ۱ نیچے رکھنا - تابع رکھنا - دبائے رکھنا ۲ ڈانٹنا - دھمکانا ۳ گھرکنا - ملامت کرنا -

دَترا (ھ - مذکر) لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں -

دَتک پُتّر (ھ - مذکر) بیٹا جو دوسرے شخص کو متبنٰے بنانے کے لئے دیا جائے -

دَتنا (ھ - متعدی) ۱ سامنے ہونا - مقابل ہونا ۲ مقابلہ کرنا - حملہ کرنا - لڑنا ۳ بحث کرنا -

دَتون (ہ)، **دَتَون** - **دُتَون** (ھ - مذکر) داتن - **دتون کرنا** (متعدی) مسواک کرنا -

دَتوئی (ھ - مونث) وہ زمین جس میں گذشتہ فصل میں مکی یا باجرا بویا گیا ہو -

دَتی (س - مونث) ۱ تحفہ - عطیہ - بھینٹ - نذر ۲ (ھ) مقابلہ - جوڑ - ہمسر - ہم چشم -

دِتی (س - عص) کشیپ اور دکش کی ایک بیٹی جس کی اولاد سے دیتیہ ہوتے ہیں - جو دیوتاؤں کے حریف تھے اور آخر کو دیوتاؤں سے جنگ کرتے ہوئے قتل ہوئے - پھر اسنے کشیپ سے ایسے بیٹے کی درخواست کی جو اندر کو قتل کرے - یہ درخواست اس شرط پر منظور ہوئی کہ وہ سو سال تک پوتر رہے اور اس عرصے میں بچہ اس کے رحم میں رہے - اندر کو بھی پتہ لگ گیا اور اسنے جا کر دتی کی ملازمت اختیار کی اور موقع کا منتظر رہا - آخری سال میں دتی ایک دن بغیر پاؤں دھوئے سو گئی - اندر کو موقع مل گیا اور اسنے اپنے صاعقہ کے ذریعہ بچے کے رحم میں سات ٹکڑے کر دیئے - بچے نے رونا شروع کیا - اور اندر اسے چپ نہ کرا سکا اور غصے میں ہر ایک حصے کے سات اور حصے کر دیئے - یہ ۴۹ مرت ہیں جو طوفان کے دیوتا ہیں -

دُتی (ھ - مونث) ۱ روشنی - نور ۲ چمک دمک - بھڑک ۳ خوبصورتی - حسن ۴ دشمنی - حسد ۵ دیکھو دتی -

دُتیا (ھ - مونث) چاند کی دوسری تاریخ بدی یا سدی ۲ (صرف ونحو) حالت مفعولی یا نسبی -

دَتیہ (ہند) ۱ بندیل کھنڈ ایجنسی میں ایک ہندو ریاست رقبہ ۹۱۱ (۱۵۸) ۲ راجدھانی (۱۶)

ڈِٹانا (ھ - متعدی) ڈانٹنا - ولکانا -

ڈِٹھونا (ھ - مذکر) خال جو چہرے بنایا جائے -

دِثار (ع - مذکر) ایک کپڑا جو شعار کے اوپر پہنا جائے ۲ عادت - معمول - رسم -

دُرّج (ع - مذکر) تیتر - بٹیر - درج الامیر (مذکر) مرساساگ -

دَجاج (ع - مذکر) مرغی - مرغا - **دجاج الارض** (مذکر) جنگلی مرغ - **دجاج الماء** (مذکر) چہا - ڈبا - **دجاجہ** (مونث) ۱ مرغی ۲ ایک صورت کوکبہ -

دَجّال (ع - صفت) ۱ ایک چشم کانا ۲ ایک شخص جو مسلمانوں کے عقائد کے بموجب قیامت کے قریب خروج کرے گا اور مسیح ہونے کا دعوٰے کرے گا - مسیح کذاب ۳ جھوٹا یا دغاباز آدمی - (دَجَل - سچائی کو چھپانا)

دَجلہ (عراق) ایک دریا -

دَجن (ع - مذکر) ۱ سایہ بادل کا - ۲ بے انتہا بارش -

دُجیٰ (ع - مونث) تاریکی -

دَرچ (ھ - مذکر) مکان - جھونپڑا -

دَچّھ (ھ - صفت) ۱ عالم - فاضل - ودیادان ۲ چالاک - ہشیار ۳ (مذکر) ایک قدیم رشی کا نام -

دَچھن - **دَچّھن** (ھ - مذکر) جنوب - دکن - **دچھناین** (مذکر) سورج کا خط استوا سے نیچے جانا - راس الجدی -

دَچھنا (ہ - مونث) تحفہ - عطیہ - نذرانہ - انعام جو برہمنوں کو تیوہاروں یا خاص تقریب دیا جاتا ہے (س دکشنا)

دَچھنی (ھ - صفت و مذکر) دیکھو دکشنیہ -

دَحدَح (ع - صفت) ۱ موٹا اور مضبوط ۲ (ابو) پیغمبر صلعم کے ایک صحابی کا نام -

دَحلان (- ۱۸۷۱) احمد بن زینی عربی مورخ - انیسویں صدی کے شروع میں مکہ میں پیدا ہوا ۱۸۷۱ء سے شافعیوں کا مفتی اور شیخ العلما ہوا - بہت سی تاریخی کتابیں لکھی ہیں -

دَحیَت (ع - مذکر) ۱ پیغمبر صلعم کے ایک صحابی جو بہت خوبصورت تھے ۲ سردار - افسر - (دَحیٰ - پھیلانا)

دَحیق (ع - صفت) ۱ ہٹایا ہوا فاصلہ پر ۲ دور - فاصلے پر -

دَرخ (ف - صفت) ۱ اچھا - نفیس ۲ لائق - قابل - موزوں ۳ جماعت - گروہ - فوج قطار آدمیوں کی ۴ روح کسی چیز کی -

دُخّ (ع - مذکر) دھواں -

دُرخ (ف - مونث) ۱ بیٹی - دختر ۲ ایک آبی پودہ جسکی چٹائیاں بناتے ہیں -

دُخان (ع - مذکر) ۱ دھواں ۲ بھاپ ۳ تمباکو کا دھواں (دُخَن - دھواں دینا) **دخانی** (صفت) ۱ دھوئیں کا - دھوئیں کے متعلق دھوئیں سے پر ۲ بھاپ کا - بھاپ کے متعلق ۳ وہ چیز جو دھوئیں یا بھاپ سے چلے - **دخانی جہاز** (مذکر) وہ جہاز جو بھاپ کی طاقت سے چلے سٹیمر - **دخانی کشتی** (مونث) وہ کشتی جو بھاپ کی طاقت سے چلے -

دُخت (ف - مونث) ۱ بیٹی - دختر - لڑکی - بنت - کنیا ۲ دوشیزہ لڑکی - کنواری لڑکی ۳ طاقت - قابلیت ۴ نفرت - حقارت - دختر (مونث) دیکھو دخت ۱، ۲ و ۳ (پہلوی دخت ژند - دُگھتر - س دُہِتَر) دختر آفتاب (مونث)

سرخ شراب۔ دختران (مونث) دختر کی جمع۔ دخترِ پاک اختر یا پاکیزہ جوہر (مونث) عالی خاندان عورت۔ امیرزادی۔ دخترِ تاک یا رز۔ دختِ رز (مونث) شراب انگور۔ دخترِ ربیبہ (مونث) سوتیلی بیٹی۔ دخترِ روزگار (مونث) زمانے کے نشیب و فراز۔ دخترِ عمران (مونث) حضرت مریم۔ دخترِ عنب (مونث) شراب۔ دختران نعش (مونث) دب اکبر و اصغر۔ دخترک (مونث) چھوٹی بیٹی۔ چھوٹی لڑکی۔ دخترندر (مونث) سوتیلی بیٹی۔ دخترہ (مونث) ۱ کنوارپن۔ بکارت ۲ مہر۔ دختری (مونث) دیکھو دخترہ ۲ (مذکر) نبیرہ۔ نواسہ۔ دخترِ بینہ (مونث) قابل شادی لڑکی۔ دختندر (مونث) سوتیلی لڑکی۔ دختینہ (مونث) قابلِ شادی لڑکی۔

دَخدار (ف۔ مذکر) ایک سفید و سیاہ کپڑا جو قدیم شاہانِ ایران کے تخت پر بچھایا جاتا تھا۔

دَخل (ع۔ مذکر) ۱ رسائی۔ پہنچ ۲ قبضہ۔ تصرف ۳ ترقی تعلیم میں۔ علم۔ کمال ۴ سمجھ۔ ادراک۔ فہم ۵ امکان ۶ مجال۔ طاقت۔ قوت ۷ اثر۔ تاثیر۔ ۸ مہارت۔ قابلیت۔ واقفیت ۹ شدید ۱۰ اختیار ۱۱ مداخلت۔ دست اندازی ۱۲ آمدنی۔ یافت۔ حصول۔ فائدہ۔ نفع (دَخَلَ۔ اندر جانا) دخل پانا (لازم) ۱ رسائی ہونا۔ باریابی ہونا ۲ قبضہ ملنا۔ دخل تام رکھنا (متعدی) مکمل طور پر جاننا۔ پورا ماہر ہونا۔ دخل دار (مذکر) ۱ وہ شخص جس کو اجازت ہو ۲ حصہ دار ۳ معاون۔ دخلدان (مذکر) گلہ۔ دخل در معقولات کسی معاملے میں خواہ مخواہ مداخلت۔ بیچ میں بولنا (دینا کرنا ہونا کے ساتھ) دخل دہانی (مونث) قبضہ دلانا۔ قابض کرنا۔ دخل دینا (متعدی) بیچ میں بولنا ۲ دست اندازی کرنا۔ مداخلت کرنا ۳ بیچ میں پڑنا ۴ قبضہ دینا۔ دخل رکھنا (متعدی) ماہر ہونا۔ کامل ہونا۔ دخل کرنا (متعدی) ۱ قبضہ کرنا۔ تصرف کرنا ۲ مداخلت کرنا۔ دست اندازی کرنا۔ دخل لینا (متعدی) قبضہ لینا۔ دخل میں کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) قبضے میں ہونا۔ دخلنامہ (مذکر) قبضے کی سند یا حکم۔ پروانہ دخلیابی۔ دخل و خرچ (مذکر) آمدنی و خرچ۔ دخل و قبضہ (مذکر) قبضہ۔ ملکیت۔ دخلی (مونث) اجازت۔ داخلہ۔ دخل یابی (مونث) ۱ قبضہ۔ تصرف ۲ رسائی۔ پہنچ۔

دَخم۔ دخمہ (ف۔ مذکر) ۱ آتش پرستوں کا مردوں کا مینار ۲ قبر ۳ مقبرہ ۴ تابوت۔ صندوق ۵ وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے۔

دُخور (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹا پن ۲ کمینہ پن۔ بدی ۳ ترحم۔ رحم۔

دَخُول (عرب) ایک مقام کا نام۔

دُخُول (ع۔ مذکر) ۱ دخل ۲ گھسنا۔ اندر جانا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ فرج۔ جائے مخصوص۔ ۴ آمدنی۔ دخول و خروج (مذکر) اندر آنا۔ باہر جانا۔ گھسیٹرنا باہر نکالنا۔

دَخِیل (ع۔ صفت) ۱ دخل دینے والا۔ مداخلت کرنے والا ۲ باریاب۔ پہنچنے والا ۳ قابض۔ متصرف ۴ بے تکلف۔ واقفکار ۵ مستعمل۔ اختیار کردہ (لفظ) ۶ جسے داخل ہونے کی اجازت ہو ۷ (مذکر) قابض شخص ۸ وہ جس کا کسی کام عہدے یا نوکری پر پورا دخل ہو ۹ مہمان ۱۰ بے تکلف دوست۔ ہمرانہ۔ ہمدم ۱۱ شریک جرم ۱۲ وہ شخص جو دخل دے ۱۳ غیر زبان کا لفظ جو عربی میں مستعمل ہو ۱۴ (علم عروض) وہ حرف جو الفِ تاسیس کے بعد نظم میں آئے (دَخَلَ۔ اندر جانا) دخیل کار (صفت) ۱ کاروبار میں دخل دینے والا۔ سربراہ کار ۲ صلاح کار ۳ مشیر۔ شریک رائے۔ مصاحب ۴ ایک قسم کا کاشتکار جس کا قبضے کا حق ہوتا ہے۔ دخیل کاری (مونث) قبضہ۔ تصرف۔ دخیل کرنا (مذکر) ۱ قبضہ لینے کی اجازت دینا۔ قبضہ دلانا ۲ داخل ہونے کی اجازت دینا۔ دخیل ہونا (لازم) ۱ قبضہ کرنا ۲ مداخلت کرنا ۳ مستعمل ہونا لفظ کا ۴ مزاج پر قابو پانا۔

دَد (ف۔ مذکر) درندہ۔ دد و دام (مذکر) درند و چرند۔

دَدّ (ع۔ مذکر) ۱ کھیل۔ تماشا ۲ وقفہ وقت۔

دُدَ (س۔ مذکر) ایک پہاڑ کا نام۔

دَدا (ف۔ مونث) وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے واسطے ملازم ہو۔ انا۔

دَدَا (ت۔ مذکر) دادا۔ ایک خطاب جو عموماً درویشوں کو دیا جاتا ہے۔

دِدّا (س۔ مونث) کشمیر کی ایک رانی۔ ددا پال (مذکر) ایک آدمی کا نام۔ ددا پورہ (مذکر) ایک شہر جو ددا نے بنایا تھا۔ ددا سوامن (مذکر) ایک مندر جو ددا نے بنایا تھا۔ ددا کیشم (مذکر) کیشم گپت کا لقب۔

دَدرُو (س۔ مذکر) داد۔

دَوری (ہ۔ مونث) کچے جو جنکو بھون کر کھاتے ہیں۔

دَدُکنا (ہ۔ لازم) دھدھکنا۔

دَدلانا (ہ۔ متعدی) ڈانٹنا۔ دبکنا۔

دَدَوڑا (ہ۔ مذکر) وہ دانہ جو کسی کیڑے کے کاٹنے یا فساد خون سے بدن پر ہو جائے۔ (داد سے)

دُدہار۔ دُدہاری (ہ۔ صفت) دودھ دینے والی ۲ (مونث) دودھ دینے والی گائے بھینس یا بکری۔

دُدَھڑ (ہ۔ مونث) دودھڑ کا مخفف ۱ دوطرفہ کارروائی ۲ تذبذب۔

ددھکنا (ہ۔ لازم) دیکھو دھدھکنا

دَدِھی (س۔ مذکر) دہی۔

ددھیچہ (عص) ایک شخص جس نے اپنے آپ کو قتل کرا دیا تاکہ اندر اسکی ہڈیوں سے بنی ہوئی بجر سے ورتر کو قتل کرے۔

دِدھی (س۔ مونث) ۱ دل کی مقررہ حالت یا پکاپن ۲ استواری۔ استحکام۔ پائیداری مضبوطی۔

دُدھی (ہ۔مونث) 1 ایک بوٹی جس میں سے دودھ نکلتا ہے جسے عورتیں خال بنانے کے لئے استعمال کرتی ہیں 2 ایک قسم کا سفید اور سرخ پتھر 3 چاک۔چاک کی پنسل 4 پستان۔

دَدھیال (ہ۔مذکر) دادا کی اولاد۔ دادا کا خاندان۔

دُدھیل۔دُدھیلن (ہ۔صفت) دیکھو ددھار۔

مثل۔ دودھیل گائے کی دو لاتیں بھی بھلی (سہی جاتی ہیں) جس سے نفع پہنچے۔اس کی سختی بھی برداشت ہو جاتی ہے۔

دَدِیا (ہ۔صفت) 1 دادا کا 2 دادا کے متعلق 3 دادا کا رشتہ دار۔ **ددیا خسر۔سسر یا سسرا** (مذکر) بیوی یا شوہر کا دادا۔ **ددیا ساس** (مونث) بیوی یا شوہر کی دادی۔ **ددیال** (مذکر) 1 دیکھو ددھیال 2 شجرہ نسب یا نسب نامہ۔

دَڈوکنا (ہ۔لازم) 1 ٹوکارنا۔دھاڑنا۔ گرجنا۔

دَر (ف۔مذکر) 1 دروازہ۔پھاٹک۔ دہلیز 2 مضمون 3 طریقہ۔ذریعہ۔رستہ 4 قسم۔نوع 5 نوبت۔ درجہ۔باری 6 (ف) پہاڑ کا رستہ 7 وادی 8 دامن پہاڑ 9 پہاڑ کی چوٹی 10 ایک جنگلی پرند 11 مچھر 12 آنچھو۔ایک قسم کا سیاہ بیر 13 ژند کا ایک باب۔ **درِ آسمان** (مذکر) کہکشاں۔ **در اٹھانا** (مت) دروازہ لگانا۔ **دربار** دیکھو علیحدہ۔ **دربان** (مذکر) چوکیدار۔سنتری۔پہریدار۔ ڈیوڑھی بان۔ **دربانی** (مونث) 1 چوکیداری۔پہرا۔ 2 ڈیوڑھی بان کا پیشہ۔ **دربچہ** (مذکر) دروازے کے اندر چھوٹا دروازہ۔ **دربدر** (صفت) ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر۔آوارہ۔سرگشتہ (پھرانا پھرنا ہونا کے ساتھ) **دربدر خاک بسر پھرنا** (لازم) آوارہ اور سرگرداں پھرنا۔کہیں ٹھکانا نہ ہونا۔ **دربند** (مذکر) 1 دروازے کا بند ہونا 2 زنجیر۔کنڈی 3 پہاڑی درہ جس سے گزر بہت مشکل ہو 4 وہ سڑک جس پر ڈاکے پڑیں 5 علاقہ جس میں ملک کی حفاظت کے لئے فوج رکھی جائے 6 بحیرہ کیسپین کے ساحل پر دامنِ کوہ قاف میں ایک قلعہ۔ **دربند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دروازہ بھیڑنا۔ **دربندی** (مونث) 1 تلاشی سے پہلے مکان کے دروازوں کو بند کر دینا 2 قید۔حراست (کرنا ہونا کے ساتھ) **درپر پڑنا** (لازم) کسی کے پاس پناہ لینا۔ **درپیچ** (مذکر) دروازے کے اندر پردہ یا دیوار۔ **درِ توبہ باز (وا) ہے**۔انسان ہر وقت توبہ کر سکتا ہے۔ **درخانہ** (مذکر) شاہی محل۔ قصر۔ **دردر** (تف) دیکھو دربدر۔ **در در پھرنا** (لازم) مارا مارا پھرنا۔ **در در ٹھوکریں کھانا** (متعدی) **کھلوانا** (حم) 1 مارا مارا پھرانا۔ایسی حالت میں کر دینا کہ بھیک مانگتا پھرے 2 ذلیل کرنا۔ **در در لئے پھرنا** (لازم) ساتھ ساتھ آوارہ پھرنا۔ **در در مانگتے پھرنا** (لازم) ہر کسی سے مانگنا۔مانگ مانگ کر گزارا کرنا۔ **در در مانگنا** (لازم) بھیک مانگنا۔لوگوں کے دروازے پر مانگنا۔ **درِ دولت** (مذکر) بادشاہ یا رئیس کا مکان۔ **درزن** (مذکر) 1 کھٹکا۔کنڈی 2 دیکھو علیحدہ۔ **درکا بندہ** (مذکر) ہر وقت حاضر رہنے والا نوکر یا کوئی اور شخص۔غلام۔ **درکا کتا** (مذکر) کسی کے گھر سے لے کر کھانے والا شخص۔ **دروازہ** (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ **دروانی** (مونث) دیکھو دربان و دربانی۔ **در وا ہونا** (لازم) دروازہ کھلنا یا کھلا ہونا۔ **در و دیوار (پر نظر کرنا) دیکھنا** (متعدی) سخت گھبراہٹ میں ہونا۔انتظار کی پریشانی میں ہونا۔گھبرا کر چاروں طرف دیکھنا۔ **در و دیوار سے** (تف) ہر جگہ سے ہر طرف سے۔ **در و دیوار سے باتیں کرنا** (متعدی) دیوانوں کی طرح خود بخود بکنا۔ **در و دیوار کان رکھتے ہیں**۔بھید کو چھپانا چاہئے کسی کو بھید کی بات نہیں کہنی چاہئے۔

دَر (ف۔حرف جر) 1 میں۔اندر 2 پر۔اوپر 3 کا متعلق 4 سے۔لئے 5 نزدیک۔قریب 6 کو۔جہانتک۔مطابق 7 سامنے۔موجودگی میں 8 برخلاف 9 ساتھ 10 نیچے 11 بعد 12 آخرکار 13 باہر۔باہر کا۔ 14 (امر) دریدن سے۔پھاڑ 15 مرکبات میں پھاڑنے والا۔ **درآمد** (مونث) 1 وہ مال جو باہر سے ملک میں آئے 2 آمدنی 3 اندر آنا 4 واپسی حکمنامہ 5 حکمنامے کی تعمیل کی اجرت کا حساب۔ **درآمد برآمد** (مونث) 1 آمد و رفت آنا جانا 2 آمد خرچ۔ **درآمد برآمد کے دن** (مذکر) موسم بدلنے کا وقت۔ **درآمد ہونا** (لازم) 1 آنا پہنچنا داخل ہونا 2 آمدنی ہونا۔ **درآنا** (لازم) 1 اندر آنا۔ داخل ہونا 2 کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا 3 کامیاب ہونا۔برآنا 4 کسی معاملے میں پڑنا۔ **درآنجا** (تف) اس جگہ میں۔وہاں۔ **درآں حالیکہ** (تف) اس صورت اس حال میں۔حالانکہ۔ **درآں روز**۔اس دن۔ **دراجارہ** (مذکر) شکمی پٹہ۔ **دراجارہ دار** (مذکر) شکمی آسامی۔ **دراصل**۔اصل میں۔واقعی۔ **درانداز** (مذکر) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا۔بدگو چغلخور۔ **دراندازی** (مونث) 1 دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینا بدگوئی چغلخوری 2 بے جا مخالفت (کرنا ہونا کے ساتھ) **درائی** (مونث) دیکھو علیحدہ۔ **درباب** 1 نسبت بابت 2 سبب۔معاملہ۔ **دربارہ** (صفت) نسبت۔ بابت۔ **دربر** (صفت) 1 اوپر 2 پہن کر (کرنا ہونا کے ساتھ) **در (و) بست** (مذکر) بالکل۔تمام۔ **دربستہ** (صفت) بندھا ہوا۔جکڑا ہوا۔ **درپتنی** (مونث) شکمی پٹہ۔ **درپتنی دار** (مذکر) شکمی آسامی۔ **درپردہ** (تف) 1 خفیہ طور پر۔پوشیدہ 2 غائبانہ۔پیٹھ پیچھے۔ **درپے** (تف) گھات میں۔پیچھے۔خواہاں (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ۔آزار۔تضحیک۔جان۔نقصان وغیرہ سے پہلے) **درپیش** 1 سامنے۔روبرو۔آگے 2 زیر بحث۔زیر تجویز۔ (رہنا کرنا۔لانا۔ہونا کے ساتھ) **درپیش آنا** (لازم) لاحق ہونا۔ **درحال** 1 آجکل۔موجودہ وقت میں۔اب 2 فوراً۔جلدی ہی۔ **درحالتیکہ۔درحالیکہ** اس حالت میں۔اس صورت میں۔یہ لحاظ کر کے موجودہ حالت میں۔ **درحقیقت** (تف) حقیقت میں۔اصل

ہیں - درحوالہ (مذکر) دیکھو اجارہ - درخواست (مونث) ۱؎ التماس - گزارش ۲؎ عرضی - عرضداشت سوال ۳؎ خواستگاری - آرزو - تمنا (کرنا گزارنا - ہونا کے ساتھ) درخواست بھیجنا (متعدی) عرضی بھیجنا - درخواست دینا (متعدی) ۱؎ عرضی بھیجنا ۲؎ نالش کرنا - درخواست سرسری (مونث) مجمل درخواست - درخواست کنندہ (صفت) عرضی بھیجنے والا - درخواست کرنے والا - درخور (صفت) ۱؎ لائق - قابل - سزاوار ۲؎ دخل - رسائی - پہنچ - درخورِ محفل (صفت) محفل کے قابل - مجلس کے قابل - درخوش (مذکر) ۱؎ محبت - عیش ۲؎ آرزو - خواہش - تمنا - در دست (تف) ہاتھ میں - قبضے میں - در زنجیر (صفت) قید - گرفتار - درصورت (تف) ۱؎ بطریکہ بحالت - ایسی حالت میں ۲؎ صورت میں - شکل میں - درکار (صفت) ضروری - مطلوب (ہونا کے ساتھ) درکنار (صفت) ۱؎ علاوہ - جدا علیحدہ - الگ - ایک طرف ۲؎ بغل میں - ہم بغل (کرنا ہونا کے ساتھ) در کی بھیک پر اوقات ہونا (لازم) کسی کی مدد سے زندگی بسر ہونا - درگزر (مونث) معافی چشم پوشی (کرنا ہونا کے ساتھ) درگزرنا (متعدی) ترک دینا - معاف کرنا - چشم پوشی کرنا - درگزرے چھوڑ دیا - باز آئے - درگرفت (مونث) پکڑنا لینا - گرفتار کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) درگور (عو) مرجا - غارت ہو - قبر میں جا - دور ہو - دفان ہو (کرنا - ہونا کے ساتھ) درگور رجھائیں پھوئیں - جب کوئی کام کرنا منظور نہ ہو تو عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں - درگیر (صفت) ۱؎ پکڑنے والا ۲؎ نشان کرنے والا - موثر - ۳؎ جلنے والا - درلانا (متعدی) ۱؎ اندر یا نیچے لانا ۲؎ شامل کرنا - درماہا (ہ) ماہہ (مذکر) ماہوار تنخواہ - مشاہرہ - درمیان (مذکر) دیکھو علیحدہ - درُوں (مذکر) ۱؎ اندر بیستر ۲؎ دل - انتڑیاں ۳؎ (حرف جر) میں - بیچ - اندر - درونِ خانہ (مذکر) گھر کا اندر - زنانہ - درونہ (مذکر) ۱؎ اندر کا حصہ ۲؎ دل - درونی (مونث) ۱؎ اندرونی ۲؎ اصلی - دری (مونث) پھاڑنے کا فعل - مرکبات میں جیسے عصمت دری - دریافت (مونث) دیکھو علیحدہ -

امثال واقوال

در آرد طمع مرغ ماہی بہ بند - لالچ بری بلا ہے مصیبت میں گرفتار کرا دیتا ہے - در بیشہ گماں مبر کہ خالیست شاید کہ پلنگ خفتہ باشد - ہر وقت دشمنوں کی طرف سے ہوشیار رہنا چاہئے - درخانہ اگر کس است حرفش بس است - اگر عقل ہو تو انسان ایک حرف سے مطلب سمجھ لیتا ہے - درخانۂ بینوا چہ پنج وچہ شش - غریب کے گھر میں کچھ بھی نہیں ہوتا - در خانۂ مور شبنم طوفان است - غریب کے لئے معمولی تکلیف بھی بہت ہے - در دستِ دیگر یست خزاں و بہار ما - ہماری خوشی اور غمی دوسرے کے ہاتھ میں ہے - در رہِ منزل لیلےٰ کہ خطر ہاست بجاں شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی - حصول مقصد میں وہی کامیاب ہوتا ہے - جو سب کچھ چھوڑ کر اسی بات کے پیچھے لگ جاتا ہے - در طریقت ہر چہ پیش آید خیر اوست - فقیری میں جو حالت ہو بہتر ہے - در عفو لذتیست کہ در انتقام نیست - معاف کرنا انتقام لینے سے بہتر ہے - در عمل کوش ہر چہ خواہی پوش - اعمال اچھے ہونے چاہئیں - چاہے لباس کچھ پہنے - در کارِ خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست - اچھے کام میں دیر نہیں کرنی چاہئے -

دَر (ہ - مذکر) ۱؎ قیمت - بھاؤ - نرخ ۲؎ قدر - منزلت (س در - عزت کرنا) در بندی (مونث) گاؤں کے مختلف نرخوں کی فہرست - ۲؎ نرخ جن پر مالگزاری کی تجویز ہو ۳؎ فصل کی قیمت مقرر کرنا - در پڑنا (لازم) نرخ مقرر کرنا - قیمت مقرر کرنا - در جانا (لازم) قدر و منزلت جاتے رہنا - درکٹی (مونث) حساب تجارت -

دَرَ (س - مذکر) ۱؎ دراڑ - شگاف - چیر - چاک ۲؎ گڑھا جس میں پودا لگائیں ۳؎ غار - سوراخ - ۴؎ کوڑی سنکھ -

دُر (ہ - حرف تحقیر) ۱؎ دور کا مخفف - دور رہو - ہٹ - دفان ہو - نکل ۲؎ عموماً کتے کو کہتے ہیں ۳؎ ہندی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دُرباسی - دُردُر آنا (متعدی) نکال دینا - دور دور کرنا - دُردُر (پھٹ پھٹ) (مونث) لعنت - ملامت - دُر دُر (پھٹ پھٹ) کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱؎ نکال دینا - دور کر دینا ۲؎ نفرت ہونا - حقارت کی نظر سے دیکھا جانا - درموئے (کلمہ حقارت) (عو) دور ہو کمبخت - ہٹ موئے - دُرہو - دفع ہو - چل ہٹ -

دُر (س - صفت) دُس کی بجائے حروف علت یا زم حروف صحیح کے پہلے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۱؎ برا - خراب ۲؎ شریر - بدچلن ۳؎ قابل حقارت یا نفرت ۴؎ سخت مشکل - مشکل سے ۵؎ تکلیف دہ - آزاردہ ۶؎ کم درجہ کا - گھٹیا ۷؎ (مذکر) بڑا جرم - بدی شرارت - دُرادھر - دُرادھن (مذکر) دھرت راشٹر کے دو بیٹے - دُربدھ (صفت) کم عقل - بیوقوف سادہ لوح - دُربدھی (مونث) کم عقلی - بیوقوفی - دُربل (صفت) ۱؎ کمزور - ضعیف - تھوڑی طاقت والا ۲؎ دبلا - لاغر ۳؎ بیمار - مریض ۴؎ تھوڑا - چھوٹا ۵؎ (مذکر) نامرد آدمی ۶؎ ایک پرندہ - دُرجن (مذکر) برا آدمی - بدمعاش - دُرجن مل (مذکر) ایک راجہ - دُرجیا (مونث) ایک مقام - دُرجینت (مذکر) ایک پہاڑ - دُردشا (مونث) ۱؎ بری حالت - گت ۲؎ بدنامی - خرابی (کرنا ہونا کے ساتھ) دُردم (صفت) ۱؎ جو مشکل سے فتح ہو سکے ۲؎ (مذکر) سودیو اور روہنی کا ایک بیٹا ۳؎ ایک راجہ جو بھدر شرنیہ کا بیٹا تھا ۴؎ ایک برہمن - دُردمن (صفت) ناقابل تسخیر ۲؎ (مذکر) ایک راجہ جو شتانک کا بیٹا تھا - دُردھر (صفت) ۱؎ ناقابل برداشت ۲؎ جو نہ رک سکے یا نہ روکا جا سکے ۳؎ (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۴؎ شمبر کا ایک جرنیل ۵؎ مہیش کا نام - دُردھرا

(مونث) ۱ ایک نکشترہ ۲ چندرگپت کی بیوی - دردھرش
(صفت) ۱ ناقابل گزر - خطرناک ۲ ناقابل تسخیر ۳ جو کھنچا
رہے - مغرور - متکبر ۴ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۵ ایک
راکشس ۶ ایک پہاڑ جو کشا دویپ میں ہے - درکامی
(صفت) بدکار - بدچلن - درگ - درگا (مونث)
درگمت (مونث) دیکھو علیحدہ - درگتی (مونث)
۱ بری حالت - غربت - افلاس ۲ کمینہ پن - پست ہمتی -
۳ مشکل راستہ ۴ مشکل موقعہ ۵ دورخ - نرک - درگم
(صفت) ۱ جس پر مشکل سے سفر کیا جاسکے - ناقابل گزر ۲
جو نہ مل سکے ۳ جو مشکل سے سمجھ میں آسکے - مشکل - عمیق -
ادق ۴ (مذکر) مشکل موقع ۵ وسودیو اور لوہدی کا ایک
بیٹا ۶ دھرت کا ایک بیٹا - درگندھ (صفت) ۱ بد
بودار - متعفن ۲ (مذکر) بدبو - عفونت - درلبھ راج
(مذکر) جگد دیو کا باپ - درلبھک - درلبھ ور
دھن (مذکر) کشمیر کے راجوں کے نام - درمتر (صفت)
۱ مخالف - دشمن ۲ (مذکر) رگ وید کے ایک منتر کا ایک
مصنف ۳ ایک راجہ - درمد (مذکر) ۱ برا خیال -
۲ احمقانہ غرور یا تکبر ۳ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۴ دھرت کا
ایک بیٹا ۵ بھدرسین کا ایک بیٹا ۶ واسودیو اور روہنی کا
ایک بیٹا ۷ (صفت) مدہوش - تند - دیوانہ - مفتون -
درمرشن ۱ (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۲ شرنجیہ کا
ایک بیٹا ۳ وشن جی کا نام - درمکھ (صفت) ۱ بدشکل -
بدصورت ۲ بدزبان - گندہ دہن ۳ (مذکر) گھوڑا ۴ سانپ
۵ مشتری کے قرن کا ۲۹ واں سال ۶ دھرت راشٹر کا
ایک بیٹا ۷ ایک نجومی ۸ پنچالہ کا ایک راجہ ۹ ایک
ناگ عفریت ۱۰ ایک راکشس ۱۱ ایک یکش ۱۲ ایک
بندر کا نام ۱۳ اسر مہیش کا ایک جرنیل - درواش (صفت)
۱ بری پوشاک والا ۲ ننگا ۳ ایک رشی کا نام - اتری اور
انسویا کا بیٹا - درواشیشور (مذکر) ایک لنگ -
دروشہہ (صفت) ۱ جو مشکل سے برداشت ہوسکے -
ناقابل برداشت ۲ جو نہ ہوسکے ۳ جس کا مقابلہ یا مزاحمت
نہ ہوسکے ۴ (مذکر) شوجی ۵ دھرت راشٹر کا ایک
بیٹا - دروہک (مذکر) ایک شاعر کا نام -

دُر (ع - مذکر) ۱ موتی - گوہر ۲ کان
میں پہننے کا ایک زیور (دَر - دودھ بہت دینا) در
افشاں (صفت) ۱ موتی بکھیرنے والا ۲ خوش بیان -
درافشانی (مونث) ۱ موتی بکھیرنا ۲ خوش بیانی -
دربار (صفت) موتی برسانے والا - درنچہ (مذکر)
کان میں پہننے کا ایک موتی کا زیور - گوشوارہ - درۃ
التاج (مذکر) ۱ بادشاہوں کے تاج کا موتی ۲ قیمتی
موتی - درخوش آب (مذکر) ۱ نہایت آبدار
موتی ۲ عمدہ شعر - عمدہ مضمون - دردانہ (مذکر)
موتی کا ایک دانہ - دردانۂ نار (مذکر) خون کا
قطرہ - در در گوش (صفت) کانوں میں موتی پہنے
ہوئے - درریز (صفت) ۱ موتی بکھیرنے والا ۲
خوش بیان - درریزی (مونث) خوش بیانی -
درِ شہوار (مذکر) بادشاہوں کے قابل موتی - بہت
بڑا موتی - درِ ناسفتہ (مذکر) ۱ ان چھدا موتی ۲ کنواری
عورت - دوشیزہ - درِ نایاب (مذکر) ۱ بے مثل
موتی ۲ فرزند - درِ نجف (مذکر) ۱ ایک قسم کا
پتھر ہے جس میں بال نظر آتے ہیں - شیعہ اسے مقدس
سمجھتے ہیں ۲ شریف - نجیب - درِ یتیم یا یکدانہ
(مذکر) بڑا آبدار موتی - دُرہا (جمع) در کی - درہائے
بیضا (مذکر) ۱ سفید موتی ۲ ستارے ۳ بجلی -

مثل - درِ یتیم را ہمہ کس مشتری
بود - اچھی چیز کے سب طالب ہوتے ہیں -

دَرا (ف - مذکر) ۱ گھنٹہ - جرس
۲ مرکبات میں بمعنی دروازہ - جیسے سہ درا ۳ رستہ -
درہ -

دَرابِجرد (ایران) علاقہ فارس میں
ایک شہر -

دَرابی (ہ - مذکر) خچربان - خچر
چلانے والا -

دَرّاج (ع - مذکر) چغلخور - کانا
پھوسی کرنے والا (دَرج - چغلی کھانا)

دُرّاج (ع - مذکر) ۱ تیتر ۲ ایک
مقام کا نام -

دَراجہ (ف - مذکر) ایک عبا جو
ایرانی باہر جاتے ہوئے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں

دَرار - دَراڑ (ہ - مونث)
۱ شگاف - درز - تریڑ (آنا - پڑنا کے ساتھ)
(س دَر)

دَرازہ (ف - مذکر) دیوث -
قرمساق - بھڑوا -

دَراز (ف - صفت) ۱ لمبا - طویل
۲ پھیلا ہوا - درازدست (مذکر) ۱ لمبے ہاتھوں
والا ۲ ظالم - سفاک - زبردست - بے انصاف ۳
بہمن کا لقب - درازدستی (مونث) ظلم - ستم - بے
انصافی - زبردستی (کرنا ہونا کے ساتھ) درازرود
(مذکر) اصفہان کے پاس ایک دریا - درازریش -
(صفت) لمبی داڑھی والا - درازقد (صفت) لمبے
قد کا - طویل - درازگوش (صفت) ۱ بڑے کانوں
والا ۲ گدھا - خرگوش - دراز کرنا (مذکر) پھیلانا
دراز ہونا (لازم) ۱ لیٹنا - سونا ۲ (عمر) بڑی ہونا - درازی
(مونث) ۱ لمبائی - طوالت ۲ لمبا ہونا ۳ مرکبات کے
اخیر میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دست درازی -

دَراز (انگ - مذکر) لفظ ڈرائرز کا
بگڑا ہوا ۱ نیچے پہننے کا تنگ پاجامہ ۲ صندوق یا میز کا
خانہ -

دِراسَت (ع - مونث) ۱ پڑھنا
مطالعہ ۲ سبق - لکچر - تعلیم (دَرس - پڑھنا)

دُرّاعَت (ع - مونث) ایک
سوتی یا اونی عبا جو مرد عورتیں کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں
۲ سپاہیوں کا کوٹ -

دَرّاک (ع - صفت) ذہین - ہوشیار

دَرّاکت (مونث) دراکہ (مذکر) ۱ عقل - سمجھ ۲
(صفت) بڑی سمجھ والا -

دِراک (ع - مذکر) ایک دوسرے
کے پیچھے جانا -

دُراک (س - مذکر) ایک وحشی قوم کا نام -

دراگھما (س - مذکر) ۱ لمبائی - طوالت ۲ درجۂ طول - کھڑا چکر -

دَارُالبیضا (مراکو) ایک شہر جسے کیسابلانگا بھی کہتے ہیں (۱۰۷)

دَرّان (ف - صفت) پھاڑنے والا -

دُرانا (ہ - صفت) ۱ بے دھڑک - بے خوف - بے خطر ۲ (ھ - لازم) جلد اور سیدھا جانا - ۳ بے خوف وخطر جانا (س دُرو - حرکت کرنا)

دُرانا (ہ - متعدی) ۱ چھپانا - پوشیدہ کرنا ۲ غائب کرنا - اڑا لینا ۳ واقعہ یا سچائی کو ظاہر نہ کرنا ۴ ریاکاری کرنا (دو رسے)

دَرانت (ھ) **درانتی** (ہ - مونث) ایک آلہ جس سے گھاس پودے فصلیں وغیرہ کاٹتے ہیں - داتری (س در - کاٹنا) درانتی پڑنا (لازم) فصلوں کا کٹنا شروع ہونا -

دَرانک - دَرانگ (ف - مذکر) ایک سمندر کا نام جہاں فرشتے رہتے ہیں -

دُرّانی (ف - مذکر) ایک افغان قوم جو قندھار کے قریب آباد ہے - کانوں میں موتی پہننے کی وجہ سے یہ نام ہوا -

دراوَ (س - مذکر) ۱ بہنا ۲ رقیق ہونا - پانی ہونا - دراوکر (مذکر) ایک قسم کا سہاگا -

دراوڑ (س - صفت) ۱ دراوڑ کا - دراوڑ کے متعلق ۲ ایک قوم جو مدراس سے راس کماری تک آباد ہے ۳ دراوڑ قوم کا ملک ۴ دکن کے اصلی باشندے ۵ کرناٹک - گجرات - مہاراشٹرا اور تلنگا کو بھی کہتے ہیں ۶ دکن کی پانچ مشہور زبانیں تامل - تلگو - کناری - ملایالم اور تولو کو بھی کہتے ہیں - دراوڑی (مونث) دراوڑ قوم کی عورت -

دراوِڑک (ھ - مذکر) سیاہ نمک

دراوڑ (ھ - مذکر) دراوڑ -

دَراوَک (س - صفت) ۱ بہانیوالے - ۲ پیشاب لانے والا - مدر ۳ جس میں کوئی چیز گھل جائے -

دراوِکا (س - مونث) تھوک -

دراوَن (س - مذکر) ۱ پگھلنا گلنا ۲ ایک درخت کا پھل جو پانی صاف کرنے کے کام آتا ہے -

دَراویش (ع - مذکر) درویش کی جمع -

دَراہم (ع - مذکر) درہم کی جمع -

دَراوُ - دَراؤ (ھ - مذکر) ۱ اخفا - چھپانا ۲ دھوکا - دغا ۳ ریاکاری - منافقت -

دَرائی (ف - مونث) ۱ اندر آنا - داخل ہونا ۲ گفتگو شروع کرنا - گفتگو کا شروع یا آغاز ۳ گفتگو - بات چیت - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ہرزہ درائی - دیدہ درائی -

دِرایت (ع - مونث) ۱ عقل - سمجھ - دانش (دَرَیَ - جاننا)

دَرَب (س - مذکر) ۱ راکھشس - عفریت - اسر -

دَرَب (ھ - مذکر) ۱ مادہ - جسم - ہیولا - پدارتھ ۲ چیز - شے ۳ دولت - جائداد - نقدی - ملکیت -

دَربار (ف - مذکر) ۱ بادشاہوں کی مجلس جشن ۲ شاہی عدالت یا کچہری ۳ بادشاہوں کی ملاقات ۴ وہ مکان جہاں بادشاہوں کی مجلس ہو ۵ آستانہ - بارگاہ ۶ دیسی ریاستوں کی حکومت ۷ محل - قصر ۸ صحن ۹ آنگن ۱۰ حاضری - حاضر باشی - مجلس جو بڑے سرکاری افسر سرکاری طور پر منعقد کریں - **دربار باندھنا** (متعدی) رشوت دینا - رشوت دے کر کام نکالنا - **دربار برخاست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دربار ختم ہونا - **دربارِ خاص** (مذکر) ۱ وہ دربار جس میں امرا اور مصاحب ہوں ۲ وہ مکان جس میں ایسا دربار لگے ۳ ملاقات شاہی - **دربار خرچ** (مذکر) ایک محصول جو اگلے زمانے میں ملازمان شاہی یا زمینداران علاوہ مالگذاری کے وصول کیا کرتے تھے جو نذرانوں اور تحفوں پر جو بادشاہوں اور شہزادوں وغیرہ کو دئے جاتے تھے خرچ کیا جاتا تھا - **درباداری** (مونث) ۱ سخت خوشامد کرنا ۲ حاضری - حاضر باشی - (کرنا ہونا کے ساتھ) **دربار سلامت رہے** - ڈوم ڈھاری کسی امیر کو دیکھ کر بطور دعا کہتے ہیں - **دربارِ عام** (مذکر) ۱ وہ مجلس شاہی جس میں عام لوگ حاضر ہوسکیں ۲ وہ مکان جس میں ایسا دربار لگے - **دربار کرنا** (متعدی) ۱ بادشاہ کا امیروں اور وزیروں کا سلام لینا ۲ عدالت کرنا - اجلاس کرنا ۳ مصاحبت کرنا - حاضر باشی کرنا - **دربار لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ مجرائیوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا ۲ بھیڑ یا مجمع ہونا - **دربار معاف کرنا** - (متعدی) **ہونا** (لازم) دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت ہونا - **دربار معمور ہونا** (لازم) بادشاہ کی مجلس کا حاضرین سے بھر جانا - **دربار منعقد کرنا** - (متعدی) **ہونا** (لازم) بادشاہ یا نائب بادشاہ کی مجلس لگنا - **دربار موقوف رکھنا** (متعدی) دربار نہ لگانا بادشاہ کا - **دربار ہونا** (لازم) بادشاہ کی مجلس جشن کا کسی جگہ لگنا - **درباری** (صفت) ۱ دربار کا دربار کے متعلق - دربار سے منسوب ۲ وہ لوگ جن کو دربار میں جگہ ملے - ندیم - مصاحب - خواص - **درباری پوشاک** (مونث) ۱ وہ لباس جو دربار میں پہننے کے لئے مقرر کیا جائے ۲ تکلف کے کپڑے - **درباری زبان** (مونث) ۱ وہ زبان جو دربار یا عدالت میں بولی جائے ۲ فصیح یا شائستہ بولی -

دَربند (ترکستان) داغستان میں ایک شہر (۲۵)

دَربھ (س - مذکر) ۱ ایک گھاس جو کشا گھاس سے مختلف ہوتی ہے ۲ ایک راجہ -

دُربھرا (ھ - مذکر) ایک شراب جو چاولوں سے بناتے ہیں -

دَربہشت (اردو - مذکر) ایک مٹھائی کا نام -

دَربھکا (س - مذکر) ایک عفریت کا نام جسے اندر نے قتل کیا تھا۔

دَربھنگہ (ہند) ۱صوبہ بہار میں ایک ضلع رقبہ ۳۳۴۸ (۳۱۶۶) ۲اس کا صدر مقام (۵۴) ۱۹۳۴ء کے زلزلے میں بالکل تباہ ہوگیا ہے۔

دَربی (ھ - مونث) چمچی - پلی -

دَرپ (س - مذکر) ۱غرور - تکبر - فخر ۲خود پسندی - نمائش - زعم - ابھیمان - **درپی** (صفت) مغرور -

دَرپِت (س - صفت) ۱پاگل ۲وحشی - جنگلی ۳مغرور - متکبر -

دَرپد (س - مذکر) ۱ستون لکڑی کا ۲کوئی ستون ۳وہ لکڑی جس سے قیدیوں کو باندھتے ہیں ۴پنچال کا ایک راجہ جو پرشت اور دھرشت دمن اور دروپدی کا باپ تھا ۵ایک منتر -

دَرپَن (س - مذکر) ۱آئینہ ۲ایک وزن یا بجر ۳ایک پہاڑ ۴(مونث) آنکھ ۵دہرانا - **درپنی** (مونث) چھوٹا آئینہ -

دُرِت (س - صفت) ۱مشکل ۲خراب - برا ۳پرگناہ - پاپی ۴چھپا ہوا ۵(مذکر) براچلن برا طریقہ ۶گناہ - پاپ -

دُرُت (س - صفت) ۱جلد - تیز ۲بھاگا ہوا - مفرور - فراری - **درت پد** (مذکر) ۱تیز قدم ۲(صفت) تیز رفتار - تیز ۳جلدی سے - تیزی سے

دَرَت پوریا پوری (س - مذکر) ایک شہر جہاں قوم دردآباد تھی -

دَرج (ع - مذکر) ۱کتاب میں لکھنا رجسٹر پر چڑھانا - فہرست میں تحریر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲وہ چیز جس پر لکھا جائے ۳ایک لمبا کاغذ جو لپیٹا جائے ۴تحریر جسکو لپیٹا یا تہ کیا جائے ۵جلد - کتاب ۶لکھنے کی جگہ کمرہ دفتر (دَرَج - تہ کرنا) **درجِ رجسٹر** (مذکر) رجسٹر پر چڑھانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **درجِ فہرست** (مذکر) فہرست میں لکھا جانا (کرنا ہونا کے ساتھ)

دُرج (ع - مونث و مذکر) صندوقچہ ڈبہ - زیور یا جواہرات رکھنے کی صندوقچی (دَرَج - تہ کرنا) **درج تنگ یا دُر** (مونث) معشوق کا منہ - **درچک** (مذکر) چھوٹی صندوقچی - **درج گراں بہا کا جوہر** (مذکر) عالی خاندان شخص - **درج گوہر** (ف - مونث) موتیوں کی صندوقچی -

دَرَجات (ع - مذکر) جمع درجہ کی -

دَرَجہ (ع - مذکر) ۱سیڑھی ۲قدم - پائدان ۳چھت - منزل ۴چبوترہ جہاں تماشہ ہوتا ہے ۵کمرہ - کوٹھڑی - ۶تماشاگاہ کا ایک حصہ ۷قسم - نوع ۸مرتبہ - رتبہ ۹عہدہ - منصب ۱۰بہشت کی منزل ۱۱جماعت - زمرہ ۱۲منٹ دقیقہ - ثانیہ ۱۳وقر - عزت ۱۴(عو) گت - حالت ۱۵دائرہ کے ۳۶۰ حصوں میں سے ایک حصہ ۱۶کرہ زمین کا ایک حصہ دو خطوط طول کے درمیان ۱۷(علم الافلاک) دائرہ فلکی کا تین سوساٹھواں حصہ ۱۸ناٹک کا ایک باب (دَرَج - قدم قدم چلنا) **درجہ اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) ایک جماعت نیچے ہو جانا سکول میں - **درجہ بدرجہ** (صفت) ۱رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ ۲علی قدر مراتب - **درجہ برابر ہونا** (لازم) ایک جیسی عزت یا قدر ہونا - **درجہ توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) تنزل ہونا - **درجہ دینا** (متعدی) ترقی دینا - **درجہ کرنا** (متعدی) ۱عزت دینا ۲ترقی دینا - **درجۂ گایت** (تف) زیادہ سے زیادہ - بہت سے بہت - **درجہ گھٹانا** (متعدی) تنزل کرنا - **درجہ ملنا** (لازم) مرتبہ حاصل ہونا - **درجہ ہونا** (لازم) ۱عزت ہونا - قدر ہونا ۲گت ہونا - بے عزتی ہونا -

دَرَخت (ف - مذکر) پیڑ - شجر روکھ - (اگانا اگنا بونا - لگانا وغیرہ کے ساتھ) **درختِ آزاد** (مذکر) سرو - **درختِ ابریشم** (مذکر) سنبل کا درخت - **درختاں** (جمع) درخت کی - **درختِ وقواق** (مذکر) ایک درخت جس کا پھل انسان کے سر کی طرح ہوتا ہے -

مثل - درخت بوئے تھے آم کے ہوگئے ببول - جب نفع کی امید پر کام کرنے سے نقصان پیدا ہو جائے تو کہتے ہیں -

دَرَخش (ف - مذکر) دیکھو دُرخش ۲و۱ -

دُرَخش (ف - مذکر) ۱روشنی - چمک ۲بجلی ۳شان و شوکت - تجلی ۴ایک آتشکدہ کا نام جو کردستان میں تھا ۵کوہستان کا ایک شہر - **درخشاں** (صفت) چمکتا ہوا - تاباں - **درخشانی** - **درخشندگی** (مونث) چمک - **درخشندہ** (صفت) چمکتا ہوا - تاباں نورانی - **درخشندہ بنانا** (متعدی) چمکانا - خوبصورت بنانا -

دَرد (ف - مذکر) ۱تکلیف - دکھ - پیڑ - کشٹ ۲ٹیس - ہوک - چمک ۳دریغ - افسوس ۴سوز گداز ۵دردزہ ۶رحم - ترس - ہمدردی ۷غم - رنج **دردا** (حرف ندا) افسوس - آہ - ہائے - **درد آسا** (صفت) درد کو تسکین دینے والا - **درد آشنا** (صفت) درد سے واقف - ہمدرد - **درد آگیں** (صفت) درد سے بھرا ہوا تکلیف دہ - **درد آلود** (صفت) ۱جسے سخت تکلیف ہو ۲غمزدہ ۳تکلیف دہ - **درد آمیز** (صفت) ۱تکلیف دہ - دکھ دینے والا ۲قابل رحم - ترحم آمیز ۳دل پکڑنے والا - رقت انگیز - دلسوز - موثر - **درد آنا** (لازم) ۱دریغ آنا - افسوس آنا ۲رحم آنا - ترس آنا **درد اٹھنا** (لازم) کسی عضو میں درد محسوس ہونا - **درد انگیز** (صفت) ۱درد پیدا کرنے والا ۲درد آمیز - **درد بٹانا** (متعدی) ہمدردی کرنا - دکھ درد میں شریک ہونا - **درد بھری باتیں** (مونث) درد سے پر باتیں - رقت انگیز باتیں - **درد پرور** (صفت) غم زدہ مصیبت زدہ - **درد پوچھنا** (لازم) ہمدردی کرنا - غمگساری کرنا **درد پوچھنے والا** (صفت) ہمدرد - غمگسار - **درد جانا** (لازم) درد رفع کرنا - **درد جاننا** (لازم) کسی کی تکلیف کو محسوس کرکے اس کا اعتراف کرنا - **درد چننا** (لازم) درد کو کم کرنا یا رفع کرنا - **درد چیں** (صفت) وہ جو

درد جن لے یا رفع کرے۔ درد خوردہ (صفت) وہ
جسے تکلیف ہو۔ درد دکھ بٹانا (متعدی) ہمدردی کرنا۔
تکلیف میں غمگساری کرنا۔ رنج و راحت میں شریک
ہونا۔ درد دکھ میں شریک ہونا (صفت) مصیبت
کے موقع پر جاکر ہمدردی کرنا۔ دردِ دل (مذکر) ۱رنج
غم۔ ۲دلی صدمہ۔ درد دھیما ہونا (لازم) درد کم ہونا۔
درد رَس (صفت) غمزدہ۔ مصیبت زدہ۔ درد زدہ
(صفت) جسے تکلیف ہو۔ بیمار۔ دردِ زِہ (مذکر)
درد جو بچہ پیدا ہونے سے پہلے شروع ہوتا ہے۔ دردِ سر
(مذکر) سر کا درد۔ درد سر اٹھانا (لازم) ۱سر کا درد
شروع ہونا ۲تکلیف برداشت ہونا۔ ذمہ داری لینا۔
درد سر جانا (لازم) ۱جھگڑا مٹ جانا ۲مصیبت
رفع ہونا۔ درد سر خریدنا (لازم) جھگڑے میں پڑنا
درد سر دینا (لازم) دق کرنا تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔
درد سر کرنا (متعدی) ۱محنت یا مشقت کرنا ۲کسی
کام کی انجام دہی کی فکر کرنا۔ درد سر مول لینا (لازم)
کوئی کام اپنے ذمہ لینا۔ درد سر ہونا (لازم) ۱سر کا درد
ہونا ۲ناگوار معلوم ہونا۔ دردِ سر ہے۔ محنت بہت
فائدہ کم ہے۔ دردسری (مونث) ۱تکلیف ۲مصیبت
۳محنت مشقت کا کام۔ دردسری کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) جان کھپنا۔ محنت ہونا ۲سخت درد ہونا۔ درد
سے بیتاب ہونا۔ درد سے لوٹنا (لازم) درد کی شدت
سے بیتاب ہونا۔ درد شریک (صفت) غمخوار۔ مونس۔
درد شکم (مذکر) پیٹ کا درد۔ درد فرزندی (مونث)
اولاد کی محبت۔ درد فزا (صفت) درد بڑھانے والا۔
درد قولنج (مذکر) درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے۔ درد کرنا
(متعدی) ۱ہمدردی کرنا ۲درد ہونا۔ درد کمر (مذکر)
درد جو کمر میں چوٹ یا کمزوری یا جھٹکے کی وجہ سے ہو جاتا
ہے۔ درد کھاتی ہے (بیگمات) لڑکا جننا چاہتی ہے۔
درد کھانا (لازم) ۱رحم کرنا۔ ترس کھانا ۲افسوس کرنا
غم کھانا ۳درد کی تکلیف برداشت کرنا ۴دردِ زہ ہونا۔
درد کھونا (لازم) درد رفع کرنا۔ درد کے مارے
(تف) درد یا تکلیف کی وجہ سے۔ درد گردہ (مذکر)
ایک بیماری جو گردے میں پتھری ہونے کی وجہ سے ہوتی
ہے۔ اس میں سخت درد ہوتا ہے۔ درد گیر (صفت)
جسے درد ہو۔ تکلیف میں ہونے والا۔ دردگیں (صفت)
تکلیف دہ۔ درد لادوا ہونا (لازم) ایسا درد ہونا
جس کی کوئی دوا نہ ہو۔ درد لگنا (لازم) ۱درد ہونا
۲دردزہ ہونا۔ دردِ مفارقت (مذکر) جدائی کی
تکلیف۔ دردمند (صفت) ۱صاحب درد۔ ہمدرد
غمگسار ۲رحم دل۔ غمخوار۔ دردمندی (مونث)
۱درد تکلیف ۲ہمدردی۔ غمگساری ۳رحم دلی۔ ترس
(کرنا ہونا کے ساتھ) درد موقوف کرنے والا
(صفت) درد کو دور کرنے والا۔ درد رفع کرنے والا۔
درد میں مبتلا ہونا (لازم) تکلیف میں ہونا۔ دردناک
(صفت) ۱درد بھرا ۲رنجیدہ۔ دردناک آواز
(مونث) آواز جس میں درد بھرا ہو۔ پرسوز آواز۔
دردناک سین (مذکر) سین انگریزی لفظ۔ ایسا منظر
یا نظارہ جسے دیکھ کر رقت آئے۔ دردناک واقعہ
(مذکر) ایسا وقوع جسے دیکھ کر یا جسکی بابت سنکر تکلیف
یا رقت ہو۔ دردوں (جمع) دردزہ۔ دردیں
(مونث جمع) دردزہ (لگنا کے ساتھ) درد ہونا۔
(لازم) ۱تکلیف ہونا ۲ہمدردی ہونا۔

مقولہ۔ درد کو وہ سمجھے جو دردمند
ہو۔ دوسرے کی تکلیف کو وہ آدمی سمجھ سکتا ہے جو خود
اسی تکلیف میں مبتلا رہ چکا ہے۔

دَرد (۱۷۱۷-۱۷۸۵) خواجہ محمد میر دہلوی
بن خواجہ ناصر اردو کا شاعر صاحب دیوان ہے اور بہت سی کتابیں
تصنیف کیں۔ فارسی میں بھی دیوان ہے۔ میر تقی اسے نصف
شاعر شمار کرتا تھا۔

دَرد (س۔ مذکر) کوہ ہندوکش کے
دامن میں کشمیر سے ملتا ہوا ایک ملک۔ اس ملک کے باشندے
جو دَرد کہلاتے ہیں۔ سکندر کے زمانے سے وہیں آباد ہیں۔
ضلع پشاور کے شمال سے کافرستان تک پھیلا ہوا ہے۔

دُرد (س۔ مذکر) ملک درد کے باشندے۔

دُرد (ف۔ مذکر) تلچھٹ۔ درد
آشام (صفت) تلچھٹ پینے والا۔ درد خوار (صفت)
۱غریب۔ عاجز۔ بیچارہ ۲(مذکر) مٹی۔ درد خور
(صفت) درد آشام۔ درد کش (صفت) وہ جو تلچھٹ
پئے۔ شرابی۔ مدہوش۔ درد نوش (مذکر) وہ شخص جو
ساغر کو تلچھٹ تک پی جائے۔ دردَہ (مذکر) دردی
(مونث) تلچھٹ۔ دردی کش (صفت) تلچھٹ
پینے والا۔ دردی ناک (صفت) تلچھٹ سے بھرا ہوا۔

دَردا (ہ۔ مذکر) قوم دُرد کا ملک جو
کشمیر اور پشاور کے درمیان واقع ہے۔ دردستان۔

دَردَر (ھ۔ مذکر) شنگرف۔

دَرِ دَر (س۔ صفت) ۱غریب محتاج
دکھوا دار ۲وہ شخص جو مغرور تمند ہو ۳غربت۔ مفلسی۔ حاجتمندی
دردری (صفت) غریب۔ محتاج۔

دَردُر (س۔ مذکر) ۱مینڈک ۲
بانسری ۳دکن میں ایک پہاڑ۔

دَردَرا (ہ۔ صفت) ۱موٹا موٹا
پسا۔ کٹا یا دلا ہوا۔ دانہ دار ۲دندانہ دار (بنانا۔ بننا کے
ساتھ) (س دری۔ پھاڑنا) دردراپن (مذکر) در
دراہٹ (مونث) نیم کوفتہ ہونے کی حالت۔ موٹا
موٹا کٹا ہوا ہونے کی حالت۔ دردری (مونث)
۱دردرا کی ۲تیز دم۔ دھار دار۔

دُرَوسا (ہ۔ مذکر) ۱خرابی۔ بری
گت ۲بدنامی (س دردشا)

دُرَوشت (ف۔ مذکر) اصفہان کا
ایک حصہ۔

دَردمَند (-۱۷۶۲) محمد تقی دہلوی
اردو شاعر مصنف۔ ایک ساقی نامہ اور دیوان۔

دَردمَہ (ف۔ مذکر) سات سیارے
جن کی نسبت خیال ہے کہ زمین کے گرد پھرتے ہیں۔

دُردُور (ع۔ مذکر) گرداب۔

دُرَر (ع۔ مذکر) جمع دُر۔ موتی۔ سفید
دانت۔ درربار (مذکر) ۱موتیوں کی بارش ۲(صفت)
خوش اسلوب۔ پاکیزہ۔ ستھرا۔

دِرڈھ (س)، **درڑھ** (ھ۔ صفت) ۱مضبوط۔ پکا ۲بھرا ہوا۔ ٹھوس ۳بند۔ کس کے لگا ہوا۔ ۴کڑا۔ سخت ۵اکڑا ہوا۔ کرخت ۶گاڑھا۔ موٹا ۷پاس پاس بنا ہوا ۸منجمد۔ کثیف ۹لایق۔ قابل ۱۰طاقتور۔ قوی۔ ۱۱مستقل مزاج۔ ثابت قدم ۱۲قابل اعتبار ۱۳دیر پا۔ مستحکم ۱۴محفوظ۔ مامون ۱۵تند۔ تیز۔ شدید۔ **درڑھ رہنا** (لازم) ۱مستقل مزاج رہنا۔ اپنی بات سے نہ پھرنا ۲اڑنا۔ اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔

دَرز (ف۔ مونث) ۱دراڑ۔ شگاف۔ جھری ۲چہرے اور ہڈی کی کھوپریوں کا جوڑ۔ **درزا کلیلی** (مونث) سر کی ہڈیوں کا وہ جوڑ جو بچوں میں درمیان میں نمائی معلوم ہوتا ہے۔ **درز سینینی** (مونث) سر کی ہڈیوں کا جوڑ جس جگہ ایک دوسرے سے ملا ہوا ہوتا ہے۔ **درز سہمی** (مونث) ایسی ہڈیوں کا جوڑ جو بدن کے کسی خلا کے اوپر ہوں۔ **درز قشری** (مونث) سر اور کنپٹی کی ہڈیوں کا جوڑ۔ **درز لامی** (مونث) سر کی پچھلی ہڈیوں کا جوڑ۔

دَرز (ف۔ مونث) سیون۔ کپڑے کی کھونچ جو سلی ہوئی ہو۔ **درزن** (مونث) درزی کی جورو۔ کپڑا سینے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ **درزی** (مذکر) کپڑا سینے کا پیشہ کرنے والا مرد۔

امثال و اقوال۔ درزی کا کیا **کوچ کیا مقام** ۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جسے ایک مقام سے دوسرے مقام کو جائیں کوئی تکلیف نہ ہو۔ **درزی کے بند۔ سنار کی کھٹائی۔ چھپگر کی سبزی۔** سب عذر بہانے ہیں۔ **درزی کا کوچ قیام سب یکساں۔ گز قینچی اٹھائی اور چلدیا۔** آزاد بیفکر کے کوچ قیام برابر ہے۔ **درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں۔** انسان کو ہر ایک کام کرنا چاہئے چاہے ادنے ہو چاہے اعلے۔

دُرُز (ع۔ مذکر) ایک قوم جو لبنان اور حوران کی پہاڑیوں میں آباد ہے۔ یہ درزی کے پیرو ہیں۔

دُرزی (۱۰۱۱-) محمد بن اسماعیل منوفہ دروز کا بانی تھا۔ قتل ہوا۔

دَرس (ع۔ مذکر) ۱سبق ۲پڑھنا۔ پڑھنا سیکھنا ۳وعظ۔ پند (دَرَس۔ پڑھنا) **درس دینا** (متعدی) پڑھانا۔ **درس کہنا** (متعدی) ۱وعظ کہنا۔ نصیحت دینا ۲لکچر دینا۔ سبق پڑھانا۔ **درس لینا** (لازم) ۱سبق پڑھنا۔ **درس و تدریس** (مونث) پڑھنا پڑھانا۔ **درس ہونا** (لازم) سبق پڑھایا جانا۔ پڑھائی ہونا عموماً قرآن شریف یا حدیث کے متعلق کہا جاتا ہے۔ **درسی**۔ (صفت) ۱پڑھنے کے متعلق ۲پڑھنے کے نصاب کے متعلق۔

دَرس (ھ۔ مذکر) ۱دیکھنا ۲نظارہ۔ دیکھو درش۔ **درس دکھانا** (متعدی) اپنے آپ کو دکھانا۔

درسنا (متعدی) ۱دیکھنا ۲نظر کرنا۔ دکھائی دینا۔ ظاہر ہونا۔

دُرُست (ف۔ صفت) ۱ٹھیک۔ صحیح ۲طنز سے بھی کہتے ہیں ۳موزوں۔ چست ۴سالم ۵تندرست ۶سچ ہے ۷مہذب ۸(حرف ندا) صحیح۔ درست۔ بہت خوب۔ **درست آنا** (لازم) ۱ٹھیک ہونا۔ صحیح ہونا ۲موزوں ہونا۔ ٹھیک آنا ۳مناسب ہونا۔ عاید ہونا۔ **درست بنانا** (متعدی) گوشمالی کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ **درست پیماں** (صفت) وعدے کا پکا۔ **درست حواس** (صفت) جس کے ہوش و حواس درست ہوں۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ سمجھدار۔ **درست خو** (صفت) جس کی خصلت اچھی ہو۔ نیک نیت۔ نیک چلن۔ دیانتدار۔ **درست رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) بجا رہنا۔ ٹھیک رہنا۔ **درست عقل** (صفت) سمجھدار۔ ہوشیار۔ **درست فرمانا** (لازم) ٹھیک بات کہنا۔ **درست کار** (صفت) دیانتدار۔ راست باز۔ **درست کردار** (صفت) نیک۔ ایماندار۔ **درست کرنا** (متعدی) ۱ٹھیک کرنا ۲سدھارنا۔ سنوارنا ۳گوشمالی کرنا ۴ادب دینا ۵انتظام کرنا ۶مرمت کرنا ۷تندرست کرنا۔ **درست گمان**۔ (مذکر) پکا ایماندار۔ پورا یقین کرنے والا شخص۔ سخت معتقد۔ **درست گو** (صفت) سچا۔ صادق۔ **درستگی** (مونث) ۱مضبوطی۔ بے عیبی ۲صحت۔ تندرستی ۳درستی (کرنا۔ ہو چکنا۔ ہونا کے ساتھ) **درست لگانا** (متعدی) قرینے سے رہنا۔ قاعدے سے لگانا۔ سجانا۔ **درست نیتی** (مونث) ۱نیک نیتی ۲ٹھیک ارادہ۔ **درست ہو رہنا** (لازم) ۱آراستہ ہو رہنا۔ بناؤ سنگار کر لینا ۲تیار ہو جانا۔ لیس ہو رہنا۔ **درست ہونا** (لازم) ۱درست کرنا کا ۲دیکھو درست آنا۔ **درستی** (مونث) ۱اصلاح ۲سچائی۔ راستبازی ۳تندرستی ۴موزونیت ۵معقولیت ۶ٹھیک ہونا۔ صحت ۷انتظام ۸ٹھیک کرنا۔ غلطی نکالنا ۹اصلاح ۱۰مرمت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

دُرُستی (ف۔ مونث) نوشیرواں کی بیٹی کا نام۔

دَرسَد (یورپ) دیکھو ڈرسڈن۔

دَرش (ف۔ مذکر) ۱طویلہ۔ اصطبل ۲گھوڑوں کی پچھاڑی۔

دَرش (س۔ مذکر) ۱دیکھنا ۲نظارہ ۳منظر ۴نظر ۵شکل۔ صورت ۶ہلال۔ نیا چاند ۷وہ دن جسدن چاند نظر آئے ۸بھینٹ جو اسدن دی جائے ۹سورج اور چاند کا قران ۱۰کرشن جی کا نام ۱۱ایک سادھیہ کا نام۔ **درشانا** (ھ۔ متعدی) دکھانا۔ ظاہر کرنا۔ **درش پورنماس** (مذکر) ۱ہلال اور بدر کے دن ۲ان دنوں کی رسومات۔ **درش شرادھ** (مذکر) شرادھ جو نئے چاند کے دن کیا جائے

درشن (ھ۔ مذکر) ۱دیکھنا۔ نظارہ کرنا۔ دیدار کرنا۔ مشاہدہ کرنا ۲نظارہ۔ دیدار۔ منظر مشاہدہ۔ نظر ۳شکل۔ صورت۔ پیکر ۴احساس ۵دکھاوا نمائش۔ ظہور ۶امتحان۔ ملاحظہ ۷ملاقات ۸تیرتھ یاترہ ۹بت کے سامنے پوجا کرنا ۱۰امر قیاسی یا رائے جو کسی سلسلے یا کتاب میں ظاہر کی جائے ۱۱ہندوؤں کے چھ شاستروں میں سے کوئی ایک شاستر۔ جو یہ ہیں۔ اول کپل کا سانکھ شاستر۔ دوم پتنجلی کا جوگ شاستر۔ سوم کناد کا ویشک

شاستر۔ چہارم گوتم کا نیائے شاستر۔ پنجم جیمنی کا پورمیمانسا۔ ششم اترمیمانسا انکا انجام ایک ہی ہے کہ کس طرح مکتی حاصل کی جائے ۲؎ خیالی یا وہمی چیز ۳؎ خواب۔ خیال ۴؎ سوچ بچار۔ غور ۵؎ رائے۔ دانست ۶؎ سمجھ۔ عقل۔ گیان ۷؎ رنگ ۸؎ آئینہ ۹؎ بھینٹ ۔ **درشنا** (مونث) ۱؎ درگاجی کا نام ۲؎ ایک کیڑا۔ **درشن پانا** (لازم) ۱؎ دیدار دیکھنا ۲؎ ملاقات ہونا۔ ملنا۔ **درشن دینا** (لازم) ۱؎ صورت دکھانا۔ دیدار دکھانا ۲؎ ملاقات کرنا۔ ملنا۔ **درشن کرنا** (متعدی) زیارت کرنا۔ **درشنی** (صفت) ۱؎ قابل دید۔ ۲؎ خوبصورت۔ حسین۔ جوان ۳؎ فوراً قابل ادائگی ۴؎ (مونث) تحفہ ملاقات کا ۵؎ بھینٹ۔ نذر ۶؎ ہنڈی جسکا روپیہ دیکھتے ہی ملجائے ۷؎ درگاجی کا ایک نام۔ **درشنی جوان** (مذکر) خوبصورت جوان آدمی۔ **درشنی ہنڈی** (مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے۔

امثال و اقوال۔ درشن کے نیناں لوبھی۔ دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔ **درشن موٹا پینڈا کھوٹا۔** وہاں کہتے ہیں جہاں جانے کا رستہ خراب ہو۔ **درشن تھوڑے نام بہت۔** شہرت تو بہت ہے۔ مگر دیکھنے کے لئے کچھ بھی نہیں یا فائدہ کچھ نہیں۔

دَرشان (س۔ مذکر) ۱؎ برہمن یا گرو ۲؎ ایک رشی جس کا لقب بھارگو تھا ۳؎ ایک عفریت کا نام ۴؎ روشنی۔ چمک۔

دُرشت (ف۔ صفت) ۱؎ سخت کھردرا ۲؎ تند۔ تیز (سخن) **درشت مزاج** (صفت) تندمزاج۔ **درشتی** (مونث) سختی۔ تیزی۔ بدخلقی (کرنا ہونا کے ساتھ) **درشتی سے پیش آنا** (لازم) سختی سے پیش آنا۔ بدخلقی سے ملنا۔

دَرِشَد (س۔ مونث) ۱؎ چٹان۔ بڑا پتھر ۲؎ چکی کا پتھر۔ **درشدوت** (مذکر) سیاتی کی بیوی درانگی کا باپ۔ **درشدوتی** (مونث) ۱؎ ایک دریا جو سرسوتی میں گرتا ہے ۲؎ دسوامتر کی بیوی۔ اور اشٹک کی ماں ۳؎ دلیو داس کی بیوی اور پرتروں کی ماں کا نام ۴؎ ترپپ کی بیوی لوپشبی اوشینارا کی ماں ۵؎ پرسین جیت کی ماں ۶؎ درگاجی۔

دَرعِیَّۃ (عرب) نجد میں ایک شہر تھا جس کی آبادی ۴۰ ہزار کے قریب تھی۔ ابراہیم پاشا نے ۱۸۱۸ء میں فتح کیا۔ آگ لگنے سے جل گیا۔ اب کھنڈرات رہ گئے ہیں۔

دَرغان (ایران) ایک شہر ایران کے قریب۔

دَرغَم (ف۔ مذکر) ۱؎ ایک راگ جو غم کو دور کرتا ہے ۲؎ ایک مقام جو شراب کے لئے مشہور ہے۔ **درغمی** (مونث) درغم کی شراب۔

دِرَفش (ف۔ مذکر) ۱؎ جھنڈا۔ علم ۲؎ ایک رومال جو سر یا خود پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے ہیں ۳؎ روشنی۔ چمک۔ دمک ۴؎ بجلی ۵؎ کوئی چمکنے والی چیز ۶؎ موچی کی آر۔ **درفش کاواں۔ کاویان یا کاویانی** (مذکر) فریدوں کا جھنڈا۔ ضحاک کے برخلاف جو بغاوت ہوئی اس میں سرگروہ کاوہ لوہار تھا۔ اسنے اپنی دھونکنی کا جھنڈا بنوایا تھا۔ جب فریدوں بادشاہ ہوا تو اس نے اسپر ریشم مڑھ کر شاہی جھنڈا بنایا۔ کہتے ہیں جس لڑائی میں یہ جھنڈا جاتا تھا۔ ایرانیوں کی فتح ہوتی تھی۔

دَرفشاں (ف۔ صفت) ۱؎ چمکنے والا ۲؎ کانپنے والا ۳؎ عالیشان۔

دَرقاوِی (ع۔ مذکر) شمالی افریقہ میں ایک فرقہ جس کا بانی مولاء العربی الدرقاوی تھا۔

دَرقی (؟) ایرانی شاعر صاحب دیوان قم کا رہنے والا تھا۔

دَرک (ع۔ مذکر) ۱؎ عقل۔ سمجھ ۲؎ واقفیت۔ تمیز ۳؎ دخل۔ مداخلت (درک۔ محسوس کرنا) **درک دینا** (متعدی) ۱؎ دخل دینا۔ بیچ میں بولنا ۲؎ مزاحمت کرنا ۳؎ دست اندازی کرنا۔

دَرَک (ع۔ مذکر) ۱؎ تہ۔ نچلی تہ ۲؎ دوزخ کی نچلی منزل ۳؎ چھوٹی رسی جو کوئیں کے ڈول کے ساتھ بندھتی ہے اور دوسری طرف بڑی رسی کے ساتھ باندھی جاتی ہے ۴؎ (ف) تولیہ۔ رومال۔ **درکات** (مذکر) درکت کی جمع۔ **درک اسفل** (مذکر) سب سے نیچے کی دوزخ۔ **درکت** (مونث) ۱؎ نیچے کی سیڑھی ۲؎ دوزخ ۳؎ غار۔ گہرا گڑھا۔

دَرک (ہ۔ امر) ۱؎ درکنا کا ۲؎ (ہ) دیکھو درکا ۳؎ **درکا** (امر) درکانا کا ۲؎ (ماضی) درکنا کی ۳؎ (مذکر) شگاف۔ دراڑ۔ درز۔ تریڑ۔ **درکانا** (متعدی) درکنا کا دیکھو ۲؎ **درکنا** (لازم) ۱؎ ٹوٹنا۔ بال آنا۔ تڑکنا ۲؎ پھٹنا۔ چرنا۔ کسنا۔ دھڑکنا۔ پھڑکنا۔ تڑپنا۔

دُرکانی (بلوچی۔ مذکر) ایک بلوچ قوم۔

دَرکوٹی (ہند) پنجاب میں ایک پہاڑی ریاست۔ رقبہ (۵)

دَرکھال (ہ۔ مذکر) مویشیوں کا احاطہ۔ گواڑ۔ مویشی

دَرکھی (ہ۔ مونث) ایک کیڑا جو نیل کے چھوٹے پودوں کو تباہ کر دیتا ہے۔

دَرگ (ف۔ مونث) درگہ کا مخفف۔ **درگ سالار** (مذکر) دیکھو درگہ سالار۔ **درگ جل** (مذکر) آنکھ کا پانی ۲؎ آنسو۔ **درگ جیا** (مونث) بعد ہمتی کا جیب یا ارتفاع کا جیب التمام۔

دُرگ (ہند) وسط ہند میں ایک ضلع (۸۱۸)

دُرگ (س۔ صفت) ۱؎ ناقابل رسائی۔ جس تک پہنچ نہ ہو سکے ۲؎ ناقابل دخول۔ ناممکن الدخل ناقابل گذر ۳؎ ناممکن الحصول ۴؎ (مذکر) ناقابل گذر رستہ پہاڑ یا جنگل میں یا دریا پر ۵؎ تنگ درہ ۶؎ ناقابل گذر جگہ چٹان یا پہاڑی قلعہ ۷؎ ایک اسر کا نام جسے درگاجی نے قتل کیا تھا اور جس کے نام پر انکا نام ہے۔ **درگا** (مونث) ایک دیوی۔ ہماوت کی بیٹی اور شوجی کی استری اسے اما بھوانی۔ پاربتی وغیرہ بھی کہتے ہیں۔ درگا کی شکل میں یہ ایک خوفناک اور درشت طبع دیوی ہے۔ بنگالی اسکی پوجا کرتے ہیں ۲؎ ایک کتاب جس میں درگاجی کا ذکر ہے

۲ لفظ۔ درگا پوجا (مونث) بنگالیوں کا سب سے بڑا تیوہار جو درگا جی کے اعزاز میں اسوین کے مہینے میں دسہرے کے موقع پر ہوتاہے۔ درگا داس (مذکر) ۱ ایک راجہ ۲ ایک وید۔ درگاوت (مذکر) ورت کتھاولی کا مصنف۔ درگا دیوی (مونث) درگا جی کو کہتے ہیں۔ درگا رام (مذکر) ایک مصنف کا نام۔ درگاشٹمی (مونث) درگا جی کے متعلق ایک خاص آٹھویں تاریخ۔ درگا نومی (مونث) کاتک کے مہینے کی نویں بدی جو درگا جی کے لئے مقدس ہے۔ درگ سنہا (مذکر) ایک نحوی اور ایک نجومی۔ درگ سین (مذکر) ایک مصنف۔ درگ شیل (مذکر) ایک پہاڑ۔ درگ کرم (مذکر) مشکل کام۔ اہم معاملہ۔ درگ گپت (مذکر) ایک مصنف۔ درگ گھاٹ (مذکر) ایک قلعہ۔ درگ گھنا (مونث) درگا جی کا نام۔ درگ ونسی (مذکر) راجپوتوں کی ایک قوم۔ درگی (مونث) ایک دیوی کا نام۔

دُرگا داس (۱۸) پسر شیو شنکر داس مصنف سفینہ عشرت جو فارسی زبان کا ایک تذکرہ ہے۔

دُرگا وَتی (۱۹) رانا سانگا کی بیٹی اور راجہ سلہدی کی بیوی تھی۔ جب قلعہ رائے سین فتح ہوا تو یہ چتا میں جل کر مرگئی ۲ (۲۰) مہوبا کے راجہ کی بیٹی اور سنگلپور کے راجہ کی بیوی تھی۔ ۱۵۴۵ء میں شادی کے چار سال بعد راجہ تین سال کا لڑکا چھوڑ کر مرگیا۔ ۱۸۶۴ء میں آصف خاں نے اس کے ملک پر چڑھائی کی یہ اور اس کا بیٹا جنگ میں کام آئے۔

دَرگاہ (ف۔ مونث) ۱ آستانہ۔ چوکھٹ ۲ دربار شاہی ۳ خدا کا دربار ۴ خانقاہ۔ روضہ۔ مزار ۵ مسجد۔ درگاہا (صفت) درگاہ کا یا درگاہ کے متعلق۔ درگاہ الٰہی۔ درگاہ خدا (وندی) (مونث) خدا کا دربار۔ درگاہ معلّے (مونث) باب علی۔

دُرگت (ہ۔ مونث) بری حالت بری گت۔ بتلا حال (بنانا کرنا ہونا کے ساتھ)

دَرگہ (ف۔ مذکر) درگاہ۔ درگہ سالار (مذکر) بادشاہوں کا دربان۔

دَرگئی (ہند) شمال مغرب سرحد پر ایک پہاڑی چھاؤنی۔

دِرَم (ف۔ مذکر) ۱ ایک چاندی کے سکے کا نام جو دو آنے کے برابر ہوتا ہے ۲ ایک وزن ۲ ماشے ۱½ رتی کا ۳ نقدی۔ روپیہ۔ درم خریدہ (صفت) قیمت دے کر خریدہ ہوا (غلام) درم شرعی (مذکر) تین ماشے اور چار رتی چاندی۔ درم ناخریدہ (صفت) وہ جو خریدا نہ گیا ہو۔ مگر گھر میں پیدا ہوا ہو۔

دُرُم۔ دُرم (س۔ مذکر) ۱ سرگ کا ایک درخت۔ پارجات ۲ کوئی درخت یا پودہ ۳ کمپرش کے ایک راجہ کا نام ۴ کرشن اور رکمنی کے ایک بیٹے کا نام۔ درما (مونث) ایک دریا کا نام۔ درم سین (مذکر) ایک راجہ۔ جسے گوشٹھ بھی کہتے ہیں۔ جو اسر تھا۔

دَرما (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی چٹائی۔

دَرمال (ف۔ مذکر) ۱ علاج۔ دوا دارو ۲ چارہ۔ درماندگی (مونث) ۱ مجبوری۔ عاجزی ۲ تکلیف۔ مصیبت۔ درماندہ (صفت) ۱ مصیبت زدہ ۲ بیچارہ ۳ لاعلاج۔

دَرمت (س۔ مذکر) ایک ناگ راجہ کا نام۔

دُرمٹ۔ دُرمس (ہ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے سڑکیں وغیرہ کوٹتے ہیں۔

دَرمَل (س۔ مذکر) ۱ ایک ملک۔ ۲ ایک فرہنگ نویس۔

دَرمَن (ف۔ مذکر) درمال کا مخفف علاج۔ معالجہ۔ دوا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (عف)

دُرمنی (س۔ مونث) جنگل۔ درمنی ملا (مذکر) ۱ ایک دانو کا نام ۲ رشب کا بیٹا ۳ نارد کے باپ اور کلاوتی کا خاوند جو گذر رہا تھا۔

دَرمیان (ف۔ مذکر) ۱ بیچ۔ وسط ۲ (تف) بیچ میں۔ وسط میں ۳ سامنے۔ خیال میں ۴ دوران میں۔ میں ۵ متعلق۔ درمیان آنا (لازم) ۱ بیچ میں آنا ۲ بیچ میں پڑنا ۳ واقعہ ہونا ۴ دخل در معقولات ہونا۔ مداخلت کرنا۔ درمیان دینا (متعدی) ۱ فاش دینا ۲ بیچ میں ڈالنا۔ درمیان کا (صفت) درمیانی۔ درمیان لانا (متعدی) ۱ بیچ میں لانا ۲ گفتگو میں ذکر کرنا ۳ پیش کرنا۔ درمیان میں (تف) بیچ میں۔ اثناء میں۔ درمیانی (صفت) ۱ بیچ کا۔ جو بیچ میں آجائے ۲ معمولی۔ اچھا ۳ اندرونی۔ اندر کا ۴ جو اندر رہو ۵ (مذکر) بیچ میں آنے والا۔ صلاح کرانے والا ۲ دلال ۳ مترجم۔

دُرنا (ہ۔ لازم) ۱ رستے سے ہٹ جانا ۲ غائب ہوجانا ۳ مفرور ہوجانا ۴ غیر حاضر ہونا ۵ چھپ جانا۔

دَرنا (افریقہ) ایک شہر سیرینیکا میں (۱۱)

دَرند۔ دَرندہ (ف۔ مذکر) ۱ پھاڑنے والا چیرنیوالا۔ خونخوار ۲ پھاڑ کھانے والا جانور۔

دَرنگ (ہند) ضلع آسام میں رقبہ ۲۸۹۶ (۲۷۸) صدر مقام تیزپور۔

دِرنگ (ف۔ مونث) دیر۔ وقفہ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ۔ بے کے ساتھ) درنگی (مونث) ۱ دیر کرنے والا۔ سست ۲ دیر۔ وقفہ۔

دَرَنگ (ہند) آسام میں ایک ضلع رقبہ ۳۴۱۸ (۵۸۵)

دِرَو (ف۔ مذکر) کاٹنا فصل کا۔ کٹائی (کرنا ہونا کے ساتھ)

دَرْو (س۔ مذکر) ڈوئی ۲ سانپ کا پھن ۳ ایک راکھشس کا نام ۴ شرارتی آدمی ۵ درندہ ۶ ایک قوم۔ دروا (مونث) اسی نرکی ایک بیٹی۔ دروی (مونث) ۱ درو ع ۱ و ۲۔ ایک ملک۔

دَرَو (س۔ صفت) ۱ بہنے والی۔ مائع ۲ بھری ہوئی ۳ ٹپکتی ہوئی ۴ پگھلی ہوئی ۵ (مذکر) جانا تیز روی۔ بھاگنا ۶ کھیل۔ کود پھاند ۷ رس۔ عرق ۸ ... ۹ ایک وسوا دیو کا نام۔ درو وسو (مذکر) ایک راجہ۔

دُرُوَ (س۔ مذکر) ایک پہاڑ کا نام۔

دَروازَہ (ہ۔ مذکر) در۔ پٹ۔ پھاٹک ۲ کواڑ۔ **دروازہ بند کرنا** (متعدی) دروازے کے پٹ بھیڑ دینا۔ دروازے کو کنڈی لگا دینا۔ **دروازہ بند ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ ختم ہو جانا ۳ ملاقات کا وقت نہ رہنا۔ گھر پر نہ ہونا۔ **دروازہ بھڑنا** (لازم) **بھیڑنا** (متعدی) دروازے کے پٹ بند کرنا مگر کنڈی نہ لگانا۔ **دروازہ تنگ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رزق کم ہونا۔ آمدنی کم ہونا۔ **دروازہ توڑ دینا** (متعدی) دروازے کو زور سے یا کوئی چیز مار کر شکستہ کر دینا۔ **دروازہ توڑنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ دیوار میں سوراخ کر کے دروازہ لگانا۔ **دروازہ تیغہ کرنا** (متعدی) دروازہ چننا۔ **دروازہ ٹوٹنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **دروازہ ٹھوکنا** (متعدی) دروازے پر ہاتھ مارنا تاکہ وہ کھلے۔ **دروازہ چننا** (متعدی) دروازے میں اینٹیں لگا کر دروازہ بند کر دینا۔ **دروازہ زنجیر کرنا** (متعدی) دروازے کی زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔ **دروازہ کھٹکھٹانا** (متعدی) ۱ دروازے پر کوئی چیز مارنا۔ کہ وہ کھولا جائے ۲ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ **دروازہ کھل جانا۔ کھلنا** (لازم) **کھولدینا۔ کھولنا** (متعدی) ۱ دروازے کی زنجیر اتار دینا ۲ رزق کھل جانا۔ آمدنی بڑھ جانا۔ آمدنی ہونا۔ **دروازہ معمور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دروازہ بند ہونا۔ **دروازے پر کھڑا رہنا یا ہونا یا نظر رہنا** (لازم) منتظر رہنا۔ مہربانی کا امیدوار ہونا۔ **دروازے پر ہاتھی جھولنا یا جھومنا** (لازم) اسقدر امیر ہونا کہ ہاتھی رکھ سکے۔ **دروازے کا بازو** (مذکر) دروازے کے دونوں پہلوؤں کے ستون جن پر اترنگ قائم کیا جاتا ہے۔ **دروازے کا پٹ** (مذکر) کواڑ۔ (بند کرنا ہونا بھڑنا۔ بھیڑنا۔ کھلنا۔ کھولنا وغیرہ کے ساتھ) **دروازے کی زنجیر** (مونث) وہ زنجیر جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہے۔ **دروازے کی مٹی لے ڈالنا** (متعدی) بار بار آنا۔ پھیرے کرنا۔ سخت تقاضا کرنا۔

مثل۔ دروازے پر آئی برات سمدھن کو لگی ہگاس۔ وقت پر گھبرا جانے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

دَرَوپَد (س۔ صفت) دروپد کا **دروپدی** (مونث) کرشنا کا لقب جو پانڈوں کی بیوی تھی۔ **دروپدیہ** (مذکر) دروپدی کے پانچ بیٹوں کا لقب۔

دَرَوِدَ (س۔ مذکر) ۱ ایک قوم کا نام جو دکن میں آباد تھی۔ یہ درشبھ سوامی کے بیٹے درود کی اولاد ہے۔ اور بگڑے ہوئے چھتری سمجھے جاتے ہیں۔ ۲ ہند کے شرقی ساحل پر ایک علاقہ ۳ مفصلہ ذیل پانچ قومیں۔ آندھر۔ کرناٹک۔ گرجر۔ تیلنگ اور مہاراشٹر کو بھی درود کہتے ہیں ۴ کرشن جی کا ایک بیٹا ۵ ایک مصنف ۶ موجودہ زمانے میں ہندوستان کے اصلی باشندوں کو یہ نام دیا گیا ہے۔ **درودی** (مونث) ۱ درود قوم کی عورت ۲ ایک راگنی کا نام۔

دُرُود (ف۔ مذکر و مونث) ۱ صلوات ۲ رحمت ۳ تحسین۔ شاباش ۴ استغفار ۵ حمد۔ سلام۔ دعا۔ تعریف ۶ تسبیح۔ **درود بھیجنا** (متعدی) ۱ صلوات پڑھنا ۲ تعریف کرنا۔ تحسین کرنا ۳ کسی خوبصورت شے کو دیکھ کر درود پڑھنا ۴ اظہار مسرت کرنا۔ **درود پڑھنا** (متعدی) ۱ صلوات پڑھنا ۲ تعریف کرنا۔ **درود پڑھنے کے قابل** (صفت) نہایت نفیس۔ قابل تعریف۔

دَرود۔ دَرُود (ف۔ مونث) ۱ لکڑی۔ چوب ۲ تختہ۔ **درودکار۔ دُرودگر** (مذکر) بڑھئی۔

مثل۔ درودگری کار بوزنہ نیست ۔ جس کا کام اسی کو ساجھے۔

دُرُور (ع۔ مذکر) بہنا۔ ٹپکنا۔ بارش پڑنا۔ **درورِ منی** (مذکر) جریان۔

دَرَوِڑ (ھ۔ مذکر) ۱ دکن کے شرقی کنارے پر ایک ضلع ۲ ایک قوم جو یہاں آباد ہے ۳ اس قوم کا ایک فرد۔

دَرَوِڑی (ھ۔ مونث) ایک راگنی کا نام۔

دُروغ (ف۔ مذکر) جھوٹ۔ بہتان۔ کذب۔ **دروغ بیانی** (مونث) جھوٹ بولنا۔ **دروغ حلفی** (مونث) جھوٹی قسم۔ **دروغگو** (صفت) جھوٹا کاذب۔ **دروغگوئی** (مونث) جھوٹ کہنا۔ **دروغی** (صفت) جھوٹا۔ کاذب۔ **دروغیت** (مونث) جھوٹ۔

امثال واقوال۔ دروغ بر گردنِ راوی۔ جھوٹ کا گناہ اصل بیان کنندہ کے سر ہوتا ہے۔ اسوقت کہتے ہیں جب کوئی ناقابل تسلیم یا جھوٹا قصہ بیان کرتے ہیں۔ **دروغ کو فروغ نہیں۔** جھوٹ میں کامیابی نہیں ہوتی۔ **دروغگو را تا بخانہ باید رسید۔** جھوٹے کو گھر تک پہنچانا چاہئے۔ جھوٹے کو جھوٹا ثابت کر دینا چاہئے۔ **دروغگو را حافظہ نباشد۔ دروغگو کا حافظہ نہیں ہوتا** دوسرا پہلے کا ترجمہ ہے۔ جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا۔ اسے یاد نہیں رہتا کہ اس نے پہلے کیا کہا ہے۔ سو وہ بار بار غلط باتیں کہتا ہے۔ **دروغ گویم بر روے تو۔** اسوقت کہتے ہیں جب کوئی صریح جھوٹ بولے **دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز** جس سچ سے فساد بڑھے اس سے وہ جھوٹ جس سے فساد مٹے بہتر ہے۔

دَروغہ (ف۔ مذکر) داروغہ کا مخرب۔

دَرونَ (س۔ مذکر) ۱ لکڑی کا برتن پیپا۔ کونڈا۔ ناند ۲ برتن جس میں سوم رس ڈالتے تھے ۳ ایک پیمانہ ادھک کا چوتھا اور کھری کا سولھواں حصہ ۴ ایک ماپ جس سے کھیتوں کو ماپتے ہیں۔ اتنی زمین جس میں ایک درون گیہوں بوئے جا سکیں ۵ قربانگاہ ۶ ایک قسم کا بادل جس میں سے بہت

بارش ہوئے گوا ۸ ایک پودہ ۹ آٹھ واسوؤں میں سے ایک کا نام ۱۰ ایک برہمن جسے بھاردواج نے ایک ناندیں پیدا کیا تھا۔ یہ کورؤ اور پانڈوں کا جنگی فنون کا استاد تھا۔ کرپی کا خاوند اور اشوتھامن کا باپ تھا۔ پنچلا کے ایک حصے کا راجہ ہوگیا اور جنگ کورو کشیتر میں کورؤں کا جرنیل تھا۔ اپنے بیٹے کی موت کی خبر سنکر مرگیا ۱۱ منڈپال اور جرتیا کا بیٹا جو پرند کی شکل میں پیدا ہوا تھا ۱۲ کئی دیگر آدمیوں کا نام ۱۳ کئی پہاڑوں کا نام۔ درونا (مونث) ۱ ایک قسم کا پودہ ۲ سنہاہنو کی ایک بیٹی کا نام۔ درون آچاریہ (مذکر) کورو پانڈوں کا استاد۔ درون ۱۱ درو ناس (مذکر) ایک راکھشس جس کا منہ نانکیطرح ہے اور بیماریاں پیدا کرتا ہے۔ درون پرون۔ (مذکر) مہابھارت کا ایک نام۔ درون سنہا۔ (مذکر) خاندان ولبھی کا ایک راجہ۔ درونوُدن (مذکر) سنہاہنو کا بیٹا اور بدھ کا چچا۔

دَرْوِن (س۔ مذکر) ۱ دیکھو دردیہ ۲ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۳ ایک سامن کا نام ۴ دادھر کا ایک بیٹا ۵ ایک پہاڑ ۶ کرونچ دویپ کے ایک ورش کے باشندوں کا نام۔

دَرُوِن (ایران) خراسان میں ایک شہر۔

دَرَونا (ھ۔ لازم) ۱ بہنا ۲ مائع ہونا۔ پگھلنا۔ پتلا ہونا ۳ برسر رحم ہونا۔ رحم آنا پسیجنا۔

دَرُونا (ف۔ صفت) ۱ وہ جسکا منہ اندر کی طرف ہو (پھوڑا) درونا ہوجانا (لازم) آبلہ بیٹھ کر پھوڑا ہوجانا جس کا منہ اندر کی طرف ہو۔ ناسور ہو جانا۔

دَرَوَند (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو دربند۔ ۲ ایک پہلوان۔

دَرَونڈھ (ھ۔ مذکر) سردل۔

دَرَوِنَس (س۔ مذکر) ۱ جائداد منقولہ ۲ دولت عطا کرنے والا۔ اگنی کا لقب ۳ پرتھو کا ایک بیٹا۔

دَرَوِنَک (س۔ عص) اگنی کے ایک بیٹے کا نام۔

دَرَوَہ (س۔ مذکر) ۱ ضرر۔ ضرب۔ ۲ دھوکے سے ضرر پہنچانا ۳ دشمنی کا کام ۴ شرارت ۵ کینہ۔ بدباطنی ۶ دشمنی۔ نفرت ۷ دغا۔ نمک حرامی۔ ۸ جرم۔ نقصان۔ مداخلت بیجا ۹ غدر۔ بغاوت سرکشی۔ دروہ کرنا (متعدی) کینہ وری یا شرارت سے کوئی کام کرنا ۲ دشمن ہونا۔ مخالف ہونا۔

دَروی (س۔ مونث) چمچی۔ پلی۔

دَرویزَہ (ف۔ مذکر) مانگنے کا پیشہ۔ دریوزہ گری۔

دَرویش (ف۔ مذکر) ۱ فقیر بھکاری منگتا ۲ فقیر صاحب معرفت۔ مذہبی فقیر ۳ (صفت) خدا رسیدہ ۴ غریب۔ مفلس۔ مسکین۔ درویشانہ (صفت) فقیرانہ۔ درویش پوش (صفت) درویشوں کو کپڑے پہنانے والا۔ درویش خصلت (صفت) وہ آدمی جس کی خصلتیں درویشوں کی طرح ہوں۔ سادہ مزاج۔ درویش خیال (صفت) وہ شخص جس کے خیالات درویشوں کی طرح ہوں۔ نیک۔ درویش دوست (صفت) ۱ درویشوں کی مدد کرنیوالا۔ درویشوں سے ملنے والا ۲ وہ جس سے درویش ملیں۔ درویش سلطان دل (مذکر) وہ فقیر جسکا دل شاہانہ ہو۔ پیغمبر صلعم سے مراد لیتے ہیں۔ درویش شکل یا صورت (صفت) وہ شخص جسکی صورت شکل درویشوں کی طرح ہو۔ درویش صفت (صفت) وہ شخص جس میں درویشوں کی خوبیاں ہوں۔ درویش مذہب (صفت) وہ جس کے خیالات درویشوں کی طرح ہوں۔ درویشی (مونث) ۱ درویش کا پیشہ یا کام ۲ فقیروں کی طرح رہنا۔ فقیروں کا طریقہ ۳ غربت۔ مفلسی ۴ بھیک مانگنا۔ گدائی۔ فقیری۔

امثال واقوال۔ درویش صفت باش کلاہ تتری دار۔ اچھی صفتیں ہونی چاہئیں لباس کیسا ہی ہو۔ درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست۔ فقیر جہاں پڑرہے وہی اس کا گھر ہے۔

درویش پاشا ۱ کئی ترک جرنیلوں کا نام ۲ (۔ ۱۶۰۶) ۱۶۰۶ء میں محمد ثالث کا وزیراعظم مقرر ہوا۔ اور اسی سال قتل کیا گیا ۳ (۔ ۱۷۰۱) عبدالحمید اول کا وزیراعظم ۱۰ مہینے رہا۔

درویش محمد پاشا ۱ (۔ ۱۶۴۹) محمد چہارم کا وزیراعظم تھا۔ قتل کیا گیا ۲ (۔ ۱۸۲۲) ۱۸۱۸ء سے ۱۸۲۰ء تک سلطان محمود ثانی کا وزیراعظم رہا۔

دَرْوِیَہ (س۔ مذکر) ۱ مادہ ۲ چیز۔ شے ۳ کسی چیز کے اجزا۔ وہ چیز جس سے کوئی دوسری چیز بنی ہو ۴ عنصر جونیائے شاستر کے بموجب ۹ ہیں (پرتھوی) مٹی (اپ) پانی (تجس) آگ (ذایو) ہوا (اکاش) ایتھر (کال) وقت (دش) وسعت (آتما) روح (منس) سچ جینیوں کے چھ ہیں۔ جیو۔ دھرم۔ ادھرم۔ پدگل۔ کال آکاش ۵ کوئی چیز جو قبضے میں لی جائے۔ ملکیت۔ دولت جائداد۔ مال ومتاع۔ نقدی ۶ پیتل ۷ دوائی ۸ مرہم شراب۔

دَرَّہ (ف۔ مذکر) ۱ دو پہاڑوں کے درمیان وادی جس میں ایک ندی بہتی ہو ۲ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ گھاٹی ۳ دراڑ۔ درز۔ شگاف ۴ (ایران) بدخشاں میں ایک ضلع۔

دُرَّہ (ع ف۔ مذکر) ۱ چمڑے کا چابک ۲ وہ چمڑے کا تسمہ جس سے محتسب حد مارتے ہیں (پڑنا لگانا لگنا مارنا کے ساتھ) درے پڑنا (لازم) لگانا (متعدی) لگنا (لازم) مارنا (متعدی) دروں سے مارنا۔

دَرہم (ف۔ صفت) ۱ گڑبڑ۔ تہ وبالا الٹ پلٹ۔ تتر۔ بتر ۲ گڈمڈ۔ ملے جلے۔ خلط ملط ۳ غصے۔ ناراض (کرنا ہونا کے ساتھ) درہم برہم (صفت) درہم (کرنا ہونا کے ساتھ) درہمی (مونث) بے ترتیبی گڑبڑ۔

دِرہَم (ع - مذکر) ایک چاندی کا سکہ جو دینار کا بیسواں یا پچیسواں حصہ ہوتا ہے - درم ۲ ایک وزن درم کے برابر ۳ نقدی - روپیہ -

دُرہو (س - مذکر) ۱ دشمن - مخالف - ۲ عفریت - درہوہیو (مذکر) ۱ ایک قوم کا نام ۲ بیاتی کا بیٹا اور ید و کا بھائی -

دَرہیل (ہند) ضلع مراد آباد میں ایک قصبہ (ہ)

دَری (ہ - مونث) ایک قسم کا موٹا کپڑا جو فرش اور بستر ے باندھنے کے کام آتا ہے -

دَری (ف - صفت) ۱ وادی کا - وادی کے متعلق ۲ وادی میں رہنے والا جیسے کبک دری ۳ پھاڑنے والا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے پردہ دری ۴ (مونث) ایران کی نو زبانوں میں سے تین زندہ ہیں سے ایک جو بلخ بخارا بدخشاں بامیان وغیرہ میں بولی جاتی ہے اور کیانیوں کے زمانے میں درباری زبان تھی اور بہشت کی زبان سمجھی جاتی تھی -

دَری (س - مونث) ۱ ایک قدرتی یا مصنوعی غار پہاڑ میں ۲ غار - کھو ۳ وادی -

دُری (ہ - مونث) ۱ تاش میں دوکا پتہ ۲ دوپانسا -

دَریا (ف - مذکر) ۱ پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر ندیوں نالوں کو ساتھ لیتی ہوئی کسی بڑی جھیل یا سمندر میں جا پڑے یا ریگستان میں غائب ہو جائے ۲ سمندر - بحر ۳ صوفیوں کی اصطلاح میں خالص غیر مخلوق خدائی طاقت ۴ (عف) دلیا - دریا آجانا یا آنا (لازم) دریا حائل ہونا یا رستے میں واقع ہونا - دریا اتر جانا یا اترنا (لازم) دریا کا پانی کم ہونا - طغیانی کم ہونا - دریا امنڈنا (لازم) ۱ دریا کا جوش میں آنا ۲ کسی چیز کا بہت زور ہونا - دریا بار (صفت) ۱ بہت برسنے والا ۲ سخی - فیاض ۳ جواں مرد ۴ جہاں بہت سے دریا ہوں ۵ (مذکر) سمندر ۶ بندرگاہ ۷ کرمان اور لارستان کا جنوبی کنارہ - دریا باندھ دینا یا باندھنا (متعدی) دریا کو روحانی قوت سے چلنے سے روک دینا - دریا برآر یا برآمد (مونث) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے - دریا برد (مونث) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے کٹ گئی ہو - دریا برد کر دینا یا کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ غرق ہونا - ڈوبنا ۲ نیست و نابود ہو جانا مٹ جانا - دریا بردی (مونث) دریا کا توڑ دینا یا بہا لیجانا - دریا بند (مذکر) بندرگاہ ۲ جہاز کی پہلی منزل - دریا بہانا (متعدی) ۱ بہت پانی بہانا ۲ (آنسوؤں کا) بہت رونا - دریا بہنا (لازم) دیکھو آخری - دریا بیگی (ت - مذکر) امیر البحر - دریا پار (صفت) دریا کے دوسرے کنارے پر - دریا پایاب ہونا (لازم) دریا میں اتنا پانی ہونا کہ آدمی اس میں پیدل گزر سکے - دریا پری (مونث) ایک پرین کی قسم جو دریا میں رہتی ہے - دریا چڑھنا (لازم) دریا کا طغیانی پر آنا - دریاچہ (مذکر) ۱ جھیل ۲ چھوٹا دریا دریا دل (صفت) فیاض - سخی - دریا دلی (مونث) سخاوت - فیاضی - دریا دلی دکھانا (متعدی) بہت خرچ کرنا - بہت فیاضی کرنا - دریا دلی سے (تف) بڑی فیاضی سے - دریا رو (صفت) دریا کا سفر کرنے والا - دریا روی (مونث) دریا کا سفر - دریا رواں ہونا (لازم) دریا جاری ہونا - دریائے ذخّار (مذکر) موجیں مارتا ہوا دریا - دریا سے پار اتارنا (متعدی) اترنا - ہونا (لازم) دریا سے گزر کر دوسرے کنارے پر پہنچنا - دریا سے گزرنا (لازم) دریا کو عبور کرنا - دریا کا پھیر (مذکر) دریا کا چکر - دریا کش (صفت) بے حد پینے والا - شرابی - دریا کمر ہونا (لازم) دریا کا پانی کمر تک ہونا - دریا کوزے میں بند کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بڑے مضمون کا تھوڑے الفاظ میں بیان ہونا - دریا کو عبور کرنا (متعدی) دریا سے پار ہونا - دریا کو کوزے میں (بند کرنا) بھرنا - چند الفاظ میں مطلب بیان کرنا - دریا کو ہاتھ سے روک لینا (لازم) مشکل کام کا ارادہ کرنا - دریا کے پار اترنا (متعدی) دریا سے گزرنا - دریا کی سی روانی ہے - نہایت خراج ہے - دریا موج (صفت) دریا کی طرح موجیں مارنے والا - دریا موجزن ہونا (لازم) ۱ دریا کا لہریں مارنا ۲ کسی چیز کا بہت زور پر ہونا - دریا میں پھاندنا (متعدی) دریا میں کودنا - دریا میں کود کر داخل ہونا - دریا میں عریضہ دینا (عو) خواجہ خضر حضرت فاطمہ یا پریوں کے نام کی عرضی لکھ کر اور اس میں کوئی مراد مانگ کر دریا میں ڈال دینا - دریا نورد (صفت) مسافر - دریا نوش (صفت) بے حد پینے والا - شرابی - دریا و صحرا (مذکر) جنگل اور سمندر - ہر جگہ - دریاؤ (مذکر) دریا - دریاؤ پری (مونث) دریا پری - دریائی (صفت) ۱ دریا کا - دریا سے منسوب - سمندری - بحری ۲ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ان معنوں میں دارائی کا بگڑا ہوا ہے ۳ (اردو) پتنگ کو دور لے جا کر ہوا میں چھوڑنا (دینا لینا کے ساتھ) دریائی آدمی (مذکر) ۱ جل مانس - ایک قسم کا آدمی جس کے متعلق خیال ہے کہ دریا میں رہتا ہے ۲ ایک آدمی کی صورت کا بحری جانور ۳ دریا میں رہنے والا آدمی - دریائے آہن میں ڈوبا ہونا (لازم) یا غوطہ مارنا (متعدی) مسلح ہونا - دریائے ابیض (مذکر) بحیرہ ابیض - دریائے اخضر (مذکر) بحیرۂ عرب - دریائے ادریاتک (مذکر) بحیرہ ایڈریاٹک - دریائے ارومیہ (مذکر) جھیل ارومیہ - دریائے اسود (مذکر) بحیرہ اسود دریائے اشک بہانا (لازم) سخت رونا - آنسو نکلنا دریا بہانا - دریائے اعظم (مذکر) سمندر - دریائے بصرہ (مذکر) ۱ بصرے کا سمندر ۲ شراب کا پیالہ - دریائے بالتک (مذکر) بحیرۂ بالٹک - دریائے جواہر میں غرق ہونا (صفت) بہت سے زیورات پہنے ہوئے (ہونا کے ساتھ) دریائے چین (مذکر) بحیرۂ چین - دریائے خضر (مذکر) بحیرۂ کیسپین - دریائے خون (مذکر) ۱ بے انتہا خون ۲ بہت خونریزی (بہا دینا

بہانا - بہنا - جاری ہونا کے ساتھ) دریائی دینا (متعدی) چھڑائی دینا (مت) **دریائے رحمت الٰہی جوش میں آنا** (لازم) خدا کی مہربانی ہونا - **دریائے روم** (مذکر) بحیرۂ روم - **دریائے زر افشاں** (مذکر) ایک دریا جو سمرقند کے قریب ہے - **دریائے شاہی** (مذکر) جھیل ارومیہ - شاہی ایک چٹان کا نام ہے جو جھیل میں بڑھی ہوئی ہے - **دریائے شور** (مذکر) سمندر - **دریائے شہد** (مذکر) دریائے ہیرمند کا نام - **دریائے عقلی** (مذکر) وہ سمندر جسنے عرش کو گھیر رکھا ہے - **دریائے عمان** (مذکر) خلیج فارس - **دریائے قلزم** (مذکر) بحیرہ قلزم - **دریائے قیر** (مذکر) ۱ سخت سیاہ آب ۲ سیاہی کی دوات - **دریائے کاشغر** (مذکر) ایک دریا جو کاشغر کے قریب ہے - جسے بحر غمام بھی کہتے ہیں - **دریائی گھوڑا** (مذکر) ایک قسم کا چوپایہ - جو دریاؤں کے کناروں پر رہتا ہے اور بہت سا وقت پانی میں گزارتا ہے - بھینسے سے ملتا جلتا ہے - **دریائے لعل** (مذکر) شراب کا پیالہ - **دریائے مانش** (مذکر) رود بار انگلشیہ - **دریائے محیط** (مذکر) سمندر - **دریائے مغرب** (مذکر) مغربی سمندر - **دریائے نیل** (مذکر) ایک دریا جو ملک مصر میں ہے - **دریائے ہند** (مذکر) بحر ہند -

امثال و اقوال - دریا پر جانا اور پیاسے آنا - بدنصیب بدقسمت کے واسطے کہتے ہیں کہ جہاں سے سب کو فیض پہنچتا ہے وہاں سے بھی محروم رہتا ہے - دریا کا پھیر کسنے پایا ہے - عقلمند آدمی کی بات کسی کی سمجھ میں نہیں آتی - دریا میں رہنا اور مگر سے بیر - جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے مخالفت رکھنا -

دریاآباد (ہند) ضلع بارہ بنکی میں ایک قصبہ (۶)

دریاپور (ہند) کئی قصبے اور گاؤں اضلاع ایلچپور - امراؤتی - علی گڑھ اور پٹنہ میں -

دریاخاں روہیلا (- ۱۶۳۰) شاہجہاں کا ملازم تھا - اسنے تخت پر بیٹھتے ہی اسے پنجہزاری امیر بنایا - اسنے بغاوت کی اور راجہ بکرماجیت بندیلا کے ساتھ جنگ کرتا ہوا مارا گیا -

دریاخاں (ہند) ضلع میانوالی میں ایک قصبہ -

دریا عماد شاہ (۱۶) بن علاء الدین عماد شاہ - شاہ برار ۱۵۳۲ء میں تخت نشین ہوا - اسکے بعد اس کا بیٹا برہان عماد شاہ تخت نشین ہوا -

دریافت (ف - مونث) ۱ تفتیش تحقیق - ٹوہ ۲ جانچ - پڑتال (کرلینا - کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) **دریافت طلب** (صفت) قابل دریافت معلوم کرنے کے قابل - **دریافت طلب امر** (مذکر) قابل دریافت بات - **دریافت کنندہ** (صفت) دریافت کرنے والا تفتیش کرنے والا - **دریافتگی** (مونث) زود فہمی - چترائی - تیز فہمی - سمجھ -

دریبہ (ہ - مذکر) ۱ پانوں کا بازار - بنواڑیوں کا محلہ ۲ دہلی میں ایک بازار -

دریتی (ہ - مونث) چھوٹی چکی جس میں باریک پستا ہے -

دریچہ (ف - مذکر) چھوٹا دروازہ - کھڑکی - موکھا -

درید (ف - ماضی) دریدن سے - پھاڑا - دریدگی (مونث) ۱ پھاڑنا ۲ چیر - شگاف - پھٹی ہوئی جگہ - دریدہ (صفت) پھٹا ہوا (ہونا کے ساتھ) دریدہ دہن (صفت) منہ پھٹ - زباندراز - بدزبان - گستاخ - دریدہ دہنی (مونث) بدزبانی -

دُرید (ع - صفت) ۱ جس کے کچھ دانت نہ ہوں ۲ ایک لقب -

دُرید (- ۶۳۰) بن الصمۃ الجشمی - عربی شاعر - اسنے سو لڑائیوں میں حصہ لیا تھا - جنگ حنین میں قتل ہوا -

دریز - دریس - دریش (ہ - مونث) ایک قسم کی چھینٹ جو ململ پر ہو -

دُریس (انگ - صفت) ڈریس کا مخرب ۱ تیار - آراستہ - چوکس ۲ درست کئے ہوئے - ۳ پوشاک پہنے ہوئے ۴ سیدھی لکیر میں کھڑا کئے ہوئے ۵ (مذکر) کوئی سیدھی لکیر ۶ سڑک - کنارہ - **دریس کرنا** (متعدی) ۱ پوشاک پہننا ۲ سیدھا کرنا - ہموار کرنا ۳ درست کرنا - ٹھیک کرنا ۴ زخموں کو صاف کرکے باندھنا - **دریسی** (مونث) ۱ زمین کی ہمواری - برابری ۲ پولیس یا فوج کی قطار کو سیدھا کرنا ۳ پولیس یا فوج کا ملاحظے کے لئے وردی بجھانا ۴ (مذکر) زخموں کو صاف کرنے والا - کرانا - کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ)

دریشک (بلوچی - مذکر) ایک بلوچ قوم -

دریغ (ف - مذکر) ۱ انکار - تامل - بخل ۲ نفرت ۳ افسوس - رنج - غم ۴ آہ ۵ کلمہ افسوس - **دریغا** (حرف ندبہ) افسوس یا رنج کا کلمہ ہے - دریغ ہے - افسوس ہے - **دریغ آنا** (ہ - لازم) افسوس آنا - رنج ہونا - **دریغ رکھنا یا کرنا** (متعدی) ۱ کنجوسی کرنا - بخل کرنا ۲ تامل کرنا - کوتاہی کرنا - **دریغ ہونا** (لازم) دیکھو آخری -

دُریودھن (س - عص) "مشکل سے فتح ہونے والا" راجہ دھرت راشٹر کا بڑا بیٹا اور جنگ مہابھارت میں کوروں کا لیڈر - جب دھرت راشٹر نے یدھشٹر کو یوو راجہ بنانے کا ارادہ کیا تو دریودھن نے اسکی سخت مخالفت کی اور پانڈوں کو بن باس جانا پڑا - جب پانڈو واپس آئے اور اندرپرست میں آباد ہوئے تو اسنے انہیں بلاکر جوئے میں انکی ساری سلطنت بلکہ بیوی تک جیت لی - دھساسن دریودھن کا بھائی دروپتی کو بالوں سے پکڑ کر کھینچتا ہوا بھری مجلس میں لے آیا اور دریودھن نے اسے اپنی پنڈلی پر بیٹھنے کے لئے کہا - اسپر بھیم نے قسم کھائی کہ وہ ایک دن اسکی پنڈلی توڑے گا - پانڈوں کو اس کے بعد پھر بن باس میں جانا پڑا - انکی واپسی پر جنگ کی تیاریاں ہوئیں اور دونوں فریق کرشن جی کی امداد کے لئے گئے دریودھن نے فوج مانگی اور یدھشٹر نے کرشن جی کو خود

آنے کے لئے کہا۔ چنانچہ ۱۸ دن کی جنگ کے بعد دریودھن کی فوج کو شکست ہوئی۔ یہ بھاگ کر ایک جھیل میں جا چھپا۔ مگر اسے وہاں سے نکالا گیا۔ اور بھیم کے اور اس کے درمیان جنگ ہونا قرار پایا۔ بھیم نے دھوکے سے اسکی پنڈلی توڑ ڈالی اور یہ میدان میں پڑا رہ گیا۔ رات کو اسوتھامن اور دو دوسرے شخص جو اس کی فوج میں سے بچے تھے۔ اس کے پاس آئے اسنے انکو ہدایت کی کہ رات کو جا کر پانڈوں کو قتل کریں۔ انہوں نے پانڈوں کے پانچ بیٹوں کو قتل کر کے انکے سر دریودھن کو لا کر دئے۔ دریودھن جان کندنی کی حالت میں تھا۔ اسنے بھیم کا سر مانگا اور اسکو زور سے دبایا تو وہ پھوٹ گیا۔ اسپر اسنے کہا کہ میری دشمنی پانڈوں کے ساتھ تھی ان بے گناہوں کے ساتھ نہ تھی۔ اس کے بعد اس نے جان دیدی۔ اسے سیودھن بھی کہتے ہیں۔

دَرِیُوزہ گری (ف۔ مذکر) گدائی۔ فقیری۔ بھیک مانگنا۔

دڑاڑ۔ دڑاڑا (ہ۔ مونث) دیکھو دراڑ۔

دَڑبا (ہ۔ مذکر) ۱ مرغیوں اور کبوتروں کا گھر۔ کابک ۲ (طنزاً) مکان۔ جھونپڑا۔ (س دَرَ) **دڑبا کھول دینا** (متعدی) کسی کام کی آزادی دینا۔ کوئی کام بے روک ٹوک کرنا۔ **دڑبے دڑبے** (ندا) آواز جو مرغیوں یا کبوتروں کو دی جاتی ہے کہ آکر دڑبوں میں گھسیں۔ خانے خانے۔ **دڑبے دڑبے کرنا** (متعدی) مرغیوں کو آواز دے کر دڑبے میں بند کرنا۔

دَڑبڑا (ہ۔ امر) دڑبڑانا کا۔ **دڑبڑا لینا۔ دڑبڑانا** (متعدی) ۱ جھوٹا بیان کرنا۔ اصل واقعات کو پھیر پھار کر بیان کرنا ۲ ڈرا کر گھبرا دینا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا ۳ جھوٹا ٹھیرانا ۴ الزام لگا کر عاجز کر دینا۔

دڑدڑی (ہ۔ مونث) کمہاروں کی اصطلاح۔ کنکر۔ ٹھیکرے کھپرے وغیرہ۔

دَڑڑ (ہ۔ مذکر) ۱ سخت بیوقوف۔ ۲ سیلاب یا طوفان نالے یا دریا کا ۳ آبشار۔

دَڑکنا (ہ۔ لازم) ۱ ترقنا۔ پھوٹنا۔ ٹوٹنا ۲ منہ بہت کھولنا ۳ لالچ سے کھانا۔

دَڑنگا (ہ۔ مذکر) ۱ لمبا قدم ۲ لمبے لمبے ٹانکے۔ **دڑنگے لگانا** (متعدی) ۱ لمبے لمبے ٹانکے بھرنا ۲ (ہ۔ متعدی) آوارہ پھرنا۔ اچھلتے کودتے پھرنا۔

دَڑوکنا (ہ۔ مذکر) سانڈ کا بولنا۔ ڈکارنا۔

دَڑھ (ہ۔ مونث) داڑھی کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **دڑھ منڈا** (مذکر) داڑھی منڈانے والا۔ **دڑھیل۔ دڑھیالا۔** (مذکر) بڑی داڑھی والا۔

دَڑیڑا (ہ۔ مذکر) ۱ بہاؤ کا زور۔ ۲ زور کا مینہ ۳ سخت حملہ۔

دِز (ف۔ مذکر) ۱ قلعہ ۲ شہر۔ دزِ سفید (مذکر) ایک قلعہ جس کا ذکر شاہنامہ میں آتا ہے۔

دُزد (ف۔ مذکر) چور۔ سارق۔ **دزدِ حنا** (مذکر) حنا کا چور۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جاتی ہے۔ **دزدی** (مونث) چوری۔ **دزدیدہ** (صفت) چرایا ہوا۔ **دزدیدہ نظر یا نگاہ** (مونث) کن انکھیوں سے دیکھنا۔

دِزفول (ایران) ۱ خوزستان میں ایک ضلع۔ **دُزمار** (ایران) ایک مقام جو سیسے اور لاجورد کے لئے مشہور ہے۔

دَس (ہ۔ صفت) ۱ نو اور ایک ۱۰۔ عـہ۔ دَہ ۲ چند (س دَشَ) **دس باتیں سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) برا بھلا سننا۔ **دس بیس یا پانچ** (صفت) چند۔ **دس پو** (مذکر) پانسوں کا اس طرح کھنا کہ ایک پر ایک اور دو پر پانچ پانچ داڑے نظر آئیں۔ **دس طرح (طور) کی باتیں** (مونث) مختلف قسم کی باتیں۔ **دس کی دو کہنا** (لازم) زیادہ تعداد کو گھٹا کر بیان کرنا۔ **دس گز (ہاتھ) کی زبان ہے** (عو) بہت زباندراز ہے۔ **دس گنا** (صفت) دہ چند۔ **دس گھرا** (مذکر) لڑکیوں کا ایک کھیل۔ **دس گھر مانگنا** (متعدی) دربدر بھیک مانگنا۔ **دس لین کا لیمپ** (مذکر) دس بتی کی روشنی کا لیمپ۔ **دس میں** (تقف) مجمع میں۔ **دسواں** (صفت) ۱ نو کے بعد کا۔ دس کے متعلق ۲ (مذکر) میت کی دسویں دن کی فاتحہ۔ **دسواں دوار کھل جانا** (ہ) ۱ دماغ پھٹ جانا۔ بھیجا کھل جانا۔ ۲ دماغ کو خبر ہو جانا۔ کسی چیز کی نہایت تیزی معلوم ہونا۔ **دسوں** (صفت) پورے یا تمام دس۔ دس کے دس۔ **دسوں انگلیاں** (مونث) ہر فن میں کامل۔ **دسَوندھ** (مذکر) بچے کے دسویں سال کی سالگرہ۔ **دسوندھی** (مذکر) ۱ وہ بچہ جس کے دس سال پورے ہو گئے ہوں ۲ ہندو اور مسلمانوں میں ایک نام۔ **دسویں** (صفت) دس سے نسبت رکھنے والا۔ **دسویں** (مونث) دس تاریخ۔

امثال واقوال۔ دس انگلی دس چراغ۔ دیکھو دسوں انگلیاں الخ۔ **دس برس گھٹا ہی کے دیکھتے ہیں۔** اپنی چیز کو تھوڑا ہی ظاہر کرتے ہیں۔ **دس دن چلے اڑھائی کوس** سخت کاہلی اور سستی ہے۔ **دس دیں گے دس دلائیں گے دس کا دینا ہی کیا ہے۔** دینا لینا کچھ نہیں زبانی جمع خرچ ہے۔ **دس فقیروں کو نہ دیا ایک تکیہ دار کو دیدیا۔** خوشحال کو خیرات دینا۔ **دس کماتے تھے بیس کھاتے تھے۔ برسات کے بعد گھر آتے تھے۔** بہت فضول خرچی کرتے تھے۔ **دس کی لاٹھی ایک کا بوجھ۔** بہت سے آدمی تھوڑا تھوڑا سلوک کریں تو ایک کی حاجت رفع ہو جاتی ہے۔ **دس نکٹوں میں ایک ناک والا (بھی) نکّو (ہو جاتا ہے)** بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب۔ عیبدار شمار ہوتا ہے۔

بے عزتوں میں عزت دار بدنام ہو جاتا ہے۔ دسوں انگلیاں دسوں چراغ (عو) بہت ہنرمند ہے۔

دِس-دِسا (ھ- مونث) ۱ پہلو۔ طرف ۲ پاخانہ۔ ٹٹی۔ دسا کرنا (متعدی) سفر کرنا۔

دَسا (ھ- مونث) دیکھو دشا- دسا بنانا (متعدی) حالت بنانا۔ گت بنانا۔

دَسّا (ھ- مذکر) ویش قوم کی ایک گھٹیا ذات۔

دَساتیر (ف- مذکر) ۱ دستور کی جمع۔ نقول۔ نمونے۔ نظیریں۔ مثالیں ۲ پارسیوں کی مقدس کتابیں۔

دُساد- وسادھ (ھ- مذکر) ہندوں کی ایک نیچ قوم جو سور رکھتے ہیں اور لاشوں کو لے جاتے ہیں اور پرانے زمانے میں جلاد کا کام کرتے تھے۔

دَسارھ (س- مذکر) ۱ قوم جن کے راجہ کرشن جی تھے یہ یادو قوم کی ایک شاخ تھی ۲ کرشن جی کا لقب۔

دِساوَر (ہ- مذکر) ۱ غیر ملک یا ممالک ۲ غیر ملک کی منڈی ۳ وہ جگہ جہاں ہر ایک چیز فروخت کے لئے جمع کریں۔ منڈی ۴ سوداگری کا مال جو ملک غیر سے آئے (س دیش ملک- اَور- دوسرا) دساور آنا (لازم) باہر سے مال کا آنا۔ دساور چڑھنا (لازم) ۱ ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا ۲ گرانی ہونا۔ دساور (کو) بھرنا (متعدی) مال باہر بھیجنا۔ دساور کی مانگ ہونا (لازم) ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا۔ دساوری (صفت) ۱ ممالک غیر کا۔ بدیسی۔ باہر سے آیا ہوا ۲ (مذکر) ممالک غیر کا آدمی۔ پردیسی ۳ ایک قسم کا کبوتر ۴ ایک قسم کا پان۔ دساوری مال (مذکر) ۱ باہر جانے والا سوداگری کا مال ۲ بھرتی کا مال۔

دَس پَلہ (ہند) اڑیسہ میں ایک ریاست۔

دَسپَنا (ف- مذکر) دست پناہ کا مخفف۔ چمٹا۔

دَست (ف- مذکر) ۱ ہاتھ۔ ید ۲ پنجہ ۳ ایک ماپ ۴ خلعت ۵ زرہ ۶ کوئی مکمل چیز جیسے مکان مع دفتر اصطبل وغیرہ ۷ پتلا پیخانہ۔ اسہال ۸ نوبت۔ دفعہ۔ موقعہ ۹ چوپائے کے اگلے پاؤں ۱۰ دستہ ۱۱ ہاتھ کی شکل کا پتا ۱۲ پنجہ مرجاں ۱۳ تعداد۔ عدد۔ مرغان شکاری کے واسطے ۱۴ وہ جگہ جہاں سب سے عزیز مہمان کو بٹھائیں ۱۵ گدیلا جس پر وہ بیٹھے ۱۶ وزیر اعظم ۱۷ طاقت۔ قوت ۱۸ خوبی۔ فضیلت۔ برتری ۱۹ فتح ۲۰ فائدہ۔ نفع ۲۱ طریقہ۔ طور ۲۲ پہلو۔ طرف ۲۳ اختتام۔ حد ۲۴ کام۔ پیشہ۔ محنت ۲۵ برابر۔ ہم پلہ ۲۶ پاسے کا ہاتھ ۲۷ مالگذاری جو حقیقت میں اکٹھی کی جائے۔ سست کے برخلاف جو مقرر کی جائے۔ (س ہست ژند۔ زست) دستِ آخیر (مذکر) ۱ آخری بار آخری دفعہ ۲ پاسے کا آخری ہاتھ۔ دست آزما (صفت) ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار۔ دست آزمائی (مونث) مشق۔ تجربہ۔ دست آشنا (مذکر) بیچ میں پڑنے والا۔ بچولیا۔ دست آموز (صفت) ۱ ہاتھ پر سکھایا ہوا۔ ہلایا ہوا۔ پالتو ۲ کام کا۔ آرام کا ۳ کاریگر۔ دستکار۔ دست آنا (لازم) پتلے پاخانے آنا۔ اسہال ہونا۔ بدہضمی ہونا۔ دست آور (صفت) دست لانے والی (دوا) دست آور دوائی (مونث) جلاب۔ مسہل۔ دستِ ادب باندھنا (متعدی) ادب سے ہاتھ باندھنا۔ دست استقلال سے دامن صبر چھوڑنا (متعدی) بے صبر ہونا۔ گھبرا جانا۔ دستِ افسوس (مذکر) غم کا ہاتھ۔ وہ ہاتھ جو غم کی وجہ سے دوسرے پر ملا جائے۔ دست افسوس ملنا (لازم) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔ دست افشار (صفت) ۱ ہاتھ سے دبجانے والا ۲ (مذکر) ایک قسم کا نرم سونا جو ہاتھ سے دبجائے ۳ اس کی بنی ہوئی گیند۔ دست افشاں (صفت) ناچنے والا۔ رقاص۔ دستِ افگن (مذکر) ۱ نوکر ۲ نشانی ۳ (صفت) مشغول ۴ کمزور۔ دستِ امتحان (مذکر) طاقت کی آزمائش۔ دست انداز (صفت) ۱ کسی کام میں دخل دینے والا۔ خلل انداز ۲ مزاحم۔ دست اندازی (مونث) ۱ ہاتھ ڈالنا۔ مداخلت۔ دخل ۲ مزاحمت (کرنا ہونا کے ساتھ) دستاویز (مونث) ۱ نوشتہ۔ تحریر ۲ تمسک۔ قبالہ۔ سند ۳ نشانی کی کوئی چیز ۴ تحفہ جو کسی کے ہاتھ میں کسی کام کے لئے دیا جائے۔ دست بادپیما (مذکر) ہاتھ جو ہوا میں ہلے جیسے شرابیوں کا۔ دست باز (صفت) ۱ چالاک ہوشیار۔ کاریگر ۲ وہ جو سب کچھ خرچ کر دے ۳ شطرنج کا کھلاڑی۔ دست بازی (مونث) ہاتھا پائی (کرنا ہونا کے ساتھ) دست بخیر (کلمۂ دعا) ہاتھ خیر سے لگے۔ جب کسی کو بیماری کی جگہ اپنے یا کسی دوست کے بدن پر بتاتے ہیں تو کہتے ہیں۔ دست بدست (صفت) ہاتھوں ہاتھ۔ جلد (آنا پہنچنا۔ چلنا۔ دینا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) دست بدعا (صفت) ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے ہوئے (ہونا کے ساتھ) دست بُرد (مونث) ۱ غبن۔ خیانت۔ تصرف بیجا ۲ لوٹ مار۔ لوٹ کھسوٹ۔ غصب ۳ فضیلت۔ برتری۔ فتح (لڑائی مقدمے کھیل وغیرہ میں) دست بردار (صفت) چھوڑنے والا۔ باز آنے والا (ہونا کے ساتھ) دست داری (مونث) ۱ علیحدگی۔ برطرفی ۲ چھوڑ دینا۔ ترک۔ تیاگ (دینا کے ساتھ) دست برد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) لوٹ مار ہونا۔ دست بُردی (مونث) دست برد (کرنا ہونا کے ساتھ) دست برِنجن (مذکر) کنگن۔ دست بستہ (تف) ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ منت کر کے۔ کمال اطاعت کے ساتھ۔ دست بسر ہونا (لازم) سر پر ہاتھ رکھ کر سلام کرنا۔ دست بقبضہ ہونا (لازم) لڑنے کے لئے تیار رہنا۔ دست بقچہ (مذکر) چھوٹی بقچی۔ جو اپنے پاس رکھی جائے۔ دست بند (مذکر) ۱ موتی اور جواہرات کا لچھا جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں ۲ ایک سونے چاندی کا زیور جو ہاتھ کی پشت پر پہنا جاتا ہے ۳ ایک قسم کے کڑے ۴ ایک ناچ جس میں ہاتھ ملاتے ہیں۔ دست بندی (مونث)

وہ طریقہ جس پر کتے وغیرہ بیٹھتے ہیں ۲ قید۔ روک ۳ عجز۔
انکسار۔ دست بندھک (مونث) رہن۔ گروی۔
دست بوس ہونا (لازم) ۱ ہاتھ چومنا ۲ ملاقات کرنا۔
دست بوسی (مونث) ہاتھوں کو چومنا (کرنا ہونا
کے ساتھ) دست بدعا۔ دیکھو دست بدعا۔ دست
بیع ہونا (لازم) مرید ہونا۔ چیلا ہونا۔ دست
پاچہ ہونا (لازم) سٹ پٹانا۔ دست پاک
(مذکر) رومال۔ وہ کپڑا جس سے کھا کر ہاتھ پونچھتے ہیں۔
دست پرور (دہ) (صفت) ہاتھ کا پلا ہوا۔ نازو
نعمت کا پلا ہوا۔ دستِ پس (مذکر) ۱ کسی کام کا
اختتام ۲ پاسے میں جو رقم ہاری جائے ۳ تخت۔ نیچی
نشست۔ دست پسیں (مذکر) آخری ہاتھ پاسے کا
دست پناہ (مذکر) چمٹا۔ دست پیرہن (مذکر)
آستین۔ دست تاسف ملنا (متعدی) افسوس
کرنا۔ دستِ تہی (مذکر) خالی ہاتھ۔ دست جام
(مذکر) مکمل خلعت۔ دست چالاک (صفت)
۱ چابکدست ۲ چور۔ آنکھ بچا کر چرا لینے والا۔ دست
چالاکی (مونث) ۱ چوری۔ ہاتھ کی صفائی ۲ داؤں
کرنے کی پھرتی ۳ خانہ جنگی ۴ دو شخصوں کی لڑائی۔ دستِ
چپ (مذکر) ۱ بایاں ہاتھ ۲ (صفت) بائیں طرف
دست چھوٹنا (لازم) دست آنا۔ دست خانہ
(مذکر) مکمل گھر۔ دست خر (مذکر) گدھے کا کیر۔
گالی۔ دستخط (مذکر) ۱ اپنا نام اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا۔
العبد ۲ نوشتہ۔ تحریر اپنے ہاتھ کی ۳ کسی کے نام کی نشانی
یا علامت اس کے اپنے قلم سے (دینا۔ کرانا۔ کرنا۔ لینا۔
ہونا کے ساتھ) دستِ خطر (مذکر) ۱ پاسے کا ہاتھ
جسپر بہت سا مال لگا ہو ۲ اونچی اور خطرناک جگہ۔ دستخطی
(صفت) ۱ ہاتھ کا لکھا ہوا ۲ دستخط کیا ہوا۔ دست
خون (مذکر) ۱ شطرنج کی آخری چال ۲ ایک کھیل جس
میں ہار رہی ہوئی پارٹی اپنے عضو بدل دیتی ہے ۳ تخت جسپر
قبضہ کرنے کے لئے بہت خون کرنے پڑیں۔ دست
دراز (صفت) ۱ بیباک۔ نڈر ۲ جو ہر کسی کو مارے
۳ ظالم ۴ بے رحم۔ دست درازی (مونث) ۱ مار

پیٹ ۲ بیباکی ۳ مداخلت بیجا۔ دخل ۴ زیادتی ۵ ظلم۔
ستم ۶ عورت پر ہاتھ ڈالنا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ)
دستِ دعا (مذکر) دعا کے لئے ہاتھ۔ دعا کا ہاتھ۔
(اٹھانا۔ اٹھنا کے ساتھ) دست دہی (مونث)
۱ امداد۔ مدد ۲ اقرار یا وعدے پر ہاتھ دینا۔ دستِ
راست (مذکر) ۱ دایاں ہاتھ ۲ فوج کا دایاں
بازو ۳ تحفہ۔ عطیہ ۴ حامی۔ مددگار ۵ وزیر اعظم۔
دستِ رخت (مذکر) سفر کے کپڑے۔ دسترس
(مذکر و مونث) ۱ پہنچ۔ رسائی ۲ بساط۔ حیثیت ۳ طاقت
قدرت۔ مقدور۔ قابلیت ۴ مہارت۔ مشق۔ چابکدستی
۵ مدد۔ امداد ۶ (صفت) پہنچ میں۔ طاقت میں ۷ قابل۔
۸ حاصل شدہ۔ ملا ہوا (پانا ہونا کے ساتھ) دسترس
پہنچنا یا چلنا (لازم) قابو پانا یا چلنا۔ دسترس حاصل
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مہارت ہونا۔ مشق
ہونا۔ دستِ رنگیں (مذکر) مہندی لگے ہوئے
ہاتھ۔ دست ساز (صفت) ہاتھ کی بنائی ہوئی
چیز۔ دست سبو (مذکر) دستا گھڑے یا ٹھلیا کا۔
دست سلح (مذکر) مکمل زرہ۔ دست شانہ
(مذکر) ۱ ایک قسم کی کنگھی جس سے ریشم صاف کرتے
ہیں ۲ کنگھی۔ دستِ شفا (مذکر) وہ ہاتھ جو صحت
بخشے۔ حکیم کے متعلق کہتے ہیں۔ جس کے ہاتھ سے بہت
مریض اچھے ہوں۔ دستِ شفا پھیرنا (متعدی)
اچھا کر دینا۔ دستِ شفقت (مذکر) ۱ پیار کا ہاتھ
۲ مہربانی۔ عنایت۔ لطف ۳ (طنزاً) مار پیٹ۔ ظلم۔
(پھیرنا کے ساتھ) دستِ طلب (مذکر) ۱ مانگنا ۲
حاجت ضرورت۔ دست طلب دراز کرنا۔
(متعدی) ہونا (لازم) مانگنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
دست طنبورہ (مذکر) طنبور کی گردن۔ دستِ
غارت دراز کرنا (متعدی) لوٹنا۔ دستِ
غیب (مذکر) وہ آمدنی جو غیب سے بغیر کسی ظاہر
ذریعے کے ہو۔ دست فروش (مذکر) وہ شخص جو
چیزیں ہاتھ میں لے کر بازار میں بیچتا ہے۔ خوردہ فروش
دست فروشی (مونث) خوردہ فروشی۔ نقد بیچنا۔

دستِ قدرت (مذکر) طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔
اختیار۔ بس۔ قابو۔ دست قلم (صفت) ۱ ہاتھ
کٹا ہوا ۲ مصنف۔ محرر۔ کاتب ۳ پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ۔
خوشنویس اور خواندہ۔ دست کار (مذکر) ۱ کاریگر
۲ وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو ۳ وہ شے جسپر
ہاتھ کا کام بنا ہو۔ دستکاری (مونث) ۱ ہنر۔
کاریگری۔ ہاتھ کا کام ۲ عمل جراحی ۳ چابکدستی۔
دستکش (صفت) ۱ کسی کام سے ہاتھ کھینچ لینے والا
یا علیحدہ ہو جانے والا ۲ باز رہنے والا۔ تعلق نہ رکھنے
والا (ہو جانا ہونا کے ساتھ) دست کشی (مونث)
ہاتھ کھینچ لینا۔ تعلق نہ رکھنا۔ دست کوتاہ کرنا
(متعدی) ہاتھ روک لینا۔ دست کھینچنا (لازم)
ہاتھ کھینچنا۔ کنارہ کش ہونا۔ دستگاہ۔ دستگہ (مذکر)
۱ قدرت۔ طاقت ۲ مہارت۔ مشق (حاصل ہونا۔
ہونا کے ساتھ) دست گرداں (مذکر) قرضہ
بغیر تحریر کے۔ ادھار بلا تحریر (دینا لینا کے ساتھ)
دست گرفتہ (صفت) جسکی مدد کی جائے۔ دستگی
(مونث) ۱ دستہ دار لوٹا جس سے وضو کرتے ہیں
۲ تلوار کا تسمہ یا بیڑا جو دستے کے ساتھ لٹکا رہتا ہے
۳ وہ چیز جو گرفت کے واسطے لگی ہو۔ دستہ ۴ کپڑا جو
حقے میں مہنال سے بالشت تک باندھتے ہیں کہ تری کا
اثر پہنچے ۵ دستانہ جسپر شکاری پرند کو بٹھلاتے ہیں
۶ تھیلا جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔ دستگیر (صفت)
مددگار۔ حامی۔ دستگیری (مونث) معاونت۔ مدد۔
حمایت (کرنا ہونا کے ساتھ) دست لاف (مذکر)
پہلی نقدی جو صبح کو ملے۔ بوہنی۔ دست لگنا (لازم)
دست آنا متواتر۔ اسہال ہونا۔ دست مال۔
(مذکر) برتن صاف کرنے کا کپڑا۔ صافی۔ دست
ماہاں (مذکر) معشوق یا ساقی کا ہاتھ۔ دستِ
مجلس (مذکر) مجلس میں عزت کی جگہ۔ دستِ
موسیٰ (مذکر) سورج۔ دست نگر (صفت)
محتاج۔ حاجتمند (رہنا ہونا کے ساتھ) دست و
بغل (مذکر) بغل گیر (ہونا کے ساتھ) دست و

پا (مذکر) ہاتھ پاؤں - دست و پا پھول جانا (لازم) سٹ پٹا جانا - گھبرا جانا - دست و پا شکستہ (صفت) بے یار و مددگار - کمزور - ناتوان - دست و پا کی قوت جاتی رہنا (لازم) بے حس و حرکت ہو جانا - دست و پا ہلانا (لازم) حرکت کرنا - ہلنا جلنا - دست و پا مارنا (متعدی) بہت کوشش کرنا - دست و پا میں مہندی رچانا (متعدی) ہاتھ پاؤں میں مہندی کا رنگ ہونا - دست و قلم (صفت) دیکھو دست قلم - دست و گریباں ہو جانا (لازم) لڑنا - ہاتھا پائی ہونا - دستِ ہوس بڑھانا (متعدی) بڑھنا (لازم) ۱ حرص ہونا - لالچ ہونا ۲ عورت کے پستانوں پر ہاتھ پڑنا - دستہ (مذکر) دستی (مونث) دیکھو علیحدہ - دستیاب (صفت) حاصل - میسر - پایا ہوا - وصول - دست یارا (مذکر) سونے چاندی کا زیور - دستیاری (مونث) ۱ مدد - امداد ۲ بچاؤ - حفاظت ۳ قوت - طاقت -

امثال و اقوال - دست بکار دل بیار - کام کرتے ہوئے دھیان دوسری طرف ہوتا ہے - دستِ خود دہانِ خود - اپنا ہاتھ اور اپنا منہ جتنا دل چاہے لو - دستِ خود دہانِ خود گر نہ خورد زیانِ خود - اپنی مرضی کے موافق لینے میں مطلب درست حاصل ہوتا ہے - اب بھی اگر فائدہ نہ اٹھائے تو اس کا اپنا قصور ہے - دست شکستہ وبالِ گردن - مجبور کو سہارا دینا وبال مول لینا ہے -

دستا (ف - مذکر) ۱ رومال - تولیہ - ۲ ایک کپڑا جو پگڑی کے گرد باندھتے ہیں -

دستا (س - مذکر) جست -

دستار (ف - مذکر) ۱ پگڑی - عمامہ - ۲ دیکھو دستا - دستار باندھنا یا بنانا (متعدی)، بندھنا (لازم) پگڑی سر پر خوبصورتی سے لپیٹنا - دستار بدل (مذکر) پگڑی بدل بھائی - دستار بزرگ (مذکر) دلال - بھڑوار - دستار بست (مذکر) ململ کی پگڑی - دستار بند (صفت) پگڑی باندھنے کا پیشہ کرنے والا شخص - دستار بندی (مونث) مسلمانوں میں ایک رسم - جب کوئی مر جاتا ہے - تو اسکے بیٹے یا وارث کو پگڑی بندھاتے ہیں (ہونا کے ساتھ) دستارچہ (مذکر) ۱ چھوٹی پگڑی ۲ دیکھو دستا - دستارِ فضیلت (مذکر) پگڑی جو تعلیم ختم کرنے کے بعد باندھتے ہیں - دستار کرنا (مت) دستار باندھنا - دستار کے پیچ (مذکر) پگڑی کے چکر جو ایک دوسرے پر آتے ہیں -

امثال - دستار گفتار اپنے ہی کام آتی ہے - اپنی پگڑی اور اپنی گفتگو اپنے مطلب کے موافق ہوتی ہے - دستار رفتار گفتار جدی جدی - دنیا میں ہر شخص دوسرے سے مختلف ہے -

دستاران (ف - مذکر) پیشگی - وہ روپیہ جو کام سے پہلے دیا جائے -

دستان (ف - مذکر) ۱ داستان ۲ نغمہ - آواز ۳ ساز کی چابی ۴ فضول گفتگو ۵ دھوکا - دغا - فریب ۶ ایک جادوگر کا نام ۷ ایک مقام سمرقند کے قریب ۸ رستم کے باپ زال کا لقب ۹ رستم کا لقب -

دستانہ (ف - مذکر) ۱ ہاتھ میں پہننے کا بنا ہوا یا چمڑے کا غلاف ۲ ایک لوہے کی زرہ جو ہاتھ پر پہنتے تھے ۳ تلوار کا قبضہ (دست سے) دستانہ مارنا (متعدی) اگر تلوار لگ جاتی تو اسے دستانے ۲ والا ہاتھ مار کر زخم سے نکال دیتے تھے اسے دستانہ مارنا کہتے تھے -

دسترخوان (ف - مذکر) دستار خوان کا مخفف - رومال جس پر کھانا چنتے ہیں - دسترخوان بڑھانا (متعدی)، بڑھنا (لازم) کھانے کے بعد دسترخوان اٹھنا - دسترخوان پر چننا یا لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) کھانا دسترخوان پر رکھا جانا - دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا (متعدی) جب کھانا چنا ہوا ہو اور کوئی کھانے پر نہ بیٹھے تو کہتے ہیں - دسترخوان کرنا (متعدی) بزرگانِ دین کی نذر نیاز کرنا یا فاتحہ کا کھانا کھلانا - دسترخوان کی بلی (مونث) ۱ وہ بلی جو کھانا کھانے کے وقت آموجود ہو ۲ کام چور مگر کھانے کے وقت آموجود ہونے والا آدمی - دسترخوان کی مکھی (مونث) ہر وقت کھانے پر موجود ہونے والا - بن بلایا مہمان -

امثال و اقوال - دسترخوان پر چٹنی - سیج پر نٹنی - خوب لذت دیتی ہے - دسترخوان کے بچھانے میں سو عیب نہ بچھانے میں ایک عیب - اگر لوگوں کو کھانا کھلایا جائے تو سیکڑوں نقص نکالتے ہیں - اگر نہ کھلایا جائے تو ایک ہی نقص ہے نہ کھلانا -

دستک (ف - مونث) ۱ تالی - ہاتھ پر ہاتھ مارنا ۲ کسی چیز پر ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے - جیسے دروازے پر ۳ دستہ ۴ پروانہ راہداری ۵ محصول ۶ مہری کاغذ جو حاکم کے حکم سے لکھا جائے ۷ سمن - وارنٹ حکمنامہ ۸ فیس جو سمنوں کی تعمیل کے لئے دی جائے و کمیشن - دستوری ۹ قرقی (دست سے) دستک آنا (لازم) قرقی ہونا - دستک باندھنا (متعدی) ۱ محصول لگانا ۲ بے ضرورت خرچ کرنا - دستک پیادہ (مذکر) وہ چپراسی جو مالگزاری وصول کرنے - قرقی کرنے سمن یا وارنٹ کی تعمیل کرنے جاتا ہے - دستک چٹھی (مونث) پروانہ راہداری - دستک دینا (متعدی) ۱ تالی بجانا - بلانا ۲ دعائیں یا منتر پڑھ کر تالی بجانا ۳ دروازہ کھٹکھٹانا - دستک سوار (مذکر) وہ سوار جو مالگزاری وصول کرنے یا قرقی کرنے جائے - دستک لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) ۱ محصول لگنا ۲ سمن دروازے پر لگنا -

دستم خاں (- ۱۵۸۰) بن رستم خاں ترکستانی - اکبر کے زمانے میں سہ ہزاری امیر تھا - بہاری مل کے تین بھتیجوں کے ساتھ جنگ میں سخت زخمی ہو کر بعد میں مر گیا - وہ تینوں لڑائی میں مارے گئے -

دستبند (ف - مذکر) ایک قسم کا ناچ -

دَستَنبو (ف - مذکر) دست انبوی کا مخفف - چھوٹا پھل جو خوشبو کے لئے ہاتھ میں رکھتے ہیں - **دستنبو اچھالنا** (متعدی) خوشی میں دستنبو کو ہوا میں پھینکنا اور پھر پکڑنا -

دَستُور (ف - مذکر) ۱ طرز - روش - ۲ قاعدہ - قانون ۳ رسم - رواج ۴ وزیر - مشیر ۵ نمونہ - مثال ۶ کمیشن - دستوری ۷ ضلع - پرگنوں کا مجموعہ ۸ پارسیوں کا ملا (دست سے) **دستورات** (مذکر) جمع دستور کی - **دستور العمل** (مذکر) ۱ قانون - قاعدہ ۲ رواج ۳ قانون کی کتاب ۴ سلطنت کا طریقہ - اصول قوانین ریاست **دستور باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) قاعدہ مقرر ہونا - قانون ٹھہرنا ۲ معمول بندھنا - عادت پڑنا - **دستور جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ قاعدہ مقرر ہونا ۲ رواج پڑنا - **دستور موافق** (صفت) رواج کے مطابق - بادستور - **دستور ہونا** (لازم) رواج ہونا - **دستوری** (مونث) ۱ وہ حق جو ملازم اپنے آقا کی خریداری کی بابت بیچنے والے سے لے ۲ فیس کمیشن ۳ اجازت - رخصت (دینا - لینا - مانگنا کے ساتھ) **دستوریا** (مذکر) دستوری لینے والا - **دستوری کا ٹکا مل گیا** - سزا پائی - اپنی سزا کو پہنچ گیا - **دستوری ہیں** (تف) رواجاً - معمولی طور پر -

دَستہ (ف - مذکر) ۱ لکڑی کا ٹکڑا جو کسی لوہے کے اوزار کے ساتھ پکڑنے کیلئے لگا ہو ۲ کوئی چیز جو کسی اور چیز کے ساتھ پکڑنے کیلئے لگی ہو ۳ فوج کا ایک حصہ - گارد - برگیڈ ۴ کئی ایک قسم کی چیزیں بندھی ہوئیں - بنڈل ۵ کاغذ کے چوبیس تختے ۶ سنجاف - حاشیہ - توئی ۷ کھرل کا موسل ۸ ایک قسم کا تکمہ جو قبا پر سیتے ہیں - ۹ پھولوں کا گچھا - گلدستہ ۱۰ ریشمی دھاگے کا گچھا - پیچک - ۱۱ ۲۴ تیروں کا مٹھا ۱۲ پھولوں کا تختہ ۱۳ لوگوں کا گروہ - ۱۴ آہنی موسل - جیسے ہاون کے ساتھ دستہ ۱۵ کھرل کا موسل (دست سے) **دستۂ ریسماں** (مذکر) ریل جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں - **دستۂ ساعت** (مذکر) گھڑی کے بارہ نشان - **دستۂ کالسکہ** (مذکر) گاڑیوں کی قطار - **دستۂ گل** (مذکر) ۱ گلدستہ ۲ سورج - دستہ مروارید (مذکر) موتیوں کا ہار -

دَستی (ف - صفت) ۱ ہاتھ کے متعلق ۲ ہاتھ کے ذریعے - ہاتھ سے ۳ (مونث) مشعل فلیتہ ۴ چھوٹا دستہ - چھوٹا قبضہ ۵ کشتی کا ایک داؤں جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے ۶ چھوٹا سا قلمدان جو ہاتھ میں رہے ۷ وہ تحفہ جو راجے دسہرے کے دن سرداروں وغیرہ کو دیتے ہیں ۸ پیالہ یا گلاس مٹی کا جس کے دو دستے ہوتے ہیں ۹ ایک بڑا برتن جس میں کپڑے دھوتے یا کھال صاف کرتے ہیں ۱۰ مدد - امداد ۱۱ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے - جیسے چابکدستی - تیز دستی (دست سے) **دستی بھیجنا** (متعدی) کسی کے ہاتھ خط یا کوئی چیز بھیجنا - **دستی پروانہ** (مذکر) وہ پروانہ جو کسی کے ہاتھ بھیجا جائے - **دستیاں پھونکنا** (لازم) مشعلیں جلانا - **دستی حکم** (مذکر) وہ حکم جو کوئی شخص لے کر آئے - **دستی کرنا** (متعدی) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا -

دَستخط (ف - مذکر) دستخط -

دُسرا (ہ - صفت) دوسرا کا مخفف - **دُسرا تیسرا کے** (تف) دوسری تیسری بار - بار بار **دسرا کر یا کے** (تف - عو) ۱ دہرا کے - پھر - مکرر ۲ پہلے کیے ہوئے کے خلاف - **دسرانا** (متعدی) دوہرانا - بار بار کہنا - مگر سوائے اوپر کے محاوروں کے اور کہیں استعمال نہیں ہوتا -

دُسران (ہ - مذکر) کشتی کا ایک پیچ -

دُسراہٹ (ہ - مونث) دو آدمی اکٹھے ہونا - رفع تنہائی -

دُسَرَتھ (س - عص) اجا کا بیٹا - اکشواکو کی نسل سے سورج بنسی خاندان کا اجودھیا کا راجہ تھا - اس کی تین بیویاں تھیں مگر اولاد نہ ہوتی تھی - اسنے اسومیدھ جگ کیا اور تینوں بیویاں ساری رات مذبوحہ گھوڑے کے پاس بیٹھی رہیں - تینوں حاملہ ہوئیں اور کوشلیا کے یہاں راجہ رامچندرجی - کیکئی کے یہاں بھرت جی اور سمترا کے یہاں لچھمن جی اور سترگن جی پیدا ہوئے - جب رامچندرجی جوان ہوئے تو اس نے انہیں یووراجہ بنانا چاہا - مگر کیکئی نے چالاکی سے رامچندرجی کو بن باس دلایا - یہ غم میں فوت ہوا -

دَسقیُورُوطُوس (یو) ایک یونانی ماہر علم نباتات -

دَسکَرہ (عراق) بغداد کے شمال مشرق میں ایک قصبہ - اسے دستجرد بھی کہتے تھے -

دَسَم (ہ - صفت) دسواں -

دَسمی (مونث) قمری مہینے کا دسواں دن -

دِسَمبر (انگ - مذکر) انگریزی سال کا بارھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے -

دَسَن (ہ - مذکر) دانت -

دَسنا (ہ - لازم) ۱ دکھائی دینا - نظر آنا ۲ ظاہر ہونا ۳ معلوم ہونا -

دِسنا (ہ - متعدی) ۱ دیکھنا ۲ دکھانا -

دُسنا (ہ - متعدی) دیکھو دوشنا -

دَسوانا (ہ - مذکر) دسواں حصہ جو مالگذاری کے ساتھ جمع کیا جائے -

دَسوترا (ہ - صفت) ۱ دسواں ۲ (مذکر) دس فیصدی -

دَسوٹھ - دَسوٹھن - دَسوٹھن (ہ - مذکر) زچہ کا بچہ پیدا ہونے کے دسویں دن نہانا -

دَسوکھا (ہ - مذکر) ۱ پرندوں کا پر جھاڑنا ۲ اڑنے کا پر - **دسوکھا جھاڑنا** (متعدی) پر گرانا -

دَسونا (ہ - مذکر) دیکھو ڈسونا -

دَسوندھ (ہ - مذکر) بھینٹ جو بچے کے دس سال کی عمر کے ہونے پر دیوی کو چڑھائی جائے -

دَسوندھا - دَسوندھی (ہ - مذکر) شاعر - کوی - مدح گو - قصیدہ گو -

دَسوہا (ہند) ۱ ضلع ہوشیارپور

میں ایک تحصیل رقبہ ۵۱۱ (۲۴۴) ۲ ایک قصبہ (۷)
دَسہرا (ھ۔ مذکر) ۱ دس گناہوں کو
لے جانیوالا ۲ جیٹھ شکل پکش کی دسویں تاریخ جو گنگا کے
پیدا ہونے کا دن ہے۔ جو اس دن گنگا میں نہائے
اس کے دس قسم کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ۳ اسوج
شکل پکش کی دسویں تاریخ۔ اس دن درگا جی کی پوجا کی
جاتی ہے۔ اسدن راجہ رامچندر جی نے راون پر چڑھائی
کی تھی ۴ تیوہار جو اسدن منایا جاتا ہے ۵ مسلمانوں
میں ایک رسم تھی۔ جب دولہا سسرال کے گھر جاکر
دس دن رہتا تھا۔ **دسہرہ خرچ** (مذکر) ایک
محصول جو زمیندار کاشتکاروں پر دسہرے کے خرچ
کے لئے لگا دیتے تھے۔

دَسی (ھ۔ مونث) ۱ دھاگا ۲ دھاگے
جو کپڑے کے سرے پر بغیر بنے رہ جاتے ہیں۔

دِسی (ھ۔ مونث) طرف۔ ملک۔
علاقہ۔ دیکھو دش۔

دَسیو (س۔ مذکر) ۱ ظالم یا شرارتی
آدمی ۲ دشمن ۳ چور۔ سارق۔ لٹیرا۔ ڈاکو ۴ مذہب
سے خارج ۵ ایک دوغلی قوم کا نام۔

دَش (س۔ مذکر) دس۔ **دشارن**
(مذکر) ۱ ایک قوم جو دشارہا کی نسل سے یدو خاندان
سے تھی ۲ اس قوم کا ملک جو مدھیہ دیش کے جنوب
میں واقع تھا ۳ اس قوم کے ایک راجہ کا نام۔ **دشارنا**
(مونث) دریائے دساون جو بھوپال کے علاقے میں
سے نکل کر بیتوا میں گرتا ہے۔ **دشارتھ** (عص)
۱ ایک راجہ یدو خاندان سے ۲ ایک قوم جو اسکی
اولاد ہے ۳ کرشن جی۔ **دشاشو** (عص) اکشواکو کا ایک
بیٹا۔ **دشبل کشیاپ** (مذکر) ساکی منی کے پہلے
پانچ چیلوں میں سے ایک۔ **دشرتھ** (مذکر) ۱ دیکھو
دسرتھ ۲ ۔۔ کے ایک بزرگ کا نام ۳ نورتھ کے بیٹے کا
نام ۴ رومایا لومایاد کا نام ۵ سیتش کے ایک بیٹے کا
نام ۶ بدن۔ **دش ساہسر** (صفت) دس ہزار۔
دش گریو (مذکر) ۱ راون ۲ ایک راکشس کا نام
۳ دم گھوش کے ایک بیٹے کا نام ۴ ورش کے ایک دشمن کا نام

دش گُن (صفت) دس گنا۔

دِش (س۔ مونث) ۱ طرف۔ جانب
۲ پہلو ۳ ملک۔ مقام۔ جگہ۔ حصہ۔

دَشا (س۔ مونث) ۱ حالت۔
کیفیت۔ گت۔ احوال ۲ زندگی کا زمانہ بچپن جوانی
بڑھاپا ۳ عمر ۴ قسمت انسانوں کی جسکا مدار سیاروں
کی جگہ پر پیدائش کے وقت ہے ۵ کپڑے کا کنارہ یا
حاشیہ ۶ دل۔ جی۔

دِشا (س۔ مونث) ۱ طرف وغیرہ
دیکھو دش ۲ پاخانہ ۳ رُدر یا بھیم کی بیوی کا نام۔
دشا پھرنا یا جانا (لازم) پاخانہ پھرنا۔ **دشاچکشس**
(عص) گرو کا ایک بیٹا۔ **دشاشول** (مذکر) ۱ کوئی
قران نحس ۲ وہ طرف جدھر خاص دن جانا منحوس
سمجھا جائے ۳ ان دنوں کا نام جب کسی خاص طرف
جانا منحوس سمجھا جائے ۴ منحوس نشان ۵
منحوس چہرہ۔ **دشا فراغت** (مونث) پاخانہ
(جانا کے ساتھ)

دَشارن (س۔ مذکر) وسط
ہند میں کوہ وندھیاچل کے جنوب میں
ایک ملک۔

دَشارنا (س۔ مذکر) ایک دریا جو
وندھیاچل پہاڑ میں سے نکلتا ہے۔

دَشت (ف۔ مذکر) ۱ جنگل۔ صحرا۔
بیابان۔ میدان۔ ریگستان ۲ قبرستان ۳ شطرنج کا تختہ ۴
خشک مشک نافہ ۵ ایک حصہ ملک خراسان کے قریب
۶ ایک شہر آذربائیجان میں ۷ ایک گاؤں اصفہان کے
قریب۔ **دشتِ ارژن** (ایران) ایک مقام جو
شیراز کے قریب ہے۔ **دشتِ استبراق** (مذکر)
سر سبز جنگل یا صحرا۔ **دشت پیما** (صفت) جنگلوں
میں پھرنے والا۔ بادیہ گرد۔ **دشت پیمائی**
(مونث) جنگلوں میں پھرنا۔ صحرانوردی۔ **دشتِ
وغا** (مذکر) میدان جنگ۔ **دشت سواران**
(مذکر) ۱ وہ لوگ جو صحرا میں زندگی بسر کرتے ہیں ۲ صحرائے
عرب ۳ قبرستان۔ **دشت سیر** (مونث) صحرا کا سفر۔
دشتِ قتال (مذکر) میدان جنگ۔ **دشتِ کپچاک**
(مذکر) ایک صحرا تاتار میں۔ **دشتِ کربلا** (مذکر) ۱
وہ جگہ جہاں حضرت حسین قتل ہوئے تھے ۲ سخت مصیبت
کی جگہ۔ **دشت گرد** (مذکر) صحرا کا مسافر۔ **دشت
گرداں** (مذکر) عرب۔ **دشت گردی** (مونث)
صحرانوردی۔ **دشتِ لالہ** (مذکر) وہ جنگل جس میں
گل لالہ پھولا ہو۔ **دشتِ مصاف یا نبرد** (مذکر)
لڑائی کا میدان۔ **دشت نورد** (صفت) دشت
پیما۔ **دشت نوردی** (مونث) بادیہ پیمائی۔ **دشتی**
(صفت) جنگلی۔ **دشت یلانِ یمن** (مذکر) عرب۔

دُشت (ہ۔ مذکر) دیکھو دُشٹ۔

دُشٹ (س۔ صفت) ۱ برا۔ خراب
۲ بدچلن۔ بدکار ۳ شریر۔ بدذات ۴ قصوروار۔ پر
نقص ۵ جھوٹا۔ کھوٹا ۶ بے رحم۔ ظالم ۷ ضدی۔ ہٹی۔
۸ کمینہ۔ رذیل۔ چنڈال۔ **دشٹا** (مونث) خراب
عورت۔ بدچلن عورت۔ **دشٹتا۔ دشٹتائی** (مونث)
۱ خرابی۔ برائی۔ بدچلنی۔ بدکاری ۲ شرارت۔ بد
ذاتی۔ بدمعاشی ۳ جھوٹ (کرنا ہونا کے ساتھ)
**مقولہ۔ دشٹ نہ چھاڈے
دشٹتا کیسی سیکھو دیو۔ دھوہوں سو بارے
کا جل سفید نہ ہوئے۔** برا آدمی بھی برائی سے
نہیں چوکتا۔ سرمے کو سو بار دھوؤ پھر بھی سیاہ رہتا ہے۔

دُشچکیہ (س۔ مذکر) تیسرے منکنتر کا
نام۔

دُشمن (ف۔ مذکر) ۱ عدو۔ بیری۔
مخالف۔ بدخواہ ۲ حریف۔ رقیب ۳ جب کسی کی
نسبت کوئی بری بات کہنی ہو تو یہ لفظ استعمال ہوتا ہے
جیسے آپ کے دشمن جان دیں مگر علامت مفعولیت
کے ساتھ جمع استعمال ہوتا ہے۔ جیسے آپ کے دشمنوں
کی طبیعت کب سے علیل ہے ۴ دوستی کا رشتہ جو عورتیں
آپس میں پیدا کرتی ہیں۔ بیگمات کی زبان میں۔ دشمناگی

(مونث. عو۔ دشمنی۔ عداوت۔ دشمنائی (مونث) دشمنی۔ دشمنِ ایمان (مذکر) ۱جو کسی کے مذہب کو زبردستی بدلوانا چاہے ۲جو کسی سے بددیانتی کرانا چاہے ۳معشوق کو بھی کہتے ہیں۔ دشمن پر بھی یہ وقت نہ آئے (ڈالے) دشمن بھی ایسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو۔ دشمنِ جان۔ دشمن جانی (مذکر) وہ دشمن جو جان لینے کا خواہاں ہو۔ دشمن جہر (مذکر) ظاہری دشمن۔ دشمن چراغ پاؤں۔ کوئی ٹھوکر کھائے یا گرے تو کہتے ہیں۔ دشمنِ دلی (مذکر) وہ دشمن جو دل میں دشمنی رکھے۔ دشمنِ ذاتی (مذکر) قدرتی دشمن۔ دشمن زیر پا (دشمنِ زیر پاؤں شہر) کوئی نیا جوتا پہنے تو کہتے ہیں۔ دشمنِ سر (مذکر) خفیہ دشمن۔ دشمنِ قلبی (مذکر) دلی دشمن۔ دشمن کا بغل میں دبا لینا (لازم) دشمن کی امداد کرنا۔ دشمن کا (چیتا) کہا ہوا دشمن جو چاہتا تھا ہوا۔ دشمنوں کی مراد بر آئی۔ دشمن کام (صفت) ۱جو دشمن کی خواہش کے مطابق ہو۔ ناخوش مصیبت زدہ ۲مخالف۔ بدخواہ ۳(مذکر) مصیبت۔ تکلیف۔ دشمن کُشی (مونث) دشمن کو مارنا۔ دشمن کوب (صفت) دشمنوں کو بھگا دینے والا۔ دشمن کو بھی خدا نصیب نہ کرے۔ کمال مصیبت کے موقع پر کہتے ہیں۔ دشمن کی نگاہ سے۔ تیز نگاہ سے غصے کی نظر سے۔ دشمن گداز (صفت) دشمنوں کو تباہ کرنے والا۔ دشمن مدعی (مذکر) دشمن۔ دشمنوں کی جان کو رونا (لازم) دشمنوں کی شکایت کرنا۔ دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے۔ خود بیمار ہیں۔ دشمنوں کے کان بہرے (عو) خدانخواستہ۔ دشمنی (مونث) عداوت۔ بیر۔ بدخواہی۔ دشمنی رکھنا (متعدی) عداوت رکھنا۔ دشمن ہونا۔ دشمنی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) عداوت ہونا۔ مخالفت ہونا۔ دشمنی نکالنا (متعدی) انتقام لینا۔ دشمن کو تکلیف دینا۔ دشمنی نکلنا (لازم) دیکھو آخری۔

امثال و اقوال۔ دشمن اگر قوی است نگہباں قوی تر ست۔ دشمن اگر زبردست ہے تو خدا اس سے بھی زبردست ہے تسکین کے لئے کہتے ہیں۔ دشمنائی سے دشمنائی۔ برے سے برائی کی جاتی ہے۔ دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست۔ اگر خدا مہربان ہو تو دشمن کچھ نہیں کر سکتا دشمن زیر پاؤں۔ نیا جوتا پہننے پر بطور فال سعد بولتے ہیں۔ دشمن سوئے نہ سونے دے۔ دشمن نہ خود آرام سے بیٹھتا ہے۔ نہ دوسرے کو چین سے سونے دیتا ہے۔ دشمن کا ہر وقت خطرہ رہتا ہے۔ دشمن کو کم نہ سمجھئے۔ دشمن کیسا ہی حقیر ہو۔ اس کی طرف سے لاپرواہ نہیں ہونا چاہئے۔ دشمن کون۔ ماں کا پیٹ۔ بھائیوں میں اگر دشمنی ہو جائے تو سخت ہوتی ہے۔ دشمن کہاں بغل میں۔ پیٹ انسان کا بڑا دشمن ہے۔ سب کچھ کراتا ہے۔ دشمن کے دل میں جگہ کرنے کو ہنر چاہئے۔ دشمن کو دوست بنانے کے لئے بڑی قابلیت کی ضرورت ہے۔ دشمن کی نگاہ جوتی پر۔ دعا۔ دشمن ہمیشہ ذلیل و خوار ہے۔ دشمن کے ہاتھ سانپ مرے کہ دشمن دو دشمنوں میں سے جو مرے اچھا ہے۔ دشمنوں میں یوں رہے جیسے بتیس دانتوں میں زبان قابلیت اس میں ہے کہ دشمنوں میں رہ کر محفوظ رہے۔ دشمن نہ تواں حقیر و بیچارہ شمرد۔ دشمن کو کمزور نہیں سمجھنا چاہئے اس کی طرف سے ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہئے۔

دُشمہ (ف۔ مذکر) ایران کا ایک پہلوان۔

دُشن (س۔ مذکر) دانت۔

دُشنام (ف۔ مذکر مونث) گالی گالی گلوچ (دینا۔ سننا کے ساتھ)

دُشنگ (ف۔ مذکر) خطا میں ایک شہر۔

دُشنہ (ف۔ مذکر) خنجر جبلار کے باشندے عموماً لگاتے ہیں۔ کٹاری۔

دُشوار (ف۔ صفت) مشکل۔ کٹھن۔ دوبھر۔ جانگداز۔ بھاری۔ سخت ۲(مذکر) پہاڑی علاقہ۔ دشوار پسند (صفت) وہ جو مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرے۔ دشوار خو (صفت) بدخو۔ دشوار رستہ (مذکر) وہ رستہ جس سے گزرنا مشکل ہو۔ دشوار کر دینا یا کرنا (متعدی) مشکل بنا دینا۔ دشوار گزار (صفت) وہ جہاں سے گزرنا مشکل ہو۔ دشوار گیر (صفت) جو فتح نہ ہو سکے (قلعہ) دشوار ہونا (لازم) مشکل ہونا۔ دشواری (مونث) دقت۔ مشکل۔ سختی۔ دشواری پڑنا (لازم) وقت پڑنا مشکل پڑنا۔ دشواری پیدا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مشکل ہو جانا۔

دُشیلا (ھ۔ صفت) ۱خوش گزران۔ اچھی حالت میں ۲خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ صاحبِ اقبال۔

دُعا (ع۔ مونث) ۱خدا سے مانگنا۔ التجا۔ التماس۔ استدعا ۲عبارت دعا کی۔ وہ فقرہ یا جملہ جس کا مقصد خدا سے دعا کرنا ہو ۳مناجات۔ مغفرت کی طلب ۴برکت کے الفاظ۔ اسیس۔ اشیرباد۔ کسی کی بہتری کا فقرہ ۵خواہش۔ مراد ۶مبارک سلام ۷(بد) سراپ۔ کوسنا (دعویٰ۔ بلانا) دعا الٹنا (لازم) دعا کے مخالف نتیجہ ہونا۔ دعا بجا لانا (متعدی) دعا دینا۔ دعا پڑھ کر دم کرنا (متعدی) دعا کے الفاظ پڑھ کر پھونکنا۔ دعا پڑھنا (لازم) دعا کے الفاظ منہ سے کہنا۔ دعا چلنا (لازم) دعا کا اثر ہونا۔ دعا دینا (متعدی) برکت کے الفاظ کہنا۔ اسیس دینا دعا سر کھول کے مانگنا (لازم) نہایت اضطراب کی حالت میں دعا مانگنا۔ دعا سلام بھیجنا یا کہنا (لازم) کسی کے ذریعے دعا کا پیغام بھیجنا۔ دعا قبول کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مراد پوری ہونا۔ خدا کا درخواست ماننا۔ دعا (دعا کرتا ہوں) کرتے ہیں مزاج پوچھنے کا جواب۔ دعا کرنا (متعدی) خدا سے درخواست کرنا۔ دعا مانگنا۔ دعا کہنا (لازم) دعا کے الفاظ کہنا۔ دعا گو (صفت) دعا کہنے والا۔ خیر خواہ

بہتری چاہنے والا۔ **دعاگوئے قدیم** (صفت) پرانا خیرخواہ۔ ہمیشہ سے بہتری چاہنے والا۔ **دعاگوئی** (مونث) دعاکہنا۔ دعا۔ **دعالگنا** (لازم) دعاکا اثر ہونا۔ **دعالینا** (لازم) کسی کو خوش کرکے برکات کے کلمات سننا۔ اسیس لینا۔ **دعامانگنا** (متعدی) خدا سے بھلائی کی التجا کرنا۔ **دعامستجاب ہونا** (لازم) دعاقبول ہونا۔ **دعاوثنا** (مونث) برکت اور تعریف کے الفاظ (بجالانا کے ساتھ) **دعائے باراں** (مونث) بارش کی دعا۔ **دعائے بد** (مونث) بددعا۔ **دعائے جان و درازی دینا** (متعدی) درازیٔ عمر کی دعا دینا۔ جب کوئی چھوٹا سلام کرے تو کہا جاتا ہے۔ جیتے رہو۔ **دعائے جوشن** (مونث) لڑائی سے پہلے کی دعا۔ **دعائے حرزِ جاں** (مونث) ایک دعا جو کسی کے سفر جانے پر پڑھ کر پھونکتے ہیں۔ **دعائے خیر** (مونث) اچھی دعا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دعائے خیر سے یاد فرمانا** (متعدی) کسی کے حق میں اچھی دعا کرنا۔ **دعائے دولت** (مونث) ترقی یا بہتری کی دعا کسی کے لئے مانگنا۔ **دعائے عافیت** (مونث) صحت یا تندرستی کی دعا۔ **دعائے فتح وظفر دینا** (متعدی) لڑائی میں کامیابی کی دعا دینا۔ **دعائے قدح** (مونث) بارش کی دعا۔ **دعائے قنوت** (مونث) ایک دعا جو نماز عشا میں وتر کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ **دعائے گندم** (مونث) ایک دعا جو پڑھ کر گندم تقسیم کرتے ہیں۔ **دعائے ہلال** (مونث) وہ دعا جو ہلال دیکھ کر پڑھتے ہیں۔ **دعائیں دینا** (متعدی) کسی کے حق میں بہت سے کلمات خیر کہنا۔ **دعائیں لینا** (لازم) کسی سے کلمات خیر سننا۔ **دعائیہ** (صفت) منسوب بدعا۔

امثال واقوال۔ **دعا اور دوا نت کرنی چاہیئے۔** کوئی بیمار ہو تو دونوں کام کرنے چاہئیں۔ یہ نہیں کہ دعا پڑھی جائے اور دوا نہ کرے۔ اور دوا کرے تو تندرستی کی دعا بھی مانگنی چاہیئے۔ **دعا دو سمدھانوں کو نہیں پھرتی دو دو دانوں کو۔** جن کے سہارے سے گزران ہوتی ہے ان کی خیر مناؤ۔ نہیں تو بھیک مانگتے پھرتے۔

دِعبل (۷۶۵-۸۶۰) ابوجعفر عبدالرحمن محمد۔ عہد عباسیہ کا مشہور عربی شاعر۔ خلیفہ ہارون الرشید کے زمانے میں بغداد میں آیا۔ یہ شیعہ تھا اور اس نے عباسیوں کے برخلاف بہت سی ہجویں لکھیں۔ ۹۵ سال کی عمر میں قتل ہوا۔

دَعَوات (ع۔ مونث) دعا کی جمع۔ دعائیں۔

دَعوائے (ع۔ مذکر) دعوے اضافت کے ساتھ بعض وقت الف سے لکھا جاتا ہے۔ **دعوائے بے دلیل** (مذکر) وہ دعوے جس کا کوئی ثبوت نہ ہو یا جس کی دلیل نہ ہو۔

دَعوَت (ع۔ مونث) ۱ کھانے کے واسطے بلانا ۲ کسی مذہب کی طرف بلانا ۳ کھانا۔ ضیافت ۴ طلبی ۵ کسی عمل کو پڑھنا۔ جنات کو بلانا ۶ دعوے ۷ دعا ۸ فرقہ اسماعیلیہ ۹ اس فرقے کا جاسوس (دَعْوٌ۔ بلانا) **دعوتِ اسلام** (مونث) اسلام لانے کی درخواست کرنا۔ کسی کو مسلمان ہونے کے لئے کہنا۔ **دعوت پر بلانا** (متعدی) کھانے کے لئے بلانا۔ **دعوتِ جنگ** (مونث) لڑائی کے لئے بلانا۔ اعلانِ جنگ۔ **دعوت دینا** (لازم) ۱ کھانے کے لئے بلانا۔ ضیافت کرنا ۲ کسی مذہب کی طرف بلانا۔ **دعوتِ سمرقند** (مونث) ایک دن پر تکلف دعوت دوسرے دن روزہ۔ **دعوتِ شیراز** (مذکر) سادہ کھانا۔ بے تکلفی کی دعوت۔ **دعوت قبول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ضیافت منظور ہونا۔ **دعوت کا سامان مہیا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ضیافت کے لئے کھانے پینے کی چیزیں جمع ہونا۔ **دعوت کرنا** (متعدی) کھانے کے لئے بلانا۔ **دعوت کھانا** (لازم) کسی کے گھر جا کر کھانا کھانا۔ **دعوت ماننا** (لازم) **منظور کرنا** (متعدی) کسی کی دعوت کی درخواست کو قبول کر لینا۔ **دعوت میں جانا** (لازم) کسی کے گھر کھانا کھانے جانا۔ **دعوت کے لقمے** (مذکر) دوسرے کے گھر کا کھانا۔ **دعوت نہیں عداوت ہے۔** دعوت کے پردے میں نقصان پہنچائیں گے۔ **دعوتِ ولیمہ** (مذکر) وہ ضیافت جو مسلمانوں میں نکاح کے دوسرے دن ہوتی ہے۔ **دعوت ہونا** (متعدی) کھانا کسی جگہ ہونا۔

اقوال۔ **دعوت ہے اور شیراز۔** سادہ کھانا اچھا ہوتا ہے۔ **دعوت ہے یا عداوت** دوستی ہے یا در پردہ دشمنی۔

دَعویٰ (ع۔ مذکر) ۱ درخواست خواہش ۲ استغاثہ۔ نالش ۳ مانگ۔ مطالبہ ۴ غرور ۵ اصرار ۶ اپنے آپ کو کسی بات میں اچھا سمجھنا ۷ حق (دَعْوٌ۔ بلانا) **دعویٰ اٹھنا** (لازم) دعوے کا ثابت ہونا یا جواب ہونا۔ **دعویٰ باطل** (مذکر) جھوٹا دعوے۔ **دعویٰ پیش ہونا** (لازم) دعوے کا کامیاب ہونا۔ **دعویٰ جمانا** (متعدی) ۱ حق ظاہر کرنا قبضہ جتانا ۲ دلیل قائم کرنا۔ **دعویٰ چلنا** (لازم) دعوے کا قابل سماعت ہونا۔ **دعویٰ خدائی** (مذکر) خدا ہونے کا دعوے جیسے فرعون نے کیا تھا۔ **دعویدار** (صفت) دعوے کرنے والا۔ **دعویٰ کرنا** (متعدی) ۱ نالش کرنا ۲ مطالبہ کرنا ۳ کسی بات میں اپنے آپ کو اچھا ظاہر کرنا ۴ طنزاً بھی کہتے ہیں ۵ کسی بات کا اپنے آپ میں ہونا ظاہر کرنا۔ **دعوئی نبوت** (مذکر) نبی ہونے کا دعوے **دعویٰ نہ چلنا** (لازم) دعوے کا نا کامیاب ہونا **دعویٰ ہونا** (لازم) دیکھو دعوے کرنا۔

دَعی (ع۔ صفت) بلانے والا (دَعْوٌ۔ بلانا) **دعی اللہ** (مذکر) اللہ کی طرف بلانے والا۔ پیغمبر صلعم کا لقب۔

دَغا (ف۔ مونث) ۱ دھوکا۔ فریب ۲ مکاری۔ بے ایمانی۔ دغابازی ۳ **دغاباز** (صفت) مکار۔ دھوکے باز۔ فریبی۔ **دغابازی** (مونث) دیکھو دغا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دغا پیشہ** (صفت)

۱ دغاباز۔ مکار۔ عیار ۲ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔ **دغا خوری** (مونث) ۱ دغا۔ دھوکا ۲ دھوکا کھانا۔ **دغا داری** (مونث) دغا۔ **دغا دینا یا کرنا** (متعدی) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ بتا دینا۔ **دغا شعار** (صفت) جو دھوکا دینے کا عادی ہو۔ مکار۔ فریبی۔ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔ **دغا کھانا** (لازم) دھوکا کھانا۔ **دغا ہونا** (لازم) دھوکا ہونا۔ فریب ہونا۔

دَغا (اردو۔ امر) دغانا کا۔ **دَغانا** (متعدی) ۱ داغ دینا۔ داغنا ۲ بندوق یا توپ چلانا۔ (داغنا سے) **دغائی** (مونث) وہ نقدی جو داغ لگانے کے لئے دی جائے۔

دَغدَغا (اردو۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی چھوٹی قندیل ۲ (صفت) روشن۔ چمکتا ہوا۔ **دغدغانا** (لازم) ۱ چمکنا۔ روشن ہونا ۲ سرخ ہونا۔ دہکنا۔ **دَغدَغاہٹ** (مونث) ۱ چمک دمک ۲ سرخی۔ تمتماہٹ۔

دَغدَغہ (ع۔ مذکر) ۱ اندیشہ۔ خطرہ ۲ ڈر۔ خوف ۳ شک۔ شبہ۔ اعتبار ۴ فکر۔ پروا ۵ جو بات دل میں آئے (ہونا کے ساتھ) (دَغدَغ۔ گدگدانا)

دُغدُو۔ دغدویہ (ف۔ مونث) زردشت کی ماں کا نام۔

دَغَل (ع۔ مذکر) ۱ اندر سے خراب ہونا۔ سڑنا۔ گلنا ۲ حیلہ۔ فریب۔ مکر ۳ کھوٹا سکہ ۴ بد کرداری۔ بدافعالی۔ بدچلنی۔ بداطواری ۵ (صفت) ناقص ۶ ضدی ہیٹی ۷ ذلیل۔ رذیل۔ کمینہ۔ **دغل فصل** (مذکر) چالاکی۔ فریب۔ **دغلی** (صفت) دھوکے باز۔ دغا۔ فریب۔

دَغنا (ہ۔ لازم) ۱ سر ہونا۔ چھوٹنا چلنا توپ یا بندوق کا۔ داغ دیا جانا۔ چرکا لگنا۔

دَغوانا (ہ۔ م) ۱ کسی چیز کو داغ دلوانا ۲ کسی چیز کو چلوانا یا سر کرانا (داغنا سے)۔

دَغولیا (اردو۔ صفت) دغاباز۔ ٹھگ۔ مکار۔ پاکھنڈی (دغا سے)۔

دَغیلا (ہ۔ صفت) ۱ داغدار۔ چیتی دار ۲ چوٹ لگا ہوا پھل۔ گرا ہوا پھل جسے داغ لگ جائے۔ ۳ عیب دار (داغ سے) ۴ دھوکے باز۔ مکار۔ (دغل سے)۔

دَف (ف۔ مذکر) ڈفلی (بجانا بجنا کے ساتھ) **دفلہ** (مذکر) چھوٹا دف۔ **دف نواز** (صفت) دف بجانے والا۔ **دفالی** (مذکر) ایک قوم کا نام جو دف بجانے کا پیشہ کرتی ہے۔

دَف (ہ۔ مذکر) ۱ گرمی۔ حرارت۔ ۲ جوش۔ تیزی ۳ زہر ۴ غصہ۔ پتا ۵ چڑھاؤ۔ زیادتی۔ ۶ بری خاصیت۔ **دَف مرنا** (لازم) ۱ جوش کم ہونا۔ تیزی مرنا ۲ بری خاصیت جاتی رہنا ۳ غصہ کم ہونا۔

دَفاتر (ع۔ مذکر) دفتر کی جمع۔

دَفان (اردو۔ مذکر) عو۔ دور۔ پرے۔ **دفان ہونا** (لازم) دفع ہونا۔ دور ہونا۔ (غف)۔

دَفائن (ع۔ مذکر) دفینے کی جگہ۔

دَفتر (ف۔ مذکر) ۱ کاغذ۔ حساب کتاب کے کاغذات۔ کچہری کے کاغذات ۲ بہت سے کاغذات جو گٹھے میں بندھے ہوں ۳ کتاب۔ بہی۔ کاپی۔ رجسٹر ۴ سرکاری رپورٹ یا نقشہ ۵ وہ جگہ جہاں کسی محکمے کے کاغذات یا کتابیں رکھی جائیں ۶ وہ جگہ جہاں کاروبار کیا جائے ۷ بڑا بھاری خط۔ طومار۔ ۸ لمبی کہانی۔ قصہ طویل۔ **دفتر ابوابُ التحصیل** (مذکر) گھر کے اخراجات کا رجسٹر۔ **دفتر ابواب المال** (مذکر) مالگزاری کا رجسٹر۔ **دفتر اعمال** (مذکر) زندگی کے کارنامے۔ **دفتر الٹ جانا** (لازم) سارا مال برباد ہونا۔ سخت نقصان ہونا۔ **دفتر برہم ہونا** (لازم) دفتر کے کاغذات کا بے ترتیب ہونا۔ **دفتر بے معنی** (مذکر) فضول کاغذات۔ **دفترتہ کرنا** (متعدی) ختم کرنا۔ مختصر کرنا۔ **دفتر چڑھانا** (لازم) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ **دفتر قاضی** (مذکر) انتڑیاں۔ اوجھ جھوج۔ **دفتر کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) ۱ دفتر کا کام جاری کرنا۔ دفتر کے دروازے کا کھولنا ۲ نیا دفتر بنانا ۳ سارا گزرا ہوا قصہ بیان کرنا کثرت سے بیان کرنا۔ **دفتر گاؤ خورد ہونا** (لازم) دفتر کا نیست نابود ہونا۔ کارخانہ درہم برہم ہونا۔ **دفترِ مخلوُد** (مذکر) دائمی رجسٹر۔ **دفترِ موقوفات** (مذکر) حسابات کا کمرہ۔ مالگزاری کا دفتر۔ **دَفتر نگار** (صفت) دفتر کا منشی۔ محرر۔ **دفتر نویس** (مذکر) کلرک۔ منشی۔ بابو۔ **دفتری** (مذکر) ۱ دفتر درست کرنے والا ۲ وہ شخص جو دفتروں میں جلد بندی وغیرہ کا کام کرے ۳ (مونث) کاغذوں کا پلندا ۴ سونے چاندی کے ورقوں کا گٹھا (ان معنوں میں دفتی کا بگڑا ہوا ہے) **دفتر یومی** (مذکر) روزنامچہ۔

دَفتی۔ دَفتین (ف۔ مونث) ۱ جلد کے پٹھے ۲ کاغذ رکھنے کے پٹھے ۳ خوشنویسوں اور مصوروں کا۔

دَفر قلیا یا قلیہ (ع۔ مذکر) خراب پکا ہوا قلیہ۔ بہت سی چیزیں ملا کر پکی ہو۔

دَفع (ع۔ مذکر) ۱ ہٹانا۔ پرے کرنا۔ دور کرنا۔ اندفاع ۲ دھکیلنا۔ رد کرنا۔ **دفع آتش** (مونث) پیاس بجھانا۔ **دفعات** (مونث) جمع دفعہ کی۔ **دفعُ الوقتی** (مونث) وقت ٹالنا حیلے حوالے کرنا۔ **دفعتہً** (غف) ۱ یکایک۔ یکبارگی فوراً ۲ اچانک۔ ناگہاں (کرنا ہونا کے ساتھ) **دفعدار** (مذکر) ۱ دیسی فوج کا ایک افسر جس کے ماتحت تھوڑی سی فوج ہوتی ہے ۲ چوکیداروں کا افسر۔ **دفع دخل کرنا** (متعدی) اعتراض کا جواب دینا۔ **دفع دخل مُقدَّر** (مذکر) ایسا جواب جس سے سوال کی ساری عبارت سمجھ میں آجائے۔ **دفعِ غم** (مذکر) غم کو بھلانا۔ غم رفع کرنا۔ **دفع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دور ہونا۔ ہٹ جانا ۲ زائل ہونا۔ جاتے رہنا ۳ چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ نکلنا۔ **دفعہ** (مونث) ۱ باری۔ نوبت ۲ قانون کا فقرہ یا نمبر ۳ مجموعہ۔ جماعت۔ زمرہ۔ **دفعہ بدفعہ** (غف)

۱ بار بار۔ وقتاً فوقتاً ۲ ایک ایک دفعہ کرکے۔ دفعہ دار (مذکر) دیکھو دفعدار۔ دفعہ عاید کرنا (متعدی) ہونا (لازم) لگانا (متعدی) لگنا (لازم) کوئی جرم قائم ہونا۔ دفعیہ (مذکر) ۱ توڑ۔ روک۔ علاج ۲ دفع کرنے کی تدبیر۔ تدبیر۔ دفعیہ سوچنا (لازم) تدبیر نکالنا۔ توڑ کرنا۔ دفعیہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تدبیر ہونا۔ توڑنا۔

دِفل (ع۔ مونث) رال۔ قیر۔

دَفن (ع۔ مذکر) ۱ گاڑنا۔ چھپانا ۲ مردے کو زمین میں گاڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (دفن گاڑنا) دفنانا (متعدی) مردے کو دفن کرنا۔ دفن کفن (مذکر) تجہیز وتکفین (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

دَفینہ (ع۔ مذکر) ۱ دفن کیا ہوا خزانہ۔ گڑا ہوا خزانہ ۲ کوئی چیز دفن کی ہوئی۔ مال دفن کیا ہوا (دَفن۔ گاڑنا) دفینہ بتلانا (متعدی) زمین کے اندر کا خزانہ بتانا۔

دَق (ع۔ مذکر) ۱ موٹا اونی کپڑا۔ درویشوں کا اونی کپڑا ۲ ایک نفیس کپڑا ۳ سر جس پر بال نہ ہوں ۴ بھیک مانگنا۔ گدائی۔

دِق (ع۔ مونث) ۱ ایک قسم کا بخار جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے ہوتا ہے۔ تیسرے درجے کے بعد یہ مرض لاعلاج ہوجاتا ہے ۲ باریک پتلا۔ چھوٹا ۳ دقیق ۴ تنگ۔ ناراض۔ عاجز۔ آزردہ ۵ بیمار ۶ مشکل۔ دقت (دَقّ۔ پتلا ہونا) دِقدار (صفت) ۱ دق کرنے والا ۲ تکلیف میں۔ مصیبت میں مشکل میں ۳ تکلیف زدہ۔ مصیبت زدہ۔ دقداری (مونث) ۱ تکلیف۔ مصیبت۔ پریشانی ۲ مفلسی۔ غربت (اٹھانا کے ساتھ) دق کر مارنا یا کرنا (متعدی) تنگ کرنا۔ پریشان کرنا۔ دق ہونا (لازم) تنگ ہونا۔ پریشان ہونا ۲ مرض تپ دق ہوجانا۔

دَقّاق (ع۔ مذکر) آٹا پیسنے والا۔ خراسی۔

دَقائق (ع۔ مذکر) جمع دقیقہ کی۔ باریکیاں۔ نکتے۔

دِقّت (ع۔ مونث) ۱ دشواری۔ مشکل۔ تنگی ۲ باریکی۔ نازک معاملہ ۳ پیچیدہ معاملہ۔ ۴ تکلیف۔ گھبراہٹ۔ مصیبت (دَقّ۔ باریک ہونا) دقت پسند (صفت) مشکل بات کو پسند کرنے والا۔ دقت دینا (متعدی) تکلیف دینا۔ دقت طلب (صفت) دشوار۔ دقت میں پڑنا (متعدی) ۱ تکلیف میں ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا ۲ مشکل میں ہونا۔ دقت ہونا (لازم) مشکل ہونا۔

دَقیانُوس (۲۵۱ء) ایک رومن شہنشاہ تھا۔ جو ۲۴۹ء میں تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں اصحاب کہف کا سونا بیان ہوتا ہے۔ رومن نام ڈیلیٹس ہے۔ دقیانوسی (صفت) پرانا۔ قدیمی۔ دقیانوسی باتیں کرنا (متعدی) پرانی باتیں چھیڑنا یا کرنا۔

دَقیق (ع۔ صفت) ۱ باریک۔ نازک۔ پتلا ۲ لطیف۔ رقیق ۳ مشکل۔ کٹھن ۴ (مذکر) آٹا۔ آرد۔ چون (دَقّ۔ باریک ہونا) دقیق باتیں (مونث) مشکل اور اہم باتیں۔ دقیقہ (مذکر) ۱ کوئی بہت چھوٹی چیز۔ ذرہ ۲ معمولی بات خفیف معاملہ ۳ لطیف سوال ۴ باریکی۔ نکتہ ۵ منٹ۔ ۶ کسر۔ دقیقہ اٹھا نہ رکھنا یا باقی نہ چھوڑنا یا فروگذاشت نہ کرنا (متعدی) کسر نہ چھوڑنا۔ سخت کوشش کرنا۔ عموماً کوئی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دقیقہ رس یا شناس (صفت) زود فہم۔ نکتہ سنج۔ باریک بیں۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔

دَقیقی (۱۰) ابومنصور محمد بن احمد ایرانی شاعر۔ اسنے شاہنامہ لکھنا شروع کیا تھا۔ مگر ۱۰۰۰ شعر لکھ چکا تھا کہ اس کے غلام نے اسے قتل کردیا۔ فردوسی نے یہ ہزار شعر اپنے شاہنامہ میں درج کئے ہیں۔ نوح ثانی شاہ خراسان کے دربار کا شاعر تھا۔

دِک (س۔ مذکر) ۱ طرف۔ جانب۔ سمت ۲ میدان۔ وسعت۔ کشادگی ۳ مرکبات میں دش کی بجائے استعمال ہوتا ہے۔

دُکا (ہ۔ صفت) دوسرا۔ اردو میں صرف اکا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دَکاکین (ع۔ مونث) دوکان کی جمع۔

دُکال (ہ۔ مذکر) قحط۔

دُکان (ع۔ مونث) ۱ سودا بیچنے کی جگہ۔ ہاٹ۔ کوٹھی۔ کارخانہ ۲ کاروبار کی جگہ ۳ وکیل کی بیٹھک جہاں وہ موکلوں سے ملتا ہے اور مقدمات تیار کرتا ہے۔ دکان اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) دکان بند ہونا۔ دکان کا کام چھوٹنا ۲ دکان بڑھانا (متعدی) بڑھ جانا۔ بڑھنا (لازم) بند کرنا (متعدی) بند ہو جانا۔ ہونا (لازم) ۱ دکان کا دروازہ بند ہونا ۲ دکان کا کام ختم ہونا۔ بکری موقوف ہونا ۳ دکان چھوٹنا۔ دکان جمانا (متعدی) جمنا (لازم) ۱ دکان قائم ہونا۔ دکان چلنا ۲ خودنمائی ہونا۔ دکان چلانا (متعدی) چلنا (لازم) خوب بکری ہونا خریداری ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔ دکاندار (صفت) دکان رکھنے والا۔ تاجر۔ دکاندار (صفت) دکان رکھنے والا۔ تاجر۔ دکانداری (مونث) ۱ دکان رکھنے کا پیشہ ۲ چرب زبانی ۳ روپیہ بٹورنے کا کام۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) دکانداری کی باتیں کرنا (متعدی) چرب زبانی کرنا۔ دکان رکھنا یا کرنا (متعدی) اشیاء بیچنا۔ بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا۔ دکان سی لگانا (متعدی) چیزوں کو یونہی پھیلا کر یا بے ترتیب کرکے رکھنا۔ دکان کھولنا (متعدی) کھلنا (لازم) ۱ دکان کا دروازہ کھولنا ۲ بکری شروع ہونا ۳ بیچنے کا کام شروع ہونا۔ دکان گرم ہونا (لازم) بکری بہت ہونا۔ دکان لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱ دکان کھلنا ۲ بکری کے لئے چیزیں رکھی جانا یا پھیلنا۔ دکان ہونا (لازم) دکان کھلنا۔ دکان قائم ہونا۔

دُکڑا (ہ۔ مذکر) پیسے کا چوتھا حصہ۔ دمڑی۔ چھدام۔ دکڑاہی (ہ) پیسے کے چوتھے حصے

کی قیمت کا۔

دُکڑی (ہ۔ مونث) ۱ دو کا پتہ۔ دُکّی ۲ دُری ۲ گھوڑوں کی جوڑی (س دوی۔ دو)۔

دَکش (س۔ صفت) ۱ لائق۔ قابل ۲ موزوں ۲ چابکدست۔ کامل فن ۳ ہوشیار۔ چالاک ۴ دماغی طاقتوں کو قوت دینے والا (سوم) ۵ قابل گزر (گنگا) ۶ مناسب۔ موزوں ۷ دایاں ۸ (مذکر) قابلیت لیاقت۔ طاقت۔ قوت ۹ (مذکر) قابل یا فاضل آدمی پنڈت۔ ودیادان ۱۰ (عص) برہماجی کا ایک بیٹا اور پراجپتی۔ یہ برہماجی کے دائیں انگوٹھے سے پیدا ہوا۔ اور اسکی بیوی بائیں سے۔ اسکی بہت سی بیٹیاں تھیں دس کی شادی دھرم اور تیرہ کی کشیپ سے ہوئی تھی اوران کی اولاد دیوتا۔ انسان۔ اسرو جانور ہیں ۲۷ کی شادی سوما یا چاند سے ہوئی تھی جو ۲۷ نکشترے ہیں۔ ایک کی شادی شوجی سے ہوئی۔ مگر اس نے اپنے باپ اور خاوند کے جھگڑے کی وجہ سے اپنے آپ کو ستی کر دیا ۱۱ ایک آدتیہ کا نام ۱۲ شوجی کا بیل ۱۳ گرو کا ایک بیٹا ۱۴ اسی نرکا ایک بیٹا ۱۵ ایک قانون داں کا نام ۱۶ پانچ کا نیکیج برہمنوں میں سے ایک جس کی اولاد بنگال کے برہمن ہیں۔ **دکشادور دھونش کرت** (مذکر) دکشا کی بھینٹ کو تباہ کرنے والا ۱ شوجی کا لقب۔ دکش نے دیوتاؤں کو بھینٹ دی تو اپنے داماد شوجی کو نہ بلایا۔ اسے سخت غصہ آیا اور اسنے ایک خوفناک مخلوق ویر بھدر پیدا کی جس نے آکر دکش کو قتل کر دیا اور سب دیوتاؤں کو زخمی کیا۔ وشن جی نے آکر روکا اور شوجی اور وشن جی میں سخت جنگ ہوئی۔ برہماجی نے پھر صلح کرادی اور دکش کو پھر زندہ کیا گیا۔ مگر اس کا سر نہ ملا۔ اس لئے بینڈھے کا سر لگا دیا گیا۔ **دکشاین** (صفت) ۱ دکش کے متعلق ۲ (مذکر) دکش کا بیٹا یا اس کی نسل سے کوئی آدمی۔

دکشا (ہ۔ مذکر) کسی گرو کا چیلا بننے کی رسم۔

دَکشِن (س۔ صفت) ۱ دایاں ۲ جنوبی ۳ لائق۔ قابل ۴ چالاک۔ ہوشیار ۵ چابکدست ماہر فن ۶ دیانت دار۔ سچا۔ سنجیدہ ۷ شائستہ۔ مہذب خوش اخلاق ۸ (مذکر) دائیں طرف۔ دایاں ہاتھ ۹ جنوب ۱۰ ہندوستان کا جنوبی حصہ۔ دکن۔ **دکشنا** (مونث) ۱ دکن ۲ نذر یا انعام جو برہمن کو دیا جائے۔ بھینٹ کی فیس ۳ درگاجی کی ایک مورتی جس کی دائیں طرف دکھائی جاتی ہے ۴ بہت دودھ دینے والی گائے ۵ (صفت) دائیں یا جنوب کی طرف۔ **دکشناچل** (مذکر) ملایا کے پہاڑ۔ **دکشن پچھم** (مذکر) جنوب مشرق۔ **دکشن پورب** (مذکر) جنوب مغرب۔ **دکشن وشا** (مونث) جنوبی علاقہ۔ **دکشن کالکا** (مونث) درگاجی کی ایک مورتی جسے تانترا لوگ پوجتے ہیں۔ **دکشن مانس** (مذکر) بنارس کے نزدیک ایک تیرتھ۔ **دکشنی** (ہ) دکن کا۔ دکنی۔ جنوبی۔ دائیں طرف۔

دَکَن (ہ۔ مذکر) دیکھو دکھن۔ **دکنی** (مونث) اردو زبان جو دکن میں بولی جاتی ہے۔

دَکُول (ف۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ ایک قسم کا ریشم اور کپڑا جو اس درخت کی اندرونی چھال سے بنتا ہے۔

دَکہ (ابی سینیا) ایک گاؤں جس کے قریب سونے کی کانیں تھیں۔

دُکھ (ہ۔ مذکر) ۱ بیماری۔ مرض ۲ درد ۳ تکلیف ۴ رنج ۵ آفت۔ مصیبت۔ بلا ۶ عذاب۔ ایذا ۷ ظلم۔ ستم ۸ مشقت۔ محنت ۹ تنگی۔ دقت۔ (س دُکھن) **دُکھ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) تکلیف برداشت ہونا۔ ایذا پانا۔ **دکھا کر** (تف) رنج دے کر۔ تکلیف دے کر۔ **دکھانا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا۔ ایذا دینا ۲ رنج دینا۔ غم دینا ۳ زخم کو چھیڑنا۔ درد کی جگہ پر کوئی چیز مارنا۔ **دکھ بٹانا** (متعدی) شریک رنج وغم ہونا۔ غمخواری کرنا۔ ہمدردی کرنا۔ **دکھ بھرا** (صفت مذکر) **بھری** (صفت مونث) غمگین۔ پر اثر۔ رنجیدہ۔ **دکھ بھرنا۔ بھگتنا یا بھوگنا** (لازم) تکلیف اٹھانا یا سہنا۔ رنج وغم میں زندگی بسر کرنا۔ **دکھ بھنجن** (ہ) مصیبت یا تکلیف یا غم کو دور کرنے والا۔ ایشر کا ایک نام۔ **دکھ بھوگ** (ہ) مصیبت۔ آفت۔ **دکھ بھوگن یا بھوگی** (ہ) دکھ اٹھانے والا۔ **دکھ پانا** (لازم) تکلیف میں ہونا رنج پانا۔ **دکھ پر دکھ بھرنا۔ بھگتنا یا بھوگنا** (لازم) سخت تکلیف اٹھانا۔ تکلیف پر تکلیف اٹھانا۔ **دکھتی چوٹ کی ٹیس** (مونث) پتے کی بات۔ **دکھتی کہنا** (لازم) ایسی بات کہنا جو مخاطب کو ناگوار ہو۔ **دکھ دا۔ دائی۔ دائک یا دایی** (ہ) دکھ دینے والا۔ ستمگار۔ ظالم۔ جفاکار۔ **دکھ داہک** (ہ) وہ جو دوسروں کے دکھ کو رفع کرے۔ **دکھ درد** (مذکر) آفتیں۔ مصیبت (بٹالینا۔ بٹانا۔ بھرنا کے ساتھ) **دکھ درد کا شریک** (مذکر) رنج وغم کا ساتھی۔ ہمدرد۔ شریک رنج وغم۔ **دکھ دھندہ** (مذکر) دنیا کی تکلیفیں اور کام۔ تکلیف دہ کام۔ **دکھ دینا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا۔ تکلیف پہنچانا ۲ رنج پہنچانا۔ **دکھ رونا** (لازم) ۱ گلہ شکوہ کرنا ۲ دکھ کا حال بتانا۔ **دکھڑا** (مذکر) ۱ دکھ کی تصغیر۔ بیماری۔ مرض ۲ رنج وغم کا بیان۔ درد بھرا قصہ ۳ گلہ شکوہ ۴ محنت و مشقت۔ **دکھڑا پڑنا** (لازم) ۱ مصیبت یا بپتا آنا ۲ رانڈ ہو جانا۔ خاوند کا مرجانا۔ **دکھڑا پیٹنا** (لازم) ۱ محنت مشقت کرنا ۲ مصیبت میں زندگی گزارنا۔ **دکھڑا رونا** (لازم) مصیبت بیان کرنا۔ **دکھ ساگر** (مذکر) بحر غم۔ مصیبت کا گھر۔ سنسار۔ دنیا۔ **دکھ سکھ** (مذکر) رنج و راحت۔ غم و شادی (بتانا۔ کہنا۔ سنانا۔ سننا کے ساتھ) **دکھ سہنا** (لازم) دکھ برداشت کرنا۔ **دکھ کار۔ کاری۔ کریا کرتار** (ہ) تکلیف دینے والا۔ ستمکار۔ جفاکار۔ ظالم۔ **دکھ کا مارا** (صفت) مصیبت زدہ۔ غم زدہ۔ **دکھ کھنڈن** (ہ) دکھ کو فنا کرنے والا۔ **دکھ کی پوٹ** (مونث) سرتاپا دکھ۔ دائم المرض۔ **دکھ کی مار** (مونث) مصیبت کی تکلیف۔ **دکھ کی ماری** (صفت مونث) مصیبت زدہ۔ غم زدہ۔ **دکھ لگانا**

(متعدی) **لگنا** (لازم) [1] روگ لگنا۔ روگی ہونا [2] مصیبت پڑنا۔ **ملنا** (لازم) تکلیف پہنچنا۔ دکھ ہونا۔ دکھی۔ **دکھنا** (لازم) [1] درد ہونا۔ درد کرنا [2] (دل) غمگین ہونا۔ غم ہونا [3] (ہاتھ پاؤں وغیرہ) تھک جانا [4] (آنکھ) آنکھ کا سرخ ہونا۔ **دکھ نِکَند** (ھ۔ مذکر) دکھ کو جڑ سے کھونا۔ **دکھ نوارن** (ھ) دکھ کو روکنا۔ یا رفع کرنا۔ **دکھنے آنا** (لازم) آنکھ کی تکلیف ہونا۔ صرف آنکھ کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ **دکھوں** (جمع) دکھ کی۔ **دکھ ہاری**۔ **ہرتا یا ہرن** (ھ) [1] وہ جو دکھ کو رفع کرے [2] تسکین بخش دوائی۔ **دکھی** (صفت) [1] بیمار۔ مریض۔ روگی [2] مصیبت زدہ۔ مغموم۔ رنجیدہ۔ **دکھیا** (مونث) دردمند عورت۔ غموں کی ماری عورت۔ **دکھیارا** (صفت) **دکھیاری** (صفت مونث) [1] مصیبت زدہ۔ درد رسیدہ [2] غم زدہ۔ آفت کی ماری۔

امثال واقوال۔ دکھ بھریں بی فاختہ اور کوے میوے کھائیں۔ مصیبت کوئی اٹھائے۔ فائدہ کوئی حاصل کرے۔ **دکھتے چوٹ کنوڈے بھینٹ۔** چوٹ پر چوٹ لگتی ہے اور جس سے ملنا نہ چاہو اس سے ضرور ملاقات ہوتی ہے یا ایسے شخص سے ملنا جسکی شکل دیکھنا نہ چاہو چوٹ پر چوٹ لگنے کے برابر ہے۔ جس چیز کا ڈر ہو وہی پیش آتی ہے۔ **دکھتے دانت کو اکھیڑنا چاہئیے۔** اس کا کوئی اور علاج نہیں۔ یا تکلیف دینے والی چیز کو دور کرنا چاہئے۔ **دکھ سکھ بھائی بہن ہیں۔** دکھ کے ساتھ سکھ اور سکھ کے ساتھ دکھ ضرور ہوتا ہے۔ **دکھ سکھ جیو سے کھاؤ بھیا گھیو سے۔** زندگی میں دکھ سکھ ہوتا ہی ہے۔ مزے سے گزارنی چاہئیے۔ **دکھ سکھ سب کے ساتھ لگا ہوا ہے۔** ہر شخص کو تکلیف اور آرام ہوتا ہے۔ **دکھ سکھ نندن سنگ ہے میٹ سکے نہ کوئی۔ جیسے چھایا دہ کی نیاری نیک نہ ہوئی۔** تکلیف اور آرام ہمیشہ اکٹھے ہوتے ہیں۔ کوئی انہیں جدا نہیں کر سکتا جس طرح بدن سے سایہ جدا نہیں ہوتا۔ **دکھ میں سکھ کی قدر ہوتی ہے۔** آرام کی آدمی قدر نہیں کرتا جب تک اسے تکلیف نہ ہو۔ **دکھ میں ہر کو سب بھجیں سکھ میں بھجے نہ کو۔ جو سکھ میں ہر کو بھجیں تو دکھ کا ہے کو ہو۔** ہر کوئی دکھ میں خدا کو یاد کرتا ہے سکھ میں نہیں کرتا۔ اگر سکھ میں کرے تو دکھ کبھی نہ ہو۔ **دکھیا دکھ رووے سکھیا جیب (کمر) ٹووے۔** مصیبت زدہ اپنا دکھ بیان کرتا ہے۔ خوش یہ سوچتا ہے کہ اس سے کیا فائدہ اٹھایا جائے۔ وکیلوں کی نسبت کہتے ہیں۔ **دکھیا روے سکھیا سووے۔** مصیبت زدہ آدمی تکلیف میں دن گزارتا ہے۔ خوش قسمت مزے کرتا ہے۔

دِکھا (ہ۔ امر) [1] دکھانا کا [2] (ماضی) دیکھنا کی (ش درِش۔ دیکھنا) **دکھا آنا** (لازم) کسی کو کوئی چیز دکھا کر واپس آنا۔ **دکھا دینا** (متعدی) دکھانا۔ **دکھا لانا** (لازم) کسی کو کچھ دکھا کر واپس لانا۔ **دکھانا** (متعدی) دیکھنا کا [1] آنکھوں کے سامنے کرنا۔ روبرو کرنا۔ پیش کرنا [2] ملاحظہ کرانا [3] آگاہ کرنا [4] تجربہ کرانا [5] (راستہ) رستہ بتانا [6] (دل) آفت میں ڈالنا۔ مصیبت لانا [7] (آنکھیں) ناراض ہونا۔ غصے ہونا [8] (منہ) سامنے آنا۔ کسی کو تسلی سے ملنا [9] (ہاتھ) نجومی کے سامنے ہاتھ پیش کرنا کہ وہ قسمت کا لکھا بتائے۔ حکیم سے تشخیص کرانا۔ کرتب کا ملاحظہ کرانا [10] (زبان) حکیم کو زبان کا ملاحظہ کرانا [11] (پیٹھ) بھاگ جانا [12] (سری) جوئیں نکلوانا [13] (چال) روانہ ہونا۔ چلتا بننا۔ گھوڑے کا قدم دکھانا۔ رفتار دکھانا [14] (دانت) معقول جواب نہ آنے کی صورت میں ہنس دینا [15] (جوبن) خوبصورتی کی بہار [16] (چھب۔ گات) خوبصورتی دکھانا۔ جن کے غرور میں چھاتی نکال کر چلنا [17] (زور) قوت دکھانا۔ رعب ڈالنا۔ طاقت ڈالنا۔ طاقت لگانا۔ غلبہ دکھانا۔ حکومت جتانا [18] (پانی) جانور کو پانی پلانا [19] (کام) اچھا کام کرنا۔ محنت سے کام کرنا [20] (تارے) بدحواس کر دینا [21] (ٹھینگا) صاف انکار کرنا۔ چھیڑنا۔ چڑانا [22] (رنگ) اثر دکھانا۔ طرز دکھانا۔ کیفیت دکھانا۔ لطف دکھانا [23] (لطف وغیرہ) مزا دینا [24] (دن) موقعہ کرنا۔ کرنا [25] (ناز) نخرے کرنا۔ **دکھانے کے دانت ہیں۔** نمائشی باتیں ہیں۔ **دکھاؤ** (مذکر) [1] ظاہر۔ عیاں۔ دکھائی دینے والا [2] قابل دکھانے کے۔ خوبصورت۔ خوشنما [3] دکھانے کے لئے [4] نمائشی۔ دکھانے کا [5] کھلا۔ **دکھاؤ** (مذکر) دور کی چیز کا نظر آنا۔ سامنا ہونا **دکھاوا** (مذکر) **دکھاوت** (ھ) **دکھاوٹ** (مونث) [1] نمود۔ نمائش۔ ظاہرداری [2] تکلف۔ بناوٹ [3] ظہور۔ درشن۔ **دکھاوتی** (مونث) نمائشی۔ **دکھاونا** (ھ) **دکھائی** (مونث) [1] خودنمائی [2] ظہور۔ درشن [3] نمائش۔ نمود [4] معائنہ [5] معائنہ کرنے کی اجرت۔ **دکھائی پڑنا یا دینا** (لازم) [1] نظر آنا۔ سجھائی دینا [2] معلوم ہونا۔ احتمال ہونا [3] (نفی کے ساتھ) مثل نظر نہ پڑنا۔ **دکھلانا** (متعدی) دکھانا۔ **دکھلاؤ۔ دکھلاوا۔ دکھلائی** (دینا) دیکھو دکھاؤ وغیرہ۔ **دکھلاونا** (ھ۔ متعدی) دکھلا۔ **دکھلوانا** (حم) دکھلانا کا۔ **دِکھنا** (لازم) دیکھو دکھائی دینا [2] (ھ) دیکھنا۔ **دکھنوت** (ھ۔ مونث) دکھاوٹ۔ **دکھوانا** (حم) دکھلانا کا۔

دِکھِت (ھ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک گوت۔

دُکھِت (ھ۔ صفت) دکھیا۔ **دکھت رہنا** (لازم) ہمیشہ دکھ میں رہنا۔

دَکھَن (ہ۔ مذکر) [1] جنوب [2] ہندوستان کا جنوبی حصہ۔ دکن۔ **دکھنا** (ھ) جنوبی [2] جنوبی ہوا۔ **دکھنائی** (مونث) جنوبی ہوا۔ **دکھنی** (صفت) [1] جنوبی [2] دکن کا۔ دکن سے منسوب [3] (مونث) اردو زبان جو دکھن میں بولی جاتی ہے۔ **دکھنی پودینہ** (مذکر) ایک قسم کا پودینہ۔ حبشی پودینہ۔ **دکھنی ٹھہراؤ** (ھ) راس الجدی۔ **دکھنی دُھرا** (ھ۔ مذکر) قطب جنوبی۔ **دکھنی راس** (مذکر) جنوبی نکشترہ۔ **دکھنیری** (مونث) جنوبی ہوا۔ **دکھنی مرچ** (مونث) سفید گول مرچ۔

مثل۔ دکھن گئے نہ باہو رسے رہے چندیری چھاؤ۔ جو دکن گیا واپس نہیں آیا۔ چندیری میں رہ گیا۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو پردیس میں

جاکر آباد ہو جائے۔ اس مثل میں اورنگزیب کی فوج کی طرف اشارہ ہے جو بارہ برس تک چندیری میں پڑی رہی تھی۔

دُکھن (ھ۔صفت) دکھی۔

دُکی (ہ۔مونث) دو کا پتہ تاش یا گنجفے میں دری۔ دُوا۔

دِگ (س۔مونث) دیکھو دش جس کی بجائے یہ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **دگ پال** (مذکر) دس سمتوں میں سے کسی ایک کا موکل یا محافظ۔ وہ یہ ہیں مشرق کا سورج۔ شمال کا عطارد یا بدھ۔ جنوب کا مریخ یا منگل۔ مغرب کا زحل یا سنیچر۔ جنوب مشرق کا زہرہ یا شکر۔ جنوب مغرب کا راہو۔ شمال مشرق کا سوما یا چاند۔ شمال مغرب کا مشتری یا برہسپت ۲ اوپر کا برہما۔ نیچے کا اننت۔ مشرق کا اندر۔ مغرب کا ورن۔ شمال کا کویر۔ جنوب کا یم۔ جنوب مشرق کا اگنی۔ جنوب مغرب کا نرت۔ شمال مغرب کا وایو یا مرت اور شمال مشرق کا شو یا اسان۔ **دگ دیش** (مذکر) دور کا ملک یا مقام۔ **دگ دیوتا** (مذکر) دیکھو دگ پتی۔ **دگ شول** (مذکر) قران السعدین جیسے سورج اور زہرہ۔ **دگ گج** (مذکر) ۱ سمت کا ہاتھی۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ زمین آٹھ ہاتھیوں کے سر پر ہے ۲ (صفت) بڑا عظیم۔ **دگ گرہن** (مذکر) سمتوں کا معلوم کرنا یا مقرر کرنا۔ **دگمبر** (صفت) ۱ ننگا ۲ (مذکر) ننگا آدمی۔ ہندو و بدھ یا جین مذہب والوں کے فقیروں کی ایک قسم ۳ شوجی ۴ شوجی کے پیروؤں کی ایک قسم۔ **دگنت** (مذکر) افق۔ **دگنتر** (مذکر) ۱ افق ۲ کرہ ہوا ۳ دور کا ملک۔ بدیس ۴ آسمان کا ایک حصہ۔ **دگ گوشش** (مذکر) ننگا فقیر۔ **دگ وجے** (مذکر) ۱ دیکھو دگ جایا ۲ مہابھارت کا ایک باب جس میں یدھشٹر کی فتوحات کا ذکر ہے۔

دُگاڑا (ہ۔مذکر) دیکھو دوگاڑا (مارنا لگنا کے ساتھ)۔

دُگانہ (ہ۔مذکر) ۱ جڑواں چیز۔ دوہری چیز ۲ دو رکعت نماز (شکرانہ) ۳ (مونث) وہ عورت جو چیتی لڑاتی ہو۔ **دگانہ پھل** (مذکر) جڑواں پھل۔

دَگدگا (ہ۔صفت) ۱ جلتا ہوا۔ چمکتا ہوا۔ روشن ۲ قندیل۔ قمقمہ۔ دیا کاغذ کے پیالے میں رکھا ہوا۔ **دگدگانا** (لازم) ۱ جلنا۔ چمکنا۔ دہکنا۔ دغدغانا ۲ سرخ ہونا۔ سوجنا۔ **دگدگاہٹ** (مونث) ۱ چمک دمک ۲ ٹمٹماہٹ۔

دِگدگانا (ہ۔لازم) دانت بجنا۔

دَگدھ (س۔صفت) **دَگدھا** (ھ) ۱ جلا ہوا۔ بریاں۔ سوختہ۔ جھلسا ہوا ۲ داغ دیا ہوا ۳ زخم زدہ۔ پردرد۔ مضروب ۴ مغموم۔ متاسف ۵ منحوس۔ بدشگون ۶ چالاک۔ فطرتی۔ سیانا۔ **دگدھنا** (ھ۔لازم) ۱ جلانا۔ بھوننا ۲ زخمی کرنا۔ ضرر پہنچانا ۳ چھیڑنا۔ ستانا۔ ۴ دھمکانا۔ ناراض ہونا ۵ برا بھلا کہنا۔

دُگدھ (س۔مذکر) ۱ دودھ۔ شیر ۲ (صفت) دوہا ہوا۔

دُگدھا (ہ۔مونث) ۱ دیکھو دبدھا۔ ۲ برہمنوں کی ایک گھٹیا ذات۔ یہ لوگ الہ آباد کے گرد و نواح میں رہتے ہیں۔

مثل۔ دگدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام ۱ تذبذب میں ناکامیابی ہوتی ہے ۲ دو کاموں کا ایک وقت انتظام کرنے سے دونوں خراب ہو جاتے ہیں۔

دِگر (ف۔صفت) ۱ دیگر۔ دوسرا ۲ (تف) ایک بار اور۔ **دگرگوں** (صفت) ۱ الٹا۔ سرنگوں ۲ الٹ پلٹ۔ تہ بالا۔ تغیر تبدل (کرنا ہونا کے ساتھ)

مقولہ۔ دگر رہ گر نداری طاقت نیش۔ مکن انگشت در سوراخ کژدم۔ اگر تجھ میں ڈنک کھانے کی طاقت نہیں تو بچھو کے سوراخ میں انگلی نہ ڈال۔ اگر نقصان اٹھانے کی ہمت نہیں تو ایسا کام نہیں کرنا چاہئے جس میں نقصان ہوتا ہو۔ بروں کی صحبت کا برا ہی اثر ہوتا ہے۔

دَگڑ (ھ۔مذکر) ڈنکا۔ شتری۔

دَگڑا (ھ۔مذکر) رستہ۔ سڑک۔ ڈگر۔ **دگڑا بکنا یا چلنا** (لازم) رستے کا ہر وقت جاری رہنا۔ سڑک چلنا۔

دَگڑانا (ھ۔متعدی) ۱ ہلانا۔ جھلانا ۲ ڈگرانا۔ چلانا ۳ لڑھکانا۔

دَگڑنا (ھ۔لازم) ۱ ہلنا۔ جھولنا ۲ لڑھکنا ۳ چلنا ۴ شبہ کرنا۔ نہ ماننا۔

دَگلا (ہ۔مذکر) روئی دار انگرکھا۔ لبادہ۔ اوورکوٹ۔

مثل۔ دگلا سب سے اگلا بچھاؤ نرم۔ اوڑھو گرم۔ گٹھڑی میں بھرم۔ دیدو کرم۔ دگلے میں یہ سب باتیں پائی جاتی ہیں۔

دُگن (ہ۔مونث) ۱ دگنی آواز۔ دوسری آواز گانے میں ۲ (ھ۔صفت) دگنا۔

دُگنا (صفت) دوچند۔ دوہرا۔ دونا۔ **دگنی آواز** (مونث) گانے میں دونی آواز۔ **دگنی دینا** (متعدی) دوچند روپیہ دینا۔

دِگھی۔ دِگھی۔ دِگی۔ دِگّی (ھ۔مونث) لمبوترا تالاب۔

دَل (س۔مذکر) ۱ ٹکڑا ۲ آدھا حصہ ۳ دوہرا ۴ شگوفہ ۵ دارچینی کا پتہ ۶ ناپاک۔ سونا ۷ ڈھیر ۸ دستہ فوج کا ۹ ایک راجہ۔ **دلپتی** (مذکر) ایک راجہ کا نام۔

دَل (ہ۔مذکر) ۱ جسامت۔ موٹائی ۲ فوج۔ لشکر۔ انبوہ ۳ پتا۔ شگوفہ ۴ جنگلی چاول ۵ ڈھیر۔ تودہ۔ تعداد ۶ تباہی۔ بربادی۔ **دل بادل** (مذکر) ۱ بہت گہرا ابر ۲ بہت سی فوج ۳ بڑا خیمہ ۴ نواب آصف الدولہ کے ایک ہاتھی کا نام۔ **دل باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) پھوڑے پھنسی کی جسامت کا بڑھنا ۲ فوج کا انبوہ کرنا۔ **دلدار** (صفت) موٹا۔ دبیز۔

دَل (ہ۔امر) دلنا کا۔ **دلا** (امر) ۱ دلانا کا ۲ (ماضی) دلنا کی۔ **دلانا** (متعدی) دلوانا۔

ولدینا (متعدی) بڑا سخت صدمہ پہنچانا۔ **دل مارنا یا مسلنا** (لازم) ۱۔ پیس ڈالنا۔ مسل ڈالنا۔ روندنا ۲۔ پامال کرنا۔ برباد کرنا۔ **دل مسل کرنا** (متعدی) ۱۔ کوٹنا۔ مارنا ۲۔ دبانا اور شکن ڈالنا۔ **دل ملنا** (متعدی) پیس ڈالنا۔ مسل ڈالنا۔ **دلنا** (لازم) ۱۔ موٹا موٹا پیسنا ۲۔ اناج کے دو ٹکڑے کرنا۔ دال بنانا ۳۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ **دلوانا** (م) دلناکا۔ **دلوائی** (مونث) دلانے کی اجرت۔

دِل (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک اندرونی عضو جس کا کام خون کو رگوں میں بھیجنا ہے۔ یہ ہر وقت ہلتا رہتا ہے۔ اگر اس کی حرکت بند ہو جائے تو انسان فوراً مر جاتا ہے۔ اسکی شکل پان کی طرح ہوتی ہے گرچہ پرانے زمانے میں لوگوں کا خیال تھا کہ انسان اسکے ذریعے سے سوچتا ہے۔ قلب ۲۔ اندرونی حصہ۔ باطن کسی چیز کا۔ ۳۔ حوصلہ۔ کلیجہ۔ جگر ۴۔ جرات۔ دلیری۔ ہمت ۵۔ خواہش۔ رغبت۔ ہوس ۶۔ رخ۔ عندیہ۔ توجہ ۷۔ مرضی۔ خوشی ۸۔ سخاوت۔ فیاضی ۹۔ وسط۔ درمیان۔ مرکز۔ **دلا** (ندا) اے دل۔ **دل آب (آب) ہونا**۔ (مونث) دل کازم ہونا۔ **دل آرا (ے)** (صفت) دل کو آراستہ کرنے والا۔ معشوق۔ **دل آرام** (صفت) دل کو آرام دینے والا۔ معشوق۔ **دل آرائی** (مونث) دلربائی۔ دل کو لبھانا۔ **دل آرائی کرنا** (متعدی) ہونا (صفت) عاجز ہونا۔ زچ ہونا۔ **دل آزار** (صفت) دل کو ستانے والا۔ دل دکھانے والا۔ ظالم۔ **دل آزاری** (مونث) دل دکھانا۔ ظلم۔ ستم۔ ایذا رسانی۔ ایذا دہی۔ **دل آزردہ** (صفت) رنجیدہ۔ ناخوش۔ افسردہ خاطر۔ **دل آزردہ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ناخوش ہونا۔ افسردہ خاطر ہونا۔ **دل آزمانا** (متعدی) حوصلے کی آزمائش کرنا۔ **دلِ آسمان** (مذکر) وسط آسمان ۲۔ ستارہ ۳۔ زمین۔ **دل آشوب** (مذکر) ۱۔ معشوق جسکی خواہش ہو ۲۔ ایک درخت جس کا بیج استسقا کے لئے مفید ہے۔ **دل آگاہ** (صفت) دانا۔ ہوشیار۔ بیدار دل۔ **دل آجانا یا آنا** (لازم) عاشق ہونا۔ **دل آنکھوں میں چرانا** (لازم) دیکھو آنکھوں میں دل چرانا۔ **دل آویز** (صفت) دل لبھانے والا۔ مرغوب۔ **دل آویزی** (مونث) دل لبھانا۔ **دل آہن ہونا** (لازم) دل سخت ہونا۔ **دل آئینہ ہونا** (لازم) دل پر نیک و بد خود بخود ظاہر ہو جانا۔ **دل اٹکانا** (متعدی) اٹکنا (لازم) عاشق ہونا۔ عشق ہونا۔ صحبت ہونا۔ **دل اٹھا بیٹھنا یا لینا اٹھانا** (متعدی) قطع تعلق کر لینا۔ **دل اٹھ جانا۔ اٹھنا** (لازم) ۱۔ دل اچٹ جانا۔ جی نہ لگنا۔ برداشتہ خاطر ہونا ۲۔ جی چاہنا (مت) **دل اچاٹ کرنا** (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) جی اکتانا۔ جی نہ لگنا۔ جی بیزار ہو جانا۔ **دل اُچٹ جانا** (لازم) گھبرا جانا۔ **دل اُچھلنا** (لازم) دل دھڑکنا۔ **دل اختیار میں ہونا** (لازم) دل قابو میں ہونا۔ **دل اداس ہونا** (لازم) افسردہ خاطر ہونا۔ غمگین ہونا۔ **دلآرام** (صفت) ۱۔ دیکھو دل آرام ۲۔ (مونث) ایک نام عورتوں کا ۳۔ حسین عورت ۴۔ معشوقہ۔ **دل اڑا لینا** (متعدی) فریفتہ کر لینا۔ **دل اڑ جانا یا اڑ چلنا** (لازم) دل کا بے قابو ہونا۔ **دل از دست رفتہ یا کف دادہ** (صفت) عاشق۔ بیخود۔ **دل افتادہ** (صفت) بددل۔ شکستہ خاطر۔ دل شکستہ۔ **دلاسا** (مذکر) تسلی۔ تشفی۔ تسکین (دینا کے ساتھ) **دل افروز** (صفت) دل کو روشن کرنیوالا۔ **دل افگار** (صفت) رنجیدہ۔ غمگین۔ **دل اُکتانا** (لازم) دل اچاٹ ہو جانا۔ کسی چیز کی کثرت سے دل بھر جانا۔ **دل اکھڑ جانا**۔ (لازم) طبیعت اچاٹ ہونا۔ دل نہ لگنا۔ **دل اُلٹ پلٹ ہونا** (لازم) دل کا گھبرانا۔ بیچین ہونا۔ **دل الٹ جانا** (لازم) **الٹ دینا** (متعدی) **الٹنا** (لازم) پریشان ہونا۔ گھبرانا۔ پراگندہ ہونا ۲۔ پاگل ہونا۔ سودائی ہونا۔ **دل اُلجھانا** (متعدی) **الجھنا** (لازم) ۱۔ عاشق ہونا ۲۔ بیزار ہونا۔ اکتانا۔ **دل اُمڈا** آتا ہے۔ دل کو رقت آتی ہے۔ رونا آتا ہے۔ **دل امنڈ آنا یا امنڈنا** (لازم) رقت ہونا۔ رونے کے قریب ہونا۔ **دلاور** (صفت) بہادر۔ شجاع۔ **دلاوری** (مونث) بہادری۔ شجاعت۔ **دلاویز** (صفت) ۱۔ دل کو لبھانیوالا۔ دل خوش کرنے والا ۲۔ خوشبودار۔ معطر۔ **دلاویزی** (مونث) دل کو خوش کرنا۔ دل لبھانا۔ **دل ایک ہونا** (لازم) ہم خیال ہونا۔ اتحاد قلبی ہونا۔ **دل اینٹھ لینا** (لازم) فریفتہ کر لینا۔ **دل باختہ** (صفت) پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ بدحواس۔ مضطر (کرنا ہونا کے ساتھ) **دلباز** (صفت) ۱۔ فصیح۔ لسان ۲۔ بکی ۳۔ مداری۔ **دلبازی** (مونث) ۱۔ دل کی دھڑکن ۲۔ بیباکی۔ جرات۔ **دل باغ باغ ہو جانا یا ہونا** (لازم) بہت خوش ہونا۔ **دل باندھنا** (متعدی) دل کو اٹل کر لینا۔ **دل بٹورنا** (ھ۔ لازم) ہمت توڑنا۔ بے دل کرنا۔ دل شکستہ کرنا۔ **دل بٹھا دینا** (متعدی) دیکھو آخری۔ **دل بجھانا یا بجھنا** (متعدی) ہمت توڑ دینا۔ افسردہ دل کر دینا۔ **دل بجھ جانا۔ بُجھنا** (لازم) امنگ جاتی رہنا۔ **دل بچھا جانا** (لازم) دل فریفتہ ہو جانا۔ **دل بحال کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ دل کی کدورت دور ہونا ۲۔ دل کو چین آنا۔ **دل بدگمان ہونا** (لازم) شبہ ہونا۔ کھٹکا ہونا۔ **دل بدل** (مذکر) ۱۔ آپس کی محبت۔ ایک دوسرے کا دل لینا ۲۔ ہم بغل۔ **دلبر** (مذکر) ۱۔ معشوق۔ محبوب۔ پیارا ۲۔ دل لیجانے والا۔ **دل برا کرنا** (متعدی) رنجیدہ ہونا۔ **دل برا ہونا** (لازم) دل ناراض ہونا۔ جی کھٹا ہونا ۲۔ متلی ہونا۔ قے ہونا۔ **دل برداشتگی** (مونث) ۱۔ نفرت۔ کراہیت۔ تنفر ۲۔ دل کا ہٹ جانا۔ **دل برداشتہ** (صفت) جس کا دل ہٹ جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **دلبرشتہ** (صفت) غمگین۔ رنجیدہ۔ **دلبری** (مونث) ۱۔ دل لیجانے کا فعل ۲۔ دلداری (کرنا ہونا کے ساتھ) **دل بڑھانا** (متعدی) بڑھا جانا۔ بڑھنا (لازم) حوصلہ بڑھنا۔ دلیر ہونا۔ **دل بستگی** (مونث) دل لگنا۔ جی بہلنا۔ **دل بستہ**

(صفت) جس کا دل لگا ہوا ہو۔ عاشق۔ **دل بکھرنا** (لازم) افسردہ خاطر ہونا (مت) **دل بَلّیوں اچھلنا** (لازم) بہت بیتاب ہونا۔ گھبرانا۔ **دلبَنْد** (صفت) پیارا۔ محبوب۔ اردو میں فرزند کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دل بند ہونا** (لازم) دم گھٹنا۔ دل گھبرانا۔ **دل بودا ہونا** (لازم) دل کمزور ہونا۔ تکلیف نہ اٹھا سکنا۔ **دل بھاری کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) رنجیدہ ہونا۔ مغموم ہونا۔ ملول ہونا۔ **دل بھٹکنا** (لازم) دل کا کبھی کسی طرف کبھی کسی طرف مائل ہونا۔ **دل بھچنا** (لازم) دل کا ڈرنا۔ ہچکچانا۔ **دل بھرا آتا ہے**۔ رقت ہوتی ہے۔ آنکھوں میں آنسو چلے آتے ہیں۔ **دل بھر آنا** (لازم) آنکھوں میں آنسو آنا۔ رقت ہونا۔ **دل بُھربُھرانا** (لازم) لالچ پیدا ہونا۔ شوق آنا۔ دل للچانا۔ **دل بھر جانا یا بھرنا** (لازم) سیر ہو جانا۔ **دل بھر دینا** (متعدی) دل پھیر دینا۔ لگائی بجھائی کر کے نفرت پیدا کر دینا۔ **دل بھر کے**۔ جی بھر کے۔ اچھی طرح سیر ہو کر۔ **دل بہلانا** (متعدی) بہلنا (لازم) دل کا کسی کام میں مشغول ہونا۔ وحشت دور ہونا۔ توجہ اور طرف ہونا **دل بہلاؤ کا سامان** (مذکر) دل بہلانے کی چیزیں۔ **دل بے ایمان ہونا** (لازم) بددیانتی کرنا۔ دل میں برا خیال آنا۔ **دل بیٹھا جانا** (لازم) کمزوری۔ **دل پر نشتر مارنا** (لازم) چبھتی بات کہنا۔ **دل پر نقش ہونا** (لازم) کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا۔ **دل پر ہاتھ رکھ کے دیکھو**۔ اپنی حالت کا لحاظ کر کے دوسرے کے خیالات کا اندازہ کرو۔ **دل پر ہاتھ رکھنا** (لازم) ۱ تسلی اور تسکین کے لئے ایسا کرتے ہیں ۲ بڑے آدمی سوال کا جواب اس طرح دیتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جگہ تمہاری ہمارے دل میں ہے ۳ صدمے کی وجہ سے بھی ایسا کیا جاتا ہے۔ **دل پر ہاتھ رکھے پھرنا** (لازم) مضطر پھرنا۔ بےچین پھرنا۔ **دل پریشان کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) فکر ہونا۔ رنج ہونا۔ اضطراب ہونا۔ بےچینی ہونا۔ **دل پزیر** (صفت) مرغوب۔ پسند خاطر۔ دل

پژمردہ ہونا (لازم) افسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔ **دل پسنا** (لازم) فریفتہ ہونا۔ **دلپسند** (صفت) مرغوب۔ پسندیدہ۔ **دل پسیجنا** (لازم) ۱ رحم آنا ۲ سخاوت پر آمادہ ہونا۔ **دل پکا کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) دل مضبوط کرنا۔ حوصلہ کرنا۔ **دل پکانا** (متعدی) ۱ تنگ کرنا۔ عاجز کرنا ۲ جلانا۔ رشک دلانا۔ ستانا۔ **دل پک جانا** (لازم) ۱ صدموں سے دل کو سخت رنج ہونا ۲ طعنے سن سن کر دل کو تکلیف ہونا۔ **دل پکڑا جانا** (لازم) ۱ شبہ پڑنا۔ شک ہونا۔ ۲ ارادہ ظاہر ہو جانا۔ عندیہ معلوم ہونا۔ **دل پکڑ کر اٹھنا** (لازم) بیقرار ہو کر اٹھنا۔ **دل پکڑ کر بیٹھ جانا** (لازم) صدمے کی وجہ سے بول نہ سکنا یا گھبرا جانا۔ **دل پکڑ لینا یا پکڑنا** (متعدی) صدمے کی تاب نہ لا سکنا۔ **دل پکڑے پھرنا** (لازم) بیتاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔ **دل پک کے پھوڑا ہونا** (لازم) صدموں کی وجہ سے یہ حال ہو جانا کہ اور برداشت کی طاقت نہ رہے۔ **دل پگھلنا** (لازم) رحم آنا۔ ترس آنا۔ **دل پھاڑنا** (متعدی) طبیعت کا متنفر کرنا۔ بیزار کرنا۔ **دل پہاڑ ہے**۔ عالی ہمت ہے۔ **دل پھانسنا** (متعدی) دل کو مبتلا کرنا۔ **دل پھٹا جانا** (لازم) ہمدردی کی وجہ سے صدمہ ہونا۔ **دل پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) طبیعت متنفر ہونا۔ بیزار ہونا **دل پھر جانا یا پھرنا** (لازم) بیزار ہونا۔ کراہت ہونا۔ **دل پھڑکانا** (متعدی) خوشی سے بیتاب ہو جانا۔ **دل پھسلانا** (متعدی) پھسلنا (لازم) دل کا بے اختیار مائل ہونا۔ **دل پھنسانا** (متعدی)، پھنسنا (لازم) عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔ **دل پھنکا یا پھنک جانا** (لازم) جل جانا۔ دل میں جلن ہونا۔ **دل پھیر دینا** (متعدی) سیر کرنا۔ **دل پھیر لینا** (متعدی) دل ہٹا لینا۔ نفرت کرنا۔ **دل پھیرنا**۔ (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ نفرت دلانا۔ **دل پھیکا ہو جانا**۔ توجہ ہٹ جانا کسی چیز سے۔ خیال جاتا رہنا۔ **دل پیچھے پڑنا** (لازم) دل بہلنا۔ دوسری طرف

متوجہ ہونا (مت) **دل پینا** (لازم) فریفتہ کرنا۔ **دل تازہ ہونا** (لازم) خوش ہونا۔ دل کو فرحت ہونا۔ **دل تپکنا** (لازم) بےچین ہونا۔ **دل تڑپنا** (لازم) بیتاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔ **دل تَفتَہ** (صفت) ۱ دل جلا ۲ مصیبت زدہ ۳ عاشق۔ **دلتفتگی** (مونث) ۱ دل کی جلن ۲ مصیبت ۳ محبت۔ عشق۔ **دل تلملانا** (لازم) دل بیقرار ہونا۔ **دل تلے اوپر ہونا** (لازم) دل گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ **دلتنگ** (صفت) ملول۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔ **دلتنگ ہونا** (لازم) ۱ مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا ۲ خسیس ہونا بخیل ہونا۔ **دلتنگی** (مونث) غم۔ غمگین ہونا۔ **دل توڑنا** ۱ مایوس کرنا۔ ناامید کرنا ۲ دل کو ہٹا لینا بےتعلق ہو جانا۔ **دل تو** (لگتا سا) **لگتے ہی لگیگا** دل آہستہ آہستہ کسی بات کا خوگر ہوگا۔ طبیعت رفتہ رفتہ عادی ہوگی۔ **دل تولنا** (لازم) آزمائش کرنا **دل تونگر ہونا** (لازم) سخی ہونا۔ غربت کا رنج نہ ہونا۔ **دل تھام** (تھام) **لینا۔ دل تھامنا** (متعدی) ضبط کرنا۔ دل کو قابو میں رکھنا۔ **دل تھرتھرانا** (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ **دل تھوڑا ہونا** (لازم) ہمت نہ ہونا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ **دلِ تیغ** (مذکر) تلوار کا درمیانی حصہ۔ **دل ٹٹولنا** (لازم) مرضی دریافت ہونا۔ **دل ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ کرنا** (متعدی) ہو جانا۔ ہونا (لازم) ۱ سخت صدمہ ہونا ۲ کسی مہلک چیز کے کھانے سے دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ **دل ٹوٹ جانا** (لازم) ہمت ٹوٹ جانا۔ ناامید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ **دل ٹوٹ کر آنا** (لازم) سخت فریفتہ یا مائل ہونا **دل ٹھکانے لگانا** (متعدی) لگنا۔ ہونا (لازم) اطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔ **دل ٹھکنا** (لازم) اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ **دل ٹھنڈا رکھنا** (لازم) کرنا متعدی) رہنا۔ ہونا (لازم) ۱ خوش ہونا ۲ تسلی ہونا تسکین ہونا۔ اطمینان ہونا۔ **دل ٹھوکنا** (لازم) اطمینان کر لینا۔ برتن ٹھوک کر دیکھنے سے یہ محاورہ

لیا گیا ہے - دل ٹھہرالینا - ٹھہرنا (لازم) تسکین ہونا - دل جمعی ہونا - صبر آجانا - دل جان (مونث) ایک رشتہ جو بیگمات مقرر کرلیتی تھیں - دل جانا (لازم) عاشق ہونا - دل جانتا ہے - حقیقت معلوم ہے - دل جگر دیکھنا (لازم) حوصلہ یا ہمت دیکھنا - دل جلا (صفت) عاشق - فریفتہ - دل جلا کر خاک کرنا (متعدی) سخت صدمہ پہنچانا - سخت رنج دینا - دل جلا کے پکا پھوڑا کرنا (لازم) کمال ایذا پہنچانا - ایسی باتیں کرنا جن سے سخت رنج ہو - دل جلانا (متعدی) ۱ سخت رنج دینا یا ستانا - رشک دلانا ۲ (لازم) رنج اٹھانا - غم کھانا - دل جلکر کباب ہونا (لازم) سخت رنج یا صدمہ ہونا - رشک سے جلنا - دل جلنا (لازم) رنج ہونا - غم ہونا - دلجمعی (مونث) ۱ تسلی - اطمینان ۲ بے فکری (رکھنا - کرنا ہونا کے ساتھ) دل جمنا (لازم) دل لگنا - کسی کام کو توجہ سے کرنا - توجہ ہونا - دل جو (صفت) پیارا - محبوب - دل جوان رہنا (لازم) ہر وقت خوش رہنا - دل میں امنگ رہنا - دلجوئی (مونث) دلداری - تسلی - تسکین (کرنا ہونا کے ساتھ) دل جھکنا (لازم) مائل ہونا - دل جھمانا (متعدی) وجد میں آنا - دل جینے سے خفا ہونا (لازم) زندگی سے بیزار ہونا - دل چار چار ہاتھ اچھلنا (لازم) گھبرانا - بیتاب ہونا - دل چاک کرنا (لازم) صدمہ پہنچانا - رنج دینا - دل چاہتا ہے - آرزو ہے - دل چاہنا (متعدی) خواہش ہونا - آرزو ہونا - دل چاہیئے حوصلہ یا ہمت درکار ہے - دل چرانا (لازم) ۱ فریفتہ کرلینا ۲ کسی کام کو نہ کرنا - کام کرنے سے کھسکنا - کوتاہی کرنا - دلچسپ (صفت) دل بہلانے والا - خوشنما - خوبصورت - مزیدار - دلچسپ آواز (مذکر) کانوں کو اچھی معلوم ہونے والی آواز - دلچسپ قصہ (مذکر) یا کہانی (مونث) مزیدار افسانہ - دلچسپ کتاب (مونث) وہ کتاب جسے چھوڑنے کو

دل نہ چاہے - دلچسپی (مونث) ۱ شوق - رغبت - چاہت ۲ مزہ - خوشی - لطف (لینا - ہونا کے ساتھ) دل چلا (صفت) دلیر - بہادر - منچلا - جری - شجاع - ۲ صاحب ہمت - ذی ہمت ۳ سخی - فیاض - داتا - ۴ پاگل - دیوانہ - دل چلانا (متعدی) چلنا (لازم) خواہش کرنا - آرزو کرنا - چاہنا - دلچلی (مونث) حوصلہ - بہادری (مت) دل چور (صفت) کم ہمت - بزدل - دل چھان دینا (متعدی) سخت رنج پہنچانا - دل چھپانا (لازم) پہلوتہی کرنا - دل چھلنی کردینا یا کرنا (متعدی) سخت رنج دینا - دل چھوٹا ہونا (لازم) پست ہمت ہونا - دل چھوٹ جانا (لازم) ہمت ٹوٹ جانا - گھبرا جانا - ہمت ٹوٹ جانا - دل چھوڑنا - چھوڑے جانا (متعدی) عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - دل چھیدنا (لازم) دل کو زخمی کرنا - عاشق بنا لینا - دل چھین لینا (لازم) عاشق بنا لینا - دل چیر کر دکھانا (متعدی) راز ظاہر کرنا - دل چیر کر دیکھنا - (لازم) دل کا حال معلوم کرنا - دل حاضر ہونا (لازم) متوجہ ہونا - دلچسپی لینا - دلِ حزیں (مذکر) غمزدہ دل - مغموم دل - دلِ خاک (مذکر) ۱ زمین کا وسط ۲ قبر ۳ بیل ۴ پیمبران - نیک بندے - ۵ ایک قسم کی مچھلی - دل خاک ہونا (لازم) شگفتگی جاتی رہنا - آرزو نہ رہنا - دل خالی کرنا (متعدی) رو دھو کر یا غصہ نکال کر دل کا غبار نکالنا - دل خانۂ خدا (مذکر) چونکہ اس میں خدا کی یاد رہتی ہے - دلخراش (صفت) جانکاہ - تکلیف دہ - دلخراش آواز (مونث) دردناک آواز - دل خستہ (صفت) رنجیدہ - کبیدہ - غم رسیدہ - مصیبت زدہ - دل خنک ہونا (لازم) راحت پانا - خوش ہونا - دلخواہ (صفت) مرغوب - خاطرخواہ - مرضی کے مطابق - دل خوش (صفت) ۱ راضی - خوش ۲ صابر - قانع - دل خوش رکھنا - کرنا (متعدی) ہونا (لازم) فرحت ہونا - دل کو رنجیدہ نہ ہونے

دینا - دلخوشی (مونث) ۱ خوشی - راحت ۲ صبر - قناعت - دل خوفناک ہونا (لازم) ڈرنا - خوف کھانا - دلخون (صفت) ۱ خواہشمند - مشتاق ۲ چھوڑا ہوا جیسے معشوق نے چھوڑ دیا ہو - دلخون کرنا (متعدی) بے حد محنت یا مشقت کرنا - دل خون ہو کے بہ جانا (لازم) امنگ جاتی رہنا - شوق نہ رہنا - دل خون ہونا (لازم) سخت رنجیدہ ہونا - غم و غصہ میں مبتلا ہونا - دل داغدار ہونا (لازم) دل پر بہت صدمے پہنچنا - مغموم ہونا - دلدادہ (صفت) عاشق فریفتہ - دلدار (صفت) ۱ تسلی دینے والا ۲ معشوق پیارا - محبوب - دلداری (مونث) ۱ تسلی - تشفی - تسکین ۲ ہمدردی - وفاداری (کرنا ہونا کے ساتھ) دل دریا (صفت) فیاض - سخی - دل دریا ہونا (لازم) بہت سخی یا فیاض ہونا - دل دکھا (صفت) رنجیدہ - غمگین - دل دکھانا (متعدی) دُکھنا (لازم) غم ہونا - کڑھنا - تکلیف ہونا - دلِ دل (مذکر) ۱ راز ۲ (لف) دل میں رکھا ہوا ۳ دل میں - دل ہی دل میں - دلدوز (صفت) ۱ دل پر اثر کرنے والا ۲ پسندیدہ - مرغوب - پسند خاطر ۳ دل میں گھس جانے والا - دل دوڑنا (لازم) ۱ بے اختیار دل چاہنا ۲ بے اختیار مائل یا فریفتہ ہونا - دل دونیم ہونا (لازم) سخت صدمہ ہونا - دل دہ (صفت) سرگرم - پرشوق - دل دھڑکنا (لازم) ۱ دل کی حرکت کا تیز ہو جانا بیماری ڈر یا اضطراب سے ۲ وسوسہ پیدا ہونا - خوف ہونا اضطراب ہونا - دل دھک دھک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو آخری - دل دھک سے ہو جانا (لازم) اچانک صدمہ ہونا - اچانک صدمے سے دل پر چوٹ لگنا - دل دُھکر پکر) دھکڑ پکڑ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) خوف کھانا - ڈرنا - اضطراب ہونا - دل دہلانا (متعدی) دہل جانا - دہلنا (لازم) خوف کھانا - ڈرنا - دل دہی (مونث) دلجوئی - تسلی - تشفی - دلاسا (کرنا ہونا کے ساتھ) دل دیکھنا (لازم) ۱ حوصلے کی

آزمائش کرنا ۲ نشادریافت کرنا۔ دل دینا (لازم)
فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ دل ڈانواں ڈول ہونا
(لازم) دل بے اختیار ہونا۔ دل قابو میں نہ ہونا۔ دل
ڈوبا جانا یا ڈوبنا (لازم) غشی طاری ہونا۔ دل گرنا
کمزوری کی وجہ سے۔ دل ذرا سا ہونا (لازم)
دل کا نازک ہونا۔ دل میں برداشت کی طاقت
نہ ہونا۔ دلربا (صفت) دل لبھانے والا۔ معشوق۔
دلبر۔ دلربائی (مونث) دل لبھانے کا فعل۔ دلبری
معشوقی۔ دل رُچنا (لازم) مانوس ہونا۔ دل
رفتہ (صفت) جسکا دل گیا ہوا ہو۔ عاشق۔ فریفتہ
دل رُکنا (لازم) رنجیدہ ہونا۔ آزردہ ہونا۔
دل رکھنا (لازم) ۱ آرزو پوری کرنا۔ امید بر لانا
۲ تسلی کرنا۔ دلداری کرنا ۳ حوصلہ رکھنا۔ دل رُندھنا
(لازم) غمگین ہونا۔ دلِ روز (مذکر) ۱ دوپہر ۲
سورج۔ آفتاب۔ دل روشن کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) علم ہونا۔ معلوم ہونا۔ واقفیت ہونا۔
۲ دل کا منور ہونا نورِ عرفاں سے۔ دل روندنا (متعدی)
۱ صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا ۲ فریفتہ کرنا۔ دل رہ جانا
(مت) دل کی حسرت نکل جانا۔ دل ریش۔
(صفت) جس کا دل زخمی ہو۔ کنایتاً عاشق۔ دلریشی
(مونث) ۱ دل کا زخم ۲ مصیبت۔ دلزدہ (صفت)
جسکا دل زخمی ہو۔ مصیبت زدہ۔ عاشق۔ دلِ
زمیں (مذکر) قبر۔ دل زندگی سے سرد ہو جانا
(لازم) زندگی سے بیزار ہو جانا۔ زندگی سے تنگ
ہونا۔ دل زندگی سے بجھ جانا (لازم) ناامید
ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ دل زندہ ہو جانا۔
(لازم) بہت خوش ہونا۔ فرحت آجانا۔ دل
زدہ (صفت) غم زدہ۔ اندوہگیں۔ دل ساز
(صفت) خوش کرنے والا۔ خوشگوار۔ دل سازی
(مونث) ۱ خوشی۔ فرحت۔ خوش کرنا ۲ اشتیاق۔
لگن۔ دلستاں (صفت) دل لیجانے والا۔ دلربا۔
خوبصورت۔ دل ستانا (متعدی) رنج دینا۔
دلستانی (مونث) دل لیجانا۔ فریفتہ کرلینا۔ موہ لینا۔

دل سخت کرلینا (متعدی) ہو جانا (لازم)
بے رحم یا سنگدل ہو جانا۔ دل سرد (صفت) بے
مہر۔ سرد مہر۔ متنفر۔ مخالف۔ دل سرد ہو جانا
(لازم) ولولہ اور جوش جاتا رہنا۔ دل سلگنا (لازم)
سوز و گداز ہونا۔ دل سمجھانا (متعدی) سمجھنا
(لازم) دل کا تسکین پانا۔ دل کو تسلی ہونا۔ دل
سنبھالنا (متعدی) ۱ دل کو قرار دینا ۲ ہمت
کرنا۔ تیار ہونا کسی کام کے لئے۔ دل سنبھلنا
(لازم) دل کو قرار یا تسکین ہونا۔ دلِ سنگ
(مذکر) ۱ کان ۲ غار ۳ سخت دل۔ دلِ سنگ
آب ہونا (لازم) سخت دل کو رحم آجانا۔ دل
سوختہ (صفت) دل جلا۔ غمزدہ۔ مصیبت زدہ۔
دلسوز (صفت) ۱ رُلانے والا۔ رقت انگیز۔ درد
انگیز ۲ ہمدرد۔ غمخوار ۳ سرگرم۔ پرجوش۔ مشتاق ۴
دل کو جلانے والا ۵ (مذکر) دوست ۶ معشوق۔ دل
سوزی (مونث) ۱ ہمدردی۔ غمخواری ۲ اشتیاق۔
سرگرمی ۳ دل کا جلنا۔ دل سے (تف) ۱ شوق سے
رغبت سے ۲ توجہ سے ۳ دل کا جلنا (اپنے) از خود۔
دل سے اتار دینا یا اتارنا (متعدی) بےوقعت
کر دینا۔ نظروں سے گرانا۔ دل سے اتر جانا یا
اترنا (لازم) ۱ بھول جانا ۲ بے وقعت ہو جانا۔
دل سے اٹھا دینا (متعدی) کسی شے کا خیال ترک
کر دینا۔ کوئی ارادہ چھوڑ دینا۔ دل سیاہ کرنا
(متعدی) بے رحم ہونا۔ دل سیاہ ہو جانا یا ہونا
(لازم) ۱ خدا سے نہ ڈرنا۔ بے خوف ہو جانا ۲ بے
ایمان ہو جانا۔ دل سے باتیں کرنا (متعدی) ۱
خود بخود کچھ کہنا ۲ سوچتے رہنا۔ دل سے بخار نکلنا
(لازم) دل کی کدورت رفع ہونا۔ دل سے بتنگ
ہونا (لازم) دل کی وجہ سے مجبور ہونا۔ دل سے
بھلا دینا (متعدی) ۱ بالکل یاد نہ رکھنا خیال چھوڑ دینا۔
دل سے بھولنا (لازم) یاد نہ رہنا۔ بھول جانا۔ دل
سے پوچھنا (لازم) دل کی حالت کا دریافت کرنا۔
دل سے تنگ آنا یا ہونا (لازم) عاجز آجانا۔ دکھی

ہو جانا۔ دل سے خدا آگاہ ہے۔ دل کی حالت
خدا جانتا ہے۔ اضطراب کی حالت میں کہتے ہیں۔ دل
سے دعا نکلنا (لازم) دل سے کسی کا بھلا چاہنا۔
دل سے دل اٹکنا (لازم) آپس میں محبت ہو جانا
دل سے دل ملنا (لازم) دو شخصوں میں بہت محبت
ہونا۔ ایک دوسرے کا عاشق ہونا۔ دل دور کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) بھول جانا۔ دل سے
دھواں اٹھنا یا نکلنا (لازم) ۱ آہ نکلنا ۲ سخت
غم ہونا۔ دل سے راغب ہونا (لازم) پورے
طور پر رغبت رکھنا۔ دل سے رنج دور کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) رنج رفع ہو جانا۔ دل
سیر ہونا (لازم) دل بھر جانا۔ دل سے سوچنا
(لازم) سوچنا۔ خیال کرنا۔ دل سے صاف ہونا
(لازم) خفا ہو جانا۔ صلح ہو جانا۔ رنج جاتا رہنا دل
سے غبار نکلنا (لازم) ملال نہ رہنا۔ دل سے
فدا ہونا (لازم) پورے طور پر عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔
دل سے کانٹا نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) دل
کی خلش جاتی رہنا۔ دل سے کہنا (لازم) دل ہی
دل میں باتیں کرنا۔ دل سے گرانا (متعدی) گرنا
(لازم) بے وقعت ہو جانا۔ دل سے گڑھنا
(لازم) اپنی طرف سے کوئی بات بنا لینا۔ دل
سے لاگ ہونا (لازم) دل سے تعلق ہونا۔ دل
سے لگنا یا لگی ہونا (لازم) بہت خیال ہونا۔ فکر
ہونا۔ دھن ہونا۔ دل سے لگی ہے۔ دل پر چوٹ
ہے۔ محسوس ہوتا ہے۔ دل سے مشورہ (منصوبے)
کرنا (متعدی) یا مشورہ پذیر ہونا (لازم) سوچنا
بچارنا۔ دل سے مل جانا (لازم) کدورت رفع
ہونا۔ دل سے ملنا (لازم) شوق اور محبت سے
ملاقات کرنا۔ دل سے ناچار (مجبور) ہونا
(لازم) دل پر قابو نہ چلنا۔ دل سے نکال دینا
یا نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) ۱ بھولنا۔ دل
سے محو ہونا۔ دل سے نہ ہونا (لازم) ظاہری طور سے
ہونا۔ نام کو ہونا۔ دل سینے میں الجھنا (لازم) دل

گھبرانا - اضطراب ہونا - دل سے یاد بھلا دینا
(لازم) بالکل بھول جانا - خیال تک نہ کرنا - دل شب
(مذکر) آدھی رات - دلشاد (صفت) خوش - بشاش
(رہنا کرنا ہونا کے ساتھ) دل شدہ (صفت) ۱ دل
کھویا ہوا - عاشق ۲ دیوانہ - پاگل - حواس باختہ - دل
ششدر ہونا (لازم) حیران ہونا - دل شکستہ
(صفت) رنجیدہ - افسردہ - مایوس - کنایۃً عاشق -
(کرنا ہونا کے ساتھ) دل شکن (صفت) دل توڑنے
والا - ہمت پست کرنے والا - ناراض کرنے والا - دل
شکنی (مونث) دل توڑنا - ہمت توڑنا (کرنا ہونا
کے ساتھ) دل شگاف (صفت) دل میں سوراخ
ڈالنے والا - دل ہلا دینے والا - دل شگفتہ (صفت)
خوش - بشاش (ہونا کے ساتھ) دل شیر
ہونا (لازم) دل مضبوط ہونا - حوصلہ ہونا -
دل صاف کر دینا یا کرنا (متعدی)
ہو جانا یا ہونا (لازم) کدورت رفع
ہونا - ملال دور ہونا - دل صد
چاک (مذکر) سخت زخمی دل - دل جسکے
ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہوں - دل صد چاک ہونا
(لازم) دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا - سخت غمگین ہونا - دل
صفا ہونا (لازم) دل صاف ہونا - دلِ غمگین
(مذکر) رنجیدہ یا مغموم دل - دل غنی ہونا (لازم)
سخی ہونا - دل کا امیر ہونا - دل فرحتیاب ہونا
(لازم) دل خوش ہونا - دلفروز (صفت) دل کو
خوش کرنے والا - دل کو روشن کرنے والا - دلفروش
(صفت) ۱ دل بیچنے والا - عاشق ۲ ایک اردو ناٹک
مصنفہ احسن جو شیکسپیر کے ڈرامہ مرچنٹ آف وینس کا
ترجمہ ہے - دلفریب (صفت) ۱ دل کو لبھا لینے والا -
من موہن - دلربا ۲ خوبصورت - حسین - دلفریب
آواز (مونث) دل لبھا لینے والی آواز - نہایت
موثر آواز - دلفریبندہ (صفت) دلفریب - دلفگار
(صفت) جسکا دل زخمی ہو - غمگین - محزون - دل
قابو میں ہونا (لازم) دل کا اپنے بس میں ہونا - دل

قوی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دل مضبوط ہونا -
حوصلہ ہونا - دل کا آجانا یا آنا (لازم) عاشق ہونا -
دل کا ارمان نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) آرزو
پوری ہونا - حوصلہ نکلنا - دل کا بادشاہ (مذکر)
خودمختار - آزاد - دل کا بخار (مذکر) غصہ - رنج -
کدورت یا ملال (نکالنا - نکلنا کے ساتھ) دل کا بودا
(صفت) کم ہمت - بزدل - پست حوصلہ - دل کا
بولنا (لازم) دل کا کہنا - دل کا گواہی دینا - دل کا
پس وپیش کرنا (متعدی) طبیعت کا ہچکچانا -
دل کا ٹکڑا (مذکر) بہت پیارا - لختِ جگر - دل کا
جاننا (لازم) دل کا واقف ہونا - دل میں سمجھنا -
دل کا حال (مذکر) دل کی کیفیت - حالت جو
دل پر گذرے - دل کا حوصلہ (مذکر) ہمت -
توفیق - دل کا حوصلہ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم)
آرزو یا خواہش پوری ہونا - دل کا خریدار (صفت)
دل کا خواہاں - معشوق - دل کا خون پینا (متعدی)
غم کھانا - رنج کرنا - دل کا دل سے راہ کرنا
(متعدی) مائل ہونا - عاشق ہونا - تعلق پیدا کرنا -
دل کا دو دو ہاتھ اچھلنا (لازم) بہت مضطرب
ہونا - بیقرار ہونا - دل کا دھڑکا (مذکر) اختلاج
قلب - خفقان - دل کا دھواں (مذکر) آہِ گرم -
دل کا سخت (صفت) ۱ مضبوط دل والا ۲
بے رحم - جس کے دل پر اثر نہ ہو - دل کا غبار
(مذکر) ملال - رنج - غصہ - کدورت (نکالنا نکلنا
کے ساتھ) دل کا غبار دھو جانا (لازم) دل کا
غصہ دور ہونا - دل کا کانٹا (مذکر) رنج - غم -
دل کی خلش - دل کا کانپنا (لازم) گھبرانا - ڈرنا -
خوف کھانا - دل کا کچا (صفت) کم ہمت - بزدل
بودا - دل کا کچھ اور نقشہ ہونا (لازم) گھبرانا -
مضطرب ہونا - پریشان ہونا - دل کا کچھ کہنا (لازم)
خواہش ہونا - آرزو ہونا - دل کا کرارا (صفت)
دل پکا رکھنے والا - جس کے دل پر اثر نہ ہو - دل کا
کڑا (صفت) دیکھو دل کا سخت - دل کا کنول

(مذکر) دل استعارہ ہے - دل کا کنول کھلنا -
(لازم) خوش ہونا - شگفتہ خاطر ہونا - دل کا کھوٹا
(لازم) دغاباز - فریبی - دل کا گاہک (مذکر)
معشوق - دل کا گواہی دینا (متعدی) دل کا
کسی بات یا خیال کی تائید کرنا - دل کا لہری یا
موجی (صفت) ۱ آزاد - بے پروا ۲ خوش مزاج -
دل کا مالک اللہ ہے - دل کا حال خدا ہی جانتا
ہے - دل کا ماننا (متعدی) دل کا قبول کرنا - راضی
ہونا - دل کا مضبوط (صفت) جس کے دل پر
اثر نہ ہو - دل کا میل کرنا (متعدی) دل کا کسی
کی طرف راغب ہونا - دل کا نقطہ (مذکر) ایک
سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے - دل کباب (صفت)
غمگین - غمزدہ - اندوہگیں - دل کباب کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) جلنا - رنجیدہ ہونا - غمگین
ہونا - دل کبیدہ (صفت) مغموم - رنجیدہ - دل
کٹنا (لازم) شرمندہ ہونا - دل کچل جانا (لازم)
ناامید ہونا - نامراد رہجانا - دل کرخت کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) سنگدل ہونا - بے رحم ہونا -
دل کرنا (متعدی) ۱ فیاضی کرنا - سخاوت کرنا ۲ بہادری کرنا
جرأت کرنا - ہمت کرنا - دل کڑا کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) دل پر کسی بات کا اثر نہ ہونا - دل مضبوط
ہونا - دل کڑوا کرنا (متعدی) ۱ دل کو سخت
کرلینا ۲ جرأت کرنا ۳ صبر سے برداشت کرنا - دل
کڑھانا (متعدی) کڑھنا (لازم) افسوس ہونا -
غم ہونا - جلنا - دلکش (صفت) ۱ دل کو کھینچنے والا -
دل لبھانے والا ۲ دلپسند - مرغوب - پسندیدہ ۳ خوبصورت -
خوشنما - دلکشا (صفت) ۱ دل کو خوش کرنے والا -
دل شگفتہ کرنے والا ۲ روشن - فراخ - دلکش آواز
(مونث) موثر آواز - دل کو کھینچنے والی آواز - دل
کشائی (مونث) خوشی - فرحت - شگفتگی - دلکشی
(مونث) دل کو لبھانا - دل کو اپنی طرف متوجہ کرنا -
دل کشیدہ ہونا (لازم) بیزار ہونا - رنجیدہ ہونا -
دل فدا ہونا (لازم) عاشق ہونا - مائل ہونا -

دل کملا جانا یا کملانا (لازم) پژمردہ خاطر ہونا۔ مغموم ہونا۔ ناامید ہونا۔ افسردہ ہونا۔ دل کو اضطراب ہونا (لازم) سخت گھبراہٹ ہونا۔ دل کو برا لگنا (لازم) ناگوار ہونا۔ دل کو پانی کرنا (متعدی) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ دل کو پاؤں سے ملنا (متعدی) معشوق کا اس طرح چلنا کہ عاشق کے دل پر اثر ہو۔ عاشق پر ستم کرنا۔ دل کو پتھر کرنا (متعدی) دل کو سخت کر لینا۔ دل کو پنکھا لگنا یا ہونا (لازم) بیقرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ دل کو پھوڑا بنانا (متعدی) بہت رنج دینا۔ سخت جلانا۔ دل کو پیچ و تاب ہونا (لازم) دل گھبرانا۔ بہت پریشان ہونا۔ دل کو تاب آنا یا ہونا (لازم) اطمینان ہونا۔ سکون ہونا۔ تسکین ہونا۔ دل کو تعلق ہونا (لازم) دھیان ہونا۔[2] محبت ہونا۔ دل کو تھامنا (متعدی) دل کو بیقرار ہونے سے روکنا۔ دل کو چوٹ لگنا (لازم) صدمہ ہونا۔ دل کو چوٹ ہونا (لازم) تمنا ہونا۔ دل کو چھلنا (لازم) [1] فریب یا دھوکا دینا۔[2] مائل کر لینا۔ دل کو چین آنا۔ ملنا یا ہونا (لازم) آرام ہونا۔ راحت ہونا۔ دل کو خار دینا (متعدی) صدمہ پہنچانا۔ دل کو خوش (شاد) کرنا (متعدی) [1] کسی کو مسرور کرنا۔[2] اپنے آپ کو مسرور کرنا۔ دل کو خوشی ہونا (لازم) بہت خوش ہونا۔ مسرور ہونا۔ دل کو خون کرنا (متعدی) سخت رنج دینا۔ دل جلانا۔ دل کو درد دینا یا عطا کرنا (متعدی) ہمدردی پیدا کرنا۔ رحم کی قوت دینا۔ دل کو دل سے راہ ہوتی ہے دل را بدل رہیست کا ترجمہ۔ محبت دونوں طرف سے ہوتی ہے۔ دل کو ڈھالنا (متعدی) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ دل کو رٹ لگی ہونا (لازم) ہر وقت دل میں یاد ہونا۔ دل کو سرور دینا (متعدی) ہونا (لازم) لطف ہونا۔ دل کو سمجھانا (متعدی) بیقرار دل کو تسکین بخش خیالات سے تسلی دینا۔ دل کو سنبھالنا (متعدی) دل کو بیقرار ہونے سے روکنا۔ دل کو

قرار ہونا (لازم) اطمینان ہونا۔ صبر ہونا۔ دلجمعی ہونا۔ دل کو کھٹا کرنا (متعدی) رنجیدہ کرنا۔ برافروختہ کرنا۔ دل کو گدگدانا (متعدی) اشتعال دلانا۔ شوق دلانا۔ دل میں خواہش پیدا کرنا۔ دل کو لگنا (لازم) [1] فہم و ادراک میں نہ سمانا۔[2] خواہش کرنا۔[3] صدمہ ہونا۔[4] دھن ہونا۔ دل کو لو لگنا (لازم) دھن ہونا۔ دل کو مسوسنا (متعدی) دلکو چھاتی پر ہاتھ رکھ کے تسلی دینا۔ دل کو مضبوط کرنا (متعدی) حوصلہ کرنا۔ دل کو نشانہ بنانا (متعدی) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ دل کو نہیں لگتی۔ یقین نہیں آتا۔ دلکو ہاتھوں سے مسلنا (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ بہت ستانا۔ دل کھٹا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) [1] ہمت پست ہونا۔ حوصلہ نہ رہنا۔[2] بیزار ہونا۔ دل کھٹا میٹھا ہونا (لازم) جی للچانا۔ بہت رغبت ہونا۔ دل کھٹک جانا (لازم) شبہ پڑنا۔ شک پڑنا۔ دل کھٹکنا (لازم) ڈرنا۔ کھٹکا ہونا۔ دل کھرا کھوٹا ہونا (لازم) نیت میں فرق آنا۔ خیال فاسد پیدا ہونا۔ دل کھِلنا (لازم) شگفتہ ہو جانا۔ دل کھُلنا (لازم) [1] خوش ہو جانا۔ رنج دور ہو جانا۔[2] خوف جاتا رہنا۔ ڈر نہ رہنا۔[3] ہمت ہونا۔ حوصلہ بڑھنا۔[4] روشن ضمیر ہو جانا۔ دل کھنچ جانا۔ کھنچنا (لازم) [1] دل فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا۔[2] ناراض ہونا۔ بیزار ہونا۔ دل کہنے (کہے) میں نہ ہونا (لازم) دل کا قابو میں نہ ہونا۔ دل کھولکر یا کھول کے (تف) بے دھڑک۔ خاطر خواہ۔ دل کہے میں نہیں۔ دل نہیں مانتا۔ یہی ہوس کرتا ہے۔ دل کھینچ لینا یا کھینچنا (متعدی) دل کو فریفتہ کر لینا۔ مائل کرنا۔ دل کی (مونث) راز دل۔ خواہش۔ دل کے آبلے پھوٹنا (لازم) پھوڑنا۔ توڑنا (متعدی) دیکھو دل کے پھپھولے الخ۔ دل کی آگ بجھانا (متعدی) بجھنا (لازم) [1] جی ٹھنڈا ہونا۔ تسکین ہونا۔[2] خواہش پوری ہونا۔ دل کی اڑا لینا (لازم) دل کا مطلب سمجھ لینا۔ دل کی بات (مذکر)

راز۔ دل کی بھڑاس (لازم) رنج۔ غم۔ غصہ (نکالنا۔ نکلنا کے ساتھ) دل کی بیتابی (مونث) گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بیقراری۔ دل کے پرزے (ٹکڑے) کرنا (متعدی) ہونا (لازم) سخت صدمہ ہونا۔ سخت رنج دینا۔ دل کی پھانس (مونث) دل کی خلش۔ رنج۔ غم۔ صدمہ۔ دل کے پھپھولے پھوٹنا (لازم) پھوڑنا۔ توڑنا (متعدی) [1] برا بھلا کہہ کر دل کا غصہ نکالنا۔ جلی کٹی باتیں غم و رنج کی وجہ سے کرنا۔[2] بدلا لینا۔ زہر اگلنا۔ دل کی جلن یا سوزش (مونث) وہ جلن جو بد ہضمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اصل میں اس کا دل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا لیکن چونکہ دل کے نزدیک ہوتی ہے اس لئے یہ نام ہوا۔ دل کی چیٹک (مونث) کسی چیز کی طرف خیال یا فکر (بری ہونا کے ساتھ) دل کی حالت (مونث) وہ کیفیت جو دل میں ہو جیسے بیچینی۔ گھبراہٹ۔ رنج۔ غم۔ افسوس۔ خوشی وغیرہ۔ دل کی حسرت (حسرتیں) نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) خواہش نکلنا۔ مراد پوری ہونا۔ دل کی دل میں رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) حسرت رہ جانا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔ دل کی دل ہی میں رہ گئی۔ ارمان نہ نکلا وقت پورا ہو گیا۔ دل کی رکاوٹ (مونث) آزردگی۔ افسردگی۔ دل کی سادی (مونث) بھولی۔ صاف دل۔ دل کی صفائی (مونث) دل کی بری باتوں سے مبرا ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) دل کی طرح رکھنا (لازم) عزیز رکھنا۔ دل کی کلی کھلنا (لازم) آرزو پوری ہونا۔ دل کی کنجی (مونث) ہمراز۔ صلاح کار۔ مشیر۔ دل کی کہنا (لازم) صاف بات جو دل میں ہو ظاہر کر دینا۔ وہ بات کہدینا جو دوسرے کے دل میں ہو۔ دلکی کہی۔ وہ بات کہی جو دوسرے کے دل میں تھی۔ دلکی گانٹھ۔ گتھی گرہ یا گلجھٹی (مونث) رنج۔ شکوہ۔ شکایت۔ دل کی گانٹھ کھولنا (متعدی) عداوت دلی

دور کرنا۔ چھپے ہوئے کینے کو رفع کرنا۔ **دل کی گرہ کھولنا** (متعدی)، **کھُلنا۔ نکلنا** (لازم) دلی رنجش دور ہونا۔ **دل کی گھُنڈی کھُلنا** (لازم) عقدہ کھلنا۔ **دل کی لاگ یا لگن** (مونث) عشق۔ محبت۔ عاشقی۔ **دل کی لگی** (مونث) غم۔ رنج۔ عشق۔ دلکی چوٹ۔ **دل کی لگی بجھانا** (متعدی)، **بجھنا** (لازم) دلکی حسرت نکلنا۔ **دل کی لگی بری ہوتی ہے**۔ عشق بری بلا ہے۔ عشق سب کچھ کراتا ہے۔ **دل کی لگی ہوئی آگ کو اور بھڑکانا** (متعدی) عشق کو زیادہ کرنا۔ **دل کیا کہہ رہا ہوگا**۔ دل میں کیا کیا خیالات گزرتے ہوں گے۔ **دلگداز** (صفت) ۱ دل کو نرم کرنے والا ۲ (مذکر) ایک ماہوار رسالہ جو عبدالحلیم شرر نکالا کرتے تھے۔ **دل گداز کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)، دل نرم ہونا۔ **دل گردہ** (مذکر) ۱ حوصلہ۔ جرات ۲ تاب۔ طاقت ۳ صبر۔ برداشت۔ **دل گردہ دیکھو**۔ دلیری دیکھو۔ **دل گرفتہ** (صفت) غمگین۔ مغموم۔ عاشق۔ **دل گرفتگی** (مونث) مغموم ہونا۔ غم۔ رنج۔ **دل گرم** (صفت) ۱ پرجوش۔ شائق ۲ پرآرزو ۳ بہادر۔ **دل گرمی** (مونث) ۱ شوق۔ جوش ۲ درستی۔ **دل گر جانا** (لازم) امنگ پیدا ہونا۔ خواہش ہونا۔ **دل گرم کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم)، امنگ پیدا ہونا۔ **دل گمراہ ہونا** (لازم) نیت میں فرق آنا۔ دل بھٹکنا۔ **دل گھبرانا** (لازم) ۱ بیقراری ہونا۔ اضطراب ہونا ۲ دل نہ لگنا۔ **دل گھونٹ گھونٹ کے رکھنا** (متعدی)، دل کو کسی بات سے روکنا۔ باز رکھنا دل کو کسی کام سے۔ **دلگیر** (صفت) مغموم غمگین۔ **دل لبھانا** (متعدی)، دل کو مائل کرنا۔ دل کو فریفتہ کرنا۔ **دل لٹو ہونا** (لازم)، فریفتہ ہونا۔ **دل لرزنا** (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ **دل لگا بیٹھنا** (لازم)، عاشق ہونا۔ محبت کرنے لگنا۔ **دل لگا رہنا** (لازم) فکر رہنا۔ **دل لگا کر** (تف) توجہ سے۔ **دل لگانا** (متعدی)، عاشق ہونا۔ محبت کرنا ۲ متوجہ ہونا کسی کام پر۔ **دل لگا ہونا** (لازم) ۱ فکر ہونا۔ خیال ہونا ۲ طبیعت کو تعلق ہونا۔ **دل لگ جانا۔ لگنا** (لازم) ۱ جی بہلنا ۲ کسی کام میں توجہ ہونا ۳ عشق ہونا۔ محبت ہونا۔ **دل لگن** (ھ) ۱ متوجہ۔ ملتفت ۲ مشغول۔ **دل لگی** (مونث) ۱ ہنسی۔ مذاق۔ چہل ۲ معمولی بات۔ آسان بات۔ ۳ مشغلہ۔ دلچسپی ۴ عشق۔ محبت۔ لگاؤ (کرنا نکالنا ہونا کے ساتھ)، **دل لگی باز** (صفت) مسخرا۔ ظریف (بنانا۔ ٹھہرانا۔ ہونا کے ساتھ) **دل لوٹ پوٹ ہونا۔ لوٹ جانا لوٹنا لوٹ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا ۲ بیقرار ہونا۔ **دل لوٹنا** (متعدی) مائل کرنا۔ دلدادہ کرنا۔ **دل لہرانا** (متعدی) ۱ دل خوش کرنا۔ امنگ پیدا کرنا ۲ (لازم) امنگ پیدا ہونا۔ دل خوش ہونا۔ **دل لہو کرنا** (متعدی)، **ہو جانا یا ہونا** (لازم) سخت رنج ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔ **دل لینا** (متعدی)، ۱ مائل کرلینا۔ عاشق بنالینا ۲ منشا دریافت کرنا۔ عندیہ لینا۔ **دل مارنا** (متعدی) خواہشوں کو روکنا۔ ضبط کرنا۔ **دل مانے** (تف) جیسا دل چاہے۔ حسب خواہش۔ **دل مبتلا ہونا** (لازم) عاشق ہونا۔ **دل مٹھی میں لینا** (لازم) کسی کو قابو کرنا۔ گرویدہ کرلینا۔ **دل مٹی ہونا** (لازم) خواہش نہ رہنا۔ **دل مچل جانا یا مچلنا** (لازم) دل کا ہٹ یا ضد کرنا کسی چیز کے لئے۔ **دل مرجانا یا مردہ ہونا** (لازم) خواہشیں جاتی رہنا۔ امنگ نہ رہنا۔ افسردہ ہونا۔ **دل مرحوم** (مذکر) عاشق کا دل۔ نامراد دل۔ **دل مرغ** (مذکر) ایک قسم کا تیر۔ **دل مسل جانا** (لازم) دل کا بیقرار ہونا۔ **دل مَسَلنا** (متعدی) دل کو ایذا پہنچانا۔ رنج دینا۔ **دل مسوسنا** (لازم) رنج ضبط کرنا۔ کڑھنا۔ **دل مشبک کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دل میں سوراخ ہونا۔ سخت غم ہونا۔ **دل مضبوط رکھنا** (متعدی) حوصلہ رکھنا۔ پروانہ کرنا۔ نہ گھبرانا۔ **دل مضطر** (مذکر) بیقرار دل۔ بےچین دل۔ **دل مکدر ہونا** (لازم) دل میں ملال آجانا۔ دل میں صفائی نہ رہنا۔ **دل ملا** (مذکر) بہناپا۔ سہیلیوں کا رشتہ۔ بیگمات خاندان مغلیہ ایسے رشتے جوڑا کرتی تھیں۔ **دل ملانا** (متعدی)، **ملنا** (لازم) راہ رسم ہونا۔ محبت و اخلاص ہونا۔ **دل مَلنا** (لازم) رنج پہنچانا۔ دل پائمال کرنا ۲ (عو) بہت مشتاق ہونا۔ **دل ملول** (صفت) غمگین۔ آزردہ۔ **دل موم ہونا** (لازم) ۱ رحم آجانا۔ ترس آنا ۲ دل نرم ہونا۔ **دل موہ لینا** (متعدی) ۱ لبھا لینا۔ فریفتہ کرلینا ۲ دل قابو میں کرلینا۔ **دل میلا کرنا** (متعدی) مغموم ہونا۔ اندوہگیں ہونا ۲ اداس ہونا۔ متفکر ہونا۔ **دل میلا ہونا** (لازم) دل میں کدورت ہونا۔ **دل میں** (تف) جی ہی جی میں۔ باطن میں۔ **دل میں آبلے ڈالنا** (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ **دل میں آجانا۔ آنا** (لازم) بات ذہن میں آجانا۔ خیال ہو جانا۔ **دل میں آگ بھری رہنا یا ہونا** (لازم) سخت جلنا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا۔ **دل میں آگ بھڑکانا** (متعدی) **بھڑکنا** (لازم) دل میں سوزش پیدا ہونا۔ خواہش پیدا ہونا۔ **دل میں آگ لگانا** (متعدی) رنج دینا۔ ستانا۔ **دل میں آگ لگنا** (لازم) سوز و گداز عشق پیدا ہونا۔ **دل میں آنا** (لازم) خیال گزرنا۔ **دل میں اتارنا** (متعدی) **اترآنا۔ اترنا** (لازم) ذہن نشین ہونا۔ دل میں سما جانا۔ **دل میں اینٹھ رکھنا** (عف) بغض و عداوت رکھنا۔ **دل میں باتیں بھری ہونا** (لازم) دل گلے شکوؤں سے پر ہونا۔ دل شرارتوں سے بھرا ہونا۔ **دل میں بٹھانا** (متعدی) ذہن نشین کرنا۔ **دل میں بخار بھرا ہونا** (لازم) دل میں کدورت ہونا۔ **دل میں برائی آنا** (لازم) بدنیت ہو جانا۔ برا خیال دل میں پیدا ہونا۔ **دل میں بڑی سمائی ہونا** (لازم) عالی حوصلگی ہونا۔ **دل میں بسا رہنا یا بسنا** (لازم) ہر وقت کسی کا خیال دل میں رہنا۔ ہر وقت تصور رہنا۔

دل میں بل ڈالنا (متعدی)، پڑنا (لازم) کدورت ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں بل رکھنا (لازم) بغض رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ دل میں بھچنا۔ دل تنگ ہونا۔ نادم ہونا۔ دل میں بیٹھ جانا (لازم) ذہن نشین ہونا۔ دل میں پاپ لانا (لازم) شک لانا۔ بدگمان ہونا۔ وہم میں پڑنا۔ دل میں پسیجانا (لازم) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دل میں پلٹ جانا (لازم) کچھ کہہ کے اس کے برخلاف نیت کرلینا۔ دل میں پنکھے لگے ہونا (لازم) سخت گھبراہٹ ہونا۔ بہت بیچینی ہونا۔ دل دھڑکنا۔ دل میں پھپھولے پڑنا (لازم) ضبط کی وجہ سے دل میں رنج ہونا۔ دل میں پھرنا (لازم) ہر وقت خیال رہنا۔ دل میں پھوٹ رکھنا (لازم) کدورت رکھنا۔ بغض رکھنا۔ دل میں تو سمجھو قائل تو ہو۔ شرمندہ تو ہو۔ دل میں ٹھاننا (متعدی) ٹھننا۔ ٹھنی رہنا یا ہونا (لازم) پکا ارادہ ہونا۔ کسی خیال کا دل میں قائم ہونا۔ دل میں ٹیڑھا ہونا (لازم) ناخوش ہونا دل ہی دل میں۔ دل میں جگہ پانا یا ملنا (لازم) ۱پسندیدہ ہونا۔ پسند خاطر ہونا ۲رسوخ ہونا ۳دل میں گنجائش ہونا۔ دل میں جگہ دینا (لازم) دیکھو آخری دل میں جگہ کرلینا یا کرنا (متعدی) محبت پیدا کرنا۔ رسائی پیدا کرنا۔ دل میں جگہ ہونا (لازم) محبت ہونا۔ عزیز ہونا۔ دل میں جلنا (لازم) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ دل میں جما رہنا یا جمنا (لازم) ہر وقت خیال میں رہنا۔ دل میں چبھ جانا یا چبھنا (لازم) ۱دل پر اثر کرنا ۲پسند آنا۔ دل میں چٹکیاں (چٹکی) لینا (متعدی) ۱دل دکھانا۔ درپردہ آزار پہنچانا ۲طعنے دینا ۳اثر کرنا ۴شوق پیدا کرنا۔ ابھارنا۔ دل میں چوٹ لگنا (لازم) صدمہ پہنچنا۔ رنج ہونا۔ دل میں چور بیٹھنا یا ہونا (لازم) ۱بدگمانی ہونا۔ بدظنی ہونا ۲دل میں فرق ہونا۔ دل میں چھید کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ رنج ہونا۔ دل میں حسرت رکھنا (متعدی) سخت خواہش ہونا۔ آرزو ہونا۔ دل میں خلش رکھنا (متعدی) بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ دل میں خلش ہونا (لازم) ڈر ہونا۔ خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔ دل میں خیال آنا (لازم) ذہن میں کوئی بات آنا۔ خیال گزرنا۔ دل میں خیال رہنا (لازم)، دل میں کسی کا تصور رہنا۔ ہر وقت کسی کا دھیان رہنا۔ دل میں خیال رکھنا (متعدی)، کوئی بات ذہن میں رکھنا۔ کسی بات کا دھیان رکھنا۔ دل میں خیال گزرنا (لازم) دیکھو دل میں خیال آنا۔ دل میں داغ پڑنا (لازم) صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں دل ڈالنا (متعدی) دوسرے کے دل پر اپنا اثر ڈالنا۔ اپنے دل کی بات کا دوسرے کو یقین دلانا۔ دل میں ڈالنا (متعدی) کسی بات کا دوسرے کے دل میں پیدا کرنا۔ دل میں ڈرنا (لازم) اس طرح خوف کھانا کہ دوسرے پر ظاہر نہ ہو۔ دل میں راہ پیدا کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) کسی کی محبت پیدا ہونا۔ دل میں راہ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱محبت ہونا ۲رسوخ ہونا۔ دل میں رحم آنا (لازم) ترس آنا۔ دل نرم ہونا۔ دل میں رکاوٹ ہونا (لازم) آزردگی ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ دل میں رکھنا (لازم) ۱مخفی رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا ۲کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا ۳یاد رکھنا۔ خیال رکھنا۔ دل میں رہنا (لازم) ہر وقت خیال میں بسنا۔ دل میں زہر بھرا ہونا (لازم) کسی کی طرف سے دل میں بدی یا دشمنی ہونا۔ دل میں سما جانا یا سمانا (لازم) ۱کسی بات کا یقین ہوجانا ۲ہر وقت خیال میں رہنا ۳ارادہ کرنا۔ دل میں سمائی ہونا (لازم) کسی بات کا ارادہ ہونا۔ دل میں سمجھنا یا سوچنا (متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ دل میں سو راخ پڑنا یا ہوجانا۔ ہونا (لازم) کرنا (متعدی) دل کو رنج پہنچانا طعن وتشنیع سے۔ دل آزاری کرنا۔ دل میں شرمانا (لازم) شرمندہ ہونا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔ دل میں غبار آنا (لازم) کدورت ہونا۔ ملال ہونا۔ دل میں غبار بھرا رہنا یا بھر رہنا (لازم) ہر وقت کدورت رہنا۔ دل میں غبار رکھنا (متعدی)، ہونا (لازم) کدورت ہونا۔ ملال ہونا۔ دل میں غور کرنا (متعدی) سوچنا۔ دل میں فرق آنا (لازم) ۱شبہ پڑنا۔ شک ہونا ۲اعتبار اٹھنا ۳عداوت ہونا۔ بغض ہونا۔ دل میں فرق ہونا۔ (لازم) دل صاف نہ ہونا۔ ملال ہونا۔ دل میں قائل ہونا۔ ماننا یا اقرار کرنا اسطرح کہ دوسرے پر ظاہر نہ ہو۔ دل میں کانٹا سا کھٹکنا (لازم) ناگوار گزرنا۔ گراں خاطر ہونا۔ دل میں کبیدہ ہونا (لازم) غمگین ہونا۔ دل میں کپٹ ہونا (لازم) کینہ ہونا۔ دشمنی ہونا۔ دل میں کٹنا (لازم) شرمندہ ہونا خفیہ طور پر۔ دل میں کچھ نہ آنا (مت) رحم نہ آنا۔ ترس نہ آنا۔ دل میں کڑھنا (لازم) افسوس کرنا۔ رنج کرنا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔ دل میں کھبا جانا (لازم) بھانا۔ دل میں سما جانا۔ دل میں کھبنا (لازم) دل پر اثر ہونا۔ دل میں کھٹک جانا (لازم) ۱اثر کرجانا ۲شبہ پڑجانا۔ دل میں کھٹکنا (لازم) ناگوار معلوم ہونا۔ دل میں کہنا (لازم) سوچنا۔ خیال کرنا۔ دل میں کھوٹ ہونا (لازم) دغا ہونا۔ دل میں کیا آیا (لازم) دل میں کیا خیال پیدا ہوا۔ دل میں کیا کہتے ہوں گے یا کہیں گے۔ جہاں آدمی کوئی بری بات کہے یا کرے جس کا اثر دوسرے پر ہو تو شرمندگی کے طور پر کہتے ہیں دل میں گتھی پڑنا (لازم) رنج پیدا ہونا کسی کی طرف سے۔ دل میں گدگدی کرنا (متعدی)، ہنسانا۔ دل میں گدگدی ہونا (لازم) کوئی خواہش پیدا ہونا معشوق کی شوخی کی وجہ سے۔ دل میں گرہ پڑنا یا ہونا (لازم) رنج یا ملال ہونا۔ دل میں گڑ جانا (لازم) پسند آنا۔ اثر ہونا۔ دل میں گڑھے پڑنا (لازم) صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں گلجھڑی پڑنا (لازم) ملال ہونا۔ کدورت ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں گمان لے جانا (لازم) شبہ پڑنا۔ شک ہونا۔ دل میں گھاؤ پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) رنج دینا۔ صدمہ پہنچانا۔

دل میں گھبرانا (متعدی) پریشان ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ دل میں گھر بنانا (متعدی) بننا (لازم) پسند آنا۔ ہر وقت خیال میں رہنا۔ دل میں گھر پیدا کرنا (متعدی) رسائی پیدا کرنا۔ اخلاص پیدا کرنا۔ دل میں گھر دینا (متعدی) محبت کرنا۔ پیار کرنا۔ دل میں گھر کر جانا یا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱رسائی ہونا۔ محبت ہونا ۲ دوست بننا۔ اخلاص پیدا ہونا۔ دل میں گھونسا لگنا (لازم) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔ دل میں لانا (متعدی) دلنشین کرنا۔ دل میں لگن لگا دینا لگانا (متعدی) لگنا (لازم) جوش پیدا ہونا شوق ہونا۔ دل میں لہر آنا (لازم) خیال آنا۔ امنگ پیدا ہونا۔ دل میں لئے جانا (لازم) کینہ رکھنا۔ بات کو نہ بھولنا۔ دل میں لئے رہنا (لازم) ضبط کرنا۔ دل میں ماننا (لازم) کسی بات کا دل پردہ قائل ہونا۔ دل میں مزا سمانا (متعدی) گذشتہ مزوں کا خیال دل میں ہونا۔ دل میں ناسور پڑنا ہونا (لازم) ڈالنا۔ کر دینا یا کرنا (متعدی) سخت صدمہ ہونا۔ بہت رنج ہونا۔ دل میں نقش کر لینا۔ کرنا (متعدی) ہو جانا ہونا (لازم) ایسا اثر ہونا کہ کبھی نہ بھولے۔ دل میں نیت کرنا (متعدی) ارادہ کرنا۔ دل میں نیکی ڈالنا (متعدی) خدا کا کسی کو نیک کام کی طرف متوجہ کرنا۔ دل میں وسواس لانا (متعدی) دل میں برے برے خیالات یا شبہات کرنا۔ دل میں وسوسے اٹھنا (لازم) برے برے خیالات آنا۔ دل میں ہوک اٹھنا (لازم) کوئی رنج یا غم کی بات یاد آنا۔ دل میں ہول سمانا (لازم) گھبراہٹ ہونا سخت ڈر ہونا۔ دل میں ہونا (لازم) ۱ارادہ ہونا۔ قصد ہونا ۲ خواہش ہونا۔ تمنا ہونا ۳ خیال ہونا۔ دل میں یاد رکھنا (متعدی) فراموش نہ کرنا۔ خیال میں رکھنا۔ دل میں یاد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ہر وقت دھیان ہونا۔ ہر وقت خیال میں رہنا۔ دلِ ناصبور (مذکر) بیقرار دل۔ بیچین دل۔ نہ صبر کرنے والا دل۔ دل نرم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رحم آنا۔ ترس آنا۔ دل نہ رہنا (لازم) ۱حوصلہ نہ رہنا ۲ امنگ نہ رہنا۔ دلنشین (صفت) ۱دل پر جما ہوا۔ موثر (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ مرغوب۔ پسندیدہ۔ دلنواز (لازم) دل کو تسلی دینے والا ۲ (مذکر) دوست۔ یار۔ دلنوازی (مونث) ۱تسلی۔ تشفی ۲ مہربانی۔ عنایت ۳ ناز و نخرے۔ دل نہاد (صفت) ۱جس پر دل مائل ہو۔ کوئی چیز جسکی طرف توجہ ہو ۲ (مذکر) معشوق ۳ توجہ۔ دل وابستہ ہونا (لازم) ۱فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ۲ مطیع ہونا۔ دل والا (صفت) ۱دلیر۔ بہادر۔ جری۔ شجاع ۲ سخی۔ فیاض۔ دل و جان (صفت) پیارا۔ عزیز۔ دل و جان سے (تف) ۱بڑی خوشی سے۔ بسر و چشم ۲ کمال۔ پوری طرح۔ بخوبی۔ بے حد۔ دل و جگر پر چھریاں چلانا (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ دل و دماغ (مذکر) ۱عقل۔ خرد۔ علم ۲ عقلمند آدمی۔ دل و دماغ نہ ہونا (لازم) ۱عقل نہ ہونا ۲ التفات نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا۔ دلوں دل (تف) دل تک۔ دلوں میں عداوت ہونا (لازم) دشمنی پیدا ہو جانا۔ ایک دوسرے سے دشمنی ہو جانا۔ دل ہاتھ بھر بڑھنا (لازم) حوصلہ زیادہ ہونا۔ ہمت ہونا۔ دل ہاتھ سے جانا (لازم) عاشق ہونا۔ دل کا قابو میں نہ رہنا۔ دل ہاتھ میں رکھنا (لازم) ۱خوش رکھنا۔ راضی رکھنا کسی کو ۲ تسلی دیتے رہنا ۳ قابو میں رکھنا۔ مطیع رکھنا۔ دل ہاتھ میں لینا (متعدی) مطیع بنانا۔ فرمانبردار بنانا ۲ تسلی دینا۔ دل ہارنا (متعدی) ہمت ہارنا۔ گھبرا جانا۔ دل ہٹا لینا (متعدی) کسی بات کو چھوڑ دینا۔ نفرت کرنا۔ دل ہٹ جانا (لازم) نفرت ہو جانا۔ بیزاری ہو جانا۔ دل ہیچ میچ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) خوف کھانا۔ ہچکچانا۔ دل ہرا ہونا (لازم) رنج و غم کے بعد پھر خواہش یا امنگ پیدا ہونا۔ دل ہلا دینا۔ ہلانا (متعدی) ہل جانا۔ ہلنا (لازم) ۱صدمہ ہونا ۲ خوف ہونا۔ ڈر ہونا ۳ رحم آ جانا۔ ترس آنا۔ دل ہلکا ہونا (لازم) رونے دھونے سے غم و رنج جاتا رہنا۔ دل ہوا ہو جانا (لازم) گھبرا جانا ڈر سے۔ دل ہی جانتا ہے۔ دل ہی کو معلوم ہے بیان نہیں ہو سکتا۔ دل ہی دل میں (تف) چپکے چپکے۔ اندر ہی اندر۔ دل ہی دل میں دعائیں دینا (متعدی) چپکے چپکے کسی کی بہتری کے واسطے دعائیں مانگنا۔ دل ہی دل میں کہنا (لازم) ۱خیال کرنا ۲ چپکے چپکے کہنا۔ دل ہی دل میں گھلنا (لازم) غم و رنج ظاہر نہ ہونے دینا۔ کڑھنا۔ دل ہی دل میں یاد کرنا (متعدی) چپکے چپکے دھیان کرنا۔ ہر وقت خیال میں رکھنا۔ دلی (صفت) ۱دل کی ۲ خالص ۳ روحانی ۴ اندرونی ۵ سخت بیحد۔ دلی بغض عناد (مذکر) بیحد دشمنی۔ اندرونی دشمنی۔ دلی دوست (مذکر) خالص دوست پیارا دوست۔ دلی محبت (مونث) بے حد محبت خالص محبت۔ دلی منشا (مذکر) دل کی خواہش۔

امثال و اقوال۔ دل بدست آور کہ حج اکبر است از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است۔ دلجوئی کرنا بہترین کام ہے۔ دل بدست دگرے دادن و حیراں بودن۔ اپنے آپ کو دوسرے کے ہاتھ میں دینا خواہ مخواہ اپنے سر زحمت لینا ہے۔ دل را بدل رہیست دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ جیسا ایک کو خیال ہوتا ہے ویسا ہی دوسرے کو۔ اگر دل میں دوسرے کی محبت ہو تو اسے بھی محبت ہوتی ہے۔ اگر عناد ہو تو اسے بھی عناد ہوتا ہے۔ دلسوز خانہ تراش۔ دل کو جلانے والا گھر کو تباہ کرنے والا۔ بیٹے کی نسبت کہتے ہیں۔ دل کا دل آئینہ ہے۔ دیکھو دل را الخ۔ دل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ۔ رنج و غم کا اسے ہی پتہ ہوتا ہے جو اس میں مبتلا ہو۔ دل کا مالک (اللہ) خدا ہے دل میں جو بات پیدا ہوتی ہے خدا کی طرف سے ہوتی ہے۔ دل کو دل سے راہ ہے۔ دیکھو دل را الخ۔ دلکو

ہو قرار تو سب سوجھیں تیوہار۔ جسے کوئی فکر نہ ہو۔ وہ ہر بات میں لطف اٹھاتا ہے۔ **دل کی تھی میں بھولی بھالی** (سادی) **جس کا پاتی اس کا کھاتی**۔ جو کسی بات سے پرہیز نہ کرے اس کے متعلق مذاقاً کہتے ہیں۔ **دل گدھی پر آگیا تو پری بھی اسکی جھانٹ ہے۔ دل لگا گدھی سے تو پری بھی کیا چیز ہے۔ دل لگا بینڈکی سے تو پدمنی کیا چیز ہے**۔ جہاں محبت ہو وہاں کوئی نقص نظر نہیں آتا۔ **دل مٹھی میں آیا سب کچھ پایا**۔ کسی کے دل کو خوش کرنا بڑا کام ہے۔ **دل میں آئی کو رکھے سو بھڑوا**۔ جو بات خیال میں آئے سو کہدینی چاہئے۔ جو آدمی ناگوار بات کہنا چاہے تو وہ تمہید کے طور پر کہتا ہے۔ **دل میں نہیں ڈر تو سب کی پگڑی اپنے سر**۔ اگر دل میں کسی بات کا خوف نہیں تو آدمی کسی کی پروا نہیں کرتا۔

دِلا (ہ۔ امر) دلانا کا۔
(س دا۔ دینا) **دلا پانا** (لازم) پانا۔ واپس پانا۔ **دلانا** (متعدی) ۱ دینا۔ عنایت کرنا ۲ عطا کرانا ۳ پیدا کرانا ۴ سپرد کرانا ۵ (قبضہ) قبضہ کرانا ۶ (حوصلہ وغیرہ) باعث ہونا۔ موجب ہونا ۷ (قرضہ وغیرہ) لے دینا ۸ (یاد) جتانا۔ دوسرے کے خیال میں لانا ۹ (قسم) سوں دینا۔

دُلار (ہ۔ مذکر) لاڈ۔ پیار۔ محبت۔ **دلارا** (مذکر) پیارا۔ عزیز۔ **دلارنا** (ہ) پیار کرنا۔ لاڈ کرنا۔ چمکارنا۔ پچکارنا۔ **دلاری** (مونث) پیاری۔ عزیزہ۔

مثل۔ دلاری بٹیا اینٹوں کا لٹکن۔ جو غریب ہو کر بناؤ سنگار کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

دَلّاک (ع۔ مذکر) وہ شخص جو حمام میں ملتا ہے۔ حجام (دَلک۔ ہاتھ سے ملنا) **دلاکی** (صفت) دلاک کے متعلق ۲ (مونث) دلاک کا پیشہ۔ ۳ (تیغ) استرہ۔

دَلّال (ع۔ مذکر) ۱ سودا کرانے والا۔ آڑتیا ۲ بھڑوا۔ کٹنا ۳ وہ شخص جو خریدار اور بیچنے والے کو ملائے (دَلّ۔ ہدایت کرنا) **دلالہ** (مونث) کٹنی۔ **دلالی** (مونث) ۱ سودا کرانے کی اجرت۔ آڑھت ۲ دلال کا پیشہ ۳ کٹناپہ۔

دَلالت (ع۔ مونث) ۱ علامت۔ نشان ۲ پتا۔ سراغ ۳ دلیل۔ ثبوت ۴ ہدایت۔ رہنمائی ۵ کسی چیز کا اسطرح ہونا کہ اسکی واقفیت سے دوسری چیز کی واقفیت ہو ۶ اطلاق۔ عاید ہونا ۷ دبدبہ۔ رعب۔ شان۔ عظمت (کرنا ہونا کے ساتھ) (دَلّ۔ ہدایت کرنا) **دلالت برسنا** (لازم) رعب وداب ہونا۔ شان وشوکت ظاہر ہونا۔

دلامی (۔۱۰۵۶) جنوبی ایران کا ایک شاہی خاندان۔ خلفائے بغداد کی مہربانی سے یہ جنوبی ایران میں حکمران ہوا۔ اس کی ایک شاخ خلفاء کی وزارت کا کام کرتی رہی۔ سلجوقیوں نے اس خاندان کا خاتمہ کر دیا۔

دُلان (ف۔ مذکر) دالان (مخف)

دُلانا (ہ۔ متعدی) ۱ ہلانا جنبش دینا ۲ اچھالنا۔

دِلاور پاشا (۔۱۶۲۲) ۱۶۲۱ء میں سلطان عثمان ثانی کا وزیر اعظم ہوا۔ جاں نثاروں نے قتل کر دیا۔

دِلاور خاں (۔۱۴۰۵) مالوہ کے پہلے شاہی خاندان کا بانی تھا۔ یہ ۱۳۸۷ء میں مالوے کا گورنر مقرر ہوا۔ ۱۴۰۱ء میں اپنے خود مختار سلطنت قائم کر لی۔ دار الخلافہ دھار تھا۔

دُلاؤ (ہ۔ مذکر) ہلانا جنبش دینا۔

دلائل (ع۔ مذکر مونث) دلیل کی جمع۔

دُلب (ع۔ مذکر) ۱ سال کا درخت ۲ حبشیوں کی ایک قوم۔

دَلبا (س۔ صفت) ۱ ٹوٹا ہوا شکستہ ۲ شکست خوردہ ۳ کمزور۔ ضعیف۔ دبیل ۴ (مذکر) کمزور پرندہ جسے لڑاکر دوسرے پرندوں کو دلیر بناتے ہیں۔ (س دَل۔ توڑنا)

دَلبھ (س۔ مذکر) ۱ بیتہ ۲ دغا۔ دھوکا ۳ ایک رشی کا نام۔

دَلپت (ہ) بھوج پور کا راجہ تھا اسے اکبر نے شکست دے کر گرفتار کر لیا تھا۔ اسنے جہانگیر کے عہد میں بغاوت کی اور بھوج پور فتح ہوا۔

دَلپت ساہ (۔۱۵۴۹) رانی درگاوتی کا خاوند اور سنگل گڑھ کا راجہ تھا۔ **دلپت سنگھ** (۱۸) ولد گلاب رائے۔ مصنف فلاحت مقال۔

دَلچا (ہ۔ مذکر) غالیچہ۔ جس سے غالباً بگڑا ہوا ہے۔

دَلدا پیشگیر (ف۔ ہ۔ مذکر) چھوٹا سائنگیر اجو چارپائی کے آگے بچھایا جاتا تھا۔

دِلدار آغا (۱۶) بابر کی ایک بیوی جو مرزا ہنڈال کی ماں تھی۔

دِلدار علی (۱۷۵۲۔۱۸۲۲) سید مولوی بن سید معین الدین رضوی لکھنوی۔ شیعہ فقیہ اور مجتہد۔ مصنف اساس الاصول۔ عماد الاسلام وغیرہ

دَلدّر (ہ۔ مذکر) دیکھو درِدر۔ **دلدّر پار ہونا** (لازم) دولتمند ہو جانا۔ **دلدر نکالنا** (مذکر) ۱ ہندؤں میں ایک رسم۔ دیوالی کے دن ہر کونے میں مکان کے جھاڑو مارتے ہیں اور کہتے ہیں ایسر آئے دلدر جائے ۲ (متعدی) گھر کو صاف کرنا ۳ برانے چراغوں کی جگہ نئے رکھنا۔ **دلدری** (صفت) ۱ مفلس۔ غریب ۲ منحوس ۳ میلا کچیلا آدمی جو کپڑوں کو صاف نہ رکھے۔

مثل۔ دلدر گھر میں نون پکوان غریبوں کے لئے نمک بھی نعمت ہوتی ہے۔

دَلدَل (ع۔ مونث) کیچڑ۔ چہلا۔ پانکا۔ کھبن۔ جھابر۔ دھسن۔ آند۔ آندن۔ کادوں (دَلدَل۔ ہلانا) **دلدلا** (ہ) کیچڑ والا۔ کیچڑ دار۔ **دلدلانا** (ہ) ہلنا۔ کانپنا۔ تھر تھرانا۔ **دلدلاہٹ** (ہ) تھرتھراہٹ۔ کپکپی۔ لرزش۔ **دلدل میں**

پھنس جانا یا پھنسنا (لازم) ۱۔ کیچڑ میں دھسنا ۲۔ مشکل یا دقت میں پڑنا ۳۔ برے کاموں میں پڑنا۔ **دلدل میں پھنس کے رہ جانا** (لازم) ۱۔ کیچڑ میں دھنس کر نہ نکل سکنا ۲۔ دنیاوی تعلقات اور جھگڑوں میں پھنس جانا۔

دلدلی (صفت) کیچڑ والا۔ کیچڑ دار۔

دُلدُل (ع۔ مذکر) ۱۔ سیہ ۲۔ وہ خچر جو حاکم اسکندریہ نے پیغمبر صلعم کو نذر میں بھیجا تھا۔ اسکا رنگ سفید سیاہی مائل تھا ۳۔ گھوڑی کی شکل کا تعزیہ ۴۔ وہ گھوڑا جسپر سامان ماتم لاد کر عشرہ محرم میں عزاخانے لے جاتے ہیں (بنانا۔ نکالنا نکلنا وغیرہ کے ساتھ) دُلدل حرکت دینا) **دلدل اسوار** (مذکر) حضرت علی کا لقب۔

دِل رَس بَانُو بیگم (۱۶) بنت شاہ نواز خاں صفوی۔ عالمگیر کی بیوی تھی۔ اس کی بہن مراد کی بیوی تھی۔

دلشاد خاتُون (۱۴) بنت امیر دمشق بن امیر چوبان۔ سلطان ابوسعد خاں کی بیوی تھی۔ جب بغداد فتح ہوا تو امیر حسن بزرگ نے اس سے شادی کی۔ مگر عنانِ حکومت اسی کے ہاتھ میں رہی۔

دُلفن۔ دُلفین (ع یو۔ مونث) ایک مچھلی جس کے متعلق خیال ہے کہ ڈوبتوں کو بچاتی ہے۔

دَلق (ع۔ مونث) گدڑی۔ ایک لباس جو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا بنا ہوتا ہے۔ اور فقیر پہنتے ہیں (ف دلک کا معرب۔ س دَل۔ ٹکڑے ہونا)

دلق پوش (مذکر) گدڑی پہننے والا فقیر۔ درویش۔

دَلک (ھ۔ مونث) ۱۔ چمک۔ جھلک۔ دمک ۲۔ کپکپی۔ لرزش۔ جنبش۔ **دلک جانا** (لازم) دیکھو دلکنا ۲۔ **دلکنا** (لازم) ۱۔ چمکنا۔ دمکنا ۲۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا۔

دُلکھنا (ہ۔ لازم) ۱۔ بات کاٹنا۔ ٹوکنا ۲۔ اعتراض کرنا ۳۔ نافرمانبرداری کرنا ۴۔ انکار کرنا۔ ۵۔ نامنظور کرنا ۶۔ منع کرنا (س دُل۔ پھینکنا)

دُلکی (ہ۔ مونث) گھوڑے یا کتے کی ایک چال۔ جس میں ایک وقت میں تین پاؤں اٹھتے ہیں (جانا چلانا چلنا کے ساتھ) (س دُل۔ پھینکنا)

دَلمہ (ف۔ مذکر) نیا پنیر۔

دُلمہ (ف۔ مذکر) ۱۔ سالن ۲۔ ایک سالن۔ جس میں قیمہ اور پنیر بینگن یا گاجر میں بھر کر پکاتے ہیں ۳۔ ایک قسم کی مکڑی جو زہریلی ہوتی ہے۔

دَلمئو (ہند) ۱۔ ضلع رائے بریلی میں ایک تحصیل ۲۔ ایک قصبہ۔

دلمی (س۔ مذکر) ۱۔ اندر ۲۔ اندر کا بجر۔

دَلو (ع۔ مذکر) ۱۔ ڈول ۲۔ ایک راس یا برج۔ کمبھ ۳۔ اونٹوں کی ایک نسل ۴۔ بدقسمتی ۵۔ چکی کی ٹوکری۔

دَلّو (ھ۔ مذکر) ایک بنئے کا نام تھا۔ جو ہمیشہ دس سیرا استعمال کرتا۔ عام طور پر پنسیری استعمال ہوتی ہے۔ **دلو کا دس سیرا۔ دسہرا یا دسیرا** (مذکر) اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو خواہ مخواہ دخل دے یا ایسی بات شروع کر دے جسے زیر بحث معاملے سے کوئی تعلق نہ ہو۔

دِلوالی (ھ۔ صفت) دلی کا باشندہ۔

دِلوانا (ہ۔ مم) دِلانا کا۔

دُلوک (س۔ مذکر) ایک شاعر کا نام۔

دِلوَیّا (ھ۔ مذکر) وہ شخص جو دلوائے۔

دِلہادہ۔ مذکر) کواڑ کے نیچے کا بڑا تختہ۔

دُلھَادہ۔ مذکر) دیکھو دولھا۔

مثل۔ دلھا دلھن پائے شہ بالا لاتیں کھائے۔ اصل آدمی کی قدر ہوتی ہے۔ دوسرے کی بے عزتی ہوتی ہے۔ شہ بالا وہ چھوٹا لڑکا ہوتا ہے جو دولھا کے پیچھے گھوڑی پر بیٹھتا ہے اور اس کے ہمراہ رہتا ہے۔ اسے بہت سی گالیاں دی جاتی ہیں۔

دُلھن (ہ۔ مونث) **دُلھی۔ دلھیا** (ھ) ۱۔ وہ عورت جس کی شادی ہو۔ بنی۔ بنڑی۔ عروس۔ ۲۔ زوجہ۔ بیوی ۳۔ بہو ۴۔ عزیزہ۔ پیاری ۵۔ (صفت) بہت آراستہ۔ **دلھن بن کے چلنا** (لازم) ۱۔ بن ٹھن کر چلنا۔ سرخ لباس پہن کے چلنا ۲۔ معشوقانہ انداز سے چلنا۔

دَلی (س۔ مونث) ڈھیلا۔

دِلّی (ہ۔ مونث) دیکھو دہلی۔ **دلی دکھانا** (متعدی) بچے کو کھلاتے ہوئے بغلوں میں ہاتھ دیکر سر سے اونچا کر دینا۔ **دلی دور ہے** - دہلی دور است کا ترجمہ ہے۔ جب نادر شاہ کے پشاور پہنچنے کی خبر محمد شاہ کو پہنچی تو اسنے یہ فقرہ کہا تھا۔ منزل مقصود دور ہے۔ **دلی کا روڑا** (صفت) بہت چالاک۔ **دلی وال یا والا** (صفت) دلی کا۔ دلی کی وضع کا۔ دلی کا باشندہ۔

امثال و اقوال۔ دلی تیرہ صدی برباد ہوتی ہے۔ اچھوں پر اس زمانے میں ضرور آفت آتی ہے۔ **دلی سے میں آؤں خبر کہے میرا بھائی** کوئی پرانی خبر سنائے تو کہتے ہیں۔ **دلی سے ہینگ آئی تب بڑے پکے**۔ بڑی مشکل سے کام ہوا۔ **دلی کے بانکے جن کی جوتی میں سو سو ٹانکے**۔ دلی کے بانکے چاہے کیسے غریب ہوں بن ٹھن کے نکلتے ہیں۔ انپر طنز ہے۔ **دلی کی بیٹی متھرا کی گائے۔ کرم پھوٹیں تو باہر جائے**۔ دونوں نازک ہوتی ہیں۔ **دلی کے دلوالی۔ منہ چکنا پیٹ خالی**۔ دلی کے باشندے گو بہت بن سنور کے رہتے ہیں۔ عموماً بھوکے مرتے ہیں۔ **دلی کی کمائی (بارہ بنکی) بھنگ کے بھاڑے میں گنوائی**۔ دولت مفت ضائع کی۔ ساری عمر کی محنت رائیگاں گئی۔ **دلی کی کمائی دلی ہی میں گنوائی**۔ کچھ بچایا نہیں۔ سب کچھ خرچ کر دیا۔ **دلی کی کمائی کاندو نالے میں گنوائی** ساری مشقت برباد گئی۔ محنت عبث ثابت ہوئی۔ **دلی غدر سے پہلے چمن بنی ہوئی تھی**۔ دہلی کے آدمی غدر سے پہلے کی دلی کی بہت تعریف کرتے ہیں۔ **دلی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کئے**۔ اچھی جگہ رہ کر بھی کچھ لیاقت حاصل نہ کی۔ **دلی ہنوز دور است** منزل مقصود ابھی کوسوں دور ہے۔

دُلی (س۔ عص) ایک منی کا نام۔

دَلیا (ہ۔ مذکر) ۱ دلا ہوا اناج۔ موٹا پسا ہوا غلہ ۲ پتلا دودھ اور چاول ۳ مسلمان بھادوں کے مہینے کے کسی جمعہ کو قند میں دلیا پکا کر دریا پر لیجاتے ہیں اور اسپر دودھ ڈال کر فقیروں کو تقسیم کرتے ہیں (س دَل۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا)

دَلیپ (س۔ مذکر) ۱ دلی کا ایک راجہ جو راجہ رامچندرجی کے بزرگوں میں سے تھا بھگیرتھ کا باپ اور انسومت کا بیٹا تھا ۲ کئی دیگر راجوں کا نام۔

دَلیپ سنگھ (۱۸۳۷ - ۱۸۹۳)
مہاراجہ رنجیت سنگھ کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا۔ جو اپنے بھتیجے شیر سنگھ کی وفات پر تخت پر بیٹھا لیکن ۱۸۴۹ء میں انگریزوں نے پنجاب کا الحاق کر لیا۔ اور اسے پانچ لاکھ روپے کا وظیفہ دے کر انگلستان بھیجدیا۔ جہاں اس نے عیسوی مذہب اختیار کر لیا۔ اسے ایک دفعہ ہندوستان آنے کی اجازت ملی۔ مگر سکھوں میں بہت جوش پیدا ہوگیا اور اسے عدن سے واپس کر دیا گیا۔ پیرس میں وفات پائی۔

دلے پنج (ہ۔ مذکر) گھوڑے کی زندگی کا تیسرا حصہ جو ۱۲ سال سے ۱۷ سال تک شمار ہوتا ہے۔

دَلیتی (ہ۔ مونث) چھوٹی چکی جس میں دانہ دلتے ہیں (دلنا سے)

دُلیچا (ہ۔ مذکر) غالبًا غالیچہ کا مخرب ہے۔ چھوٹا قالین۔

دُلیدُوہ (س۔ مذکر) ایک راجہ کا نام۔

دِلیر (ف۔ صفت) ۱ بہادر۔ شجاع۔ جری۔ بیر۔ سورما۔ دلاور۔ جوانمرد۔ مردانہ سوربیر ۲ بے خوف۔ نڈر ۳ گستاخ۔ **دلیرانہ** (صفت) ۱ جوانمردی سے۔ جرأت سے ۲ بیباکانہ ۳ گستاخانہ۔ **دلیری** (مونث) ۱ بہادری۔ شجاعت۔ جرأت۔ دلاوری۔ جوانمردی۔ بیرتا ۲ بیخوفی۔ بیباکی ۳ مضبوطی ۴ گستاخی (کرنا کے ساتھ) **دلیری سے** (نف) ۱ بیباکانہ ۲ بہادری سے۔

مثل۔ دلیری مردوں کا گہنا ہے۔ مرد کو بہادر ہونا چاہیئے۔

دِلیر خاں ۱ (۔ - ۱۶۳۳) اصل نام جلال خاں داؤدزئی بہادر خاں رہیلا کا بھائی اور عالمگیر کے مشہور جرنیلوں میں سے تھا۔ پنج ہزاری امیر تھا ۲ (۱۸/۱۷) عبدالرؤف بن عبدالکریم۔ شاہ بیجاپور کا ملازم تھا۔ بیجاپور کی فتح کے بعد اس نے عالمگیر کی اطاعت کی اور ہفت ہزاری امیر بنا۔ بہادر شاہ کے عہد میں دکن میں وفات پائی۔

دَلیل (ع۔ مونث) ۱ حجت۔ بحث ۲ وجہ۔ سبب ۳ ثبوت۔ شہادت۔ **دلیل پیش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ثبوت وجہ یا سبب پیش ہونا۔ **دلیل کرنا** (متعدی) بحث کرنا۔ حجت کرنا۔ **دلیل لانا یا نکالنا** (متعدی) حجت پیش کرنا۔ ثبوت دینا۔ **دلیلی** (صفت) بحث کرنے والا۔ حجت لانے والا۔ **دلیلیں کرنا** (متعدی) بحث کرنا۔ حجت کرنا۔

دَلیل (انگ۔ مونث) ڈرل کا مخرب۔ فوج یا پولیس کے سپاہیوں کی سزا۔ جس میں بڑے کوٹ کو کمر پر باندھ کر ٹہلاتے ہیں۔ **دلیل بولنا** (متعدی) **ملنا** (لازم) دلیل کی سزا دیا جانا۔

دَلیما (ہ۔ مذکر) تگا قوم کی ایک گوت۔

دَلینتی۔ دلینتی (ہ۔ مونث) دیکھو دلیتی۔

دَم (ف۔ مذکر) ۱ سانس۔ نفس ۲ پل۔ منٹ۔ لحظہ۔ وقت ۳ زندگی ۴ روح۔ جان ۵ ذات۔ نفس ۶ حقے کا کش ۷ بھٹی یا تندور کی ہوا ۸ پانی کا گھونٹ ۹ کھانے کو جب پکنے کے قریب ہو دھیمی آگ پر منہ بند کر کے رکھنا ۱۰ طاقت۔ قوت۔ زور ۱۱ تلوار کی دھار ۱۲ نیزے کی نوک ۱۳ مضبوطی۔ خوبی (کپڑے یا دوائی کی) ۱۴ لچک۔ اصلی حالت پر آجانے کی طاقت ۱۵ خوشی۔ فرحت ۱۶ اولوالعزمی۔ بلند حوصلگی ۱۷ دھوکا۔ فریب ۱۸ دغا ۱۹ افسوں۔ منتر۔ دعا جو پڑھ کر پھونکی جائے ۲۰ غرور۔ تکبر ۲۱ شیخی ۲۲ دم بخت (دَمیدن سانس لینا۔ س دَھم) **دمِ آب** (مذکر) پانی کا گھونٹ۔ تھوڑا سا پانی۔ **دمِ آتش افشاں** (مذکر) ۱ گرم سانس ۲ غرور۔ تکبر۔ **دمِ آخر ہو جانا** (لازم) مرجانا۔ **دمِ آخریں** (مذکر) نزع کا وقت۔ نزع۔ **دم آنا** (لازم) پک جانا۔ **دم آنکھوں میں ہونا** (لازم) حالت نزع ہونا۔ **دم اٹکنا** (لازم) ۱ سانس کا سینے میں رکنا ۲ وقت نزع آہستہ آہستہ جان نکلنا۔ **دمِ احتضار** (مذکر) نزع۔ **دمادم** (نف) دمبدم۔ **دم اکھڑا ہونا** (لازم) سانس کا باقاعدہ نہ ہونا۔ **دم اکھڑ جانا** (لازم) تھکاوٹ کی وجہ سے دم کا بہت تیز چلنا۔ سانس چڑھ جانا۔ **دم اکھڑنا** (لازم) سانس الٹنا۔ سانس کا بے قاعدہ چلنا۔ **دم الٹنا** (لازم) ۱ سانس رکنا ۲ دم نزع سانس کا بے قاعدہ ہونا ۳ دل گھبرانا۔ دم گھبرانا۔ **دم الجھنا** (لازم) جی گھبرانا۔ جی اکتانا۔ **دم اوپر کو کھینچنا** (متعدی) زور سے سانس لینا۔ **دمباز** (صفت) مکار۔ فریبی۔ دھوکے باز ۲ حیلہ ساز۔ حیلہ گر ۳ حقے کا دم لگانے والا۔ **دمباز ہے** فریبی ہے۔ مکار ہے۔ **دمبازی** (مونث) دھوکا۔ جُل۔ دغابازی۔ فریب۔ مکاری۔ حیلہ سازی۔ **دم باقی نہ ہونا** (لازم) ۱ ہکا بکا رہ جانا۔ سانس باقی نہ رہنا ۲ حوصلہ نہ رہنا۔ **دم باندھنا** (متعدی) ۱ سانس روک لینا ۲ سخت متوجہ ہونا۔ **دم بخود** (صفت) چپ۔ خاموش (رہ جانا یا رہنا ہونا کے ساتھ) **دمبدم** (نف) ۱ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ گھڑی گھڑی برابر ۲ پے در پے۔ متواتر۔ **دم بڑھانا** (متعدی) لمبے سانس لینے کی مشق کرنا۔ **دم بڑھ جانا** (لازم) قوت زیادہ ہونا۔ **دم بنا رہے**۔ فقیروں کی دعا جیتے رہو۔ **دم بند** (صفت) بھبکا۔ **دم بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ چپ ہونا۔ ساکت ہونا۔ خاموش ہونا ۲ سانس رکنا ۳ تنگ ہونا۔ عاجز ہونا ۴ گھبرانا۔ جی گھبرانا۔ **دم بند ہے**۔ لاچار ہے۔ **دم بولانا**

(لازم) جی گھبرانا۔ وحشت ہونا۔ دم بھر (تف) ذرا۔
لحظہ بھر۔ تھوڑی دیر کے لئے۔ دم بھر آنا (لازم)
سانس پھول جانا۔ دم بھرانا (متعدی) ۱؎ کبوتر کے
پوٹے میں ہوا بھرنا ۲؎ پہلوان کا اپنے شاگردوں کو زور
کرکے تھکا دینا۔ دم بھرتا ہے۔ بڑا دوست ہے۔
دم بھر جانا (لازم) سانس پھولنا۔ دم بھر کو (تف)
ایک لحظہ۔ ایک پل۔ تھوڑی دیر دم بھر کی خبر نہیں
پتہ نہیں تھوڑی دیر میں کیا ہونے والا ہے۔ دم بھر میں
(تف) تھوڑی سی دیر میں۔ لمحہ بھر میں۔ دم بھر میں
کچھ دم بھر میں کچھ (صفت) ہر دم بدلنے والا۔
متلون مزاج۔ دم بھرنا (لازم) ۱؎ سانس چڑھنا یا پھولنا۔
۲؎ کسی کی تعریف ہر وقت کرنا۔ ہر وقت کسی کو یاد کرنا ۳؎
محبت کا دعوے کرنا ۴؎ دعوے کرنا ۵؎ بھروسہ کرنا۔
آسرا پکڑنا ۶؎ بولنا کبوتر کا ۷؎ ہلنا۔ چلنا ۸؎ یقین کرنا۔ ایمان
لانا۔ دم بڑھانا (متعدی) دیر میں سانس لینے کی
عادت ڈالنا۔ دم کشی کی مشق کرنا۔ دم پخت
(مذکر) ۱؎ بھاپ میں پکنا کھانے کا۔ دیکھو دم ۹؎ دیگ کا
منہ بند کرکے پکایا ہوا کھانا ۲؎ کوئی چیز جو مرغ کے پیٹ
میں رکھ کر پکائی جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) دم پخت
ہو کر رہ جانا (لازم) ناراض ہو کر یا غصہ ضبط کرکے
چپ ہو رہنا۔ دم پر آنا (لازم) پکنے کے قریب ہونا۔
اتنا پک جانا کہ اب اسے دم کی کسر رہ جائے۔ دم پر
بنا دینا۔ بنانا (متعدی) پہنچانا یا بننا (لازم)
مرنے کے قریب ہونا۔ جان پر آبننا۔ دم پر چڑھانا
(متعدی) چڑھ جانا یا چڑھنا (لازم) دھوکے
میں آجانا۔ دم پر چھوڑ دینا (لازم) کھانے کو کوئلوں
کی دھیمی آنچ پر رکھ دینا۔ دم پر لانا (متعدی) فریب
میں پھنسانا۔ دم پردم (تف) دم بدم (عف) دم
پسیں (مذکر) نزع کی حالت۔ دم پھڑک جانا
یا پھڑکنا (لازم) ۱؎ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۲؎ خواہش
سے بیتاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔ دم پھولنا (لازم)
سانس چڑھنا۔ دم پھونکنا (متعدی) روح ڈالنا۔
جسم میں جان ڈالنا۔ دم تک (تف) جیتے جی۔ زندگی

ہیں۔ دم تمانچا (مذکر) ہندوستانی تلوار کی ایک قسم۔
دم توڑ رہنا یا توڑنا (لازم) نزع کی حالت ہونا۔
جاں کنی ہونا۔ سانس اکھڑنا۔ دم تو لو۔ ذرا ٹھہرو تو
سہی۔ دم تیغ (مذکر) تلوار کی کاٹ۔ تیزی یا دھار۔
دم تیغ پر راہ ہونا (لازم) موت کا خطرہ ہونا۔ دم
ٹوٹنا (لازم) ۱؎ حالت نزع میں ہونا۔ سانس اکھڑنا۔
۲؎ مرنا ۳؎ تیراک یا بھاگنے والے کا سانس پھولنا۔ دم
ٹھہرنا (لازم) سانس کا ٹھکانے سے ہونا یا قرار پکڑنا۔
دم جھانسا (مذکر) دھوکا۔ فریب۔ چھل (دینا کے
ساتھ) دم چرانا (متعدی) اپنے تئیں مردہ ظاہر کرنا۔
دم روک لینا حبس دم کرنا ۲؎ پہلوتہی کرنا۔ ٹالنا۔ کسی
کام کو کرنے سے کھسکنا۔ دم چڑا (مذکر) ایک قسم کی آتشباز
جو تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد چلتی ہے۔ دم چلا
جانا (لازم) فریفتگی ہونا۔ عاشق ہونا۔ دم چند (لازم)
چند لمحے۔ تھوڑی دیر۔ دم چھوڑ دینا۔ چھوڑنا (لازم)
مرجانا۔ دم خشک کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دم خفا کرنا (متعدی) ناخوش
کرنا۔ رنج دینا۔ دم خفا ہونا (لازم) جی گھبرانا۔
دم گھٹنا۔ دم خم (مذکر) ۱؎ تلوار کی دھار اور خمیدگی۔
۲؎ زور و طاقت۔ مضبوطی (پانا رکھنا کے ساتھ) ۳؎ ہوش
حواس۔ اوسان۔ دم خنجر (مذکر) خنجر کی دھار۔ دم
خود رہ گیا۔ کچھ نہ بولا۔ چپ رہ گیا۔ دمدار
(صفت) ۱؎ دھار دار۔ تیز ۲؎ مضبوط۔ زور دار ۳؎
لچکدار۔ دم داعیہ (مذکر) دعوے۔ حوصلہ۔
دم درود نہ ہونا (لازم) ۱؎ مردہ ہونا ۲؎ مرنے کے
قریب ۳؎ طاقت نہ ہونا۔ دم درود نہیں۔ نہایت
کمزور ہے۔ کچھ طاقت نہیں۔ دم دعوے (مذکر)
حوصلہ۔ دعوے۔ امنگ (رکھنا کے ساتھ) دم
دلاسا (مذکر) چکنی چپڑی باتیں۔ تسلی۔ تشفی (دینا کے
ساتھ) دم دلاسا دے کر (تف) تسلی و تشفی کرکے۔
دم دم کی (صفت) ہر وقت کی۔ ہر لحظہ کی۔ دم
دھاگا (مذکر) فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ افسوں
گروں کے دھاگے پر دم کرنے سے یہ محاورہ لیا گیا ہے

جو جھوٹا فریب ہوتا ہے۔ دم دھاگے بتانا (متعدی)
جھانسا دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دھگدگی میں ہونا
(لازم) جانکنی کا عالم ہونا۔ نزع میں ہونا۔ دم دیا جانا
(لازم) فریب دیا جانا۔ دم دیدیا۔ بہکا دیا۔ دم دیدینا
(لازم) ۱؎ فریب دینا۔ بہکانا۔ دم دیکھنا (لازم) ۱؎
تیزی کی جانچ کرنا ۲؎ نزع کے وقت سانس کو دیکھنا۔ دم
دے گیا۔ فریب دے گیا۔ دم دینا (لازم) ۱؎ مرجانا
۲؎ فریب دینا ۳؎ فریفتہ ہونا ۴؎ کھانے کو ہلکی آنچ پر رکھنا ۵؎ تلوار کو
خم کرکے دیکھنا ۶؎ ہوا بھرنا کسی پچکی ہوئی چیز میں ۷؎ تلوار کو
آب دینا۔ دم رخصت (تف) رخصت کے وقت
پھونکنا باجے کو۔ دم رفتار (مذکر) چلنے کے وقت
دم رفتن (مذکر) مرنا۔ موت۔ دم رکنا (لازم)
۱؎ سانس رک رک کے آنا ۲؎ ضیق النفس کا عارضہ ہونا
۳؎ دل گھبرانا ۴؎ عاجز ہونا۔ دم روکنا (متعدی) ۱؎
حبس دم کرنا ۲؎ عاجز کرنا۔ دم رہنا (لازم) ۱؎ زندہ
رہنا۔ جان باقی رہنا ۲؎ طاقت رہنا۔ دم رکھنا (لازم)
۱؎ طاقت رکھنا ۲؎ چپ رہنا ۳؎ ضبط کرنا۔ دم زدن
(مذکر) ۱؎ دم مارنا۔ سانس لینا ۲؎ کچھ کہنا ۳؎ ہچکچانا ۴؎ بھاگ
جانا ۵؎ چپ رہنا۔ دم زدن میں (تف) بہت جلدی
فوراً۔ دم زنی (مونث) چپ رہنا۔ دم سادھنا
(لازم) ۱؎ حبس دم کرنا ۲؎ چپ رہنا ۳؎ حرکت نہ کرنا۔ دمساز
(صفت) رازدار۔ ہمراز ۲؎ ساتھ گانے والا آس دینے
کے لئے ۳؎ متفق۔ موافق ۴؎ (مذکر) دوست۔ ہمدم۔ یار۔
دمسازی (مونث) ۱؎ دوستی۔ بے تکلفی ۲؎ اتفاق ۳؎ میل
سروں کا میل۔ دم سحر (مذکر) صبح کے وقت۔ دم
سرد (مذکر) ٹھنڈی سانس۔ آہ۔ دم سرد (صفت)
وہ شخص جس کی گفتگو بے اثر ہو۔ دم سرد بھرنا (لازم) آہ
کھینچنا۔ دم سکھانا (متعدی) ڈرانا۔ دھمکانا۔ دم
سوکھنا (لازم) ۱؎ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ کنجوسی کرنا۔ دم
سولی پر ہونا (لازم) ۱؎ بہت پریشان ہونا ۲؎ سخت
منتظر ہونا ۳؎ جان خطرے میں ہونا۔ دم سے (تف)
۱؎ دھوکے سے ۲؎ مذاق سے ۳؎ ذات سے۔ وجہ سے۔ دم
سے لگنا (لازم) ذات سے وابستہ ہونا۔ دم شام (مذکر)

شام کا وقت - دم شماری (مونث) مرتے وقت کے سانس گننا - دم صبح (مذکر) ۱صبح کا وقت ۲ پو پھٹنا - دم ضیق میں کرنا (متعدی) تنگ کرنا - زچ کرنا - دم عیسیٰ یا عیسوی (مذکر) حضرت عیسیٰ کی پھونک جس سے وہ مردہ کو زندہ کرتے تھے - یا بقول سلمان مٹی کے پرندوں میں جان ڈالتے تھے ۲ صحت بخش - جان ڈالنے والا - دم غلط کر دینا - کرنا (متعدی)، ہو جانا - ہونا (لازم) گھبرا جانا - پریشان ہونا - دم غنیمت ہونا (لازم) قابل قدر ہونا - متبرک ہونا - دم غنیمت ہے - زندہ رہنا بہتر ہے - دم فنا کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) مرجانا - ۲ ڈرنا ۳ تکلیف ہونا - دم قدم (مذکر) ۱سانس اور چلنے کی طاقت ۲ زندگی - ذات ۳ ہستی - وجود ۴ سلامتی - دم قدم ثابت ہونا (لازم) صحیح سالم ہونا - زندہ رہنا - دم قدم سے لگا رہنا (لازم) وابستہ رہنا - ساتھ رہنا - دم قدم کی برکت - کسی کی ذات کی وجہ سے بہتری ہونا (ہونا کے ساتھ) دم قدم کی خیر (دعا) جان کی سلامتی - یہ فقیروں کی دعا ہے - دم قفس کرنا (لازم) گھبرانا - دم کا دھاگا (مذکر) ۱مضبوط دھاگا - ۲ دم کا دھاگے کے ساتھ استعارہ کیا جاتا ہے ۳ وہ دھاگا جس پر افسوں گر دم کر کے گانٹھ دیتے ہیں - دم کا مہمان (مذکر) ۱جلد جانے والا شخص ۲ مرنے کے قریب شخص (کوئی اور رہونا کے ساتھ) دم کرنا (متعدی) ۱چاول پکانا ۲ دعا یا افسوں پڑھ کر پھونکنا ۳ بجھانا جیسے آگ ۴ (توپ) توپ سے اڑا دینا - تباہ کر دینا - غارت کر دینا - دم کش (صفت) ۱وہ جو گانے میں دوسرے کی آواز کے ساتھ آواز ملائے ۲ دم کھینچنے یا لینے والا ۳ چپ ۴ ہانپنے والا - دم کشی (مونث) ۱دم لینا ۲ چپ ۳ ضیق النفس کی بیماری - دمہ - دم کو لے رہنا یا لے کر بیٹھ رہنا (لازم) ۱سانس نہ لینا - دم بخود رہنا ۲ خاموش رہنا ۳ ٹال جانا - دم کھا جانا یا رہنا (لازم) چپ ہو رہنا - دم کھا رہا - چپ ہو رہا - دم کھانا (متعدی) ۱دھوکا کھانا ۲ تنگ کرنا ۳ بار بار تقاضا کرنا ۴ خاموش رہنا ۵ کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑا جانا - ۶ صبر کرنا ۷ دم لینا - دم کھٹکے میں پڑنا (لازم) تذبذب ہونا - دم کھچنا (لازم) ۱ نزع میں لمبے لمبے سانس لینا - دم نکلنا ۲ چپ ہونا - دم کھینچنا (متعدی) ۱چپ رہنا ۲ حقے کا گھونٹ لینا - دم کے دم (تف) تھوڑی دیر - دم کے دم میں (تف) تھوڑی سی دیر میں - فوراً - دم کی روشنی (مونث) ذات کا فیض - دم کے ساتھ (تف) زندگی بھر - تاحیات - دم کے ساتھ لگا ہونا (لازم) ہر وقت ساتھ رہنا - پیچھا نہ چھوڑنا - دم گلے میں اٹکنا (لازم) نزع کی حالت میں سانس رکنا - دم گھبرانا (لازم) ۱وحشت ہونا ۲ خفقان ہونا - دم گھٹا جانا - دم گھٹنا (لازم) ۱سانس رکنا - دم بند ہونا ۲ گھبراہٹ ہونا - جی گھبرانا - دم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا (متعدی) ۱زبردستی رکھنا ۲ تنگی میں رکھنا - دم گھونٹ گھونٹ کر مارنا (متعدی) ۱جلا جلا کر مارنا ۲ سخت تنگ کرنا - دم گھوٹنا (لازم) سانس روکنا - دم لب (لبوں) پر آجانا (لازم) ۱ جاں بلب ہونا ۲ سخت تکلیف میں ہونا - دم لگانا (متعدی) ۱حقہ پینا ۲ چرس پینا - دم لگنا (لازم) ۱حقہ کا دھواں دماغ کو چڑھنا ۲ چرس کے نشے کا اثر ہونا ۳ حقہ کا پیا جانا ۴ (ھ) کھانے کا دم کھانا - ۵ (ھ) خواہش ہونا - دم لو - ٹھیرو - صبر کرو - دم لے لو - ستالو - آرام کرو - دم لینا (لازم) ۱سانس لینا ۲ ستانا - ٹھیرنا ۳ باز رہنا ۴ چپکا رہنا - دم لینے کی فرصت یا مہلت (مونث) بہت کم فرصت بہت مشغولیت (دینا - ملنا - ہونا کے ساتھ عموماً نفی کے ساتھ) دم مارنا (متعدی) ۱بولنا ۲ شیخی مارنا - دعوے کرنا - دم مارنے کی بات نہیں - عذر کرنے کا محل نہیں - سانس لینے کی طاقت نہیں - دم مارنے کی جگہ نہیں - کچھ بس نہیں چلتا - کچھ کہا نہیں جاتا - دم مارنے والا (صفت) دخل دینے والا - بولنے والا - دم محبت کا بھرنا (لازم) محبت ظاہر کرنا - محبت کا دعوے کرنا - دم مدار (مذکر) "دم نہ لینے دے" ایک رسم زمینداروں اور کمین لوگوں میں - آگ کو روندتے ہیں - اور بجھاتے ہیں اور دم مدار دم مدار کہتے ہیں - دم مردن (مذکر) مرنے کے وقت - نزع کے وقت - دم ملنا (لازم) پھونکا جانا - بجنا - دم میں (تف) فوراً - فی الفور - دم میں آفت آنا (لازم) فوراً کوئی مصیبت پڑنا - دم میں آنا (لازم) دھوکا کھانا - دم میں دم آنا (لازم) اطمینان ہونا - تسلی ہونا - دم میں دم رہنا یا ہونا (لازم) جیتا رہنا - دم میں دم رکھنا (متعدی)، رہنا (لازم) دھوکے میں رہنا - دم میں لانا (متعدی) دھوکا دینا - دم ناک میں آجانا یا آنا (لازم) کر دینا - کرنا - لانا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ تنگ ہونا ۲ عاجز ہونا - دم نتھنوں میں ہونا (لازم) عاجز ہونا - دم نقد (مت) ۱ اکیلا - تنہا ۲ نقد معاملہ جو ادھار نہ ہو ۳ (تف) خود - آپ ۴ فوراً - اسی وقت - دم نکالنا (متعدی) ۱جان نکالنا ۲ ڈرا دینا - دم نکل جانا - نکلنا (لازم) ۱جان نکلنا ۲ نزع میں ہونا ۳ ڈر جانا ۴ عاشق ہونا - دم نہ لیا - ذرا نہ ٹھیرا - دم نہ مارنا (متعدی) ۱کچھ نہ بولنا - چپ رہنا ۲ مان کر قائل ہو جانا - دم نہ ہونا (لازم) ۱ طاقت نہ ہونا ۲ جان نہ ہونا ۳ دم بخت نہ ہونا - دم واپسیں (مذکر) نزع کا وقت آخری وقت - دم ہانپنا (لازم) دم چڑھنا - دم ہوا ہونا (لازم) ۱جان نکلنا ۲ ڈرنا - دم ہوش (تف) جان و دل سے - دم ہونا (لازم) ۱ ہمت ہونا ۲ دم بخت ہونا - دم ہونٹوں پر آنا (لازم) نزع کا عالم ہونا -

امثال و اقوال - دم بنا رہے پھونک نکل جائے - طنزاً کہتے ہیں - ایک قسم کی بد دعا ہے - دم قلندر دودھ ملیدہ - فقیروں کی دعا ہے - دم کا دمامہ ہے - زندگی کے ساتھ دنیا کی رونق ہے - دم کا کیا بھروسہ ہے - آیا نہ آیا - زندگی کا کوئی اعتبار نہیں - دم مست قلندر دھڑ گڑا - قلندر بھنگ گھوٹتے ہوئے کہتے ہیں - دم میں ہزار دم - جب تک زندگی ہے تب تک امید ہے - دم نہیں بدن میں نام زور آور خاں

دیکھو برعکس نہند نام زنگی کافور۔ **دم ہے جب تک غم ہے** ۔ زندگی میں ہمیشہ رنج وغم ہوتے ہیں ۔ **دم ہے تو کیا غم ہے** ۔ زندگی ہے تو کوئی پروا نہیں ۔

دَم (ع ۔ مذکر) ۱ خون ۔ لہو (دَمِیَ ۔ خون نکلنا) **دَمُ الاَخَوَین** (مذکر) ایک سرخ گوند جو رنگنے اور دوا میں ڈالنے کے کام آتی ہے ۔ **دَموی** (صفت) ۱ خون سے منسوب ۲ وہ جو خون کی زیادتی سے پیدا ہو ۔ **دموی تپ** (مذکر) بیماری جو خون کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہو ۔ **دَموی مزاج** (صفت) وہ جس میں خون کی خلط غالب ہو ۔

دَمَ (س ۔ مذکر) ۱ گھر ۔ خانہ ۲ وطن ۳ ہلانا ۔ سدھانا ۔ ۴ ضبط ۔ اپنے آپ پر قابو یا اختیار ۵ تکلیف دہ تپسیہ کو برداشت کرنا ۶ جذبوں کو قابو میں کرنا ۷ سزا ۔ جرمانہ ۸ دمینتی کے ایک بھائی کا نام ۹ ایک مہارشی کا نام ۱۰ وکش کے ایک بیٹے کا نام ۱۱ مرت کے ایک بیٹے یا پوتے کا نام ۔ **دم پتی** (مذکر) ۱ گھر کا مالک ۲ اگنی اندر اور اسوین کا لقب ۔ **دم سوسری** (مونث) دم کی بہن دمینتی ۔ **دم گرتری** (مذکر) راجہ ۔ حاکم ۔ **دم گھوش** (مذکر) چیدی خاندان کا ایک راجہ جو سیسوپال کا باپ تھا ۔

دُم (ف ۔ مذکر) ۱ پونچھ ۔ دنبالہ ۲ پچھلا حصہ ۳ وہ شخص جو ہر وقت دوسرے کے ساتھ رہے ۔ ۴ پچھلگو ۔ پیرو ۵ وہ لمبی سفیدی جو دمدار تارے کے پیچھے ہوتی ہے ۔ یہ پتہ نہیں لگا کہ وہ کیا چیز ہے ۔ ۱۹۱۰ء میں زمین ایک دمدار ستارے کی دم میں سے گزری تھی اندیشہ تھا کہ کہیں زمین کو آگ نہ لگ جائے ۔ مگر کچھ بھی نہ ہوا ۔ (س دُھو) **دم اٹھانا** (متعدی) جانور کا پاخانہ یا پیشاب کرنے کے وقت دم کو اونچا کرنا ۲ انسان کا دچی ڈالنے یا کسی اور بات کے دیکھنے کے لئے چوپائے کی دم کو اونچا کرنا ۔ **دم بریدہ** (صفت) دم کٹا ہوا ۔ **دم جھاڑنا** (متعدی) دم ہلانا ۔ **دم چنور کرنا** (متعدی) گھوڑے کا دم اٹھا کر چلنا ۔ **دم چھلّا** (مذکر) ۱ وہ لمبا کاغذ جو کنکوے کے نچلے سرے پر لگاتے ہیں ۲ دیکھو دم ۴،۳ ۔ **دمچی** (مونث) ساز کا وہ چمڑا جو دم کے نیچے رہتا ہے ۔ **دمچی کی ہڈی** (مونث) وہ ہڈی جو دم میں ہوتی ہے ۔ **دمچی گر گئی** ۔ مذاقاً سوار کی توجہ دلانے کے لئے کہتے ہیں ۔

دمدار (صفت) پونچھ والا ۔ **دمدار تارا** (مذکر) وہ سیارہ جس کے پیچھے دم ہو ۔ دیکھو دم ۵ ۔ یہ سیارے سورج کے گرد چکر لگاتے ہیں ۔ مگر معمولی سیاروں کی طرح ان کا چکر بیضوی نہیں ۔ بعض دفعہ سورج کے قریب آجاتے ہیں ۔ بعض دفعہ بہت دور نکل جاتے ہیں ۔ یہ مقررہ اوقات کے بعد نظر آتے ہیں ۔ اسے جھاڑو بھی کہتے ہیں ۔ **دم دبا جانا** (متعدی) چپکے چلا جانا ۔ **دم دبا کر بھاگنا** (لازم) کتا ہار کر یا مار کھا کر دم دبا کر بھاگ جاتا ہے ۔ اس سے یہ محاورہ لیا گیا ہے ۔ ڈر کر بھاگ جانا ۔ **دم دبا کر چلتا بننا** (لازم) کچھ کہنا سننا نہیں ۔ چپ چاپ چلا جانا ۔ بغیر چون و چرا کئے خاموش چلا جانا ۔ **دم دبانا** (متعدی) ۱ چوپاؤں کا دم کو زور سے نیچا کرنا ۔ کتا ڈر سے ایسا کرتا ہے ۔ گھوڑا شرارت سے ۲ بھاگنا ۔ مغلوب ہونا ۔ **دم دراز** (صفت) لمبی دم والا ۔ **دم ریز** ۔ **دمریز دم ریزی** (مونث) وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد لگے یا ایک دفعہ پھل اتار لینے کے بعد لگے ۔ **دم شُم** (صفت) اچھی حالت میں ۔ موٹا تازہ ۔ فربہ ۔ **دم علم کرنا** (متعدی) ہاتھی کا بھاگتے ہوئے دم کو اونچا کرنا ۔ ۲ بچھو کا دم کو اونچا رکھنا ۔ **دم کٹا** (صفت) جس کی دم کٹی ہوئی ہو ۔ **دم کٹا بھینسا** (مذکر) فربہ اور سیاہ فام آدمی کو کہتے ہیں ۔ **دم کے پیچھے (ساتھ) پھرنا یا رہنا** (لازم) ساتھ ساتھ لگا پھرنا ۔ **دمِ گرگ** (مونث) ایک صورت کوکبہ کا نام ۔ **دم گزا** (مذکر) وہ جگہ جہاں سے دم نکلی ہو ۲ دیکھو دم چھلا ۔ **دم لابہ** (مذکر) دم ہلانا کتے کی طرح خوشی میں (کرنا کے ساتھ) **دم لگ گئی** ۔ نئی بات پیدا ہو گئی ۔ **دم میں ٹوٹنا باندھ کے چوراہے میں چھوڑ دینا** ۔ مضحکہ بنانا ۔ ذلیل کرنا ۔ **دم میں گھسا رہنا یا گھسنا** (لازم) ۔ کتی کے پلے ڈر کر اپنی ماں کی دم میں گھس جاتے ہیں ۔ اس سے یہ محاورہ لیا گیا ہے ۱ پناہ لینا ۲ خوشامد کی وجہ سے ہر وقت ساتھ رہنا ۳ بچے کا ماں کے پیچھے پیچھے رہنا ۴ پیچھے لگا رہنا ۔ پیچھے پڑنا ۔ سر ہونا ۔ **دم میں رسا (نمدا) باندھنا** (متعدی) مضحکہ اڑانا ۔ مذاق بنانا ۔ **دم ہلا کر بیٹھنا** (لازم) دم سے کسی جگہ کو صاف کر کے بیٹھنا ۔ بدسلیقہ اور غلیظ آدمی کی نسبت کہتے ہیں جیسے میاں! کتا بھی بیٹھتا ہے تو دم ہلا کر بیٹھتا ہے ۔ **دم ہلانا** (متعدی) ۱ کتے کا خوش ہو کر دم کو حرکت دینا ۲ خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔

امثال و اقوال ۔ **دم پکڑی بھیڑ کی وار ہوئے نہ پار** ۔ کمزور آدمی کی امداد سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا ۔ **دمش برداشتم مادہ برآمد** جب کسی کی قلعی کھل جائے تو کہتے ہیں ۔ **دم میں نمدا باندھ کر چاندنی کو سونپ دیا** ۔ بہت ذلیل کیا ۔ مضحکہ اڑایا ۔

دَمار (ع ۔ مذکر) ہلاکت ۔ تباہی ۔ بربادی (دَمَرَ ۔ ہلاک ہونا) **دمارا** (انگ ۔ مذکر) ایک قوم جو افریقہ میں آباد ہے ۔

دمارالینڈ (افریقہ) جنوب مغرب میں ایک علاقہ جو پہلے جرمنی کے قبضے میں تھا ۔ اب جنوب مغربی افریقہ کا ایک حصہ ہے (۱۳۲)

دُماع (ع ۔ مذکر) پانی جو آنکھوں سے بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے بہے (دَمَعَ ۔ آنسو بہنا)

دماغ (ع ۔ مذکر) ۱ سر کا گودا ۔ بھیجا ۔ مغز ۲ عقل ۔ فہم ۔ دانائی ۳ برداشت ۔ تاب ۔ طاقت ۴ اوسان ۔ ہوش ۔ حواس ۵ غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ (دَمَغَ دھوپ کا بھیجے پر اثر ہونا) **دماغ آسمان پر ہونا** (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ خود پسند ہونا ۔ **دماغ اٹھنا** (لازم) نازبرداری ہونا ۔ **دماغ اوجِ فلک پر ہونا** (لازم) مغرور ہونا ۔ خود پسند ہونا ۔ **دماغ او رہونا** (لازم) غرور ہونا ۔ **دماغِ بحث** (مذکر) مباحثے کی طاقت ۔ **دماغ بڑھا دینا** (متعدی) **دماغ بڑھنا** (لازم) زیادہ مغرور ہونا ۔ نازک دماغ ہونا ۔ **دماغ بہکنا** (لازم) پاگل ہو جانا ۔ **دماغ بھونک (بھونک) کے خالی کر دینا یا کرنا** (متعدی) بک بک کر تھک جانا یا دوسرے کو تھکا دینا ۔ **دماغ پریشان کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **پھرانا** (متعدی)

بک بک کرکے یا شور مچا کر تنگ کرنا یا حواس باختہ کرنا۔ **دماغ پھر جانا یا پھرنا** (لازم) ۱ دماغ پریشان ہونا ۲ سڑی ہونا۔ باؤلا ہونا۔ **دماغ پیٹی** (صفت مونث) نہایت مغرور۔ جس کا دماغ آسمان پر ہو۔ **دماغ تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دماغ کو تازگی پہنچنا۔ دماغ کا ٹھیک کام کرنے لگنا۔ **دماغِ تر** (مذکر) عقلمند یا ہوشیار دماغ۔ **دماغ تر ہونا** (لازم) دماغ کو تازگی اور آرام پہنچنا۔ **دماغ تیز ہونا** (لازم) دماغی طاقت بہت ہونا۔ **دماغِ جان کو معطر (معنبر) کرنا** (متعدی) خوشبو سے دماغ کو مہکا دینا۔ **دماغ جھڑنا** (لازم) غرور دور ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔ **دماغ چاٹ جانا یا چاٹنا** (لازم) بہت بکبک کرنا۔ **دماغ چٹ** (صفت) بکواسی۔ بکی۔ **دماغ چرخ پر چڑھ جانا** (لازم) بہت غرور ہو جانا۔ **دماغ چڑھنا۔ دماغ چلا ہوا ہونا** (لازم) مغرور ہو جانا دولت وغیرہ کی وجہ سے۔ **دماغ چلا** (صفت) مغرور۔ **دماغ چل جانا یا چلنا** (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ سڑی ہونا۔ **دماغ چوتھے فلک پر ہونا** (لازم) بہت مغرور ہونا۔ **دماغ چوٹٹا** (صفت) **چوٹی** (صفت مونث) مغرور۔ دماغ دار۔ مدمغ۔ **دماغ خالی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ بکواس سے حواس باختہ یا ملک رہونا ۲ کسی بات کو سمجھانے یا سمجھنے کی بے حد کوشش ہونا۔ **دماغ خشک ہونا** (لازم) دماغ میں تازگی نہ رہنا۔ **دماغ دالہ** (صفت) مغرور۔ **دماغ داری** (مونث) غرور۔ **دماغ درست رہنا یا ہونا** (لازم) ۱ دماغ کا صحت کی حالت میں رہنا یا ہونا ۲ غرور نہ ہونا غصہ نہ ہونا۔ **دماغ رکھنا** (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ طاقت رکھنا۔ **دماغ روشن** (مذکر) نسوار۔ ہلاس۔ **دماغ ساتویں آسمان پر ہونا** (لازم) مغرور رہونا۔ **دماغ سڑ جانا یا سڑنا** (لازم) دماغ کا بدبو سے پریشان ہونا۔ **دماغ سوزی** (مونث) دماغی محنت۔ **دماغ سے نئی اترنا** (لازم) نئی بات سوجھنا۔ **دماغ عرش پر ہونا** (لازم) مغرور یا خودپسند ہونا۔ **دماغ فلک پر پہنچنا** (لازم) غرور یا فخر ہو جانا۔ **دماغ کا خلل** (مذکر) جنون۔ سودا۔ **دماغ کچھ اور ہو جانا** (لازم) غرور ہونا۔ **دماغ کرنا** (متعدی) ۱ غرور کرنا۔ اترانا ۲ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔ **دماغ کو چڑھ جانا** (لازم) تمباکو کے دھوئیں یا کسی تیز چیز کا اثر دماغ پر پہنچنا جس سے سر گھوم جائے۔ **دماغ کو سردی چڑھ جانا** (لازم) زکام ہو جانا۔ **دماغ کو گرمی چڑھنا** (لازم) بہت غرور ہونا۔ **دماغ کھالینا** (لازم) بکواس کرکے پریشان کرنا۔ **دماغ کی گرمی اتارنا** (متعدی) غرور مٹا دینا۔ **دماغ کی لینا** (لازم) غرور کرنا۔ **دماغ کے کیڑے جھڑنا۔** (لازم) سمجھاتے سمجھاتے یا باتیں کرتے ہوئے تھک جانا۔ **دماغ گرم ہونا** (لازم) نشے کا زور ہونا۔ نشے کا اثر دماغ پر ہونا (عموماً شراب وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) **دماغ لوٹنا** (لازم) ۱ کوئی چیز نظر میں نہ سمانا ۲ گھبراہٹ ہونا (عو) **دماغ مغز سے خالی ہونا** (لازم) ۱ دماغ کمزور ہونا ۲ بیوقوف ہونا) **دماغ میں اور بو ہونا** (لازم) اور خیال یا دھن ہونا۔ **دماغ میں بسنا** (لازم) خوشبو کا اثر دماغ پر دیر تک رہنا۔ **دماغ میں تنا** (لازم) نخوت سے بات نہ کرنا۔ غرور کرنا۔ **دماغ میں بو سمانا** (لازم) ۱ دماغ پر بو کا اثر ہونا ۲ کوئی دھن ہونا۔ **دماغ میں خلل آنا یا ہونا** (لازم) جنون ہونا۔ مالیخولیا ہونا۔ **دماغ میں ہوا بھرنا** (لازم) کوئی دھن ہو جانا۔ **دماغ نکل جانا** (لازم) غرور جاتا رہنا۔ **دماغ نہ پایا جانا یا ملنا** (لازم) نہایت مغرور ہونا۔ غرور میں کسی کی طرف متوجہ نہ ہونا۔ **دماغ نہ ہونا** (لازم) برداشت نہ ہونا۔ **دماغ ہونا** (لازم) غرور ہونا۔ **دماغی** (صفت) دماغ سے نسبت رکھنے والا ۲ مغرور۔ متکبر ۳ خودپسند ۴ نازک مزاج۔ تنک مزاج۔

دَمامَہ (ف۔ مذکر) ۱ نقارہ ۲ شور ۳ رونق۔ چہل پہل (تر ند دم۔ بجانا)

دَمایِن (مصر) ایک گاؤں۔

دَماں (ف۔ صفت) ۱ تیز رفتار ۲ طاقتور۔ قوی ۳ تند۔ خونخوار ۴ ہیبت ناک ڈراونا۔

دَمانا (ہ۔ لازم) ۱ لچکدار ہونا۔ ملائم ہونا لوہے کا ۲ تلوار کو دبا کر یا ٹیڑھا کرکے اس کی لچک دیکھنا (ف دم سے)

دَمانک (ف۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی بندوق قرابین۔

دَماوَند (ایران) کوہ البرز کی ایک چوٹی۔

دُمبال (ف۔ مذکر) دیکھو دنبال۔

دَمبھ (س۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا۔ مکر۔ فریب۔ چھل۔ دم ۲ نخا ہرداری۔ بناوٹ۔ دوروئی ۳ بدی۔ شرارت ۴ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ ۔ ابھیمان ۵ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف ۶ نمود۔ نمائش ۷ اندر کا بجر ۸ شوجی ۹ ایک راجہ کا نام۔ **دمبھو دبھو** (عص) ایک راجہ جس نے رشیوں کے ساتھ جنگ کی تھی۔ مگر شکست کھائی۔ **دمبھولی** (عص) اندر کا بجر۔ **دمبھی** (ہ) دھوکا دینے والا وغیرہ دیکھو دمبھ۔

دَمپل (ہ۔ مذکر) ایک درخت۔

دَمتی (س۔ مونث) ایک دریا۔

دَمدَم (ہند) ضلع ۲۴ پرگنہ میں ایک شہر (۲۱)

دَمدَمانا (ہ۔ متعدی) ہلانا۔ جنبش دینا۔ حرکت دینا (س دم)

دَمدَمہ (ف۔ مذکر) ۱ مورچہ۔ وہ قلعہ جو لڑائی میں تھیلوں میں خاک بھر کر بنا لیتے ہیں۔ ایک مصنوعی قلعہ ۲ نقارے کی آواز۔ توپوں کی آواز ۳ شور۔ غل ۴ دکھاوا۔ نمود۔ نمائش ۵ نقارہ ۶ کلکتے کے نزدیک ایک قلعہ۔ دمدم ۷ شہرت۔ غوغا ۸ دھوکا۔ دغا ۹ شجاع۔ بہادر۔ اردو میں صرف معنی نمبر ۱ میں استعمال ہوتا ہے۔ **دمدمہ باندھنا** (لازم)

مورچہ بندی کرنا - دمدمہ تیار کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مورچہ بندی ہونا - مورچہ تیار ہونا - دمدمے میں دم نہ ہونا (لازم) طاقت ختم ہوجانا -

مقولہ - دمدمے میں دم نہیں اب خیر مانگو جان کی - طاقت ختم ہوچکی اب جان بچاؤ - ظفر کے ایک مقطع کا پہلا مصرع ہے - دوسرا یہ ہے - بس ظفر اب ہوچکی تلوار ہندوستان کی - دہلی فتح ہونے پر کہا تھا -

دُمراؤں (ہند) ضلع شاہ آباد میں ایک قصبہ (۱۸)

دَمَرک - دَمَرکا (ہ - مذکر) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس میں ٹکلا لگاتے ہیں -

دَمڑا (ہ - مذکر) سونا - چاندی - نقدی - دولت - دمڑا کرنا (متعدی) بیچنا - ستا بیچنا -

دَمَڑچا (ہ - مذکر) پتنگ جو دمڑی میں بکتا ہے -

دَمڑی (ہ - مونث) ۱ چھدام - پیسے کا چوتھا حصہ ۲ چوتھائی - چوتھا حصہ ۳ زمین کا ایک ماپ - کچے پچیس بیگھے (س درم) دمڑی دمڑی ذرا ذرا سی بات - کوڑی کوڑی - دمڑی کا (صفت) کی (صفت مونث) بہت کم قیمت کی - دمڑی کا پٹے باز (مذکر) ایک کھلونا - دمڑی کے تین تین (صفت) بہت سستا - نہایت ارزاں - کوڑیوں کے مول -

امثال و اقوال - دمڑی کا پوستی - پوستی ایک کھلونا کاغذ کا بنا ہوا ہوتا ہے - ہوا سے اس کا سر ہلتا ہے - مطلب ہے نکمے آدمی سے - دمڑی کی اِرہر ساری رات کھڑ کھڑ - معمولی بات پر شیخی - دمڑی کی بچھیا بارہ ٹکے کی ہتیا خرچ زیادہ نفع تھوڑا - کم قیمت چیز پر زیادہ خرچ - دمڑی کی بڑھیا ٹکا (ڈولی کو) سر منڈائی دمڑی کی بلبل ٹکا (چھٹائی یا چھٹوائی) ہشکائی - اصل قیمت کم خرچ زیادہ - دمڑی کے پان (کی لائی) بنیاین کھائے - کھو یہ گھر رہے کہ جائے - بنیوں کی کنجوسی پر طنز ہے - دمڑی کی پاگ ادھیلی کا جوتا - الٹی باتیں جن چیزوں پر خرچ زیادہ ہونا چاہئے انپر کم اور جنپر کم ہونا چاہئے انپر زیادہ ہے - دمڑی کی چوں چوں - بکواسی آدمی - دمڑی کی دال آپ ہی کٹنی آپ ہی چھنال - بہت غریب کے متعلق کہتے ہیں - دمڑی کی دال بوا پتلی نہ ہو - کنجوس پر طنز ہے - دمڑی کی روئی ٹکا دھنکوائی دمڑی کی روئی منگوائی ٹکا دیا اس کی دھنوائی دیکھو دمڑی کی بچھیا الخ - دمڑی کی گڑیا ٹکا ڈولی کا غریبوں کی شادی پر طنز ہے جو خرچ حیثیت سے زیادہ کریں - دمڑی کی گھوڑی چھ پسیری دانہ - دیکھو دمڑی کی بچھیا الخ - دمڑی کی مرغی نو ٹکے نکیائی اصل قیمت سے خرچ زیادہ - دمڑی کی نہاری میں ٹاٹ کے ٹکڑے - سستی چیز خراب ہوتی ہے - کہتے ہیں ایک آدمی نے دمڑی کی نہاری لی اس میں سے ٹاٹ کا ٹکڑا نکلا دوکاندار سے شکایت کی تو اس نے کہا کہ دمڑی کی نہاری میں کیا زربفت کا ٹکڑا نکلتا — دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں - ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے - دمڑی کی ہانڈی (ہنڈیا) گئی کتے کی ذات پہچانی گئی - نقصان تو ہوا مگر تجربہ حاصل ہوا - دمڑی نہ جائے پر چمڑی جائے - تکلیف ہو مگر خرچ نہ ہو - سخت بخیل کے متعلق کہتے ہیں -

دمڑے (ہ - مذکر) دمڑا کی جمع - دام - روپے (غفف) دمڑے خرچنا (لازم) دام لگا کر مول لینا - خریدنا - دمڑے کرنا (متعدی) بیچنا - بیچکر نقد روپے کر لینا -

دِمشق (شام) ۱ ایک ضلع ۲ شام کا دار السلطنت - دنیا کا سب سے پرانا آباد شہر (۱۸۸)

دِمشقی (نامعلوم) محمد - ایک ایرانی شاعر -

دَمَک (ہ - مونث) ۱ چمک - درخشانی ۲ سرخی - چہرے یا سونے کی تمتماہٹ ۳ (ہ) گرمی - گرم ہوا ۴ (ہ) جوش - جذبہ ۵ (ہ) دہک - چمک روشنی کی ہوتی ہے - دمک سرخ رنگت کی (س دَوْ - جلنا) دمکنا (لازم) ۱ چمکنا - درخشاں ہونا ۲ تمتمانا - سرخی کی جھلک دینا ۳ گرمی دینا - دہکنا -

دَمَک (س - صفت) ۱ ہلانے والا - سدھانے والا ۲ زیر کرنے والا ۳ (مذکر) فاتح ۴ وہ جو اپنے جذبوں کو قابو میں رکھے ۵ شجاع - بہادر -

دَمِکا (س - مونث) بہادر عورت -

دَمکا (ہ - مذکر) پہاڑی - ٹیلا -

دَمکڑا (ہ - مذکر) دمرکا - دمکڑا سا پھرتا ہے - چکر کھاتا رہتا ہے -

دَمکل (ہ)، **دَمکلا** (ہ - مذکر) ۱ پانی چڑھانے کی کل ۲ پچکاری - پمپ ۳ دخانی کل ۴ آگ بجھانے کا انجن ۵ بوجھ اوپر چڑھانے کی کل - کرین (س دھم - پھونکنا)

دَمکھڑا (ہ - مذکر) دمرکا -

دُمَل - دُمَّل (ع - مذکر) دنبل - دملی (مونث) چھوٹا پھوڑا - ہندی کی اختراع ہے -

دَمَن (ف - مونث) دمینتی کا مفرس - نل کی معشوقہ - فیضی نے نلدمن ایک مثنوی لکھی ہے -

دَمَن (ہند) ۱ پرتگالی ہند کا ایک علاقہ رقبہ ۱۴۹ (۴۹) ۲ شہر و بندرگاہ (۳۳)

دَمَن (س - صفت) ۱ دیکھو دمک ۲ (مذکر) ایک سمادھی کا نام ۳ یامائن کا لقب جس پر دیدوں کا ایک منتر اترا تھا ۴ وسودیو اور روہینی کا ایک بیٹا ۵ ایک برہم رشی کا نام ۶ بھردواج کا ایک بیٹا ۷ ایک قدیم راجہ ۸ ایک ودربھ راجہ -

دِمَن (ع - مونث) مینگنی -

دَمنا (ہ - لازم) ۱ چمکنا - دمکنا ۲ (ہ) لچکنا - ملائم ہونا لوہے کا ۳ مڑ جانا - دوہرا ہوجانا -

دَمندان (ف - مذکر) ۱ آگ ۲ دوزخ ۳ کرمان میں ایک شہر جہاں کی کانیں مشہور ہیں -

دَمنک (س ۔ مذکر) ۱ ایک پھول جسے دمن بھی کہتے ہیں ۲ ایک گیدڑ کا نام جس کا ذکر ہست اپدیش میں آتا ہے ۔

دَمنُو (ھ ۔ مذکر) ہلاک کرنے والا شخص ۔

دَمن ہُور (مصر) سکندریہ کے قریب ایک شہر (۳۸)

دَمنی (س ۔ مونث) بہادر عورت ۔

دَمنیہ (صفت) سدھلنے کے قابل ۔

دَمودَر (ہند) ایک دریا جو ہگلی میں گرتا ہے ۔ ۳۵۰ میل لمبا ہے ۔

دَمور (ت ۔ مذکر) ۱ دھیمی نرم آواز ۔ ۲ افراسیاب کے ایک رشتے دار کا نام ۔

دَموسَت (ھ ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک ادنے گوت جو ضلع بنارس میں آباد ہے ۔

دَموہ (ہند) ۱ وسط ہند میں ایک ضلع رقبہ ۲۸۱۸ (۳۰۰) ۲ شہر و صدر مقام (۲۹)

دَمہ (ف ۔ مذکر) ۱ دھونکنی ۲ ایک بیماری جس میں سانس جلدی جلدی اور زور سے آتا ہے ۔ ضیق النفس ۔

مثل ۔ دمہ دم کے ساتھ ۔ دمہ کا مرض مرتے دم تک نہیں جاتا ۔

دَمی (ھ ۔ مونث) مالگزاری کی شرح ۔

دَمی (ف ۔ مونث) چھوٹا حقہ ۔ گڑگڑی ۔

دُمیاط (مصر) ایک شہر (۳۵) دریائے نیل کی مشرقی شاخ پر قاہرہ سے ۱۲۵ میل شمال مشرق کو ہے ۔

دَمیدگی (ف ۔ مونث) ۱ ہوا کا چلنا ۲ پھولوں کا کھلنا ۳ پھوٹنا پودوں کا ۔ شاخیں نکالنا ۴ خارش ۔ مہاسے ۔ کوئی چیز جو بدن پر پھوٹے ۵ خوشبو نکلنا پھیلنا (دَمیدن ۔ ہوا کا چلنا)

دَمیدہ (ف ۔ صفت) ۱ کھلا ہوا ۔ ۲ پھوٹا ہوا ۳ پھوٹنے والا ۔ کھلنے والا ۴ چڑھنے والا دن ۔

دَمیری (۱۳۴۴-۱۴۰۵) کمال الدین محمد بن موسے الدمیری عرب فقیہ اور ماہر علم تاریخ طبعی حیات الحیوان کا مصنف ہے ۔

دَمیقی (ف ۔ صفت) ریشم سے بنا ہوا ۔

دَمیک (افغانستان) غزنی کے قریب ایک گاؤں ۔

دَمینتی (س ۔ عص) راجہ بھیم والئ ودھرب کی بیٹی اور نل کی بیوی تھی جسے نل نے جوئے میں ہار دیا تھا ۔ اس کا قصہ مہابھارت میں ہے ۔

دَمیہ (س ۔ صفت) ۱ ہلا ہوا ۔ سدھا ہوا ۔ قابو میں ۲ (مذکر) بچھڑا جو ابھی سدھایا نہ گیا ہو ۔

دَن (ہ ۔ مونث) آواز جو پٹاخے بندوق یا توپ کے چھوٹنے سے نکلے ۔ تڑاق ۔ **دنادن** (مونث) چوٹ ضرب توپ بندوق پٹاخے کی پے درپے آواز ۔ **دن سے** (تف) تڑاق سے ۔ زور کی آواز کے ساتھ ۔

دِن (ہ ۔ مذکر) ۱ سورج کے نکلنے سے غروب ہونے تک کا عرصہ ۔ روز ۲ ۲۴ گھنٹے کا عرصہ سورج کے نکلنے سے دوسری دفعہ نکلنے تک ۳ روشنی کا وقت ۴ صبح ۔ فجر ۔ تڑکا ۵ زمانہ ۔ دور ۔ وقت ۔ ۶ ساعت ۔ گھڑی ۷ موسم رُت ۸ واقعات ۹ (جمع) بخت ۔ نصیب ۱۰ (بڑا) عیسائیوں کا ایک تیوہار جو ۲۵ دسمبر کو ہوتا ہے ۔ کرسمس ڈے (س دِن) **دن آنا** (لازم) ۱ موسم یا رت ہونا ۲ حیض آنا ۳ وقت آنا ۴ دن چڑھنا ۔ سورج کا بہت اونچا ہونا ۔ ۲ و ۱ میں فعل جمع استعمال ہوتا ہے ۔ **دن بدن** (تف) ۱ روز بروز ۔ ہر روز ۲ رفتہ رفتہ ۔ آہستہ آہستہ ۔ **دن بدنا** (لازم) تاریخ مقرر کرنا ۔ **دن بڑھنا** (لازم) دن کا لمبا ہونا ۔ ۲۳ دسمبر کو دن سب سے چھوٹا ہوتا ہے ۔ اسکے بعد بڑھنا شروع ہوتا ہے اور ۲۳ جون تک بڑھتا ہے پھر گھٹنا شروع ہوتا ہے ۔ **دن بھاری رہنا یا ہونا** (لازم) تکلیف کے دن آنا ۔ بخت برگشتہ ہونا ۔ تنگدستی ہونا ۔ **دن بھر** (تف) سارا دن ۔ **دن بہُرنا** (لازم) اچھے دن آنا ۔ قسمت کھلنا (غف) **دن بھرنا** (لازم) ۱ عمر کے دن پورے کرنا ۲ زندگی تکلیف میں گزارنا ۔ **دن بھلے آنا** (لازم) اچھے دن آنا ۔ **دن بھلے ہی نہ ہوجائیں یا پھر ہی نہ جائیں** ۔ اگر کام ہوجائے تو نصیبہ ہی نہ جاگ جائے ۔ **دن پر دن** (تف) دن بدن ۔ **دن پڑا ہے** ۔ ابھی بہت وقت باقی ہے ۔ **دن پڑنا** (لازم) ۱ مصیبت پڑنا ۔ برا وقت آنا ۲ رانڈ ہونا ۔ بیوہ ہونا ۔ **دن پڑے ہیں** ۔ زمانہ باقی ہے ۔ **دن پکڑنا** (لازم) دن کا پا لینا ۔ **دن پورے کرنا** (لازم) دیکھو دن بھرنا ۔ **دن پہاڑ سا کٹنا** (لازم) بڑی مشکل سے دن گزرنا ۔ **دن پہاڑ ہوجانا** (لازم) دن کاٹنا دشوار ہوجانا ۔ **دن پھر جانا یا پھرنا** (لازم) اچھے دن آنا ۔ مصیبت گزر کر اچھی حالت ہوجانا ۔ **دن پھوٹنا** (ھ) دن چڑھنا ۔ **دن پھیرنا** (متعدی) اچھے دن لانا ۔ مصیبت دور کرنا ۔ **دن تمام کر دینا کرنا** (متعدی) **ہوجانا ہونا** (لازم) دن ختم ہونا شام ہوجانا کسی کام میں ۔ **دن تیر کرنا** (متعدی) زندگی بسر کرنا ۔ **دن ٹل گئے** ۔ حیض کے دن نکل گئے ۔ **دن ٹلنا** (لازم) ۱ دن گزرنا ۲ حیض نہ آنا ۔ **دن جانا** (لازم) دن گزرنا ۔ **دن چڑھانا** (متعدی) ۱ صبح کا وقت گزارنا ۔ دھوپ چڑھانا ۲ دیر کرنا ۔ ڈھیل کرنا ۔ **دن چڑھنا** (لازم) ۱ آفتاب کا بلند ہونا ۲ دیر لگنا ۔ زمانہ گزرنا ۳ حیض وقت پر نہ آنا ۴ حساب سے دن زیادہ ہونا ۔ **دن چڑھے** (تف) اچھی طرح دن نکلنے کے بعد ۔ **دن چلنا** (لازم) دن ختم ہونے پر آنا ۔ **دن چھپنا** (لازم) شام ہونا ۔ سورج غروب ہونا ۔ **دن چھپے** (تف) شام کو ۔ **دن دبے** (مت) دن دہاڑے ۔ **دن دکھانا** (متعدی) خوشی کا موقعہ نصیب کرنا ۔ **دن دکھلوانا** ۔

(متعدی) ساعت سعید معلوم کرانا نجومی سے۔ **دن دن** (تف) ہر روز ہمیشہ۔ **دن دن کا** (صفت) روزانہ۔ **دن دونا (دونی) رات چوگنا (چوگنی)** دن بدن زیادہ۔ ترقی اقبال وغیرہ کی نسبت کہتے ہیں۔ **دن دوالے** (ھ) **دن دوپہر دوپہرے دہاڑے** (تف) کھلے طور پر سب کے سامنے۔ دن میں۔ علانیہ کھلے خزانے۔ **دن دوپہر کو صبح ہو جانا** (لازم) گھبرا جانا۔ سٹپٹا جانا۔ **دن دھوکے یا دئے** (ھ) دیکھو دن دوپہرے۔ **دن دیکھا نہ رات**۔ وقت بے وقت کا خیال نہیں کیا۔ **دن دیکھنا** (لازم) روز بد کا سامنا ہونا۔ نوبت پہنچنا۔ **دن ڈوبنا** (لازم) آفتاب غروب ہونا۔ **دن ڈھلنا** (لازم) زوال آفتاب ہونا۔ دن کا پچھلا پہر ہونا۔ **دن ڈھلے** (تف) پچھلے پہر۔ **دن رات** (مذکر)، **راتا یا راتی** (ھ) شب و روز۔ چوبیس گھنٹے ۲ (تف) ہر وقت۔ **دن رات سولی پر گزرنا** (لازم) ہر وقت تکلیف میں رہنا۔ **دن رات کا بکھیڑا** (مذکر) ہر وقت کا جھگڑا۔ **دن رہے** (تف) شام سے کچھ پہلے۔ **دن رین** (مذکر و تف) دن رات۔ **دن سدھارنا** (لازم) وقت گزرنا۔ زمانہ جانا۔ **دن سن** (جمع مذکر) عمر۔ سن و سال۔ **دن سے** (تف) شام سے پہلے۔ **دن سے اتر جانا** (لازم) جوانی ڈھل جانا گھوڑے کی)، **دن سیدھے ہونا** (لازم) اچھے دن آنا۔ اقبال یاور ہونا۔ **دن صاف گزر جانا** (لازم) کھانے کو کچھ نہ ملنا۔ فاقہ ہونا۔ **دن قرار پانا** (لازم) کسی کام کے لئے دن مقرر کرنا یا ٹھیرنا۔ **دن قریب آنا** (لازم) زمانہ نزدیک آنا۔ وقت ہونا۔ **دن کاٹنا** (متعدی)، **کٹ جانا کٹنا** (لازم) ۱ وقت گزرنا۔ دن گزرنا ۲ زندگی مصیبت سے بسر کرنا۔ **دن کا کام رات کو انجام دینا** (متعدی) بے وقت کام کرنا۔ **دن کا گیا**۔ صبح سے گیا ہوا۔ **دن کڑا ہونا** (لازم) ۱ وقت سخت یا منحوس ہونا ۲ مصیبت کے دن ہونا۔ **دن کڑے گزرنا** (لازم) تکلیف میں وقت گزرنا۔ **دن کم رہ جانا** (لازم) تھوڑا سا دن باقی رہ جانا۔ **دن کم ہو جانا** (لازم) دیکھو دن گھٹنا۔ **دن کو اونٹ نظر نہ آنا** (لازم) بہت کمزور نظر ہونا۔ **دن کو تارے دکھانا** (متعدی) ۱ دماغ کو ایسا صدمہ پہنچانا کہ سر چکرا جائے ۲ خوب مارنا۔ **دن کو تارے نظر آنا** (لازم) ۱ بہت تیز نظر ہونا ۲ سخت تاریکی ہو جانا۔ **دن کو دن اور رات کو رات نہ جاننا یا سمجھنا** (لازم) کسی کام میں سخت مشغول ہونا۔ خوب محنت کرنا۔ **دن کو رات کہنا** (لازم) الٹی بات کہنا۔ **دن کھسکنا** (لازم) دن ڈھلنا۔ **دن کھنا** (لازم) دن ڈھلنا۔ **دن کھینچنا** (متعدی)، **کھنچنا** (لازم) وقت کو طوالت دینا۔ **دن کے دن** (تف) اسی دن۔ جلدی۔ **دن گزرنا** (لازم) زمانہ بسر ہونا۔ **دن گننا** (لازم) انتظار کرنا۔ **دن گنوانا** (لازم) وقت ضائع کرنا۔ **دن گھٹنا** (لازم) دن چھوٹا ہونا۔ ۲۳ جون کو سال کا سب سے بڑا دن ہوتا ہے اور اس کے بعد دن چھوٹے ہوتے جاتے ہیں اور ۲۳ دسمبر کو سب سے چھوٹا دن ہوتا ہے۔ **دن گھڑی بھر آنا** (لازم) تھوڑا سا دن چڑھنا۔ **دن گئے**۔ وہ زمانہ گزر گیا۔ خوشحالی کا زمانہ نہیں رہا۔ **دن لٹک جانا** (لازم) دن ڈھلنا۔ **دن لگنا** (لازم) ۱ دن پھرنا (مت) ۲ زمانہ گزرنا۔ وقت خرچ ہونا ۳ اترانا۔ غرور ہونا ۴ خوشحالی پر اترا کر برے دن بھول جانا۔ ان معنوں میں دن لگ گئے یا لگے استعمال ہوتا ہے۔ **دن منانا** (متعدی) دن کی امید کرنا۔ **دن منڈنا** (ھ۔ لازم) شام ہونا۔ **دن میں تارے نظر آنے لگنا** (لازم) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ **دن نزدیک آنا** (لازم) زمانہ قریب ہونا۔ **دن نکلنا** (لازم) صبح ہونا۔ سورج طلوع ہونا۔ **دن نہ رہنا** (لازم) ۱ زمانہ گزر جانا ۲ شام ہونا۔ **دنوں** (جمع) ۱ ایام۔ روزوں ۲ چوپائے کی عمر۔ **دنوں دیر ہے**۔ بہت عرصہ نہیں صرف چند دنوں کی دیر ہے۔ **دنوں سے اتر جانا** (لازم) عمر سے ڈھلنا۔ جوانی کا گزرنا۔ شباب کا جاتا رہنا۔ **دنوں کا پھیر** (لازم) ۱ زمانے کی گردش ۲ ایام حیض کا گھٹنا بڑھنا۔ **دنوں کو دغا (دھوکا یا دھکے) دینا** (لازم) مصیبت کا وقت ٹالنا۔ **دنوں کی شامت** (مونث) بدقسمتی۔ طالع کی نارسائی۔ **دن ہونا** (لازم) ۱ صبح ہونا ۲ دن گزرنا ۳ پورے)، وضع حمل کا وقت قریب ہونا۔ **دن یاد ہونا** (لازم) زمانہ مصیبت کا یاد رہنا۔ **دنی۔ دنیا** (صفت) بوڑھا۔ پرانا (جانور)۔

امثال واقوال

دن آویں (آئیں) کھوٹے تو مترہی لوٹے۔ برے وقت میں دوست بھی دشمن ہو جاتے ہیں۔ **دن اچھے ہوتے ہیں تو کنکر بھی جواہر ہو جاتے ہیں**۔ خوش قسمتی کا زمانہ ہو تو معمولی کام میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ **دن بھر چلے اڑھائی کوس**۔ سست آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ **دن بھر مانگے دیا بھیر پائے** بدقسمت آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ **دن جاتے دیر نہیں لگتی**۔ وقت جلد گزر جاتا ہے۔ **دن جب برے آتے ہیں تو سونے پہ ہاتھ ڈالو مٹی ہو جاتی ہے**۔ طالع یاور نہ ہو تو ہر کام میں نقصان ہوتا ہے۔ **دن جب بھلے آتے ہیں تو مٹی پہ ہاتھ ڈالو سونا ہو جاتا ہے**۔ طالع یاور ہو تو ہر کام میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ **دن دس آدر پلٹکے کرنی آپ بھکان۔ جو لگ کاگ سراد ھ ملپھ تو لگ تو سنمان** (ھ) تھوڑے دنوں کی عزت سے تو خوش ہوا اے کوے۔ سرادھ کے دنوں میں تیری عزت ہو گی۔ اگر کوئی شخص اچھے عہدے پر ہو کر سختی کرے تو اس کو کہتے ہیں۔ **تھوڑے دن کا اختیار ہے جو کچھ تو چاہے کر لے۔ دن دیوالی ہو گئی**۔ بہت خوشیاں ہونے کے موقعے پر کہتے ہیں۔ **دن ڈھلا مزدور نہا**۔ کیونکہ چھٹی کا وقت قریب آیا۔ نہا کے معنی بولا ہیں۔ **دن عید اور رات شب برات۔ رات دن عیش و**

نشاط میں گزرتے ہیں۔ **دن کھسا (ڈھلا) مزدور ہنسا** (ھ) دن گزرنے پر مزدور کو محنت سے نجات ملتی ہے۔ **دن کو اونی اونی رات کو چرخا پونی** (عو) بے وقت کام کرنے والی کی نسبت بولتی ہیں۔ **دن کو شرم رات کو بغل گرم**۔ بیوی کے دن کو گھونگھٹ نکالنے پر مذاق ہے۔ **دن میں تارے نظر آنا**۔ بد حال ہو جانا یا خرابی نظر آنے لگنا۔ **دن میں سووے روزی کھووے**۔ جو دن کو کام نہ کرے اس کی زندگی تنگی میں گزرتی ہے۔ **دن نیکے بیتے جاتے پھیر نہیں وہ آتے ہیں**۔ اچھے دن گزر کر پھر نہیں آتے۔

دَنّا (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی جس سے گیڑی کھیلتے ہیں ۲ آلہ تناسل ۳ (صفت) بڑا۔ دراز ۴ موٹا ۵ مضبوط ۶ نڈر (س دَنڈک) **دنا پیل** (صفت) قوی ہیکل۔ مضبوط۔ زبردست۔ **دنا سیٹھ** (مذکر) ۱ بڑا سیٹھ۔ ۲ (طنزاً) مغرور۔ متکبر۔

دِنا (ھ۔ مذکر) دن۔ نظم میں استعمال ہوتا ہے۔

دُناب (ہ۔ صفت) بہت موٹا۔ فربہ۔ پھولا ہوا۔

دِناتی (ھ۔ مونث) ۱ وہ وقت جس میں دن کو ہل چلایا جائے ۲ مزدوروں کا روزانہ کام۔

دَنانیر (ع۔ مذکر) دینار کی جمع۔

دَنائت (ع۔ مذکر) کمینہ پن۔ رذالت۔ (دَنَا۔ کمینہ ہونا)

دِنائی (ھ۔ مونث) داد۔

دِنایت (ع۔ مونث) کمینہ پن۔ رذالت (دَنَا۔ کمینہ ہونا)

دُنب (ف۔ مونث) دم۔ پونچھ۔ **دنبال۔ دنبالہ** (مذکر) ۱ چوپائے کی دم ۲ آنکھ کا کویہ ۳ وہ سرمے کی لکیر جو آنکھ کے کوئے سے بڑھی ہوئی خوبصورتی کے لئے چھوڑ دیتے ہیں (کھینچنا کے ساتھ) ۴ دمدار تارے کی دم ۵ جہاز کا پتوار ۶ زین کا پچھلا حصہ ۷ تلوار یا چاقو کا دستہ ۸ (تف) پیچھے۔ بعد۔ **دنبالہ دار** (صفت) دمدار۔ گچھے دار۔ **دنبہ** (مذکر) ۱ ایک قسم کا مینڈھا جسکی دم بڑی چوڑی اور موٹی ہوتی ہے ۲ (صفت) موٹا۔ فربہ۔ **دنبی** (مونث) دنبے کا۔

دَنباوَند (ایران) ایک پہاڑ۔

دَنبر (ہند) ایک شہر۔

دُنبَل (ف۔ مذکر) پھوڑا۔ سوتل۔

دَنت (س۔ مذکر) ۱ دانت ۲ ہاتھی یا سور کا باہر کا نکلا ہوا دانت ۳ نیزے کی نوک ۴ پہاڑ کی چوٹی ۵ ۳۲ ۶ جس سے ستار بجاتے ہیں۔ **دنتاولی** (ھ) گھاس جمع کرنے کا پنجہ۔ **دنت پورہ** (مذکر) کالنگا کا دار الخلافہ۔ **دنت کتھا** (مونث) ۱ بیان طویل (غف) ۲ بے بنیاد کہانی۔ داستان۔ **دنت کریدنی یا کھودنی** (ہ۔ مونث) خلال۔ **دَنتوا** (ھ) دنتاولی۔ **دنت وَکتر** (عص) ایک دانو راجہ کرشن جی کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ **دنتی** (ھ) دانت والا۔ دندانے دار ۲ (مذکر) وہ جو صرف دانتوں کی مدد سے نکلے۔ **دنتی گھائل** (صفت) وہ جس کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ **دنتیلا** (ھ) ۱ لمبے دانتوں والا۔ ۲ دندانہ دار۔ **دنتیلا پہیہ** (مذکر) دندانے دار پہیہ۔

دِنح (ع۔ مذکر) عیسائیوں کا ایک تیوہار جو چھ جنوری کو ہوتا ہے۔

دَنْد (ف۔ مذکر) ۱ دانت ۲ پسلی۔ ۳ جلاہوں کا ایک دندانے دار اوزار ۴ کوئی چیز جو منہ کو خشک کر دے ۵ ایک بیج جو دست لاتا ہے ۶ ایک بوٹی کا نام ۷ ایک فرقہ فقیروں کا جو اگر کوئی انکو خیرات نہ دے تو اپنی دانتوں سے بوٹیاں اڑاتے ہیں ۸ چور ۹ (صفت) غریب مفلس۔ حاجتمند ۱۰ جاہل۔ بے وقوف۔ احمق ۱۱ بہادر۔ دلیر ۱۲ لا مذہب۔ اردو میں یہ لفظ استعمال نہیں ہوتا اسکی جمع استعمال ہوتی ہے۔ **دندا** (مذکر) ۱ پسلی ۲ پہاڑ کا درمیان ۳ (صفت) گم شدہ۔ **دنداں** (مذکر) دانت۔ **دندان آز تیز کرنا**۔ (متعدی) لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔ **دندانِ آسیہ** (مذکر) داڑھیں۔ **دندانِ خرد** (مذکر) عقل داڑھیں۔ **دنداں ساز** (مذکر) مصنوعی دانت بنانے والا۔ **دنداں سازی** (مونث) مصنوعی دانت بنانے کا فن۔ **دندانِ شب** (مذکر) صبح صادق۔ **دنداں شکن جواب** (مذکر) دانتوں کو توڑنے والا جواب۔ سخت جواب جس کا جواب نہ بن پڑے۔ **دندانِ شیر** (مذکر) دودھ کے دانت۔ **دنداں عاریہ** (مذکر) مصنوعی دانت۔ **دندانِ عقل** (مذکر) عقل داڑھیں۔ چار آخری داڑھیں۔ **دندانِ فیل** (مذکر) ہاتھی دانت۔ **دندان گیر** (مذکر) سامنے کے دانت۔ **دندانِ مصری** (مذکر) ایک قسم کی ولایتی مٹھائی۔ **دندانِ مُوش** (مذکر) چوہے کے دانت۔ **دندانِ ناب یا نیشتر** (مذکر) کاٹنے والے دانت۔ **دنداں نما** (صفت) دانت دکھلانے والا۔ ظاہر۔ نما۔ آشکارا۔ **دندانہ** (مذکر) ۱ آرے کا خار ۲ کوئی چیز جو دانت کے مانند ہو ۳ دانتا۔ چھری۔ تلوار وغیرہ کی دھار میں جو دانت ہو جاتے ہیں (پڑجانا پڑنا ڈالنا کے ساتھ) ۴ ہر چیز کا کنگرہ ۵ کنگھی کا شگاف۔ **دندانہ دار** (صفت) جس میں دندانے ہوں۔

ڈُنْد (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ شور۔ غل۔ غوغا ۳ اندھیر۔ ظلم۔ ستم۔ **دند مچا دینا یا مچانا** (متعدی) ۱ شور مچانا ۲ ظلم کرنا۔

دَندارُو (ھ۔ مذکر) چھالا۔ پھنسی۔ مہاسہ۔

دُنْدُ (س۔ مذکر) ۱ ڈھول۔ نقارہ ۲ وسودیو کا نام۔ **دندبھ** (مذکر) ۱ ڈھول ۲ ایک بے ضرر سانپ ۳ شوجی کا نام ۴ ایک ویدک سلسلے کا نام۔ **دُندُبھی** (مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ کرشن جی کا لقب ۳ ایک آسر اور ایک راکھشس کا لقب ۴ (مونث) نقارہ ۵ جوڑا۔ **دندبھی دربھن** (مذکر) والن کا لقب۔

ڈُنْدکا (ھ۔ مذکر) ۱ گنے پیلنے کی

مشین ۲ دھواں نکلنے کی جگہ اس مشین میں۔

دَندکنا (ہ - لازم) تپنا۔ گرم ہونا مکان یا زمین کا (عفت)

دُندُمار (س - مذکر) ایک قسم کا سرخ کیڑا۔

دَندُنا (ہ امر) دندنا نا کا۔ **دندناتا گھستا چلا گیا**۔ بے خوف وخطر اندر داخل ہو گیا۔ **دندناتا ہے** ۱ خوب تندرست ہے ۲ بے خوف مقابلے پر ہے۔ **دندناتے پھنپھناتے** (تف) زور شور اور غصے سے۔

دندنانا (لازم) ۱ خوشی منانا۔ عیش کرنا۔ مزے اڑانا۔ ۲ مزے سے زندگی گزارنا ۳ خوشی میں گانا ۴ قانع اور آزاد ہونا۔

دَندی (س - مذکر) ایک آدمی کا نام جس کا تعلق شوجی یا سریا کی پرستش سے تھا۔

دَنڈ (س - مذکر) ۱ ڈنڈا۔ سونٹا۔ عصا ۲ گرز ۳ ڈنڈی - دستہ ۴ پول۔ ایک ماپ ۵ وقت کا ماپ جو ۲۴ منٹ کے برابر ہوتا ہے ۶ حملہ ۷ سزا - بدنی سزا ۸ جرمانہ ۹ ایک صورت کوکبہ کا نام۔ ۱۰ سزا کا دیوتا دھرم اور کریا کا بیٹا ۱۱ یم ۱۲ شوجی ۱۳ سریا کا ایک پرستار ۱۴ ایک راجہ جسے ارجن نے قتل کیا تھا۔ ۱۵ ایک راکھشس - **ونڈاپتی** (مذکر) انصاف کرنے والا۔ سب سے بڑا حاکم۔ چیف جج - **ونڈارتہ** (مذکر) ایک تیرتھ - **ونڈپانی** (صفت) ۱ جس کے ہاتھ میں ڈنڈا ہو۔ عصا بردار ۲ سپاہی پولیس کا چوکیدار۔ ۳ یم ۴ شوجی کی دو فوجوں کا جرنیل ۵ بدھ کا خسر ۶ کاشی کا ایک راجہ ۷ ایک وید ۸ ایک راجہ جو کشیمک کا دادا تھا۔ **ونڈدھار** (مذکر) ۱ راجہ ۲ یم ۳ ایک راجہ جو ارجن کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا ۴ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۵ (جمع) ایک قوم کا نام۔ **ونڈدھر** (صفت) ۱ عصا بردار ۲ سزا دینے والا ۳ (مذکر) یم کا نام۔ **ونڈسین** (مذکر) ایک راجہ جو وشوک سین کا بیٹا تھا۔ **دنڈشترو - دنڈشرماں - دنڈشری** (مذکر) راجوں کے نام - **ونڈکشہ یا کولہ** (جمع مذکر) ایک قوم - **ونڈکیتو** (مذکر) ایک آدمی کا نام جس کا ذکر مہابھارت میں آتا ہے - **دنڈنیتی** (مونث) قانون سزا اور سلطنت کے اصول جو چانکیہ نے مرتب کئے تھے - **ونڈوت** (مونث) ڈنڈوت - **ونڈویریا** (مذکر) ایک راجہ - **ونڈی** (صفت) ۱ عصا بردار ۲ سادھو جو ڈنڈا ہاتھ میں رکھتا ہے ۳ یم -

دَنڈا (ھ - مذکر) دیکھو ڈنڈا - **دنڈا ونڈی** (مونث) ڈنڈوں کی لڑائی - **ونڈاسی پونچھ** - بوڑھے بیل کے متعلق کہتے ہیں -

مثل - دنڈاسی پونچھ بڑہانے کا رستہ - اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرے - بڑہانہ ایک گاؤں ہے جس کا رستہ بہت خراب ہے -

دَنڈک (س - مذکر) ۱ دیکھو ڈنڈا ۲ ایک بحر یا وزن کا نام ۳ دکن میں ایک ضلع نربدا اور گوداوری کے درمیان جو راجہ رامچندر جی کے زمانے میں ایک جنگل تھا ۴ اس ضلع کے باشندے ۵ اکشواکو کے ایک لڑکے کا نام جس نے بھار گو رشی کی بیٹی کی عصمت دری کی تھی - اسکی بد دعا سے اس کا ملک تباہ ہو گیا تھا ۶ ایک اُسر کا نام - **دنڈکا** (مونث) دنڈک کا ملک - **دنڈکارنیہ** (مذکر) دنڈک بن

دَنڈِن (س - مذکر) ۱ عصا بردار - چوبدار ۲ برہمن زندگی کے چوتھے درجے میں ۳ یم ۴ منجوشری ۵ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۶ سریا کا ایک دربان ۷ دش اور کا ویاد کے مصنف کا نام ۸ (جمع) ایک خاندان کا نام -

دَنڈنا (ھ - صفت) سزا دینا جرمانہ کرنا -

دُنڈھا (س - مونث) ایک راکھشی کا نام -

دَنش (س - مذکر) ۱ کاٹنا - ڈنک مارنا ۲ ڈنک - برکی ۳ دانت ۴ زرہ ۵ ایک اُسر کا نام -

دُنقلاوی (ع - مذکر) ڈنگولا کا باشندہ - دناقلا جمع ہے -

دِنکا (س - مونث) دن کی مزدوری -

دُنکا (ہ - مذکر) دانہ - ٹکڑا - اردو میں صرف دانہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے -

دِنکر (س - مذکر) ۱ سورج ۲ ایک آدتیہ ۳ چندرار کا مصنف - **دنکراتمج** (مونث) دریائے جمنا - **دنکربھٹ** (مذکر) ایک مصنف - **دنکردیو** (مذکر) ایک شاعر -

دَنگ (ف - صفت) ۱ حیران - گھبرایا ہوا - ہکا بکا ۲ بیوقوف - احمق ۳ لاپرواہ ۴ بے حس - (رہنا کردینا - کرنا ہوجانا - ہونا کے ساتھ) ۵ دو پتھروں کے ٹکرانے کی آواز ۶ قلندروں کی آواز -

دَنگا (ہ - مذکر) ۱ جھگڑا - فساد - لڑائی فتنہ ۲ ہنگامہ - بغاوت ۳ شرارت - بدذاتی (کرنا ہونا کے ساتھ) (س دوندو) **دنگئی - دنگے باز** (صفت و مذکر) **دنگیت** (ھ) ۱ فسادی ۲ شریر - بدذات ۳ لڑاکا جنگجو ۴ بغاوت پھیلانے والا -

دُنگانی (ھ - مونث) جائداد کا تھوڑا سا حصہ -

دُنگری (ھ - مونث) ایک موٹی قسم کا کپڑا -

دَنگست (ھ - مذکر) غازی پور کے راجپوتوں کی ایک گوت -

دَنگل (ف - مذکر) ۱ ایک قسم کی کرسی ۲ اکھاڑا - کشتی وغیرہ کی جگہ ۳ مجمع - انبوہ - بھیڑ - اژدحام - **دنگل باندھنا** (متعدی) ۱ حلقہ باندھنا لوگوں کا ۲ کشتی - پٹہ بازی وغیرہ کے لئے مجمع کرنا - **دنگل ٹوٹ جانا** (لازم) مجمع تتر بتر ہوجانا - **دنگل لڑنا** (متعدی) کشتی لڑنا - **دنگل مارنا** (ھ) کشتی جیتنا - فتح پانا - **دنگل میں اترنا** (لازم) کشتی کے لئے تیار ہونا -

دَلو (س - مونث) دکش کی ایک بیٹی اور کشیپ کی بیوی اور دانوؤں کی ماں تھی - **دلوج** (مذکر) دلو کا بیٹا - دانو - جنوں کی ایک قسم -

دِنواش (ف۔ مذکر) وہ شخص جس نے عذرا کو بیچا تھا۔

دَنوندھ (ھ) **دَنوندھا** (ھ صفت) **دَنوندھی** (س۔ مونث) **دَنوندی** (ھ۔ مونث) ۱؎ جسے دن میں کم دکھائی دے ۲؎ (مذکر) ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے (آنا کے ساتھ)۔

دَنی (ع۔ صفت) ۱؎ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ ۲؎ فلک اور چرخ کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔ (دَ نا۔ کمینہ ہونا) **دنی الطبع** (صفت) کمینی طبیعت کا۔ کمینہ۔

دِنی۔ دِنیا (ھ۔ صفت) پرانا۔ بوڑھا (جانور)

دُنیا (ع۔ صفت)۔ ادنٰے کا مونث۔ بمعنی زیادہ نزدیک ۱؎ موجودہ عالم۔ موجودہ زندگی ۲؎ جہان۔ عالم۔ دہر ۳؎ لوگ ۴؎ بہت سی چیزیں اکٹھی۔ مجموعہ ۵؎ دنیاوی چیزیں۔ دولت۔ جائداد ۶؎ دنیا کے مزے۔ **دنیا آباد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱؎ لوگوں کا کسی جگہ بسنا ۲؎ لوگوں کی اچھی حالت ہونا۔ خوشحال ہونا۔ لوگوں کا۔ **دنیا آنکھوں میں اندھیر ہو جانا** (لازم) سخت گھبرا جانا۔ کچھ نہ سوجھنا۔ **دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جانا** (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔ **دنیا اندھیر ہو جانا** (لازم) غم و رنج کی وجہ سے دنیا بری معلوم ہونا۔ سخت گھبراہٹ ہونا۔ **دنیا بسانا** (متعدی) **بسنا** (لازم) دنیا آباد ہونا۔ **دنیا بھر کے یا کی** (صفت) بہت۔ نہایت۔ کمال۔ بے انتہا۔ **دنیا بھر کی آخور** (مونث) نہایت نکمی چیز۔ **دنیا بھر کی باتیں** (مونث) بہت باتیں۔ فضول باتیں۔ **دنیا بھر کے جتن** (مذکر) ہر قسم کی تدبیریں یا کوششیں۔ **دنیا بھر کی خاک چھاننا** (لازم) کمال جستجو کرنا۔ **دنیا پرست** (صفت) دنیادار۔ **دنیا پرستی** (مونث) دنیاداری۔ **دنیا پر لات مارنا** (متعدی) ۱؎ تارک الدنیا ہوجانا ۲؎ مرجانا۔ **دنیا تھڑی تھڑی کرتی ہے** بدنام کرتی ہے۔ **دنیا جاتی دیکھنا** (لازم) صرف آج کیا جاتی دنیا دیکھی میں استعمال ہوتا ہے۔ **دنیا جہان** (مذکر) تمام عالم۔ **دنیا جہان سے روپوش ہونا** (لازم) مرجانا۔ **دنیا چھاننا** (متعدی) بہت تلاش کرنا۔ **دنیا چھوڑ دینا** (لازم) فقیر ہوجانا۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ **دنیادار** (صفت) ۱؎ دنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا آدمی۔ وہ آدمی جس کے خیالات دنیا کی باتوں کی طرف ہوں ۲؎ ظاہری اخلاق کا آدمی ملنسار آدمی ۳؎ چالاک آدمی۔ امیر آدمی۔ **دنیاداری** (مونث) ۱؎ دنیا کے دھندے۔ تعلقات ۲؎ کنبہ۔ بال بچے۔ رشتہ ۳؎ خانہ داری ۴؎ ملنساری۔ میل جول۔ **دنیا دیکھنا** (لازم) تجربہ کار ہونا۔ **دنیا ساز** (صفت) ظاہرداری کرنے والا۔ دنیادار۔ **دنیا سازی** (مونث) ۱؎ ظاہرداری کی باتیں ۲؎ بناوٹ۔ نمائش۔ ظاہرداری۔ **دنیا سازی کی باتیں** (مونث) ظاہرداری کی ایسی باتیں جو کہنے والے کے دل سے نہ نکلیں۔ **دنیا سے اٹھ جانا۔ چل بسنا۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ سدھارنا۔ کوچ کرنا یا گزرنا** (لازم) مرجانا۔ **دنیا سے اڑانا** (متعدی) **اڑ جانا** (لازم) معدوم ہونا۔ ناپید ہونا۔ **دنیا سے الگ ہونا** (لازم) دنیا چھوڑ دینا۔ **دنیا سے جانا یا چلنا** (لازم) مرجانا۔ **دنیا سے دل اٹھانا** (متعدی) تارک الدنیا ہونا۔ **دنیا سے دل اٹھنا یا سرد ہونا** (لازم) دنیا کی باتیں پسند نہ آنا۔ امنگ جاتی رہنا۔ **دنیا سے دور بھاگنا** (لازم) دنیاوی تعلقات سے الگ رہنا۔ لوگوں سے میل جول نہ رکھنا۔ **دنیا سے روانہ ہونا یا سفر کرنا** (لازم) مرنا۔ **دنیا سے غارت ہویا نام اٹھے** (بددعائیں) نیست و نابود ہو۔ تباہ ہو۔ **دنیا سے کارہ ہونا** (لازم) دنیا سے کراہیت رکھنا۔ **دنیا سے کلپتا جائے** (بددعا) غم و تکلیف اٹھاتا ہوا مرے۔ **دنیا سے کوچ کرنا** (متعدی) مرنا۔ **دنیا سے کھو دینا** (لازم) کہیں کا نہ رہنے دینا۔ تباہ کردینا۔ **دنیا سے گزرنا** (متعدی) مرجانا یا مرنا۔ **دنیا سے ہاتھ دھونا** (لازم) دنیا چھوڑ دینا۔ **دنیا کا لہو سفید ہو گیا** لوگوں میں محبت نہیں رہی۔ **دنیا کو ٹھوکر دلات مارنا** (متعدی) دنیا چھوڑ دینا۔ **دنیا کی** (تف) ہر قسم کی۔ افراط کے ساتھ۔ **دنیا کی آنکھوں میں** (تف) لوگوں کی نظروں میں۔ **دنیا کے بکھیڑے جھگڑے یا دھندے** (مذکر) دنیاوی معاملات **دنیا کے تماشے** (مذکر) واقعات عالم۔ ناپائیدار منظر جو پیش نظر ہوتے ہیں۔ **دنیا کی ٹھوکریں کھانا** (متعدی) مارا مارا پھرنا۔ **دنیا کی خاک چھنوانا** (متعدی) آوارہ پھرانا۔ دربدر پھرانا۔ **دنیا کی ہوا کھانا** (متعدی) دنیا کے مزے اڑانا۔ دنیا میں زندگی بسر کرنا۔ **دنیا کی ہوا لگنا** (لازم) بری باتوں کا اثر ہونا۔ عیش و عشرت میں پڑنا۔ **دنیا کے عیب** (مذکر) ہر قسم کی بری باتیں۔ **دنیا کے کاروبار** (مذکر) معاملاتِ روزمرہ۔ لین دین۔ خرید و فروخت **دنیا کے کتے** (مذکر) دنیادار لوگ۔ دنیا کے طالب **دنیا کی ہوا** (مونث) دنیا کے عیش و آرام اور سامان کی طلب۔ **دنیا کی ہوا کھانا** (متعدی) دنیا کے مزے اڑانا۔ دنیاوی خواہشوں کو پورا کرنا۔ **دنیا کی ہوا لگنا** (لازم) ۱؎ دنیا کی باتوں سے واقفیت ہونا ۲؎ دنیا میں آنا ۳؎ دنیاوی خواہشوں کا ہونا۔ **دنیا گزرنا** (لازم) لوگوں کا سامنے سے گزرنا۔ دنیا کے واقعات ہونا۔ **دنیا میں آنا** (لازم) پیدا ہونا۔ **دنیا میں نام رہ جانا** (لازم) شہرت اچھی بات کی رہ جانا۔ یادگار باقی رہنا۔ **دنیا میں نام کر جانا** (لازم) کوئی اچھا کام کرکے یادگار چھوڑ جانا۔ **دنیا و مافیہا** (مونث) عالم اور جو کچھ اس میں ہے۔ **دنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا** (لازم) کسی چیز کا ہوش نہ ہونا۔ **دنیاوی** (صفت) دنیا کا۔ دنیا سے منسوب۔ **دنیا ہوا اور تم ہو**۔ ہم کو لطف دنیوی تمہاری ذات سے ہے۔ **دنیائے بے ثبات** (مونث) یہ عالم جس کو قائم نہیں رہنا۔ **دنیائے دنی یا دوں** (مونث) کمینی دنیا۔ حقارت سے دنیا کو کہتے ہیں۔

دنیائے دو روزہ یا فانی (مونث) یہ عالم جس کو کچھ عرصہ رہنا ہے یا فنا ہو جانا ہے۔ زندگی۔

امثال و اقوال۔ دنیا اور مطلب اور مطلب سو اپنا۔ دنیا مطلب کی ہے اور اپنا مطلب سب سے مقدم ہونا چاہئے۔ دنیا بازیچۂ اطفال ہے۔ دنیا کھیل ہے۔ دنیا واہیات ہے۔ دنیا بامید قائم۔ دنیا کا لطف امید کی وجہ سے ہے۔ انسان امید کے سبب زندگی بسر کرتا ہے۔ دنیا بے ثبات ہے۔ دنیا کو بقا نہیں۔ زندگی جلدی ختم ہو جاتی ہے۔ دنیا ٹھگے مکر سے روٹی کھائے شکر سے۔ مکار آدمی دنیا میں مزے سے گزارا کرتا ہے۔ دنیا جائے امید ہے۔ دنیا میں ہر ایک کو امید ہوتی ہے اس سے زندگی بسر ہوتی ہے۔ دنیا چند روزہ ہے۔ زندگی بہت تھوڑی ہوتی ہے۔ دنیا کا لطف تھوڑے دن ہوتا ہے۔ دنیا دریا کی منجدھار ہے۔ دنیا انسان کو ڈبو دیتی ہے۔ دنیا انسان کو سخت نقصان پہنچاتی ہے۔ دنیا دھوکے کی ٹٹی ہے۔ دنیا میں دھوکا ہی دھوکا ہے۔ دُنیا دُھند کا پسارا ہے (ھ) دنیا سراب کی طرح ہے۔ اصلیت کچھ نہیں۔ دنیا ظاہر پرست ہے۔ دنیا ظاہری باتوں کو دیکھتی ہے۔ دنیا غرض کی ہے مطلب نکل جانے کے بعد کوئی نہیں پوچھتا۔ دنیا کا ابھی کیا دیکھا ہے۔ کم عمر ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔ دنیا کھائے (کھیجے) مکر سے اور روٹی کھائے شکر سے۔ مکار آدمی مزے سے گزران کرتا ہے۔ دنیا مردہ پسند ہے۔ مرنے کے بعد دنیا میں قدر ہوتی ہے۔ دنیا میں ایسے رہئے جیسے صابن میں تار دنیا میں الگ تھلگ رہنا چاہئے۔ دنیا کے دھندوں میں نہیں پھنسنا چاہئے۔ دنیا میں چار پیسے بڑی چیز ہے۔ دولتمند آدمی مزے میں رہتا ہے۔ امیر کی بڑی قدر ہوتی ہے۔ دنیا میں دو ہی چیز ہیں بیٹا یا بیٹی۔ جس کے گھر بیٹی پیدا ہو اس کو تسلی دینے کے لئے کہتے ہیں۔ دنیا میں ساڑھے تین دل ہیں چیونٹی دل۔ ٹڈی دل۔ بادل اور نصف باقی مخلوقات۔ دنیا میں کسی کی یکساں نہیں گزری۔ کسی کی ایک حالت میں بسر نہیں ہوتی۔ دنیا میں منہ دیکھے کی محبت ہے۔ دلی محبت کم ہوتی ہے۔ روبرو آ کر محبت جتاتے ہیں۔ دنیا ہو اور تم ہو تمہاری ذات سے دنیا کا لطف ہے۔ دنیا جب تک رہے تم بھی رہو۔ تم کی جگہ میں وہ وغیرہ بھی استعمال ہوتے ہیں۔ دنیا ہے اور خوشامد۔ خوشامدی آدمی دنیا میں ترقی کرتا ہے۔ دنیا ہے اور مطلب۔ سب خود مطلبی ہیں۔ دنیا ہے سو مطلب کی اور مطلب ہے سو اپنا۔ خود غرض اور مطلبی آدمی کو ہر حال میں اپنے نفع کا خیال رہتا ہے۔

دِنیّت (ع۔ مونث) ۱ کمینہ پن۔ رذالت ۲ نقص۔ عیب۔ بری عادت (دَنا یکمینہ ہونا)

دَنیسَر (مصر) ایک شہر جہاں کی آب و ہوا بہت اچھی ہے۔

دُنیَوی (ع۔ صفت) دنیاوی۔ دنیوی

و اُخروی (صفت) اس دنیا کی اور اگلے جہان کی۔

دَو۔ دَوْ (ف۔ مذکر) دوڑ۔ بھاگ۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)۔

دوا دَو۔ دَو۔ دوش یا دودی (مونث) دوڑ دھوپ۔ تگ و دو ۲ محنت اور تھکاوٹ۔ تگاپو۔

دَو (س۔ مذکر) ۱ آگ ۲ جلنا ۳ جلتا ہوا جنگل دیکھو داو۔ **دوار۔ دواری۔ دواگنی دوانل** (مذکر) جلتا ہوا جنگل۔

دِو۔ دِیو (س۔ مونث) ۱ آسمان ۲ دن۔

دِویش (مذکر) ۱ رب السماء۔ آسمان کا مالک ۲ ادتیا وسو اور رُدر کا لقب۔

دِو (ھ۔ صفت) خدائی۔

دو (ف ہ۔ صفت) ۱ ایک اور ایک۔ ۲۔ ۳ جوڑا۔ جفت ۳ الگ۔ جدا۔ غیر۔ (س دَو) **دو آب یا آبہ** (مذکر) ۱ زمین جو دو دریاؤں کے درمیان ہو ۲ دریائے جمنا اور گنگا کے درمیان کی زمین ۳ پنجاب میں دریائے بیاس اور ستلج کے درمیان کی زمین۔ **دو آتشہ** (صفت) جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچا گیا ہو (عرق یا شراب) تیز تند۔ **دو آتشہ پلانا** (متعدی) اشتعال دینا۔ بھرے پر چڑھانا۔ **دو آتشہ شراب** (مونث) شراب جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچی گئی ہو۔ **دو آشیانہ** (مذکر) ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں۔ **دو آنسو بہانا ڈالنا** (متعدی) **رونا** (لازم) **یا گرانا** (متعدی) تھوڑا سا رونا۔ **دو آنکھوں سے چار آنکھیں دیں۔** عقل دی۔ شعور دیا۔ ہوشیار بنایا۔ **دو الہ کھی** (ھ) ذومعنی۔ **دو اسپہ** (صفت) ۱ تیز۔ جلدی (جانا چلنا کے ساتھ) ۲ (مذکر) تیزی۔ سرعت ۳ ڈاکیہ۔ خبر رساں۔ پیامبر ۴ پوسٹ ماسٹر ۵ وہ سپاہی جس کے پاس دو گھوڑے ہوں۔ **دو اسطرلاب** (مذکر) سورج اور چاند۔ **دو انگل کی بچی** (مونث) چھوٹی لڑکی (تحقیراً) **دو انگلیاں ماتھے پر رکھنا** (لازم) سرسری سلام کرنا۔ **دو انگلیاں مسی لگانا** (متعدی) ذرا سی مسی ملنا۔ **دوانی** (مونث) دو آنے کا سکہ جو پہلے چاندی کا تھا اب نکل کا بنتا ہے۔ **دو اِک یا ایک** (صفت) چند۔ تھوڑے۔ دو تین۔ **دو باتوں میں** (ق) چند فقروں میں۔ **دو (دو) باتیں** (مونث) تھوڑی سی گفتگو یا بات چیت۔ **دو بار** (ق) دو دفعہ۔ **دو بارہ** (صفت) دوسری مرتبہ یا دفعہ۔ مکرر۔ **دو باز** (مذکر) ۱ کنکوا جس کے دو کندے رنگ دار ہوں ۲ ایک قسم کا باز ۳ دو رنگے بازو کا کبوتر۔ **دو بازو** (مذکر) ایک کھیل کا نام ۲ ایک دہقانی اوزار ۳ ایک قسم کا عقاب۔ **دو بازو برابر** (ھ) ایک شکل جس کے مقابل کے پہلو برابر برابر ہوں جیسے مستطیل۔ **دو باگوں کسنا** (لازم) تلوار کے دونوں سرے ملا کر اسکی خوبی دیکھنا۔ **دو بالا** (صفت) دگنا۔ دوچند۔ دونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دو بر یا برا** (صفت) دوپاٹ کا

دوبردا۔ دوبلد۔ دوبلدا (مذکر) دو بیلوں کا چھکڑا۔
دوبردو (تف) دیکھو دوبہ دو۔ دوبلدی (مونث)
دو بیلوں کی گاڑی۔ دوبول (مذکر) ۱ نکاح (پڑھانا
پڑھنا پڑھوانا کے ساتھ) ۲ نہایت مختصر۔ چھوٹا سا۔
۳ دو لفظ۔ دوبولول (مذکر) (عو) نکاح۔ دوبھیاں
یا بھیاں (صفت) ۱ وہ جو دونوں ہاتھوں سے کام
کر سکے ۲ مضبوط۔ طاقتور ۳ سرکش۔ زبردست۔
(ہونا کے ساتھ) دوبھیلی یا دوبھیا (صفت)
منافق۔ دورنگی۔ دوبھیلی بات (مونث) پہلودار
بات۔ دوبھیاں یا بیاں ہونا (لازم) طاقتور ہونا۔
زبردست ہونا۔ دوبیتی (مونث) ایک قسم کی نظم۔
دوبینی (صفت) ۱ ناقابل اعتبار۔ مذبذب ۲ منافق
۳ (مذکر) دو نتھنے۔ ناک ۴ ایک چیز کا دو نظر آنا۔ بھینگا
پن۔ دوپا (مذکر) ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ حاصل
ہوتا ہے۔ دوپارہ (صفت) دو ٹکڑے۔ ٹکڑے ٹکڑے۔
پھٹا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) دوپاڑا (مذکر) کام
کرتے ہوئے لہنگا ٹانگوں کو لپیٹ لینا۔ مزدور عورتیں عموماً
ایسا کرتی ہیں۔ دوپائی (ھ) دو عرض کا۔ دوپائے پر
چڑھانا (متعدی) ۱ سکھوں یا فوجیوں کی طرح داڑھی
چڑھا لینا ۲ بندوق کے دونوں گھوڑے انتہائی حد پر چڑھا
لینا۔ دوپائے سے چوپایا ہونا (لازم) بیاہ یا شادی
ہو جانا۔ جورو والا ہو جانا۔ دوپائے کا تعویذ یا
نقش (اصطلاح عاملاں) ایک قسم کا مثلث نقش۔
دوپائے کی رفتار (مونث) دوپائے کا نقش
بھرنے کا طریقہ۔ دوپایہ (صفت) ۱ دو پاؤں کا۔ دو
ٹانگ کا ۲ (مذکر) مجازاً انسان۔ دوپتیا (صفت علن)
دو پتوں والا۔ دوپٹا (مذکر) ۱ عورتوں کی ایک قسم کی
اوڑھنی۔ آج کل اسے دوپٹ کا نہیں بنایا جاتا۔ چوڑے
عرض کا باریک کپڑا استعمال ہوتا ہے ۲ وہ چادر جو مرد
کمر میں باندھتے یا کندھوں پر ڈالتے ہیں ۳ دوپٹ کا چادرا
۴ پگڑی۔ پٹکا۔ دوپٹا اٹھانا (متعدی) عورتوں کا
کوسنے یا دعا کرنے کے لئے دونوں ہاتھوں سے دوپٹے کا
اونچا کرنا۔ دوپٹا باندھنا (متعدی) پگڑی باندھنا۔
دوپٹا بدلنا (لازم) بہنا پا کرنا۔ دوپٹا پھرانا (متعدی)
دوپٹہ ہلانا۔ دوپٹا تان کے سونا (لازم) بیفکری
سے سونا۔ دوپٹا چننا (متعدی) عورتیں دوپٹے کو
عموماً چن کر اوڑھتی ہیں۔ دوپٹا گردن میں ڈالنا
(متعدی) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔ دوپٹا ڈھلنا (لازم)
دوپٹے کا سینے سے سرک جانا۔ دوپٹا ہلانا (متعدی)
پناہ مانگنا۔ امن مانگنا۔ ہار ماننا۔ صلح کا خواہاں ہونا
حالت جنگ میں سفید چادر ہلاتے ہیں۔ جس سے لڑائی
بند کرنے کی خواہش ہوتی ہے۔ دوپٹی (ھ) منافقت۔
دورنگی۔ دوپٹیا (مذکر) کبوتر جس کا پیٹ سفید ہو
۲ ایک قسم کا پتنگ جس میں دو رنگ کی پٹیاں پڑی
ہوں ۳ (مونث) دوپٹا کی تصغیر۔ اوڑھنی۔ چنری۔
دوپٹے کو منہ کی اوٹ کرنا (متعدی) گھونگھٹ
نکالنا۔ دوپٹے کو منہ کے آگے کرنا کہ منہ کسی کو نظر نہ پڑے۔
دوپٹے کی گاتی باندھنا (متعدی)، بندھنا (لازم)
دوپٹے کا دونوں کندھوں پر پڑ کر سینے پر بندھ جانا۔ دوپرا
(مذکر) ایک قسم کا پتنگ۔ دوپرتا (صفت) دوہرا۔
دو تہ کا۔ دوپشتہ (صفت) ۱ دونوں طرف چھپا ہوا
۲ دو رخہ۔ دو طرفہ۔ دوپشتہ کرنا (متعدی) ۱ کاغذ کو
ایک طرف چھاپ کر دوسری طرف چھاپنا۔ دونوں
طرف چھاپنا ۲ دو رخا بنانا۔ دوپلڑی (مونث)
ایک قسم کی ہندوستانی وضع کی ٹوپی جو دو ٹکڑوں کی
بنی ہوئی ہوتی ہے۔ دوپلکا (مذکر) ۱ ایک قسم کا
کبوتر ۲ ایک قسم کا پتنگ ۳ ایک قسم کا نگینہ۔ دوپلی
(مونث) دیکھو دوپلڑی۔ دوپنچھی (مونث) ایک
قسم کی جالی جس کا دوہرا خانہ ہوتا ہے اس کی کرنیاں
بنتی ہیں (بیگمات)۔ دوپھار (صفت۔ علن) دو
جز کا۔ دوپہر (مونث) وقت جب سورج عین
سر پر ہو ۲ (مذکر) ایک پہر کا دوگنا ۳ ایک قسم کا پھول۔
دوپہر آنا (لازم) سورج کا عین سر پر ہونا۔ دن کا
نصف گزر جانا۔ دوپہر بجنا (لازم) دوپہر کی توپ
دغنا۔ بارہ بجنا۔ دوپہر پہلے (تف) صبح کے وقت
دوپہر سے پہلے۔ دوپہر چکر (ھ) عرض بلد۔ دوپہر ڈھلنا
(لازم) زوال کا وقت ہونا۔ سورج کا نیچے کی طرف
رخ کرنا۔ دوپہر ڈھلے (تف) دوپہر کے بعد۔ دوپہر کا
وقت (مذکر) دوپہر۔ دوپہر کرنا (متعدی) اتنی
دیر لگانا کہ دوپہر ہو جائے۔ دوپہر کی توپ
چھوٹنا (لازم) چھاونیوں میں بارہ بجے توپ چھوٹتی
ہے۔ ۱۲ بجے توپ چلنا۔ دوپہر کی چیل (مونث)
وہ لڑکا جو دوپہر کو مارا مارا پھرے۔ دوپہر ہونا
(لازم) دوپہر کا وقت ہونا۔ دوپہری (صفت)
۱ دوپہر کی ۲ (مونث) دوپہر ۳ دوپہر کی نوبت۔ دو
پہریا (مذکر) ۱ ایک قسم کا پھول ۲ بچہ جو دوپہر کو پیدا
ہو ۳ (صفت) دوپہر کا۔ دوپہری بجنا (لازم)
۱ دوپہر کی نوبت بجنا۔ اگلے زمانے میں امیروں کے گھر
دوپہر گزرنے پر نوبت بجا کرتی تھی۔ دوپھلی (صفت)
دو فصلی۔ دوپیازہ (مذکر) ایک قسم کا سالن جس میں
دوگنا پیاز ڈالا جاتا ہے اور شوربا یا ترکاری نہیں
ہوتی۔ دو پیسے ڈولی ہے چار پیسے ڈولی ہے
(عو) بہت قریب ہے۔ فاصلے کو ظاہر کرنے کے لئے
کہتی ہیں۔ دو پیسے سیر (صفت) بہت سستا۔
دو پیسے کا سیر بھر کر دینا (متعدی) ۱ تھوڑی
سی مقدار کو بہت زیادہ بنانا ۲ تھوڑی سی بیماری کو
بہت زیادہ ظاہر کرنا۔ دو پیسے کمانا (متعدی)
تھوڑی سی کمائی کرنا۔ دو پیسے اللہ کے نام اٹھانا
(متعدی) تھوڑی سی خیرات کرنا۔ دوپیکر (مذکر) آسمان
کا تیسرا برج۔ جوزہ۔ متھن۔ دوتا (صفت) ۱ دگنا۔
دُہرا ۲ خمیدہ۔ ٹیڑھا ۳ کبڑا ۴ (مذکر) ایک قسم کا دوتارا
۵ نفیس کپڑا۔ دوتارا (مذکر) ۱ ایک قسم کا دو تار کا
بجانے کا ساز ۲ ایک قسم کی شال ۳ (صفت) دو تار کا
۴ دو تار کا بنا ہوا۔ دوتاہ یا تاہ (صفت) ۱ دو دھاگوں
کا بنا ہوا ۲ دوہرا ۳ خمیدہ۔ دوتائی (مونث) ۱ وہ
کرتا جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں ۲ کپڑا جس کے نیچے استر ہو۔
دوتخمہ (صفت) حرامی۔ حرامزادہ۔ دوتن (مذکر)
۱ دو شخص ۲ (صفت) دوہرا۔ دوتہی (مونث) ۱ ایک
قسم کا دوہرا دو عرض کا موٹا کپڑا جس کے کنارے نیلے

یاسرخ ہوتے ہیں اور جودری کے اوپر اور چادر کے نیچے
بچھایا جاتا ہے ۲ استروالا کپڑا ۳ (صفت) دوتہ کی ۔
دوہری - دو تین (صفت) چند - دو ٹکریں مارنا
(متعدی) جلدی جلدی نماز پڑھنا - دو ٹکڑے بات
(مونث) دو ٹوک بات - کھری بات - دو ٹکڑے -
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دو حصے ہونا - دو پارہ
ہونا - دو ٹوک (صفت) ۱ دو پارہ - دو ٹکڑے
۲ صاف - کھرا ۳ فیصلہ کن ۴ موزوں - دو ٹوک
بات (مونث) کھری یا صاف صاف بات - دو
ٹوک جواب دینا (متعدی) ۱ صاف انکار کرنا -
صاف جواب دینا ۲ موزوں جواب دینا مختصر جواب
دینا - دو ٹوک جواب ملنا (لازم) دیکھو آخری -
دو ٹوک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ فیصلہ ہونا
۲ رشتہ یا دوستی ٹوٹنا - دو جہاں (مذکر) دنیا اور آخرت -
دو جہان سے جانا (لازم) دین و دنیا برباد ہو جانا -
دو جہان سے کھونا (متعدی) کسی کام کا نہ رکھنا -
بیکار کر دینا - دو جیبھا یا جیبھا (صفت) دو زبان
والا - جسکی زبان بیچ میں سے چری ہوئی ہو - دو جیا
(صفت) ۱ حاملہ ۲ (مونث) حاملہ عورت - دو جیرا
(مذکر) ایک قسم کا چاول - دو جی سے (صفت) حاملہ -
دو جیوا (ﺍﯾﺿﺎ) حاملہ - دو چار (صفت) چند -
دو چار (مونث) ملاقات - سامنا - دو چار کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) ۱ ملاقات ہونا - سامنا ہونا
۲ (آنکھیں) ملنا - دو چار کوڑیوں کا روزگار
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تھوڑی سی کمائی ہونا -
دو چار کے ہاتھ جانا (لازم) مستعمل ہو جانا کسی
شے کا - دو چار گھڑی رات رہے - سحری
کے وقت - دو چار ہاتھ رہ جانا یا رہنا (لازم)
تھوڑا سا فاصلہ رہ جانا - تھوڑی سی کسر رہ جانا - دو
چاہ (مذکر) وہ تالاب جس میں آبپاشی کے لئے پانی
اونچا اٹھایا جائے - دو چت یا چتا (صفت) ۱
خیالات کی یکسوئی نہ رکھنے والا - دو دلا متذبذب -
۲ پریشان - مضطرب ۳ (مذکر) شبہ - شک - دو چتائی

(مونث) ۱ شک - شبہ ۲ اضطراب - پریشانی ۳
تذبذب - دو دلی ۴ بے خیالی - محویت - دو چر
(مونث) دو مکانوں کی دو دیواریں جو آپس میں ملی
ہوئی ہوں - دو چشمہ (مذکر) ۱ چاند سورج ۲ رات
۳ آنکھ کی دونوں پتلیاں - دو چشمی ۱ ہائے ہوز ۲
(صفت) وہ جسمیں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے (تصویر) دو چلو (صفت)
تھوڑا سا - ذرا سا - دو چلو میں بہ جانا (لازم) تھوڑی سی وجہ سے جاتے رہنا
دو چلو میں بہک جانا (لازم) تھوڑی سی شراب
پی کر مدہوش ہو جانا - دو چلہ (مذکر) وہ چھت جو
دونوں طرف ڈھلواں ہو - دو چند (ال) (صفت)
دگنا - دونا - دوہرا - دو چوبہ (صفت) ۱ دو چوب
والا ۲ ایک خیمہ جس میں دو ڈنڈے ہوتے ہیں - دو چھتہ
(صفت) دو چھت کا (مکان) ۲ پھوس کی چھت جو
دو طرف سے ڈھلواں ہو - دو حرف (مذکر) ۱ تھوڑی
سی تحریر یا تقریر (بولنا کہنا کے ساتھ) ۲ حرف کن
جن کے کہنے سے خدا پیدا کر دیتا ہے - دو حرف
بھیجنا (متعدی) لعنت بھیجنا یا کرنا - دو حرف کا
پرزہ (مذکر) مختصر تحریر - دو حرفی (صفت) ۱ بہت
مختصر (تحریر - تقریر - جواب - خط وغیرہ کے ساتھ) ۲ مے -
دو حصے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دو ٹکڑے ہونا -
دو حور لقا (مونث) روح اور عقل - دو خاتون
(بینش) ۱ آنکھوں کی دونوں پتلیاں ۲ دن اور
رات - دو خادم حبشی و رومی (مذکر) دن اور رات
دو خانہ (صفت) دو سوراخ والا - دو گھر والا - دو
چھت والا - دو خصمہ (صفت) وہ (عورت) جس نے
دوسرا بیاہ کیا ہو - دو خاوند والی - دو خمہ (مذکر)
ایک قسم کا حقہ - دو خوابہ (صفت) جس کے دونوں
طرف بر ہو (کپڑا) دو دامہ (مذکر) ۱ ایک قسم کا
بیل ۲ ایک بیلدار کپڑا - دو دامی (مونث) پھولدار
ململ - وہ ململ جس پر دھاگے سے پھول کڑھے ہوں -
دو دانے کو پھرنا یا محتاج ہونا (لازم) بھیک مانگنے
پھرنا - سخت مفلس ہونا - دو دری (مونث) دنیا
جس کے دو دروازے ہیں پیدائش اور موت - دو

دستہ (صفت) دونوں طرف - دو دستہ خلال
(مونث) وہ بازی جس میں دو آدمیوں کو ایک دفعہ
شکست دی جائے - دو دستی (مونث) ۱ کشتی کا
ایک پیچ ۲ دو ہاتھ کا تلوار کا وار ۳ (تف) دونوں
ہاتھوں سے - دو دستی تلوار مارنا (متعدی)
دونوں ہاتھوں سے تلوار کا وار کرنا - دو دستی وار
(مذکر) دونوں ہاتھوں کا وار - دو دل کو اکجا بٹھانا
(لازم) عاشق و معشوق کو ملنے دینا - دو دل ملنا
(لازم) دو شخصوں کا اتحاد ہونا - دو طرفہ محبت ہونا -
دودلہ (صفت) ۱ شکی - وہمی ۲ متفکر - حیران ۳ متذبذب - دودلی (مونث)
تذبذب - دودم یا دمہ (صفت) دو دھار کی (تلوار) دو
دن (مذکر) قلیل عرصہ - تھوڑا سا زمانہ - دو دن کا
مہمان (صفت) ۱ عارضی - فانی - ناپائیدار ۲ مرنے کے
قریب - دو دن کی بہار (مونث) عارضی رونق
دو دن کی بات (مونث) چند روز کا معاملہ - دو
دن کی چاندنی (مونث) ۱ حسن چند روزہ ۲ کوئی
عارضی خوبی ۳ دولت ۴ اقبال - دو دن کی زندگی
(مونث) چند روزہ زندگی - دو دن (ہی) میں
(تف) تھوڑی سی مدت میں - دو دن نہ پکڑنا (لازم)
جلد مر جانا - جوان مر جانا - دو دو (صفت) ۱ دو اور دو
۲ (ف) ترئی کی آواز - دھوتو - دو دو دانے کو
پھرنا (لازم) ۱ دو دو دانے مانگتے پھرنا - بھیک مانگتے
پھرنا - گداگری کرنا ۲ نہایت محتاج یا کنگال ہونا - دو
دو کاغذ گھلنا (لازم) عو - دبلا ہو جانا فکر یا مرض سے
دو دو منہ (صفت) تھوڑا سا - قدرے - قلیل -
دو دو منہ آنا (لازم) آوازے کسنا - طنز کرنا - دو
دو منہ ہنس لینا یا ہنسنا (لازم) تھوڑا سا ہنس لینا -
دو دو نوکیں ہونا (لازم) تھوڑا سا جھگڑا یا سخت
کلامی ہونا - دو دو ہاتھ اچھلنا (لازم) مضطرب
ہونا - سخت بیتاب ہونا - کلیجے کے ساتھ استعمال ہوتا
ہے - دو دو ہاتھ کرنا (متعدی) ہو جانا ہونا
(لازم) ۱ لڑائی ہونا ۲ آزمائش کے لئے تھوڑی سی
لڑائی ہونا - دو دھارا (صفت) ۱ دوہری دھار

یا باڑھکا ۲ (مذکر) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں ۳ ایک قسم کا
کھوڑ جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں۔ **دوراہا یا دوراہہ** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں
دو راستے ملیں ۲ وہ سڑک جو دو رستوں میں تقسیم ہو جائے۔
دورا اوڑ رکھنا (عقب) راؤ راستے کا محرب ہے۔ ایک
نہ سمجھنا۔ کچھ فرق سمجھنا۔ بھید رکھنا۔ **دورخا** (صفت)
۱ دو رویہ ۲ دو پہلو والا ۳ منافق۔ دو رنگا۔
دورخی (مونث) ۱ تصویر جس میں دونوں رخ نظر پڑیں۔
۲ ایک قسم کی کمان۔ **دورس** (مذکر) مٹی جس میں چکنی
مٹی اور ریت ملے ہوں۔ **دورسا** (مذکر) ۱ دو قسم کا
ملا ہوا تمباکو ۲ خمیرہ تمباکو۔ **دوراستہ یا رستہ** (صفت)
دو رویہ۔ **دورکابہ** (مذکر) بہت اونچا گھوڑا۔ **دورگا**
(صفت) ۱ دوغلا آدمی ۲ دو نسل کا مرغ ۳ دو نسل کا
گھوڑا۔ **دورنگا** (صفت) ۱ دو رنگ کا ۲ ابلق ۳ منافق
۴ تلون مزاج۔ **دورنگی** (مونث) ۱ دوئی۔ بیگانگی ۲
منافقت۔ مکاری ۳ تلون مزاجی۔ **دورنگی چھوڑنا**
(متعدی) مکاری یا دھوکے کا کام نہ کرنا۔ **دورنگی
کرنا** (متعدی) ایک بات یا حالت پر نہ رہنا۔ **دو
رُو** (صفت) ۱ دو رخ کا ۲ منافق ۳ (مذکر) ایک
پھول جس کا ایک رخ سرخ ایک زرد ہوتا ہے۔ گل
رعنا۔ **دوروز** (مذکر) چند روز۔ **دوروز کا مہمان**
(مذکر) ۱ تھوڑا قیام کرنے والا شخص ۲ انسان فانی۔ **دو
روزہ** (صفت) تھوڑا عرصہ رہنے والا۔ عارضی۔
تھوڑا۔ تھوڑی مدت کا۔ **دوروئی** (مونث) ۱ منافقت
۲ مکر۔ فریب۔ **دورویہ** (صفت) ۱ دونوں جانب
سے۔ دو طرف سے ۲ دو رخہ۔ دو رنگا ۳ دونوں طرف۔
دونوں رخ۔ **دوزانو** (تف) گھٹنوں کے بل۔ **دو
زانو بیٹھنا** (لازم) مودب ہو کر بیٹھنا۔ گھٹنوں کے
بل بیٹھنا۔ **دوزباں یا زبانہ** (صفت) ۱ دو زبان
والا۔ چری ہوئی زبان والا ۲ دھوکے باز۔ مکار۔
فریبی ۳ (مونث) قلم ۴ سانپ۔ افعی ۵ سوسن۔ سانپ۔
قلم کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **دوزبانی** (مونث)
۱ دو زبانوں کا ہونا ۲ مکاری۔ دغا بازی۔ **دو
زبرا** (مذکر) ایک قسم کا چاول۔ **دوسار ہو جانا**

یا ہونا (لازم) ۱ کسی چیز کے یا بدن کے پار ہو جانا تیر
کا یا نیزے کا ۲ کنایتہ تیر نظر کا دل کے پار ہو جانا۔
دوساکھی (صفت) دو فصلی۔ **دوسالہ** (صفت)
۱ دو سال کی عمر کا۔ دو برس کا ۲ وہ جو دو سال بوئی
گئی ہو۔ **دوساہی یا سائی** (مونث) دو فصلی۔
دوسخنے (مذکر) ایسے دو مصرعے جنکا جواب ایک ہو۔
یہ امیر خسرو نے ایجاد کئے تھے۔ **دوسَر** (صفت) ۱
دو سروں والا ۲ (مذکر) دو کھوپریاں ۳ دو نتیجے۔ **دو
سرا** (مذکر) دو جہان۔ **دوسَر دہلیز** (مذکر) ۱
عناصر اربعہ ۲ حواس خمسہ۔ **دوسَر قندیل** (مذکر)
۱ سات ستارے ۲ کوئی روشن ستارا ۳ آسمان۔ **دو
سر ملوا دینا** (متعدی) نکاح کرا دینا۔ **دوسرہا**
(تف) دو بدو۔ **دوسر رکھنا** (متعدی) دو نتیجے نکلنا
یا ہونا۔ **دوسری** (مونث) ۱ وہ زمین جس پر دو دفعہ
ہل چلایا گیا ہو ۲ دو دفعہ ہل چلانا۔ **دوسَرے**
(مذکر) ۱ ایک قسم کا خیمہ ۲ ڈولی یا فینس کا پردہ۔ **دو
سنگ** (مذکر) صفا مروا۔ **دوسنہ** (مذکر) ایک قسم کا
روپیہ۔ **دوسَو** (صفت) سو اور سو۔ ۲۰۰۔ ماار۔
دوسوتی (مونث) دو سوت کا بنا ہوا کپڑا۔ ایک
قسم کا موٹا کپڑا جو فرشوں خیموں وغیرہ کے بنانے میں
کام آتا ہے۔ **دوسُوئی** (مونث) عورت کے
گندھے ہوئے سر کی مانگ۔ **دوسیرا** (مذکر) دو سیر کا
باٹ ۲ روپے کا دو سیر والا تمباکو۔ **دوسیری** (مونث)
دو سیر کا باٹ۔ **دوشاخہ** (صفت) ۱ دو شاخ والا ۲
(مذکر) دو شاخوں کی لکڑی ۳ دو شاخوں کا درخت
۴ دو شاخوں کا شمعدان ۵ دو شاخوں کی مشعل ۶ بھنگ
چھاننے کی لکڑی جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں۔ **دوشالہ**
(مذکر) پشمینے کی چادروں کا جوڑا۔ **دوشالہ پوش**
(صفت) ۱ دوشالہ اوڑھنے والا ۲ امیر۔ دولتمند ۳
خوش لباس۔ خوش پوشاک۔ **دوشالے میں
لپیٹ کر لگانا یا مارنا** (متعدی) ہجو ملیح کرنا۔
در پردہ ذلیل کرنا۔ **دوشنبہ** (مذکر) پیر کا دن۔ سوموار۔
دوصحن (مذکر) زمین و آسمان۔ **دوصد** (صفت)

دو سو۔ **دوضربی** (صفت) ۱ دو کنڈوں کا (تالا)
۲ دونالی (بندوق) ۳ دو ضرب یا زخم لگانے والا۔
دوطرفہ یا طرفی (صفت) دیکھو دورویہ۔ **دوطفل
پسندیدہ** (مذکر) آنکھوں کی پتلیاں۔ **دوطوطی**
(مذکر) لبان معشوق۔ **دوعالم الٹ جانا** سخت
تباہی ہونا۔ قیامت آجانا۔ **دوعالم سے گزر جانا**
(لازم) دنیا و عقبیٰ کی پروا نہ کرنا۔ **دوعالم فراموش
ہو جانا** (لازم) محویت میں سب کچھ بھول جانا۔
دین و دنیا کا ہوش نہ رہنا۔ **دوعُلوی** (مذکر) زحل
و مشتری۔ **دوعملہ** (مذکر) ۱ دو شخصوں کی حکومت
۲ وہ جگہ جہاں دو شخصوں کی حکومت ہو۔ **دوعملی**
(مونث) ۱ دو شخصوں کی حکومت ۲ بدانتظامی۔ **دو
عیار طرار** (مذکر) دن اور رات۔ **دوغزلہ** (مذکر)
ایک بحر ردیف قافئے میں دو غزل۔ **دوغلا** (صفت)
۱ دو نسل کا۔ وہ جسکا باپ اور نسل کا اور ماں اور نسل
کی ہو ۲ کمینہ۔ کم اصل۔ کم ذات۔ **دوغلی بات**
(مونث) گول مول بات۔ بات جو صاف طور پر نہ کہی
جائے۔ **دوفصلہ** (صفت) ۱ یکسوئی نہ رکھنے والا۔
دو رنگا ۲ (مذکر) وہ درخت جس میں سال میں دو بار
پھل لگے۔ **دوفصلی** (مونث) ۱ وہ زمین جو سال
میں دو بار بوئی جائے ۲ دو فصلہ ۳ (صفت) گول
مول۔ دو پہلو کی۔ **دوفصلی باتیں** (مونث) ایسی
باتیں جن کے دو مطلب ہوں ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔
دوقدم (مذکر) ۱ تھوڑی دور۔ چند قدم (جانا چلنا کے
ساتھ) ۲ قریب۔ نزدیک۔ **دوقدم آگے چلنا
یا ہونا** (لازم) سبقت لے جانا۔ **دوقدم بڑھ جانا**
(لازم) تھوڑا سا آگے بڑھ جانا۔ **دوقدم پر** (تف)
تھوڑی دور۔ **دوقدم چلنا** (لازم) تھوڑی دور
چلنا۔ **دوقلم کرنا** (متعدی) دو ٹکڑے کرنا۔ **دو
قلی** (مذکر) قوام۔ **دوقولی** (مونث) جھوٹ۔ دغا۔
چھل۔ دو رنگی بات۔ **دوکال** (مذکر) دو عالم۔ دو
جہان۔ **دوکانوں میں سر کر دو نگا**۔ بچوں کو ڈراتے
ہیں۔ **دوکاک** (مذکر) آنکھوں کی پتلیاں۔ **دوکرنا**

(متعدی) کاٹ دینا - دو حصے کرنا - دو ٹکڑے کرنا -
دوکسی (صفت) دو شخصوں کے لائق - **دوکسے**
(مذکر) دو شخص - **دوکعبتیں** (مذکر) چاند اور سورج -
دوکلا (مذکر) ۱ بیڑیاں پاؤں کی ۲ دو کنڈی کا تالا -
دوکوڑیاں نہ ملنا (نصیب ہونا) (لازم)
کچھ نہ ملنا - **دوکوڑی کا** (صفت) بے وقعت -
سبک - **دوکوڑی کا آدمی** (مذکر) بے وقعت
شخص - مفلس آدمی - **دوکوڑی کو نہ پوچھنا** (لازم)
بالکل خاطر میں نہ لانا - بالکل نہ پوچھنا - **دوکوڑی
کی آبرو (بات) کر دینا** (متعدی) ذلیل کر دینا -
بے عزت کر دینا - **دوکوڑی کی حیثیت نہ ہونا**
(لازم) سخت مفلس ہونا - بے وقعت ہونا - **دو
کوڑی کی عزت ہو جانا** (لازم) بے عزتی ہونا -
دوکونیا (مذکر) ایک قسم کا پتنگ - **دوکو یا یا کوہانیہ**
(صفت) دو کوہان والا اونٹ - **دوگاڑا** (صفت)
۱ دوگنا - دوبار - دوہرا ۲ (مذکر) دونالی بندوق ۳
دو گولیاں (لگنا مارنا کے ساتھ) **دوگانہ** (مذکر)
دیکھو دُگانہ - **دوگز زمین** (مونث) قبر - **دوگز
کفن** (مذکر) کفن کا کپڑا (دنیا کے ساتھ) **دوگنڈی
چنٹی** (ھ) ۱ وہ جو ادھر کی ادھر لگائے - فسادی ۲ دلال
(یہ محاورہ ایک کھیل سے لیا گیا ہے جسکو چیٹھی یا املی کے
بیج کے ساتھ جنپر گھسکر ایک طرف نشان کئے ہوئے
ہوں - کھیلتے ہیں - جس بیج پر بے ایمانی کے لئے دونوں
طرف نشان ہوں انہیں دوگنڈی کہتے ہیں) **دو
گنگ** (ھ) جو دو دھار ہو کر چلے (دریا) **دوگوشی**
(مونث) ۱ ایک قسم کی پگڑی جس کے دو شملے ہوں ۲
دو دستی لوٹا - **دوگونہ** (صفت) ۱ دو قسم کا ۲ دونوں
گال - **دوگوہر** (مذکر) عقل اور روح - **دوگھروں
کا چراغ** (مذکر) دو گھروں کی آبادی اور رونق کا
باعث - ددھیال اور ننہال میں ایک ہی لڑکا - **دو
گھڑ** (ھ) دو گھڑے اوپر نیچے رکھے ہوئے - اگر دائیں
طرف ملیں تو ہندو بڑا اچھا شگون سمجھتے ہیں - **دوگھڑی**
(مونث) تھوڑی دیر - **دوگھڑی بجنا** (لازم) رات کے

دو بجے کا گھنٹہ یا توپ چلنا - **دوگھڑی دن (رات)
رہنا** (لازم) تھوڑا سا دن (رات) باقی رہنا - **دو
گھڑی دن رہے** - تھوڑا سا دن باقی رہے - **دو
گھڑی کا تڑکا** (مذکر) صبح کاذب - **دوگھڑی
کی واہ واہ** (مونث) تھوڑی دیر کی تعریف
دوگیتی (مونث) جہان - **دولاوا** (صفت) ۱
دو ریسیوں والا ۲ (مذکر) وہ کنواں جسپر دو مال پڑیں -
دولائی (مونث) ایک اوپر لینے کا دوہرا کپڑا جسکے
دو پرت مختلف قسم کے ہوتے ہیں اور بعض دفعہ پتلی
سی روئی بھری ہوتی ہے - **دولتی** (مونث) چوپائے
خصوصاً گھوڑے یا گدھے کا دونوں پچھلی ٹانگیں اٹھا کر
مارنا - **دولتی پھینکنا - جھاڑنا - چلانا - لگانا یا
مارنا** (متعدی) **چلنا یا لگنا** (لازم) ۱ لاتیں لگنا -
لاتیں چلنا ۲ لڑائی ہونا - **دولڑ یا لڑا** (صفت)
۱ دو دھاگوں والا ۲ دو قطاروں والا ۳ دو رنگا - لگائی
بجھائی کرنے والا ۴ (مذکر) ہار جس کی دو لڑ ہوں ۵
کمر بند جس کی دو قطاریں یا بند ہوں ۶ کپڑا جو دو پٹ کا
بنایا جائے - **دولگانا** (متعدی) دو جوتے مارنا -
دولُو (صفت) دگنا - دہرا - **دولوہ یا لوہی** (صفت)
جس میں دو لوہے کی پلیٹیں ہوں - **دوماہہ** (مذکر)
دو مہینے کی تنخواہ - **دومٹ** (مونث) دو مٹی کا مخفف -
وہ زمین جس میں مٹی اور ریت ملی ہوئی ہو - **دوٹیکار**
(ھ) برہمنوں کی ایک گوت - **دومرجان** (مذکر)
معشوق کے ہونٹ - **دومغز** (مذکر) بادام - **دومغزہ**
(صفت) موٹا - فربہ - **دومنزلہ** (مذکر) دو چھت کا
مکان - **دومُنہا** (مذکر) **منہی یا موہی** (رسی)
(مونث) سانپ دو منہ والا - **دومنہ ہنس (بول)
لینا** (لازم) تھوڑا سا ہنس لینا (بیگمات) **دومیخ**
(مذکر) اقطبین - **دو مینائے طرب** (مذکر) شراب کا
پیالہ - **دونالی** (مونث) وہ جس کی دو نالیاں ہوں
(بندوق) **دونالی چھتیانا** (متعدی) بندوق چلانے
کے لئے چھاتی پر رکھنا ۲ لڑنے کے لئے تیار ہو جانا -
دونان رنگین - گرم و سرد یا فلک (مذکر)

سورج اور چاند - **دولوالے** (مذکر) تھوڑی سی
خوراک - **دونوں** (صفت) ہر دو - **دونوں
آنکھیں برابر ہیں** - دونوں فریق میں سے کسی کو ترجیح
نہیں دی جاسکتی - **دونوں بازو** (مذکر) کہاروں
کی اصطلاح - جانبین - **دونوں پلے برابر ہونا**
(لازم) دونوں ایک جیسے ہونا کسی میں کمی بیشی نہ ہونا
دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا (متعدی) سزا
دینا - بیٹھک بنانا - **دونوں جہان سے جانا** (لازم)
کھونا (متعدی) کہیں کا نہ رکھنا - **دونوں جہان
میں بھلا ہو** (دعا) دین و دنیا میں بہتری ہو - **دونوں
جہان میں منہ کالا ہو** (بددعا) دنیا اور عاقبت
میں رسوا ہو - **دونوں طرف** (مذکر) ۱ فریقین ۲
(تف) ہر دو جانب - **دونوں فریق** (مذکر) فریقین
مقدمے کے دونوں طرف کے آدمی - **دونوں کے
دونوں** (صفت) دونوں - **دونوں میٹھے** (تف)
ہر طرح فائدہ - **دونوں وقت ملنا** (لازم) شام
ہونا - جھٹ پٹا ہونا - **دونوں وقت ملتے یا
ملے** (تف) شام کے وقت - **دونوں ہاتھ تالی
بجانا** (متعدی) **یا بجنا** (لازم) ہر دو فریقین کی مرضی
سے جھگڑا یا لڑائی ہونا - **دونوں ہاتھ سے سلام
کرنا** (متعدی) ۱ نہایت تعظیم کرنا ۲ بیزاری ظاہر کرنا -
دونوں ہاتھ سے سلام لینا (لازم) ۱ عاجزی
ظاہر کرنا ۲ چھیڑ چھاڑ کرنا - **دونوں ہاتھوں سے
پگڑی (دستار) تھامنا** (لازم) بہت کوشش سے
عزت بچانا - **دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام
لینا یا تھامنا** (متعدی) صبر کرنا - بہت ضبط کرنا -
دونیم (صفت) دو ٹکڑے (کرنا ہونا کے ساتھ) **دو
ورقہ** (مذکر) ۱ دو ورق ۲ دو ورق کا رسالہ یا کتاب
دو ورقی (مونث) ۱ چھوٹی سی کتاب ۲ فرج (عف)
دو ورقی کا سبق پڑھنا (لازم) عیاشی کرنا - زنا کرنا -
دو وقت ملنا (لازم) شام ہونا - **دو وقتہ** (صفت)
دونوں وقت - صبح شام - **دو وقتی اذان** (مونث)
صبح شام کی اذان - **دوہا** (مذکر) ہندی بیت - دو

ہاتھ (صفت) قریب - دو ہاتھ کے فاصلے پر - دو ہاتھ
اچھل پڑنا (لازم) ۱خوش ۲ ناراض ہونا - دو ہاتھ
اچھلنا (لازم) ۱سخت بیتاب ہونا - بہت تڑپنا -
دو ہاتھ چلنا (لازم) تھوڑی سی لڑائی ہونا - دو
ہاتھ کا کلیجہ ہو جانا (لازم) حوصلہ بڑھ جانا ۲عزت
بڑھ جانا - دو ہاتھ کی رسی (مونث) پھانسی -
دو ہاروت کافر (مذکر) معشوق کے کان کے آویزے -
دو ہاجن (مونث) بیوہ جو دوسرا نکاح کرلے - دو
ہاجو (مذکر) رنڈوا یا رانڈ جو دوسری شادی کرے -
دو ہان (مذکر) دو سالہ بچھڑا - دو ہائی (مونث)
دیکھو علیحدہ - دو ہتڑ یا ہتھڑ (مذکر) دو ہاتھ جو
اپنے یا کسی کے سینے یا منہ پر مارے جائیں (جڑ کا مارنا
کے ساتھ) دو ہتڑ (ہتھڑ) چلنا (لازم) ماتم
ہونا - دو ہتڑ تلوار (مونث) دو دستی تلوار (چلانا
مارنا کے ساتھ) دو ہتڑ مارنا (متعدی) دونوں ہاتھوں
سے مارنا - دو ہتی (صفت) دونوں ہاتھ سے - دوہر
(مونث) ۱دوہری چادر - دولائی ۲ دریا کی قدیم تر ۳
وہ اراضی جس میں دو فصلیں ہوں - دوہرا (صفت)
دیکھو علیحدہ - دو ہمزاد (مذکر) توام - دو ہندوئے
چشم (طفل) (مذکر) آنکھوں کی پتلیاں - دو
ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱دو ٹکڑے ہونا ۲قتل ہونا -
دوئی (مونث) ۱غیریت ۲دو سمجھنا ۳دو ہونا ۴
جوڑا ہونا ۵ دوسرا شخص ۶جدائی - ان بن - جھگڑا -
دوئی ڈالنا (متعدی) لڑائی کرا دینا - دوئی کا
پردہ اٹھ جانا (لازم) غیریت مٹ جانا - ایک
ہو جانا - دویم (صفت) دوسرا (اردو میں غیر فصیح
سمجھا جاتا ہے) -

امثال واقوال - دو آدمیوں
کی گواہی سے پھانسی ہوتی ہے - دو آدمیوں
کی بات کا بڑا اثر ہوتا ہے - دو بادشاہ در اقلیمے
نہ گنجند - دو بادشاہ ایک ملک میں نہیں رہ سکتے -
دو زبردست شخصوں میں ہمیشہ فساد ہوتا ہے -
دو پیالے پی تولیں - حرمزدگی تو پیٹ میں
ہے - دل میں کھوٹ ہے اور پھر بھی فائدہ اٹھاتے
ہیں - دو جورو کا خصم چوسر کا پاسہ - دو جورو کا
خاوند ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے - دو چون کے
بھی برے ہوتے ہیں - اتفاق سے دو کمزور
بھی زبردست ہو جاتے ہیں - دو چھریاں ایک
میان میں نہیں رہتیں ۱ ایک جگہ دو ہمسروں کا
گزارہ نہیں ہو سکتا ۲ ایک ملک میں دو راجہ نہیں
رہ سکتے ۳ ایک شخص کی دو بیویاں ہمیشہ لڑتی رہتی
ہیں ۴ ایک عورت کے دو خاوند نہیں ہو سکتے - دو
خصم کی جورو چوسر کی گوٹ ۱ ایک عورت کی
کئی بھائیوں کے ساتھ شادی ہندوستان کی قدیم رسم
تھی اس کی طرف اشارہ ہے ۲ جس عورت کا تعلق
دو آدمیوں سے ہو وہ عموماً ماری جاتی ہے - دو دن
بہار دس دن پت جھاڑ - عیش کم تکلیف زیادہ -
دو دو دانے کو محتاج ہے - نہایت مفلس ہے -
دور کا بہ گھوڑا انجشی کا داماد - جو شخص بڑے
آدمی کے زیر سایہ ہو نہایت اکڑ سے رہتا ہے - دو
سے تین بھلے (ہوتے ہیں) مشورے کے لئے
جتنے آدمی زیادہ ہوں اچھے ہیں - دو قصائیوں
میں گائے مردار - تکرار میں کام خراب ہوتا ہے -
دو کشتی لڑیں گے تو ایک گرے ہی گا -
مقابلے میں ایک کو نیچا دیکھنا ہی پڑتا ہے - دو کشتی میں
پاؤں نہ رکھئے - یکسوئی سب سے بہتر ہے - دو
کوڑیاں حضرت فقیر شکر گنج کی نیاز تھوڑی
پونجی پر بڑا حوصلہ - دو گونہ عذاب است
جان مجنوں را - بلائے صحبت لیلیٰ و
فرقت لیلیٰ - ہر طرح مصیبت ہے نہ چھوڑتے
ہی بنتی ہے نہ ملتے ہی بنتی ہے - دو گھر مسلمانی تس
میں بھی آنا کانی - مسلمانوں کی نا اتفاقی کی طرف
اشارہ ہے - گاؤں میں دو مسلمان ہوں تو وہ بھی آپس
میں لڑتے رہتے ہیں - دو گھڑی کی بے حیائی سارے
دن کا آدھار - انسان ذرا سی بے مروتی میں بہت سے
نقصان سے بچتا ہے - دو لڑتے ہیں تو ایک گرتا ہے
دیکھو دو کشتی لڑیں گے الخ - دو مٹی کے بھی برے
دو کمزور بھی ایک پر غالب آجاتے ہیں - دو ملاؤں میں
مرغی حرام - بہت سے آدمی ایک کام کرنے لگیں
تو کام خراب ہو جاتا ہے - دو میں تیسرا آنکھوں
میں ٹھیکرا - تیسرا آدمی مخل صحبت ہوتا ہے خصوصاً
جب عاشق و معشوق اکٹھے ہوں - دو میانوں میں
ایک چھری - دیکھو دو بیویوں کا خاوند - دونوں بیر
جو گھومیں پھرے تین کال جو کھائے - سدا
نروگی چنگا رہے - جو پراتے اٹھ نہائے
جو شخص صبح شام سیر کرے - تین وقت کھائے اور صبح کو
نہائے ہمیشہ تندرست رہتا ہے - دونوں بیری
دین کے رنگھڑ اور شیطان - برا کرا دیں اور
سے اور آپ برے سے کام - مسلمانوں کا راجپوتوں
پر طنز ہے - خود بھی برا کام کرتے ہیں اور اوروں سے
بھی کراتے ہیں - دونوں دین سے گئے پانڈے
نہ حلوا ملا نہ مانڈے - بہتر چیز کے لالچ میں جو
ملتا تھا وہ بھی جاتا رہا - جو بہت لالچ کرے اسے کچھ
بھی نہیں ملتا - دونوں کھوئے جوگیا - مدرا اور
آدیس - جوگی شادی کرے تو دنیا داری کے جھگڑوں
میں پڑ کر اس کی قدر جاتی رہتی ہے - جوگ بھی گیا قدر و
منزلت بھی گئی - دونوں وقت ملتے نہیں
سیتے سورج کی آنکھ پھوٹ جائے گی
عورتوں میں یہ خیال ہے - دونوں ہاتھ سے تالی
بجتی ہے - جب تک دونوں فریق لڑنے کے لئے
تیار نہ ہوں لڑائی نہیں ہوتی - دونوں ہاتھوں
سے پگڑی سنبھالنی پڑتی ہے - بڑی مشکل سے
عزت بچتی ہے یا گزارہ ہوتا ہے - دونوں ہاتھوں
سنبھالی نہیں سنبھلتی - بڑی مشکل سے عزت بچتی
ہے یا گزارہ ہوتا ہے - دو ہی بات میں ہار جیت
ہے - بہت ہی جلد فیصلہ ہوتا ہے - دو ہی بات
ہار یا جیت - کامیابی یا ناکامیابی تیسری بات
اور کوئی نہیں ہوتی - دونوں ہاتھوں سے
تھامئے پگڑی (دستار) شیخ صاحب زمانہ

نازک ہے۔ اب زمانہ اور طرح کا ہے۔ اپنی عزت کا آپ ہی خیال رکھنا چاہئے۔ **دو ہی چیزہیں بیٹا یا بیٹی**۔ جس کے گھر بیٹی پیدا ہو۔ اس کی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔ **دو ہی چیزہیں ہار یا جیت**۔ جو ہار جائے اس کی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔

دُو (ف۔ عدد) دو۔ **دوبدُو** (تف) ۱ آمنے سامنے۔ مقابل ۲ آپس کی گفتگو (کرنا کرنا ہونا کے ساتھ) **دوبدو بات کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آمنے سامنے بات کرنا۔ **دوبدو ہو کر باتیں کرنا** (متعدی) نڈر ہونا۔ بالکل خوف نہ کھانا۔

دُو (س۔ عدد) بجائے دس کے مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ **دوواس** (صفت) لامذہب۔ **دو روپن** (مذکر) ایک شعر کو پڑھنے کے سات مختلف طریقے۔

دَوا (ع۔ مونث) ۱ وہ چیز جو بیماری کو اچھا کرنے کے لئے تجویز کی جائے۔ دارو ۲ علاج۔ معالجہ۔ درماں (دینا کرنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) **دوا آنا** (لازم) دوا یا علاج معلوم ہونا۔ **دواءُ المسک** (مونث) ایک معجون مقوی قلب کا نام جس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں مثلاً بارد۔ حار۔ معتدل۔ وغیرہ۔ **دوا بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ترکیب کے مطابق دوا تیار ہونا۔ **دوا پذیر** (صفت) دوا کا اثر قبول کرنے والا۔ **دوا پینا** (متعدی) دوا حلق سے نیچے اتارنا۔ **دواخانہ** (مذکر) ۱ شفاخانہ ۲ دوائیوں کا کمرہ ۳ دوائیوں کی الماری ۴ دوائیوں کی دوکان۔ **دوا دافع بیہوشی** (مونث) وہ دوائی جو بیہوشی کو رفع کرے۔ **دوا دارو یا درمن** (مذکر) ۱ علاج۔ معالجہ ۲ دوائی کا استعمال ۳ دوا۔ دارو (کرنا ہونا کے ساتھ) **دوا دینا** (متعدی) ۱ دوا پلانا ۲ طبیب کا دوا تجویز کرنا۔ **دوا راس آنا یا ہونا** (لازم) دوا کا موافق ہونا۔ **دوا کا منہ نہ دیکھنا** (لازم) دوائی نہ پینا۔ علاج سے پرہیز کرنا۔ **دوا کرنا** (متعدی) علاج کرنا۔ **دوا کو (کبھی) نہ ملنا۔ دوا کے لئے نہ ملنا یا میسر نہ ہونا** (لازم) کسی چیز کا بالکل نہ ملنا۔

دوا کھانا (متعدی) دوا نوش کرنا۔ **دوا لگانا** (متعدی) دوا کا ضماد کرنا۔ **دوا لگنا** (لازم) دوا کا اثر کرنا۔ **دوا نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) تدبیر نکلنا۔ علاج نکلنا۔ **دوائی** (مونث) دوا۔

امثال و اقوال۔ **دوا اور دعا دونوں**۔ دعا۔ بہت اچھی چیز ہے۔ مگر دوا بھی ساتھ ہی ہونی چاہئے۔ **دوا کے لئے ڈھونڈو تو نہیں ملتی**۔ بہت نادر یا ناقابل حصول چیز ہے۔ **دوا کی دوا غذا کی غذا**۔ غذا بھی ہے اور دوائی کا اثر بھی رکھتی ہے۔

دِوا (ھ۔ مذکر) دیوا کا مخفف چراغ۔ (س۔ بیک) **دوا سلائی** (مونث) دیا سلائی۔

دِوا (س۔ مذکر) ۱ دن ۲ دن کی روشنی ۳ آسمان ۴ (تف) دن کو۔ **دوارک** (عص) ایک راجہ۔ **دواکر** (مذکر) ۱ سورج ۲ کوا ۳ ایک آدتیہ ۴ ایک راکھشس ۵ ایک راجہ ۶ سوریا بھگت فرقے کا بانی۔ **دواکر سوت** (مذکر) "سورج کا بیٹا" سنیچر۔ زحل۔ **دواکر ستا** (مونث) "سورج کی بیٹی" دریائے جمنا کا لقب۔

دُوا (ہ۔ مذکر) ۱ دُکی۔ تاش کا وہ پتا جس پر دو نشان ہوں ۲ قمار بازی کے ایک داؤں کا نام ۳ (صفت دوکا (دوسے)۔

دَوابّ (ع۔ مذکر) دابہ کی جمع۔ چوپائے۔ مویشی۔

دَواپر (س۔ مذکر) ۱ وہ پاسہ یا پاسے کا پہلو جس پر دو نشان بنے ہوں ۲ "وہ زمانہ جس میں عدد ۲ آتا ہے"۔ تیسرا جگ جس کے ۸۶۴۰۰۰ سال ہیں ۳ شبہ۔ شک۔

دَوات (ف۔ مونث) ۱ سیاہی ڈالنے کا ظرف ۲ چانڈو پینے کی چلم (دَوَیٰ۔ بیمار ہونا)۔ **دوات آشوب** (مذکر) وہ لکڑی جس سے صوف کو ہلاتے ہیں۔ **دوات چلانا** (متعدی) دوات کی روشنائی کو ہلانا۔ **دوات خانہ** (مذکر) قلمدان میں وہ خانہ جس میں دوات رکھتے ہیں۔ **دوات دار** (مذکر) حضور نویس۔ سکریٹری آف سٹیٹ۔ **دوات قلم**۔ نقد کچھ نہیں۔ صرف ساکھ ہی ہے۔

دوادَش (س۔ صفت) ۱ بارھواں ۲ بارہ۔ بارہ کا۔ **دوادشی** (مونث) نصف قمری مہینے کی بارھویں تاریخ۔

دوادَو۔ دوادَوِش (ف مونث) (ف۔ مونث) دوڑ دھوپ۔ تگاپو۔ کوشش (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

دَوار (ھ۔ مذکر) "جنگل کا دشمن" آگ جو جنگل میں لگ جائے۔

دَوّار (ف۔ صفت) ۱ گردش کرنیوالا۔ پھرنے والا ۲ بدلنے والا۔

دوار (ہند) آسام میں ایک علاقہ جہاں آج کل چائے کی کاشت ہوتی ہے۔

دُوار (س۔ مذکر) ۱ دروازہ۔ در ۲ داخلے کا رستہ۔ پھاٹک۔ رستہ ۳ طریقہ۔ موقعہ ۴ ذریعہ وسیلہ۔ واسطہ ۵ مسام ۶ ایک گندھرو کا نام۔ **دوارپال** (مذکر) کئی یکشوں کا نام اور انکے پوتر مقام۔ **دوارپ۔ دوارپالک** (مذکر) دربان۔ **دوارکا** (مونث) "کئی دروازوں والی" کرشن جی کے دارالخلافہ کا نام جو گجرات میں سمندر کے کنارے پر تھا۔ اصل شہر غرق سمندر ہو چکا ہے۔ **دوارکا داس** (مذکر) ہندوؤں میں ایک نام۔ **دوارکا ناتھ** (مذکر) کرشن جی کا ایک نام۔ **دوارکا داسی** (صفت) دوارکا کا رہنے والا۔

مثل۔ دوار دھنی کے پڑ رہے اور دھکے دھنی کے کھائے۔ امیر آدمیوں کے در کو نہ چھوڑے۔ چاہے دھکے ملیں۔ آخر کچھ نہ کچھ فائدہ ہو ہی رہے گا۔

دَوارا (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو دوار ۲ ذریعے سے۔ وسیلے سے۔ **دواراوتی** (مونث) دوارکا۔

دَوارسمدر (ہند) ایک شہر جو بلال خاندان کی راجدھانی تھا۔ مسلمانوں نے ۱۳۲۶ء میں

فتح کیا۔ اس کی جگہ پر گاؤں ہلیبیڈ آباد ہے۔

دَوارک (س۔ مذکر) ۱۔ دربان ۲۔ راجہ کا دربان۔ دوارِکا (مونث) سرباکے ۱۰ اپرنشدوں میں سے ایک کا نام۔

دوارکا (ہند) کاٹھیاواڑ میں ایک بندرگاہ (۶)۔

دَوازدہ (ف۔ صفت) بارہ۔

دوازدہ امام (مذکر) دیکھو بارہ امام۔ دوازدہ جوزک۔ کوشک یا محل (مذکر) بارہ بہادروں کی جنگ جس کا ذکر شاہنامہ میں آتا ہے۔ دوازدہ ماہی رخصت مل گئی۔ موقوف ہو گیا۔

دواسا (ہ۔ صفت) کہاروں کی اصطلاح۔ دونوں جانب اونچا۔

دَوَاسِر (عرب) نجد کے جنوب میں ایک علاقہ۔

دِوال (ہ۔ صفت) دینے والا (دنیا سے) دوال نہ ہونا (لازم) نادہند ہونا۔

دُوال (ف۔ مذکر) ۱۔ تسمہ۔ رکاب کا تسمہ۔ نقارہ بجانے کا تسمہ ۲۔ دھوکا۔ دغا ۳۔ چمکتی ہوئی تلوار ۴۔ زمرہ۔ اردو میں معنی ۱ میں استعمال ہوتا ہے۔

دوال بند (صفت) تسمہ باندھنے والا مجازاً سپاہی (مست) دوال پا (مذکر) ٹھگ۔ ایک قوم جس کی ٹانگیں بہت پتلی ہوتی ہیں اور اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرکے مسافروں کے کندھوں پر سوار ہو کر ان کا گلا ٹانگوں سے گھونٹ ڈالتے تھے۔ دوال دینا (متعدی) نقارے پر تسمہ مارنا۔ دوالِ شمشیر (مذکر) تلوار کا تسمہ۔ دوالِ کمر (مذکر) پیٹی۔ دوال نعلین (مذکر) جوتے کا تسمہ۔ دوالی (صفت) وہ سپاہی جو تسمہ لگائے ۲ (مذکر) تسمہ۔ دوالی بند (صفت) سپاہی۔

دِوالا (ہ۔ مذکر) ۱۔ جس شخص کا قرضہ جائداد سے بہت زیادہ ہو جائے اور اس میں ادائگی کی طاقت نہ رہے تو وہ درخواست اس مضمون کی عدالت میں دیدیتا ہے اسکی جائداد کو بیچ کر قرضخواہوں کو حصہ رسدی روپیہ دیدیا جاتا ہے یہ دوالا ہے ۲۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارا (چونکہ آگے دستور تھا کہ ایسا شخص دن میں چراغ جلا دیتا تھا۔ اس لئے یہ نام ہوا) دوالا پٹینا (متعدی) پٹنا (لازم) دوالا نکل جانا۔ نکال دینا یا نکلنا۔ (متعدی) قرض کی ادائیگی کے ناقابل ہو کر دوالے کی درخواست دیدینا ۲۔ زیربار کرنا دوسرے کو۔ بہت خرچ کرا دینا۔ دوالا نکل جانا (لازم) ۱۔ دیکھو دوالا نکالنا ۲۔ سخت نقصان ہونا۔ دوالی (ف۔ مذکر) ایک جرنیل جس کے ساتھ سکندر نے ملکہ نوشابہ کی شادی کردی تھی۔

دِوالی (ہ۔ مونث) "دیویوں کی قطار" ہندوؤں کا ایک تیوہار جو کاتک کی پندرہ تاریخ کو کارتک بدھ کے دیوتا کی یادگار میں ہوتا ہے۔ اس دن ہندو کسی دریا یا مقدس تالاب میں نہا کر مکلف لباس پہنتے ہیں اور شرادھ کرتے ہیں۔ رات کو چراغ جلاتے ہیں لچھمی کی پوجا کرتے ہیں اور جوا کھیلتے ہیں۔ دوالی بھرنا (متعدی) دوالی کی پوجا کرنا اور مٹھائی چڑھانا۔ دوالی کی کلھیا (مونث) مٹی کی کلھیا جسے دیوالی میں رنگین بناتے ہیں۔ دوالی منانا (متعدی) دوالی کے دن جوا کھیلنا۔ امثال وغیرہ دیکھو دیوالی کے تحت میں۔

دِوالیا (ہ۔ صفت) ۱۔ وہ جو دوالا نکال دے ۲۔ مفلس۔ ٹٹ پونجیا۔

دَوَالیب (ع۔ مذکر) دولاب کی جمع۔ پہیے۔

دِوالیں (اردو۔ مونث) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے (بیگمات)۔

دَوام (ع۔ مذکر) ۱۔ ہمیشگی۔ مداومت ۲۔ (تف) ہمیشہ۔ مدام (دَوَم۔ ہمیشہ رہنا) دوامی (صفت) ہمیشہ کے لئے۔ دائمی۔ دوامی بندوبست (مذکر) وہ مالگذاری کی تشخیص جو ہمیشہ کے لئے ہو۔ جیسے بنگال میں۔

دَوال (ف۔ صفت) ۱۔ دوڑتا ہوا۔ بھاگتا ہوا ۲۔ حیران۔ سرگرداں۔ دوال دوال (تف) دوڑتے ہوئے۔

دِوانا (ہ) دوانہ (ہ) دیوانہ۔ دواناپن۔ دوانپن۔ دوانپنا (ہ) دیوانگی۔

دوانگ (ہ۔ مذکر) تلواریوں کی اصطلاح۔ تلوار اور سپر لے کر یا گھوڑے پر سوار ہو کر جنگ کرنا۔

دَوانی (۔-۱۵۰۲) جلال الدین محمد اسعد الدوانی بن سعد الدین۔ ابوسعید کے عہد کا ایک فلسفہ داں۔ مصنف اثبات واجب۔ شرح عقائد وغیرہ۔ کتاب الطہارت کا ترجمہ فارسی میں بنام اخلاق جلالی کیا۔

دَواوین (ع۔ مذکر) دیوان کی جمع۔

دوائر (ع۔ مذکر) دائرہ کی جمع۔ دوائر متوازی خط استوا (مذکر) وہ دائرے جو خط استوا کے متوازی کھینچے جاتے ہیں۔ یہ مقامات کی جگہ معین کرنے کے کام آتے ہیں۔ دوائر ہم مرکز (مذکر) وہ دائرے جن کا مرکز ایک ہو۔

دُوب (ہ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جو گھوڑوں کو کھلائی جاتی ہے یا کھیلوں کے میدانوں میں لگاتے ہیں۔ (س دُروا) دوبیا (صفت) ۱۔ گھاس کا ۲۔ ایک قسم کا سبز رنگ۔

دُوبر۔ دُوبرا (ہ۔ صفت) دیکھو دربل اور دبلا۔

مثل۔ دوبر مہرا رو کوبر بھارو کمزور آدمی کے لئے معمولی باتیں بھی تکلیف دہ ہوتی ہیں۔

دُوبڑگھسڑو۔ دوبڑوگھسڑو (ہ۔ صفت) ۱۔ کمزوری کی وجہ سے کھسک جانیوالا ۲۔ ضعیف۔ کمزور۔ ناچیز ۳۔ (مذکر) کمزور شخص۔

دُوبھر (ہ۔ صفت) ۱۔ دشوار۔ مشکل۔

۲ ناگوار ۳ (مذکر) بوجھ ۔ دکھ ۔ مشکل ۔ کشٹ (کر دینا کرنا ۔ ہو جانا ہونا کے ساتھ) (س دُر بھر)۔

دُوبھک (ھ ۔ مونث) قحط ۔ خشک سالی ۔

دوپتا (ھ ۔ صفت) حاملہ ۔

دوپیازہ (۱۰) ملا عبد المومن بن ولی محمد ۔ اکبر کا جلیس خاص تھا ۔ بذلہ سنجی اور لطیفہ گوئی میں مشاق تھا ۔ بیربل کے ساتھ اکثر نوک جھوک رہتی تھی ۔ مصنف اتراک عالمگیری ۔ النامہ وغیرہ ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس نام کا کوئی شخص نہیں ہوا ۔ النامہ جعفر زٹلی کی کلیات میں بھی دیا ہوا ہے ۔

دُوت (س ۔ مذکر) ۱ قاصد ۔ ایلچی ۔ پیغامبر ۔ ۲ دلال ۳ ایک فرشتہ جو خدا اور انسان کے درمیان پیغام پہنچاتا ہے ۴ مخبر ۔ جاسوس ۔ **دوتائی** (ھ ۔ مونث) ۱ پیغام ۔ سندیسا ۲ قاصد کا عہدہ ۔ پیشہ یا نوکری ۔ **دوتپن** (مذکر) ۱ قاصد کی حالت ۲ جاسوسی ۔ مخبری ۳ شرارت ۔ لگائی بجھائی ۔ **دوتنی** (ھ) **دوتی** (مونث) ۱ عورت قاصد ۲ دلالہ ۔ کٹنی ۔ نائکہ ۳ شرارتی عورت ۔ لگائی بجھائی کرنے والی عورت ۔

دُوت (ہ ۔ مونث) ڈانٹ ۔

دوت دیک (مونث) ڈانٹ ڈپٹ (بتانا کرنا کے ساتھ) ۔

دُونک (س ۔ مذکر) ۱ اگنی کا نام بحیثیت بن کی آگ کے ۲ قاصد ۔ ایلچی ۔

دُوِتو (س ۔ مذکر) ۱ دوہراپن ۔ تضاعف ۲ دوہرانا ۔ **دوتو کرنا** (ھ ۔ متعدی) ۱ دگنا کرنا ۔ دوہرا کرنا ۲ دوہرا ۔

دوتھائیں (ھ ۔ مذکر) صبح ۔ دن ۔

دُوتیا (ھ ۔ صفت) ۱ دوسرا (مذکر) مفعول ۔

دُوِتیا (س ۔ مونث) ۱ استری جسکی شادی بموجب ویدوں کے ہوئی ہو ۲ دوج ۔

دُوج (ھ ۔ مونث) قمری نصف مہینے کی دوسری تاریخ ۔ **دوجا** (صفت) اور ۔ دوسرا ۔ ثانی ۔ **دوجیر** (مذکر) وہ شخص جس نے دوبارہ شادی کی ہو ۔

دوجانہ (ہند) پنجاب میں ایک ریاست رقبہ (۲۸) ۔

دوجھا (ھ ۔ صفت) ۱ وہ جس نے دوسری عورت سے شادی کی ہو ۲ (مذکر) دوج بر ۔

دوخت (ف ۔ مونث) ۱ سلائی سیون ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) (دوختن سینا) **دوختہ** (صفت) ۱ سیا ہوا ۲ جمی ہوئی (نظر آنکھ) (دوختن سینا) ۔

دُود (ف ۔ مذکر) ۱ دھواں ۔ دخان ۲ دھند ۔ کہار ۔ غبار ۳ بخارات ۔ بھاپ ۔ سانس ۔ **دود آسا** (صفت) دھوئیں کی طرح ۔ **دود آہ** (مونث) ٹھنڈی سانس ۔ **دود آلود** (صفت) ۱ دھواں دیا ہوا ۔ خوشبو دیا ہوا ۲ (ہند) ایک شہر اور ایک دریا ۔ **دود افگن** (مذکر) ایک قسم کا جادوگر ۔ **دود افگنی** (مونث) ۱ دھواں کرنا یا پھینکنا ۲ جادو گری ۔ ساحری ۔ **دود چراغ** (مذکر) دیئے کی سیاہی ۔ **دود جگر ۔ دل یا دم** (مذکر) آہ ۔ **دود خانہ** (مذکر) گھر ۔ خاندان ۔ نسل ۔ **دود خوار** (مذکر) ۱ پروانہ ۔ ۲ دھواں نکلنے کا سوراخ ۳ ایندھن ڈالنے والا شخص ۔ ۴ حقہ پینے والا شخص ۔ **دود دماغ** (مذکر) ۱ غرور ۔ تکبر ۔ **دودکش** (مذکر) دھواں نکلنے کا سوراخ ۔ چمنی ۔ **دودمان** (مذکر) ۱ بڑا قبیلہ ۔ خاندان ۔ کنبہ ۔ ۲ نسل ۔ قوم ۳ خوشبو ۴ ایک جگہ شیراز کے قریب ۔ **دودہ** (مذکر) ۱ قوم ۔ قبیلہ ۲ خاندان ۔ کنبہ ۳ چمنی ۴ بڑا لڑکا ۵ گول جھونپڑی ۶ چراغ کی سیاہی ۔ کاجل ۔ **دودی** (مونث) ۱ (طب) ایک قسم کی چال نبض کی ۔ نزع کے وقت آہستہ آہستہ کم ہوتی جاتی ہے ۔ ۲ آگ جو غریب لوگ یا قلندر جلائیں ۔ **دودی جہاز** (مذکر) اسٹیمر ۔

دودبلاپور (ہند) میسور میں ایک قصبہ (۷) ۔

دودکا (ہند) ریوا کنٹھ میں ایک چھوٹی سی ریاست ۔

دُودنا (ھ ۔ لازم) مکرنا ۔ انکار کرنا ۔ پلٹنا ۔

دُودھ (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ سفید رنگ سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے اور جس سے بچے پرورش پاتے ہیں ۲ درخت یا پودے کا گاڑھا عرق ۳ کوئی سفید گاڑھا عرق ۴ نسل ۔ قوم ۔ خاندان ۔ ذات (س دُگدھ ۔ دُہ ۔ دُہنا) **دودھا** (مذکر) ایک قسم کا چاول ۔ **دودھادھاری ہے** ۔ بڑی ہمت والا ہے ۔ **دودھار** (صفت) دیکھو دودھار ۔ **دودھا بھاتا** (مذکر) ایک رسم جس میں دولہا اور دولھن ایک برتن میں دودھ چاول اور شکر ملا کر کھاتے ہیں ۔ **دودھ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) دودھ پیدا ہونا ۔ دودھ کا تھن یا پستان میں آجانا ۔ **دودھ اگلنا** (متعدی) بچوں کا دودھ منہ سے نکالنا ۔ **دودھ بچا کر** (تف) دودھ کا رشتہ چھوڑ کر ۔ **دودھ بخشنا** (متعدی) دودھ پلانے کا حق معاف کرنا ۔ **دودھ بڑھا دینا یا بڑھانا** (متعدی) بچے کا دودھ چھڑانا ۔ **دودھ بڑھائی** (مونث) بچوں کا دودھ چھڑانے کی رسم ۔ اس کے بعد بچے کو دودھ نہیں پینے دیتے اور چوچیوں کو کوئی کڑوی چیز لگا دیتے ہیں ۔ **دودھ بڑھنا** (لازم) ۱ دودھ زیادہ ہونا ۲ دودھ چھوٹنا ۔ **دودھ پڑنا** (لازم) اناج میں رس پیدا ہونا ۔ **دودھ بھاتی** (مونث) ۱ دیکھو دودھا بھاتی ۲ دودھ چاول ۔ **دودھ بھائی** (مذکر) وہ اشخاص جنہوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہو برادر رضائی ۔ **دودھ بھر آنا** (لازم) مادری محبت کی وجہ سے چھاتیوں میں دودھ اتر آنا ۔ مادری محبت کا جوش ہونا ۔ **دودھ بھری کٹوریاں** (مونث) دودھ کی بھری ہوئی چھاتیاں (بچوں کی زبان) دودھ

بہن (مونث) وہ لڑکی جس نے کسی بچے کے ساتھ ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔ رضائی بہن۔ **دودھ پڑنا** اناج میں رس پڑنا ۲ چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا۔ **دودھ پلانا** (لازم) ۱ بچے کو شیر دینا یا دودھ چسانا۔ **دودھ پلائی** (مونث) ۱ دایہ ۲ وہ نقدی جو دولھا کو دولھن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے۔ یا دولھن کے رشتے دار دولھا کو دیتے ہیں۔ **دودھ پوت** (مذکر) دھن دولت۔ آل اولاد۔ **دودھ پوت والی** (مونث) آل اولاد والی۔ صاحب نصیب۔ **دودھ پھاڑنا** (متعدی) **پھٹنا** (لازم) دودھ کے اجزا علیحدہ علیحدہ ہو جانا۔ پانی علیحدہ ہو جانا اور سفید مادہ الگ ہو جانا۔ **دودھ پیتا** (صفت) ۱ شیر خوار۔ ننھا ۲ نادان۔ بے سمجھ۔ **دودھ پیتے روپئے** (مذکر) روپے مع بیاج۔ **دودھ پینا** (لازم) ۱ دودھ نوش کرنا ۲ بچے کا دودھ چوسنا۔ **دودھ پینے کی رقم** (مونث) وہ رقم جو ملانچھے کی تقریب پر دولھا کی دی جاتی ہے۔ **دودھ جاتا رہنا** (لازم) دودھ خشک ہو جانا۔ **دودھ جل جانا یا جلنا** (لازم) دودھ کا خشک ہو جانا۔ **دودھ چرا جانا یا چڑھا جانا** (لازم) گائے بھینس کا دودھ اوپر کو کھینچ لینا۔ تاکہ دوہتے وقت نہ نکلے۔ **دودھ چڑھنا** (لازم) ۱ دودھ خشک ہونا ۲ چھاتیوں کا دودھ سے تن جانا۔ جب بچے کا دودھ چھڑا یا جائے یا بچہ مرجائے تو ایسا ہوتا ہے۔ **دودھ چھٹانا یا چھڑانا** (متعدی) **چھٹنا** (لازم) ماں کا بچے کو اپنا دودھ دینا بند کر دینا۔ **دودھ خشک ہونا** (مونث) چھاتیوں میں دودھ کا پیدا ہونا بند ہو جانا۔ **دودھ دوہنا** (متعدی) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ نکالنا۔ دودھ کی دھار نکالنا۔ **دودھ دیکھنا** (متعدی) ۱ دودھ کی برائی بھلائی جانچنا ۲ اناج میں رس پیدا ہونا۔ **دودھ پھاڑنا** (متعدی) ابلتے ہوئے دودھ میں کھٹی چیز ڈال کر دودھ کا پانی اور مادہ علیحدہ علیحدہ کر دینا۔ **دودھ پھٹنا** (لازم) دودھ کا خراب ہو کر پانی الگ ہو جانا۔ **دودھ چرایا چڑھا جانا** (لازم) بچے کے لئے کسی جانور کا دودھ کو اوپر چڑھا لینا اور تھنوں سے نکلنے نہ دینا۔ **دودھ دینا** (متعدی) ۱ دودھ والی ہونا ۲ دودھ بیچنا ۳ دودھ پلانا ۴ مذاقاً یا طنزاً بیکار آدمی کو کہتے ہیں۔ **دودھ ڈالنا** (متعدی) بچے کا دودھ قے کر دینا۔ **دودھ سا** (صفت) نہایت سفید۔ **دودھ سے دھویا پڑا ہے**۔ بالکل صاف ستھرا ہے۔ **دودھ سوکھ جانا** (لازم) تھنوں میں دودھ نہ رہنا۔ **دودھ کا سا ابال** (مذکر) جلد رفع ہونے والا جوش یا سخت غصہ۔ **دودھ کے دانت** (مذکر) وہ دانت جو بچے کے پہلے پہل اگتے ہیں۔ **دودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا** (متعدی) بے دخل کر دینا۔ نکال دینا۔ بے تعلق کر دینا۔ **دودھ کی طرح ابھان آنا** (لازم) غصے کا سخت جوش تھوڑی دیر کے لئے آنا۔ **دودھ کی مکھی** (مونث) ۱ وہ مکھی جو دودھ میں گر پڑے ۲ وہ شخص جو کسی صحبت سے خارج کیا گیا ہو۔ **دودھ گھٹ جانا** (لازم) دودھ خشک ہو جانا۔ **دودھل** (ھ۔ صفت) دیکھو دودھیل۔ **دودھ مسہری** (مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ **دودھ ملیدہ کھانا** (لازم) عمدہ اور نرم غذا کھانا۔ **دودھ موت کرنا** (متعدی۔ عو) ۱ بچے کی پرورش اور خدمت کرنا ۲ گوہ موت کرنا۔ **دودھو** (مونث عو) دودھ پلائی۔ **دودھ والا** (مذکر) گوالا۔ دودھ بیچنے والا۔ **دودھ والی** (مونث) ۱ گوالن۔ شیر فروش ۲ دودھ دینے والی ۳ وہ عورت جو بچے کو دودھ پلاتی ہو ۴ زچہ۔ **دودھی** (ھ۔ صفت) ۱ دودھ والی۔ دودھ دینے والی ۲ وہ جس میں دودھ یا رس ہو ۳ (مونث) چھاتیاں۔ پستان۔ تھن ۴ کوئی پودوں کا نام۔ **دودھیا** (صفت) ۱ براز شیر۔ دودھ کا ۲ سفید ۳ کچا۔ ہرا ۴ (مذکر) ایک قسم کا نرم حلوا سوہن ۵ ایک قسم کا پتھر ۶ بھنگ اور دودھ ۷ مکی کے نرم بھٹے۔ **دودھیا پتھر** (مذکر) ایک قسم کا سفید پتھر۔ **دودھیا کھرا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔ **دودھیل** (صفت) دیکھو دَدھیل۔ **دودھینڈی** (مونث) دودھ کی ہانڈی۔ وہ برتن جس میں دودھ دوہتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ **دودھ اور چھاچھ دونوں سفید ہوتے ہیں**۔ **دودھ بھی دھولا چھاچھ بھی دھولی**۔ ظاہری حالت گو ایک سی ہو۔ مگر اشیا مختلف ہیں۔ ظاہری حالت پر اعتبار نہیں۔ تمیز کرنے والا چاہیے۔ **دودھ پوت قسمت سے**۔ اولاد اور دولت دونوں کسی بڑے خوش نصیب کے پاس ہوتے ہیں۔ **دودھ دیا مینگنوں بھرا**۔ منت کرا کرا احسان کرنا۔ **دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے** اگر کسی چیز سے تکلیف یا نقصان پہنچے تو انسان اس قسم کی چیزوں سے ڈرتا ہے۔ نقصان اٹھا کر انسان محتاط ہو جاتا ہے۔ **دودھ کا دودھ پانی کا پانی** جھوٹ اور سچ نکھر گیا۔ پورا پورا انصاف۔ **دودھ کا سا ابال ہے آیا چلا گیا**۔ غصہ بہت آتا ہے۔ مگر جلد اتر جاتا ہے۔ **دودھ کی (ابھی بو آتی ہے) بو منہ سے آتی ہے**۔ ابھی نادان ہے۔ ابھی بچہ ہے۔ **دودھ کے دانت بھی ابھی نہیں ٹوٹے ہیں**۔ ابھی تک کم عمر اور صغیر سن ہے۔ **دودھ (کی سی) میں کی مکھی کسنے چکھتی دودھ میں مکھی کسی نے نہ چکھتی**۔ خراب چیز کون استعمال کرتا ہے۔ **دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو** (دعا) خدا اولاد اور دولت دونوں دے۔ **دودھیل گائے کی دو لاتیں بھی بھلی معلوم دیتی ہیں**۔ فائدے کے لئے صدمہ اٹھانا برا نہیں معلوم دیتا۔

دودے (۱۸۴۰ - ۱۸۹۷) الفونسو فرانسیسی ناول نویس۔ تارترن آف ترسکو مشہور عالم ناول ہے۔

دَور (ع۔ مذکر) ۱ گردن پھرنا۔ چکر کھانا ۲ چکر۔ گردش۔ چرخ۔ گھیرا۔ گھماؤ۔ دوران پھیری۔ گھوم ۳ رفتار۔ چال۔ روش ۴ حاشیہ۔ کنارہ ۵ باری۔ نوبت ۶ حلقہ۔ گھیرا۔ گرد ۷ اردگرد

چاروں طرف [۸] شراب کے پیالے کا باری باری سب کے پاس پہنچنا [۹] گردش زمانہ۔ تغیر۔ تبدل۔ انقلاب [۱۰] عرصہ۔ مدت۔ زمانہ۔ عہد [۱۱] سبق کو بار بار دوہرانا [۱۲] حافظ کا قرآن شریف کو اس غرض سے پڑھنا کہ بھول نہ جائے [۱۳] (منطق) ایک قسم کی دلیل بار بار وہی دلیلیں پیش کرنا [۱۴] محیط۔ کسی شکل کے اضلاع کا مجموعہ [۱۵] پھیلاؤ [۱۶] رسی کا بل [۱۷] (علمن) خاص وقت۔ ۳۶۰ سال شمسی [۱۸] دائرہ [۱۹] گشت۔ دورہ [۲۰] گردش کا خط (دَوَر۔ پھرنا) **دورِ آخر** (مذکر) اخیر زمانہ۔ **دور آنا** (لازم) [۱] باری آنا [۲] شراب کا پیالہ آنا [۳] زمانہ آنا۔ عہد آنا۔ **دورا دور۔ دوردورا** (مذکر) [۱] حکومت۔ سلطنت۔ [۲] رواج۔ طریقہ۔ طور (ہوجانا ہونا کے ساتھ)۔ **دور باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) چکر لگنا ساغر شراب کا۔ **دورِ (جام) چلنا** (لازم) ساغر شراب کا باری باری ہر ایک کے روبرو آنا۔ **دور دور ہونا** (لازم) دیکھو دورا دور (ہونا) **دور کرنا** (متعدی) دو شخصوں کا باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن کا سبق سنانا۔ **دور میں آنا** (لازم) گردش میں آنا۔ **دور ہونا** (لازم) زمانہ ہونا۔

دَور (ھ۔ مذکر) وہ رسیاں جن سے آبپاشی کرنے والی ٹوکری بندھی ہوئی ہوتی ہے۔

دَوَر (س۔ صفت) درس کی بجائے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ دگنا۔ **دورا گمن** (مذکر) ایک رسم جب دولھن دوسری دفعہ دولھا کے گھر میں آتی ہے۔ **دورُکتی** (مونث) [۱] دوہرانا۔ بار بار کہنا۔ [۲] کسی چیز کو دو مختلف طریقوں پر بیان کرنا۔

دُور (ف۔ صفت) [۱] بعید۔ فاصلے پر۔ [۲] علیحدہ۔ الگ۔ جدا [۳] دانشمند۔ دور اندیش [۴] دشوار۔ [۵] (آپ سے) خدا نہ کرے [۶] (مونث) فاصلہ۔ بُعد۔ دوری [۷] (کلمہ نفرت) ہٹ۔ چل چخے۔ سرک۔ **دورا دور** (صفت) بہت دور۔ **دور از حال** (تف) اب سے دور۔ خدا نہ کرے۔ خدا محفوظ رکھے۔ گذشتہ برے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ **دور از کار** (تف) [۱] مخالف [۲] مرضی کے برخلاف [۳] مطلب سے دور۔ **دور افتادہ** (صفت) [۱] جو سمجھ نہ سکے [۲] جو دور ہو یا معتوب ہو۔ **دور اندیش** (صفت) دوربین۔ عقلمند۔ دانا۔ **دور اندیشی** (مونث) عاقبت اندیشی۔ عقلمندی۔ دانائی (کرنا ہونا کے ساتھ) **دور باد** (تف) خدا نہ کرے۔ اب سے دور۔ **دورباش** (مونث) [۱] "دور رہو" بادشاہوں کے آگے چوبدار پکارا کرتے تھے [۲] ایک دوشاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے۔ جس کو دیکھ کر لوگ رستے سے ہٹ جاتے تھے [۳] میر کارواں [۴] چھڑی۔ لاٹھی۔ **دور بِل** (صفت) بے وفا۔ بے اخلاص۔ جھوٹا۔ **دور بھاگنا** (لازم) [۱] پرہیز کرنا [۲] نفرت کرنا۔ متنفر ہونا [۳] الگ رہنا۔ دور رہنا [۴] وحشت پکڑنا۔ **دوربیں** (صفت) [۱] دور اندیش۔ بات کو تاڑ جانے والا [۲] دور کی چیز قریب نظر آتی ہے۔ یہ گلیلیو اٹلی کی ایجاد ہے۔ **دوربینی** (مونث) دور اندیشی۔ **دور پار** (کلمہ نفرت عو) خدا نہ کرے۔ خدانخواستہ۔ نوج۔ **دور پہنچنا** (لازم) [۱] دور نکل جانا۔ دور چلا جانا [۲] بلند پروازی کرنا۔ باریک بات خیال میں آنا [۳] درجۂ کمال کو پہنچنا [۴] شہرت ہونا [۵] بزرگوں کو گالی دینا [۶] دور کی سوچنا۔ دور اندیشی کرنا۔ **دور پھینکنا** (متعدی) [۱] فاصلے پر پہنچا دینا [۲] علیحدہ کر دینا نکال دینا۔ **دور تک پہنچنا** (لازم) [۱] فاصلے تک چلا جانا [۲] بزرگوں کو گالی دینا۔ **دور دَبک** (مونث) ڈانٹ ڈپٹ۔ دھتکار (بتانا یا کرنا کے ساتھ) **دور دراز** (صفت) بہت فاصلے پر۔ کالے کوسوں [۲] بعید از قیاس۔ **دور دُرانا** (ھ۔ متعدی) دیکھو دردرانا۔ **دور درِش** (ھ۔ صفت و مذکر) دیکھو دوردرشی۔ **دور درِشتی** (ھ۔ مونث) دیکھو دوردرشن۔ **دوردرشک** (ھ۔ صفت) دیکھو دوردرشتی۔ **دوردرشک نیتر** (ھ۔ مذکر) دوربیں۔ **دوردرشن** (ھ۔ مذکر) [۱] دور اندیشی۔ دوربینی [۲] تیز نظر۔ دور سے دیکھنے والی نظر۔ **دوردرشن نیتر** (ھ۔ مذکر) دوربیں۔ **دوردرشی** (ھ۔ صفت) [۱] دور اندیش [۲] دور سے دیکھنے والا۔ تیز نظر [۳] (مذکر) عقلمند شخص۔ دانا۔ عالم۔ پنڈت [۴] رشی۔ منی [۵] گدھ۔ **دوردست** (صفت) بہت دور۔ کالے کوسوں۔ **دوردستی** (مونث) دوری۔ بعد۔ **دور دفان** (صفت عو) [۱] دور۔ غائب [۲] الگ۔ علیحدہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دور دور** (کلمہ نفرت) پرے ہٹ۔ پاس نہ آ۔ **دور دور پہنچنا** (لازم) [۱] شہرت ہونا [۲] دور کی سوچنا۔ بلند پردازی کرنا۔ **دور دور ٹانکے بھرنا** (متعدی) لمبی لمبی سلائی کرنا۔ **دور دور رہنا** (لازم) کھنچے کھنچے رہنا۔ الگ رہنا۔ **دور دور کرنا** (متعدی) دھتکارنا۔ پاس نہ آنے دینا۔ **دور دُور کی سوجھنا** (متعدی) خیالات بلند ہونا۔ **دور رہنا** (لازم) علیحدہ رہنا۔ الگ رہنا۔ **دور ستھا** (صفت) فاصلے پر۔ دور۔ **دور سَرک**۔ دور ہو۔ پرے ہٹ۔ **دور سے** (تف) فاصلے سے۔ پرے ہٹ کر۔ **دور سے بات (چیت) کرو**۔ پاس نہ آؤ۔ پرے ہٹ کر بات کرو۔ الگ رہو۔ **دور سے ترسانا** (متعدی) دور سے کوئی چیز دکھا کر نہ دینا۔ **دور سے تماشا دیکھنا** (لازم) کسی جھگڑے میں دخل نہ دینا۔ الگ رہ کر سیر دیکھنا۔ پاس نہ جانا۔ **دور سے دیکھ کر بھاگنا** (لازم) کسی خوفناک چیز سے ڈرنا۔ یا اسے دیکھ کر ہٹ جانا۔ **دور سے لینا** (متعدی) پاس آنے سے پیشتر ہی لعنت ملامت شروع کر دینا۔ **دور کا** (صفت) [۱] بعید۔ جو قریب کا نہ ہو (رشتہ) [۲] گہرا۔ عمیق (خیال وغیرہ) [۳] بعید القیاس بعید الفہم۔ **دور کا رشتہ یا ناتہ** (مذکر) رشتہ بعید۔ قرابت بعید۔ **دور کا مضمون** (مذکر) نہایت اعلےٰ مضمون۔ گہرا مضمون۔ **دور کرنا** (متعدی) [۱] الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا [۲] دفع کرنا [۳] جدا کرنا۔ کاٹنا۔ خارج کرنا [۴] رد کرنا۔ منسوخ کرنا [۵] بیچنا [۶] برطرف کرنا۔ باز آنا [۷] غائب کرنا۔ پوشیدہ کرنا [۸] نوکری سے برطرف کرنا۔

دور کرو - دفع کرو - چھوڑ دو - دور کھینچنا (متعدی) نخوت وغرور کرنا - دور کی بات (مونث) نکتہ - باریک بات - دور کی سنانا (متعدی) بزرگوں کو گالیاں دینا - پننا - دور کی سوجھنا (لازم) ۱ باریک بات خیال میں آنا ۲ دور اندیش ہونا ۳ (طنزاً) فضول بات ذہن میں آنا - دور کی صاحب سلامت (مونث) ۱ معمولی واقفیت ۲ میل جول کم رکھنا یا نہ بڑھانا (رہ جانا رہنا ہونا کے ساتھ) دور کی کوڑی لانا (متعدی) ۱ دور کی بات سوچنا ۲ باریک بینی کرنا - دور کی کہنا (لازم) ۱ معمولی سمجھ سے باہر کی بات کہنا - حدبشریت سے بڑھ کر بات کہنا ۲ سمجھ یا عقل کی بات کہنا - دور کیوں (جاتے ہو) جاؤ - وہاں کہتے ہیں جہاں نزدیک کی مثال دینا ہو دور کی ہانکنا (متعدی) شیخی مارنا - ڈینگ مارنا - دون کی لینا - دورگامی (مونث) ۱ دور جانیوالا - دور تک پہنچنے والا ۲ دور تک جانا - دور نکل جانا (لازم) فاصلے پر چلا جانا - دور نہ جاؤ - دیکھو دور کیوں جاؤ - دور نگاہ (صفت) دور تک دیکھنے والا - تیز نظر - دور نہ ہونا (لازم) بعید نہ ہونا - تعجب کے قابل نہ ہونا - دورواسی (ھ - صفت) دور رہنے والا - دور کے ملک میں رہنے والا - دور ورتی (ھ - صفت) ۱ دور - فاصلے پر ۲ دور - دور نہ ہونا (لازم) بعید نہ ہونا - تعجب کے قابل نہ ہونا - دور ہو (سامنے سے) (کلمہ نفرت) ۱ دفع ہو - چل ہٹ ۲ بہت چالاک - دور ہونا (لازم) ۱ الگ ہونا - علیحدہ ہونا ۲ فاصلے پر ہونا ۳ جاتا رہنا (بیماری کا) عادت وغیرہ ۴ نہایت سنجیدہ ہونا - سمجھدار ہونا - چالاک ہونا ۵ بھاگ جانا - غائب ہوجانا ۶ (طنزاً) شریر ہونا - دور ہی سے سلام کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بیزار رہنا - پناہ مانگنا - دوری (مونث) بعد - فاصلہ - امثال واقوال - دور کے ڈھول سہاونے (اور پاس سے پھوٹے کان) دیکھنے پر چیز ایسی اچھی ثابت نہیں ہوتی جتنی کہ اس کی تعریف سنی جاتی ہے - واقفیت پر یا تجربے کے بعد یہ مثل کہی جاتی ہے - دور گئے کی آس کیا ایسے شخص سے کسی قسم کی مدد کی امید نہیں ہوتی - دور دیس سے بالم آئے اونچی اٹریا پلنگ بچھائے یہ مثل کبھی تو نہایت شوق سے بولی جاتی ہے اور کبھی طنزاً نکھٹو کی شان میں -

دور (ھ - مذکر) وہ زمین جس میں دو دفعہ ہل چلا ہو -

دورا (ھ - مذکر) ۱ بڑا ٹوکرا ۲ بڑا کونڈا -

دوراتمیہ (س - مذکر) بدطینتی - دل کی برائی - بدذاتی - بدمعاشی - برائی -

دوران (ع - مذکر) ۱ گردش - چکر - دورہ ۲ وقت - زمانہ - عمر ۳ انقلاب ۴ ہیرپھیر ۵ قسمت - نصیب (دَوْر - پھرنا) دورانِ خون (مذکر) خون کی گردش - جانوروں کا خون ہر وقت بدن میں پھرتا ہے پھیپھڑوں میں سے گزرتا ہوا صاف ہوجاتا ہے - دل پمپ کا کام کرتا ہے - اور اسے بدن کے مختلف حصوں میں بھیجتا ہے - دورانِ سر (مذکر) سر کا گھومنا - سر کا چکر -

دَوربلیہ (س - مونث) کمزوری - ضعف - نقاہت -

دَوربھاگیہ (س - مذکر) ۱ بری حالت - درگت ۲ بدقسمتی - شامت - زوال - تباہی -

دَورجنیہ (س - مذکر) شرارت - بدذاتی - بدمعاشی - بدچلنی -

دَورق (ایران) خوزستان میں ایک قصبہ (ا) -

دَورگندھی (س - مونث) بدبو - سڑاندھ -

دُوروَ (س - مذکر) ایک راجہ جو نریمہ جے کا بیٹا اور تمی کا باپ تھا -

دَوروا (س - مذکر) دوب گھاس

دورواشٹمی (مونث) ایک تیوہار کا نام جو بھادوں شدھی کی آٹھویں تاریخ کو ہوتا ہے -

دَورہ (ع - مذکر) ۱ چکر - گردش ۲ نوبت باری ۳ شراب کا دور ۴ حکام کا علاقے میں پھر کر حالات دیکھنا - گشت (دَوْر - چکر لگانا) دورہ باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) چکر باندھنا - حلقہ بنانا - دورہ تمام کرنا (متعدی) ہونا (لازم) گشت کا زمانہ ختم ہونا - علاقے کا ملاحظہ کرکے واپس ہونا - دورے سپرد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مقدمے کا سشن جج کے سپرد ہونا - دورہ کرنا (متعدی) حکام کا علاقے میں پھرنا - گشت کرنا - دورہ ہونا (لازم) ۱ حکام کا گشت پر روانہ ہونا ۲ مرض کا عود کر آنا - دورے (مذکر) ۱ دورہ کی جمع ۲ بجائے دورہ حروف مغیرہ سے پہلے - دورے کو اٹھنا (متعدی) دورہ کرنا -

دَوری - دوری (ہ - مونث) ۱ چھوٹی ٹوکری ۲ وہ ٹوکری جس سے جھٹکے سے پانی دیتے ہیں ۳ (ھ) رسی جس سے بہت سے بیل باندھے جائیں ۴ مچھلی پکڑنے کی ڈور ۵ ایک رسی جس سے زمین ماپی جاتی ہے (س دولا - جھولنا) -

دَوڑ (ہ - امر) ۱ دوڑنا کا ۲ (مونث) بھاگنا - بھاگ ۳ پہنچ - رسائی ۴ کوشش - سعی ۵ حملہ - دھاوا - چڑھائی - تاخت ۶ ملزموں کی گرفتاری کے واسطے جلد جانا ۷ وہ لوگ جو ملزموں کی گرفتاری کے واسطے جائیں ۸ (تف) جلدی سے - سرعت سے - تیزی سے - فوراً - شوق سے (س دُر - بھاگنا) دوڑا (ھ - مذکر) ۱ دوڑنے والا ۲ سوار ڈاکو - دوڑ آنا (لازم) بہت جلد آنا - بھاگ کر آنا - دوڑ جانا (متعدی) بھاگ کر جانا - دوڑا دوڑی (مونث) ۱ بھاگا بھاگ - تیزی - جلدی ۲ مقابلہ دوڑ میں - دوڑا دینا (متعدی) بہت جلدی بھیجنا - دوڑاک (مذکر) بہت دوڑنے والا - دوڑا مارنا (متعدی) ۱ بہت جلد

بھیجنا ۔ بہت محنت کرانا ۔ **دوڑانا** (متعدی)
۱ بھگانا ۔ جلدی چلانا ۔ لپکانا ۲ پھرانا ۔ حیران کرنا ۳ محنت
کرانا ۔ مشقت لینا ۴ قاصد روانہ کرنا ۔ جلد بھیجنا ۵ دھیان کو
متوجہ کرنا ۶ (روٹیاں) چپکانا ۔ لگانا ۔ **دوڑاہا** (ھ ۔
مذکر) ۱ قاصد ۔ ایلچی ۔ خبر رساں ۲ رستہ دکھانیوالا ۔
راہبر ۔ **دوڑ بھیجنا** (متعدی) ملزم کی گرفتاری
کے لئے پولیس کے سپاہیوں کو بھیجنا ۔ **دوڑ پڑنا** (لازم)
۱ جلدی کرنا ۲ جلدی جانا یا جمع ہونا کسی مقام پر ۔ **دوڑ
جانا** (متعدی) ۱ منتشر ہو جانا ۔ پھیل جانا ۲ مشتہر
ہو جانا ۳ پولیس کا گرفتاری ملزمان کے لئے جانا ۔ **دوڑ
چلنا** (متعدی) دوڑ کر چلنا ۔ **دوڑ دوڑ آنا** (لازم)
بار بار آنا ۔ جلد جلد آنا ۔ **دوڑ دوڑ جانا** (متعدی)
بار بار جانا ۔ دمبدم جانا ۔ **دوڑ دوڑ کے** (تف)
۱ جلد جلد ۔ بار بار ۲ بیتابی سے ۔ شوق سے (آنا جانا کے
ساتھ) **دوڑ دھپاڑ** (پوربی) **دوڑ دھوپ**
(مونث) ۱ محنت ۔ مشقت ۲ کوشش ۔ سعی (کرنا
ہونا کے ساتھ) **دوڑ کر چلنا** (لازم) ۱ جلد چلنا ۔
بھاگ کر چلنا ۲ بساط سے بڑھ کر قدم رکھنا کسی کام میں
جلدی کرنا ۔ **دوڑ لے کر دوڑنا** (متعدی) ملزموں
کی گرفتاری کے لئے بہت جلد سپاہی لے کر جانا ۔ **دوڑ
مارنا** (متعدی) ۱ بے خبری میں حملہ کرنا ۔ تاخت و تاراج
کرنا ۲ چھاپا مارنا ۔ دھاوا کرنا ۳ بہت کوشش یا محنت
کرنا ۴ لمبا سفر کرنا ۔ مسافت طے کرنا ۔ **دوڑنا**
(لازم) دوڑانا کا ۱ دیکھو دوڑانا ۱ تا ۵ ۲ پھیلنا ۔
بچھنا ۳ حملہ کرنا ۴ سرایت کرنا ۔ اثر کرنا ۔ **دوڑنا
دھوپنا** (لازم) کوشش کرنا ۔ سعی کرنا ۔ **دوڑھا**
(ھ ۔ مذکر) دیکھو دوڑاہا ۔

امثال و اقوال ۔ **دوڑ چلے
نہ اوندھا (چوپٹ) گرے ۔ دوڑ چلے نہ
(اگھٹ) گر پڑے ۔ دوڑ کر چلے گا سو گرے گا
دوڑ کے چلے نہ گر پڑے** ۔ جو شخص اپنی بساط سے
بڑھ کر کام کرے نقصان اٹھاتا ہے ۔

دوڑی (ھ ۔ مونث) چوپڑ کی
بازی جو برابر رہے ۔

دوز (ف ۔ صفت) سینے والا ۔
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے خیمہ دوز کفش دوز ۔
دوزی (مونث) سینا ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا
ہے ۔ جیسے کفش دوزی (دوختن ۔ سینا) ۔

دوزخ (ف ۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں
گناہگار قیامت کے بعد جائیں گے ۔ جہنم ۔ نرک ۲
پیٹ ۔ معدہ ۔ **دوزخ بھرنا** (لازم) پیٹ بھرنا ۔
دوزخ کا کندا (مذکر) بڑا گنہگار ۔ **دوزخ کا
نمونہ** (مذکر) بڑی تکلیف کی جگہ ۔ **دوزخ کی
آنچ** (مونث) آتش جہنم ۔ **دوزخ کی لگی** (مونث)
پیٹ کی فکر ۔ **دوزخ میں پڑنا یا جانا** (لازم)
واصل جہنم ہونا ۔ **دوزخ میں پڑے یا جائے**
(بد دعا) بھاڑ میں جائے ۔ **دوزخ میں ڈالنا**
(متعدی) عذاب جہنم میں گرفتار کرنا ۔ **دوزخ میں
گھر کرنا** (متعدی) گناہ کرنا ۔ **دوزخ میں گھر ہونا**
(لازم) جہنمی ہونا ۔ گناہگار ہونا ۔ **دوزخی** (صفت)
۱ جہنمی ۔ گناہگار (ہونا کے ساتھ) ۲ سخت پیٹو ۔

دَوس (ھ ۔ مذکر) صبح ۔ علی الصبح ۔
پو پھٹنا ۔

دَوس (س ۔ مذکر) ۱ آسمان ۔
دن ۔

دوس (ہ ۔ مذکر) ۱ قصور ۔ خطا ۔
عیب ۲ گناہ ۔ الزام (س دوش) **دوس دینا**
(متعدی) **دوسنا** (ھ) ۱ الزام لگانا ۲ قصور وار
ٹھہرانا ۔ **دوسی** (صفت) گناہگار ۔ قصوروار ۔

امثال ۔ **دوس دینا دوسرے کو
کام کرنا خود** ۔ خود قصور کرنا ۔ الزام دوسرے کو
لگانا ۔ **دوس کیا دیجے چور کو صاحب بند
جب آپ گھر کا در نہ کیا** ۔ جب خود حفاظت
نہیں کی تو چور کا کیا قصور ۔

دوست (ف ۔ مذکر) ۱ آشنا ۔ یار ۔
محب ۔ خیر خواہ ۲ معشوق ۔ محبوب ۳ (ژند ۔ زست
س جُبش ۔ خوش ہونا) **دوستانہ** (مذکر) ۱ یارانہ ۔ دوستی ۔
یاری ۲ محبت ۔ الفت ۔ **دوستانے میں** (تف)
۱ دوستی کے طریقے پر ۔ دوستی میں ۲ دوست کی طرح ۔
دوست بنانا (متعدی) ۱ یار بنانا ۔ ہمراز بنانا ۔
طرفدار بنانا ۲ گانٹھنا ۔ ملانا ۳ سازش کرنا ۔ **دوست
بننا** (لازم) ۱ یار بننا ۲ کسی طرح دوست ثابت کرنا ۔
دوستدار (مذکر) دوست ۔ خیر خواہ ۔ ہمراز ۔ **دوست
رکھنا** (لازم) عزیز سمجھنا ۔ پسند کرنا ۔ **دوست نما**
(مذکر) ۱ ظاہر میں دوست ۲ (صفت) اپنے آپ کو
دوست ظاہر کرنے والا ۔ **دوست نواز** (مذکر)
دوستوں پر نوازش یا مہربانی کرنے والا ۔ **دوستی** (مونث)
یارانہ ۔ آشنائی ۔ الفت ۔ **دوستی کا دم بھرنا** (متعدی)
اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا ۔ **دوستی کرنا** (متعدی)
دوستی پیدا کرنا ۔ بے تکلفی کرنا ۔ **دوستی ہونا** (لازم)
۱ یارانہ ہونا ۔ آشنائی ہونا ۲ محبت ہونا ۔ الفت ہونا ۔

امثال و اقوال ۔ **دوست
آں باشد کہ گیرد دستِ دوست ۔ در
پریشاں حالی و درماندگی** ۔ دوست وہ ہے جو
مصیبت میں مدد کرے ۔ **دوستاں در زنداں
بکار آیند کہ بہر سفرہ ہمہ دوست نمایند**
مصیبت میں جو ساتھ دے وہ دوست ہے ۔ خوشحالی
میں تو ہر کوئی دوست ہوتا ہے ۔ **دوست باشد
کہ از معائبِ دوست ۔ ہمچو آئینہ روبرو
گوید** ۔ دوست وہ ہوتا ہے جو دوست کے عیب
روبرو کہدے ۔ **دوست شاد ہوں دشمن
پائمال رہیں** ۔ دعا ہے جو بڑے آدمیوں کو دی جاتی
ہے ۔ **دوست قدیم شراب کہنہ** ۔ پرانا دوست
اور پرانی شراب عمدہ ہوتی ہے ۔ **دوست کا دشمن
دشمن ۔ دشمن کا دشمن دوست** ۔ جو شخص دوست کے
دشمن ہو اسے اپنا بھی دشمن سمجھنا چاہئے ۔ اور دشمن کے دشمن کو
اپنا دوست سمجھنا چاہئے ۔ **دوست کا ڈگا پاؤں ۔ دشمن کا لگا داؤں**
موقع پا کر دشمن سے ضرور بدلہ لینا چاہئے ۔ **دوست ملے کھاتے دشمن
ملے روتے** (دعا) دوست خوش رہیں ۔ دشمن رنجیدہ رہیں ۔ دونوں کا

حساب دل میں۔ حساب دوستاں در دل کا ترجمہ۔ دوستوں کے سلوک کا ذکر زبان پر نہیں آتا۔ دوست ایک دوسرے پر احسان نہیں جتاتے۔ دوست وہ (ہوتے ہیں) جو وقت پہ کام آئے (آتے ہیں) دیکھو دوست آں الخ۔

دوست علی (-۱۷۴۰) نواب ارکاٹ۔ ۱۷۳۲ء میں تخت نشین ہوا۔ اس نے مدورا فتح کیا۔

دوست محمد خاں ۱ (۱۷۹۳-۱۸۶۳) امیر کابل۔ خاندان بارک زئی کا بانی ہے۔ ۱۸۱۶ء میں یہ غزنی کا بادشاہ ہوا۔ ۱۸۲۶ء میں اسنے کابل لیا۔ ۱۸۳۹ء میں انگریزوں سے جنگ ہوئی اور یہ قید ہوگیا۔ ۱۸۴۲ء میں واپس آگیا۔ ۱۸۵۰ء میں اسنے بلخ اور ۱۸۵۴ء میں قندہار لیا۔ ۱۸۵۵ء میں انگریزوں سے معاہدہ کیا۔ ۱۸۵۷ء میں ہرات فتح کیا۔ ۱۸۶۳ء میں ایران سے جنگ ہوئی ۲ (-۱۷۲۶) سردار۔ بانیٔ ریاست بھوپال۔ عالی خاندان پٹھان تھا۔ اورنگزیب کے عہد میں ہندوستان آیا۔ اور صوبہ دار مقرر ہوا۔ اورنگزیب کی وفات کے بعد خود مختار ہوگیا۔

دُوسَر (ھ) **دُوسرا** (ہ۔ صفت) ۱ اول کے بعد کا۔ دوم۔ ثانی ۲ ایک اور۔ اگلا ۳ برابر کا مقابل کا ۴ غیر۔ اجنبی (دُو۔ دو) **دوسرا آسمان** (ھ) جزر۔ **دوسرا چڑھاؤ** (ھ) مجذور۔ **دوسروں** (صفت) دوسرا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **دوسروں پر ڈھال ڈھال کے کہنا** (متعدی) اشارتاً کنایتاً کہنا۔ **دوسری** (صفت مونث) ۱ دیکھو دوسرا ۲ دوج۔ دوسری تاریخ۔ **دوسرے** (مذکر) ۱ دوسرا کی جمع۔ غیر ۲ اجنبی ۳ (تف) مزید براں۔ برخلاف سابق کے۔ **دوسری بار یا دفعہ** (تف) پھر۔ دوبارہ۔ ایک دفعہ اور۔ **دوسری بات** (مونث) قیمت زیادہ کہنا۔ گاہک اگر کم کرے تو بھی اصل سے زیادہ ہو ۲ اور بات ۳ (عو) جماع۔ ہم بستری۔ زنا۔ **دوسری بات نہ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ قیمت کم وبیش نہ ہونا ۲ زیادہ گفتگو نہ ہونا۔ **دوسری حالت یا صورت** (مونث) مختلف حالت یا وضع۔ **دوسری صورت پکڑنا** (متعدی) تبدیل ہوجانا۔ مختلف ہوجانا۔ **دوسرے کو اپنا ثانی نہ جاننا** (متعدی) کسی کو اپنے مقابل کا نہ سمجھنا۔ **دوسرے فاقے**۔ دو دن کھانا نہ کھانے کے بعد۔ **دوسری ماں** (مونث) سوتیلی ماں۔

امثال واقوال۔ دوسری بات دوسرے کہتے ہیں ۱ ہم تو سچ بولتے ہیں۔ غلط بات اور لوگ کہتے ہیں ۲ نقص غیر لوگ نکالتے ہیں۔ **دوسرے کا سیندور دیکھ اپنا (لیلاڑ) ماتھا پھوڑیں**۔ دوسرے کی نقل کرکے اپنا نقصان کریں۔ **دوسروں کا عیب بڑی جلدی دیکھ سکتے ہیں**۔ دوسروں کا نقص بہت جلدی پکڑا جاتا ہے۔

دَوسَہ (ہند) ۱ ریاست جے پور میں ایک قصبہ (۰) یہاں دوران غدر میں ایک لڑائی ہوئی تھی۔

دوسی (ھ۔ مونث) ۱ دہی ۲ مسلمان دودھ والا۔

دوش (ف۔ مذکر) ۱ بازو۔ مونڈھا ۲ (تف) گذشتہ شام۔ گذری ہوئی رات۔ **دوش بدوش** ۱ (تف) کندھے سے کندھا ملا کر ۲ شراکت کرکے۔ اتفاق کے ساتھ۔ **دوش پر انبار رہنا** (لازم) کندھے پر بوجھ ہونا۔ **دوش پر لینا** (لازم) کندھے پر سوار کرنا۔ **دوش مال** (مذکر) رومال جو قصاب۔ سائیس وغیرہ استعمال کرتے اور مونڈھوں پر ڈالتے ہیں۔ ڈسٹر۔ **دوشین** (صفت) گذشتہ رات کا۔ **دوشینہ** (صفت) ۱ گذشتہ رات کا ۲ جو کندھوں پر اٹھا کر لیجائیں۔

دوش (س۔ مذکر) ۱ نقص۔ عیب۔ بری خاصیت ۲ الزام۔ تہمت۔ چھدا ۳ برائی۔ گناہ۔ پاپ ۴ جرم۔ خلاف ورزی قانون ۵ نقصان۔ ضرر ۶ برا نتیجہ ۷ بیماری۔ مرض۔ آزار۔ روگ ۸ بدن کی رطوبات میں نقص۔ ریح۔ صفرا۔ بلغم یا دیان خون کا نقص۔ **دوش دینا** (ھ) **لگانا** (ھ) **دوشنا** (ھ۔ متعدی) دیکھو دوس دینا۔ **دوش ہونا** (ھ) ۱ قصور ہونا۔ عیب ہونا ۲ بچہ پیدا ہونے کے بعد بدپرہیزی کی وجہ سے بیمار ہونا۔ **دوشی** (صفت) ۱ ناقص۔ عیب دار ۲ خراب۔ ناپاک۔ سڑا ہوا ۳ برا۔ شریر۔ گنہگار۔ پاپی۔ مجرم۔ ملزم۔

دوشُ (س۔ مذکر) ۱ شام۔ تاریکی ۲ تاریکی کا دیوتا۔ ۸ واسوؤں میں سے ایک اور رات کا خاوند۔ **دوشا** (مونث) ۱ رات ۲ دیوی جو سُپیارن کی بیوی اور پردوش یا شام اور نشتھ یا آدھی رات کی ماں شمار ہوتی ہے۔

دُوشَن (س۔ صفت) ۱ خراب کرنے والا۔ تباہ کرنے والا ۲ ناپاک کرنے والا ۳ بے عزت کرنے والا ۴ بدنام کرنے والا ۵ ضرر پہنچانیوالا ۶ (مذکر) خراب کرنے کا فعل ۷ نقص نکالنا۔ سرزنش کرنا ۸ قصور۔ نقص۔ عیب ۹ الزام۔ تنبیہہ ۱۰ اتہام۔ بہتان ۱۱ جرم۔ گناہ۔ **دوشناری** (صفت) رامچندر جی کا لقب۔ **دوشن دینا** (ھ۔ متعدی) دیکھو دوش لگانا۔ **دوشی۔ دوشیکا** (مونث) آنکھ کا میل۔

دوشیزگان (ف۔ مونث) دوشیزہ کی جمع۔

دوشیزگی (ف۔ مونث) ۱ کنوارپنا۔ بکارت ۲ کنوارپن کا زمانہ۔

دوشیزہ (ف۔ مونث) کنواری لڑکی۔ باکرہ۔ وہ عورت جس سے جماع نہ ہوا ہو (دوختن۔ سینا)۔

دوغ (ف۔ مذکر) ۱ چھاچھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ ۲ رائتا۔

دُوغلات۔ دُوقلات (ت مذکر) ایک مغل قوم۔

دِوغنا (اردو ۔ متعدی) طعنہ دینا۔

دُوک (ف ۔ مذکر) تکلا۔

دُوک (ہ ۔ مذکر) دوسالہ بچھڑا۔

دُوکان (ف ۔ مذکر) دیکھو دُکان۔

دوکھ (ہ ۔ مذکر) دیکھو دوس ۔

دوکھ لگانا۔ دوکھنا (متعدی) ۱ دیکھو دوش لگانا ۲ برے کام سے منع کرنا (اردو میں مت)۔

دوکھی (صفت) دیکھو دوشی۔

دوکھی (ہ ۔ مونث) مٹی کا پشتہ جو دوحدوں کے درمیان بنایا جائے۔

دُوگلا (ہ ۔ مذکر) ایک بڑی ٹوکری جسے جھٹک کر آبپاشی کرتے ہیں ۔

دُوَل (ع ۔ مذکر) دولت کی جمع۔ (اردو میں حرف بالفتح) **دوَلِ یورپ** (مذکر) یورپ کی سلطنتیں۔

دول (س ۔ مذکر) ۱ جھولنا۔ لٹکنا۔ ہلنا ۲ جھولا ۔ پینگ ۳ ہنڈولہ۔ پالنا ۴ ڈولی ۔ پالکی ۔ ۵ ایک تیوہار جو ۱۴ پھاگن کو ہوتا ہے ۔ جس میں کرشن جی کے طفلی کے بت بنا کر جھولے میں بٹھا کر ہلاتے ہیں۔ **دولا** (مونث) ۱ دیکھو ڈولا ۲ تغیر و تبدل ۔ کمی بیشی۔ **دولا یاترا۔ دول جاترا** (ہ) **یاترا** (مونث) ایک تیوہار کرشن جی کے اعزاز میں جس میں کرشن جی اور رادھا جی کی مورتیوں کو پالکی میں بٹھا کر نکالتے ہیں۔ **دول پرَوَت** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **دول مال کرنا** (متعدی) ۱ ہلانا ۔ جھلانا ۔ لٹکانا ۲ لہرانا ۔ اوپر نیچے کرنا ۳ ہچکچانا ۔ مذبذب ہونا۔

دول (ف ۔ مذکر) ۱ ڈول ۲ بادبان ۳ بٹوا ۔ تھیلا۔

دُولّا (ہ ۔ مذکر) ۱ بر جلے کے کھیل میں وہ شخص جسکا گگھا چیر سے ہٹ کر گرے ۲ گولیاں کھیلنے والوں میں وہ شخص جس کی گولی میر سے ہٹ کر جائے۔

دُولال (س ۔ مذکر) ایک مصنف۔

دَولا مولا (اردو ۔ صفت) ۱ سیدھا سادھا ۔ بھولا ۲ سخی ۔ بڑی ہمت والا۔

دُولاب۔ دولاب (ف ۔ مذکر) ۱ رہٹ ۔ چرخ ۲ ایک مشین گر جوں ہسپتالوں وغیرہ میں جس میں لوگ باہر سے چیزیں ڈالتے ہیں اور اسکو پھراتے ہیں تو اندر اسے نکال لیا جاتا ہے ۳ ذخیرہ ۔ نعمت خانہ ۴ بھول بھلیاں ۵ دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۶ ڈھول ۔ نقارہ ۷ کھائی ۸ سوداگری ۔ تجارت ۹ نفع ۔ منافع ۱۰ استعمال ۱۱ ذیابیطس۔ **دولاب رنگ** (صفت) رہٹ کی طرح پھرنے والا (آسمان) **دولاب شُفرا خانہ** (مذکر) نعمت خانہ ۔ وہ الماری جس میں کھانے رکھتے ہیں۔ **دولابِ مینا** (مذکر) آسمان ۔ **دولابہ** (مذکر) ۱ رہٹ ۲ نعمت خانہ۔ **دولابی** (صفت) رہٹ کا ۔ رہٹ کے متعلق۔ رہٹ کی طرح پھرنے والا۔

دُولات (ع ۔ مونث) تغیر و تبدل ۔ نشیب و فراز ۔ دُولت کی جمع ۔

دولایمان (س ۔ صفت) ۱ جھولنے والا ۔ ہلنے والا ۲ مذبذب ۔ ہچکچانے والا۔

دول بندوبست (ف ۔ مذکر) ضلع کی مالگذاری کا تخمینہ جو سال کے شروع میں کیا جائے جس سے یہ ظاہر ہو کہ کس قدر آمدنی ہو گی۔

دَولت (ع ۔ مونث) ۱ دھن ۔ مال ۔ زر نقد ۲ اقبال ۔ بخت ۔ نصیبا ۔ خوش قسمتی ۳ سلطنت ۔ حکومت ۔ طاقت ۴ ظفر ۔ فتحمندی ۵ خوشی شادمانی ۶ موقعہ ۔ وجہ ۔ ذریعہ ۔ طفیل ۔ بدولت ۔ ان معنوں میں اب اردو میں متروک ہے ۷ اولاد ۔ بیٹا ۔ بیٹی ۸ ملکیت ۹ زائد امیروں اور بادشاہوں کی چیزوں کے لئے ۔ **دولتِ آصفیہ** (مونث) حیدر آباد دکن کی سلطنت ۔ **دولت اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) روپیہ ضائع کرنا ۔ فضول خرچی کرنا۔ **دولت اندیش** (صفت) سلطنت کی خبر رکھنے والا۔ **دولت ایمان** (مونث) ایمان کی نعمت۔ **دولت برانداز** (صفت) باغی ۔ فتنہ انگیز ۔ انقلاب پسند ۔ **دولت برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم) کثرت سے روپیہ ملنا ۔ **دولت بہانا** (متعدی) دولت بے دریغ ہو کر خرچ کرنا ۔ **دولت بیدار** (مونث) ۱ وہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں ۲ خوش قسمت ۔ جاگا ہوا نصیبا ۔ **دولت پانا** (متعدی) دولت حاصل کرنا ۔ **دولت پناہ** (صفت) سلطنت کو محفوظ رکھنے والا ۔ وہ جس کے پاس خوش قسمتی پناہ لے بادشاہوں کے واسطے استعمال ہوتا ہے ۔ **دولتِ حسن** (مونث) خوبصورتی ۔ حسن کو دولت کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں ۔ **دولت خانہ ۔ سرا یا کدہ** (مذکر) ۱ محل ۔ قصر ۔ دوسرے کے گھر کے متعلق کہتے ہیں ۔ اپنے لئے غریب خانہ ۲ وطن ۔ **دولت خانۂ خاص** (مذکر) بادشاہ کا محل ۔ قصر شاہی ۔ **دولت خانہ کہاں ہے** آپ کہاں کے رہنے والے ہیں ۔ **دولت خدا** (صفت) امیر ۔ دولتمند ۔ **دولتِ خداداد** (صفت) خدا کا دیا ہوا ملک یا سلطنت ۔ سلطنت افغانستان کے واسطے استعمال ہوتا ہے ۔ **دولتِ خدائی** (مونث) ۱ بے حد دولت ۔ مال و دولت ۔ مال متاع ۔ ۲ خوشی شادمانی ۳ وہ جس کی فیاضی بے حد ہو ۔ **دولت خوابیدہ** (مونث) بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔ **دولت خواہ** (صفت) ۱ بہتری چاہنے والا ۲ میں ۔ بندہ ۔ **دولت خواہی** (مونث) خیر خواہی ۔ **دولتِ دارین یا کونین** (مونث) دونوں عالموں کی نعمت یا لطف ۔ **دولتِ دنیا** (مونث) ۱ مال و دولت ۲ دنیا کی خوشی ۳ اولاد اور دولت ۔ **دولت دنیا پر لات مارنا** (متعدی) دولت کو حقیر جاننا ۔ **دولت دنیا سے مستغنی ہونا** (لازم) بہت امیر ہونا ۔ اتنی دولت ہونا کہ زیادہ کی پروا نہ ہو ۔ **دولت سرا** (مونث) بادشاہ یا امیر کا مکان ۔ محل ۔ قصر ۔ **دولتِ عثمانیہ** (مونث) ترکوں کی سلطنت ۔ **دولتِ عظمےٰ** (مونث) بڑی سلطنت ۔ **دولتِ علیا** (مونث) زبردست سلطنت ۔ تیمور کے خاندان کی سلطنت کے

متعلق استعمال ہوتا ہے۔ **دولت کھونا** (متعدی) دولت ضائع کرنا۔ **دولت کھینچنا** (متعدی) دولت حاصل کرنا۔ **دولت کی گنگا بہانا** (متعدی) **بہنا** (لازم) افراط سے روپیہ خرچ ہونا۔ **دولت گڑی ہونا** (لازم) دولت کا ذخیرہ ہونا۔ دولت کی کان ہونا۔ **دولت لٹانا** (م) دولت فضول طور پر خرچ کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ **دولت لٹنا** (لازم) **لوٹنا** (متعدی) دل کھول کر دولت حاصل کرنا۔ **دولت مارنا** (متعدی) دولت چھین لینا یا دغا سے حاصل کرنا۔ **دولتمدار** (مذکر) ۱ خوشی کا گھر ۲ وہ جس پر دولت کا انحصار ہو۔ عموماً سرکار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دولت جلنا** (لازم) بہت سا روپیہ حاصل ہونا۔ **دولتمند** (صفت) ۱ امیر۔ مالدار ۲ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ **دولتمندی** (مونث) مالداری۔ **دولت و اقبال غمگسار رہیں** (دعا) ہمیشہ صاحب اقبال اور دولتمند رہو۔ **دولت والا** (صفت) زردار۔ امیر۔ **دولت ہارنا** (متعدی) روپیہ جوئے میں اڑا دینا۔ **دولتی** (صفت) دولتمند۔ **دولتِ یونان** (مونث) یونان کی سلطنت۔ **دولتیں** (مونث) دو سلطنتیں۔

امثال و اقوال۔ دولت اندھی ہوتی ہے ۱ دولت انسان کی شکل و شباہت دیکھ کر نہیں آتی۔ ۲ دولتمند دوستوں کو دیکھ کر نظر چرا لیتا ہے۔ تیمور جب ہندوستان میں آیا تو اسنے ایک اندھے گویئے کا گانا سنا۔ اس کا نام پوچھا۔ اس نے کہا دولت تو اسنے پوچھا کیا دولت اندھی ہوتی ہے۔ اسنے جواب دیا کہ اندھی نہ ہوتی تو لنگڑے کے گھر کیوں آتی۔ تب سے یہ مثل ہوگئی۔ **دولت چھاؤں کی طرح ڈھلتی ہے۔ دولت ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے** دولت زوال پذیر چیز ہے۔ **دولت خرچ کے واسطے دی گئی ہے۔** جب کوئی امیر آدمی کنجوسی کرے تو اسے کہتے ہیں۔ **دولت کے آگے ہنر ہاتھ باندھے کھڑا ہے۔** روپے سے جو چاہے لے لو۔ **دولت کے پاؤں (پر) لگ گئے۔** دولت بہت جلد خرچ ہوگئی۔ **دولت لٹے کوٹلوں پر مہر۔** جب کوئی فضول باتوں پر خرچ کرے اور بجا خرچ میں کنجوسی کرے تو کہتے ہیں۔ **دولتمند کی ڈیوڑھی کو سب سجدہ کرتے ہیں۔** امیر آدمی کی سب خوشامد کرتے ہیں۔ **دولت منڈیر کا کوا ہے۔** دولت نہیں رہتی۔

دولت آباد (ہند) ریاست حیدر آباد میں ایک شہر اس کا اصل نام دیوگری تھا اور محمد تغلق نے جب دکن فتح کیا تو اس کو اپنا دار الخلافہ بنایا اور یہ نام رکھا۔ یہاں نہایت مضبوط قلعہ ہے پرانے شہر کی حیثیت اب ایک گاؤں کی ہے۔

دولت خاں (-۱۴۱۴) ایک افغان تھا۔ جسے محمود تغلق کی وفات پر امرانے دہلی کا بادشاہ ۱۴۱۳ء میں بنایا۔ خضر خاں حاکم ملتان نے دہلی فتح کرکے اسے قید کر دیا۔ یہ دو مہینے بعد مر گیا ۲ (-۱۵۲۶) خاندان لودی سے تھا۔ اس نے بابر کو ہند میں آنے کی تحریک کی مگر فتح دہلی سے پہلے فوت ہوا ۳ (-۱۶۰۰) ساہو خیل خان جہان لودی کا باپ اور دو ہزاری امیر تھا۔

دولت راؤ سندھیا (-۱۸۲۷) مہاداجی سندھیا کا بیٹا تھا۔ ۱۷۹۴ء میں گدی نشین ہوا جنگ اسٹی میں انگریزوں سے شکست کھا کر صلح کرلی۔

دولت شاہ (-۱۴۹۵) بن بختِ شاہ سمرقندی۔ تذکرۂ شعرا دولت شاہی کا مصنف ہے۔

دولچہ (ف۔ مذکر) چمڑے کا ڈول۔ بوکا۔

دولکا (س۔ مونث) پینگ۔ جھولا۔

ڈولم (ھ۔ مذکر) نیستی۔ عدم۔ فنا۔

دولن نور (منگولیا) ایک شہر۔ (۳۰)

دولہ (ع۔ مذکر) دولت۔ نام یا خطابوں کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے اعتماد الدولہ۔ یمین الدولہ۔

دولھا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جس کی شادی ہو۔ نوشاہ۔ بنڑا۔ بنا ۲ خاوند۔ شوہر۔ بر۔ (س در لبھک) **دولھا بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) زرق برق کا لباس یا زعفرانی جوڑا پہننا۔ شادی کے لئے کپڑے وغیرہ پہن کر تیار ہونا۔ **دولھا بنے بیٹھے رہنا** (لازم) عزت و وقار کے ساتھ بیٹھے رہنا۔ **دولھا بھائی** (مذکر) بہنوئی۔ **دولھن** (مونث) دلھن۔

امثال و اقوال۔ دولھا ڈھائی دن کا بادشاہ ہے۔ شادی کے دنوں میں دولھا کی بڑی خاطر تواضع ہوتی ہے۔ **دولھا تو وہی پر دوشالہ اپنا ہے۔** کمینہ پن ظاہر کرنے کو کہا جاتا ہے۔ **دولھا دلھن پائے شہ بالا لاتیں کھائے۔ دولھا نے دلھن پائی شہ بالے نے گانڑ مرائی** شہ بالا ایک چھوٹا لڑکا ہوتا ہے جو دولھا کے ساتھ رہتا ہے۔ اسے گالیاں پڑتی ہیں۔ **دولھا دلھن مل گئے جھوٹی پڑی برات۔** وہاں کہتے ہیں جہاں دو لڑنے والے صلح کرلیں اور ان کے مددگار منہ دیکھتے رہ جائیں۔ **دولھا کے پتل نہ بجنیا کے تھا** (ھ) وہاں کہتے ہیں جہاں دینے کے لئے کچھ نہ ہو اور کوئی شخص زیادہ مانگے۔ **دولھا کے (دم کے) ساتھ ساری برات ہے۔** مالک کی وجہ سے گھر کی رونق ہے۔ **دولھا پیچھے (گیل) برات۔** دولھا کے پیچھے ساری برات چلتی ہے۔ **دولھا مرے یا دلھن نائی کو اپنے ٹکے سے کام۔** کچھ ہی ہو اپنا مطلب پورا ہو۔ **دولھا ہی کے سر سہرا ہے** جو سردار ہوتا ہے سب کچھ اسی کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

ڈوم۔ ڈومیں (ف۔ صفت) دوسرا۔ ثانی۔ دیگر۔

دومبکی (بلوچی۔ مذکر) ایک بلوچ قوم جو علاقہ کچھی میں آباد ہے۔

ڈومہ (ھ۔ مذکر) چمڑے کا تھیلا جس میں اضلاع گڑھوال اور کماؤں میں چائے آتی

ہے -

ڈَون (ھ - مونث) ۱ آگ جو جنگل میں لگ جائے ۲ آگ - اگنی - شعلہ ۳ سخت گرمی ۴ پیاس یا گرمی کی زیادتی - سوزش - جلن ۵ جوش - ولولہ - شہوت - ڈون لگنا (لازم) ۱ سخت گرمی لگنا ۲ عشق کے جوش میں جلنا ۳ جھرنا کسی چیز کے لئے خواہش یا غم کرنا -

ڈُون (ہ - صفت) ۱ دگنا ۲ (مونث) گانے میں کا دوچند کرنا ۳ شیخی - ڈینگ - لاف گزاف (ان معنوں میں دونا کا مخفف) ۴ دامن کوہ - ملک جو دامن کوہ میں واقع ہو - وادی - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ڈیرہ دون (س - دانو) دُون پر آنا (لازم) شیخی مارنا - دون کی شیخی کی - دون کی اڑانا یا لینا (متعدی) ۱ شیخی مارنا ۲ خودستائی کرنا -

دُون (ع - صفت) ۱ کمینہ - ذلیل سفلہ - ادنے - پاجی ۲ غیر - سوا - جز (ب کے ساتھ بدون استعمال ہوتا ہے) (دَون - کمینہ ہونا) ۳ ایک گاؤں دیناور کے قریب - دون پرست یا نواز (صفت) کمینے کی قدر کرنے والا - دون ہمت (صفت) کم ہمت - پست ہمت - دون ہمتی (مونث) پست ہمتی -

دون (ھ - مذکر) ریاست کا ایک تھوڑا سا حصہ -

دَونا (ہ - مذکر) دونا (ھ) ۱ پتوں کا پیالہ - پتّل ۲ نیاز کی چیز جو دونوں میں لائی جاتی ہے ۳ چٹخاروں کی چیز (س درونک) دونا باندھنا یا بنانا (متعدی) پتوں کا ظرف بنانا - دونا چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) مزار پر پھول یا شیرینی کا چڑھنا - دونا دینا (متعدی) حضرت علی یا حضرت فاطمہ کی نیاز دینا - دونا ماننا (متعدی) عو نذر ماننا - دونا ہو جانا یا ہونا (لازم) دوہرا ہو جانا - ٹیڑھا ہو جانا -

دَونا - دونا (ہ - مذکر) ایک قسم کا پودا - دَونا مروا (مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس -

دُونا (ہ - صفت) ۱ دگنا - دوچند - دوبالا ۲ دہرا - دونا دُون (صفت) چار چند - زیادہ بہت زیادہ -

دَونچا (ھ - مذکر) پاڑ - مچان -

دَونڈ - دَونڈہ (ف - صفت) ۱ دوڑنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو بہت تیز دوڑے (دویدن - دوڑنا) -

دَونڈ - دَونڈوہ (س - مذکر) ۱ جوڑا - جگ - جوت - وکڑا ۲ زوج - جفت ۳ جوڑا ہونا ۴ کوئی دو مختلف خاصیتوں کی چیزیں جن کا اکٹھا ذکر کیا جائے - جیسے گرمی - سردی - خوشی - رنج -

دونڈے خاں (- ۱۷۷۳) روہیلا اپنے رہیلوں کی حکومت قائم کی مگر جنگ روہیلا سے کچھ روز پہلے وفات پائی -

دَونکنا (ھ - لازم) دھاڑنا - غرانا - چنگھاڑنا - دھڑوکنا -

دونکی (ھ - مونث) دھونکنی -

دَونگرا - دونگرا - دونگڑا - دونگڑا (ھ - مذکر) زور کی بارش جیسے برسات کے شروع میں ہوتی ہے - دونگڑے خون کے برسنا (لازم) سخت خونریزی ہونا - سخت جنگ ہونا -

دونگن (چین - مذکر) چینی مسلمانوں کا نام -

دوؤ - دوؤُ (ھ - صفت) دونوں -

دِوو داس (س - مذکر) ۱ بنارس کا ایک راجہ جو علم وید ک کا بانی خیال کیا جاتا ہے - دھنونتری ۲ بھرد واج کا نام جس پر اندر بہت مہربان تھا -

دوواَلِک (س - مذکر) ایک قوم -

دوہ (ہ - امر) دوہنا کا - دوہا (ماضی) دوہنا کی - دوہاؤ (ھ) کاشتکار کے مویشی سے زمیندار کا دودھ لینے کا حق - دوہن (س) ۱ دوہنا - دودھ نکالنا ۲ دوہنے کا نتیجہ - دودھ جو دوہا جائے ۳ وہ جانور جو دودھ دے ۴ وہ چیز جس سے حسب خواہش چیز نکلے ۵ دودھ دوہنے کا برتن - دوہنا (متعدی) ۱ دودھ نکالنا ۲ (مذکر) دیکھو دوہن - دوہنی (مونث) دودھ دوہنے کا برتن - دوہی (س) ۱ دودھ دوہنے والا ۲ حسب خواہش چیز دینے والا ۳ گوالا - گھوسی - دودھ والا - دوہیا (ھ) دیکھو دوہی ۱ ۳ -

دُوہائی (ہ - مونث) دو دفعہ ہائے کرنا ۱ امداد انصاف یا رحم کے لئے فریاد ۲ داد خواہی - استغاثہ ۳ منادی - اعلان ۴ حلف - قسم - سوگند ۵ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - رام دہائی - سرکار کی دہائی ۶ (حرف ندا) الامان - المدد - رحم رحم - انصاف انصاف - دوہائی پکارنا (متعدی) دوہائی کا لفظ زبان پر لانا - فریاد کرنا - دوہائی پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) منادی کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا - اشتہار کرنا - دوہائی تہائی کرنا یا مچانا (متعدی) فریاد کرنا امداد کے لئے - دوہائی دینا (متعدی) ۱ فریاد کرنا - کسی کا نام لے کر فریاد کرنا ۲ شور کرنا - غل مچانا - دوہائی کرنا کھینچنا (متعدی) فریاد کرنا - دوہائی مانگنا (متعدی) پناہ مانگنا - دوہائی ہونا (لازم) فریاد ہونا - دوہائی کی آواز ہونا دوہائی ہے - فریاد ہے - الامان - المدد -

دوہتا (ھ - مذکر) بیٹی کا بیٹا - دوہتی (مونث) بیٹی کی بیٹی - دَوہتر (س - مذکر) ۱ بیٹی کا بیٹا ۲ ایک راجہ ۳ گینڈا جانور ۴ تل ۵ بھوری گائے کا دودھ -

دوہد (ھ - مذکر) ۱ بیمار کی خواہش ۲ سخت فضول خواہش ۳ حاملہ عورت کی خواہش ۴ وہ چیز جس کی خواہش ہو ۵ حمل - دوہدلکشن (مذکر) جنین -

دوہد (ہند) ضلع پنچ محال میں ایک قصبہ (۱۳) -

دوہر (ھ - مذکر) ریتلی زمین -

دوہرا (ھ - صفت) ۱ دو تہ کا - دگنا - دونا ۲ خمیدہ - ٹیڑھا ۳ مرکب ۴ (ہ - مذکر) ہندی بیت ۵ دولائی - **دوہرا آرہ دنتی** (صفت) آرہ نما - پتا جس کے کنارے آرے کی طرح کٹے ہوں - **دوہرا پریلا** (عن - صفت) دو پریا - **دوہرا اتیا** (عن صفت) سہ رکنی مکر - **دوہرا شبد** (مذکر) مرکب لفظ - **دوہرا گول کٹا** (صفت) دوہر - کنگرے دار - **دوہرا ہوجانا یا ہونا** (لازم) ٹیڑھا یا خمیدہ ہونا - دونا ہونا - **دوہری** (صفت مونث) دوہرا کا - **دوہرے** (غف) چھالیا - **دوہری بات** (مونث) ذومعنی بات - وہ بات جس کے دو مطلب ہوں - **دوہری لاگ** (مونث) تناسب -

دوہرا (ھ - امر) دوہرانا کا - **دوہرانا** (متعدی) دیکھو دہرانا - **دوہراؤ** - **دوہراوا** (مذکر) **دوہرائی** (مونث) دیکھو دہراؤ -

دوہَڑکا (ھ - مذکر) دوہرا - ہندی بیت -

دوہلا (مذکر) **دوہلی** (ھ - مونث) ۱ وہ زمین جو کسی کو خدمت کے صلے میں عطا کی جائے - ۲ وہ زمین جو برہمنوں کو خیراتی کاموں کے لئے بلا مالگزاری دی جائے -

دُوہیا (ھ - صفت) دومنہ کا چولھا - دوہرا چولھا -

دوئی (ھ - صفت) ۱ دو ۲ (مونث) دیکھو دو کے تحت میں -

دُوی (ف - صفت) ۱ دو دو ۲ دگنا - دوہرا ۳ (تف) دو دو کر کے -

دُوی (س - صفت) دو - ہندی میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **دوِیپ** (مذکر) ۱ دو دفعہ پینے والا - ہاتھی ۲ ایک درخت - **دوی پد** (صفت) ۱ دو پاؤں کا ۲ (مذکر) دو پاؤں کا جانور - اس قسم میں دیوتا - راکھشس - انسان اور پرندے شامل ہیں ۳ ایک بحر یا وزن ۴ ایک گانا اس وزن پر ۵ گئی راسوں کا نام - **دوی پرشت** (جین) دوسرا سیاہ واسودیو - **دوِج** (صفت) ۱ دوبارا پیدا ہونیوالا ۲ (مذکر) ہندوؤں کی تین بڑی ذاتوں میں سے کوئی برہمن چھتری یا ویش جنیو کی رسم پر دوبارا جنم سمجھا جاتا ہے ۳ کوئی جانور جو انڈے سے پیدا ہو - **دوِج پتی** (مذکر) سوم یا چاند - چونکہ دوبار پیدا ہوا ہے - ایک دفعہ اتری کی آنکھ سے دوسری دفعہ دودھ کے سمندر سے - **دوِجراج** ۱ پرندوں کا راجہ "گرڑ کا لقب" ۲ "سانپوں کا راجہ" اننت کا لقب ۳ دوبار پیدا ہونیوالوں کا راجہ - چاند کا لقب -

دوی گت (مذکر) ایک بھار گو کا نام - **دوی گن** (صفت) ۱ دگنا - دوہرا ۲ دو قسم کا - **دوی مُوردھن** (عص) ایک اُسر - **دوی میدھ** (عص) ہستن کا بیٹا اور سُوتر کا پوتا - **دوی وِد** (مذکر) ۱ ایک بندر جو کرشن جی کے ہاتھ سے مارا گیا تھا ۲ ایک بندر جو راجہ رامچندر جی کا مددگار تھا اور اشوین کا بیٹا تھا - **دوی ورن** (صفت) ۱ دو رنگا ۲ تشدید - **دوی ورن رتھ** (مذکر) ساکی منی کا ایک بزرگ - **دوی وید** (مذکر) دُبے - **دوی بودھ** (عص) کرشن جی کا رتھ بان -

دِوَیا (ھ - صفت) دینے والا - داتا -

دوِیپ (س - مذکر) ۱ جزیرہ ۲ جزیرہ نما ۳ حفاظت یا پناہ کی جگہ ۴ دنیا کا ایک حصہ - براعظم - ملک ۵ ہندوؤں نے دنیا کو سات حصوں میں تقسیم کیا ہے جو کوہ میرو کے دامن میں کنول کے پھول کی طرح واقع ہیں اور ان کے درمیان سمندر ہیں - انکے نام ۱ جمبو ۲ پلکش ۳ سالمل ۴ کُس ۵ کرونچ ۶ ساک اور ۷ پشکر ہیں - سمندروں کے نام ۱ لون (کھاری پانی) ۲ اکشو (گنے کا رس) ۳ سُرا (شراب) ۴ سرپس یا گھرت (گھی) ۵ ددھی (دہی) ۶ دُگدھ یا کشیر (دودھ) ۷ جل (تازہ پانی) ہیں - **دوِیپ کرنی** (مذکر) ایک راجہ **دوِیپ کلپ** (مذکر) جزیرہ نما - **دوِیپ کمار** (عص) جینیوں کے ایک قسم کے دیوتا - **دوِیپی** (مذکر) ۱ جزیرے کا باشندہ ۲ شیر - **دوِیپیہ** (صفت) ۱ جزیرے میں رہنے والا - جزیرے کا - جزیرے کے متعلق ۲ (مذکر) ایک قسم کا کوا ۳ ویاس جی -

دَوَیپ (س - صفت) جزیرے میں رہنے والا - **دوِیپایَنہ** (مذکر) "جزیرے میں پیدا ہونیوالا" - ویاس جی - **دوِیپک** (مذکر) ۱ جزیرے کا باشندہ ۲ (صفت) جزیرے میں رہنے والا -

دوِیش (س - مذکر) ۱ نفرت - حقارت - کراہت - گھن - تنفر ۲ دشمنی - عداوت - مخالفت - کینہ -

دَوَیو (س - صفت) ۱ آسمانی - خدائی - نارایَنی ۲ فوق العادت - اعجازی -

دِوْیَہ (س - صفت) ۱ آسمانی - فلکی ۲ الٰہی ۳ اعجازی - فوق العادت ۴ طلسماتی - پرافسوں - عجیب ۵ روشن - چمکدار - درخشاں ۶ خوبصورت - حسین ۷ خوشگوار - پسندیدہ ۸ (مذکر) امتحان - آزمائش - پرکشا ۹ قسم - سوگند - سوں ۱۰ وعدہ - اقرارنامہ صالح - **دوِیہ کت** (مذکر) **دوِیہ کنڈ** (مذکر) ایک جھیل - **دوِیہ یمنا** (مونث) کامروپ میں ایک دریا -

دَہ (ہ - مذکر) ۱ بہت گہرا پانی ۲ بہت گہرا جوہڑ ۳ گہرائی - عمق ۴ بھنور - گرداب - چکر ۵ جھیل ۶ دریا - **دہ بیٹھنا** (لازم) صبر کرنا **دہ جانا** (لازم) گرجانا - تہ میں بیٹھ جانا -

دَہ (ف - عدد) دس - دہا (مذکر) ۱ مہینے کے ہر دس دن - عشرہ ۲ عشرہ محرم - محرم کا مہینہ - محرم کی دسویں تاریخ ۳ تعزیہ ۴ چھوٹا سا دائرہ جو دس دس آیتوں کے بعد قرآن شریف میں بنا دیتے ہیں ۵ دہائی - **دہ آک** (مذکر) دس بدیاں - ضحاک کا نام - چونکہ اس میں دل اور بدن کے دس نقص تھے ۱ بدصورتی ۲ چھوٹا قد - ۳ بے حد غرور ۴ بے حیائی ۵ بہت کھانا ۶ فحش گوئی ۷ بے رحمی ۸ جلدبازی ۹ جھوٹ ۱۰ بزدلی - **دہائی** (مونث) دس - **دہ پنجی** (مونث) کھوٹا سونا - **دہ چند** (صفت) دس گنا - **دہ چندگی** (مونث) مذاقاً بندگی کا جواب دس گنا بندگی - **دہ حواس** (مذکر) پانچ ظاہری پانچ باطنی حواس - **دہ در دَہ** (صفت) دس گز لمبا دس گز چوڑا - ایسے تالاب کا پانی مسلمان پاک سمجھتے ہیں - **دہ دِلا** (صفت) ۱ جو ہمیشہ اپنے اصول بدلتا رہے ۲ بیوفا

۲ بہادر - دلیر ۳ متلون ۴ لامذہب - دہ دہی (مونث) کھرا سونا - دہ رگا (صفت) ۱ بہادر ۲ صاحب غیرت ۳ حرامزادہ - دہ روز (مذکر) تھوڑا سا عرصہ - دہ روزہ (مذکر) دس دن کا مجموعہ - عشرہ - دہ زبانی (مونث) ایک بات پر قائم نہ رہنا - دہ سالہ (صفت) ۱ دس سال کا ۲ دس برسی - دہ سنی (صفت) ۱ دس سال کا ۲ دس سال کے لئے ۳ (مونث) ایک رجسٹر جس میں دس سال کا حال درج ہو - دہ سیرا (مذکر) سیری (مونث) دس سیر کا وزن - دہم (صفت) ۱ دسواں ۲ محرم کی دسویں (تاریخ) دہ مرد کا (مذکر) وہ جو دس آدمیوں کا کام کرے - دہ مردہ (صفت) ۱ جس میں دس آدمی ہوں ۲ دس آدمیوں کو اٹھانے کے قابل ۳ (مذکر) دس آدمیوں کا دستہ ۴ گاڑی جس میں دس آدمی بیٹھ سکیں دہ منی (صفت) جس میں دس من آجائے - دہ نیمی (مونث) پانچ فیصدی - دہ یک یا یکی (مونث) ۱ دسواں حصہ ۲ دس میں سے ایک ۳ دس فیصدی دہ ہزار یا ہزاراں (مذکر) نرد کی چوتھی بازی - دہ ہفت (مذکر) ایک قسم کا روپیہ جو قدیم زمانے میں رائج تھا -

امثال و اقوال - دہ پوٹیش

شلیتہ بھاری - شلیتہ بھاری ہو تو دس دفعہ پوٹیش کی آواز نکلتی ہے - مصیبت زدہ شکایت کرتا ہے - دہ در دنیا ستر (صد) در آخرت - دس دنیا میں خرچ کرو تو ستر یا سو آخرت میں ملتے ہیں - خیرات کی تعریف میں ہے - دہ درویش در گلیمے بخسپند - ودو بادشاہ در اقلیمے نگنجند - دس فقیر ایک گلیم میں سو سکتے ہیں مگر دو بادشاہ ایک اقلیم میں نہیں رہ سکتے - دہ رواں دہ دواں دہ پراں - مسلمان روزوں کے متعلق کہتے ہیں - پہلے دس مشکل سے گزرتے ہیں - دوسرے دس جلدی جلدی گزرتے ہیں اور آخری دس اڑتے ہوئے جاتے ہیں -

دِہ (ف - مذکر) گاؤں - قریہ - دہات (مذکر) دہ کی جمع - دہاتی (صفت) گاؤں کا - دہ بندی (مونث) گاؤں کی مفصل فہرست اور ان کی مالگزاری - دہ جمع (مونث) گاؤں کی مالگزاری -

دِہ (ف - صفت) دینے والا - مرکبات میں جیسے آرام دہ - تکلیف دہ (دادن - دینا) -

دُہ (ھ - صفت و مذکر) دینے والا - ہندی مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے -

دُہ (س - صفت) بجائے دُس کے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - دہسہ (صفت) ۱ ناقابل برداشت - ناقابل مقابلہ ۲ (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۳ ایک اسر ۴ پروکتسا - دہسہا (مونث) سری کا نام - دہشاسن (صفت) مشکل سے قابو میں آنے والا ۲ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا - دہشل (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا - دہشلا (مونث) دھرت راشٹر کی ایک ہی بیٹی کا نام جو جیدرتھ کی بیوی تھی -

دَھ (ھ - مذکر) ۱ ناگری الف ب ت کا انیسواں ویجن اور تو رگ الفاظ میں سے چوتھا حساب ابجد میں د اور دھ علیحدہ شمار ہوتے ہیں ۲ (س) برہما جی یا کوبیر کا نام ۳ گانے میں چھٹا سُر ۴ نیکی - خوبی ۵ دولت - جائداد -

دھا (س - صفت) دینے والا ۲ (مذکر) برہما جی یا برہسپتی -

دَھا (ہ - مذکر) ۱ چھٹا سُر ۲ ترانہ - آہنگ ۳ دودھ پلانے والی - انا - دائی -

دھابا (ہ - مذکر) ۱ مٹی کی ہموار چھت ۲ مکان جس کی چھت ایسی ہو ۳ ہندوؤں کا ہوٹل - (س - دھائک) -

دھابری (ھ) دھابلی (ہ - مونث) ۱ مرغیوں کا ڈربا ۲ کبوتر خانہ - کابک (دھابا سے) -

دھابھائی (ھ - مذکر) دودھ شریک بھائی - رضاعی بھائی -

دھاپ (ھ - مذکر) ۱ وہ فاصلہ جو انسان بغیر ٹھہرنے کے دوڑے - تقریباً نصف میل ۲ فاصلہ - بُعد - دوری - انتر ۳ میدان ۴ گھاٹ رستہ ۵ فٹ - بارہ انچ -

دھاپنا (ھ - متعدی) ۱ بھرنا ۲ تسلی کرنا ۳ سیر کرنا ۴ (لازم) بھر جانا ۵ سیر ہونا ۶ تھکنا -

دَھات (ہ - مذکر) ۱ عنصروں کی ایک خاص قسم جن میں مفصلہ ذیل خاصیتیں پائی جاتی ہیں - تیزاب سے مل کر مختلف اقسام کے نمک بناتے ہیں - عموماً سخت - بھاری اور چمکدار ہوتے ہیں - کوٹے جا سکتے ہیں - انکا تار کھینچا جا سکتا ہے - مشکل سے ٹوٹتے ہیں - گرمی اور بجلی ان میں سے گزر جاتی ہے - پہلے زمانے میں صرف سونا چاندی تانبا - رانگا لوہا اور سیسہ دھات سمجھے جاتے تھے - بعد کو پارہ بھی دھاتوں میں شمار ہونے لگا کیونکہ یہ سردی سے جم جاتا ہے اور پھر کوٹا جا سکتا ہے - آجکل اور بہت سے دریافت ہو چکے ہیں - دیکھو عنصر ۲ دھاتوں کا مرکب - جیسے پیتل ۳ منی (س دھاتُ) دھات آنا (لازم) پیشاب میں منی نکلنا - دھات چھین (مونث) منی کی کمزوری -

دھاتا (س - مذکر) ۱ وہ جو رکھے ۲ بانی ۳ بنانے والا - خالق ۴ مصنف ۵ بچانے والے پالنے والا ۶ والدین ۷ برہما جی ۸ ایک آدتیہ - ودھاتا و دھاتا ۱ (مذکر) برہما جی ۲ دوا ور دیوتاؤں کا نام -

دھاتُپ (س - مذکر) دیکھو دھاتو -

دھاتر (س - مذکر) ۱ دیکھو دھاتا ۲ پیدائش - دولت - صحت - وقت - موسم وغیرہ کا دیوتا ۳ بھرگو اور خیاطی کا بیٹا ۴ ۴۹ ہواؤں میں سے ایک ۵ آشنا - یار - دھگڑا ۱ مشتری کے قرن کا دسواں یا چالیسواں سال ۲ چوتھے منونترے کا ایک رشی دھاتر پتر (مذکر) سنت کمار -

دھاتری (س - مونث) ۱ ماں ۲ سرسوتی کا لقب ۳ دائی - انا - دودھ پلائی ۴ زمین

۵ ایک درخت۔
دھانکی (س۔ مذکر) راجہ ورتی ہوتر
پرپورت کے دو بیٹوں میں سے ایک۔ دھانکی
شنڈ (مذکر) پشکر دویپ کا ایک ورش جس پر دھانکی
حکومت کرتا تھا۔
دھاتو (س۔ مذکر) ۱ عنصر۔ تت۔
تتو ۲ پانی۔ آگ۔ ہوا۔ مٹی ۳ بدن کے اصل اجزا
۴ اصلی یا ضروری رس ۵ بدن کی تین خلطوں میں سے
کوئی۔ بلغم۔ صفرا۔ ریاح ۶ مواد جو بہے ۷ بدن کی
کوئی رطوبت۔ کیلوس۔ خون۔ منی۔ چربی۔ گوشت۔
ہڈی۔ گودا ۸ پانچ خاصیتوں میں سے کوئی جو حواس سے
محسوس ہو آواز۔ رنگ۔ مزہ۔ بو۔ لمس ۹ دھات
معدنی شے ۱۰ الفاظ کی اصل صورت۔ فرع۔ جڑ۔
دھاتو بدیا (مونث) دھاتوؤں کا علم۔ دھات
صاف کرنے کا کام۔ دھاتوپ (مذکر) اصلی رس
کیلوس۔ دھاتو پاٹھ (مذکر) ایک قدیم فہرست
دھاتوؤں کی جو پانِنی نے مرتب کی تھی۔
دھائی (س۔ مونث) ۱ دشمن کی
طرف بڑھنا۔ حملہ کرنا ۲ حملہ۔ دھاوا۔
دَہار (ھ۔ مذکر) زمین جس پر بارش
کے بعد پانی کھڑا رہے۔ دلدلی زمین۔
دھار (ہ۔ مونث) ۱ کسی گرتی ہوئی
سیال چیز کا تار یا تللی ۲ خط۔ لکیر ۳ تلوار وغیرہ کی باڑھ
یا تیزی ۴ دریا کا وسط یا بہاؤ ۵ پہاڑوں کا سلسلہ ۶
دودھ یا شراب جو دیوتا کو چڑھائی جائے ۷ پیشاب۔
۸ (س) درخت کا تنہ جو کوئیں کے منہ میں پھنسا دیتے
ہیں کہ کوئیں کی دیوار نہ گرے ۹ بارش کا چھینٹا ۱۰ حد۔
ڈانڈا ۱۱ ۱۲ ادھار (س دھر سے جانا) دھارا
(مذکر) ۱ دیکھو دھارا و ۳ و ۴ و ۵ و ۹ ۲ (س) انبوہ۔
ہجوم۔ جگھٹ ۳ قطرہ۔ دھارا دار (صفت)
جس کے پتے نالی دار ہوں۔ نالی دار۔ دھارا
واس یا وات (س) شہروں کے نام۔ دھارا
شور (س) دریائے گوداوری پر ایک مقام۔ دھار

الٹ جانا (لازم) باڑھ کند ہو جانا۔ دھار
باچھ (مذکر) مالگزاری محصول وغیرہ کی برابر تقسیم۔
دھار باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) دھار کا
جادو وغیرہ کے زور سے کند ہو جانا۔ نکما ہو جانا۔ دھار
بند ہو جانا یا بیٹھ جانا (لازم) باڑھ کند ہو جانا۔
دھار پر مارنا (متعدی) ۱ پروا نہ کرنا۔ خاطر یا خیال
میں نہ لانا ۲ نالائق سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔ دھار چڑھانا
(متعدی) دیوتا یا گنگا جمنا پر منت مان کر دودھ کی
دھار ڈالنا۔ دھار چڑھنا (لازم) دیکھو آخری۔
دھار چھوٹنا (لازم) زور سے دھار نکلنا۔ دھار
دار (صفت) تیز۔ باڑھ دار۔ دھار دُھرا
یا دُھورا (مذکر) ۱ وہ حد جو ندی کی وجہ سے بن
جائے ۲ دو گاؤں کے درمیان حد۔ دھار دھرنا
(ھ) ۱ تیز کرنا ۲ پھٹکنا۔ دھار دینا (ھ) دودھ
دینا۔ دھار رکھنا (متعدی) ۱ باڑھ رکھنا۔ تیز کرنا۔
دھار کر جانا یا کرنا (متعدی) کند ہونا۔ دانتے
پڑنا۔ دھار کلاں (مذکر) اصل دریا۔ دریا کی
بڑی دھار۔ دھار لگانا (متعدی) موتنا۔ دھار
لینا (متعدی) ۱ منہ میں دودھ کی دھار لینا ۲ تھنوں
سے منہ لگا کر دودھ پینا۔ دھار مارنا (متعدی)
موتنا۔ دھار م دھار رونا (لازم) بہت رونا۔
دھار میں (پہنچ کر) ڈوب گیا۔ ہمت کر کے
پست ہمت ہو گیا۔ دھار نکالنا (متعدی) ۱ دودھ
دوہنا ۲ تیز کرنا۔ دھار نکلنا (لازم) دودھ دوہنے
میں فوارے کی طرح نکلتی چلنا۔ دھاروں رونا
(لازم) بہت رونا۔ آنسوؤں کا تار لگانا۔ دھاری
(مونث) ۱ لکیر۔ خط ۲ کپڑے یا کسی چیز پر باریک
یا چوڑی لکیر ۳ نالی ۴ (ھ) چھوٹا پشتہ ۵ فوج ۶ حد۔
کنارہ۔ دھاریدار (صفت) وہ جس پر خط
پڑے ہوں۔
دھار (ہند) وسط ہند ایجنسی میں
ایک ہندو ریاست رقبہ ۱۷۷۸ (۲۲۳) ۲
راجدھانی (۱۶)۔

دھارا (۱۵۹۱ -) بن راجہ ٹوڈر
مل۔ مرزا جانی بیگ حاکم ٹھٹھ سے جنگ کرتا ہوا
مارا گیا۔
دھاراپورم (ہند) ضلع کوئمبٹور
میں ایک قصبہ (۸)۔
دھارتیہ (س۔ مذکر) ایک
جنگجو قوم کا نام۔
دھارشٹ (ھ۔ مذکر) ایک
ہندو ذات۔
دھارک (س۔ صفت)
۱ پکڑنے والا ۲ جس میں کوئی چیز آ جائے ۳ (مذکر)
وہ جو صندوقچی وغیرہ پکڑے ۴ مقروض ۵ برتن یا صندوقچی
جس میں کوئی چیز رکھی جائے ۶ گھڑا۔ دھارکا (مونث)
شرمگاہ۔
دھارمِک (ھ۔ صفت) ۱ نیک
نیک چلن۔ صالح ۲ منصف ۳ پابند مذہب۔
بھگت۔
دھارن (س۔ مذکر) ۱ پکڑنا
۲ لیجانا ۳ برداشت کرنا۔ اٹھانا ۴ رکھنا ۵ پہننا ۶
بچانا ۷ پرورش کرنا ۸ لینا۔ قبضہ کرنا ۹ حاصل کرنا ۱۰
ذمہ لینا۔ دھارنا (مونث) ۱ یاد رکھنا ۲ یادداشت
۳ نیک رہنا۔ راہ راست پر رہنا ۴ قیام۔ استواری۔
مستعدی ۵ قابلیت عقل وغیرہ رکھنے کی۔ دھارن
کرنا (متعدی) دیکھو دھارنا۔
دھارنی (س۔ مونث) ۱ سیدھی
لکیر ۲ بدن کی کوئی نالی ۳ درد کو بند کرنے کا منتر ۴ قطار۔
صف ۵ سودھا کی بیٹی۔
دھارن (س۔ صفت) ۱ دیکھو
دھارک ۱ و ۲ ۲ یاد رکھنے والا ۳ (مذکر) دو قسم کے
درختوں کا نام۔ دھارنی (مونث) ۱ زمین ۲ ایک
دیوی ۳ سودھا کی لڑکی ۴ اگنی منتر کی بیوی ۵ دیوتاؤں
کی ۴۷ بیویوں کا نام۔
دھارنا (ھ۔ متعدی) ۱ دیکھو

دھارن ۷ تا ۹ وغیرہ ۷ مقروض ہونا ۸ پانی ڈالنا۔ پانی کی دھار ڈالنا ۹ گرم پانی کی دھار ڈالنا۔ سینکنا گرم دوائی سے۔

دھاروار (ہند) ۱ صوبہ بمبئی میں ایک ضلع رقبہ ۴۶۰۰ (۱۱۰۲) ۲ صدر مقام (۳۵)

دھاری (س۔ صفت و مذکر) پکڑنے والا وغیرہ دیکھو دھارن۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جٹا دھاری۔ جید دھاری۔

دھاریشور (س۔ مذکر) دریا کا مالک راجہ بھوج کا لقب۔

دھاریوال (ہند) ضلع گورداسپور میں ایک قصبہ جہاں اونی کپڑے کا بہت بڑا کارخانہ ہے۔

دہاڑ (ہ۔ مونث) ۱ شور۔ غل ۲ گرج ۳ شیر کی آواز (س دھراڑ۔ بہنا) **دہاڑنا** (لازم) ۱ غل مچانا۔ شور کرنا ۲ بچوں کا غل مچا کر رونا ۳ شیر کا بولنا۔ غرانا۔ **دہاڑیں مار کر رونا یا مارنا** (متعدی) زور زور سے رونا۔ چیخنا۔ چلانا۔

دھاڑ۔ دھاڑا (ہ۔ مونث) ۱ مجمع۔ بھیڑ۔ انبوہ ۲ ڈاکہ ۳ (ھ) پانی کی دھار۔ آبشار (س دھراڑ۔ بہنا) **دھاڑا کا دھاڑا** (عو) بہت آدمیوں کا ہجوم۔ **دھاڑا مارنا** (متعدی) دیکھو دھاڑ دینا۔ **دھاڑ پڑنا** (لازم) جلدی ہونا۔ **دھاڑ دینا** (ھ) **یا مارنا** ۱ ڈاکا مارنا ۲ دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔ **دھاڑ کی دھاڑ** (مونث) مجمع۔ انبوہ۔ **دھاڑی** (صفت) دھاڑا مارنے والا۔ چور۔ ڈاکو۔

دہاڑا (ہ۔ مذکر) ۱ حالت۔ درجہ۔ گت ۲ براحال۔ درگت ۳ دن۔ دوپہر۔ ان معنوں میں دن دہاڑے استعمال ہوتا ہے (س دشا) **دہاڑی** (ھ۔ مونث) روزانہ مزدوری۔

دھاک (ہ۔ مونث) ۱ شہرت۔ شہرہ۔ غلغلہ۔ دھوم ۲ ڈر۔ خوف ۳ رعب داب۔ دبدبہ ۴ شان۔ شوکت (س دھرش۔ بہادر ہونا) **دھاک باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ رعب ہونا۔ سکہ بیٹھنا۔ **دھاک بٹھانا** (متعدی) **بیٹھ جانا یا بیٹھنا یا پڑنا** (لازم) رعب ہونا۔ سکہ جمنا۔ **دھاک جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) رعب قائم ہونا۔ **دھاک ہونا** (لازم) ۱ شہرہ ہونا ۲ رعب ہونا۔

دھاک (ھ۔ مونث) ۱ کھمبا۔ ستون ۲ دیکھو ڈھاک۔

دَہاک (ف۔ مذکر) دس کی جگہ گنتی میں۔ **دہاکا** (مذکر) ۱ دس۔ دس کا مجموعہ ۲ دہائی۔ دس کی جگہ۔

دَہاکا (ہ۔ مذکر) ۱ نقصان ۲ صدمہ۔ غم۔ رنج ۳ خوف۔ ڈر (دہنا سے) **دہاکا بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) صدمہ گزرنا۔ دہشت بیٹھنا۔ خوف طاری ہونا۔ **دہاکے دینا** (متعدی) ۱ دھمکی دینا۔ ڈرا دینا۔ خوف دلانا ۲ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

دھاکر (ھ۔ صفت) دوغلا۔

دھاکرا (ھ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک قوم ضلع آگرہ میں۔

دھاکھ (ھ۔ مذکر) ۱ دھاکھا ۲ (مونث) دھاک۔ **دھاکھا** (مذکر) جھولا۔ پینگ۔

دھاگا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈور۔ سوت۔ تاگا۔ تار (باندھنا۔ بندھنا کے ساتھ) ۲ دھوکا۔ دم۔ فریب (دینا کے ساتھ) (س دھا۔ بنانا) **دھاگا پرونا** (متعدی) سوئی میں دھاگا ڈالنا۔ **دھاگا پڑنا** (لازم) دھاگا ڈالنا کا۔ **دھاگا دینا** (متعدی) فریب دینا۔ **دھاگا ڈالنا** (متعدی) ۱ سوئی میں دھاگا ڈالنا ۲ رضائی وغیرہ کو دھاگے سے سینا۔ نگندے ڈالنا ۳ زیور میں ریشمی دھاگا باندھنا۔ جیسے جگنی وغیرہ میں۔

دھالا (ھ۔ مذکر) ۱ ندی۔ سوہا ۲ ایک قسم کا محصول جو گاؤں والوں پر لگایا جاتا ہے۔ دھابا چھ۔

دھالکشور (ہند) ایک نالہ جو گنگا کا معاون ہے۔ اسے دوراکیشور بھی کہتے ہیں۔

دہالیز (ع۔ مونث) دہلیز کی جمع۔

دَھام (س۔ مذکر) ۱ گھر۔ خانہ۔ مکان ۲ بہشت۔ سُرگ ۳ شان و شوکت۔ اردو میں ان معنوں میں دھوم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۴ ایک قسم کی آکاسی مخلوق۔ **دھامن** (مذکر) ۱ مکان۔ گھر ۲ پوترا گنی اور سوما کا ستھان ۳ منظور نظر شخص یا چیز ۴ خوشی۔ فرحت ۵ خاندان کا آدمی ۶ جماعت۔ گروہ۔ فوج کے آدمی ۷ قانون۔ قاعدہ ۸ حالت۔ طریقہ ۹ شکل۔ صورت۔ طرز۔ ادا ۱۰ شان شوکت جلال ۱۱ طاقت۔ قوت۔ اثر ۱۲ چوتھے منونتر کے دو رشیوں کا نام۔ **دھامنی** (مونث) بدن کا کوئی نالی دار حصہ۔ رگ۔ نس۔ **دھامی** (مونث) دیکھو دھامن۔

دُہام (ع۔ صفت) ۱ سیاہ ۲ (مذکر) نراونٹ۔

دَھاما (ھ۔ مذکر) ٹوکرا بیت کا بنا ہوا۔ **دھامی** (مونث) ۱ دھاما کی تصغیر۔ ٹوکری۔

دھاماپور (ہند) ضلع رتناگری میں ایک قصبہ۔

دھامپور (ہند) ۱ ضلع بجنور میں ایک تحصیل رقبہ ۳۲۳ (۱۸۲۰) ۲ ایک قصبہ (۷)

دھامرہ (ہند) ۱ بنگال میں ایک دریا۔ برہمنی اور بیتارنی کے ملنے سے بنتا ہے ۲ ایک بندرگاہ ۳ ایک خلیج۔

دھامن (ھ۔ مذکر) ایک اژدہا جو گایوں کا دودھ پی جاتا ہے اور بے ضرر ہے ۲ ایک قسم کی لکڑی ۳ ایک قسم کا بانس جس کی کمانیں بنتی ہیں ۴ ایک قسم کی گھاس۔

دھامیان (ھ۔ مذکر) ایک ہندو فرقہ جو پرانا تھ کا پیرو ہے۔ جو ۱۷ صدی میں بندیل

گھنڈ میں پیدا ہوا تھا۔

دَہان (ف - مذکر) ۱ منہ - دہن ۲ سوراخ - روزن ۳ زخم کا منہ - **دہان بند** (صفت) نقاب ۲ منہ کا چھینکا - **دہانِ آتشبت** (مذکر) دبر - گانڈ - **دہانِ زخم** (مذکر) دیکھو دہن زخم - **دہانِ ضیغم** (مذکر) برج اسد کا پہلا مقام - **دہان کھلنا** (لازم) کھولنا (متعدی) دیکھو دہن - **دہان کیسہ زر کھول دینا** (متعدی) بہت خرچ کرنا - **دہان گیر** (صفت) جو دوسرے کو فضول باتیں نہ کرنے دے -

دہانہ (مذکر) ۱ کوئی چیز جو منہ کے مشابہ ہو ۲ منہ - دہن ۳ دریا کے سمندر یا جھیل میں گرنے کا مقام ۴ موری یا بدرو کا منہ ۵ وادی کا شروع کا حصہ ۶ مشک کا منہ ۷ لوہے کا ٹکڑا جو گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں اور جو زبان کے اوپر رہتا ہے ۸ جولاہوں کا ایک اوزار ۹ کوئی چیز جیسے چاقو کی نوک پر اس کے محفوظ کرنے کیلئے لگاتے ہیں ۱۰ پیتل کا زنگ ۱۱ ایک قیمتی سبز پتھر - **دہانۂ فرنگ** (مذکر) دہانہ ۱۱ - **دہانہ کھولنا** (متعدی) **کھلنا** (لازم) مشک کا منہ کھلنا ۲ موری کا منہ کھلنا ۳ پیشاب نکلنا - پانی نکلنا -

دَھاں (ہ - مونث) توپ یا بندوق کی آواز -

دَھان (ہ - مذکر) ۱ چاولوں کا پودہ ۲ چھلکے دار چاول ۳ ایک قسم کی آتشبازی (س دھانی) **دھان پان** (صفت) نازک اندام - دبلا - پتلا - **دھان کٹی - کٹّی** (ہ - مونث) دھان کی کٹائی - **دھان کُٹا** (مذکر) دھان کے کوٹنے کا موسل - **دھان کُٹی** (مونث) دھان کو کوٹ کر چاول نکالنے کے لئے - **دھان کی کھِلّیاں یا کھیلیں** (مونث) گیلے چاولوں کو بھونتے ہیں تو وہ کھول جاتے اور بہت خستہ ہو جاتے ہیں - انہیں کھلیاں یا کھیلیں کہتے ہیں - **دھانی** (صفت) ۱ دھان کے رنگ کا ہلکے سبز رنگ کا ۲ (مذکر) ہلکا سبز رنگ ۳ ایک قسم کا چاول ۴ وہ زمین جس میں دھان بوئے جائیں -

دھانکوٹیا (ھ) دھان کوٹنے والا -

امثال و اقوال - **دھان بچارے بھلے جو کوٹا کھایا چلے** - دھان آسانی سے پک جاتے ہیں - **دھان پان پانی - کاتک سوا جانی** - دھان پان اور پانی کا مزا کاتک میں ہوتا ہے - **دھان پان ہو رہی ہے** - سخت دبلی ہو رہی ہے - **دھان پان پنپولے نانھ جات لتبولے** - (ھ) دھان اور پان کو پانی نہ ملے تو مرجھا جاتے ہیں - **دھان سوکھتا ہے کو اٹر ٹر اتا ہے** - جہاں کھانے کی چیز ہوتی ہے - وہاں سبھی آن پہنچتے ہیں - **دھان کا گاؤں پوال سے جانا جاتا ہے** - آثار اصلیت ظاہر کر دیتے ہیں -

دَہانا (ھ - مذکر) جلانا - آگ لگانا -

دھانا (ھ - لازم) ۱ دوڑنا - بھاگنا ۲ جلدی کرنا ۳ محنت کرنا - مشقت کرنا ۴ (متعدی) پوجا کرنا - پرستش کرنا ۵ دعا کرنا - مانگنا (اردو میں متروک ہے)

امثال - **دھاؤ جو بدھ لکھا سو پاؤ** - دھاؤ دھاؤ کرم لکھا سو پاؤ - کتنی محنت کرو جو قسمت میں لکھا ہے وہی ملے گا - سست اور کاہل آدمی کہتے ہیں -

دَھانا (ھ - مذکر) ۱ دوھان ۲ گاؤں کا وہ حصہ جہاں گونڈ بستے ہیں - **دھاناکٹی** (مونث) دھان کٹی -

دُہانا (ہ - متعدی) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ دوسرے آدمی سے نکلوانا -

دھاندل (ہ - مونث) **دھاندھل** (ھ) ۱ جھگڑا - فساد ۲ بے ایمانی ۳ دھوکا - فریب - چھل ۴ تکرار - حجت (س دوندو - دوا اور دو) **دھاندل پنا** (مذکر) دھاندل - **دھاندل باز** (صفت) دھاندل کرنے والا - **دھاندل کرنا لانا یا مچانا** (متعدی) جھگڑا وغیرہ کرنا دیکھو دھاندل - **دھاندل مچادی** - ناحق کا جھگڑا پھیلا دیا یا بد معاملگی کی - **دھاندلی** (صفت) ۱ وہ جو دھاندل کرے یا امر حق کو چھپائے ۲ (مونث) دھاندل - امر واجبی کو چھپانا - **دھاندلیا** (صفت) دیکھو دھاندلی ۱ - **دھاندلی بازی کرنا** (متعدی) زبردستی کوئی چیز لے لینا - ناحق کی زبردستی کرنا - **دھاندلی کرنا** (متعدی) دغابازی کرنا - زبردستی کوئی چیز لینا -

دھاندھنا (ھ - لازم) بہت کھانا - ہڑپ کرنا - بھکوسنا - دھاندھ ہے - حرص ہے تگڑو ہے -

دھانس (ہ - امر) ۱ دھانسنا کا ۲ (مونث) تیز بو جو گلے میں خراش یا کھانسی پیدا کرے یا چھینک لائے ۳ خراش جو ایسی بو سے پیدا ہو ۴ (ھ) کھانسی یا چھینک جو اس بو کی وجہ سے آئے - (س دنش - کاٹنا) **دھانس چڑھ جانا یا چڑھنا** (لازم) بو کا ناک میں پہنچ کر خراش پیدا کرنا - **دھانسنا** (متعدی) ۱ گھوڑے کا کھانسنا ۲ دیکھو علیحدہ - **دھانسی** (مونث) گھوڑے کی کھانسی -

دھانسنا (ہ - متعدی) ۱ دھنسنا کا - زمین میں دھسا دینا - دھنسا ۲ دیکھو دھانس کے تحت میں -

دھانسی (س - مونث) ایک راگنی -

دھانشری (س - مونث) ایک راگ -

دھانُشک (س - مذکر) تیر انداز - دھانک - **دھانشکا** (مونث) ایک پودا - **دھانشکری** (مذکر) ایک پودا -

دھانک (ہ - مذکر) ۱ تیر انداز - کمانداز ۲ جو کبدار جو تیر و کمان سے مسلح ہو ۳ ایک پہاڑی قوم جو تیر و کمان استعمال کرتی ہے (دھنش سے) **دھانگر - دھانگڑ** (ہ - مذکر) ایک قوم جو کوئیں اور تالاب کھودنے کا کام کرتی ہے -

دھانگی (ہ - مونث) جو چیز حامل

کی جائے (عف)

دھانیہ (س - مذکر) ۱ اناج ۲ چاول ۳ دھنیا ۴ ایک وزن جو چار تل کے برابر ہوتا ہے -

دھاؤ (ھ)، **دھاوا** (ہ - مذکر) ۱ دوڑنا - تیز جانا ۲ حملہ چڑھائی - تاخت - یورش - دوڑ ۳ (ھ) مجمع ہونا - یورش کرنا - (س دھاو پیچھے دوڑنا) **دھاوا بول دینا** (متعدی) حملہ کرنا - **دھاوا کرنا** (متعدی) ۱ چڑھائی کرنا ۲ یورش کرنا - حملہ کرنا - **دھاوا مارنا** (متعدی) ۱ دور تک یورش کرنا ۲ لمبا سفر طے کرنا ۳ یکایک حملہ کرنا - **دھاوا ہونا** (لازم) یورش ہونا - حملہ ہونا (س دھاو - دوڑنا)

دھاونا (ھ - لازم) ۱ دوڑنا - جلدی کرنا ۲ آوارہ پھرنا - پھرنا ۳ بہت چلنا ۴ (متعدی) حملہ کرنا ۵ تعقب کرنا ۶ پرستش کرنا - پوجا کرنا ۷ کوشش کرنا - جتن کرنا -

امثال - **دھاوے گا سو پاویگا** جو محنت کرے گا وہ اجر پائے گا - **دھاؤ دھاؤ کرم لکھا سو پاؤ** - ہزار جتن کرو کرم لکھا سو پاؤ -

دھاوت (ہ - مذکر) ۱ شہدوں کا سرگروہ ۲ چست و چالاک آدمی -

دھاونکا (ھ - مونث) ایک قسم کا تھوہڑ -

دھاونی (ھ - مونث) ایک قسم کی بیل -

دھاہ (ھ - مونث) ۱ آواز شور - غل ۲ چیخ (مارنا کے ساتھ)

دُہاؤ (ھ - مذکر) ایک پودہ جس میں سے رنگ نکلتا ہے -

دُہائی (ھ - مونث) دیکھو دوہائی -

دَھائی - دھائے (ھ - مونث) ۱ دائی - انا - دودھ پلانے والی ۲ رضائی ماں ۳ ایک کھیل دیکھو ڈھائی ۴ **دھائے بھائی** (مذکر) رضائی بھائی - **دھائے کے دینا** (متعدی) دودھ پلانے کے لئے بچہ کسی کے سپرد کرنا -

دھائے (ھ) **دھائیں** (ہ - مونث) ۱ دیکھو دھاہ ۲ توپ کی آواز - دھاں - دھوں

دھائے مارنا (ھ) ۱ شور مچانا - غل کرنا ۲ چیخ مارنا -

دھائیں دھائیں (مونث) لگاتار آواز توپوں یا بندوقوں کی - **دھائیں دھائیں کرنا** (متعدی) ۱ چائیں چائیں کرنا - شور مچانا ۲ اپنے مطلب کی بات کئے جانا - اپنا راگ گانا - **دھائیں سے** (تف) دن سے - دھوں سے -

دَھب (ہ - مذکر) ۱ دھپ ۲ دھب دھب - اردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا

دھب دھب (مذکر) ۱ پاؤں کی آواز ۲ آدمی کے پاؤں کی آواز ۳ بھاری آدمی کے پاؤں کی آواز - **دھبدھبانا** (متعدی) دھب دھب کی آواز پاؤں سے نکالنا - **دَھبدَھباہٹ** (مونث) دھب دھب کی آواز - **دھبڑ دھبڑ** (مونث - عو) دھب دھب -

دَھبّا (ہ - مذکر) ۱ رنگدار نشان - داغ - ٹیکا ۲ تہمت - بہتان - عیب - **دھبا پڑنا** (لازم) داغ لگنا - **دھبا دینا** (متعدی) دھبا ظاہر کرنا - **دھبا ڈالنا - لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ داغ لگنا ۲ عیب لگنا - تہمت لگنا ۳ عیب دار ہونا -

دَھبری (ہند) ضلع گوالپارہ میں ایک قصبہ -

دَھبَل (ہ - صفت) **دھبّل** (ھ) ۱ بھاری - بڑا ۲ موٹا - فربہ - مضبوط - تنومند ۳ (مذکر) بھاری آدمی وغیرہ - **دھبلا** (مذکر) ۱ موٹا اور مضبوط کپڑا ۲ موٹی دھوتی - عورتوں کا موٹا اور ڈھیلا ڈھالا تہ بند ۳ لہنگا ۴ ڈھیلا اور بھدا پاجامہ - **دَھبَلہائی** (ھ) ۱ بہت موٹی اور بھدی عورت ۲ بہت بڑا لہنگا - **دھبلے میں خاک** - ایک گالی -

دُھبلا (ہ - مذکر) دیکھو دھبلا -

دُھبوری (ہند) کاٹھیاواڑ گجرات میں ایک قصبہ جہاں ایک پتھر کا تالاب اور دو میل لمبا ستونوں کا چکر ہے - گو علاقے میں کہیں پتھر نہیں پایا جاتا -

دُھبیا (ھ - مذکر) دھوبی کی تصغیر -

دَھپ (ھ - مونث) ۱ آواز - شور ۲ دھب دھب ۳ بھاری بدن کے گرنے کی آواز ۴ تھپڑ - دھول (مارنا لگنا کے ساتھ) ۵ نقصان گھاٹا - خسارا -

دھپّا (ہ - مذکر) ۱ دیکھو دھپ ۲ دھوکا - دغا (مارنا لگنا کے ساتھ) ۳ فاصلہ - دوری بُعد (ان معنوں میں دھاپ سے) **دھپا رکھنا** (متعدی) ۱ احسان رکھنا ۲ چھدا رکھنا (عف) **دھپانا** (متعدی) دھپا مارنا -

دھپاڑ (ہ - مونث) دوڑ - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **دَھپانا** (ھ متعدی) دھپنا کا -

دَھپنا (ھ - لازم) ۱ بھرنا - بھرا جانا ۲ تھکنا - اکتا جانا -

دُھپیا (ھ - مونث) ۱ چھوٹی سی دوڑ ۲ چھوٹا کوس ۳ تھوڑا فاصلہ -

دَھت (ہ - مونث) ۱ عادت لت - دھن ۲ بری عادت - عیب ۳ (ھ) ایک لفظ جو ہاتھیوں کا دل بڑھانے یا انکو ٹھہرانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۴ دیکھو دُھت - **دھتکار** (مذکر) ۱ دھتکار - درو بک ۲ نکال دینا - اخراج ۳ ٹال مٹول چلے حوالے - **دھتا بتانا** (متعدی) ۱ نکال دینا - علیحدہ کرنا - ترک کرنا ۲ چلے حوالے کرنا - ٹالنا -

دھت پڑنا یا لگنا (لازم) بری عادت ہونا - لت پڑنا - **دھت دھت** (مونث) ۱ دیکھو دھت ۲ دیکھو دُھت - **دھت کرنا** (متعدی) دیکھو دھتکارنا - **دھتی** (ھ) **دھتیا** (ھ) **دھتیل**

(ھ) وہ جسے بری عادت یا لت پڑ جائے۔

دُھت (ہ - حرف ندبہ) ۱۔ دُت دور ہو ۲ نشے میں چور - مخمور - بدمست - **دھت تیرے کی** - دور ہو - چلا جا - **دھتکار** (مونث) لعنت ملامت - **دھتکار بتانا** (متعدی) ذلیل کرنا - نکال دینا - **دھتکارنا** (متعدی) ۱۔ نکالنا - ذلیل کرنا ۲ لعنت ملامت کرنا ۳ گھُرکنا - جھڑکنا -

دُھتّا (ہ - مذکر) دھوکا - دغا - فریب - چھل - **دھتّا دینا** (متعدی) دھوکا دینا -

دُہتا - دُہتری (س - مونث) "ماں کا دودھ دوہنے والی" بیٹی - **دہتا یا دُہتری پتی** (مذکر) داماد -

دَھتورا (ہ - مذکر) ۱۔ ایک پودا ۲ اس کا بیج جو نشہ پیدا کرتا ہے اور انسان پاگلوں کی طرح باتیں کرنے لگتا ہے - اسکی دو قسمیں ہیں سفید اور سیاہ (س دَھتورک) **دھتورا دینا** (متعدی) کسی کو دھتورے کے بیج کھلا دینا - **دھتوریا** (مذکر) ۱۔ ٹھگ جو لوگوں کو دھتورا کھلا کر لوٹتا ہے ۲ دغاباز - دھوکے باز -

دُھتیا (ہ - مونث) چھوٹی دھوتی - **دھتیا پرشاد** (مذکر) مسلمان ہندوؤں کو مذاقاً کہتے ہیں -

دَھٹینگر (ھ - صفت) ۱۔ مضبوط - تنومند ۲ بھاری بدن کا ۳ متکبر - گھمنڈی ۴ خواہ مخواہ لوگوں کو دبانے والا ۵ (مذکر) وہ آدمی جس میں مذکورہ بالا صفتیں ہوں -

مثل - دھٹینگر کا ہے موٹا - لاہا گنے نہ ٹوٹا - بھاری بدن کا آدمی کیوں موٹا ہے - کیونکہ وہ نفع نقصان کی پرواہ نہیں کرتا -

دَھج (ہ - مونث) ۱۔ انداز - روش - طرز ۲ شکل - صورت - وضع ۳ فیشن ۴ پوشاک ۵ (ھ) نشست - بیٹھک - آسن ۶ ذکر - آلہ تناسل - **دھجا** (ھ) طرز - شکل - وضع - **دھج بدلنا** (متعدی) ۱۔ صورت بدلنا - طرز بدلنا ۲ پوشاک بدلنا ۳ (پٹے بازی) ٹھاٹھ بدلنا - **دھج بنانا** (متعدی) کوئی وضع بنانا - **دھج بھنگ** (مذکر) نامردی - کمزوری - **دھج پلٹنا** (متعدی) دیکھو دھج بدلنا - **دھج نکالنا** (متعدی) نئی وضع پیدا کرنا - **دھجیلا** (صفت) ۱۔ خوش اندام - سجیلا - وضعدار - خوش وضع ۲ جامہ زیب - بانکا -

دَھجا (ھ - مذکر) ۱۔ جھنڈا - علم - پھریرا - نشان - لوا ۲ ایک ڈنڈا جس کے ساتھ کپڑا باندھ کر منت پوری کرنے کے لئے کسی جگہ گاڑ دیتے ہیں -

دَھجّی (ہ - مونث) کپڑے یا کاغذ کی لمبی کترن جسکا عرض بہت کم ہو - پرزہ - پارہ - چیتھڑا - **دھجیاں اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) **اُڑ جانا یا اُڑنا** (لازم) ۱۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پرزے پرزے ہونا ۲ سخت سزا ملنا ۳ ذلیل ہونا - رسوا ہونا - **دھجیاں بکھیر دینا** (متعدی) ۱۔ ادھیڑ دینا ۲ ذلیل کرنا - توہین کرنا ۳ افشائے راز کرنا ۴ منتشر کر دینا - **دھجیاں کرنا** (متعدی) دھجیاں اڑانا - **دھجیاں (تن پر) لگانا** (متعدی) پھٹے ہوئے کپڑے پہننا - **دھجیاں لگنا** (لازم) ۱۔ نہایت مفلس یا غریب ۲ کپڑے پھٹ جانا - **دھجیاں لینا** (متعدی) ۱۔ پھاڑنا کپڑوں کا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ شرمندہ کرنا - **دھجیاں ہونا** (لازم) دیکھو دھجیاں اڑنا - **دھجیر** (مونث - عو) دھجی - **دھجی ہو جانا** (لازم) نہایت لاغر یا دبلا ہونا - ضعیف یا کمزور ہونا - سفید یا زرد رنگ ہونا -

دَھچک (ہ - امر) دھچکنا کا - **دھچکا** (ماضی) ۱۔ دھچکنا کی ۲ (مذکر) صدمہ - دھکا - جھٹکا - ہچکولا ۳ نقصان - گھاٹا - ٹوٹا (مت) **دھچکا اٹھانا** (متعدی) دھچکا لگنا کا - **دھچکا دینا** (متعدی) نقصان پہنچانا - **دھچکا لگنا** (لازم) ۱۔ صدمہ ہونا ۲ نقصان ہونا (مت) **دھچکنا** (لازم) ۱۔ دھکا لگنا - صدمہ پہنچنا ۲ دھسنا - بیٹھ جانا -

دَھدک (ہ - مونث) آگ کا شعلہ - لپٹ - **دھدکنا** (لازم) جلنا - دھکنا -

دَھدکار (ھ - مذکر) جلانا - آگ لگانا -

دَھدھانا (ھ - لازم) دھدکنا -

مثل - دھدھائے گا سو بٹائے گا - جو دہکے گا وہ بجھے گا - غرور کا سر نیچا -

دَھدھچّھر (ھ - مذکر) "جلے ہوئے حروف" - ہندی شاعری میں چند حروف منحوس سمجھے جاتے ہیں - شعر کے شروع میں گ ر ن و ہ - بیچ میں ج - ر - س اور آخر میں ٹ - ک -

دَہَر (س - صفت) ۱۔ چھوٹا - پتلا - نفیس ۲ (مذکر) دل کا خلا ۳ آگ ۴ جنگل جلتا ہوا -

دَہَر (س - صفت) ۱۔ چھوٹا - پتلا - نفیس ۲ نوعمر ۳ (مذکر) چھوٹا بھائی ۴ بچہ ۵ نوجوان جانور ۶ چوہا -

دَہر (ع - مذکر) ۱۔ وقت - زمانہ - سماں ۲ بہت لمبا وقت - مدت العمر ۳ (ع) قسمت - نصیبا ۴ اتفاق - بدقسمتی مصیبت ۵ خطرہ ۶ طرز - طریقہ - رسم - رواج ۷ حفاظت - تردد - فکر ۸ دنیا ۹ دہریا پن (دَہَر - واقع ہونا) **دہری** (صفت) ۱۔ دہر کے متعلق ۲ قسمت کے متعلق ۳ دنیادار - گرہستی ۴ دہریا - **دہریا** (مذکر) وہ شخص جو خدا کو نہ مانے - ملحد - لامذہب -

دُہَر (ھ - مذکر) ۱۔ چکنی مٹی ۲ دلدلی زمین - دہری -

دَھر (ہ - امر) دھرنا کا ۲ دوسرے مصدروں کے ساتھ ملکر اصل معنوں میں زور اور قوت پیدا کرتا ہے - جیسے دھر لپٹنا یا دبانا ۳ (تف) زور سے - جلدی - سخت طور پر (س دھر - رکھنا) ۴ (ھ) دھارا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دھر مارنا بجائے دھارا مارنا ۵ ایک کلمہ جو ہاتھی کو گھاس توڑنے کیلئے کہتے ہیں -

دھرا (امر) ۱ دھرانا سے ۲ ماضی دھرنا سے - دھرا جانا (لازم) پکڑا جانا مصیبت میں پھنسنا - دھرا ڈھنگا (صفت) رکھا رکھایا - بچا کچھا - دھرا رہنا (لازم) رکھا رہنا ۲ بے سود رہنا - بیکار ہونا - دھرا کیا ہے ۱ کیا خوبی ہے - کیا خاص بات ہے ۲ کچھ قوت یا طاقت نہیں ۳ کچھ موجود نہیں - دھرانا (متعدی) ۱ دیکھو دھرنا ۲ ڈرانا - دھمکانا - دھراؤ (ھ) دھرائی (ھ) ۱ رکھوائی ۲ قبضہ - پکڑوائی - دھر پکڑ (مذکر) گرفتاری - دھر پکڑ کے (تف) زبر دستی - دھر پکڑنا (متعدی) ۱ گرفتار کر لینا - ماخوذ کر لینا ۲ جلدی سے پکڑ لینا ۳ پھانس لینا - دھرتا (ھ) دستوری - دلالی - آڑھت - کمیشن - دھر چھوڑنا (لازم) رکھ لینا - دھر دبانا (متعدی) ۱ دبوچ لینا - دبا لینا ۲ مغلوب کر لینا - دھر دھر بھولو (عو - دعا) دولتمند ہو - امیر ہو - دولت بڑھے - دھر دھر کے پیسنا (متعدی) ۱ زور سے پیسنا ۲ ظلم کرنا ستم کرنا - دھر دھمکنا (متعدی) ۱ یکایک آ جانا - جلد آ جانا - فوراً پہنچ جانا ۲ خواہ مخواہ کچھ کرنا (مت) دھر رکھنا (متعدی) ۱ رکھ چھوڑنا نہ دینا ۲ تھام لینا - پکڑ رکھنا - دھر کے کسنا (متعدی) سخت قابو کرنا - دھر کے مروڑنا (متعدی) زور کر کے مروڑنا - دھر کے گھسیٹنا (متعدی) زور سے گھسیٹنا - دھر لپکنا (متعدی) سب کام چھوڑ چھاڑ کر بھاگنا - دھر لینا (متعدی) ۱ رکھ لینا ۲ خوب خبر لینا ۳ قائل کرنا ۴ متواتر حملہ کرنا - دھرنا (متعدی) ۱ رکھنا ۲ جمانا - ٹکانا - قائم کرنا ۳ سپرد کرنا - تحویل کرنا - امانت رکھنا ۴ گرو رکھنا - رہن کرنا ۵ ضمانت میں دینا ۶ پکڑنا - قبضہ کرنا ۷ گرفتار کرنا - ماخوذ کرنا ۸ حاصل کرلینا ۹ (کان) غور سے سننا ۱۰ (دل) کسی کام میں لگانا - غور کرنا ۱۱ (الزام وغیرہ) بہتان لگانا ۱۲ (نام) - نام رکھنا - برا نام مقرر کرنا - برے نام سے پکارنا ۱۳ الزام لگانا - دھروا دینا (مم) ۱ رکھوا دینا ۲ گرفتار کرا دینا - دھروانا (مم) دھرنا کا - دھروٹ (ھ) دھروڑ (ھ) دھروہر (ھ) دھروہڑ (ھ) ۱ امانت - جو چیز کسی کے پاس رکھی جائے - ودیعت - ضمانت ۲ جو چیز رہن یا گروی رکھی جائے (رکھنا کے ساتھ) دھرے دھرے (تف) رکھے رکھے - دھریل (ھ) وہ عورت جو یارانے کے طور پر رکھی جائے - آشنا -

امثال واقوال

دھرا جائے نہ اٹھایا جائے - بہت پیچیدار ہے پیچھا چھڑانا مشکل ہے - دھر جا مر جا - بدنیت آدمی کے متعلق کہتے ہیں - جس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ لوگ اس کے پاس چیزیں امانت رکھ کر مر جائیں - دھر چل سر کولھو کی لاٹھ - مت چل ساتھ کچال کے باٹ (ھ) کولھو کی لٹھ میں سر دینا بہتر ہے اس سے کہ برے آدمی کی صحبت میں رہیں - دھری اٹھائی نہیں جاتی - دھری جاتی ہے (جائے) نہ اٹھائی جاتی ہے (جائے) بات کی نسبت کہتے ہیں - نہ ہاں کہتے بن پڑتا ہے نہ نہیں - کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا -

دَھر (س - صفت) ۱ پکڑنے والا - لے جانے والا ۲ پہننے والا ۳ قابض ۴ رکھنے والا ۵ وہ جس میں کوئی چیز آئے ۶ بچانے والا - محفوظ رکھنے والا - ان معنوں میں ہندی مرکبات اور ناموں کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے - جیسے بنسی دھر - گنگا دھر ۷ (مذکر) رسی - ڈور ۸ زمین ۹ کرشن جی - شوجی ۱۰ پہاڑ ۱۱ عیاش آدمی ۱۲ تلوار ۱۳ ایک واسو کا نام ۱۴ پانڈوں کے ایک مددگار کا نام ۱۵ پدھم پربھ کے باپ کا نام - دھرا (مونث) "اٹھانے والی" ۱ زمین ۲ بچہ دان ۳ بدن کی رگ یا نس ۴ ہڈی کا گودا ۵ سونے کا یا قیمتی چیزوں کا ڈھیر جو برہمن کو دیا جاتا ہے - بشکل زمین ۶ سرسوتی کی آٹھ شکلوں میں سے ایک ۷ کشیپ کی ایک بیوی کا نام جس کی اولاد سے پرندے ہیں ۸ (مذکر) ایک زہر -

دُھر (ہ - مذکر) ۱ اختتام - آخیر - انتہا ۲ سیدھا رستہ جو منزل مقصود پہ پہنچ جائے ۳ انتہائی بُعد مسافت ۴ حد ۵ شروع - ابتدا ۶ (تف) دور بعید (س دُھر - جانا) دھر اُدھر (تف) شروع سے اخیر تک - دھر پد (مذکر) ایک قسم کا گانا کسی گانے یا غزل کا شروع کا حصہ جو بار بار گایا جاتا ہے - دھر پنگا (مذکر) جھوٹ - لچر یا پوچ بات - دھر دور گاہوں پہنچ گیا - جہاں جانا تھا جا پہنچا - جو کرنا تھا کر لیا - دھر سانجھ (مونث) شام - وہ روشنی سورج ڈوبنے کے بعد ہوتی ہے - جھٹپٹا - دھر سے (تف) ابتدا سے شروع سے - دھر سے دھر تک (تف) شروع سے آخیر تک - دھر کی ٹوٹنا (لازم) ۱ شروع سے ہی کام خراب ہونا ۲ زندگی کا اختتام ہونا -

مثل - دھر کی ٹوٹی (کی بوٹی نہیں) نہیں جڑتی - تقدیر ہی خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا -

دُھر (س - مذکر) ۱ بوجھ ۲ جوا ۳ ڈنڈے کا اگلا حصہ جہاں جوا لگایا جاتا ہے ۴ عزت کی جگہ - سامنے - آگے کی جگہ ۵ کھونٹا ۶ انگلی ۷ گنگا کا ایک نام - دھر دھر یا دھرم دَھر (مذکر) ۱ بوجھ اٹھانے والا حیوان ۲ کاروباری والا آدمی ۳ سردار - حاکم ۴ شوجی ۵ ایک راکھشس ۶ ایک قوم ۷ (صفت) بوجھ اٹھانے کے قابل ۸ جوا پہننے والا ۹ جو تنے کے قابل ۱۰ بوقت ضرورت دوسرے کی مدد کرنے والا ۱۱ قوی - طاقتور -

دِہُرا (ھ - مذکر) ۱ مندر ۲ جینیوں کا مندر -

دُہرا (ہ - مذکر) ۱ لوہے کی سلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے ۲ زمین کا محور ۳ ڈنڈا - جوا (س دُھر) ۴ حد گاؤں یا کھیت کی (س دھرجانا) دھری (مونث) ۱ مطب ۲ دیکھو دُھرا ۱ و ۲ و ۳ -

دُہرا (ہ - صفت) ۱ دوچند - دگنا ۲ دوتہ کا ۳ تہرا - خمیدہ ۴ سپاری کا ٹکڑا ۵ پتنگ بازی کا ایک پیچ (نکالنا - نکلنا کے ساتھ) (دو سے) دُہرا بدن (مذکر) موٹا بدن - فربہ بدن - دُہرا تہرا (صفت) دوچند - سہ چند - دُہرا جانا

(لازم) ۱؎ دوہرا ہو جانا۔ جھکنا ۲؎ عبارت کو بار بار پڑھنا۔
دہرا دوہرا (صفت) دو دو۔ دہرانا (متعدی)
۱؎ کسی عبارت کو بار بار پڑھنا۔ دور کرنا ۲؎ دو تہ کرنا ۳؎
دوبارہ کہنا ۴؎ کوئی کام دوبارہ کرنا ۵؎ کسی بات کی
نقل کرنا۔ اعادہ کرنا ۶؎ سینا ۷؎ صحنک کے کھانے پر
دوسری دفعہ شکر اور گھی ڈالنا۔ دہرا ہو جانا (لازم)
۱؎ جھکنا۔ ٹیڑھا یا خمیدہ ہونا ۲؎ دونا ہو جانا۔ دہراؤ
(مذکر) اعادہ۔ دہرائی (ھ) سبق یا کسی کتاب کو
دوسری بار پڑھ لینا۔ دہری آواز (مونث) موٹی
آواز۔ دھرپتیوں کی آواز۔ دہرے اخراجات
(مذکر) دو طرح کے مصارف۔ دہری بات (مونث)
ذو معنی بات۔ وہ بات جس میں دو پہلو نکلتے ہوں۔ دوہری
سواری (مونث) دو عورتیں جو ڈولی یا پینس میں
سوار ہوں۔

ڈھرّا (ھ۔ مونث) دھجی (ف
دُرّہ) دھرے اڑا دینا یا اڑانا (متعدی)
اڑ جانا یا اڑنا (لازم) ۱؎ بہت مار پڑنا۔ دھجیاں
اڑانا ۲؎ درے لگنا۔ بہت پڑنا ۳؎ ذلیل کرنا۔ رسوا
کرنا۔ دھریاں اُڑا دینا یا اڑانا (متعدی)
بہت مارنا۔

دھراپھا (ہند) کاٹھیا واڑ میں
ایک چھوٹی سی ریاست۔

دِھراج (ھ۔ مذکر) ادھیراج کا
مخفف۔

دِھرانا (ہ۔ متعدی) دھمکی دینا۔
ڈرانا۔

دھران گدھرا (ہند) ۱؎ جھالا
واڑ میں ایک ریاست رقبہ ۱۱۵۶ (۱۰۴) ۲؎ راجدھانی
(۱۵)

دھراوٹ (ھ۔ مونث) زمین
جس کی تقسیم تخمینے سے ہوئی ہو۔ پیمائش کر کے نہ ہوئی
ہو۔

دھراؤنا (ہ۔ مونث) ۱؎ وہ عورت
جس کی دوسری شادی ہوئی ہو ۲؎ (مذکر) دوسری
شادی۔

ڈھرپت (ہ۔ مونث) دیکھو
دھرپد۔ دھرپتی (مذکر) دھرپت گانے والا۔
دھرپت بھول گیا۔ چوکڑی بھول گیا۔ گھبرا
گیا۔

دھرت (س۔ مفعول) ۱؎ پکڑا ہوا۔
اٹھایا ہوا ۲؎ رکھا ہوا۔ مقبوضہ ۳؎ جس کی مدد یا حمایت
کی جائے ۴؎ مستعمل۔ مروج ۵؎ تولا ہوا۔ ماپا ہوا ۶؎ پرانا۔
گھسا ہوا ۷؎ روکا ہوا۔ اٹکایا ہوا ۸؎ کھنچا ہوا۔ تنگ جیسے
لگام ۹؎ لگا ہوا۔ پھرا ہوا ۱۰؎ تیار ۱۱؎ منظور شدہ۔ ٹھانا ہوا
۱۲؎ زندہ۔ جاری ۱۳؎ (مذکر) دھرم کا ایک بیٹا۔ دھرت
دیوا یا دیوی (مونث) دیوک کی ایک بیٹی دھرت
راشٹر (عص) "زبردست راجہ" ۱؎ دویاس جی کا بیٹا
وچترا ویریا کی بیوہ امبیکا کے بطن سے۔ پانڈو اور ودر کا
بڑا بھائی تھا۔ یہ اندھا پیدا ہوا تھا۔ اس کی شادی
گاندھاری سے ہوئی تھی اور سو بیٹے پیدا ہوئے تھے۔
جن میں سے سب سے بڑا دریودھن تھا۔ جنگ مہابھارت
کے بعد یہ اور اس کی بیوی ایک جنگل میں آگ لگنے پر
جل کر مر گئے ۲؎ ایک ناگ کا نام جسے اراوت بھی کہتے
ہیں ۳؎ ایک دیو گندھرو ۴؎ گندھرو کا ایک راجہ ۵؎ دیبتیالی
کا ایک بیٹا ۶؎ کاشی کا ایک راجہ ۷؎ جنمیجی کا ایک بیٹا ۸؎
ہنسوں کا ایک راجہ۔ دھرت راشٹرج (مذکر)
۱؎ دھرت راشٹر کا بیٹا ۲؎ دریودھن وغیرہ کا لقب۔
دھرت راشٹری (مونث) تامرا کی ایک بیٹی جو
ہنسوں اور آبی پرندوں کی ماں تھی۔ دھرت سمدھی
(مذکر) بھرت کا باپ۔ دھرت وتی (مونث)
ایک دریا۔ دھرت ورت (مذکر) ۱؎ ردر ۲؎
دھرت کا ایک بیٹا ۳؎ (صفت) مستقل قانون یا حکم والا
(اگنی۔ اندر۔ سوتری۔ ادتیا وغیرہ) دھرت ورمن
(مذکر) کوروں کے ایک مددگار کا نام۔

دھرتا (س۔ مذکر) ۱؎ مددگار ۲؎ بچانے
والا۔ حافظ ۳؎ مقروض ۴؎ پکڑنے والا۔

دَھرتری (س۔ مونث) ۱؎ عورت
مددگار یا معاون ۲؎ زمین۔ دھرتری دھر (مذکر)
پہاڑ۔

دَھرتی (ھ۔ مونث) ۱؎ زمین ۲؎
سطح زمین۔ مٹی۔ اراضی (س دھرتری) دھرتی
باہنا۔ جوتنا یا چیرنا (ھ) زمین پر ہل چلانا۔ کاشت
کرنا۔ بونا۔ دھرتی پتی (مذکر) زمین کا مالک ۔ دیوتا۔
دھرتی کا پھول (مذکر) ۱؎ مینڈک ۲؎ ککرمتا۔ کھنبی
۳؎ نو دولت۔ دھرتی کے پردے پر (تف)
زمین کے اوپر۔ اس دنیا میں۔ دھرتی ماتا (مونث)
زمین کو ماں سے استعارہ کرتے ہیں۔ دھرتی ماتا
بوجھ سنبھالے۔ دعا۔ مدت تک جیتے رہو۔

دُھڑدُھڑ۔ دَھڑدَھڑ (ہ۔ تف)
زور سے۔ دھڑ دھڑ کا مخرب۔ دھڑ دھڑ یا دھڑ دھڑ
جلنا (لازم) اس طرح جلنا کہ شعلوں کی آواز نکلے
زور سے شعلہ زن ہونا۔

دَھرش (س۔ مذکر) ۱؎ روکنا۔
اٹکانا ۲؎ قابو پانا ۳؎ فتح پانا ۴؎ زبردستی۔ جبر ۵؎ غرور۔
تکبر۔ گھمنڈ ۶؎ بے صبری ۷؎ کمزور کر دینا ۸؎ نقصان
ضرر۔ ہتک ۹؎ زنا بالجبر ۱۰؎ روک۔ پابندی۔ قید۔
۱۱؎ ہیجڑا۔ زنانہ۔ دھرشنا (مونث) ۱؎ حملہ۔ ضرر۔
نقصان ۲؎ جرم۔ زنا۔ اغوا ۳؎ قابو ۴؎ جماع۔ دھرشنی
(مونث) بدکار عورت۔ فاحشہ۔

دھرشٹ (ھ۔ صفت) ۱؎ بہادر۔
شجاع۔ دلیر ۲؎ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی ۳؎ بے شرم۔ بے
حیا ۴؎ گستاخ ۵؎ ڈھیٹھ ۶؎ حاصل کیا ہوا۔ لیا ۷؎ بدکار۔
بدمعاش ۸؎ (مذکر) بے وفا خاوند ۹؎ ایک منتر جو اوزاروں پر
پڑھتے ہیں ۱۰؎ منو ویوست کا ایک بیٹا ۱۱؎ کنتی کا ایک
بیٹا ۱۲؎ بجھان کا ایک بیٹا۔ دھرشٹ دمن (عص)
دروپد کا ایک بیٹا جو اشوتھامن کے ہاتھ سے قتل ہوا۔
دھرشٹ رتھ (مذکر) ایک راجہ۔ دھرشٹک
(مذکر) ایک راجہ۔ دھرشٹ کیتو (عص)
۱؎ چیدی کا ایک راجہ ۲؎ دو پایا متھلا کا ایک راجہ ۳؎

ستیادھرتی کا ایک بیٹا[5] سکمار کا ایک لڑکا[6] سکمار کا باپ[7] دھرشٹ دمین کا ایک بیٹا[8] کیکیا کا ایک راجہ[9] منو کا ایک بیٹا۔ دھرشٹو کیت (عص) ارجن کا رتھ بریا کا ایک لڑکا۔ دھرشٹی (صفت) [1] بہادر[2] (مذکر) چھٹا[3] (عص) ہرنیا کشیپو کا ایک بیٹا[4] وشرتھ کا ایک وزیر۔

دَھرِشنا (ھ۔متعدی) [1] قابو میں کرلینا۔ زیر کرلینا[2] دبالینا۔ روک دینا[3] غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔

دھرِشنک (س۔مذکر) ایک راجہ۔

دَھرِشنو (س۔صفت) [1] بہادر۔ دلیر۔ شجاع[2] تند۔ تیز[3] مضبوط۔ قوی (اندر۔سوم۔مرت۔آگ ہتھیار وغیرہ کی تعریف) [4] گستاخ۔ بے شرم۔ بے حیا[5] (عص) منو ویوسوت کے ایک بیٹے کا نام[6] منو ساورن کا ایک بیٹا[7] کوی کا ایک بیٹا[8] ککر کا ایک بیٹا۔

دَھرکار (ہ۔مذکر) وہ شخص جو نرکل سے چیزیں بناتا ہے۔

دِھرکال (ھ۔مذکر) ایک قوم کا نام جو بانس سے چیزیں بناتی ہے۔

دَھرکٹ (س۔مذکر) ایک گروہ کا نام۔

دھرلا (ہند) بنگال میں ایک دریا جو برہمپتر کا معاون ہے۔

دَھرم (س۔مذکر) [1] وہ چیز جو قائم یا مضبوط ہو۔ پکا حکم یا قانون[2] رسم۔ رواج۔ فرض[3] مذہب۔ ملت[4] ایمان۔ عقیدہ[5] دستور۔ قاعدہ[6] حق۔ انصاف[7] نیکی۔ نیک کام[8] خاصیت۔ خصوصیت۔ نشان[9] ایک خاص رسم[10] بھینٹ[11] نواں نکچھترہ[12] موجودہ اوسپنی کے پندھروں ارہت کا نام[13] انو کے بیٹے اور گھرت کا باپ[14] گاندھار کا بیٹا اور دھرت کا باپ[15] کشمیر کا ایک راجہ[16] کئی اور ہندو مشاہیر کا نام[17] قانون یا انصاف کا دیوتا جو یم کی دائیں چھاتی سے پیدا ہوا تھا اور شم۔ کام اور ہرش کا باپ ہے۔ دھرم اپدیش۔ اپدیشک۔ دیکھو دھرمو پدیش و پدیشک۔ دھرماتر (مذکر) وقف وہ چیز جو مذہبی کام کے لئے دی جائے۔ دھرماتما (صفت) [1] پابند مذہب[2] سخی۔ فیاض۔ نیک۔ دھرم اٹھانا (متعدی) دھرم کی قسم کھانا۔ قسم کھانا۔ دھرماچاریہ (مذکر) قانون یا رسومات کا استاد۔ دَھرمادھرم (مذکر) انصاف اور بے انصافی۔ پن اور پاپ۔ دھرمارنیہ (مذکر) [1] پوتر جنگل یا جھنڈ[2] ایک پوتر جنگل مدھیا دیس میں جہاں دھرم دیوتا گوشہ نشین ہو گئے تھے۔ دھرم باپ (مذکر) وہ شخص جو متبنے بنائے۔ دھرم بگاڑنا (متعدی) [1] ایمان کھونا[2] دوسرے کا ایمان خراب کرنا[3] عورت سے زبردستی زنا کرنا۔ دَھرم بھرت (مذکر) کئی راجو اور مشہور شخصوں کے نام۔ دَھرم بیٹا (مذکر) متبنے۔ چیلا۔ دھرم پال (مذکر) "دھرم کا محافظ" [1] کنایۃً سزا۔ تلوار[2] راجہ دسرتھ کا ایک وکیل[3] ایک بدھ عالم[4] ایک راجہ[5] ایک عالم[6] ہندوؤں میں ایک نام۔ دھرم پتر (مذکر) [1] بیٹا جو فرض کی وجہ سے پیدا کیا جائے[2] یدھشٹر کا لقب[3] گیارھواں منو[4] نر اور نارائن۔ دھرم پٹن (مذکر) سراوستی کے شہر کا نام۔ دھرم پتی (مذکر) [1] وہ شخص جو فرض کے طور پر بیوہ کا خبر گیراں ہو[2] دھرم کے بموجب شادی شدہ آدمی[3] وہ شخص جس کی ایک ہی اور پہلی دھرم کے بموجب شادی شدہ عورت ہو۔ دھرم پتنی (مونث) دھرم کے بموجب بیاہی ہوئی عورت جو خاوند کی ذات کی ہو۔ دھرم پردھان (مذکر) جو پرمیشر کی سیوا یا تقوی کے لئے مشہور ہو۔ دھرم پرستھ (مذکر) ایک تیرتھ۔ دھرم پریا (مذکر) "دھرم کا دوست" [1] ایک گندھرو راجہ[2] ایک بدھ۔ دھرم پستک (مذکر) مقدس کتاب مثلاً وید۔ انجیل۔ قرآن وغیرہ۔ دھرم پور (مذکر) [1] اودھیا کا نام[2] ایک شہر دریائے نربدا کے کنارے پر۔ دھرم تیاگ (مذکر) دھرم چھوڑ دینا۔ دوسرا مذہب اختیار کرلینا۔ دھرم تیاگی (مذکر) وہ شخص جو اپنا مذہب بدل لے۔ مرتد۔ دھرم جیون (صفت) [1] فرائض کو ادا کر کے زندگی بسر کرنے والا[2] (مذکر) برہمن جو مذہب کے بموجب زندگی بسر کرے۔ دھرم چارن (صفت) [1] پابندِ قانون اپنے فرائض ادا کرنے والا[2] نیک۔ پارسا۔ فرمانبردار۔ دھرم چارنی (مونث) فرمانبردار اور نیک بیوی۔ دھرم چاری (ھ۔صفت) دیکھو دھرم چارن۔ دھرم دار (مذکر) بیاہتا بیوی۔ دھرم داس (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ دھرم دھاری (ھ۔مذکر) [1] قانون قائم کرنے والا[2] نیک۔ پارسا۔ منصف۔ دھرم دھر (مذکر) کمزوں کا ایک راجہ۔ دَھرم دھوج (مذکر) [1] سورج[2] متھلا کا ایک راجہ جو کش دھوج کا لڑکا اور امت دھوج اور کرت دھوج کا باپ تھا[3] کنچن پور کا ایک راجہ[4] کش دھوج کا ایک بھائی۔ دھرم دیو (مذکر) انصاف کا دیوتا۔ دھرم راج یا راے (مذکر) "انصاف کا راجہ" [1] یم[2] یدھشٹر[3] بگلوں کا راجہ جو کشیپ اور ایک اپسرا کا لڑکا تھا۔ دھرم راج کرنا (متعدی) انصاف کے ساتھ سلطنت کرنا۔ دھرم راجہ (مذکر) "نیک یا منصف راجہ" [1] کوئی راجہ[2] ایک بودھ[3] یدھشٹر[4] یم[5] قانون۔ دھرم رکشا (مونث) [1] دھرم یا قانون کی حفاظت کرنا[2] مذہبی جوش۔ دھرم رکشک (مذکر) مذہب انصاف یا قانون کا محافظ۔ دھرم روپ یا روپی (صفت) نیک۔ پارسا۔ دھرم ساگر (مذکر) ایک مصنف۔ دھرم سالہ (ھ) دیکھو دھرم شالہ۔ دھرم سبھا (ھ۔مونث) [1] عدالت۔ منصفی۔ کچہری[2] مذہبی آدمیوں کی انجمن[3] مذہبی انجمن۔ دھرم ستھل (مذکر) ایک شہر۔ دھرم سماج (مونث) مذہبی انجمن۔ دھرم سے (تف) ایمان سے۔ دیانت داری سے۔ دھرم سین (مذکر) ایک راجہ۔ دھرم شاستر (مذکر)

[۱] مجموعہ قانون خصوصاً ہندوؤں کا [۲] منو کی قانون کی کتاب۔ **دھرم شاستری** (صفت) [۱] ہندو قانون کا یا اس کے متعلق [۲] جائز۔ حلال۔ **دھرم شالہ** (مذکر) [۱] وہ مکان جو مذہبی کاموں کے لئے بنایا جائے [۲] عدالت۔ کچہری [۳] مسافر خانہ۔ ہسپتال وغیرہ۔ **دھرم کا** (صفت) قانونی۔ مذہبی۔ مذہب کے متعلق۔ **دھرم کرنا** (متعدی) [۱] کوئی فرض ادا کرنا [۲] انصاف کرنا [۳] نیکی کرنا۔ نیک کام کرنا [۴] خیرات دینا۔ **دھرم کرو**۔ خیرات کرو جب گرہن ہوتا ہے چوہڑے یہ آواز دے کر مانگتے پھرتے ہیں۔ **دھرم کشیتر** (مذکر) [۱] کروکشیتر [۲] قانون کا محکمہ۔ **دھرم کمانا** (متعدی) [۱] نیک کام کر کے اگلے جنم کے لئے پن جمع کرنا [۲] مکتی حاصل کرنا۔ **دھرم کو بھرشٹ کرنا** (متعدی) دین بگاڑنا۔ **دھرم کھانا** (متعدی) دھرم اٹھانا۔ **دھرم کی آن جانا** (لازم) دین بگڑ جانا۔ **دھرم کیتو** (مذکر) سکیتو کا بیٹا اور ستیا کیتو کا باپ۔ **دھرم کیرتی** (مذکر) "قانون کی شان" [۱] ایک فلسفہ دان اور شاعر [۲] ایک راجہ [۳] ایک نحوی۔ **دھرم گپت** (مذکر) [۱] ایک شاعر [۲] ایک بودھ۔ **دھرم گرنتھ** (مذکر) مقدس کتاب۔ **دھرم گوپ** (مذکر) ایک راجہ۔ **دھرم گورو** (مذکر) مذہبی باتوں کا استاد۔ **دھرم گھڑی** (مونث) بڑی گھڑی جسکو آٹھ دن کے بعد چابی لگتی ہے۔ اور گھنٹے بجاتی ہے۔ کلاک۔ **دھرم گھوش** (مذکر) ایک مصنف۔ **دھرم لگتی کہنا** (لازم) ایمان سے کہنا۔ **دھرم متی** (مذکر) ایک راجہ۔ **دھرم مورت یا مورتی** (مذکر) عزت کا خطاب جو برہمن راجوں یا ویشوں کو دیتے ہیں۔ **دھرم ناتھ** (مذکر) ولی جائز۔ قانونی محافظ۔ **دھرم ند** (مذکر) ایک مقدس جھیل۔ **دھرم نندن** (مذکر) "دھرم کی خوشی یا بیٹا" [۱] یدھشٹر کا لقب [۲] (جمع) پانچوں پانڈو۔ **دھرم نیتر** (مذکر) "قانونی آنکھ" دھرت راشٹر کا ایک پوتا [۲] تنسو کا بیٹا اور دشمنت کا باپ [۳] ہیہیا کا ایک بیٹا [۴] سوورت کا ایک بیٹا۔ **دھرم اپدیش** (مذکر) [۱] قانون یا فرض کی تعلیم [۲] مذہب پر لکچر۔ وعظ [۳] اخلاقی یا مذہبی تعلیم۔ **دھرم اپدیشک** (مذکر) [۱] قانون کا استاد [۲] واعظ [۳] گورو۔ پیر۔ **دھرم وردھن** (مذکر) "نیکی کو بڑھانے والا" [۱] شوجی [۲] سراوستی کے ایک راجہ [۳] ایک کوی [۴] ایک شہر۔ **دھرم وواہ** (مذکر) جائز شادی۔ یہ پانچ قسم کی ہے۔ براہم۔ دَیو۔ ارش۔ گندھرب پراجپتیہ۔ **دھرمی** (صفت) [۱] قانون کی پابندی کرنے والا [۲] اپنے فرائض [۳] نیک۔ منصف۔ متقی۔ پرہیزگار [۴] مقدس۔ پوتر [۵] (مذکر) مذکورہ بالا صفتوں کا آدمی۔ **دھرم یُدھ** (مذکر) مذہبی جنگ۔ جنگ مقدس۔ **دھرم یُگ** (مذکر) ترتیا جگ۔ **دھرم یوگیشر** (مذکر) ایک شاعر۔

امثال و اقوال

دھرم پاپ سب منکھ کے دھووت ہے اس طور جل صابن جوں دھووت ہیں سب کپڑن کا کھور (ھ) پن گناہوں کو اس طرح دھوتا ہے جیسے پانی اور صابون کپڑوں کو صاف کرتے ہیں۔ **دھرم رہے تو استر بیں جرے**۔ ایمان سے ریگستان بھی سبز ہو سکتا ہے۔ **دھرم کوئی دے (کھوئے) دھن کوئی پاوے (لے)** ایمان کسی کا جائے دولت کوئی پائے۔ جھوٹی گواہی دینے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **دھرم کی جڑ سدا ہری**۔ دھرم ہمیشہ ترقی پر رہتا ہے۔ **دھرم ہار دھان کوئی کھائے**۔ بے ایمانی سے ہر کوئی کما کھاتا ہے۔

دَھرم پٹم (ہند) [۱] ضلع مالابار میں ایک قصبہ (۷) [۲] ایک دریا۔

دَھرم پور (ہند) [۱] ایک ریاست احاطہ بمبئی میں رقبہ ۷۰۴ (۹۵) [۲] راجدھانی (۱۰) [۳] ایک پہاڑی شملہ کے پاس جہاں تپ دق کے بیماروں کے لئے ہسپتال ہے۔

دَھرم سالہ (ہند) ضلع کانگڑے کا صدر مقام ۶۰۰۰ فٹ کی بلندی پر پہاڑ پر واقع ہے (۶)

دَھرم کوٹ (ہند) ضلع فیروز پور میں ایک قصبہ (۷)

دَھرمہ پوری (ہند) [۱] ضلع سلیم میں ایک قصبہ [۲] ریاست دھار میں ایک قصبہ۔

دَھرمہ ورم (ہند) ضلع اننت پور میں ایک قصبہ (۷)

دَھرمیو (س۔ مذکر) رودراشو کا ایک بیٹا۔

دَھرن (س۔ مذکر) [۱] پکڑنا۔ گرفت کرنا [۲] لینا۔ رکھنا۔ قبضہ کرنا [۳] اٹھانا۔ برداشت کرنا [۴] باندھنا وغیرہ دیکھو دھرنا [۵] سہارا [۶] باندھنے کی چیز [۷] بند۔ پشتہ [۸] پستان [۹] ایک وزن یا ماپ۔

دَھرن (ھ۔ مونث) [۱] زمین [۲] بچہ دان۔ رحم [۳] ناف [۴] شہتیر [۵] آواز کا اتار چڑھاؤ سُر۔ **دھرن ٹلنا۔ ڈگنا یا ہٹنا** (لازم) ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

دَھرنا (ھ۔ مذکر) [۱] مقروض کے دروازے پر بیٹھ جانے کا فعل کہ جب تک قرضہ نہ ادا ہوگا نہ اٹھیں گے [۲] مندر کے دروازے پر بیٹھ جانا کہ جب تک خواہش پوری نہ ہوگی نہ اٹھینگے [۳] کسی آدمی کے دروازے پر فقیروں کا ڈھٹی مار کر بیٹھنا کہ جب تک بھیک نہ ملے گی نہ جائیں گے [۴] ڈھٹی۔ دستک۔ **دھرنا (دے کر) بیٹھ جانا یا بیٹھنا یا دینا** (متعدی) مذکورہ بالا وجوہات سے ڈھٹی دینا یا جم کر بیٹھنا۔

دُھرنا (ہ۔ متعدی) اغلام کرنا (عف)

دَھرنگا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول۔

دَھرنگدھر (ہند) کاٹھیاواڑ میں

ایک ہندو ریاست رقبہ ۱۱۹۷ (۸۹) ۲ دارالخلافہ (۱۰)

دھرن گاؤں (ہند) ضلع خاندیش میں ایک قصبہ (۱۵)

دَھرنی (س - مونث) ۱ زمین - کرۂ ارض ۲ مٹی - خاک ۳ اراضی ۴ شہتیر - دھرنی دھر (مذکر) "زمین کو اٹھانے والا" ۱ شیش ناگ کا لقب ۲ وشن جی کا لقب جب انہوں نے کچھوے اور سور کا اوتار لیا تھا ۳ پہاڑ - دھرنی سُتا (مونث) "زمین کی بیٹی" سیتا جی کا لقب - کیونکہ جب جنک بھینٹ کے لئے زمین تیار کرنے کے واسطے ہل چلا رہا تھا - تو یہ زمین سے پیدا ہوئی تھیں -

مثل - دھرنی کی ماں سانجھ شام کو آرام ملتا ہے -

دَھرنی - دھرنیت - دھرنیت (ھ - مذکر) وہ شخص جو دھرنا دیکے بیٹھے -

دَھرو (س - صفت) ۱ ساکن - غیر متحرک - قائم ۲ مضبوط - مستحکم ۳ دیرپا - پائیدار ۴ یقینی - ثابت ۵ سچ - درست ۲ (مذکر) قطبی ستارہ - اتم پد کا بیٹا اور پہلے منو کا پوتا خیال کیا جاتا ہے ۲ قطب شمالی ۳ ۲۷ فلکی یوگوں میں سے ایک ۴ وشن جی شوجی برہما جی ۵ قیام - مداومت ۶ شیش ناگ ۷ واسو دیو اور روہینی کا ایک بیٹا - دھرو اشوَر (مذکر) ایک راجہ - دھرو اکشر (مذکر) "دائمی حرف" اوم - وشن جی - دھرو انند (مذکر) ایک مصنف - دھرو آورت (مذکر) سر کے اوپر وہ نقطہ جہاں سے بال پھیلنے شروع ہوتے ہیں - دھرو پال (مذکر) ایک مصنف - دھرو بیتو (مذکر) ایک راجہ - دھرو تارا (مذکر) قطبی تارا - دھرو راجہ (مذکر) ایک راجہ - دھرو راہو (مذکر) راہو کی ایک شکل - دھرو سِدّھی (مذکر) "جسکا علاج یقینی ہو" - ایک وَید - دھرو سمدھی (مذکر) "جس کا عہد یقینی ہو" ۱ سوسمدھی کا بیٹا اور بھرت کا باپ ۲ پشیہ کا ایک بیٹا - دھرو سین (مذکر) وبھی خاندان کا ایک راجہ - دھرو کشیتر (مذکر) ایک مقام - دھرو منڈل (مذکر) قطبی علاقہ -

دَھروا (س - مونث) ۱ نیک عورت - پارسا عورت ۲ دھرپد ۳ ایک درخت ایک پودہ -

دَھروکی (ھ - مونث) اٹکل سے معلوم کرنا یا تشخیص -

دھرول (ہند) کاٹھیاواڑ میں ایک ہندو ریاست رقبہ ۲۰۳ (۲۸)

دھروہر - دَھروہڑ (ہ - مونث) ۱ امانت - تحویل ۲ شے مرہونہ - گروی رکھی ہوئی چیز ۳ (ھ - تف) امانت یا رہن کے طور پر (رکھنا کے ساتھ)

دَھریانا (ھ - متعدی) ۱ مٹی ڈالنا - خاک ڈالنا ۲ پھٹکنا - چھاننا ۳ اچھے اناج کو برے سے جدا کرنا -

دَھریچا (ھ - مذکر) ہندو نیچ ذاتوں میں دوسرا شوہر بیوہ کا -

ڈھرین (س - مذکر) ۱ لدو جانور ۲ کاروباری آدمی ۳ نمبردار - سردار - سرگروہ - سرغنہ -

دَھڑ (ہ - مذکر) ۱ بدن - جسم ۲ بدن کا حصہ بلا سر ۳ طرف - جانب ۴ ایک قسم کا ڈھول ۵ (ھ) پہلو - چہرہ ۲ جماعت - فریق (س - دھرتری) دھڑا (مذکر) جماعت - فریق - دھڑا باندھنا (متعدی) فریق بندی کرنا - کسی کی جانب داری کرنا - دھڑا بندی (مونث) فریق بندی جانب داری (ہونا کے ساتھ) دھڑ بھائی (ھ) جانب دار - ایک فریق کا کوئی فرد - دھڑ توڑ (ھ) ایک داؤ کشتی میں - دھڑ ٹوٹا (ھ) ۱ جس کی پیٹھ ٹوٹی ہو ۲ کبڑا - دھڑ جوڑ سے لڑانا (ھ) سوچنا - غور کرنا - دھڑ رہ جانا (متعدی) جسم کا حرکت نہ کر سکنا - فالج ہونا - دھڑ کے اندر لینا (متعدی) ہضم کر جانا (غف) دھڑ میں اتارنا (ھ) ڈالنا (متعدی) اترنا (ھ) پڑنا (لازم) پیٹ میں جانا - نگلنا - کھانا -

مثل - دھڑ کی ٹوٹی نہیں جڑتی - قسمت خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا -

دَھڑ (ہ - مونث) ۱ گرنے کی آواز ۲ (ھ) آواز سے گرنا ۳ تھپڑ یا گھونسا جس سے آواز نکلے ۴ (ھ - صفت) مضبوط - پکا ۵ سخت - ٹھوس ۶ نہایت - حد سے زیادہ ۷ تند - تیز ۸ (تف) مضبوطی سے - پکی طرح - پوری طرح ۹ بے خوف - بے خطر ۱۰ صریحًا - قطعًا - لاکلام ۱۱ دوٹوک - صاف صاف - دھڑا دھڑ (مونث) ۱ کسی چیز کے برابر گرنے کی آواز ۲ پٹنے کی آواز ۳ ماتم کی آواز ۴ پتھروں مکانو وغیرہ کے گرنے کی آواز ۵ (تف) پے درپے - متواتر - دھڑا دھڑی (مونث) ۱ دیکھو آخری ۲ توپوں بندوقوں کی متواتر آواز ۳ دھماکا - دھڑا دھڑی کا ماتم (مذکر) سخت ماتم جس میں سینہ کوبی بہت ہو - دھڑ دھڑ (مونث) ۱ سخت شور یا کھڑکھڑاہٹ ۲ دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز ۳ آگ جلنے کی آواز ۴ کانپنا - تھرتھرانا ۵ (تف) زور سے - آواز سے - تیزی سے - شور کے ساتھ - دھڑ دھڑانا (متعدی) ۱ دروازہ کھٹکھٹانا ۲ ڈھول بجانا ۳ کسی چیز پر کوئی چیز مار کر آواز نکالنا ۴ (لازم) پھڑکنا - دھڑکنا - پھڑ پھڑانا - دھڑ دھڑ جلنا (لازم) بہت تیزی سے جلنا - اس طرح جلنا کہ شعلوں میں سے آواز نکلے - دھڑ دھڑ رہنا (ھ) دھڑکنا - پھڑکنا - پھڑ پھڑانا - دھڑ دھڑ کانپنا (لازم) بہت کانپنا - تھرتھرانا - دھڑ دھڑ کرنا (متعدی) دیکھو دھڑ دھڑانا - دھڑ سے گرنا (لازم) کسی بھاری چیز کا زور سے گرنا -

دَھڑا (ہ - مذکر) ۱ وزن - بوجھ ۲ پانچ سیر کا وزن ۳ پاسنگ - برابر کرنے کا وزن ۴

وہ وزن جو تھوڑے وزن کے ساتھ تول کر اصل وزن کو دگنا تگنا وغیرہ کرنے سے بنے ۵ (ھ) بدن جسم (س- دھرتری) دھڑا اٹھانا (متعدی) تولنا۔ وزن کرنا۔ دھڑا باندھنا (متعدی) پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔ دھڑا کرنا (متعدی) ترازو کے دونوں پلوں کو کسی چیز کے وزن کے ساتھ برابر کرنا۔ دھڑا دھڑی (مونث) سب مال لوٹ لینا۔ سب کچھ لیجانا۔ دھڑا دھڑی بکنا (لازم) کثرت سے بکنا۔ دھڑے (مذکر) دھڑا کی جمع۔ دھڑے بندھ جانا یا پڑنا (لازم) دو گروہ یا فریق ہو جانا۔ ٹھوک بندھ جانا۔ بگاڑ یا نفاق ہوجانا۔

دھڑاخا (اردو- مذکر) دھڑاکا کا مخرب۔

دھڑاکا (ہ- مذکر) ۱ زور کی آواز- دھماکا ۲ بندوق کی آواز ۳ گونج کی آواز ۴ طوفانِ باد کی آواز ۵ حملے کا زور ۶ لڑائی کا شور ۷ جوش- زور ۸ تیزی ۹ بہادری۔ دھڑاکے سے (تف) جلدی سے۔ پھرتی سے۔ تیزی سے۔

دھڑام (ہ- مونث) بھاری چیز کے زمین یا پانی میں گرنے کی آواز۔ دھڑام سے (تف) زور سے۔ آواز کے ساتھ۔ (گرنا کے ساتھ)

دھڑت (ھ- مونث) وہ روپیہ جو دھڑوائی منڈی والوں کو تولنے کا ٹھیکہ لینے پر دیتا ہے- یہ روپیہ عموماً مذہبی کاموں میں خرچ ہوتا ہے۔

دھڑک (ہ- مونث) ۱ پھڑک۔ تڑپ ۲ بیقراری ۳ بیچینی ۴ خوف۔ ڈر ۵ (امر) دھڑکنا کا (س دَہ- جلنا) دھڑکا (مذکر) ۱ دھڑک ۱ تا ۳ ۲ دل کی دھڑکن ۳ زور کی آواز- دھماکا ۴ گرج۔ کڑک ۵ دھکا- دھچکا۔ دھڑکا (ھ) ۱ دیکھو دھڑکا ۲ کھٹکھٹانے کی آواز ۳ خوف- دہشت- دھمکی ۴ بھیڑ- انبوہ ۵ پرندوں کو ڈرانے کا پتلا- دھڑکا دینا (متعدی) ڈرانا- دہلانا- دھڑکا (لگا) رہنا (لازم) خوف ہونا۔ کھٹکا رہنا۔ دھڑکانا (متعدی) ڈرانا- دہلانا- دھڑکن (مونث) ۱ ہول دل- اختلاج قلب ۲ بیچینی- بیقراری- دھڑکنا (لازم) ۱ خوف کھانا- ڈرنا- دہلنا ۲ بیقرار ہونا- بیچین ہونا ۳ (ھ) جلنا- دہکنا ۴ سخت گرم ہونا بدن کا بخار سے ۵ غصے یا جوش میں ہونا- دھڑکوں (مذکر) دھڑکا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے- دھڑکوں میں جان جانا (لازم) ہر وقت خوف رہنا- دھڑکھا (ھ) دیکھو دھڑکا اور دھڑکا۔

دھڑلّا (ہ- مذکر) دیکھو دھڑکا۔ دھڑلّے سے (تف) زور سے- علانیہ- بیباکانہ- دھڑلّے کا (صفت) انبوہ و اژدحام کا- زور شور کا- دھڑلّے کی لڑائی (مونث) زور شور کی لڑائی۔

دھڑنگ (ھ- مذکر) ۱ بدن اور اعضا ۲ (صفت) بڑا- لمبا چوڑا- مضبوط- تنومند- اردو میں صرف ننگ دھڑنگ میں استعمال ہوتا ہے- دھڑنگا (مذکر) دھڑنگی (مونث) دیکھو دھڑنگ۔

دھڑوا (ھ- مذکر) بینا کی ایک قسم۔

دھڑوائی (ھ- مذکر) منڈیوں میں ایک شخص کو تولنے کا ٹھیکہ دیدیا جاتا ہے- اور ہر شخص جو مال لاتا ہے اس سے تلواتا ہے اور وہ اس سے کچھ تلوائی لیتا ہے۔

دھڑی (ھ- مونث) ۱ ایک وزن جو عام طور پر پانچ سیر کا اور بعض جگہ دس سیر کا ہوتا ہے (دھڑا کی تصغیر) ۲ لکیر- مسی کی جو ہونٹوں پر ۳ (ھ) کپڑے کا کنارہ یا جھالر (دھارسے) دھڑی اڑ جانا (لازم) مسی کی تہ کا زائل ہو جانا- دھڑی بھرنا (متعدی) تولنا- دھڑی جمانا یا لگانا (متعدی) جمنا (لازم) ہونٹوں پر مسی کی تہ جمنا دھڑی دھڑی (کر کے) لوٹنا (متعدی) سب کچھ لوٹ لینا- کچھ نہ چھوڑنا- دھڑیوں (تف) بکثرت- بافراط-

اقوال- دھڑی بھر کا سر تو ہلا دیا- پیسہ بھر کی زبان نہ ہلائی گئی- سر ہلا دیا منہ سے جواب نہ دیا- دھڑی دھڑی کر کے لوٹا- کچھ نہ چھوڑا- سب کچھ لے لیا-

دھس (ہ- امر) ۱ دھسنا کا ۲ (مذکر) دیکھو دھس- (س دھوس- ڈھانپنا) دھسا (امر) ۱ دھسانا کا ۲ (ماضی) دھسنا کی- دھسان (ھ- مونث) ۱ دلدل- بجھن ۲ (صفت) دلدلی- دھسانا (متعدی) ۱ بھرنا- ٹھونسنا- گھسیڑنا ۲ دلدل میں پھنسانا- دھساؤ (ھ- مذکر) دیکھو دھسان- دھسن (مونث) ۱ دھسنے کی حالت ۲ دیکھو دھسان دھسنا (لازم) ۱ گھسنا- گھس جانا ۲ دلدل میں پھنسنا ۳ زمین کے اندر کی طرف جانا-

دُھس (ہ- مذکر) ۱ ڈھلوان دریا کے کنارے یا پہاڑ کی ۲ کوئی ڈھلوان جگہ ۳ قلعہ- پشتہ - دمدمہ ۴ وہ مٹی جو چاروں طرف چڑھا دیتے ہیں ۵ ریت کا اونچا میدان جس میں کچھ پیداوار نہ ہو ۶ سرخ بنجر زمین- دھس بنانا (متعدی) پشتہ بنانا- مٹی چڑھا دینا-

دُھسّا (ہ- مذکر) موٹی اون کی چادر (س دورش)

دَھسان (ہند) ایک دریا جو وندھیاچل سے نکل کر بندیل کھنڈ میں سے گزرتا ہوا بیتوا میں آگرتا ہے-

دَہستان (ایران) ایک شہر تابرستان میں-

دُھستور (س- مذکر) دھتورا-

دَھسک (ہ- امر) ۱ دھسکنا کا ۲ (مونث) خفیف کھانسی- کھانسی ۳ دھسنا- بیٹھ جانا- (س دھوس- تباہ ہو جانا) دھسکا (مذکر) کھانسی- دھسک جانا (لازم) صدمہ پاکر دیوار کا

پھٹ جانا۔ **دھسکنا** (لازم) ۱ بیٹھ جانا۔ دھس جانا ۲ گر جانا ۳ گھانسنا ۴ اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۵ داخل ہونا۔ گھسنا۔

دَہِش (ع۔ مذکر) ۱ حیرانگی۔ تحیر۔ حیرت۔ تعجب ۲ (صفت) حیران۔ متحیر۔ متعجب۔ گھبرایا ہوا۔

دِہِش (ف۔ مونث) دینا۔ بخشش۔ عطیہ۔ اردو میں داد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دَہشَت (ع۔ مونث) ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔ ہول۔ بیم۔ باک۔ حراس۔ (دَہِش۔ حیران ہونا) **دہشت انگیز** (صفت) ڈراونا۔ خوفناک۔ ہیبتناک۔ بھیانک۔ ہولناک۔ **دہشت جلانا** (متعدی) خوف دلانا۔ **دہشت زدہ** (صفت) ڈرا ہوا۔ سہما ہوا۔ خوف زدہ۔ **دہشت سمانا** (متعدی) دل میں خوف سمانا۔ **دہشت کھانا** (متعدی) ۱ خوف کھانا۔ ڈرنا ۲ رعب میں آنا۔ **دہشت لگنا** (لازم) خوف معلوم ہونا۔ **دہشتناک** (صفت) خوفناک۔ ہیبتناک۔ جس سے ڈر لگے۔

دَہشُور (مصر) وہ علاقہ جس میں اہرام مصری واقع ہیں۔

دہاقین (ع۔ مذکر) دہقان کی جمع۔

دَہقان (ف۔ مذکر) ۱ دیہات یا گاؤں کا باشندہ۔ کسان۔ کاشتکار ۲ (صفت) گنوار۔ اجڈ۔ ناشائستہ۔ جاہل ۳ نمبردار۔ قاضی۔ زمینداروں کا شاہزادہ (دہ۔ گاؤں۔ خاں سردار) **دہقانِ خُلد** (مذکر) ۱ رضوان ۲ پیغمبر صلعم۔ **دہقانی** (مذکر) دیکھو دہقان۔ **دہقانیت** (مونث) گنوارپن۔

دَہَک (ہ۔ امر) ۱ دہکنا کا ۲ (ھ۔ مونث) جلنا۔ سوزش۔ تپش۔ آتشزدگی ۳ روشنی جلنے کی ۴ جوش۔ شوق۔ گرمجوشی۔ (س۔ دَہ۔ جلنا) **دہکا** (امر) ۱ دہکانا کا ۲ ماضی دہکنا کی۔ **دہکانا** (متعدی)، **دہکنا** (لازم) ۱ جلنا۔ بھڑکنا ۲ آگ کا روشن ہونا ۳ بدن کا گرم ہونا ۴ (ھ) افسوس کرنا پشیمان ہونا ۵ تباہ ہونا۔

دَہَک (ایران) شیراز کے قریب ایک گاؤں ۲ باسط کے قریب ایک گاؤں۔

دَھک (ہ۔ صفت) ۱ حیران۔ متحیر ۲ (مذکر) صدمہ۔ خوف۔ ڈر ۳ (مونث) چھوٹی جوں۔ لیکھ (س دَھَکّ۔ تباہ کرنا) **دھک (سے) رہجانا یا ہوجانا** (لازم) حیران ہوجانا۔ بھونچکا ہوجانا۔

دِھک (س۔ مونث) ۱ لعنت۔ پھٹکار ۲ سراپ۔ بددعا ۳ (حرف ندبہ) شرم۔ افسوس۔ تف۔ تھوک وغیرہ۔ **دھکّار** (مذکر) ۱ دھک ۱و۲ ۲ نفرت۔ حقارت ۳ ملامت۔ زجر و توبیخ۔ **دھکار دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ لعنت کرنا۔ پھٹکار دینا ۲ قسم کھانا۔ **دھک کرنا** (متعدی) ۱ ملامت کرنا۔ تنبیہہ کرنا ۲ لعنت کرنا۔ بددعا دینا۔ **دھکّاری** (مونث) ۱ لعنت ملامت۔ پھٹکار ۲ سراپ۔ بددعا ۳ (صفت) ملعون۔ پھٹکارا ہوا۔

دَھکّا (ہ۔ مذکر) ۱ صدمہ جو دو شخصوں کے یا کسی شخص کو کسی چلتی ہوئی چیز سے ٹکرانے سے پہنچے ۲ ریلا۔ پیلا۔ ٹھیلا ۳ آفت۔ بلا ۴ حادثہ۔ ٹکر ۵ ضرر۔ ٹوٹا (دَھک۔ برباد کرنا) **دھکا پڑنا** (لازم) صدمہ پہنچنا۔ **دھکا پیل یا پیلی** (مونث) بہت دھکے لگنا ہجوم میں۔ ریلا پیلی۔ دھکم دھکا۔ **دھکا پیلی کرنا** (متعدی) ریلنا۔ پیلنا۔ دھکیلنا۔ **دھکا دھکّی** (ھ۔ مونث) دھکا پیل۔ **دھکا دینا** (متعدی) ۱ ہچکولا دینا۔ دھکیلنا ۲ صدمہ پہنچانا۔ **دھکا کھانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) ۱ نقصان ہونا۔ صدمہ ہونا ۲ مصیبت آنا۔ آفت آنا ۳ نقصان پہنچنا۔ **دھکم دَھکّا** (مذکر) دھکا پیل۔ **دھکے دینا** (متعدی) گردن پکڑ کر نکال دینا۔ **دھکے کھاتے پھرنا یا کھانا** (متعدی) مارا مارا پھرنا۔

دُھکانا (ہ۔ متعدی) دھکا دینا۔

دُھکدَھک (ہ۔ مونث) ۱ دل کی دھڑکن۔ دھڑک ۲ گھبراہٹ۔ بےچینی۔ اضطراب (کرنا ہونا کے ساتھ) **دھکدَھکا** (مذکر) دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ **دھکدھکی** (ھ) ۱ دیکھو دھک دھک ۲ سوچ۔ غور۔ فکر۔

دُھکدُھکانا (ھ۔ متعدی) ۱ تیز جلنا۔ شعلہ زن ہونا ۲ چمکنا۔ روشن ہونا۔ ٹمٹمانا ۳ دھڑکنا۔ پھڑکنا ۴ کانپنا۔ تھرتھرانا ۵ گھبرانا۔ بےچین ہونا۔ مضطرب ہونا۔

دُھکدھکی (ہ۔ مونث) ۱ گلے کے نیچے کا گڑھا ۲ گلے کا ایک زیور۔ **دھکدھکی (پر) میں دم ہونا** (لازم) نزع کی حالت ہونا۔ دم توڑنا۔

دُھکَڑ پکَڑ (ہ۔ مونث) یا **مُکَڑ** (ھ) ۱ دیکھو دھکدھک ۲ پس و پیش۔ تذبذب ۳ امید و بیم۔ خوف و رجا۔

دُھکڑَی (ھ۔ مونث) بٹوا۔

دَھکیانا (ہ۔ متعدی) دھکا دینا۔ ریلنا۔ پیلنا۔

دَھکیل (ھ۔ مذکر) دھکا۔ صدمہ (دھکّا سے) **دھکیلا** (مذکر) دیکھو دھکیلو۔ **دھکیل گاڑی** (مونث) ٹھیلا۔ وہ گاڑی جسے آدمی چلائیں۔ **دھکیل دینا۔ دھکیلنا** (متعدی) پیلنا۔ ریلنا۔ دھکا دینا۔ **دھکیلو** (مذکر) ۱ دھکا۔ ریلا ۲ دھکا دینے والا ۳ دھگڑا۔ آشنا۔ **دھکیلواں** (تف) ۱ دھکا دیتے ہوئے ۲ افراط سے۔ بہتات سے۔ بہت۔

دُھکدُگی (ھ۔ مونث) دیکھو دھکدھکی۔

دَھگدَھگانا (ھ۔ لازم) دھکدھکانا۔

دَھگّڑ (ھ)، **دَھگڑا** (ہ۔ مذکر) ۱ شوہر۔ خاوند ۲ یار۔ آشنا فاحشہ عورت کا ۳ مالک۔ آقا (غالباً دھکّا سے) **دھگڑ باز۔ دھگڑہائی** ۔

دھگڑی (ھ - مونث) ۱ فاحشہ عورت - زانیہ ۲ مرد کی آشنا -

دھگولنا (ھ - لازم) لوٹنا کیچڑ میں لوٹنا -

دَہَل (ہ - امر) ۱ دہلنا کا ۲ (مونث) ہلنا - کانپنا ۳ خوف - ڈر ۴ تردد - گھبراہٹ ۵ دلدل (س دَہ - جلنا) دہلا دینا - دہلا (متعدی) دہل پڑنا یا جانا (لازم) ڈر جانا - رعب کھا جانا - دہلنا (لازم) ۱ رعب کھانا - ڈرنا ۲ زمین کا پھٹ جانا یا جنبش میں آنا -

دُہُل (ف - مذکر) ڈھول - نقارہ (س دول) دہل زن یا نواز (مذکر) ڈھول بجانے والا - دہل زنی (مونث) ڈھول بجانا - دہل زنی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ڈھول بجنا -

دُھل (ہ - امر) دُھلنا کا - دُھلا (امر) دھلانا کا ۲ (ماضی) دُھلنا کا - دھلا دینا - دھلانا (مم) دھونا کا - دھلائی (مونث) ۱ کپڑے دھونے کی اجرت ۲ کپڑے دھونا - دھل جانا دُھلنا (لازم) دھونا کا - دھویا جانا - دُھلوانا (مم) دیکھو دھونا - دھلوائی (مونث) دھونے کی اجرت - دھلی (صفت) دھوئی ہوئی - دھلے دھلائے (صفت) دھوئے ہوئے -

دَہلا (ہ - مذکر) تاش کا پتہ جس پر دس نشان ہوں (دس سے)

دُہلان (ھ - مذکر) ۱ دالان ۲ قوم جگ کی ایک گوت جو بالائی دوآب گنگ و جمن میں آباد ہے -

دَھل بھوم (ہند) چٹیا ناگپور میں ایک ریاست -

دَھلدھل (ہ - صفت) کسی رقیق مادے کا زور سے بہنا - دھل دھلانا (لازم) پھوٹ نکلنا - زور سے بہنا - آواز سے بہنا -

دُھلنا (ھ - لازم) ۱ جھولنا - لٹکنا ۲ لوٹنا -

دہلی (ھ - مونث) دہلیز کا مخفف دہلی کے لیوے لے ڈالنا (متعدی) کسی کے یہاں بار بار جانا - از حد تقاضا کرنا -

دِہلی (ہند) ۱ ایک صوبہ جو ضلع رہتک کے جنوب میں دریائے جمنا کے کنارے پر آباد ہے - رقبہ ۳۷۵ (۴۸۸) ۲ جمنا کے کنارے پر اضلاع رہتک اور گوڑگاؤں کے درمیان ایک چھوٹا سا صوبہ رقبہ ۵۷۳ (۶۶۳) ۳ ہندوستان کا دار السلطنت جو دریائے جمنا کے کنارے پر ہندوستان کے وسط میں واقع ہے (۸۴۸) یہ ہندوستان کا بہت پرانا شہر ہے - بعض لوگ کہتے ہیں کہ راجہ دہلو کا بسایا ہوا ہے اس لئے دہلی کہتے ہیں - بعض کا خیال ہے کہ جس وقت لوہے کی لاٹھ گاڑی گئی تو برہمنوں نے کہا کہ یہ شیش ناگ کے سر پر پہنچ گئی ہے - چنانچہ اکھڑوا کر دیکھا گیا تو نچلا سرا خون آلود تھا - پھر گاڑنے پر ڈھیلی رہ گئی - ایک اور فریق کا خیال ہے کہ یہ لفظ دہل سے بنا ہوا ہے - جس کے معنی دلدلی زمین ہیں - دہلی کا کوتوال (صفت) کنایتاً مغرور آدمی - نازک مزاج شخص - دہلوی (صفت) دہلی کا باشندہ (ضرب الامثال کے لئے دیکھو دلی)

دَہلیز (ف - مونث) ۱ چوکھٹ - سنگ آستان ۲ ڈیوڑھی - دروازہ - دہلیز الانگنا (لازم) دیکھو دہلیز لانگنا - دہلیز جھانکنا (لازم) کسی کے پاس کسی کام کے لئے جانا - دہلیز چومنا (متعدی) بے حد عزت کرنا - قدمبوس ہونا - دہلیز کا کتا (مذکر) ۱ پالتو کتا - گھر کا کتا ۲ مفت خورا - دہلیز کھندلانا (ھ - مذکر) منگنی شدہ لڑکے کے اپنے سسرال جانے کی ایک رسم - دہلیز کی خاک مٹی لے ڈالنا (متعدی) بہت سے پھیرے کرنا کسی چیز یا کام کے تقاضے کے لئے کسی کے گھر کثرت سے آنا - دہلیز لانگھنا یا نانگھنا (لازم) دروازے سے باہر قدم رکھنا - ایک گھر سے دوسرے گھر جانا - دہلیز نہ جھانکنا (لازم) ۱ دروازے تک نہ جانا ۲ پردے میں رہنا -

دُھلِلَہ (س - مذکر) ایک وادی کا نام جس میں اُدیاں کا دار الخلافہ تھا -

دُھلیشوری (ہند) بنگال میں تین نالے -

دُھلینڈی (ہ - مونث) ۱ چیت کے مہینے کا پہلا دن جب کہ ہندو دھول اڑاتے ہیں ۲ ہولی کا دوسرا دن - جب گلال ڈالتے ہیں -

دَھم (ہ - مونث) آواز - شور - زور کی آواز - ڈھول کی آواز - گرنے کی آواز کودنے کی آواز - دھماکا (س دھم - بجانا) دھما چوکڑی (مونث) ۱ شور - غل - ہنگامہ ۲ کود پھاند - شور غوغا ۳ بچوں کا اچھلنا کودنا ۴ دھینگا مشتی - (مچانا مچنا کے ساتھ) دھمادھم (مذکر) ۱ متواتر زور کی آواز - کودنے بوجھ گرنے پیٹنے ضرب گھونسے مکے ڈھول وغیرہ کی متواتر یا پیہم آواز ۲ (تف) زور کی آواز کے ساتھ - دھماکا (مذکر) ۱ گرنے یا کودنے کی آواز ۲ توپ - پٹاخے یا بمب کی آواز ۳ دیوار گرنے کی آواز ۴ زور کا دھپا یا تمانچہ ۵ ایک قسم کی توپ جو ہاتھیوں پر لادی جاتی ہے ۶ پتھر بندوق - دھم دھم (مونث) ۱ انسان کے زور سے زمین پر پاؤں مارنے کی آواز ۲ ڈھول وغیرہ کی آواز - دھم دھمانا (متعدی) ۱ پاؤں کو کھوکھلی زمین پر مارنے سے آواز نکالنا - پاؤں کو زور سے زمین پر مارنا - کوئی بھاری چیز زمین پر مار کر آواز نکالنا ۲ ڈھول بجانا ۳ دروازے پر ہاتھ مارنا - دھم دھماہٹ (مونث) سر کے اوپر کوئی آواز - دھم دھوسر (صفت) موٹا - فربہ - ہٹا کٹا - دھم سے (تف) ۱ زور کی آواز کے ساتھ - شور کرتے ہوئے ۲ یکایک

فوراً ۲ بھاری طور پر۔ دھم سے آموجود ہونا (لازم) فوراً آجانا۔ دھم سے کودنا (متعدی) زور سے یا آواز کے ساتھ کودنا۔ دھم سے گرنا (لازم) گد سے گرنا۔ زور سے زمین پر گرنا۔ دھموکا (مذکر) مُکا۔ گھونسا۔ دھموکا (مذکر) ایک قسم کا دف۔

امثال۔ دھم دھم ہیچ نہ غم مرے سو ہیم۔ جو مصیبت ہے غریب کے لئے۔ دھم دھوسڑ کا ہے موٹا کرے۔ بنج نہ آوے ٹوٹا۔ موٹے آدمی کو مذاقاً کہتے ہیں۔

دَھم (س۔ مذکر) ۱ پھونک مارنے والا ۲ پگھلانے والا ۳ (مذکر) چاند ۴ یم کا نام ۵ کرشن جی۔ دھم دھم (مذکر) ۱ ایک دیت کا نام جو بیماری پیدا کرتا ہے ۲ شوجی کا ایک پرستار۔ دھم دھما (مونث) سکند کی ایک ماتری۔ دھمک (مذکر) لوہار۔ دھمکا (مونث) لوہار کی بیوی۔ دھمنی (مونث) ۱ بجانے یا پھونکنے کا فعل ۲ ہراد کی بیوی کا نام جو داتا پی اور الولا کی ماں تھی۔

دُھم (ع۔ مذکر) مہینے کی آخری تین راتیں جن میں چاند نظر نہیں آتا۔ سیاہ کی راتیں

دُھم (ھ۔ مونث) دھوم کا مخفف۔ دھم دھڑکا (مذکر) دیکھو دھوم دھام۔

دَھمار (ھ۔ مذکر) دھمال۔

دَھمال (ہ۔ مونث) دھمال (ھ) ۱ اچھل کود۔ کود پھاند ۲ شور و غل۔ دھما چوکڑی ۳ ایک قسم کا راگ ۴ فقیروں کا کودنا ۵ دھلینڈی کے دن کا راگ ۶ فقیروں کا آگ میں سے گزرنا ۷ (ھ۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔ ہٹا کٹا۔ دھمال کرنا (مذکر) ۱ فقیروں کا کودنا ۲ فقیروں کا آگ میں سے گزرنا ۳ دھما چوکڑی مچانا۔ اچھلنا کودنا۔ دھمال کھیلنا (متعدی لازم) اچھلنا۔ کودنا۔ دھما چوکڑی مچانا۔ دھمالیہ (مذکر) فقیر جو دھمال کرے۔

دَھمپال (س۔ مذکر) ۱ بدھ کے شروع کے چیلوں میں سے ایک ۲ یہ نام جو نئے پیرو ہوتے ہیں عموماً اختیار کر لیتے ہیں ۳ (ہ) تامل قوم کا ایک فرد تھا۔ اسنے سات مقدس کتابوں کے ٹیکے لکھے ہیں۔

دَھمپال (ھ۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔

دَھمتری (ہند) ضلع رائے پور میں ایک قصبہ (۷)

دَھمتُور (ہند) ضلع ہزارا میں ایک قصبہ۔

دَھمچا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی ہلی۔

دَھمدا (ہند) ضلع رائے پور میں ایک قصبہ۔

دَھمدھمی (ہ۔ مونث) ایک باجہ جو منہ سے بجایا جاتا ہے (بجانا بجنا کے ساتھ)

دَھمدھوسر (ھ۔ مذکر) ایک بنئے کا نام۔

مثل۔ دھمدھوسر کا ہے موٹا بنج کرے نہ آئے ٹوٹا۔ کوئی پروا نہیں مزے اڑاتا ہے۔

دَھمری (ہند) ضلع ڈاکہ میں ایک قصبہ۔

دَھمَس۔ دَھمّس (ھ۔ مذکر)۔ ڈرمٹ۔ موگری۔

دَھمک (ہ۔ امر) ۱ دھمکنا سے ۲ (مونث) آہٹ۔ پاؤں کی آواز ۳ صدمہ جو سخت آواز سے دماغ کو پہنچے ۴ خفیف دردسر ٹیس۔ تپک ۵ (ھ۔ مونث) دھڑکن۔ پھڑک ۶ گرم ہوا ۷ چمک دمک ۸ دھمکی ۹ ڈر۔ خوف ۱۰ زمین کی ناہمواری۔ دھمکا (امر) ۱ دھمکانا کا ۲ (ماضی) دھمکنا کی ۳ (ھ) ۱ دیکھو دھمک ۳و۴و۵و۶و۹ ۲ کسی چیز کے گرنے کی آواز ۳ تھپیڑ۔ مکا۔ صدمہ ۴ حبس۔ گرمی جو بارش کے بعد ہو ۵ ہلکا سا بخار۔ دھمکانا (متعدی) ۱ ڈرانا۔ خوف دلانا۔ ڈانٹنا ۲ سرزنش کرنا۔ تہدید کرنا۔ دھمکاہٹ (ھ) دھمکی۔ دھمکنا (لازم) ۱ خفیف دردسر ہونا ۲ کوئی چیز کوٹنا ۳ یکایک کہیں پہنچ جانا۔ ان معنوں میں آجا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دھمکی (مونث) ۱ خوف۔ ڈر ۲ گھرکی (دنیا کے ساتھ) دھمک ہے۔ راستے میں اونچا نیچا یا غار ہے (کہاروں کی اصطلاح) دَھمکیلا (ھ) ۱ چمکیلا۔ درفشاں ۲ (مذکر) چمکدار رنگ۔ دھمکی میں آنا (لازم) ڈر جانا۔ خوف مان جانا۔

مثل۔ دھمکائے پایا بانیا دھر دے ڈیڑھ سیری۔ دبے ہوئے سے حسب دلخواہ کام لیا جاسکتا ہے۔

دُھملا (ہ۔ صفت) ۱ دُھندلا۔ غبار آلود ۲ گہرا ۳ تاریک۔ ماند ۴ چندھا۔ کم نظر۔ تیرہ۔ دھملائی (مونث) دھندلائی وغیرہ۔

دَھمنا (ھ۔ لازم) ۱ رنجیدہ ہونا۔ مغموم ہونا ۲ حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔

دَھمنی (ھ۔ مونث) ۱ پھونکنی ۲ رگ۔ نس۔

دَھمی (ہند) پنجاب میں ایک پہاڑی ہندو ریاست رقبہ ۲۷ (۴)

دَہَن (ف۔ مذکر) دہاں کا مخفف دیکھو دہاں۔ دہن بستہ (صفت) چھینکا چڑھا ہوا۔ دہن بند (مذکر) ۱ نقاب ۲ چھینکا منہ پر باندھنے کا۔ دہن بندی (مونث) کسی کو کچھ دینے کی ممانعت کردینا۔ دہن بوس (صفت) منہ کو چومنے والا۔ دہن تنگ (مذکر) چھوٹا منہ۔ دہن تیغ (مذکر) تلوار کی دھار۔ دہن دریدہ (صفت) منہ پھٹ۔ گستاخ۔ بے شرم۔ دہن زخم (مذکر) زخموں کا سوراخ۔ دہن زخم کا ہنسنا (لازم) زخم کا کھل جانا یا بڑا ہو جانا۔ دہن فرہنگ (مذکر) ایک سبز رنگ پتھر۔ دہن کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) منہ کھولنا۔ بات کرنا۔ دہنہ (مذکر) دہن۔ دہنۂ

روودخانہ (مذکر) دریا کا دہانہ۔ دہنۂ فرنگ (مذکر) ایک سبز پتھر۔ دہنۂ لگام (مذکر) دیکھو دہانہ ۲۔

مثل۔ دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی شخص سے بچنے کے لئے کچھ دیں۔

دَہَن (س۔ مذکر) ۱ آگ ۲ جلنا۔ آتشزدگی ۳ حبس۔ گرمی ۴ اگنی دیوتا ۵ ایک پودہ ۶ ایک سونے کا سکہ جو چھ روپے کے برابر ہوتا ہے۔ دہنا (مونث) چاند کے رستے کا ایک حصہ۔ دہن پریا (مونث) اگنی کی بیوی۔ دہن کرنا (متعدی) جلانا۔ دہنوپل (مذکر) ۱ ایک قیمتی پتھر ۲ مہذب شیشہ۔ دہنیہ (صفت) قابل سوختنی۔

دَھن (س۔ مذکر) ۱ مال۔ دولت۔ زر۔ لچھمی۔ مایا ۲ جائداد۔ مال و متاع۔ مویشی ۳ قسمت۔ نصیبا۔ طالع۔ بخت ۴ منطقۃ البروج۔ دوسرا نکھترا ۵ اصل زر ۶ جمع کی علامت۔ دھنا دھار (مذکر) ۱ خزانہ۔ ذخیرہ ۲ بہت امیر آدمی۔ دھنا دھکار (مذکر) جائداد کا حق۔ دھنا دھکاری (مذکر) وہ شخص جسکا جائداد کا حق ہو۔ دھنا دِھیہ (صفت) امیر۔ دولتمند۔ دھنارتھی (صفت) ۱ وہ جسے زر کا لالچ ہو۔ کنجوس۔ طامع۔ بخیل ۲ (مذکر) فقیر ۳ حریص آدمی۔ دھنارجن (مذکر) حصول دولت۔ دھنا سیلٹھ (صفت) ۱ نہایت دولتمند۔ امیر ۲ مفسد۔ شریر۔ سرکش۔ سرزور۔ دھناشا (مذکر) دولت کی خواہش یا امید۔ دھناگار (مذکر) امیر آدمی۔ دولتمند شخص۔ دھناگم (مذکر) حصول دولت۔ منافع۔ دھنائیش (عص) پورو روس کا ایک بیٹا۔ دھن بڑھاؤ وِدیا (مونث) علم سیاست دان۔ دھن پاتر (مذکر) امیر آدمی۔ دھن پال (مذکر) ۱ خزانچی ۲ ایک نحوی ۳ ایک مصنف جس نے پائیہ لچھی تصنیف کی ہے۔ دھن پتر (مذکر) جائداد کی فہرست۔ دھن پپاتر شنہ (صفت) لالچی۔ دھن جڑنا (لازم) جوڑنا (متعدی) دولت جمع کرنا۔ دھن چندر (مذکر) ایک مصنف۔ دھند (صفت) ۱ دولت دینے والا۔ فیاض۔ سخی ۲ (عص۔ مذکر) کوبیر ۳ ایک پہاڑ کا نام۔ دھندا (مونث) ۱ سکند کی ایک ماتری ۲ ایک تانترا دیوی ۳ (مذکر) ایک قسم کا گھر۔ دھندارہ (مونث) دولتمند۔ دہنی۔ دھنداُنج (مذکر) کوبیر کا چھوٹا بھائی ۲ راون۔ دھنداوس (مذکر) ۱ کوبیر کا محل ۲ کیلاش پربت۔ دھند دیو (مذکر) ایک کوی۔ دھنڈنڈ (مذکر) جرمانہ۔ ڈنڈ۔ دھن دھرم یا دھرمن (مذکر) ایک راجہ۔ دھن دیو (مذکر) ایک وزیر اور مصنف۔ دھن ساتی (مونث) سمپتی (مذکر) حصول دولت۔ دھن سمت (مذکر) ایک راجہ۔ دھن لگانا (متعدی) ۱ مال خرچ کرنا ۲ زمیندار کا گائے بھینس وغیرہ قرض میں لینا۔ دھن لوبھ (مذکر) روپے کا حریص۔ دھن مان (صفت) امیر۔ دھنجے (مذکر) ۱ اگنی ۲ ایک خاص ہوا جس کے متعلق خیال ہے کہ بدن کی پرورش کرتی ہے ۳ ارجن ۴ کرم ماش کا نواں دن ۵ ارجن درخت ۶ ایک ناگ ویت ۷ ایک ویاس ۸ کلنگا کا ایک راجہ ۹ کوستھلپور کا ایک راجہ ۱۰ وش روپک کا مصنف ۱۱ ایک برہمن۔ اس کی اولاد۔ دھنمند (صفت) ۱ مغرور دولت ۲ غرور یا نشہ دولت کا۔ دھن مول (مذکر) اصل زر۔ دھنوال (صفت) امیر۔ دولتمند۔ دھنونت (مونث) دولتمندی۔ امیری۔ دھن وت یا ونت (مذکر) امیر۔ دولتمند۔ دھنیشور (مذکر) کوبیر۔ دھنی (صفت) ۱ امیر۔ دولتمند ۲ (مذکر) قابض۔ مالک ۳ خاوند ۴ قرضخواہ۔ ساہوکار ۵ اشو کا ایک نام۔ دھنی جوگ (صفت) قابل ادائیگی خریدار یا قابض کو (ہنڈی) ۲ (مذکر) ہنڈی کا مالک۔ دھنی رام ۱ ہندوؤں میں ایک نام ۲ ایک شاعر۔

امثال و اقوال۔ دھنا سیلٹھ بن کے بیٹھے ہیں۔ اسکو کہتے ہیں جو اپنے آپ کو اپنی حیثیت سے بڑھ کر ظاہر کرے۔ دھن اور گیند کھیل کی دوؤ ایک سبھاؤ۔ کر آوت چھین ایک میں چھین میں کر سے جاؤ۔ دولت اور گیند دونوں کا ایک ہی طریقہ ہے پل میں آتے ہیں اور پل میں چلے جاتے ہیں۔ دھن جوڑن کے دھیان میں یونہی عمر نہ کھو۔ موتی بر گے مول کے کبھی نہ ٹھیکر ہو۔ دولت جمع کرنے کے خیال میں عمر نہیں گنوانی چاہئے ٹھیکری موتی کے برابر نہیں ہوسکتی۔ دھن چاہے تو دھرم کر۔ مکت چاہے بھج رام۔ اگر دولت چاہتا ہے تو سخاوت کر۔ اگر نجات چاہتا ہے تو خدا کو یاد کر۔ دھن دولت چلتی (ہنڈتی) پھرتی چھاؤں ہے۔ دولت کبھی ایک شخص کے پاس نہیں رہتی۔ دھن دے جی کو راکھئے اور جی دے راکھے لاج۔ جان بچانے کیلئے دولت دینی چاہئے اور عزت بچانے کیلئے جان دینی چاہئے۔ دھن کا دھن گیا اور میت کی میت گئی۔ روپیہ بھی گیا اور دوست بھی گیا۔ اگر دوست کو قرضہ دو تو یہی ہوتا ہے۔ دھن کے پندرہ مکر کے پچیس چلے کے یہ دن چالیس۔ چالیس دن سخت سردی کے ہوتے ہیں ۱۵ پوس کے اور ۲۵ ماگھ کے۔ دھن لے کوئی دھرم کھوئے کوئی۔ جھوٹی گواہی دے کر اپنا ایمان خراب کرنا۔ دھن میں دھن تین آنٹی سن۔ نہایت غریب آدمی ہے۔ دھن ناتی حقہ۔ پوشاک ناتی جلیبھ۔ سخت غریب ہے۔ دھنونتی کے کانٹا لگا دوڑے لوگ ہزار۔ نردھن گرا پہاڑ سے کوئی نہ آیا کار (یار) امیر آدمی کو ذرا سی تکلیف ہو تو سیکڑوں خوشامدی دوڑ پڑتے ہیں۔ لیکن غریب پہاڑ سے بھی گر پڑے تو کوئی پاس نہیں آتا۔

دَھن (ہ۔ صفت) ۱ خوش قسمت۔ صاحب نصیب ۲ (ندا) شاباش۔ مرحبا۔ واہ واہ۔ آفریں۔ بلیے۔ واہ جی ۳ شکریہ۔ دھن باد

(مذکر) دیکھو دھنیہ واد۔ **دھن بھاگ** (مذکر) خوش قسمتی۔نصیبا۔ **دھن دھن** (صفت وندا) دیکھو دھن۔ **دھن دھن کرنا** (متعدی) ۱ طنزاً کوئی براکام کرنا ۲ آگ لگانا ۳ خاک اڑانا۔ **دھن ماننا** (متعدی) شکریہ ادا کرنا۔مشکور ہونا۔ **دھن مانی** (مونث) شکریہ۔ **دھن نصیب** (مذکر) دھن بھاگ۔ **دھن مہاراج** (مذکر) بڑے آدمیوں کو اس طرح خطاب کرتے ہیں۔اے خوش قسمت۔ **دھن ہے** ۱ آفریں ہے۔شاباش ۲ (طنزاً) یہ کیا کیا۔کام خراب کیا۔ **دھنی** (صفت) ۱ خوش قسمت۔صاحب النصیب ۲ (مذکر) وہ شخص جو کسی خاص کام میں مہارت رکھے۔

دَھن (ھ۔مذکر) ۱ دیکھو دھنو ۲ دھان کا مخفف۔مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **دھن کٹی** (مونث) دھان کے کٹنے کا موسم ۲ ایک قسم کا کپڑا۔ **دھن کٹی** (مونث) دھان کو کوٹنے کا آلہ ۲ دھانوں کی اوکھلی اور موسل ۳ ایک چھوٹا کیڑا ۴ وہ شخص جسے بہت مار پڑتی ہو۔ **دھنکٹی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دھان کٹ کر چاول نکلنا ۲ خوب زدوکوب ہونا۔ **دھنکر** (مونث) ۱ وہ اراضی جس میں دھان بوئے جائیں ۲ سخت زمین جس میں دھان بوئے جاتے ہیں۔

دُھن (ہ۔مونث) ۱ دھیان۔خیال ۲ شوق۔لو۔سرگرمی ۳ لت۔عادت۔دھت ۴ خواہش۔آرزو ۵ گانے کی طرز ۶ راگ کی آواز۔لے ۷ (ھ) بے چینی۔گھبراہٹ ۸ (ھ) محنت۔مستعدی ۹ سخت درد ہڈیوں میں (س دُھو۔ہلانا) **دھن باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ تصور یا خیال جمنا۔لو لگنا ۲ گانا۔ **دھن سمانا** (لازم) خیال آنا یا بندھنا۔ **دھن کا پکا** (صفت) وہ شخص جو کسی خیالی بات کے پیچھے لگ جائے۔ **دھن لگنا** (لازم) دھیان لگنا۔دھت ہونا۔ **دھن ہونا** (لازم) شوق ہونا۔خیال ہونا۔

دُہن (ع۔مذکر) ۱ تیل ۲ مرہم۔خوشبو (دُہن۔تیل لگانا)

دُہن (س۔مذکر) ۱ دوہنا ۲ دودھ دوہنے کا فعل۔

دُہن (ھ۔صفت) دونوں۔

دَہنا (ہ۔صفت) **دَہنا** (ھ) دیکھو داہنا۔ **دہنا قدم لینا** (متعدی) ۱ چالاکی یا شرارت کا قائل ہونا ۲ (طنزاً) تعظیم کرنا۔ **دہنی** (صفت مونث) دہنا کا۔ **دہنے** (تف) داہیں طرف داہیں پر۔ **دہنے بائیں** (تف) ادھر ادھر (دیکھنا کے ساتھ) **دہنے طمانچہ** (کہاروں کی اصطلاح) دہنی طرف دیوار کا پشتہ ہے۔ **دہنے ہاتھ** (تف) داہیں طرف۔ **دہنی ہتھیلی کا تِل** (مذکر) دولتمندی اور سخاوت کی نشانی ہے۔ **دہنے ہاتھ کا کھانا حرام** قسم دلانے یا کھانے کے لئے کہتے ہیں۔ **دہنی یا بائیں لگا کر پکڑ لانا** (متعدی) دستی کر کے خواہ دہنی خواہ بائیں طرف سے پیچ کرنا۔

دَہنا (عب) صحرائے عرب چونکہ اس کے ریت کا رنگ سرخ ہے۔یہ نام ہے۔رقبہ پچاس ہزار۔اسقدر گرمی ہوتی ہے کہ بدو بھی اس میں داخل نہیں ہوتے۔اسے رب الخالی بھی کہتے ہیں۔حارق کے جنوب میں یمن اور حضرموت تک پھیلا ہوا ہے۔

دَھنا (ھ۔مونث) استری۔بیوی۔زوجہ۔

دَھنّا (ہ۔مذکر) دیکھو دھرنا۔ **دھنا دینا** (متعدی) دیکھو دھرنا دینا۔

دُھنا (ہ۔مذکر) **دُھنّا** (ھ) روئی دھنکنے والا۔دھنیا۔نداف (س دُھو۔ہلانا) **دھنے جلاہے** (مذکر) رذیل۔کمینے۔

دُہنا (ہ۔متعدی) دیکھو دوہنا۔

دُھنا (ہ۔متعدی) ۱ روئی دھنکنا یا صاف کرنا ۲ مارنا۔پیٹنا ۳ تنبیہہ کرنا۔سرزنش کرنا ۴ (سر) پٹکنا۔دے مارنا۔سر پر ہاتھ مارنا ۵ برا بھلا کہنا۔پٹنا۔ذلیل کرنا ۶ بہت سوچنا۔بہت کوشش کرنا (س دُھو۔ہلانا)

دھناپور (ہند) ضلع غازی پور میں ایک قصبہ۔

دھناسری (ہ۔مونث) ۱ ایک راگنی مالکوس کی ۲ سخت تھپڑ یا ضرب ۳ کشتی کا ایک داؤں (س دھناشری)

دَھنتر (ھ۔مذکر) ۱ نہایت دولتمند یا امیر۔مالدار ۲ طاقتور۔زبردست۔سرکش ۳ مغرور متکبر (س دَھن سے) ۴ (مذکر) ایک مشہور وید کا نام۔نہایت قابل وید (س دھنونتری) **دھنتری** (مونث) غرور۔تکبر۔شیخی۔ **دھنتری نکل جانا** (لازم) غرور مٹ جانا۔

دِہند (ف۔صفت) دینے والا۔ادا کرنے والا۔مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نادہند۔ **دہندگان** (جمع) دہندہ کی۔ **دہندہ** (صفت) ۱ ادا کرنے والا۔دینے والا ۲ فیاض۔مخیر۔مرکبات میں جیسے اطلاع دہندہ۔

دُھند (ہ۔مذکر) ۱ کوہر۔کوہاسا۔غلیظ بخارات۔غبار ۲ اندھیرا۔تاریکی ۳ نظر کی تاریکی ضعف بصارت ۴ (ھ) ابر آلود موسم ۵ (ھ) طوفان۔خاک۔آندھ ۶ (ھ۔صفت) دھندلا۔تاریک ۷ (ھ) بے نور۔گدلا۔غیر شفاف ۸ (ھ) جس میں عقل یا ہوش نہ رہے ہوں۔بیہوش۔مدہوش ۹ اندھا کا مرادف جیسے اندھا دھند (س دُھم) **دھندا** (صفت) دیکھو دھند اندھا دھند امیں مستعمل ہے۔ **دھند کا پسارا** ۱ اندھیر کی جگہ۔دنیا۔ **دھندکار** (مذکر) تاریکی۔اندھیرا۔ **دھند کرنا** (ھ) **ہونا** (لازم) ۱ اندھیرا ہونا ۲ بدمست ہونا۔مدہوش ہونا۔ **دُھندلا** (صفت) ۱ تاریک۔اندھیرا ۲ غیر شفاف۔گدلا ۳ ماند۔جس میں چمک نہ ہو۔ **دھندلاپن** (مذکر) ۱ اندھیرا۔تاریکی ۲ گدلاپن۔تیرگی ۳ اندھاپن ۴ کہر کا سا عالم۔ **دھندلا دکھائی دینا** (لازم) صاف نظر نہ آنا۔کم نظر آنا۔ **دھندلکا**

(مذکر) علی الصبح جب کچھ تاریکی ہو۔

دُھنّد (ھ - مذکر) ۱ ارادہ ۔نیت۔ کوشش ۲ خیال ۔ رائے۔

دَھندا (ہ - مذکر) ۱ کام۔ کاروبار۔ کام کاج ۲ مشغولی ۔مصروفیت ۳ پیشہ ۔ہنر۔ (س دَھن سے) **دھندے یاد ہیں** (بیگمات) مکرو فریب یا چلے یاد ہیں۔

دَھندلا (ہ - مذکر) ۱ دھوکا ۔مکر۔ فریب ۔ دغا ۔حیلہ ۲ دکھاوا درد وغم کا۔ **دھندلانا** (متعدی) دھاندلی کرنا۔ دھوکا کرنا۔ **دھندلے** (ہ - مذکر) جمع دھندلا کی (کرنا مچانا کے ساتھ) **دھندلے یاد ہونا** (لازم) سخت مکار یا فریبی ہونا ۔ بڑے مکر و چلے جاننا۔

دُھندھار (ھ - صفت) ۱ اکیلا۔ تنہا ۲ گوشہ نشین ۳ اداس ۔مغموم ۴ (مذکر) اکیلا شخص وغیرہ ۔ **دھندھاری** (مونث) ۱ تنہائی ۲ گوشہ نشینی ۔عزلت۔

دُھنّدالا (ھ - مونث) دلالہ کٹنی۔

دُھندھر (ھ - مونث) دھند۔ **دھندھرا** (صفت) دھندلا ۔ **دھندھرانا** (لازم) دھندلا۔

دھندھکا (ھ - مذکر) بڑا ڈھول۔ **دھندکی** (مونث) چھوٹا ڈھول۔

دُھندھکیا (ھ - صفت) دھندیا۔ اندھیرا پیدا کرنے والا۔

دُھندُھمار (س - عص) ۱ دھندو کا قاتل - کُولایا سو کا لقب ۲ بیر بھٹی۔

دُھندُھو (س - مذکر) ایک اُسر جو کولایا سو کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔

دُھندوانا (ھ - لازم) دھوئیں سے بھر جانا ۔بہت دھواں ہونا۔

دُھندُھوک (ہند) ضلع احمد آباد میں ایک قصبہ۔

دَھندھیلا (ھ - صفت) دغاباز۔ دھوکے باز ۔مکار۔

دَھندیہ (ہند) ضلع چوبیس پرگنہ میں ایک قصبہ۔

دَھنُر (س - مذکر) بجائے دھنس مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **دھنر گرہ** (مذکر) ۱ کماں بردار ۲ تیرانداز ۳ دھرت راشٹر کے ایک بیٹے کا نام۔ **دھنروکتر** (عص) سکندر کا ایک پرستار۔ **دھنروید** (مذکر) ۱ علم تیراندازی ۲ ایک کتاب جو اپادید ہے اور یجروید کے متعلق ہے ۳ ایک کتاب مصنفہ سارنگ دت۔

دَھنّس (س - مذکر) ۱ کمان۔ قوس ۲ قوس و قزح ۳ ایک ماپ ۴ دائرے کا ایک حصہ ۵ برج ۔ قوس ۶ شوجی کا ایک نام ۷ ریگستان ۔بنجر زمین ۸ ایک چوتھائی دائرہ جس سے سورج کی بلندی ناپی جاتی ہے۔

دَھنّس (ہند) ریاست جودھپور میں ایک قصبہ۔

دَھنسنا (ہ - لازم) دیکھو دھسنا۔

دَھنُش (س - مذکر) دیکھو دھنس مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔مگر ہندی میں علیحدہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ **دھنش پانی** (صفت) ۱ کمان سے مسلح ۲ (مذکر) تیرانداز۔ **دھنش توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹنا** (لازم) تیر چلنا۔ **دھنش کھاتا** (مذکر) ایک دریا۔ **دھنش کھنڈ** (مذکر) کمان کا ایک ٹکڑا۔ **دھنش مت** (صفت) کمان سے مسلح ۔تیرانداز ۲ (مذکر) ایک پہاڑ جو مدھیا دیش کے شمال میں ہے۔ **دھنش متی** (مونث) ایک دیوی۔

دَھنِشٹھ (س - صفت) ۱ بہت تیز رفتار ۲ بہت امیر۔ **دھنشٹھا** (مذکر) چوبیسویں نکشترے کا نام ۔جس کی شکل ڈھول کی ہے ۔ سعد بلع۔

دَھنُش کوڈی (ہند) احاطہ مدراس کا ایک بندرگاہ جو ۱۹۱۳ء میں جزیرہ رامیشورم میں بنایا گیا تھا۔ ساؤتھ انڈین ریلوے کا آخری سٹیشن ہے یہاں سے سٹیمر لنکا کو جاتے ہیں۔

دَھنِک (س - صفت) ۱ امیر۔ دولتمند ۲ نیک ۔پارسا ۔متقی ۔پرہیزگار ۳ (مذکر) امیر آدمی ۴ پرہیزگار آدمی ۵ ساہوکار ۔ روپیہ قرض دینے والا ۔ قرضخواہ۔

دَھنُک (ہ - مذکر) ۱ کمان۔ قوس ۲ قوس و قزح ۳ پتلا لیس گوٹا ۴ ایک قسم کی اوڑھنی ۵ کشیدے کا کام۔ **دھنک بائی** (ھ) وہ حالت جو کسی عضو کے سو جانے سے ہوتی ہے۔ **دھنک دھری** (مونث) ۱ تیر چلانے والی عورت ۲ ایک رسم جو شوجی کے اعزاز میں ادا کی جاتی ہے۔

دُھنَک (ہ - امر) دُھنکنا کا۔ (س دُھو ۔کانپنا) **دُھنکنا** (متعدی) ۱ روئی صاف کرنا ۲ خوب مارنا۔ **دھنکوائی** (مونث) دھنکنے کی اجرت۔ **دھنکی** (مونث) روئی دھنکنے کا آلہ۔ **دھنکیا** (صفت) روئی دھنکنے والا۔

دَھنکارنا (ھ - مونث) ۱ شور۔ گرج ۲ دھماکا ۔مہیب آواز ۳ دھاڑ ۔چنگھاڑ۔ **دھنکارنا** (لازم) ۱ دھاڑنا ۔چنگھاڑنا ۔ڈکارنا ۲ شکار کرنا ۔گرجنا۔

دَھنکنا (ھ - لازم) ۱ جلنا ۔شعلہ زن ہونا ۲ دہکنا۔

دُھنکنا (ھ - لازم) ۱ آواز مہیب نکالنا ۲ گرجنا ۔ڈکارنا ۔دھاڑنا ۔چنگھاڑنا۔

دھنگا (ھ - مونث) ایک قسم کی گھاس جمع کرنے کا آلہ پنجے کی شکل کا ۔جیلی۔

دُھنگار (ہ - امر) ۱ دھنگارنا کا ۲ (مذکر) بگھار ۔چونکہ ۔ **دھنگارنا** (متعدی) بگھارنا ۔داغنا۔

دِھنگانا (ھ - متعدی) ۱ ستانا۔ تنگ کرنا ۲ چھیڑنا۔ چڑانا۔ دق کرنا۔

دَھنو (س - مذکر) دھنش کا مخفف

دھنوراج (مذکر) ساکی منی کا ایک بزرگ۔

دَھنو۔ دَھنوا (س - مذکر) ۱ خشک زمین۔ ریگستان۔ بنجر ۲ وہ ملک جس میں پانی کم ہو ۳ زمین۔ اراضی ۴ کنارہ۔ ساحل۔

دَھنوا (ھ - مذکر) کمان۔

دَھنوتا (ھ - مذکر) ترچھا شہتیر جو پھوس کی چھت میں ڈالا جاتا ہے۔

دھنوتی (ہند) ضلع چمپارن میں ایک نالہ۔

دَھنورا (ہند) ضلع مراد آباد میں ایک قصبہ (۵)

دَھنولا (ہند) ریاست نابھ میں ایک قصبہ (۸)

دَھنولی (ہند) ضلع مظفر پور میں ایک قصبہ (۶)

دَھنوَن (س - مذکر) ۱ کمان ۲ قوس و قزح ۳ برج قوس ۴ خشک زمین۔ ریگستان ۵ ساحل۔

دَھنوِن (س - صفت) ۱ کمان سے مسلح ۲ چالاک۔ ہشیار ۳ (مذکر) برج قوس ۴ شوجی۔ وشن جی۔ ارجن جی کا نام ۵ منوتاس کے ایک لڑکے کا نام ۶ درخت ارجن ۷ مولسری۔ **دھنونتر** (مذکر)

دھنونتری (غف) ۱ دیوتاؤں کا وید۔ جب سمندر کو دوہا گیا تھا تو یہ ہاتھ میں امرت کا پیالہ لئے ہوئے نکل آیا تھا ۲ ایک مشہور وید جو کاشی کا راجہ تھا۔ اسے دیوو داس بھی کہتے ہیں۔ یہ ہندو آیورویدک علاج کا موجد خیال کیا جاتا ہے ۳ ایک ویدک کوش کا مصنف جو بکرماجیت کے دربار کے نورتنوں میں سے تھا۔

دَھنوک (س - مذکر) ایک شاعر۔

دَھنوی (س - صفت) ۱ کمان سے مسلح ۲ ہوشیار۔ چالاک۔ زیرک ۳ (مذکر) تیر انداز۔ کماں بردار ۴ برج قوس ۵ شوجی وشن جی اور ارجن کا نام ۶ پودہ ارجن۔

دَھنّی (ہ - مونث) ۱ شہتیر۔ کڑی (س دھرنی) ۲ بیوی۔ بیگم۔ استری۔ مالکہ (س دھن سے)

دُہنی (ہ - مونث) دودھ کا برتن۔

دُھنی (ھ - مونث) ۱ آواز۔ سُر ۲ مینڈک (س دُھ - ہلنا)

دُھنی (س - مونث) ۱ دریا ۲ (مذکر) ایک اُسر جسے اندر نے قتل کیا تھا ۳ وِسواپ کا ایک بیٹا ۴ (صفت) شور مچانے والا۔ غراٹا مارنے والا (مُرت)

دَھنیا (ہ - مذکر) ۱ ایک خوشبودار بیج جو کوٹ کر سالن میں ڈالا جاتا ہے۔ کشنیز۔ کوتمیر ۲ پودہ جس سے یہ بیج پیدا ہوتا ہے (س دھانیاک)

دھنئے کی کھوپری میں پانی پلانا (متعدی) ۱ دشوار کام کا حکم دینا ۲ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا ۳ آہستہ آہستہ جان سے مارنا۔

دَھنیا (س - مونث) ۱ دائی ۲ دھرو کی بیوی کا نام ۳ آملہ ۴ (مذکر) خزانہ۔

دُھنیا (ہ - مذکر) روئی دُھننے والا۔ نداف۔

مثل۔ دُھنئے کی عقل تانت کے بھیتر۔ اور جگہ جیسے جنگل کا تیتر۔ دھنیا بے وقوف ہوتا ہے۔

دَھنیاک (س - مذکر) دھنیا۔ کشنیز۔

دُہنیَت (ع - مونث) ۱ چکنائی۔ چکناہٹ ۲ تیل۔ گھی۔ روغن۔ چربی۔ (دَہَن - تیل لگانا)

دَھنیس (ہ - مذکر) ایک بڑی چونچ کا پرند۔

دھنیشوری (ہند) آسام میں ایک دریا جو برہمپتر کا معاون ہے۔

دھنیکنی (ہ - مونث) ۱ دھنئے کی بیوی ۲ روئی صاف کرنے والی عورت۔

دَہنِیَہ (س - صفت) ۱ جلنے کے قابل۔ جلنے والا۔ سوختنی ۲ (مذکر) کوئی چیز جو جلانے کی ہو۔

دَھنیَہ (س - صفت) ۱ دولت لانے والا ۲ نیک۔ مبارک۔ شبھ۔ سعید۔ موافق۔ اچھا ۳ خوش۔ خوش نصیب ۴ خوش۔ شاداں ۵ نیک۔ پرہیزگار۔ متقی ۶ بزرگی یا شان کے قابل ۷ ایک منتر جو ہتھیاروں پر پھونکتے ہیں ۸ ایک درخت ۹ وِشنو کا نام کرونجادویپ میں ۱۰ (حرف ندا) شاباش۔ مرحبا۔ واہ واہ۔ دیکھو دھن۔ **دھنیہ بھاگ** (صفت) خوش قسمت۔ **دھنیہ تا** (مونث) خوش قسمتی۔ **دھنیہ کہنا** (متعدی) دعا دینا۔ خیر مانگنا۔ اسیس دینا۔ برکت مانگنا۔ **دھنیہ ماننا** (متعدی) شکریہ ادا کرنا۔ مشکور ہونا۔ **دھنیہ میرے بھاگ** یہ۔ میں کیسا خوش نصیب ہوں۔ دھن میرے بھاگ۔ **دھنیہ واد** (مذکر) ۱ شکریہ ۲ تعریف۔ حمد (کرنا کے ساتھ) **دھنیہ وادی** (مذکر) ۱ وہ جو شکریہ ادا کرے ۲ تعریف کرنے والا۔ حامد۔ حمد کرنے والا۔

دَھو (ہ - مذکر) ایک درخت۔

دَھو۔ دھو (ھ - مونث) پٹے کا لوہے کا حال۔

دَھوَ (س - مذکر) ۱ آدمی۔ انسان ۲ خاوند۔ شوہر ۳ مالک۔ آقا ۴ قابض۔

دھو (ہ - امر) دھونا کا (س دھو ہلانا) **دھوانا** (ھ) دھلوانا۔ **دھو ڈالنا** (متعدی) پانی ڈال کر صاف کرنا۔ دھونا۔ **دھوکر (پیسہ یا چھلا) اٹھانا** (متعدی) منت ماننا۔ نیاز ماننا۔

منت ماننے کے وقت پیسے یا چھلے کو پاک کرکے رکھتے ہیں۔ اگر منت پوری ہوجائے۔ تو اس کو بیچ کر اس کی قیمت سے شیرینی خرید کر بانٹتے ہیں۔ دھوکر پینا

دھونا (متعدی) ۱۔ پانی سے صاف کرنا۔ پاک کرنا ۲۔ دور کرنا۔ زائل کرنا ۳۔ (مذکر) دھونے کا فعل۔ دھونا دھانا (متعدی) دھانا تابع مہمل ہے۔ دھونا۔ دھونا دھونا (متعدی) بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ دھووَن (مذکر) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔ (پینا کے ساتھ) دھوئی دال (مونث) ۱۔ وہ دال جس کا چھلکا اترا ہوا ہو ۲۔ وہ دال جو پکانے کے لئے بھگوئی گئی ہو اور اس کے چھلکے اتر گئے ہوں۔ دھوئی دُھلائی (صفت) دھوئی ہوئی۔ پاک۔ دھوئی دھلائی آنکھ (مونث) بے شرم آنکھ۔ دھوئی (دھلائی) ہوئی زبان ۱۔ پاک کی ہوئی زبان ۲۔ شستہ زبان۔ فصیح زبان۔ دھویا جانا (لازم) بے شرم ہوجانا۔ بیباک ہوجانا۔ دھویا دھایا (صفت) ۱۔ صاف۔ دھویا ہوا ۲۔ عیب سے بری ۳۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزت۔ دھویا دیدہ (صفت) ۱۔ بے لحاظ۔ بے مروت ۲۔ بے غیرت۔ بے شرم۔

مثل۔ دھوتی تھی دو پاؤں دھونے پڑے چار پاؤں۔ شادی کے بعد بہت کام کرنا پڑتا ہے۔

دھوا (ہ۔ مذکر) ۱۔ مسلمانوں میں ایک ذات جو پالکیاں اٹھاتی ہے ۲۔ اس ذات کا ایک فرد۔

دَھوا (ہ۔ مذکر) ڈالی۔ پھل جو تحفے کے طور پر دیا جائے۔

دُھواں (ہ۔ مذکر) وہ سرمئی رنگ کے یا سیاہ بخارات جو کسی چیز کے جلنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ عام طور پر اس چیز کے نامکمل طور پر جلے ہوئے ذرات ہوتے ہیں جو ہوا کے ساتھ اوپر اٹھتے ہیں۔ اگر چیز مکمل طور پر جل اٹھے تو دھواں نہیں اٹھتا۔ بلکہ شعلہ پیدا ہوتا ہے۔ دود۔ دخان (س دھوم۔ بخارات) دھوانا (لازم) ۱۔ کھانے میں دھوئیں کی بو آجانا ۲۔ دھوئیں کی سیاہی کسی جگہ جم جانا۔ دھواں اٹھنا (لازم) ۱۔ دھواں پیدا ہونا یا بلند ہونا۔ دھواں نکلنا ۲۔ (دل سے) آہ نکلنا۔ دھواں بکھیر دینا (متعدی) ۱۔ شکست دینا ۲۔ شیرازہ بکھیر دینا۔ دھواں پھیلنا (لازم) کسی جگہ کا دھوئیں سے بھر جانا۔ دھواں جانا (لازم) دیکھو دھوانا۔ دھواں چھوڑنا (متعدی) ۱۔ انجن کا دھواں نکالنا ۲۔ حقہ پی کر منہ سے دھواں نکالنا یا کسی کی طرف پھونک سے چھوڑنا۔ دھواں دھار (صفت) ۱۔ پرجوش ۲۔ نہایت سیاہ۔ تیرہ و تار ۳۔ پر دود دھوئیں سے بھرا ہوا ۴۔ (مذکر) دھوئیں کا بادل۔ نہایت غلیظ بادل۔ دھواں۔ دھواں دھار بارش (مونث) سخت بارش۔ دھواں دھار برسنا (لازم) سخت بارش ہونا۔ دھواں دھار تقریر (مونث) پرجوش تقریر۔ دھواں دھار گھٹا (مونث) کالی گھٹا۔ دھواں دھار ہوجانا (لازم) سخت اندھیرا ہوجانا۔ دھواں دینا (متعدی) جلنے سے دھواں پیدا کرنا۔ دھوانرا (ہ۔ مذکر) دھوئیں کے نکلنے کی جگہ۔ دھواں رمنا (لازم) دھواں پیدا ہونا۔ دھوانسا (صفت) جس میں دھواں اثر کر گیا ہو۔ (کھانا) دھواں کرنا (متعدی) کوئی چیز جلا کر دھواں پھیلانا۔ دھواں کش (مذکر) ۱۔ دھوئیں کے نکلنے کی جگہ۔ چمنی ۲۔ جہاز کا دودکش ۳۔ دخانی جہاز۔ دھواں گھٹنا (لازم) دھوئیں کا کسی بند مکان میں جمع ہوجانا۔ دھواں لپک (صفت) ۱۔ بہت حقہ پینے والا۔ وہ جو حقے کے دھوئیں کی بو پر دوڑا جائے ۲۔ حریص۔ لالچی۔ دھواں منہ سے چھوڑنا یا نکالنا (متعدی) حقے کا کش لے کر منہ سے خارج کرنا۔ دھواں نکلنا (لازم) جلنا۔ سلگنا۔ دھواں اٹھنا۔ دھواں ہوجانا (لازم) بھاپ بن کر اڑ جانا۔ دھواں ہونا (لازم) دھوئیں کا پیدا ہونا۔ دھوئیں (جمع) علیحدہ استعمال نہیں ہوتا۔ دھوئیں اٹھنا (لازم) بہت جگہ آگ جلائی جانا۔ دھواں اُڑانا (متعدی) اُڑ جانا یا اُڑنا (لازم) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ دھوئیں بکھرنا (لازم) ۱۔ گھبرا اٹھنا ۲۔ خراب خستہ ہونا۔ دھوئیں بکھیرنا (متعدی) ۱۔ تباہ کرنا۔ ناس کرنا ۲۔ لتاڑنا۔ دبانا۔ دھوئیں پار کر دینا (متعدی) بہت ناموری کرنا (عف) دھوئیں پانی کا شریک (مذکر) ہمسایہ۔ پڑوسی۔ دھوئیں کش کا جہاز (مذکر) دخانی جہاز۔ دھوئیں کے بادل اڑانا (متعدی) ۱۔ بہت حقہ پینا۔ حقہ پی کر منہ سے بہت دھواں نکالنا ۲۔ بے بنیاد یا بے سروپا خبریں مشہور کرنا۔ دھوئیں لپک (صفت) لالچی۔ حریص (ہونا کے ساتھ)

دُھونکش (س۔ مذکر) ۱۔ کوا ۲۔ بگلا۔ مرغابی۔ چھوٹی بطخ ۳۔ کوئی آبی پرند۔

دھوب (ہ۔ مذکر) دھونا۔ شوب (س۔ دُھو۔ ہلانا) دھوب پڑنا (لازم) دھویا جانا۔ دھوبن (مونث) دھوبنی (ہ) دھوبی کا مونث ۱۔ کپڑا دھونے والی عورت ۲۔ دھوبی کی بیوی ۳۔ دھوبی قوم کی عورت ۴۔ ایک قسم کا پرند دھوبن چڑیا (مونث) ممولا۔ اس لئے کہتے ہیں کہ عموماً گھاٹوں پر جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں پایا جاتا ہے۔ دھوبی (مذکر) ۱۔ کپڑا دھونے والا آدمی ۲۔ ایک ذات ۳۔ اس ذات کا ایک فرد۔ دھوبی پاٹ (مذکر) یا پٹڑا (ہ) ۱۔ وہ سل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں ۲۔ کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ دھوبی بیٹا چاند سا سیٹی اور پٹاک۔ دھوبی کا بیٹا ہمیشہ خوش پوشاک ہوتا ہے۔ کیونکہ دوسروں کے کپڑے پہنتا ہے اپنا تو سیٹی اور پٹاک ہی ہوتا ہے۔ جب دھوبی کپڑا دھوتے ہیں تو سیٹی کی آواز نکالتے ہیں۔ اور کپڑے کی آواز پاٹ پر پٹاک سی نکلتی ہے اس کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کے خرچ پر اپنی

سفید پوشی قائم رکھے۔ **دھوبی بیٹا جل میں رہے گندی مچھلی کھائے**۔ مقدور والے کا ذلیل حالت میں رہنا۔ جس شخص کے پاس کسی چیز کا سامان ہو اور وہ ناکام رہے۔ **دھوبی پر (سے) بس نہ چلے گدھی کے کان اینٹھے (کاٹے) دھوبی پر بس نہ چلا گدھیا کے کان مروڑے**۔ زبردست سے بس نہیں چلتا کمزور کو دباتا ہے۔ **دھوبی پر دھوبی کھینڈرے میں صابون** (ھ) دھوبی پر دھوبی بدلنا اس طرح ہے جیسے کھیلنے والے میلے لڑکے پر صابون ملنا۔ مطلب یہ ہے کہ نوکر بار بار بدلنے نہیں چاہئیں۔ **دھوبی چھوڑ سقا کیا رہی خضر کے گھاٹ**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود کوشش کرنے کے بری حالت سے نہ نکلے۔ **دھوبی دھائی بھینڑی پانکے لگی** (ھ) دھوبی نے بھیڑ کو دھویا وہ پھر کیچڑ میں جا گھسی۔ بے فائدہ کام کے متعلق کہتے ہیں۔ **دھوبی روو ے دھلائی کو میاں رووین کپڑوں کو**۔ عموماً نادہند کے متعلق کہتے ہیں۔ **دھوبی کا چھیلا آدھا اجلا آدھا میلا**۔ کیونکہ وہ لوگوں کے کپڑے جیسے ملیں پہن لیتا ہے۔ **دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔ نکما اور بیکار آدمی۔ **دھوبی کا گھر عید ہی کو سوجھتا ہے**۔ سخت خسیس اور کنجوس کے متعلق کہتے ہیں۔ **دھوبی کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا**۔ اگر کسی کو کوئی کام کہا جائے تو وہ نہیں کرتا۔ گو عام طور پر وہ کرتا ہو۔ **دھوبی کے بیاہ گدھے کے ماتھے موڑ**۔ دھوبیوں کے بیاہ ہو تو گدھے کو سجاتے ہیں۔ غریب کی بھی کبھی نہ کبھی سنی جاتی ہے۔ **دھوبی کے گھر بیاہ گدھے کو چھٹی**۔ بیاہ کے موقع پر گدھے پر کپڑے لاد کر دھونے کو نہیں لے جاتے۔ اس لئے اسے بیاہ کے دن چھٹی ہوتی ہے۔ غریب کی بھی کبھی نہ کبھی سنی جاتی ہے۔ **دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لٹا لٹے اور**۔ ظاہر ا نقصان کسی کا اور اصل میں کسی اور کا۔ دھوبی کی چوری ہو تو دوسروں کا مال جاتا ہے۔

دُھوپ (ہ۔ مونث) ۱۔ سورج کی تیز روشنی ۲۔ ایک قسم کی خوشبو جو بتوں کے پاس یا ہوا صاف کرنے کے لئے جلاتے ہیں۔ (س دہ۔ جلنا) **دھوپ آجانا یا آنا** (لازم) دھوپ پہنچنا۔ سورج کا سامنے آجانا۔ **دھوپ اترنا** (لازم) ۱۔ دھوپ آنا ۲۔ دھوپ کا کسی بلند جگہ سے نیچے آنا ۳۔ دھوپ کی تیزی کا کم ہو جانا۔ **دھوپ اٹھانا** (متعدی) دھوپ کی تکلیف برداشت کرنا۔ دھوپ میں سفر کرنا۔ **دھوپ اداس ہونا** (لازم) دھوپ کی تیزی کم ہو جانا۔ **دھوپ پڑنا** (لازم) گرمی ہونا۔ سخت دھوپ ہونا۔ **دھوپ پہنچنا** (لازم) دھوپ کا کسی جگہ آجانا۔ **دھوپ پھیلنا** (لازم) سورج کی روشنی پھیلنا۔ **دھوپ ٹلنا** (لازم) دھوپ کا کسی جگہ سے ہٹ جانا۔ **دھوپ جلانا** (متعدی) دھوپ کو بتوں کے آگے سلگانا۔ **دھوپ چڑھانا** (متعدی) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ دیر کر دینا۔ دن چڑھا دینا۔ **دھوپ چڑھنا** (لازم) ۱۔ دن چڑھنا۔ صبح کے وقت دیر ہو جانا ۲۔ دھوپ کا کسی بلند مقام پر پہنچ جانا۔ **دھوپ چڑھے** (تف) دن چڑھے۔ **دھوپ چھاؤں** (مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں دو رنگ ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ کسی رخ ایک نظر آتا ہے کسی رخ دوسرا۔ **دھوپ چھپنا** (لازم) شام ہونا۔ بادل گھر آنا۔ **دھوپ چھوڑنا** (متعدی) سورج کے آگے سے ہٹ جانا۔ دھوپ پڑنے دینا۔ **دھوپ دان** (مذکر) **دانی** (مونث) وہ ظرف جس میں دھوپ یا اور خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں۔ **دھوپ دسمی** (ھ۔ مونث) جینیوں کی ایک رسم۔ بتوں کے آگے بھادوں کی دسویں بدی کو دھوپ جلاتے ہیں۔ **دھوپ دکھانا یا دینا** (متعدی) دھوپ میں رکھنا یا سکھانا کسی چیز کو۔ **دھوپ دیپ** (ھ) بت کے آگے دھوپ جلانا۔ **دھوپ ڈھل جانا یا ڈھلنا** (لازم) زوال آفتاب ہونا۔ **دھوپ سہنا** (متعدی) دھوپ میں کام کرنا۔ دھوپ برداشت کرنا۔ **دھوپ کال یا کالا** (ھ) سخت گرمی کا موسم۔ **دھوپ کھانا** (متعدی) ۱۔ دھوپ میں بیٹھنا یا رہنا ۲۔ دھوپ کی گرمی برداشت کرنا ۳۔ کسی چیز کو دھوپ لگنا۔ **دھوپ کھلنا** (لازم) دھوپ پھیلنا۔ **دھوپ کھینا** (ھ) دھوپ جلانا۔ **دھوپ گھڑی** (مذکر) ایک آلہ جس پر دھوپ پڑنے سے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ **دھوپ لگنا** (لازم) دھوپ کا اثر ہونا۔ **دھوپ لینا** (متعدی) ۱۔ دھوپ کھانا ۲۔ دھوپ کا اثر حاصل کرنا۔ **دھوپ ملنا** (متعدی) کسی چیز کا دھوپ میں خشک ہونا۔ **دھوپ میں بال (چونڈہ یا سر) سفید کرنا** (متعدی) بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا۔ **دھوپ میں بٹھانا** (متعدی) ایک قسم کا تشدد یا سزا ہے۔ **دھوپ میں بیٹھنا** (لازم) سردیوں کے موسم میں گرم ہونے کے لئے دھوپ میں بیٹھتے ہیں۔ **دھوپ میں جلنا یا کنڈا ہونا** (لازم) تیز دھوپ میں دیر تک بیٹھے رہنا۔ **دھوپ میں چنوا دوں گا**۔ بچوں کو ڈراتے ہیں۔ **دھوپ میں رکھنا** (متعدی) کسی چیز کو ایسی جگہ رکھنا جہاں دھوپ ہو۔ **دھوپ نکلنا** (لازم) ۱۔ سورج چڑھنا ۲۔ سورج کا بادلوں میں سے نکلنا ۳۔ روشنی پھیلنا۔ **دھوپ ہونا** (لازم) دھوپ کا نمودار ہونا۔

اقوال۔ **دھوپ میں (بال سفید نہیں کئے ہیں) چونڈا سفید نہیں کیا ہے**۔ بہت تجربہ ہے۔ یونہی عمر ضائع نہیں کی ہے۔ **دھوپ پڑت جو دائیں چلاوے راس ناج وہ ترت اٹھاوے**۔ جو دھوپ میں گاہ ڈالے وہ جلدی اناج اٹھا لیتا ہے۔ موقع ملے تو فائدہ اٹھانا چاہئے۔

دھوپ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی تلوار جو سیدھی ہوتی ہے ۲۔ اس تلوار کی چوڑی طرف سے

مارنا۔ لاٹھی کی ضرب ۲ چوڑا پتا۔

دھوپ (ہ۔ مونث) ۱ دوڑنا۔ دوڑ ۲ محنت۔ کوشش۔ اردو میں دوڑ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دھوپا (ہ۔ مذکر) دھوکا (غف)

دھوپنا (ہ۔ متعدی) ۱ دھوپ جلانا ۲ ہوا۔ صاف کرنے کے لئے خوشبو جلانا ۲ خوشبو لگانا ۲ گندہ بروزہ یا رال چھڑکنا۔

دھوپیلیاں (ہ۔ مونث) دھپیلی کی جمع۔ گرمی دانہ۔ گھموری۔ گھام۔

دھوت (ہ۔ ندا) کتے کو ہٹانے کی آواز۔ دور۔ بھاگ۔ ہٹ۔

دھوت (ہ۔ حرف ندا) دیکھو دھت ودت۔

دھوتا (س۔ مونث) بیوی۔ استری۔ زوجہ۔

دھوتا (ہ۔ صفت) ۱ چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز ۲ بیوفا۔ غدار ۳ (مذکر) چالاک آدمی وغیرہ۔

دھوتر (ہ۔ مونث) ۱ دھوتی۔ (غف) ۲ (ہ) ایک قسم کا ہندوستانی موٹا کپڑا۔

دھوترا (ہ۔ مذکر) ۱ دسواں حصہ۔ دس فیصدی ۲ دس فیصدی محصول یا منہائی۔

دھوتری (ہ۔ مونث) دھوتی۔

دھوتنا (ہ۔ متعدی) ۱ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ دغا کرنا۔ مکاری کرنا ۲ بیوفائی کرنا۔ غداری کرنا۔

دھوتو (ہ۔ مذکر) ۱ بگل۔ ترئی۔ نرسنگھا ۲ بگل وغیرہ کی آواز۔ دھوتو بیگ (مذکر) موٹا بھسپھسا آدمی (غف)

دھوتی (ہ۔ مونث) سفید باریک لمبا کپڑا جو ہندو پاجامہ کی جگہ باندھتے ہیں۔ اس کی لمبائی کی طرف یا بیچ میں عموماً دھاری ہوتی ہے۔ اس کا ایک سرا ٹانگوں میں سے نکال کر پچھلی طرف گھرس دیتے ہیں۔ (باندھنا۔ بندھنا کے ساتھ) (س آدھو۔ نیچے)

دھوتیا پرشاد۔ دھوتی بند یا پرشاد (مذکر) ہندوؤں کو حقارت سے کہتے ہیں۔ **دھوتی چھانٹنا** (متعدی) دھوتی کو دھو اور نچوڑ کر ہوا میں زور سے جھٹکنا تاکہ باقی ماندہ پانی بھی نکل جائے۔

مثل۔ دھوتی میں سب ننگے۔ اندرونی حالت سب کی ایک جیسی ہے۔

دھوتی۔ دھوتی (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا شکاری پرند۔ اس کی مادہ کو بیسرا کہتے ہیں۔

دھوج (س۔ مذکر) **دھوجا** (ہ) ۱ جھنڈا۔ علم ۲ نشان۔ داغ۔ نقش ۳ آلہ تناسل۔

دھوجن (ہ۔ مذکر) ایذا۔ دقت۔ تصدیعہ۔ دکھ۔

دھودھو (ہ۔ مذکر) ۱ درکارنا۔ دور کرنا ۲ (حرف ندا) دردر۔ دھت دھت۔

دھوڈا (ہ۔ مذکر) طاقت۔ قوت۔ دھوڈا ہل گیا (ہ) پہلی سی طاقت نہیں رہی۔ پہلا سا حال نہیں رہا۔

دھور (ہ) **دھوڑ** (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی بڑی فاختہ ۲ ایک قسم کا گنا۔

دھور (ہ۔ مونث) ۱ دھول ۲ ایک قسم کی ناقص گھاس ۳ لبوے کا بیسواں حصہ۔ بسوانسی۔ **دھوردھاری** (ہ۔ مذکر) وہ شخص جس پر بہت دھول پڑی ہو۔ میلا یا گندہ شخص۔

دھور (س۔ دھا) ۱ جھکانا ۲ گرانا ۳ ضرر پہنچانا۔

دھورا (ہ۔ مذکر) ۱ دھرا ۲ دھوکا۔ دغا۔ **دھورا دینا** (متعدی) دھوکا دینا۔

دھورا (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا ۲ (ہ) پسی ہوئی دوائی جو کسی زخم وغیرہ پر چھڑکی جائے۔

دھوراجی (ہند) ریاست گوندل کاٹھیاواڑ میں ایک قصبہ۔

دھورت (س۔ صفت) ۱ مکار۔ فریبی ۲ بددیانت۔ بے ایمان۔ دغاباز ۳ شرارتی۔ ایذا دینے والا ۴ (مذکر) مذکورہ بالا صفتوں والا آدمی۔

دھوردھانی (ہ۔ مذکر) ۱ لمبا اور موٹا شخص۔ تنومند آدمی۔ بھاری بھرکم آدمی ۲ (مونث) ایک قسم کی بندوق۔

دھورسنجھا (ہ۔ مذکر) شام۔ جھٹ پٹا۔

دھورکٹ (ہ۔ مونث) پیشگی لگان جو کاشتکار زمیندار کو جیٹھ یا اساڑھ کے مہینے میں دیتے ہیں۔

دھورکی (ہ۔ مونث) دھور کا بیسواں اور لبوے کا چارسواں حصہ۔

دھورنی (ہ۔ مونث) روایت نقل۔ حدیث جو بغیر سلسلہ ٹوٹنے کے بیان ہو۔

دھورہرا (ہند) ضلع کھیری میں ایک قصبہ۔

دھوری (ہ۔ مونث) ۱ دھول ۲ دھری ۳ رسی کا دھاگا یا بل۔

دھوری (ہ۔ مونث) ۱ بیل۔ مویشی۔ ڈھور ۲ وہ بیل جو جوئے کے نیچے ہوں۔

دھورے (ہ۔ تف) ۱ نزدیک۔ قریب ۲ سامنے ۳ تقریباً۔ قریب قریب۔ **دھورے دھارے** (تف) تقریباً۔ قریب قریب۔

دھوریا بیلا (ہ۔ مذکر) ایک قسم بڑی چنبیلی کی۔

دھوریا ملار (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا گیت جو برسات کے شروع میں گاتے ہیں۔

دھوریانا (ہ۔ متعدی) ۱ دھول اڑانا کسی چیز سے ۲ اناج کو دوسری دفعہ صاف کرنا

دھوڑ (ھ - مذکر) ایک قسم کا پانی کا سانپ۔

دُھوسَر (س - صفت) ۱ خاکی رنگ کا - دھولا - بھورا ۲ خاکی یا دھولا رنگ - بھونسلا رنگ -

دُھوسنا (ھ - متعدی) ۱ ٹھونسنا - گھسیڑنا - بھرنا - ٹکر مارنا - زخمی کرنا مویشی کا -

دھوک (ھ - مونث) ۱ جھکنا - سجدہ کرنا بت کو ۲ ڈنڈوت - نمسکار - پرنام - کسی چیز سے ٹیک لگانا - **دھوک مارنا** (متعدی) جھکنا - سجدہ کرنا -

دھوک (ہ - مونث) کلابتو بٹنے کی سلائی -

دَہوکا - دھوکا (ھ - مذکر) ایک پیمانہ جو اناج کی دس مٹھی کے برابر ہوتا ہے -

دُھوکا (س - مونث) گیت کا پہلا مصرع جو بار بار دہرایا جاتا ہے -

دھوکا (ہ - مذکر) ۱ دغا - فریب - مکر ۲ غلطی - مغالطہ - غلط فہمی ۳ پرندوں کو ڈرانے کا پتلا ۴ سراب ۵ (ھ) شبہ - ہچکچاہٹ ۶ ڈر - گھبراہٹ ۷ مایوسی - نا امیدی ۸ کوئی چیز جس سے دھوکا ہو - ظاہری صورت ۹ (ھ) کوئی چیز جو دور سے صاف نہ نظر آئے (س دھور تکا) **دھوکا اٹھانا** (متعدی) دھوکا کھانا - **دھوکا پڑنا** (لازم) دھوکا ہونا - (مت) **دھوکا دھڑی** (مونث) دغا - فریب - چھل - بٹا - **دھوکا دہی** (مونث) فریب دہی - **دھوکا دینا** (متعدی) ۱ فریب دینا - چھل کرنا ۲ مغالطہ دینا - غلطی کرانا ۳ (ھ) نا امید کرنا - مایوس کرنا - **دھوکا کھانا** (لازم) ۱ غلطی کرنا - چوکنا ۲ فریب میں آنا - **دھوکا ہونا** (لازم) ۱ غلطی ہونا - سہو ہونا ۲ شبہ ہونا - شک ہونا - مغالطہ ہونا ۳ نقلی یا مصنوعی چیز پر اصل کا گمان ہونا ۴ دم میں آنا - **دھوکے باز** (صفت) دغا باز - فریبی - مکار - **دھوکے بازی** (مونث) دھوکا - مکر - فریب - دغا بازی - **دھوکے کی ٹٹی** (مونث) ۱ فریب میں لانیوالی یا مغالطہ دینے والی چیز ۲ وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں - **دھوکے میں** (تف) ۱ دھوکا کھاکر ۲ کسی اور کے گمان سے - **دھوکے میں آنا** (لازم) دھوکا کھانا - **دھوکے میں رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) ۱ جھوٹی امید میں رہنا ۲ مغالطہ ہونا - دھوکا ہونا ۳ جھوٹے وعدے پر یقین کرنا -

مثل - دھوکے کی ٹٹی - دھول کی رسی نہیں بٹی جاتی - ناممکن بات نہیں ہوسکتی

دھوکر (ھ - صفت) ۱ بڑا - موٹا - تازہ - تنومند - بھاری بھرکم ۲ مضبوط - طاقتور - کسرتی -

دھوکنا (ھ - لازم) بت کے آگے جھکنا - ڈنڈوت کرنا - نمسکار کرنا - پرنام کرنا -

دَھول (ہ - مذکر) ۱ جوار کا ہرا پٹھا جسے چوستے ہیں ۲ ایک قسم کا گنا - دھور (س - دَھوَل) ۳ دھپ - تھپڑ - چانٹا (پڑنا - جڑنا - کھانا لگانا - لگنا - مارنا کے ساتھ) (س دھاو - لپکنا) **دھولا** (متعدی) دھول مارنا - چانٹا رسید کرنا - **دھول دَھپّا** (مذکر) آپس میں ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا -

دَھوَل (س - صفت) ۱ سفید - چمکدار سفید ۲ خوبصورت حسین ۳ (مذکر) سفید رنگ ۴ ایک پودہ ۵ ایک راگنی ۶ ایک قسم کا کافور ۷ ایک قسم کی فاختہ ۸ ایک ہاتھی ان میں سے جنہوں نے زمین کو اٹھایا ہوا ہے - **دھولا** (مونث) سفید گائے - **دھول چندر** (مذکر) ہت اپدیش کے مصنف نارائن کا سرپرست - **دھول گری** (مونث) "سفید کوہ" ہمالیہ کی ایک بہت اونچی چوٹی - **دھول گرہا** (مذکر) گھر کی سب سے اونچی چھت جس پر سفیدی کی ہو - **دھول مِرتکا** (مونث) "سفید مٹی" کھریا مٹی - چاک - **دھولی** (مونث) ۱ سفید گائے ۲ سفید بال (بیماری) ۳ ایک راگ ۴ ایک شہر -

دُھول (ہ - مونث) ۱ خاک - گرد ۲ راکھ - خاکستر - (س دھُولِ) **دھول اڑا دینا** (متعدی) مٹا دینا - خاک میں ملا دینا - **دھول اڑانا** (متعدی) ۱ خاک اڑانا - مٹی اڑانا ۲ بدنام کرنا - رسوا کرنا ۳ برباد کرنا - تباہ کرنا ۴ کوشش کرنا ۵ آوارہ پھرنا - خراب خستہ پھرنا - **دھول اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) دیکھو آخری ۱۱ **دھول جھاڑنا** (متعدی) **جھڑنا** (لازم) ۱ گرد دور ہونا - خاک جھڑنا ۲ پٹنا - گت بننا - **دھول دھانی** (ھ) ۱ تباہ - برباد ۲ منتشر - پریشان ۳ گھبرایا ہوا - مضطرب - بےچین - **دھول دھویا** (ھ) خاک کو صاف کرنے یا دھونے والا - **دھول کی رسی** (مونث) بے اصل یا ناممکن بات - **دھول (سے) کی رسی (رسیاں) بٹنا** (متعدی) ۱ ناممکن بات کی کوشش کرنا - بے فائدہ محنت کرنا ۲ مبالغہ کرنا - جھوٹ بولنا - **دھول کے لٹھ لگانا** (متعدی) جھوٹ بولنا - **دھولیا** (صفت) ۱ دھول یا خاک کا بنا ہوا ۲ (مذکر) کوئی چیز خاک کی بنی ہوئی ۳ ایک پیر خاک کا جو بچے کھیل میں بناتے ہیں ۴ خاک - راکھ - **دھولیا پوت دھولیا (پیر کی) قسم** (مونث) بچوں کا ایک قسم کا مذاق - ایک بچے کے دونوں ہاتھوں میں خاک بھر کر اس میں ایک تنکا گاڑ دیتے ہیں اور اسے کہتے ہیں کہ اگر وہ سچا ہے تو تنکے کو دانتوں سے اٹھائے جب وہ اٹھانے لگتا ہے تو اپنا ہاتھ اس کے ہاتھوں پر نیچے سے مارتے ہیں کہ خاک اس کے منہ پر پڑ جائے - پھر بہت ہنسی ہوتی ہے - **دھولیا ملیا کرنا** (متعدی) کسی معاملے کو دبا لینا یا ملیامیٹ کرنا -

مثل - دھول کی رسی بٹتے ہیں - ناممکن کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں -

دُھولا (ہ - صفت) ۱ سفید ۲ روشن - چمکدار ۳ (مذکر) سفید رنگ ۴ سفید بیل یا سانڈ ۵ کوئی سفید چیز ۶ سفید بال ۷ سفید گنا (س دھَولک) **دھولا بیٹھانا** (متعدی) پوجا کے لئے

سفید سانڈ کو سامنے بٹھانا۔ **دھولا پڑنا** (لازم) سفید یا زرد ہو جانا۔ **دھولاپن** (مذکر) سفیدی ۲ چمک۔ صفائی۔ **دھولے آجانا یا آنا** (ھ۔ لازم) سفید بال نکلنے شروع ہونا۔

مثل۔ دھولا بال موت کی نشانی۔ سفید بال نظر آئے تو سمجھنا چاہئے اب موت قریب ہے۔

دَھولاراؤ (۱۰) جے پور کے کچھواہا راجپوتوں کا جد اعلےٰ تھا۔

دَھولاگری (ہند) ہمالیہ کی ایک اونچی چوٹی۔ سطح سمندر سے ۲۶۸۲۶ فٹ بلند ہے۔

دھولانا (ہند) ضلع میرٹھ میں ایک قصبہ (۴)

دَھولپور (ہند) ۱ راجپوتانہ میں ایک ہندو ریاست رقبہ ۱۱۵۵ (۲۵۵) ۲ راجدھانی (۱۶)

دُھولک (س۔ مذکر) زہر۔

دھولکا (ہند) ضلع احمد آباد میں ایک قصبہ (۱۷)

دھولکوٹ (ہند) دہلی کے قریب ایک گاؤں۔ **دھولکوٹ کا خربوزہ جیسے مصری کا کوزہ**۔ یہاں کے خربوزے مشہور ہیں۔

دُھولیا (ہند) ضلع خاندیس مغربی کا صدر مقام (۳۱)

دھولیرا (ہند) ضلع احمد آباد میں ایک بندرگاہ (۱۰)

دھولیشورم (ہند) ضلع گوداوری میں ایک قصبہ (۱۱)

دُھوم (ہ۔ مونث) ۱ شور غل۔ ہنگامہ ۲ شہرت۔ دھاک۔ غلغلہ۔ آوازہ ۳ افواہ۔ خبر ۴ شان۔ شوکت۔ نمود۔ طمطراق ۵ ایک قسم کا چکن کا کام (س۔ دھونی)۔ **دھوم اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) ۱ دھوم مچنا۔ دھوم ہونا ۲ شور مچانا۔ **دھوم اُڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) شہرت ہونا۔ مشہور ہونا۔ **دھوم پڑنا** (متعدی) شہرت ہونا۔ چرچا ہونا۔ **دھوم دھام** (مونث) ۱ دیکھو دھوم ۱و۲ ۲ زور شور۔ ریل پیل۔ **دھوم دھام کا** (صفت) ۱ پرتکلف۔ مکلف۔ عمدہ۔ آراستہ ۲ مشہور معروف ۳ قیمتی۔ بڑھیا۔ **دھوم دھامی** (صفت) ۱ اوق لبھر کے خوبصورت ۲ (تف) بڑی دھوم سے۔ **دھوم دھڑکا** (مذکر) ہنگامہ۔ شور۔ غلغلہ۔ غل غپاڑا۔ **دھوم ڈالنا** (متعدی) شور مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ **دھوم سے** (تف) شان و شوکت سے۔ **دھوم کرنا** (متعدی) ۱ ہنگامہ برپا کرنا ۲ شہرت کرنا۔ مشہور کرنا۔ **دھوم مچا رکھی ہے** ۱ رونق کر رکھی ہے ۲ فساد کر رکھا ہے ۳ مشہور کر رکھا ہے۔ **دھوم مچانا** (متعدی) ۱ شور کرنا۔ غل مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا ۲ دہائی دینا۔ فریاد کرنا ۳ جلدی کرنا۔ **دھوم مچ رہی ہے** ۱ مشہور ہو رہا ہے ۲ رونق ہو رہی ہے ۳ فساد ہو رہا ہے۔ **دھوم مچنا** (لازم) ۱ شہرت ہونا۔ مشہور ہونا ۲ شور مچنا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ **دھوم ہونا** (لازم) شہرت ہونا۔ آوازہ ہونا۔ **دھومی** (ھ) ۱ شور مچانے والا ۲ جھگڑالو۔

دُھوم (س۔ مذکر) ۱ دھواں ۲ دود ۳ بخارات ۴ کہر۔ دھند۔ **دھوماوتی** (مونث) ایک تیرتھ۔ **دھوم پربھا** (مذکر) نرک کے سترہ درجوں میں سے ایک کا نام جہاں دھواں ہی دھواں ہوتا ہے۔

دُھوما (ھ۔ مذکر) ۱ دھوئیں کا رنگ۔ سرخ اور سیاہ ملا ہوا رنگ۔ اودا رنگ۔ سیاہ رنگ ۲ (ہ) ایک قسم کا کبوترا۔

دُھومر (س۔ مذکر) ۱ دنتاول کا لقب ۲ ایک قدیم رشی کا نام ۳ دھوئیں کا رنگ۔

دُھومر (س۔ صفت) ۱ دھوئیں کے رنگ کا ۲ اودا۔ سیاہ۔ بھوسلا ۳ دھندلا۔ تاریک ۴ (مذکر) اونٹ ۵ اودا رنگ۔ سیاہ اور سرخ رنگ کا مرکب ۶ خوشبو جلانے والی ۷ اٹھائیسواں یوگ ۸ سکند کا ایک پرستار ۹ ایک دانو ۱۰ شوجی ۱۱ ایک بندر یا ریچھ ۱۲ رشیوں کا ایک خاندان۔ **دھومرا** (صفت) ۱ دیکھو دھومر ۲ (مونث) گناہ۔ پاپ ۳ وسودھر کی ماں ۴ درگاجی۔ **دھومراشو** (عص) سوچندر کا ایک بیٹا۔ اور ہیم چندر کا پوتا اور سہرنجیہ کا باپ۔ **دھومراکش** (عص) "دھوئیں کے رنگ کی آنکھ والا" ۱ ایک راکھشس ۲ ہیم چندر کا پوتا ۳ نشادھوں کا ایک راجہ۔ **دھومرانیکہ** (عص) میدھا تتھی کا ایک بیٹا۔ **دھومرشیکھا** (عص) ایک راکھشس۔ **دھومرکیتو** (عص) ۱ بھرت کا ایک بیٹا ۲ ترنا ہندو کا ایک بیٹا۔ **دھومرکیشہ** (عص) "سیاہ بالوں والا" ۱ پرتھو اور ارچس کا ایک بیٹا ۲ ایک دانو ۳ کرشاشس اور ارچس کا ایک بیٹا۔ **دھومرگری** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **دھومرلوچن** (مذکر) "سیاہ چشم" ۱ ایک قسم کا کبوتر ۲ اسرشبھ کا ایک جرنیل۔ **دھومروَرن** (صفت) "دھوئیں کے رنگ کا" ۱ سیاہ۔ سرخی مائل سیاہ ۲ (مذکر) ایک جلانے والی خوشبو کا نام ۳ اجومیدھ اور دھومنی کا ایک بیٹا ۴ ایک پہاڑ۔ **دھومرورنا** (مونث) اگنی کی سات زبانوں میں سے ایک۔

دھومرا (ھ۔ مذکر) دیکھو دھوملا۔

دُھومک (س۔ مذکر) ایک علاقے کا نام۔

دُھومک (ھ۔ مونث) دھوم دھام۔ **دھومک دھیا** (ہ۔ مونث) غل۔ شور۔ واویلا۔ شور غوغا۔

دُھوملا (ھ۔ مذکر) دھوم۔ شور و غوغا۔ ہنگامہ۔

دُھومیہ (س۔ مذکر) ۱ ایک قدیم رشی ۲ ویاگھرپاد کا ایک بیٹا ۳ دیول کا چھوٹا بھائی اور پانڈوؤں کا پروہت ۴ والمیکی کا ایک شاگرد ۵ کئی مصنفوں کا نام۔

دَھون (ھ - مذکر) بیس سیر کا وزن (آدھ من کا مخفف) **دھون بھر** (تف) بیس سیر۔

دَھون (ہ۔ مونث) کھانسنے کی آواز۔ **دھوں دھوں کرنا** (متعدی) بار بار کھانسنا۔ کھانسی کا عارضہ ہونا۔

دَھوں (ھ۔ حرف عطف) خواہ یا۔ آیا۔

دَھوَن (س۔ مذکر) ۱ آواز۔ سر ۲ ایک ہوا کا نام۔ **دھون مودن** (مذکر) شہد کی مکھی۔ **دھون مودی** (مذکر) کبھونرا۔

دُھوں (ھ۔ صفت) دونوں۔

دُھول (ہ۔ مونث) ۱ توپ یا بندوق کی آواز ۲ پٹاخے یا بم کے چلنے کی آواز۔ دھماکا ۳ ڈھول کی آواز۔ دھوں۔ دھوں (مونث) توپ یا بندوق کی متواتر آواز۔

دُھونا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گوند۔ رال ۲ ایک قسم کا روغن جو کشتی کے نیچے لگادیتے ہیں۔

دھونتال (ھ۔ صفت) ۱ امیر۔ دولتمند ۲ فیاض۔ مخیر۔ داتا ۳ مضبوط۔ طاقتور۔ فربہ بدن ۴ بہادر۔ بیر۔ شجاع ۵ چالاک۔ ہوشیار۔ جلد کام کرنے والا ۶ عیاش۔ بدچلن ۷ شرارتی۔ شریر۔ **دھونتالی** (مونث) امیری وغیرہ۔ دیکھو دھونتال۔

دھونٹی (ھ۔ مونث) گڈریوں کا آنکڑا۔

دَھونج (ھ۔ مونث) خیال۔ دھیان۔ سوچ۔

دھوندلکا (ہ۔ مذکر) منہ اندھیرا (مت)

دُھوندوکارہ (ہند) ایک شہر ضلع احمد آباد میں (۱۰)

دھونڈھا (ھ۔ مذکر) ٹیلا۔ ٹبہ۔ تودہ۔

دُھونڈھر (ھ۔ مونث) دیکھو دھندھر۔ **دھونڈھرا** (صفت) دیکھو دھندلا۔

دُھونڈھونیتھ (ھ۔ مذکر) دیکھو ناناصاحب۔

دُھونڈھوکار (ہ۔ مذکر) **دھونڈھونکالہ** (ھ) **دھونڈھونکال** (ھ) ۱ سخت بارش جس میں کچھ نظر نہ آئے ۲ گھرے بادل۔ ابر آلود موسم ۳ اندھیرا۔ تاریکی بادلوں کی وجہ سے ۴ بربادی۔ تباہی ۵ بخارات بننا۔ پانی کا گرمی سے بخارات بن کر اڑجانا۔ تبخیر ۶ فضول خرچی ۷ (تف) زور کا۔ سخت۔ ان معنوں میں اردو میں دھوندوکار بخار یا مینہ کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ دھوندھوکار مینہ برس رہا ہے سخت بارش ہو رہی ہے۔

دھوندیا واگا (۔۱۸۰۰) ایک ڈاکو تھا۔ ٹیپو سلطان نے اسے قید کیا تھا۔ جب انگریزوں نے میسور فتح کیا تو اسے رہائی ملی۔ پھر لوٹ مار شروع کردی۔ کرنیل ولزلی نے اسے شکست دے کر پھانسی پر لٹکادیا۔

دھونڈا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی گھاس جو دھان کے کھیت میں اگتی ہے اور پودوں کو نقصان پہنچاتی ہے ۲ (عف) پتھر۔ چٹان۔ **دھونڈل** (صفت) جس میں بہت سے پتھر ہوں۔ پتھریلی۔ **دھونڈی** (مونث) ۱ دیکھو دھونڈا ۱ ۲ دیکھو ڈونڈی۔

دَھونس (ہ۔ مونث) ۱ دھمکی۔ ڈراوہ۔ خوف۔ تہدید ۲ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ دم۔ جھانسا ۳ (ھ) استحصال بالجبر۔ زیادہ ستانی۔ اندھیر ۴ (ھ) یکایک حملہ ۵ (ھ۔ مذکر) بڑا نقارہ (س دھرش۔ قابو کرنا) **دھونسا** (مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ (ھ) دلیری۔ جرات۔ زعم ۳ (ھ) طاقت۔ قوت۔ لیاقت ۴ (ھ) حملہ۔ یورش۔ دھاوا ۵ صدمہ۔ ضرر۔ **دھونسا کھانا** (لازم) ۱ شامت آنا۔ سر پھرنا ۲ صدمہ اٹھانا یا ہونا ۳ بدقسمتی ہونا۔ بدبختی آنا۔ **دھونس باندھنا** (متعدی) خرچ اٹھانا۔ **دھونس پٹی** (مونث) دھوکا۔ جھانسا۔ دم۔ پٹی۔ فریب۔ دم دلاسا (دینا کے ساتھ) **دھونس دینا** (متعدی) دھمکی دینا۔ **دھونس رکھنا** (متعدی) رعب جمانا۔ **دھونس کی چلنا** (لازم) ۱ ڈرانا۔ دھمکانا ۲ فریب یا دھوکا دینا۔ چال چلنا۔ **دھونس میں آنا** (لازم) ۱ ڈرجانا ۲ فریب میں آنا۔ دم کھانا۔ **دھونسیا** (مذکر) مکار۔ فریبی۔ دم باز۔

دَھونس (س۔ مذکر) ۱ تباہی۔ بربادی۔ اجڑنا ۲ نقصان۔ گھاٹا۔ خسارا۔

دَھونسی (س۔ مونث) ۱ کرن میں ذرہ ۲ مہورت کا سواں حصہ۔

دھونی پاٹا (ہ۔ مذکر) پہلوانوں کی اصطلاح۔ پیچ کرکے پیٹھ پر لادلینا۔

دَھونک (ہ۔ امر) ۱ دھونکنا سے ۲ (مونث) پیاس کی شدت جو گرمی کی وجہ سے ہو ۳ (ھ) ہانپنا۔ سانس چڑھنا ۴ (ھ) پھونکنا ۵ (ھ) دمہ (س دھما۔ پھونکنا) **دھونکن** (مونث) دیکھو آخری ۲۔ **دھونکنا** (متعدی) دھونکنی سے پھونکنا۔ آگ کو ہوا دے کر تیز کرنا۔ **دھونکنی** (مونث) ۱ آگ پھونکنے کا چمڑے کا آلہ ۲ سانس چڑھنا۔ **دھونکنی لگنا** (لازم) دم پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ **دھونکی** (مونث) دھونکنی ۱۔

دُھونک (س۔ مذکر) رال۔

دھونکار (ھ۔ مذکر) بگھار۔ تڑکا۔ **دھونکار دینا** (متعدی) بگھار دینا (مت)

دَھونی (س۔ مونث) ۱ آواز۔ غل۔ شور ۲ سُر ۳ گونج ۴ ڈھول کی آواز۔

دَھونی (ھ۔ صفت) مستقل مزاج

محنتی - تن دہ -

دُھونی (ہ - مونث) ۱ دھواں ۲ وہ دھواں جو کسی چیز کو آگ پر ڈالنے سے پیدا ہو ۳ ہندو سادھوؤں کا آگ کا ڈھیر ۴ خوشبو کا جلانا - کسی چیز کو جلا کر بھپارا لینا (س دھومکا)، دھونی پانی (کا سنجوگ) (مذکر) بہت دوستی - بے تکلفی - محبت - الفت - دھونی جگانا (متعدی) ہندو سادھوؤں کا آگ کے سامنے بیٹھ کر تپ کرنا - دھونی دینا (متعدی) دھواں پہنچانا - بخور دینا - دھونی رمانا یا لگانا (متعدی) ۱ کسی جگہ آگ جلا کر سادھوؤں کی طرح بیٹھنا ۲ کسی جگہ بیٹھ رہنا - جاگزیں ہونا - دھونی لگا کر بیٹھنا (لازم) کسی پر اعتماد کرنا - دھونی لگنا (لازم) دھونی پر سادھوؤں کی طرح بیٹھنا - سادھو بن جانا - دھونی لینا (متعدی) بخور لینا - دھواں ناک میں لینا -

مثل - دھونی پانی کا سنجوگ ہے - سخت مخالفت ہے -

دُھوھا (ھ - مذکر) پرندوں کا ڈرانے کا پتلا - دھوکا -

دُھوئی (ھ - مونث) سیال مادہ جو پوست کے ڈوڈے سے بہے ۲ دیکھو دہی -

دَہی (ہ - مذکر) جما ہوا دودھ - دہی بڑے (مذکر) ہندوؤں کا ایک کھانا - دہی میں بڑے ڈال دیتے ہیں - جب وہ دہی کی وجہ سے نرم ہو جاتے ہیں تو کھاتے ہیں - دہی پکوڑیاں (مونث) ایک کھانا جو دہی میں پکوڑیاں ڈال کر بناتے ہیں - دہی جمانا (متعدی) دودھ میں تھوڑا سا دہی یا کوئی اور چیز ڈالتے ہیں - جس سے وہ جم جاتا ہے - دہی جمنا (لازم) گرمی یا کھٹی چیز سے دہی کا منجمد ہو جانا - دہی دہی کرنا (متعدی) کسی امر پوشیدہ کا جا بجا اظہار کرتے پھرنا - دہی مچھلی (مونث) جب کوئی بہ ارادۂ سفر گھر سے نکلتا ہے - عورتیں نیک شگون جان کر یہ الفاظ زبان پر لاتی ہیں - دہی مچھلی کی مٹکی (مونث) ایک رسم - ساچق کے روز سبوچہ گلی میں دہی بھر کر اور ایک مچھلی سبوچہ میں لٹکا کر دولہا کے گھر لے جاتی ہیں - دہی والا (مذکر) دہی بیچنے والا - دہی والی (مونث) دہی بیچنے والی -

امثال و اقوال - دہی بھات کا موسل - غیر موزوں بات - دہی بیچن چلیں پیٹھ پچھاڑو کموٹیا (ھ) ذلیل کام کرنا اور شرمانا - دہی کی گواہی چوہرا - کوئی کسی کی تائید بیجا کرے تو کہتے ہیں -

دَہے (ہ - مذکر) دہا کی جمع ۱ محرم کے دس دن ۲ تعزیئے -

دِہی (ف - مونث) دینا - دینے کا فعل - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے -

دِہی (ف - صفت) گاؤں کا - گاؤں کے متعلق - دہی آسامی (مونث) کاشتکار جو گاؤں میں رہے اور مقررہ لگان دے - دہی ریت (مونث) ۱ گاؤں کی رسم یا رواج ۲ گاؤں کا نرخ -

دھی - دھیا (ھ - مونث) بیٹی - دختر - دھی - دھیانی (مونث) بیٹی - بہو -

امثال و اقوال - دھیا پوت کے نہ گاتی بلیا کے گاتی - بیوی بچوں پر خرچ نہیں کرنا - آشنا پر کرتا ہے - دھیا کو کہوں بہریا تو کان دھر - کسی کو کہہ کر دوسروں کو نصیحت کرنا - دھی بیٹی اپنے گھر بھلی - عورت کو اپنے خاوند کے گھر رہنا چاہئے - دھی پرائی آنکھ لجائی - اگر بہو خراب کام کرے تو شرمندگی سسرال والوں کو ہوتی ہے - دھی جنوائی بھانجا - یہ تینوں ناہیں اپنا - ان تینوں کا کوئی اعتبار نہیں - دھی جنوائی لے گئے اور بہواں لے گئیں پوت - منو جنگلی یوں کہیں رہے اوت کے اوت - انسان آخر عمر میں اکیلا رہ جاتا ہے بیٹیاں داماد لے جاتے ہیں اور بہوئیں اپنے خاوندوں کو لے جا کر علیحدہ گھر بنا لیتی ہیں - دھی چھوڑ داماد پیارا - بیٹی کی نسبت داماد کی زیادہ خاطر ہوتی ہے - دھی ری میں تجھے کہوں - بہوری تو کان دھر - دھی سے کہے بہو نے کان کٹے - کسی کو کہہ کر دوسروں کو نصیحت کرنا - دھی موئی جنوائی چور (اڑ گئیں تیتریاں اڑ گئے مور) بیٹی مر جائے تو داماد کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رہتا - دھی نہ بیٹی اوجھل گئی سمدھیتی - چاہے کچھ نقصان نہ ہوا ہو خواہ مخواہ شور مچانا - دھی نہ دھیانا آپ ہی کمانا آپ ہی کھانا آگے پیچھے کوئی نہیں جو چاہتا ہے سو کرتا ہے -

دھی (س - مونث) ۱ سمجھ - عقل ۲ علم - گیان ۳ دل - طبیعت ۴ ارادہ - منشا ۵ رائے ۶ لگن سے پانچواں گھر ۷ (عص) عقل کی دیوی جو رورمینو کی بیوی ہے - دھیراج (مذکر) شوجی کا ایک پرستار - دھی مت (مذکر) ۱ برہسپتی ۲ ویرج کا بیٹا ۳ چوتھے منونتر کا ایک رشی ۴ پورورس کا ایک بیٹا ۵ ایک پودھی ستوا -

دُھیا (س - مونث) دودھ دینے والا جانور -

دھیاڑاں (ھ - مذکر) کسی خاندان کے داماد یا بہنوئی -

دِھیام (س - مذکر) ۱ ایک قسم کی خوشبودار گھاس ۲ دون -

دِھیان (ہ - مذکر) ۱ خیال - تصور - فکر - سوچ - بچار ۲ استغراق - مراقبہ ۳ توجہ - لحاظ - التفات (س دھیانَ)، دھیان آنا (لازم) ۱ خیال آنا ۲ یاد آنا - دھیان بٹانا (متعدی) بٹنا (لازم) خیال کا ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ ہونا - خیال کا ایک طرف ہونا - دھیان بندھنا (لازم) تصور ہونا - کسی کا خیال آنا - دھیان پر چڑھنا (لازم) ۱ کسی بات کا خیال میں آجانا ۲ پسند آجانا - دھیان بچھر جانا (لازم) طبیعت کا ہٹ جانا -

دھیان چڑھنا (لازم) ۱بھولی بات یاد آنا۔ خیال آنا ۲ ذہن نشین ہونا۔ یاد ہونا۔ **دھیان دوڑانا** (متعدی)، **دوڑنا** (لازم) خیال جانا۔ ہر پہلو پر نظر ہونا۔ **دھیان دھرنا** (ھ متعدی) مراقبے میں بیٹھنا۔ تصور جمانا۔ **دھیان دینا** (متعدی)، توجہ کرنا۔ **دھیان رکھنا** (متعدی) ۱خیال رکھنا۔ توجہ رکھنا ۲ (ھ) سوچنا۔ تصور باندھنا۔ **دھیان رہنا** (لازم) خیال رہنا۔ توجہ رہنا۔ **دھیان سے** (تف) ۱توجہ سے ۲ سوچتے ہوئے۔ **دھیان سے اترنا** (لازم) بھول جانا یاد نہ رہنا۔ **دھیان کرنا** (متعدی)، ۱سوچنا۔ فکر کرنا ۲ تصور باندھنا۔ مراقبے میں بیٹھنا ۳ توجہ کرنا۔ التفات کرنا۔ **دھیان لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) خیال ہونا۔ فکر و اندیشہ ہونا۔ **دھیان لڑانا** (متعدی) ۱غور کرنا۔ فکر کرنا ۲ خیال کو کسی خاص طرف متوجہ کرنا۔ **دھیان لڑنا** (متعدی)، دھیان کی رسائی ہونا۔ **دھیان میں آنا** (لازم) ۱سمجھ میں آنا ۲ ذہن پر چڑھنا۔ یاد ہونا ۳ باوقعت ہونا۔ **دھیان میں لانا** (متعدی)، ۱سمجھنا ۲ توجہ کرنا۔ لحاظ کرنا ۳ خیال میں لانا ۴ پروا کرنا۔ **دھیان میں ہونا** (لازم) خیال میں ہونا۔ یاد ہونا۔ **دھیان بٹنا** (لازم) خیال کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ خیال کا منتشر ہونا۔

دَھیانا (ھ۔ متعدی)، ۱سوچنا۔ خیال کرنا ۲ پرستش کرنا ۳ جاننا۔ سمجھنا۔

دِھیانا (ھ۔ مذکر) کسی خاندان کے داماد یا بہنوئی۔ **دھیانی** (مونث) کسی خاندان کی بیٹیاں اور بہنیں۔

دِھیانگی (ھ۔ مونث)، ۱روزانہ مزدوری۔ روزینہ ۲ روز کا کام۔

دہیج (ھ۔ مذکر) دہیز کا بگڑا ہوا۔ جہیز۔

دَھیجا (ھ۔ مذکر) جھنڈا۔

دھیجو (ھ۔ مذکر) وہ جس کی بیوی مرجائے اور وہ دوسرے بیاہ کا ارادہ کرے (ہونا کے ساتھ)۔

دِھیدا (س۔ مونث) دھی۔ بیٹی۔

دھے دھے (ہ۔ حرف ندا) فیلبان کی آواز جو ہاتھی کو بٹھلانے کے لئے دیتا ہے۔

دِھیر (س۔ صفت) ۱ثابت قدم۔ قائم مزاج۔ مستقل ۲ بہادر۔ جری ۳ پکا۔ مضبوط۔ مستحکم ۴ مطمئن۔ دلجمعی ۵ نیچا۔ آہستہ (آواز) ۶ نرم۔ حلیم ۷ باتہذیب۔ شائستہ ۸ اچھی نسل کا ۹ عقلمند۔ دانا۔ چالاک۔ ہوشیار ۱۰ واقف۔ ماہر۔ مشاق ۱۱ صابر۔ برداشت کرنے والا ۱۲ دیرپا ۱۳ سنجیدہ ۱۴ متحمل۔ بردبار ۱۵ (مذکر)، ایک بدھ ۱۶ (مونث)، وہ عورت جو غصے اور رنج کو قابو میں رکھے ۱۷ کئی پودوں کا نام۔ **دھیری** (مونث) دیکھو آخری ۱ تا ۱۳۔

دِھیر (ھ۔ مذکر) مستقل مزاجی وغیرہ دیکھو آخری ۱ تا ۱۴ **دھیری** (مونث) دھیر مستقل مزاجی وغیرہ۔ **دھیری بندھنا** (لازم) دیکھو دھیرج بندھنا۔ **دِھیریہ** (مذکر) دیکھو دھیر۔

دِھیرا (ھ۔ صفت) ۱دیکھو دھیر۔ اردو میں صرف آہستہ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ وہ بھی غیر فصیح سمجھا جاتا ہے۔ **دھیرے دھیرے** (عف) آہستہ آہستہ۔

امثال۔ دھیرا سو گمبھیرا ۱آہستہ گہرا ہوتا ہے۔ جو پانی آہستہ چلے وہ گہرا ہوتا ہے ۲ مستقل مزاج آدمی کامیاب رہتا ہے۔ **دھیرا کام رحمانی شتاب کام شیطانی**۔ کام آہستہ آہستہ کرنا اچھا ہوتا ہے۔ جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔ **دھیروں کی دہلی اور تاؤلوں کی مسیت**۔ تحمل سے بڑا کام نکلتا ہے۔

دِھیرا (ہ۔ مذکر)، ۱وحشی جانور جو رام ہوگیا ہو ۲ وہ شخص جس کا غصہ اتر گیا ہو۔ **دھیرا کرنا** ۱وحشی جانور کو رام کرنا ۲ نرم باتوں سے غصہ فرو کرنا۔

دِھیرج (ھ۔ مذکر) دیکھو دھیر۔ **دھیرج باندھنا یا بندھانا** (متعدی) ۱ہمت بندھانا۔ حوصلہ دلانا۔ جرات دلانا ۲ دلاسا دینا۔ دل دہی کرنا۔ تسلی دینا۔ **دھیرج بندھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **دھیرج دھرنا۔ رکھنا یا کرنا** (لازم) ۱صبر کرنا ۲ مستقل مزاج رہنا ۳ جرات کرنا۔ ہمت کرنا ۴ پکا رہنا۔ مضبوط رہنا ۵ قائم رہنا ۶ مطمئن رہنا۔

مثل۔ دھیرج دھرم متر اور نار۔ آپھت کال پرکھئے چار۔ ثابت قدم ایماں دوست اور بیوی مصیبت میں آزمائے جاتے ہیں۔

دِھیری (ھ۔ مونث)، آنکھ کی پتلی۔

دھیری (ہ۔ مونث) پتنگ بازی میں شکست ماننے والا شخص۔ **دھیری پکارنا** (متعدی)، پتنگ بازی کی فتح کا اعلان کرنا۔ دھیری دھیری کہنا۔

دِھیریا (ھ۔ مونث) دھی بیٹی۔

دَھیریہ (س۔ مذکر) دیکھو دھیر۔ **دھیریہ کرنا**۔ دیکھو دھیرج کرنا۔

دھیریہ متر (مذکر) ایک شاعر۔

دَہیڑ (ھ۔ مذکر)، ۱پہاڑی کوا۔ ۲ کوا۔ کاگ ۳ جنوبی ہند کا ایک گانے والا پرندہ ۴ ایک اور قسم کا پرندہ۔ **دہیڑی کوا** (مذکر) دیکھو آخری ۱ و ۲۔

دَہیز (ف۔ مذکر) جہیز کا بگڑا ہوا (عو) **دہیزو** (صفت) جہیز کا۔ جہیز کے متعلق۔ جہیز میں ملی ہوئی چیز۔

دھیلا (ہ۔ مذکر) ادھیلا کا مخفف

۲ نصف پیسہ ۳ آدھا ۴ ۵۰ روپے دلالوں کی زبان ہیں۔ دھیلا دمڑی (مونث) تھوڑی سی رقم۔ دھیلچا (مذکر) دھیلچی (مونث) دھیلچیا (مونث) دھیلے کی کنکیا۔ دھیلی (مونث) ادھیلی کا مخفف۔ اٹھنی۔

مثل۔ دھیلا سر منڈائی ٹکا بدلائی۔ اصل قیمت کم خرچ زیادہ۔

ڈُہیلا (ہ۔ صفت) سخت مشکل۔ اہم۔

دِہیم (ف۔ مذکر) شاہان ایران کا تاج۔

دِھیم (ہ۔ مذکر) ۱ آہستگی۔ سستی۔ تاخیر ۲ حلم۔ شرافت (س مدھیم) دھیما (ہ صفت) ۱ سست۔ کاہل۔ آلسی۔ مجہول ۲ آہستہ۔ دھیرا۔ ڈھیلا ۳ حلیم۔ نرم۔ نیچی۔ آہستہ (آواز یا سر) ۴ ہلکا۔ مدھم۔ خفیف (روشنی۔ رنگ وغیرہ) ۵ ہلکا (بخار) ۶ معتدل۔ درمیانی ۷ کم کیا ہوا۔ ٹھنڈا کیا ہوا۔ (غصہ) دھیما آدمی ہے۔ نرم مزاج ہے۔ دھیما پڑ جانا یا پڑنا (ہ۔ لازم) ۱ نرم ہونا۔ ٹھنڈا ہونا۔ غصہ کم ہونا ۲ نیچی ہونا آواز کا ۳ ہلکا ہونا رنگ کا یا روشنی کا۔ دھیما کرنا (ہ۔ متعدی) ۱ ٹھنڈا کرنا۔ فرو کرنا غصے کا ۲ نرم کرنا۔ زور کرنا ۳ کم کرنا۔ ہلکا کرنا ۴ سست کرنا۔ سستی سے کرنا۔ دھیمائی (مونث) دیکھو دھیم۔ دھیمی آواز (ہ۔ مونث) نرم اور نیچی آواز۔ دھیمے سے (تف) آہستہ سے۔

دِھیمر (ہ۔ مذکر) ۱ ہندو کہاروں کی ایک ذات جو ماہی گیری کا کام کرتی ہے۔ ماہی گیر ۲ اس ذات کا ایک فرد ۳ کالا آدمی۔

دَھین۔ دِھین (ہ۔ مونث) گائے۔

دِھین (ہ۔ مونث) سستی۔ آہستگی۔ اردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ دھیں دھوکڑ یا دھوکڑا (ہ۔ مذکر) سست موٹا آدمی۔ آزاد خودسر آدمی۔ دھیں دھوکڑی (ہ۔ مونث) زبردستی۔

مثل دھین دھوکڑا اللہ میاں (کا) کے نوکر۔ آزاد جو کسی کا ملازم نہ ہو۔ خودسر۔ سست موٹا آدمی۔ دھیں دھوکڑ خان کا سالا۔ بہت خودسر آدمی۔

دَہنڈی۔ دَہنیڑی (ہ۔ مونث) وہ برتن جس میں دودھ جمائیں یا دہی رکھیں۔

دھینک (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا آسن ۲ ایک اُسر کا نام جسے کرشن جی یا بل بدھر نے قتل کیا تھا ۳ ودم کا ایک بیٹا ۴ ایک قوم۔ دھینکا (مونث) ۱ دودھ دینے والی گائے۔ دھینو ۲ نذر۔ تحفہ۔ بھینٹ ۳ دھنیا ۴ کیرنی مت پسرانگیرس کی بیوی ۵ ایک دریا ۶ ایک تیرتھ۔ دھینکاری (مذکر) کرشن جی کا لقب۔

دھین کانل (ہند) بنگال میں ایک ریاست۔ رقبہ ۱۴۶۳ (م ۲۳)۔

دھینگ۔ دھینگا (ہ صفت) ۱ موٹا۔ مشٹنڈا۔ ہٹاکٹا۔ فربہ ۲ تنومند مضبوط۔ قوی ہیکل۔ دھینگ (مذکر) ۱ موٹا تازہ آدمی ۲ یار۔ دھگڑا۔ آشنا۔ دھینگا دھانگی یا دھینگی (مونث) ۱ زبردستی۔ ظلم و ستم۔ جور و تعدی ۲ دست درازی ۳ بدمعاملگی ۴ زبردستی لے لینا ۵ کھلبلی۔ ہلڑ۔ افراتفری (کرنا ہونا کے ساتھ) دھینگا مشتی (مونث) ۱ مکوں کی لڑائی ۲ ہاتھا پائی۔ دست درازی۔ زور آوری۔ دھینگ دھونکڑ (مذکر) دیکھو دھین دھوکر۔ دھینگ دھونکڑی (مونث) زبردستی (کرنا ہونا کے ساتھ) دھینگڑا (مذکر) دھینگ کی تصغیر۔

مثل۔ دھینگ دھینگی بلو کے راج۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ بلو ایک جاٹ تھا جو زبردستی بلب گڑھ پرگنہ میں راج کرنے لگا۔ اس کا راج سکھا شاہی تھا۔ بہت ظلم و ستم کرتا تھا۔

دَہنگر (ہ۔ مذکر) وہ برتن جس میں دہی رکھیں۔

دھینو (س۔ مونث) ۱ گائے۔ دودھ دینے والی گائے۔ وہ گائے جسنے ابھی بچہ دیا ہو ۲ زمین ۳ نذر۔ تحفہ جو برہمنوں کو دیا جائے۔ دھینومتی (مونث) دریائے گومتی۔

دِھینور (ہ۔ مذکر) دیکھو دھیمر

مثل۔ دھیمر کے بس پڑی بدشکل آدمی سے شادی ہوئی۔

دَھیوت (س۔ مذکر) سات سُروں میں سے ایک سُر۔

دِھیوتا۔ دھیوتا (ہ۔ مذکر) بیٹی کا بیٹا۔ نواسا۔ نبیرہ۔ دھیوتی (مونث) بیٹی کی بیٹی۔ نواسی۔

دِھیوَر (س۔ مذکر) دیکھو دھیمر دھیوری (مونث) ۱ دھیور کی بیوی ۲ ایک قسم کا نیزہ یا برچھی۔ مچھلی مارنے کی۔

دَئی (ہ۔ مونث) ۱ نذر۔ تحفہ ۲ خدائی۔ ایشورتا۔ الوہیت ۳ (مذکر) خدا۔ ایشور ۴ قسمت۔ نصیبا ۵ دینے والا ۶ (مونث) دیکھو دیا ۷ دیکھو دیا ۸ (حرف ندا) یا خدا۔ میرے اللہ۔ ایشور ۹ (ماضی) دی (غف) دئی کا دوسرا (مذکر) "خدا کا مقابل" ۱ شیطان۔ اُسُر۔ دئی لگنا (لازم) ۱ خدا کا غضب نازل ہونا ۲ بد نصیب ہونا۔ بدقسمت ہونا۔ دئی مارا (صفت) ۱ خدا کا مارا ۲ بدقسمت بدنصیب ۳ (مذکر) بدقسمت آدمی۔

دِیئے (ہ۔ مذکر) ۱ دیا کی جمع۔ چراغ۔ دیئے کا اجالا (مذکر) چراغ کی روشنی۔

امثال۔ دیئے بلے مرد مانس گھر بھلے۔ مرد کو سرِ شام گھر آ جانا چاہئے۔ دیئے تلے اندھیرا۔ جب قریب کی چیز کے متعلق پتہ نہ ہو تو کہتے ہیں۔ خصوصاً جب پولیس کے قرب و جوار میں چوریاں ہونے لگیں۔

دِئیے (ہ - صفت) ۱۔ دیا ہوا - بخشش کیا ہوا ۲۔ (مذکر) بخشش - خیرات -

امثال - **دِئیے کا چراغ نہیں بڑھتا** - فیاضی اور بخشش سے ہمیشہ کے لئے نام رہجاتا ہے - جیسے حاتم کا - **دیئے کی روشنی محشر تلک ہے** - خیرات کرنے والے کا نام ہمیشہ زندہ رہتا ہے -

دَے (ف - مذکر) ۱۔ ایرانی شمسی سال کا دسواں مہینہ جو دسمبر میں جب آفتاب برج جدی میں ہوتا ہے، آتا ہے ۲۔ سردی کا شروع - موسم سرما ۳۔ دے کے مہینے کی نویں تاریخ ۴۔ ہر مہینے کی آٹھویں پندرھویں اور تیسویں تاریخ ۵۔ اس مہینے کا موکل -

دے (ہ - امر) ۱۔ دنیا کا دس دئے - دینا) ۲۔ (تف) دے کر - **دِیا** (ماضی) ۱۔ دینا کی ۲۔ (مذکر) نذر - تحفہ - **دیا کرنا** (متعدی) متواتر دینا - **دیا کھانا** (متعدی) کسی کی امداد سے گزارا کرنا - **دیا لیا** (صفت) خدا کی راہ پر دیا ہوا - نیک کام کیا ہوا - **دیا لیا (ہوا) آڑے (آگے) آنا** (لازم) خیر خیرات کی وجہ سے جان بچنا یا مصیبت یا آفت ناگہانی سے بچنا - **دے پٹکنا** (متعدی) کوئی چیز زور سے زمین پر پھینکنا - کوئی چیز بلند کر کے چھوڑ دینا - **دے جانا** (متعدی) دے کر چلا جانا - **دے دھواں دُھوں** (مونث) مارنے کی آواز الفاظ ہیں - **دے دے پٹکنا** (متعدی) بار بار بلند کر کے پھینکنا - **دے دے مارنا** (متعدی) لگاتار پھینکنا کسی چیز کو - **دیدینا دے ڈالنا** (متعدی) کسی کو کوئی چیز مفت دینا - **دے مارنا** (متعدی) دے پٹکنا - **دین** (مونث) بخشش - داد - دہش - عنایت - **دینا** (متعدی) ۱۔ عطا کرنا - مرحمت کرنا ۲۔ دان کرنا - پن کرنا بخشش کرنا ۳۔ سونپنا - حوالے کرنا ۴۔ نذر کرنا - پیش کرنا ۵۔ مقرر کرنا - معین کرنا ۶۔ بیچنا - فروخت کرنا ۷۔ ادا کرنا - بیباق کرنا - چکانا ۸۔ جماع کرانا - اغلام کرانا ۹۔ (انڈا) پرندے وغیرہ کا انڈا بدن سے نکالنا ۱۰۔ (بچہ) جننا - بچہ نکالنا ۱۱۔ (چانٹا وغیرہ) مارنا ۱۲۔ (سزا) مارنا پیٹنا - گوشمالی کرنا - سیاست کرنا - جرمانہ کرنا قید کرنا وغیرہ ۱۳۔ (زنجیر کواڑ وغیرہ) بند کرنا ۱۴۔ (دھوکا) فریب کرنا ۱۵۔ (پانی) آب پاشی کرنا ۱۶۔ (دل) عاشق ہونا ۱۷۔ (کام) کسی چیز کا اچھے مصرف میں آنا - کوئی کام کرنے کے لئے کہنا ۱۸۔ (بوسہ) چومنا ۱۹۔ (ہاتھ) مصافحہ کرنا - مدد کرنا ۲۰۔ (غم رنج مصیبت) ستانا - مغموم کرنا ۲۱۔ (سر) جان فدا کرنا ۲۲۔ (سہارا) مدد کرنا ۲۳۔ (جان) عاشق ہونا - مرنا ۲۴۔ (غوطہ) پانی میں ڈبونا ۲۵۔ (شکست) ہرا دینا ۲۶۔ (مات) شطرنج میں ہرا دینا ۲۷۔ (کان) غور سے سننا نصیحت ماننا ۲۸۔ (سکھ راحت وغیرہ) آرام پہنچانا - خوش کرنا ۲۹۔ (نصیحت) سمجھانا - سزا دینا ۳۰۔ (رائے مشورہ صلاح) کسی کام میں بتانا کہ کیا کرنا چاہئے ۳۱۔ (تکلیف ایذا) ایذا پہنچانا ۳۲۔ (آواز) بلانا - جواب دینا ۳۳۔ (ساتھ) مدد کرنا - رفاقت کرنا ۳۴۔ (زبان) وعدہ کرنا - عہد کرنا ۳۵۔ (چھاتی) بچے کو دودھ پلانا ۳۶۔ (اذان) بانگ دینا ۳۷۔ (بانگ) مرغ کا گکڑوں کوں کی آواز نکالنا - اذان دینا ۳۸۔ (دھکا) دھکیلنا ۳۹۔ (پینگ) جھولے میں جھونٹا دینا ۴۰۔ امر کے ساتھ تائید و تکمیل کے معنے دیتا ہے - جیسے مار دینا ۴۱۔ (مذکر) قرض - دَین - **دینا آنا** (متعدی) مجبوراً دینا - **دینا پانا** (مذکر) داد ستد - لین دین - نفع نقصان - وہ رقم جو دینی ہو یا لینی ہو - **دینا پڑنا** (متعدی) مجبوراً دینا - **دینا دلانا** (متعدی) خیرات کرنا - داد و دہش کرنا - **دینا دھرانا** (متعدی) مقروض ہونا - مغلوب ہونا - **دینا لینا** (متعدی) ۱۔ داد و دہش کرنا ۲۔ (مذکر) عطا بخشش - داد و دہش - داد و ستد - دین لین - **دینا نہ لینا** (تف) خواہ مخواہ - ناحق - **دیندار** (مذکر) مقروض - **دین لین** (مذکر) داد و ستد - **دین ہار یا ہارا - دینے والا** (صفت) ۱۔ وہ شخص جسکو دینا ہو - مقروض ۲۔ وہ شخص جو دے یا عطا کرے -

امثال و اقوال - **دیا تو چاند تھا نہ دیا تو منہ ماند تھا** - کسی سے کچھ لینے کے لئے خوشامد کے طور پر کہتے ہیں - **دیا دان مانگے مسلمان** مسلمانوں پر طنز ہے - کہ لڑکی کے مرنے پر جہیز واپس لے لیتے ہیں - **دیا دور سے لگی ساتھ کھانے** - ذرا سی مہربانی کرو تو دوسرا ناجائز فائدہ اٹھانے لگتا ہے - **دیا فاتحہ کو لگے لٹانے** - جس کام کے لئے دیا تھا وہ نہ کیا فضول خرچی شروع کر دی - **دیا کلیجہ کاڑھ ہوا نہیں اپنا** - گو بے حد مہربانی کی پھر بھی اسنے وفاداری نہ کی - **دیا لیا ہی آڑے آتا ہے** - خیرات وقت پر کام آتی ہے - عذاب آخرت سے بچائے گی - خیرات کی وجہ سے مصیبت یا آفت سے آدمی بچ جاتا ہے - **دیا ہی آڑے آتا ہے** - صدقہ ردِ بلا ہے - **دیا ہاتھ کھانے لگا ساتھ** - دیکھو دیا دور الخ - **دیا ہے تو دیکھ لے** - ذو معنی ہے اگر تو نے دیا ہے تو یہیں ہوگا یا چراغ ہے تو تلاش کر لے - **دیتا بھولے نہ لیتا** - صاف حساب **دے دال میں پانی - پیگا بہ چلے جہانی** - دال میں اتنا پانی ڈال کہ اس میں تھپیڑے بہنے لگے - طنزاً کہتے ہیں - **دے دعا سمدھیانے کو نہیں پھرتی دودو دانے کو** - عورتیں لڑتی ہیں تو طعنے دیتی ہیں اتنی غریب ہے کہ اگر رشتے دار مدد نہ کرتے تو بھوکی مرتی - **دے دلاوے دیدے کرے - سو پرانے بھوساگر ترے** (ہ) جو خیرات کرے کرائے یا دوسروں کو کرنے پر مجبور کرے، دنیا کے سمندر سے پار گزرتا ہے - خیرات کی تعریف ہے - **دیدے بارود میں آگ کس کی رہی ہے کس کی رہ جائے گی** - جتنا خرچ کرنا ہے کر لے آخر فنا ہے - **دینا اور مرنا برابر ہے** - قرض موت کے برابر ہے - **دینا اور مطلب اور مطلب سو اپنا** - دینا بے مطلب نہیں ہوتا اور اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے - **دینا بھلا نہ باپ کا بیٹی بھلی نہ ایک چلنا بھلا نہ کوس کا جو سائیں راکھے ٹیک** قرض سے چاہے باپ کا ہی ہو - بیٹی سے چاہے ایک ہی ہو - سفر سے چاہے میل بھر ہی ہو - خدا بچائے - **دینا تھوڑا دلاسا بہت** - دیتے دلاتے بہت کم ہیں وعدہ وعید کرتے رہتے ہیں - **دینا لینا (کیا ہے)**

کام ڈوم ڈھاریوں کا۔ محبت عجب چیز ہے۔ جہاں محبت ہو وہاں لین دین کا سوال نہیں۔ مفت کام لینا ہو تو کہتے ہیں۔ دینا نہ لینا کاڑھے پھرے حسینا۔ ہر وقت تلوار نکالے پھرتا ہے۔ دینے کا باپ دینے سے ہی ٹلتا ہے۔ قرض ادا کرنے سے ہی چھٹکارا ہوتا ہے۔ دینے کے نام پر کنڈی (بدن کا میل) یا ٹٹی یا دروازے کے کواڑ بھی نہیں دیتے۔ بہت بخیل ہیں۔ چونکہ کنڈی دینے یا کواڑ دینے میں دینے کا لفظ آتا ہے۔ اس لئے بخل کی وجہ سے کنڈی یا کواڑ نہیں دیتے۔ بخیل آدمی دینے کے نام سے ہی گھبراتا ہے۔ دینی پڑی بنائی اور رگھٹا بتاوے سوت۔ جب بنوائی دینے کا وقت آتا ہے تو کہتا ہے سوت گھٹ گیا۔ انسان دینے کے وقت بہت سے بہلنے بناتا ہے۔ دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں۔ خدا ہزاروں حیلوں سے دیتا ہے۔ دینے والے سے دلانے والے کو بہت ثواب ہوتا ہے۔ مسلمانوں کا مقولہ ہے۔ دینے والا خود نیکی کرتا ہے۔ دلانے والا خود بھی نیکی کرتا اور دوسرے سے بھی کراتا ہے۔ دیوے گا سو پاوے گا بووے گا سو کاٹے گا۔ جیسا کام کرے گا ویسا نتیجہ ہوگا۔ جو خیرات کرے گا اسے خدا اور دے گا۔ جو بیج بوے گا وہ پھل حاصل کرے گا۔

دی (ہ۔ ماضی) مونث دیا کی۔ دیجو (امر) دے (مت) دیجیے (امر) دو (مت) دیجئے (امر) آپ دیں۔

دی (ف۔ مذکر) گزرا ہوا کل۔ دیروز (مذکر) دیکھو دی۔ دی شب (مونث) کل کی گزری ہوئی رات۔

دِیا (ہ۔ مونث) نذرانہ۔ تحفہ۔ نذر۔

دَیا (س۔ مونث) ۱بخشش ۲رحم۔ ہمدردی۔ ترس ۳محبت۔ شفقت ۴مہربانی۔ عنایت۔ لطف۔ کرم (کرنا ہونا کے ساتھ) دیالانا (متعدی) دیا کرنا۔

امثال و اقوال۔ دیا بن سنت قصائی۔ اگر دل میں رحم نہیں تو سنت بھی قصائی کے برابر ہے۔ دیا دھرم کا مول ہے پاپ مول ابھیمان۔ تلسی دیا نہ چھاڑیئے جب لگ گھٹ ہیں پران۔ دیا دھرم کی جڑ ہے۔ غرور گناہ کی۔ جب تک زندگی ہے دیا کرنی چاہئے۔ دیا وان چڑھا پروان۔ خیرات کرنے والے کی مکتی ہو جاتی ہے۔

دِیا (ہ۔ مونث) ۱ماں ۲وہ جگہ جہاں آنکھ مچولی میں بچے کھڑے ہوتے ہیں۔ دیا دہاڑ یا دھاڑ (مونث) "ماں کو پکارنا" مدد مانگنا دہائی۔ شور۔ غل وشور۔ ہنگامہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

دِیا (ہ۔ مذکر) مٹی کا بنا ہوا چراغ جس میں روئی بٹ کر بتی ڈالتے ہیں۔ لمپ۔ دیوا (س۔ دیپک) دیا باتی (دبتی) کرنا (ہ) چراغ روشن کرنا۔ روشنی کرنا۔ دیا بارنا (ہ) دیا جلانا۔ دیا بجھانا یا بڑھانا (متعدی) چراغ گل کرنا۔ دیا جلانا (متعدی) چراغ روشن کرنا۔ دیا سلائی (مونث) ۱چھوٹی سی لمبی لکڑی جس کے سرے پر گندھک اور فاسفورس لگی ہوتی ہے جو رگڑنے پر جل اٹھتی ہے۔ اس سے آگ یا لمپ جلاتے ہیں ۲وہ عورت جو لڑائی کراتی پھرے (لگانا کے ساتھ) دیا سلائی کی ڈبیا (مونث) وہ ڈبیا جس میں دیا سلائیاں رکھی جاتی ہیں۔ دیا کر دینا (ہ) دیا بجھانا۔

امثال و اقوال۔ دیا بست انوپ ہے دیا کہے سب کوئی۔ دھر البست نہ پائیے جو پائے دیا نہ ہوئے۔ دیا بہت عجیب چیز ہے اور سب اس کی تعریف کرتے ہیں۔ اگر دیا نہ ہو تو کچھ بھی نہ نظر آئے۔ اس میں لفظ دیا دو معنی استعمال ہوا ہے۔ یعنی خیرات کے معنوں میں بھی لیا جا سکتا ہے۔ دیا نا باتی (مفت میں) منڈو پھری اتراتی۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی شخص اس بات کے کرنے کا دعوے کرے جس کے کرنے کی اس میں قابلیت نہ ہو۔

دَیار (ف۔ مذکر) ۱کوئی شخص ۲دیر کا حاکم۔

دِیار (ع۔ مذکر) ۱دار کی جمع اصلی معنی گھر ۲شہر۔ ملک۔ علاقہ۔ اردو میں بطور مفرد استعمال ہوتا ہے۔ دیار بدیار (تف) شہر بشہر۔ دیار بکر (شام) ایک علاقہ ملک شام میں۔ دیار و امصار (مذکر) شہر اور قصبے۔

دیارا (ہ۔ مذکر) دریا برار کا مخفف۔ وہ زمین جو دریا چھوڑ جائے۔

دیار بکر (ایشیا) ۱اناطولیہ کی ایک ولایت رقبہ ۱۳،۷۰۳ (۶۲۰) ۲دار الخلافہ (۱۰۰)۔

دیاڑا (ہ۔ مذکر) ۱دیکھو دیارا ۲دیمک کا ٹیلا۔

دیاقوزا (ف۔ مذکر) خشخاش کا شربت۔

دَیال (ہ۔ صفت) ۱رحمدل۔ رحیم۔ ہمدرد۔ مہربان۔ شفیق وغیرہ ۲ہندوؤں کے بعض ناموں کے اخیر میں آتا ہے۔

دیالہ (عراق) دریائے دجلہ کا ایک معاون۔

دیالمہ (ف۔ مذکر) دیلم کی جمع۔ دیلم کے رہنے والے۔

دَیالو (س۔ مذکر) دیکھو دیال ۱۔

دیامل (؟) راجہ۔ عماد الملک غازی الدین خاں وزیر اودھ کا دیوان تھا۔ شاعر بھی تھا اور امتیاز تخلص کرتا تھا۔

دَیان (ع۔ مذکر) ۱نیکی اور بدی کا بدلہ دینے والا ۲خدا ۳فاتح ۴جج منصف حاکم۔

دَیان (ہ۔ مذکر) دیکھو دیوان۔

دَیانت (ع۔ مونث) ۱ایمان داری۔ راست بازی ۲راستی۔ سچائی۔ صدق۔

(دَیَن - خدا کا بندہ ہونا) **دیانتدار** (صفت) ایماندار وغیرہ دیکھو آخری - **دیانتداری** (مونث) دیکھو دیانت - **دیانت (داری) سے** (تف) ایمانداری سے - راستی سے - **دیانت کرنا** (متعدی) مہربانی کرنا۔

دیانت پور (ہند) ضلع بلند شہر میں ایک قصبہ۔

دیانت خاں (- ۱۶۳۰) محمد حسین - شاہ جہاں کا ایک امیر تھا۔

دیانندجی سرسوتی (۱۸۲۴ - ۱۸۸۳) سوامی - اصل نام مول شنکر پیرا مبا شنکر - ہندو ریفارمر - موروی ضلع گجرات میں پیدا ہوئے - متھرا میں تعلیم حاصل کی اور آریہ سماج کی بنا رکھی بت پرستی کے برخلاف تھے - مشہور تصنیف ستیارتھ پرکاش ہے - جودھپور میں وفات پائی۔

دیانوش (ف - مذکر) وہ شخص جس نے عذرا کو بیچا تھا۔

دیب (ہند) ایک بندرگاہ۔

دِیبا (ف - مذکر) **دیبا** (اردو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا - اطلس - (دیو بافت ۲ مخفف جنوں کا بنا ہوا)۔

دیباج (ع - مذکر) دیباہ کا معرب ایک قسم کا ریشمی جبہ۔

دِیباجہ - دیباچہ (ف - مذکر) تمہید - مقدمہ کتاب - **دیباچہ لکھنا** (متعدی) کتاب کا سرنامہ تحریر کرنا - **دیباچہ لکھوانا** (مم) کسی سے کتاب کا سرنامہ تحریر کرانا۔

دیباوند (ف - مذکر) طہمورث کا لقب۔

دِیباہ (ف - مذکر) دیبا۔

دیبدالہ (ھ - مذکر) ایک درخت۔

دیبڈو (مراکو) ایک قصبہ (۶) -

دیبرا (ھ - صفت) بایاں -

دیبرا (ہند) ضلع مدناپور بنگال میں ایک قصبہ۔

دِیبق - دیبق - دِیبہ - دیبہ (ف - مذکر) دیبا۔

دیبول (ہند) ایک قدیم شہر اور بندرگاہ سندھ میں تھا - اسے محمد بن قاسم نے فتح کیا تھا - اب معلوم نہیں کہ یہ کس جگہ تھا۔

دیبی (ہ - مونث) دیوی - بھوانی - **دیبی کھیلنا** (متعدی) دیوی کا سر پر آنا - آسیب کا خلل ہونا۔

امثال - دیبی پتّر میرے پیٹ بھیتر - میں تمہاری سب باتیں جانتا ہوں - **دیبی دن کالے لوگ (پیرجا مانگیں) مانگیں پیرجا** - انہیں اپنی مصیبتوں سے چھٹکارہ نہیں ہوتا - لوگ معجزے طلب کرتے ہیں - **دیبی مدار کا کون ساتھ** - دو مخالف چیزیں کس طرح اکٹھی ہوسکتی ہیں -

دِیپ (ھ - مذکر) ۱ جزیرہ - ٹاپو ۲ براعظم ۳ بعض جزیروں کے نام کے اخیر میں آتا ہے جیسے سنگلدیپ سالدیپ -

دِیپ (س - مذکر) دیا - لیمپ - لالٹین - **دیپالی** (مونث) "دیوں کی قطار" دیوالی - **دیپانوِتا** (مونث) دیوالی - **دیپاولی** (مونث) دیوں کی قطار - چراغاں - دیوالی - **دِیپتی** (مونث) ۱ روشنی - چمک ۲ شان - شوکت - **دیپتی مت** (صفت) ۱ روشن ۲ شاندار ۳ (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا - **دیپدان** (مذکر) ایک رسم جو کسی کے مرنے کے دس دن بعد تک کرتے ہیں - ایک دیا جلا کر پیپل کے درخت کے نیچے لٹکا دیتے ہیں - تاکہ اس کی روشنی میں مردے کی روح یم پورہ میں پہنچ جائے - **دیپک** (صفت) ۱ چمکتا ہوا - روشن ۲ بتی کو اکسانے والا ۳ (مذکر) دیا - چراغ ۴ ایک راگ جس کے گانے سے خیال ہے کہ آگ لگجاتی ہے ۵ چمکدار بدن ۶ کلغا پودہ ۷ اجوائن ۸ کامدیو ۹ گرو کا ایک بیٹا ۱۰ ایک قسم کی آتشبازی - **دیپکا** (مونث) ۱ دیا - چراغ ۲ چاندنی ۳ ایک راگنی ۴ ایک وزن یا بحر - **دیپک چھند** (مذکر) ایک قسم کی رباعی - **دیپک مالا** (مذکر) ایک وزن یا بحر - **دیپ مالا یا مالکہ** (مونث) دیوں کی قطار - چراغان - دیوالی - **دیپ وتی** (مونث) ایک دریا -

دِیپنا (ھ - لازم) ۱ جلنا - روشن ہونا ۲ چمکنا - دہکنا -

دَیت - دَیَت (ھ - مذکر) دیتیہ - **دَیتن** (مذکر) دیتیہ - **دیتن بندھن** (مذکر) "دیتوں کو باندھنے والا" وشن جی -

دَیِتا (س - صفت) ۱ جس کی خواہش ہو - معشوق - محبوب ۲ (مذکر) عاشق ۳ معشوق ۴ خاوند -

دِیَت (ع - مونث) خون بہا دینا لینا کے ساتھ) (دَوَیَ - خون بہا دینا) -

دَیتر (س - مذکر) ساتواں نچھترہ -

دُیتی (س - مونث) ۱ روشنی - چمک - دمک ۲ خوبصورتی - حسن ۳ شان - شوکت - عظمت - وقار ۴ شان و شوکت بصورت ایک دیوی کے ۵ ایک رشی جو منو میرو ساورن کے ماتحت تھا ۶ منوتامس کے ایک بیٹے کا نام - **دیتی دھر** (مذکر) ایک شاعر - **دیتی مت** (صفت) ۱ روشن - درخشاں ۲ شان و شوکت والا - پرعظمت - پروقار ۳ (مذکر) مدراس کا ایک راجہ اور سہادیو کا خسر ۴ شالو کا ایک راجہ اور رچیک کا باپ ۵ مدیراسو کا ایک بیٹا اور سویر کا باپ ۶ پریاورت کا ایک بیٹا اور کرونچا دویپ کا باپ ۷ پانڈو کا ایک بیٹا - ایک رشی ۸ منوسوایم بھو کا ایک بیٹا ۹ ایک پہاڑ کا نام - **دیتی متی** (صفت مونث) عقلمند - ہوشیار -

دَیتیہ (س - مذکر) ۱ دتی کا ایک بیٹا ۲ ایک مخلوق جو دیوتاؤں کے برخلاف تھی - دیو

جن ـ عفریت ـ اسر ـ دیتیہ سین (مونث) پرجاپتی کی بیٹی اور دیوسین کی بہن ـ دیتیہ گرو (مذکر) شکر ستارا ـ دیتیہ ماتری (مونث) دیتوں کی ماں دتی ـ

دِیٹھی (ھ ـ مونث) ۱ نظارہ ـ درشن ـ دید ۲ نظر ـ بینائی ـ بصارت ـ **دیٹھ پڑنا** (لازم) نظر پڑنا ـ دکھائی دینا ـ **دیٹھنا** (متعدی) دیکھنا ـ

دَیجا ـ دیجا (ھ ـ مذکر) ۱ جہیز ـ استری دھن ۲ نذرانہ یا روپیہ جو دولھن کے خاندان والے دولھا کو اونچی ذات کا خاوند حاصل کرنے کے لئے دیتے ہیں ـ

دِیجُو (ھ ـ مذکر) جہیز یا استری دھن کا ایک حصہ ـ

دَیجُور (ف ـ صفت) ۱ سیاہ ـ تاریک ـ اندھیرا ۲ (مذکر) اماوس کی رات ـ وہ رات جس میں چاند نظر نہ آئے ـ وہ رات جب سورج اور چاند کا قران ہو ـ وہ رات جب چاند زمین اور سورج کے درمیان ہو ۳ کوئی سیاہ چیز ۴ سیاہی ـ تاریکی ـ

دِیچھت (ھ ـ صفت) دیکھو دیکشت ۲ (مذکر) قنوجی برہمنوں کی ایک گوت ـ

دِید (ف ـ امر) دیدن سے ۲ (مونث) نظارہ ـ درشن ۳ نظر ـ نگاہ ۴ (صفت) دیکھا ہوا ـ مرکبات میں اخیر میں استعمال ہوتا ہے ـ جیسے چشم دید ـ قابل دید ـ (دیدن ـ دیکھنا) **دیدار** (مذکر) ۱ جلوہ ـ نظارہ ۲ صورت ـ چہرہ ـ **دیدار بازی** (مونث) نظارہ بازی ـ تاک جھانک (کرنا ہونا کے ساتھ) ـ **دیدار پانا** (لازم) **دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (لازم) شکل یا صورت دیکھنا ـ **دیدار سے مسرور ہونا** (لازم) دیکھ کر خوش ہونا ـ **دیدار کا بھوکا ہونا** (لازم) مشتاق دیدار ہونا ـ **دیدار کا کونڈا** (مذکر) دیکھو پیر دیدار کا کونڈا ـ **دیدار کرنا** (متعدی) دیکھنا ـ درشن کرنا ـ **دیدارو** (صفت) ۱ قابل دید ۲ خوبصورت ـ حسین ـ شکیل ـ **دیدار ہونا** (لازم) صورت نظر آنا ـ دکھائی دینا ـ **دیدبانہ** (صفت) دیکھنے والا ـ نظارہ کرنے والا ـ **دید بازی** (مونث) دیکھنا ـ آنکھیں لڑانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدبان** (مذکر) ۱ وہ سوراخ جس سے نشانہ تاکتے ہیں ۲ پہرے دار ـ چوکیدار ـ محافظ ـ سنتری ـ وہ جو حفاظت رکھے ـ **دیدبانی** (مونث) مشاہدہ ـ محافظت ـ نگاہداشت ـ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدخواہ** (صفت) ملاقات کا خواہشمند ـ **دید شنید** (صفت) وہ جس سے کوئی واقف ہو ـ **دید کرنا** (متعدی) دیکھنا ـ نظارہ کرنا ـ مشاہدہ کرنا ـ **دید نہ شنید** (صفت) دیکھا نہ سنا ـ عجیب ـ **دیدنی** (صفت) قابل دید ـ نظارے کے قابل تماشا ـ **دید و باز دید** ـ **دید و وادید** (مونث) ملاقات ـ ایک دوسرے کا ملاقات کے لئے جانا ـ **دید و شنید** (مونث) دیکھنا سننا ـ **دیدوں** (مذکر) دیدہ کی جمع ـ **دیدوں پھوٹی** (مونث) اندھی ـ (تحقیرًا) **دیدوں دھویا** (صفت) عو ـ دیکھو دیدے دھویا ـ **دیدوں سے کاجل چرانا** (متعدی) صفائی سے چوری کرنا ـ **دیدوں کی قسم** (مونث ـ عو) آنکھوں کی قسم ـ **دیدوں میں چربی چھانا** (لازم) اصلیت نظر نہ آنا ـ نشیب فراز نہ سوجھنا ـ **دیدوں میں خاک جھونکنا** (لازم) سراسر جھٹلانا ـ بیوقوف بنانا ـ **دیدہ** (مذکر) ۱ آنکھ ـ آنکھ کا ڈھیلا ۲ نظارہ ـ مشاہدہ ۳ شوخ آنکھ ـ گستاخ آنکھ ۴ گستاخی ـ شوخی ۵ حوصلہ ـ جرات ـ دلیری ۶ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے جیسے شوخ دیدہ ـ **دیدۂ ادراک** (مذکر) عقل ـ سمجھ ـ **دیدہ باز** (صفت) نظر باز ـ **دیدہ بازی** (مونث) نظربازی ـ آنکھیں لڑانا ـ **دیدہ بان** (مذکر) **بانی** (مونث) دیکھو دیدبان و بانی ـ **دیدہ براہ** (تقف) منتظر ـ (ہونا کے ساتھ) **دیدہ بڑا ہے** ـ ڈھیٹ ہے ـ شوخ ہے ـ **دیدہ بہ جانا** (متعدی) آنکھ کے ڈھیلے کا بیٹھ جانا ـ **دیدہ بیٹھ جانا** (متعدی) دیدے کا دھنس جانا ـ روشنی جاتی رہنا ـ **دیدہ پھٹا ہونا** (لازم) ۱ گستاخ ہونا ۲ نڈر ہونا ـ بیباک ہونا ـ **دیدہ پھٹ جانا** (لازم) حیرت سے آنکھیں کھلی رہ جانا ـ **دیدہ پھٹنا** (لازم) شوخ چشم ہونا ـ بیباک ہونا ـ **دیدہ پھٹی** (مونث) بڑی بڑی باہر کو نکلی ہوئی آنکھوں والی ـ **دیدۂ جوہر** (مذکر) وہ گول نشان جو جوہر شمشیر پر نظر آتا ہے ـ **دیدہ جھپکنا** (متعدی) آنکھ جھپکنا ـ **دیدہ چربانک (چھنال) ہونا** (لازم) دیکھو دیدہ پھٹا ہونا ـ **دیدہ چمکانا** (متعدی) آنکھ پھرانا ـ **دیدہ حق بیں** (مذکر) انصاف پسند آنکھ ـ **دیدہ خوں بار** (مذکر) خون برسانے والی آنکھ ـ بہت رونے والی آنکھ ـ **دیدہ دار** (مذکر) سنتری ـ **دیدہ در** (صفت) صاحب نظر **دیدہ درائی** (مونث) دلیری ـ جرات ـ بیباکی ـ شوخ چشمی ـ **دیدۂ دل** (مذکر) دل کی آنکھ ـ دل ـ **دیدۂ دل کھول کر دیکھنا** (متعدی) بہت غور کرنا ـ **دیدہ دلیل** (صفت) ۱ شوخ ـ بیباک ۲ نڈر ۳ بے شرم ـ بے غیرت ۴ گستاخ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدہ دلیلی** (مونث) دیدہ درائی ـ **دیدہ دھوئی** (صفت مونث) دیدہ دلیل ـ **دیدہ دھویا** (صفت) بے مروت ـ بدلحاظ ـ دیدہ دلیل ـ **دیدہ دیکھنا** (متعدی) حوصلہ یا جرات دیکھنا ـ **دیدۂ روزگار** (مذکر) زمانے کی آنکھ ـ زمانہ ـ **دیدہ ریزی** (مونث) ۱ آنکھوں کو تھکانا ۲ باریک کام جس سے آنکھیں تھک جائیں ۳ غور کسی کام میں ـ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدہ زہگیر** (مذکر) زہگیر کا حلقہ ـ **دیدہ کھیل میں ہونا** (لازم) طبیعت کا کھیل کود کی طرف مائل ہونا ـ **دیدہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) طبیعت کا کسی کام میں متوجہ ہونا ـ جی لگنا ـ توجہ ہونا ـ **دیدہ مٹکانا** (متعدی) آنکھ پھرانا ـ **دیدۂ مقراض** (مذکر) قینچی کا حلقہ ـ **دیدہ نہ لگنا** (لازم) دل نہ لگنا ـ **دیدہ وا ہونا** (لازم) آنکھ کھلی ہونا ـ **دیدہ وال** (مذکر) دیکھو دیدبان ـ **دیدہ و دانستہ**

(تف) جان بوجھ کر - قصداً - عمداً - **دیدہ و دل سے** (تف) خوشی سے - بسروچشم - **دیدہ ور** (صفت) صاحب نظر - تیز نظر - **دیدہ وری** (مونث) ۱بینائی - بصارت ۲ دانائی - ہوشیاری - **دیدہ ہوائی ہونا** (لازم) آوارہ گرد ہونا - ادھر ادھر دیکھتے پھرنے کا شوق ہونا - **دیدہ ہے نہ شنیدہ** - اس کے مانند دیکھا ہے نہ سنا - **دیدے اُلٹ جانا** (لازم) نزع کا عالم ہونا - **دیدے بدلنا** (متعدی) بے مروت ہونا - توجہ نہ کرنا - **دیدے بھرآنا** (لازم) رونا - **دیدے بہنا** (لازم) زار زار رونا - **دیدے پھرانا** (متعدی) بیمروتی کرنا - **دیدے پتھرا جانا - پٹم ہوجانا یا ہونا** (لازم) اندھا ہوجانا - بصارت نہ رہنا - **دیدے پھاڑ** (پھاڑ) کرتاڑنا دیکھنا یا گھورنا **دیدے پھاڑنا** (متعدی) گھورنا - آنکھیں کھولکر دیکھنا - **دیدے پھٹے ہونا** (لازم) کسی چیز کا نظر میں نہ سمانا - **دیدے پھوٹ جانا** (لازم) اندھا ہوجانا - **دیدے پھیرنا** (متعدی) بے مروتی کرنا - **دیدے تلووں سے ملنا** (لازم) سخت خوشامد کرنا - **دیدے چار ہونا** (لازم) ہوشیار ہونا - **دیدے چمکانا** (متعدی) آنکھیں مٹکانا - **دیدے دکھانا** (متعدی) آنکھیں دکھانا - **دیدے دھنس جانا** (لازم) آنکھوں میں حلقے پڑجانا - **دیدے دھویا** (صفت) عو ۱بیمروت - بے لحاظ ۲ گستاخ ۳ بے شرم - بے حیا - **دیدے سفید ہوجانا** (لازم) اندھا ہوجانا - **دیدے سے ڈرنا** (لازم) شوخی یا گستاخی سے گھبرانا - **دیدے کا پانی ڈھل جانا** (لازم) بے حیا ہوجانا غیرت جاتی رہنا - **دیدے کھلے ہونا** (لازم) ۱آنکھیں روشن ہونا ۲ دھیان ہونا - خیال ہونا - **دیدے کھولدینا - کھولنا** (متعدی) عقل دینا - سمجھ دینا - سوچنا - غور کرنا - توجہ سے دیکھنا - **دیدے کھونا** (لازم) بہت روکر آنکھوں کی بینائی کا نقصان کرنا -

دیدے کی صفائی (مونث) ۱بیباکی - شوخی ۲ بے حیائی - بے غیرتی - بے شرمی - **دیدوں گھٹنوں کے آگے (آئے) پائے** (بددعا) اندھا لولا ہوجائے - **دیدے مٹکانا** (متعدی) آنکھیں مٹکانا - **دیدے میں ترمرے پھرنا** (لازم) صدمے کی وجہ سے آنکھوں کے آگے ذرے نظر آنا - **دیدے میں سرسوں پھولنا** (لازم) ۱آنکھوں کو زرد ہی زرد نظر آنا ۲ خوش ہونا - **دیدے نکالنا** (متعدی) غصے کی نظر سے دیکھنا - غصہ کرنا ۲ آنکھ کا ڈھیلا نکالنا - **دیدے نیلے پیلے کرنا** (متعدی) دیکھو آخری ملے -

امثال واقوال - دیدار بازی (اور مولا) خدا راضی - عیاش آدمی تاڑبازی کی حمایت میں کہتے ہیں - **دید نہ شنید آئے میاں حمید (وحید)** بن بلائے مہمان - **دید نہ شنید بچہ غربت علی - دید نہ شنید برسات ایک جگہ ہی کاٹیں گے** - بے وجہ کسی سے اختلاط کرنا -

دَیدان (ع - مذکر) رسم - رواج -

دیدان (ف - مذکر) ۱جمع دودہ کیڑے ۲ سردیوں کا پہلا مہینہ -

دیدرو (۱۷۱۳ - ۱۷۸۴) دنی - فرانسیسی زبان کا ایک مشہور مصنف - اس نے فرانسیسی زبان کا انسائیکلوپیڈیا تالیف کیا تھا - نہایت قابل شخص تھا - فرانس کے پادریوں نے اس کی بہت مخالفت کی تھی -

دیدوی (س - صفت) ۱چکدار - روشن - چڑھا ہوا (ستارا) ۲ (مذکر) برہسپت یا مشتری ۳ بہشت ۴ نروان -

دیدے اَرغج (یونان) ایک بندرگاہ جسے الگزینڈروپولس بھی کہتے ہیں - ۱۳۱ -

دَیر (ف - مذکر) بتکدہ - بتخانہ - **دیر تنگ سپنجی یا مکافات** (مذکر) دنیا - **دیر مغان** (مذکر) ۱آتشکدہ - آتش پرستوں کا مندر ۲ شراب خانہ - **دیر مَنات** (مذکر) ایک مندر جس میں تین سو پیغمبروں کے بت تھے - **دیر مینا** (مذکر) آسمان - **دیری** (صفت) دیر کا - دیر کے متعلق -

دیر (ف - مونث) ۱وقفہ - عرصہ مدت - توقف ۲ (صفت) لمبا مدت کا - پرانا - **دیر آشنا** (مذکر) ۱ وہ شخص جو بعد [illegible] بے تکلف ہو **دیر پا** (صفت) مضبوط - پائدار - **دیر پائی** (مونث) دیر تک رہنا - **دیر تک** (تف) مدت تک - عرصہ تک - **دیر خوابی** (مونث) دیر تک سونا - **دیردار** (مذکر) دیر دار تابع مہمل ہے) **دیر سویر** (مونث) وقفہ - دیر - **دیر سے** (تف) مدت سے - عرصے سے - **دیر کرنا** (متعدی) عرصہ لگانا - وقت گزارنا - **دیرگاہ** (مذکر) مدت تک - عرصہ تک - **دیر گزرنا** (متعدی) وقفہ ہونا - **دیر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) عرصہ لگنا - ڈھیل پڑنا - وقفہ ہونا - **دیر میں** (تف) مدت کے بعد - **دیر ہونا** (لازم) ۱عرصہ ہونا - توقف ہونا ۲ وقت گزار کر آنا - **دیری** (مونث) عو - دیر - وقفہ (کرنا لگانا - لگنا - ہونا کے ساتھ) **دیرین - دیرینہ** (صفت) پرانا - قدیم - کہنہ - **دیرینہ سال** (مذکر) بوڑھا - کہن سال -

امثال - دیر آمدن وشتاب رفتن - دیر سے آنا چاہئے اور جلد رخصت ہو جانا چاہئے - **دیر آید درست آید - دیر آئے درست آئے** - دوسری پہلی کا ترجمہ ہے - کام میں دیر ہو تو درست ہوتا ہے - **دیر میں دیر تو ہوتی ہی ہے** - اکثر دیر کے کاموں میں اور زیادہ دیر ہوتی چلی جاتی ہے -

دِیر (ہند) چترال اور انگریزی علاقے کے درمیان ایک خود مختار ریاست - مسلمان نواب

ہے (۱۰۰)۔

دیرا (ہ - مذکر) ۱ خیمہ - مکان - رہنے کی جگہ ۲ چھوٹا مکان بڑے سے ملا ہوا - جہاں مہمان وغیرہ ٹھیرائے جاتے ہیں یا لوگ جمع ہوتے ہیں ۳ طائفہ رقاصان (عف) **دیرا ہونا** (لازم) قیام ہونا۔

دَیرَلزور (عراق) ایک شہر یہاں سے کھجوروں کے درخت شروع ہوتے ہیں (۲۰)۔

دِیرگھ (س - صفت) ۱ لمبا (فاصلہ وقت یا [illegible]) ۲ [illegible] ۳ سنگین - سخت - قوی ۴ (مذکر) لمبا اعراب ۵ اونٹ ۶ سال کا درخت ۷ حرف اُ کا ایک مخفی نام ۸ پانچواں چھٹا یا ساتواں نکچھترہ ۹ مگدھ کا ایک راجہ - **دیرگھاسیہ** (مذکر) ایک قوم - **دیرگھ باہو** (صفت) ۱ لمبے بازوں والا ۲ شوجی کا ایک پرستار ۳ ایک دانو ۴ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۵ دلیپ کا ایک بیٹا یا پوتا - **دیرگھ تمس** (مذکر) ایک رشی جس کا نام اوکھتیہ تھا اور جو برہسپتی کے سراپ سے اندھا پیدا ہوا تھا - اور ککشیوت کا باپ تھا اسپر رگ وید کے بہت سے منتر اترے تھے ۲ دھنوتری کا باپ اس کے سدیشنا کے بطن سے پانچ لڑکے تھے - انگ بھنگ - کالنگ - پُنڈر اور سوہما - **دیرگھ جھوا** (مونث) ۱ ایک راکھشس ۲ سکند کی ایک ماتری ۳ ایک خبیث روح - **دیرگھ روم** (صفت) ۱ لمبے بالوں والی ۲ (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا - **دیرگھ لوچن** (صفت) ۱ دراز چشم ۲ (عص) دھرت راشٹر کے ایک بیٹے کا نام - **دیرگھ یجن** (مذکر) اجودھیا کا ایک راجہ -

دِیریدوا (ابی سینیا) ایک شہر (۳۰)

دِیژون (فرانس) ایک شہر مشرقی فرانس میں (۰۰) ایک زمانے میں برگنڈی کا دارالخلافہ تھا۔

دیس (ہ - مذکر) ۱ وطن ۲ ملک ولایت ۳ ایک راگ کا نام جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے - (س - دیس) **دیس بدیس** (تف) شہر بشہر - دربدر - **دیس بدیس پھرنا** (متعدی) ملک ملک پھرنا - سیر و سیاحت کرنا - **دیس بدیس مارا پھرنا** (متعدی) آوارہ پھرنا - مارا مارا پھرنا - **دیس چھوڑنا** (متعدی) ملک سے چلا جانا - **دیس نکالا دینا** (متعدی) جلاوطن کرنا - شہر بدر کرنا - **دیسی** (صفت) ۱ ملک کا یا شہر کا ۲ وہ جو وطن میں پیدا ہو - بدیسی کا نقیض ہے ۳ (مذکر) کسی ملک کا باشندہ -

امثال واقوال - دیسا دیسا چال کلا کلا بیوپار - کولا کولا بیوہار - ہر ملک کا طریقہ جدا ہے - ہر خاندان کا رواج مختلف ہے - **دیس پر چڑھاؤ سر دکھے نہ پاؤ** - جس وقت آدمی وطن کو آنے لگے تو کوئی تکلیف نہیں ہوتی - **دیس چوری پردیس بھیک** ذلیل کاموں سے کہیں شرم نہیں آتی ۲ دیس میں چوری سے پردیس میں بھیک مانگنا اچھا ہے - **دیس چوری نہ پردیس بھیک** - برا کام کہیں نہیں کرنا چاہیئے - یا پردیس میں بھیک مانگنا بہتر ہے اس سے کہ وطن میں چوری پر گزارا کیا جائے - **دیسی گدھا پنجابی رینگ** - پنجابی زبان پر طنز ہے - اس شخص کے متعلق بھی کہتے ہیں جو جابیجا دوسری زبانیں بولے - **دیسی گدھا پوربی چال** - صوبجات متحدہ کے باشندوں پر طنز ہے - اس شخص کے متعلق بھی کہتے ہیں جو دوسروں کی نقل کرے - **دیسی گھوڑی مرہٹی چال** - غیر موزوں باتیں - **دیسی مرغی ولایتی بولی** - اس کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کی نقل کرے -

دیسا (اردو - مذکر) مسلمانوں میں سالانہ فاتحہ برسی کے بعد - جو پہلے سال کی فاتحہ ہوتی ہے -

دیسارنا (ہ - مذکر) ایک دریا جو وندھیاچل سے نکلتا ہے - دشارنا -

دیسنا (ہ - لازم) دکھائی دینا - دکھنا - ظاہر ہونا -

دیسوال (ہ - مذکر) دیسی آدمی

دیسی (ہ - مونث) ۱ ظہور - دکھاوا - رویت (دیسنا سے) ۲ (ہ - صفت) دیکھو دیس کے تحت میں -

دِیسے (ہ - تف) ۱ ممکن - اغلب ۲ (صفت) مانند - مثل -

دیش (س - مذکر) ۱ جگہ - مقام - موقع ۲ ملک - علاقہ - صوبہ - سلطنت ۳ پہلو - طرف ۴ قانون - آئین - **دیشانت** (مذکر) ملک کی سرحد **دیشپالی** (مونث) ایک راگ - **دیشکاردی** (مذکر) ایک راگ اور راگنی کا نام جو صبح کو گائے جاتے ہیں - **دیشی** (صفت و مذکر) دیکھو دیسی - **دیشیہ** (صفت و مذکر) ۱ دیکھو دیسی ۲ (مذکر) چشم دید گواہ -

دیشاں (۱۷۹۱-۱۸۷۱) ایمل ایک مشہور فرانسیسی شاعر - اس کی تصنیفات چھ جلدوں میں ہیں -

دیشنی (ہ - مونث) کلمے کی انگلی

دیغ (ف - مونث) دیگ -

دِیق الجنّ (۷۷۷-۸۴۹) عبدالسلام بن رغبان - شام کا ایک عرب شاعر -

دیکارت (۱۵۹۶-۱۶۵۰) رنے - مشہور فرانسیسی ریاضی داں اور فلسفہ داں -

دِیکشا (س - مونث) ۱ کسی مذہبی رسم کے لئے تیاری یا سنکلپ ۲ کسی خاص مطلب کے لئے مذہبی رسم ۳ ایک رسم جو بھینٹ سے پہلے ادا کرتے ہیں - سنکلپ ۴ پہلا منتر پڑھا جانا -

دیکھ (ہ - امر) ۱ دیکھنا کا ۲ تاکید اور تنبیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۳ (تف) دیکھ کر (س درش - دیکھنا) **دیکھا** (ماضی) ۱ دیکھنا کی - ۲ آزمالیا - کسی کو کسی بات سے منع کیا جائے اور وہ

اسے کرے تو اس کا برا نتیجہ نکلنے پر کہتے ہیں ۲ (مذکر) دیکھنا نظر۔ **دیکھ آنا** (لازم) کسی چیز کو دیکھ کر واپس آنا۔ **دیکھا آؤ نہ دیکھا تاؤ**۔ موقع محل نہ دیکھا بہت جلدی کی۔ **دیکھا بھالا** (صفت) آزمودہ۔ تجربہ کیا ہوا۔ **دیکھا بھالی** (مونث) ۱ دید۔ نظارہ بازی ۲ کسی چیز کو غور سے دیکھنا ۳ جستجو۔ تلاش۔ **دیکھا بھُولی** (ھ) نظر بندی۔ نظر کا دھوکا ۲ چکر کھاتا ہوا رستہ ۳ کوئی پیچیدہ یا گھبرا دینے والی بات ۴ بھول بھلیاں۔ **دیکھا جانا** (لازم) برداشت کرنا۔ عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دیکھا جائے گا** (مستقبل) ۱ سمجھا جائے گا ۲ خیال رہے گا ۳ بدلہ لیا جائے گا ۴ پھر سہی۔ **دیکھا چاہیئے** ۱ انتظار کرنا چاہیئے ۲ قابل تعریف ہے ۳ دیکھیئے۔ **دیکھا دیکھی** (تف) ۱ ریس کر کے ۲ دیکھ کر ۳ (ھ۔ مونث) ایک دوسرے کی طرف دیکھنا ۴ (ھ) ایک دوسرے کے سامنے ہونا ۵ (ھ) نقل۔ ریس۔ برابری۔ ہمسری۔ **دیکھا کرنا** (متعدی) لگاتار دیکھنا۔ دیکھنے کی عادت ہونا۔ **دیکھا کرے**۔ ہر وقت دیکھتا رہے۔ کسی چیز کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **دیکھا نہ بھالا**۔ جان نہ پہچان۔ دید نہ شنید۔ **دیکھا نہ سنا**۔ آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا۔ جس کی نسبت کچھ پتہ نہ ہو ۲ لاثانی۔ بے نظیر۔ عجیب۔ انوکھا۔ **دیکھا نہیں**۔ تجربے میں نہیں آیا۔ دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ **دیکھا نہیں جاتا**۔ برداشت نہیں ہوتا۔ دیکھ کر رنج ہوتا ہے۔ **دیکھا ہوا** (مفعول) ۱ نظر آیا ہوا ۲ آزمایا ہوا ۳ برداشت کیا ہوا۔ **دیکھا ہونا** (لازم) ۱ کسی چیز کو پہلے ملاحظہ کیا ہونا ۲ آزمایا ہونا۔ **دیکھا ہے** ۱ دیکھ لیا ہے۔ تنبیہ کے طور پر کہتے ہیں ۲ جانتے ہو۔ خبر ہے۔ **دیکھانا** (ھ) دیکھو دکھانا۔ **دیکھائی** (ھ) دیکھو دکھائی۔ **دیکھ بھال** (مونث) ۱ کسی چیز کو غور سے دیکھنا ۲ تلاش۔ جستجو ۳ تیمارداری۔ نگرانی (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیکھ بھال کر** (تف) ۱ سوچ سمجھ کر ۲ جان بوجھ کر ۳ واقف ہو کر۔ آگاہ ہو کر۔ **دیکھ بھال کر کام کرو**۔ **دیکھ بھال (کر)** لو غور فکر سے کام لو۔ **دیکھ بھال لینا** (لازم) ۱ غور کر لینا۔ اچھی طرح دیکھ لینا ۲ غور کر لینا۔ **دیکھ پانا** (لازم) اتفاقاً نظر پڑنا۔ دیکھ لینا۔ **دیکھت** (ھ) **دیکھتا** (صفت) ۱ دیکھنے والا ۲ (تف) دیکھ کر۔ **دیکھتا رہ جانا** (لازم) حیران رہ جانا۔ حیرت میں رہ جانا۔ بس نہ چلنا۔ **دیکھتا (کا دیکھتا) رہ گیا**۔ حیران رہ گیا۔ کچھ کر نہ سکا۔ **دیکھتا کیا ہے** ۱ نظر آیا۔ کیا تماشا دیکھتا ہے ۲ کیا تامل ہے۔ **دیکھت بھولی** (ھ) دیکھو دیکھا بھولی ۱، ۲ ۳ ایک قسم کا کشیدہ جالی یا ململ پر۔ **دیکھت میں** (ھ) دیکھنے میں شکل میں۔ ظاہرا۔ **دیکھتے جاؤ** ۱ خیال رکھو۔ آگاہ رہو ۲ دیکھ کر جاؤ۔ دیکھو۔ **دیکھتے دیکھتے** (تف) ۱ فوراً۔ بہت جلد ۲ لگاتار دیکھنے کی وجہ سے ۳ آنکھوں کے سامنے۔ موجودگی میں۔ **دیکھتے رہ جانا**۔ دیکھو دیکھتا رہ جانا۔ **دیکھتے رہنا** (لازم) حفاظت کرنا۔ خیال رکھنا۔ نگہبانی کرنا۔ **دیکھتے کا دیکھتا رہ گیا**۔ حیران رہ گیا۔ ناامید رہ گیا۔ **دیکھتے ہی** (تف) نظر ڈالتے ہی۔ فوراً۔ **دیکھ دیکھ**۔ کیا کرتا ہے ہوش میں آ۔ **دیکھ دینا** (متعدی) دیکھ کر بتانا۔ تلاش کر دینا۔ **دیکھ ڈالنا** (متعدی) پڑھ لینا۔ پڑھ چکنا۔ **دیکھ رکھنا** (متعدی) یاد کرنا۔ **دیکھ کر کام کرنا**۔ کام میں ہوشیاری اور احتیاط برتنا۔ **دیکھلانا** (ھ) دکھلانا۔ **دیکھ لینا** (متعدی) آزمائش کرنا۔ **دیکھن** (ھ) دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ **دیکھنا** (متعدی) ۱ نظر کرنا۔ نظر ڈالنا ۲ ملاحظہ کرنا۔ معائنہ کرنا ۳ خیال کرنا۔ غور کرنا ۴ آزمانا۔ امتحان کرنا ۵ جانچنا۔ پرکھنا ۶ تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا ۷ مشاہدہ کرنا ۸ ہوشیار رہنا۔ خبردار ہونا ۹ لحاظ کرنا ۱۰ سوچ سمجھ کر کام کرنا ۱۱ سوچنا۔ سمجھنا ۱۲ خیال رکھنا ۱۳ بدلہ لینا ۱۴ پانا ۱۵ فرق کرنا۔ تمیز کرنا ۱۶ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا ۱۷ برداشت کرنا ۱۸ (کلام) اصلاح کرنا ۱۹ دیکھو کی جگہ ۲۰ آگاہ کرنے کا کلمہ۔ ہر اسم کے ساتھ استعمال ہو سکتا ہے۔ **دیکھنا بھالنا** (متعدی) غور کر کے دیکھنا ۲ تلاش کرنا۔ **دیکھنے آنا** (لازم) عیادت کے لئے آنا۔ ملاقات کے لئے آنا۔ **دیکھنے کو** (تف) برائے نام۔ **دیکھنے کو نہیں**۔ کمیاب ہے۔ نایاب ہے۔ **دیکھنے کی** (صفت) تماشی بیکار۔ **دیکھنے میں** (تف) ظاہرا۔ بظاہر۔ **دیکھنے میں آنا**۔ (لازم) ۱ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا ۲ آنکھوں کے سامنے آنا ۳ تجربے میں آنا۔ **دیکھنے والا** (صفت) ۱ جو دیکھے ۲ صحبت یافتہ۔ فیض یافتہ ۳ معتقد۔ مرید۔ **دیکھنے ہارا** (ھ) ۱ وہ جو دیکھے ۲ تماشائی۔ نظارہ باز۔ **دیکھو (جی)** (امر) ۱ خبردار رہو۔ ہوشیار رہو ۲ توجہ کرو۔ متوجہ ہو ۳ تلاش کرو ۴ (تف) شاید۔ ممکن ہے۔ **دیکھو دیکھو** (ندا) خبردار۔ ہوشیار۔ **دیکھوں**۔ دیکھیئے۔ **دیکھی بھالی باتیں** (مونث) آزمائی ہوئی باتیں۔ ایسی باتیں جن سے واقفیت ہو۔ **دیکھیئے** ۱ دیکھو۔ دیکھا چاہیئے ۲ شاید۔ ممکن ہے ۳ خدا جانے۔ خدا معلوم۔ **دیکھیئے قسمت میں کیا بدا ہے**۔ خدا جانے کیا ہوگا۔ **دیکھیئے کیا ہوتا ہے**، خدا جانے کیا نتیجہ نکلتا ہے یا کیا انجام ہوتا ہے۔ **دیکھیئے یہ بجلی کہاں گرتی ہے**۔ خدا جانے یہ مصیبت کس پر پڑتی ہے۔ **دیکھے** (تف) دیکھنا۔ بے کے ساتھ۔ **دیکھیں** ۱ آزمائیں تجربہ کریں ۲ خدا جانے۔ خدا معلوم۔ **دیکھیں اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے**۔ خدا معلوم کیا نتیجہ ہو۔

امثال و اقوال

دیکھا بھالا تو بچی اور چپڑ اسید ہوئے۔ معمولی آدمی اپنے آپ کو بہت بڑا ظاہر کرے تو کہتے ہیں۔ **دیکھ تیرا چھند بند پھٹا جامہ تین بند**۔ غریب آدمی اور بانکپن۔ **دیکھا دیکھی سادھے جوگ چھیجے کایا بادھے روگ** (ھ) دوسروں کی نقل کرنے میں نقصان ہوتا ہے۔ **دیکھا سو کھایا نہ منہ پاؤں جوگا کنگال ہے**۔ جو ملا کھا لیا۔ **دیکھا شہر بنگالہ دانت لال منہ کالا**۔ بنگالیوں پر طنز ہے جنکا رنگ عموماً کالا ہوتا ہے۔ اور پان بہت کھاتے ہیں۔

دیکھا میر وا د تیرا رمبہ - گاجروں کی ریل پیل - روٹیوں کا چھبا - مہربانی بہت اور لینا دینا کچھ نہیں - **دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ** اس کی نسبت کہتے ہیں جو خواہ مخواہ کسی کی تعریف کرے چاہے اسے جانتا نہ ہو - **دیکھا نہ بھالا دید نہ شنید** - جان نہ پہچان کون ہے کون نہیں - **دیکھ بگانی چپڑی مت ترساؤ جی - دیکھ بگانی جھونپڑی مت ترساوے جی - روکھی سوکھی کھا ٹیکے ٹھنڈا پانی پی** (ھ) پرائے مال کا لالچ نہ کرنا چاہئے - **دیکھ بھال کے پاؤں رکھنا چاہئے** - بہت احتیاط سے کام کرنا چاہئے - **دیکھ پرائی چوپڑی گر پڑے ایمان اک گھڑی کی بے حیائی دن بھر کا آرام** حریص اور لالچی آدمی کی نسبت کہتے ہیں - **دیکھ پرائی چوپڑی مت للچاوے جی - مستی کستی کھائے کے ٹھنڈا پانی پی** - جو کچھ اپنی محنت سے حاصل ہو اسی پر قناعت کرنی چاہئے - **دیکھ پڑوسن جل مری** - کسی کی کوئی اچھی بات ہو اور دوسرے جلیں تو کہتے ہیں - **دیکھتا ہے سو کہتا نہیں - کہتا ہے سو دیکھتا نہیں** - کوئی سچی شہادت نہیں دیتا - جسنے دیکھا ہے وہ گواہی نہیں دیتا اور جو گواہی دیتا ہے اسنے دیکھا کچھ نہیں - **دیکھ تریا کے چلے سر منڈا منہ کالے - دیکھ مردوں کی پھیری مال تیری کہ میری** - عورتوں کی چالاکی اور مردوں کی قابلیت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - ایک عورت اپنی ساس کو ذلیل کرنے کے لئے بیمار بن گئی اور اپنے خاوند سے کہنے لگی کہ اگر اپنی ماں کا سر منڈا کر منہ کالا کر کے لائے تو وہ اچھی ہو گی - اسنے اپنی ساس سے جاکر کہا کہ تیری بیٹی بیمار ہے اور اگر تو سر منڈا کر منہ کالا کر کے جائے تو وہ اچھی ہو جائے گی - اس بیچاری نے ایسا ہی کیا - عورت نے جب اسے دیکھا تو خوش ہو کر پہلا مصرع کہا - جس کا جواب مرد نے دوسرے فقرے میں دیا - عورت سخت شرمندہ ہوئی - یہ دونوں فقرے ضرب المثل ہو گئے -

دیکھتی آنکھوں مکھی نہیں نگلی جاتی - دیدہ و دانستہ کوئی بری صحبت میں نہیں بیٹھتا یا حق تلفی نہیں کرتا - **دیکھ جگت اور سامت ڈر اور رمت رو - بنا حکم بھگوان کے بال نہ بیکا ہو** دنیا کی تکالیف سے گھبرانا نہیں چاہئے - بغیر خدا کے حکم کے کچھ نہیں ہوتا - **دیکھنا سو سیکھنا** - اچھی چیز کو دیکھ کر خواہ مخواہ لینے کو دل چاہتا ہے - جو دیکھنا سو کرنا چاہئے اچھا ہو یا برا - **دیکھن کے اتیت ہیں - بسوا سے رہے پھنس - ماتھے تلک لگائے ہیں مالا گل میں دس** - ظاہر تو بھگت ہیں مگر اصل میں سخت عیاش ہیں - **دیکھنے اور سننے میں بڑا فرق ہے** - کسی چیز کی تعریف یا کسی واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں - کہ اصلیت بیان نہیں کیجاسکتی دیکھنے سے ہی تعلق رکھتی ہے - **دیکھنے کو بلبل نگلنے کو دو ومڑ یا بڑ** - شکل صورت میں تو کمزور ہے - مگر کھانے یا کام کرنے میں بہت چست ہے - **دیکھنے میں نا - سو چکھنے میں کیا** - جو چیز دیکھنے میں اچھی نہیں وہ کھانے میں کیسے اچھی ہو گی - **دیکھنے میں ننھی کھاجاوے دھنی** - صغیر سن مگر تکلیفوں کا متحمل **دیکھو اچنبے کی بات ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا** - غیر ممکن بات کا وقوع میں آنا - **دیکھو اڑی میں گولگا ہوا ہے** - جہاں نظر لگنے کا اندیشہ ہو تو کہتے ہیں - **دیکھو رے اہیر نیا کی ڈیٹھا چھنٹکس چاور پر وسلل پیٹھا** (پوربی) بہت چالاک عورت - اناج نکال لیتی ہے اور چھلکے پکاتی ہے - **دیکھو میاں کے چھند بند - پھاٹا جامہ تین بند** - انکی شیخی دیکھو اور ذلیل حالت دیکھو - **دیکھئے اونٹ کس کروٹ (کل) بیٹھتا ہے (بیٹھے)** دیکھئے انجام کیا ہو - کہتے ہیں کہ ایک مالی اور ایک کمہار نے ملکر ایک اونٹ کرائے لیا - ایک نے ایک طرف ترکاری لادی - دوسرے نے دوسری طرف مٹی کے برتن - راستے میں اونٹ ترکاری کھاتا گیا - کمہار خوش تھا کہ اس کے برتن بچے ہیں - اسپر مالی نے یہ فقرہ کہا - چنانچہ اونٹ نے بیٹھتے ہوئے سارے برتن توڑ دیئے - تب سے یہ فقرہ ضرب المثل ہو گیا ہے - **دیکھئے دیدار اور ماریئے پیزار** (عو) نوجوانوں کو نصیحت ہے کہ خوبصورت عورتوں کو دیکھے قریب نہ جائے - **دیکھئے قصائی کی نظر اور کھلائیے سونے کا نوالہ** - اولاد کو ظاہرا غصے کی نظر سے دیکھنا چاہئے تاکہ وہ ڈرتے رہیں اور کام درست کریں - کھانے کو اچھے سے اچھا دینا چاہئے - **دیکھی بھالی کرتے ہی (کرسنی) لگی غوطہ دینے** - جان پہچان ہوتے ہی دغابازی شروع کر دی - **دیکھے بھلے شیخ جی اور چڑیں صید ہوئیں** - بگلا بھگت ہیں بظاہر میں نہایت شریف مگر اصل میں بڑے چالاک - **دیکھی پیر تیری کرامت** - تیری کرتوت معلوم ہے - **دیکھی تیری کالپی اور باون پورا اجاڑ** - کوئی اپنے خاندان اور جائداد کے متعلق شیخی مارے تو کہتے ہیں کہ تمہاری اصلیت اور حقیقت معلوم ہے - **دیکھی ٹھوک بجا کے دنیا طالب زر کی** - اچھی طرح آزمالیا کہ دنیا میں سب لوگ زر کے طالب ہیں - **دیکھے رام تیرے کرتوت** - تمہاری اصلیت اور حقیقت کھل گئی - **دیکھے راہی بولے سپاہی** - اگر کوئی معاملہ ہو تو راہرو دخل نہیں دیتا - سپاہی دخل دیتا ہے - **دیکھی رام تیری کرتوت** - تیری کرتوتیں سب معلوم ہیں - **دیکھے کو بوریہ - اور آوے پانچوں پیر** (عو) معلوم تو پاگل ہو مگر اپنے مطلب کا پکا ہے - **دیکھے کو بڈھی کام کو آندھی** - عورت تو بڑھیا ہے مگر کام بہت کرتی ہے -

دِیکھ (ھ - امر) دیکھنا کا - **دیکھ پڑنا دیکھ جانا** - **دیکھنا** (لازم) دکھنا - دکھائی دینا -

دِیکھت (ھ - مذکر) قنوجی برہمنوں کی ایک گوت - دیچھت -

دیگ (ف - مونث) کھانا پکانا

بڑا تانبے کا برتن ۲ دیگ بھر کھانا۔ **دیگ ابلنا** (لازم) دیگ میں پکتے ہوئے کھانے کا ابلنا۔ **دیگ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) کھانے کا تیار ہونا۔ **دیگ افزار** (مذکر) سبزی پودینہ وغیرہ جو گوشت میں ڈالی جاتی ہے۔ **دیگ انداز** (مذکر) باورچی۔ **دیگ تیغ کا مالک ہونا** (لازم) صاحب اختیار ہونا۔ **دیگ چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ دیگ کا چولھے پر رکھا جانا ۲ کھانا پکنا۔ **دیگچہ** (مذکر) **دیگچی** (مونث) دیگ کی تصغیر۔ **دیگدان** (مذکر) چولھا۔ **دیگ کھڑکنا۔ دیگیں کھنکنا** (لازم) دیگ پکنا۔ کھانا پکنا۔ بہت سی دیگوں کی آواز نکلنا۔ **دیگ گیر** (مذکر) ایک کپڑا جس سے دیگ اٹھاتے ہیں۔

امثال۔ دیگ کی کھرچن کبھی بہت ہے۔ بڑی مقدار میں سے بچا بچایا بھی بہت ہوتا ہے۔ **دیگ میں ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں۔ دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں۔** ایک سے سب کی جانچ ہوتی ہے۔

دیگر (ف۔ صفت) ۱ دوسرا۔ اور ۲ اگلا ۳ باقی ۴ علاوہ۔ ماسوا ۵ پھر ۶ کچھ ۷ کچھ اور ۸ (مذکر) بعد دوپہر کا وقت۔ عصر۔ **دیگر بار** (مونث) دوسری دفعہ۔ **دیگر روز** (مذکر) کل۔ **دیگر سال** (مذکر) اگلا برس۔ **دیگر شب** (مونث) گزشتہ رات۔ **دیگری** (مونث) ایک محصول جو درختوں وغیرہ پر لگتا تھا۔

مثل۔ دیگر بخود منازکہ ترکی تمام شد۔ اب کیا اتراتے ہو وقت گزر گیا۔

دیگمبر (ھ۔ مذکر) دیکھو دگمبر۔

دیل (ھ۔ مونث) خوشی۔ مزے اڑانا۔

مقولہ۔ دیل دنیا کی دم بدم کیجیے۔ کس کی شادی اور کس کا غم سہجیے۔ دنیا میں مزے اڑانے چاہئیں۔ خوشی اور غم کی پروا نہیں کرنی چاہئے۔

دیلی (ھ۔ ماضی) دنیا کی۔

دَیلَم۔ دَیلمان (ایران) علاقہ گیلان میں ایک شہر۔ **دیلمی** (صفت) دیلم کا رہنے والا۔

دیلن پور (ہند) ریاست جھالاواڑ میں ایک قصبہ۔

دیماوَنڈ (ایران) ایک پہاڑ۔

دِیمَک (ہ۔ مونث) ایک قسم کی سفید چیونٹی جو نرم اشیا کو کھا جاتی اور ان کی بجائے مٹی چھوڑ جاتی ہے (ف۔ دیوگ سے) **دیمک چاٹ جانا** (لازم) **دیمک چاٹنا** (متعدی) **دیمک لگنا** (لازم) کسی چیز کو دیمک کا لگنا۔ **دیمک کھایا** (ھ) ۱ دیمک کا چاٹا ہوا ۲ جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔ **دیمک کی ملکہ** (مونث) دیمکیں ایک دیمک کو ملکہ منتخب کر لیتی ہیں اور اسے اچھے اچھے کھانے دئے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ بعض دفعہ چڑیا کے بچے کے برابر ہو جاتی ہے۔ پھر یہ انڈے دینے شروع کرتی ہے۔ دن بھر میں لاکھوں انڈے دیتی ہے۔ اس کا مقام سطح زمین سے تقریباً تین فٹ نیچا ہوتا ہے۔ جس جگہ یہ ہو وہاں بے شمار دیمک ہوتی ہے اور جب تک اس کو نکال کر تلف نہ کیا جائے دیمک وہاں سے نہیں جاتی۔

امثال واقوال۔ دیمک کے دانت اور سانپ کے پاؤں اور چیونٹی کی ناک کس نے دیکھی۔ یہ چیزیں ظاہرا معدوم ہیں۔ مگر کام ایسا دیتی ہیں کہ جن جانوروں کے دانت پاؤں اور ناک ظاہر ہوتے ہیں۔ ان سے ایسا بن نہیں آتا۔ **دیمک کے کھائے پیڑ سوچ کے مارے دیہ کسی کام کے نہیں رہتے۔** دیمک کا کھایا درخت اور فکر کا مارا ہوا بدن بیکار ہوتے ہیں۔

دَیمَن (س۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت ۲ شان۔ شوکت۔ جلال ۳ الہام۔ جوش ۴ دولت۔ جائیداد ۵ خوراک ۶ ایک رشی جس پر ایک منتر اترا تھا ۷ منو اور ندولا کا ایک بیٹا۔ **دیمنی** (مونث) ایک راجہ۔ **دیمینیک** (مذکر) وشٹھ کا ایک بیٹا۔

دِمیطوقہ (روم) ایڈریانوپل کے قریب ایک قصبہ (۹)۔

دَین (ع۔ مذکر) قرض۔ وام۔ ادھار (دَین۔ دان۔ ادھار دینا) **دینِ تمسکی** (مذکر) وہ قرضہ جو صرف تمسک پر حاصل کیا جائے اور جس میں کوئی چیز گروی نہ رکھی جائے۔ **دین دار** (مذکر) مقروض۔ **دینِ مُعجل** (مذکر) وہ قرض جو مانگنے پر ادا کیا جائے۔ **دینِ مُوجل** (مذکر) وہ قرضہ جس کی ادائیگی ملتوی کی جاسکے۔ **دینِ مہر** (مذکر) مہر جو ادا نہ کیا گیا ہو۔

دِین (ع۔ مذکر) ۱ مذہب۔ دھرم۔ ملت۔ مت ۲ مذہب اسلام ۳ عقیدہ۔ ایمان ۴ کیش۔ مشرب ۵ عاقبت۔ عقبیٰ۔ آخرت۔ **دین برباد کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ایمان نہ رہنا۔ **دین پرست** (صفت) دیندار۔ **دین پناہ** (صفت) وہ جو دین کا حامی یا مددگار ہو۔ مسلمان بادشاہوں کا لقب۔ حامی دین۔ **دین جانا** (لازم) لامذہب ہونا۔ بے دین ہونا۔ **دین دار** (صفت) پابند مذہب یا شرع۔ فرائض مذہبی پورا کرنے والا۔ **دینداری** (مونث) پابندی مذہب یا شریعت۔ **دین دنیا** (مونث) دونوں جہان۔ دنیا اور عاقبت۔ **دین دنیا بھول جانا** (لازم) بالکل بے خبر ہو جانا۔ **دین و دنیا سے جانا** (لازم) کسی کام کا نہ رہنا۔ دونوں جہان کے فائدے سے محروم رہنا۔ **دین دین پکارنا** (متعدی) ۱ مذہبی جنگ لڑنا ۲ دین کا دعوے کرنا۔ دین دین کے نعرے لگانا۔ **دین دینِ محمد۔** مسلمان ختنہ ہونے پر برکت کے واسطے کہتے ہیں۔ **دین کا** (صفت) مذہبی۔ دینی۔ دھرم کا۔ مذہب کا۔ مذہب

کے متعلق - دین کا جھنڈا (مذکر) مذہبی جھنڈا۔ دین کا ساتھ دینا (متعدی) مذہب کی پچ کرنا۔ مذہب کے لئے لڑنا - دین کا نہ دنیا کا (صفت) کسی کام کا نہیں نکما ہے - دین کو (اختیار) کرنا (متعدی) مذہب میں شامل ہونا - مسلمان ہونا۔ دین میں ملانا (متعدی) مسلمان کرنا - مذہب میں شامل کرنا - دین و ایمان برباد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مذہب بدلا جانا - بے ایمان ہو جانا۔ دین و دنیا کی خبر نہ ہونا (لازم) بالکل بے خبر یا بیہوش ہونا - دین و دنیا کی فکر (مونث) دینی اور دنیاوی امور کی فکر - دینی (صفت) مذہبی - مذہب کا - مذہب کے متعلق - دینی بھائی (مذکر) منہ بولا بھائی - دینی بہن (مونث) منہ بولی بہن - دینیات (مونث) دینی کی جمع - وہ کتابیں یا مسائل جن کا دین کے ساتھ تعلق ہو۔

دین (ھ - ماضی) دیا -

دین (س - صفت) ۱ غریب - مفلس - کنگال - نادار - نردھن ۲ ضرورتمند محتاج - حاجتمند ۳ مصیبت زدہ - کمبخت - تباہ - برباد - خراب - خستہ - دین آچار یا پابندھو (مذکر) ایشور - دین داس (مذکر) شودر - دین دیال (صفت) ۱ غریبوں کو دینے والا - غریب پرور ۲ (مذکر) ایشور - دین ناتھ (مذکر) "غریبوں کا مالک" ۱ ایشور ۲ کئی مصنفوں کا نام -

دینا (ھ - متعدی) ۱ دینا ۲ (ماضی) دیا -

دیناپور (ہند) ایک شہر ضلع پٹنہ میں (۴۴) -

دیناج پور (ہند) ۱ بنگال میں ایک ضلع رقبہ ۳۹۴۶ (۱۷۵۵) ۲ صدر مقام (۱۸) -

دینار (ف - مذکر) ۱ ایک سونے کا سکہ جو ۲ ½ روپے کے برابر ہوتا ہے ۲ ایک وزن سونے کا جو ½ درہم کے برابر ہوتا ہے ۳ سونے کا زیور -

دینار (- ۱۱۹۵) ملک - غزر کا ایک بادشاہ -

دیناناتھ (ھ - مذکر) دیکھو دین ناتھ -

دینانگر (ہند) ضلع گورداسپور میں ایک قصبہ (۵) -

دیناور (عراق) ایک قدیم شہر جس کے اب کھنڈرات رہ گئے ہیں -

دینتا (س - مونث) **دینتائی** (ھ - مونث) **دینتو** (مذکر) غربت وغیرہ دیکھو دین -

دین جانا (اردو - لازم) ۱ ڈھس جانا - بیٹھ جانا ۲ جڑ کھوکھلی ہونے سے گر جانا - گر جانا -

دینزلی (اناطولیہ) صوبہ سمرنا کا ایک شہر (۳۵) -

دینک (س - صفت) روزانہ - یومیہ - دینکی (مونث) یومیہ مزدوری - روزینہ -

دین محمد خاں (۱۶) ۱۵۹۶ء میں سمرقند کے تخت پر اپنے ماموں عبداللہ خاں کی وفات پر بیٹھا - مگر کچھ عرصہ بعد شاہ عباس اعظم کے ساتھ جنگ میں زخمی ہو کر فوت ہوا -

دینیہ (س - مذکر) غربت دیکھو دین -

دینیہ (ہسپانیہ) ایک قصبہ (۱۳) یہاں مسلمانوں کے زمانے کے کھنڈرات ہیں -

دیو (س - صفت) ۱ دیوتا کا - دیوتا کے متعلق ۲ دیوتاؤں کی طرف سے آیا ہوا ۳ آکاسی - آسمانی - خدائی ۴ (مذکر) شادی کی ایک قسم جس میں بیٹی کا دان برہمن کو کرتے ہیں ۵ دیوتا - آسمانی مخلوق ۶ مذہبی رسم - دیوتا کو بھینٹ - دیوتا (مونث) ۱ وہ عورت جو دیو رسم کے بموجب برہمن کو دی جائے ۲ علم وید کی کی ایک شاخ جس میں منتروں نقشوں وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں -

مثل - دیو نہ مارے ڈینک سے گمنی دیبت چڑھا - خدا لاٹھی سے نہیں مارتا - عقل گنوا دیتا ہے

دیو - دیو - دیو (ف - مذکر) ۱ جن - بھوت - پریت ۲ پریوں کے مرد ۳ شیطان - خناس ۴ موٹا تازہ آدمی - قوی ہیکل شخص ۵ گھوڑا - دیوباد (مذکر) ۱ بگولا ۲ تیز گھوڑا ۳ تیز اونٹ ۴ دیوانگی - جوش - دیوبند (مذکر) ۱ کشتی کا ایک پیچ ۲ دیوؤں کو قابو کرنے والا شخص - جادوگر ۳ وہ جگہ جہاں دیو رہتے ہوں ۴ مہینے کا سولھواں دن ۵ طہمورث اور قارن کا نام ۶ ایک دوا - دیوجامہ (مذکر) ۱ پوستین جس میں بال باہر کی طرف رہیں ۲ شیر کا چمڑہ جو سپاہی پہنتے ہیں - دیودار (مذکر) ایک درخت چیڑ کی قسم کا جسکی شاخیں زمین کے متوازی پھیلتی ہیں - اسکی لکڑی مکانات میں کام آتی ہے اور چیر کی لکڑی سے مضبوط ہوتی ہے - دیو دہن (مذکر) شیطان - دیورخش (مذکر) ایک نشہ - دیو زاد (مذکر) ۱ دیو کا بچہ ۲ قوی ہیکل آدمی - دیو سپید (مذکر) ۱ ایک دیو جسے رستم نے قتل کیا تھا ۲ شیطان - دیوشبینہ (مذکر) ڈراونا خواب - دیو کا دیو (صفت) بہت بڑا - دیو کا سایہ (مذکر) آسیب - دیو من (مونث) ایک بھونری کا نام جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں ہوتی ہے اور بہت مبارک سمجھی جاتی ہے اور دوسری بھونریوں کی نحوست رفع کرتی ہے - دیونر (مذکر) نر دیو - دیونی (مونث) ۱ مادہ دیو ۲ دیو کی بیوی - دیوہفت سر (مذکر) ۱ رات ۲ کرہ زمین -

دیو (ہند) ۱ کاٹھیاواڑ میں ایک جزیرہ اور شہر جو اہل پرتگال کے قبضے میں ہے - آبادی جزیرہ (۱۴) ۲ ضلع گیا میں ایک قصبہ -

دیو (س - مذکر) دیو (ھ) ۱ دیوتا ۲ خبیث روح - عفریت ۳ دیوتاؤں کی ایک قسم جو شمار میں ۳۳ ہیں - جو گیارہ فی عالم تصور ہوتے ہیں -

بعض کے حساب سے ۸ واسو۔ ۱۱ رُدر۔ ۱۲۔ ادتیہ اور دو اسوین
ہیں ۲ (عص)، اندر ۳ کسی دیوتا کا بت ۴ برہمن کا لقب ۵ بادشاہ۔
راجہ ۶ بادشاہوں یا بڑے آدمیوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے
۷ دیور۔ دیواپی (عص) ۱ ایک رشی جو رشٹی شین کا بیٹا ہے ۲
ایک راجہ جو پرتپ کا بیٹا تھا۔ بعد میں جنگلوں میں چلا گیا۔ اور اب تک
زندہ خیال کیا جاتا ہے۔ دیوات (مذکر) ایک تیرتھ۔
دیواتما (مونث) دیوتاؤں کی ماں۔ دیو اچاریہ
(مذکر) ۱ دیوتاؤں کا استاد یا گرو ۲ کئی مصنفوں کا
نام۔ دیوارہ (مذکر) ۱ دیوتاؤں کے قابل ۲ ایک
راجہ ۳ ایک بوٹی۔ دیوارہن (مذکر) ایک راجہ۔
دیواری (مذکر) ۱ دیوتاؤں کا دشمن ۲ ایک اسر۔
دیوانند (مذکر) ۱ دیووں کی خوشی ۲ کئی مصنفوں کا
نام۔ دیوانیک (مذکر) "آسمانیوں کی فوج" ۱ ایک
راجہ کا نام جو کشیم دکھوں کا بیٹا تھا ۲ گیارھویں منو کا
ایک بیٹا ۳ ایک پہاڑ۔ دیو بانی (ھ۔ مونث)
دیکھو دیوواتی۔ دیو باہو (عص) ۱ ایک قدیم رشی
۲ ہردیک کا ایک بیٹا۔ دیو بَل (مذکر) "دیوتاؤں
کی طاقت والا" ایک جرنیل کا نام۔ دیو برہمن
(مذکر) ۱ نارد ۲ دیول کا لقب۔ دیو بودھ (مذکر)
۱ ایک شاعر ۲ مہابھارت کا ایک شارح۔ دیو
بودھی (مذکر) ایک شاعر۔ دیو بھراج (عص)
"دیوتا کی طرح چمکنے والا" مہیہ کا ایک بیٹا جو وسوت
یا سورج کا بیٹا تھا۔ دیو بھدر (مذکر) ایک مصنف۔
دیو بھکتی (مونث) دیوتاؤں کی خدمت۔ دیو
بھوتی (مذکر) ۱ سنگا خاندان کا آخری راجہ ۲
(مونث) آکاسی گنگا۔ دیو پال (مذکر) ۱ کئی راجوں کا
نام ۲ ایک پہاڑ ۳ ایک مصنف۔ دیو پانی (مذکر)
اسروں کی ایک قسم۔ دیو پٹن (مذکر) ایک
شہر۔ دیو پتنی (مونث) ۱ دیوتا کی بیوی۔ دیوی
۲ شکر قند۔ دیو پتی (مذکر) ۱ دیوتاؤں کا حاکم۔
اندر کا نام ۲ بہترین دیوتا۔ دیو پربھا (مونث)
سدھ کی بیٹی۔ دیو پوجا (مذکر) دیوتاؤں کی پرستش۔
دیو پوجک (مذکر) بت پرست۔ دیو پور یا پورا

(عص) اندر کا شہر۔ دیوتا (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ دیو
تیرتھ (مذکر) ۱ ایک تیرتھ ۲ دیوتاؤں کی پرستش کا
ٹھیک وقت ۳ ہاتھ کا وہ حصہ جو دیوتاؤں کے لئے
پوتر ہو۔ انگلیوں کے سرے۔ دیودار (ہ) ایک
درخت۔ دیوداس (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔
دیوداسی (مونث) وہ لڑکیاں جو مندروں میں
چڑھادی جاتی ہیں۔ اور وہاں ناچنے کا کام کرتی ہیں۔
دیودَتّ (صفت) ۱ دیوتا کا دیا ہوا۔ خداداد ۲
(مذکر) ارجن کے سنکھ کا نام ۳ وہ ہوا جو جماہی لینے کے
وقت اندر جاتی ہے ۴ گوتم بدھ کا چچا زاد بھائی ۵ کئی
مصنفوں کا نام ۶ اروشردس کا ایک بیٹا اور اگنی ویشیہ کا
باپ۔ دیودَتّا (مونث) گوتم بدھ کی چچی۔ دیو دِتّ
(مذکر) دیودت کا ایک بیٹا۔ دیو دُوت (مذکر) دیوتاؤں کا
ایلچی۔ دیو دُوتا (مونث) دیوتاؤں کی عورت ایلچی۔ دیو
دھانی (مونث) اندر کے شہر کا نام جو مانسوتر پر کوہ
میرو کے مشرق میں واقع ہے۔ دیو دُمین (مذکر) ۱
ایک راجہ جو دیوتا جیت کا بیٹا اور پر میشتھن کا باپ
تھا۔ دیو دیو (مذکر) "دیوتاؤں کا دیوتا" ۱ برہما جی۔
ردر۔ شوجی۔ وشن جی۔ کرشن جی۔ گنیش کا نام ۲ (تثنیہ)
برہما اور شوجی ۳ (جمع) برہمن۔ دیو دیوی (مونث)
درگا جی۔ دیوراتَ (مذکر) شناشیپ کا نام جب کہ
وہ وسوامتر کے خاندان میں شامل ہوا تھا ۲ اس کی اولاد
۳ ایک راجہ جو سکیتو کا بیٹا اور نمی کی اولاد میں سے تھا
۴ ایک راجہ جو کرمبھی کا بیٹا تھا ۵ ایک اور راجہ ۶ پراکشت
۷ یاجنولکیا کا باپ ۸ ایک قسم کا باپ۔ دیوراج
(مذکر) اندر اور نہش۔ دیو راجہ (مذکر) ۱ دیوتاؤں کا
راجہ ۲ اندر کا نام ۳ ایک راجہ ۴ ایک رشی ۵ ایک
بدھ ۶ سارنگ دھر کا باپ ۷ کئی مصنفوں کا نام۔ دیو
راجن (مذکر) ایک برہمن خاندان کا راجہ۔ دیو
راجیہ (مذکر) دیوتاؤں پر حکومت۔ دیو راشٹر (مذکر)
ایک سلطنت کا نام جو دکن میں تھی۔ دیو رشی (مذکر)
(مذکر) ۱ رشی۔ آسمانی فرقے کا رشی۔ جیسے نارد۔ اتری
وغیرہ ۲ شوجی کا نام۔ دیو ساگر گنی (۱۶) ایک مصنف۔

دیوستری (مونث) دیوتا کی بیوی۔ دیو سرس (مذکر)
"دیوتاؤں کی جھیل" ایک مقام۔ دیو ستھالی (مذکر)
ایک مصنف۔ دیو ستھان (مذکر) ایک قدیم رشی۔
دیو سنہا (مذکر) شوجی۔ دیو شبد (مذکر) ۱ ایک دیوتا
۲ رعد۔ گرج۔ دیو شترو (صفت) ۱ دیوتاؤں کا دشمن
۲ (مذکر) اسر۔ راکھش۔ دیو شرما (مذکر) ۱ ایک قدیم
رشی ۲ ایک ارہست جو وجنان کایہ شاستر کا مصنف ہے
۳ جیاپڈ راجہ کشمیر کا وزیر۔ دیو شرَوَس (مذکر) ۱ ایک
بھارت ۲ یم کے ایک بیٹے کا نام جس پر رگ وید کا ایک منتر
اترا تھا ۳ شور کا بیٹا اور واسدیو کا بھائی۔ دیو گرو (مذکر)
ایک قوم اور ملک کا نام۔ دیوکری (مونث) ایک راگ۔
دیوکری (مونث) ایک راگنی کا نام جو میگھ راگ کی
بیوی شمار ہوتی ہے۔ دیو کشتر (مذکر) ایک راجہ۔
جو دیورات کا لڑکا تھا۔ دیو کشیم (مذکر) وجنان کایہ کا
مصنف۔ دیو کُل (مذکر) "دیوتا کا گھر"۔ مندر۔ دیو
کلا (مونث) چھوٹا مندر۔ دیو گاندھاری (مونث)
ایک راگنی۔ دیو گرو (مذکر) ۱ دیوتاؤں کا گرو کشیپ
یا برہسپتی کا نام ۲ کسی تصنیف کے شروع میں استعمال
ہوتا ہے۔ دیو گری (مذکر) ۱ ایک پہاڑ کا نام ۲ دولت
آباد کا پرانا نام ۳ (مونث) ایک راگنی کا نام۔ دیو گندھرو
(مذکر) ۱ دیوتا اور گندھرو ۲ آسمانی گندھرو ۳ نارد کا لقب
۴ گانے کا ایک طریقہ۔ دیو لوک گو۔ دیو لوک کو سدھارنا (سندی)
مرجانا۔ دیو مت (مذکر) ایک رشی۔ دیو مسر
(مذکر) ایک مصنف۔ دیو میدھ (مذکر) یادو خاندان
کے ایک شخص کا نام جو واسدیو کا دادا تھا ۲ نمی اور
جنک کی اولاد میں ایک راجہ۔ دیو میدھُش (مذکر)
واسدیو کا دادا۔ دیو ناتھ (مذکر) ۱ شوجی ۲ کئی مصنفوں کا
نام۔ دیوناگری (مونث) وہ رسم الخط جس میں سنسکرت
اور ہندی زبانیں عموماً لکھی جاتی ہیں۔ دیو نندن (مذکر)
۱ اندر کا ایک دربان ۲ ایک نحوی۔ دیو وانی (مونث)
۱ آسمانی آواز۔ خدائی آواز ۲ دیوتاؤں کی زبان ۳ سنسکرت
زبان۔ دیوبانی۔ دیو ورمن (مذکر) ۱ دیوتاؤں کی
زرہ ۲ ایک راجہ ۳ تومرونش کا مصنف۔ دیو یانی

(مونث) اشانس یا شکراچاریہ کی ایک بیٹی کا نام جو بیاتی کی بیوی اور یدو اور ترو سو کی ماں تھی۔ **دیویشور** (مذکر) ۱۔ دیوتاؤں کا بادشاہ ۲۔ شوجی کا نام ۳۔ شکراچاریہ کے ایک شاگرد ۴۔ ایک مصنف۔ **دیویشور پنڈت** (مذکر) ایک شاعر۔ **دیویشوری** (مونث) درگا یا دیوکی کا لقب۔ **دیویندر** (مذکر) ۱۔ دیوتاؤں کا افسر ۲۔ اندر یا شوجی کا نام ۳۔ کئی مصنفوں کا نام۔ **دیویندرشوری** (۱۲۷۰) ایک جین مصنف۔

دِیوا (ھ۔ مذکر) دیا۔ چراغ۔ **دیوا سلائی** (مونث) دیا سلائی۔

مثل۔ دیوے تلے اندھیرا۔ ہوشیار ہو ہیں غلطی کرنا۔ سوچ کے وقت چوک جانا۔

دیوا (ھ۔ مذکر) ۱۔ دیوتا (دیو سے) ۲۔ دینے والا۔ ادا کرنے والا (دنیا سے) مرکبات میں استعمال بھی ہوتا ہے جیسے پانی دیوا۔ **دیوا لیوا** (مذکر) **لیئی** (مونث) لین دین۔

دِیوار (ف۔ مونث) ۱۔ ایک مسلسل عمارت جو پتھر یا اینٹوں یا مٹی کی بنائی جاتی ہے اس کی موٹائی بمقابلہ لمبائی اور اونچائی کے بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ یہ کسی رقبے کو احاطہ کرنے یا حفاظت کے لئے یا گھر کے باہر کے حصے کے طور پر یا کمروں کے درمیان یا بعض دفعہ احاطوں یا کھیتوں کے درمیان حد فاصل کے طور پر بنائی جاتی ہے ۲۔ اوٹ۔ پردہ۔ ٹٹی ۳۔ چٹان یا پہاڑ کا سیدھا پہلو ۴۔ کسی برتن یا ظرف یا غار کا پہلو ۵۔ کوئی حد جو کسی غلا کے چاروں طرف ہو ۶۔ کوئی چیز جو دیوار کی طرح ہو جیسے تیروں کی دیوار ۷۔ ناک کا بانسا ۸۔ انگیا کی کٹوریوں کے دو ٹکڑوں میں سے بڑا ۹۔ (صفت) اندھا۔ نابینا ۱۰۔ کنایتاً حیران۔ متحیر۔ **دیوار اٹھانا** (متعدی) دیوار بنانا۔ **اٹھنا** (لازم) ۱۔ دیوار بننا یا تعمیر ہونا ۲۔ حجاب ہونا ۳۔ جدائی ہونا۔ **دیوار بازو** (مونث) پہلو کی دیوار۔ **دیوار بلند** (مونث) ۱۔ اونچی ۲۔ (صفت) امیر۔ دولتمند۔ **دیوار بنا دینا یا بنانا** (متعدی) دیوار تعمیر کرنا۔ **دیوار بن جانا یا بننا** (لازم) ۱۔ دیوار تعمیر ہونا ۲۔ حیران رہ جانا ۳۔ بے حس و حرکت ہو جانا۔ **دیوار بند** (مونث) وہ مکان جس کے چاروں طرف دیوارِ احاطہ ہو۔ **دیوار بہ دیوار** (صفت) دیوار سے دیوار ملی ہوئی۔ متصل۔ **دیوار بیٹھ جانا** (مذکر) دیوار کا گر پڑنا یا دھنس جانا۔ **دیوار بیچ** (صفت) اس مکان کی نسبت کہتے ہیں جس کے اور دوسرے مکان کے درمیان دیوار حد فاصل ہو۔ مکان۔ **دیوار بینی** (مونث) ناک کا بانسا۔ **دیوار پردہ** (مونث) وہ دیوار جو بطور پردہ بنائی جائے۔ **دیوار پھاندنا** (متعدی) ۱۔ دیوار پر سے کود کر نکل جانا ۲۔ بدچلن ہو جانا۔ **دیوار پھٹ جانا** (لازم) دیوار میں درز پڑ جانا۔ **دیوار توڑنا** (متعدی) دیوار میں سوراخ کرنا۔ **دیوار چننا** (لازم) دیوار بننا۔ **دیوار چین** (مونث) ایک دیوار جو شہنشاہ چین شہ ہونگٹی نے منگولیا اور چین کے درمیان مغلوں کے حملوں سے بچنے کے لئے ۲۱۴ ق م میں بنائی تھی یہ سمندر کے پاس سے شروع ہو کر ۱۵۰۰ میل تک وادیوں اور پہاڑوں پر سے ہوتی ہوئی غرب کی طرف چلی گئی ہے بیس فٹ اونچی ہے اور چوٹی پر ۱۵ فٹ سے ۲۵ فٹ تک چوڑی ہے ہر سو فٹ پر برج بنا ہے۔ **دیوارِ حصار** (مذکر) قلعہ کی دیوار۔ **دیوار درمیان** (مونث) دیکھو دیوار بیچ۔ **دیوار شق ہو جانا** (لازم) دیوار میں درز آجانا۔ **دیوار قہقہہ** (مونث) ۱۔ دیکھو قہقہہ ۲۔ دیوار چین ۳۔ بہت اونچی دیوار ۴۔ بہت ہنسی۔ **دیوار قہقہہ لگانا** (متعدی) بہت ہنسنا۔ بے حد ہنسنا۔ **دیوار کھڑی کرنا** (متعدی) **ہو جانا** (لازم) ۱۔ دیوار بن جانا ۲۔ آڑ ہو جانا۔ پردہ بن جانا۔ **دیوار کھل جانا** (لازم) خود بخود دیوار میں شگاف ہو جانا۔ **دیوار کھنچنا** (متعدی) **کھنچنا** (لازم) ۱۔ دیوار بنانا کسی جگہ یا کسی کے درمیان ۲۔ آڑ بنانا۔ پردہ حائل کرنا۔ **دیوار کی چوٹی** (مونث) دیوار کا اوپر کا حصہ۔ **دیوار گیر** (صفت) دیوار میں لگانے والا۔ **دیوار گیر لیمپ** (مذکر) وہ انگریزی وضع کا چراغ جو دیوار میں لگایا جائے۔ **دیوار گیری** (مونث) ۱۔ وہ کپڑا جو دیواروں میں خوبصورتی کے واسطے لگاتے ہیں ۲۔ دیوار میں لگانے کا لیمپ۔ **دیوار مسک جانا** (لازم) دیوار پھٹ جانا۔ **دیوار میں چنا جانا** (لازم) **چُن دینا** (متعدی) **چنوا دینا** (مم) اگلے زمانے کی ایک سزا۔ ملزم کو کھڑا کر کے چاروں طرف دیوار بنوا دینا۔ **در و دیوار سے (حسرت وغیرہ) برسنا** (لازم) حسرت وغیرہ کا ہر طرف سے ظاہر ہونا۔ **دیواروں سے لڑنا** (لازم) خود بخود بکنے جانا۔ **دیواریں چاٹنا** (متعدی) بمشکل گزارہ کرنا۔ دن کاٹنا۔

امثال و اقوال۔ دیوار کھائی آلوں نے گھر کھایا سالوں نے۔ ان سالوں پر طنز ہے جو بہنوئی کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ دیوار طاقچوں کی وجہ سے کمزور ہو جاتی ہے۔ اور گھر سالوں کی وجہ سے تباہ ہو جاتا ہے۔ **دیوار بھی کان رکھتی ہے۔ دیوار کے (بھی) کان (ہوتے) ہیں دیوار ہم گوش دارد۔** اردو مثل فارسی کا ترجمہ ہے۔ راز کی بات بہت احتیاط سے اور بہت آہستگی سے کہنی چاہئے۔ ممکن ہے دیوار کے پیچھے کوئی کان لگا کر بات سن رہا ہو۔

دیوارا (ھ۔ مذکر) دیوار۔

دیواری (ھ۔ مونث) ۱۔ دیوار ۲۔ دیوالی ۳۔ اردو میں چار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دیواس (ہند) ۱۔ مالوہ میں دو ریاستیں جو ایک ہی خاندان کے دو راجوں کے ماتحت ہیں۔ ایک کا رقبہ ۴۴۹ (۸۳) دوسری کا رقبہ ۴۱۹ (۷۰) ۲۔ ساجد ہانی (۱۵)۔

دیوال (ف۔ مونث) دیوار۔ **دیوالگیر** (مذکر) دیوار گیر۔

مثل۔ دیوال رہے گی تو لیو بہتیرے چڑھ جائیں گے۔ زندگی ہے تو سب کچھ ہے۔

دِیوالی (ھ۔ مونث) دیکھو دوالی۔

امثال واقوال۔ دیوالی
برس میں ایک دن۔ خوشی کا موقعہ کبھی کبھی ہوتا ہے۔
دیوالی جیت سال بھر جیت۔ ہندوؤں میں
خیال ہے کہ اگر دیوالی میں جوئے میں جیتیں تو سال بھر
ہر کام میں کامیابی ہوتی ہے۔ **دیوالی کے بتاسے**
دیوالی میں ہندو بتاسے بانٹتے ہیں اس شخص کے متعلق کہتے
ہیں جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو۔ **دیوالی کے دیوے**
چاٹ کر جائیں گے۔ ستیاناس کر کے چھوڑیں گے۔
دیوالی کی رات کو بوٹی بوٹی پکارتی ہے ہندوؤں
میں خیال ہے کہ دیوالی کی رات کو پودے بھی بولتے ہیں۔
دیوالی کی کلھیا (مونث) اس شخص کے متعلق کہتے
ہیں جو دیکھنے میں تو اچھا ہو۔ مگر نکما ہو۔ دیوالی میں کلھیوں
پر بہت خوبصورت رنگ کرتے ہیں۔ **دیوالی کی**
ہار سال بھر ہار رکھتی ہے۔ بدآغاز کا بد
انجام ہوتا ہے۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ جو دیوالی پر
ہار جائے وہ سال بھر نقصان اٹھاتا رہتا ہے۔

دیوالیہ (ہ۔ صفت) دیکھو دوالیہ
مثل۔ دیوالئے کی ساکھ
پتال ہیں۔ دیوالئے پر کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

دیوان (ف۔ مذکر) ۱۔ شاہی دربار
۲۔ شاہی عدالت ۳۔ عدالت۔ کچہری ۴۔ مقام دربار۔
مقام اجلاس ۵۔ بادشاہوں کی نشستگاہ ۶۔ جلسہ۔ سکھوں کا
جلسہ ۷۔ غزلوں کی کتاب ۸۔ وزیر۔ وزیر مال۔ محکمہ
مال کا بڑا افسر ۹۔ حساب کی کتاب۔ بہی ۱۰۔ تنخواہ کا رجسٹر
ملازموں کے ناموں کا رجسٹر۔ **دیوان اعلےٰ** (مذکر)
وزیر اعظم۔ **دیوان بیگی** (مذکر) ایک شاہی افسر۔
دیوان جزا (مذکر) قیامت کا دربار۔ **دیوانجی**
(ت۔ مذکر) وزیر اعظم۔ **دیوان خاص** (مذکر)
۱۔ خاص لوگوں کا دربار۔ امرا اور زرا کا دربار یا اجلاس
۲۔ وہ عمارت جہاں ایسا اجلاس ہوتا ہو۔ **دیوان**
خالصہ (مذکر) وہ شخص جس کے پاس سلطانی مہر ہے۔
معتمد الدولہ۔ **دیوان خانہ** (مذکر) ۱۔ بیٹھک۔ ملاقات
کا کمرہ ۲۔ امیروں کے بیٹھنے کا کمرہ ۳۔ اہل دفتر کے بیٹھنے کا
مقام۔ **دیوان عام** (مذکر) دربار عام۔ وہ دربار
جس میں عوام حصہ لیں۔ ہاؤس آف کامنز۔ **دیوان**
عرض لشکر (مذکر) وہ دربار جو سپاہیوں کی عرضیاں
سننے کے لئے منعقد کیا جائے۔ **دیوان قیامت**
(مذکر) دیوان حشر۔ **دیوان کدہ** (مذکر) دیوان
لگنے کی جگہ۔ **دیوان کہنا** (متعدی) دیوان تصنیف
کرنا۔ **دیوان محشر** (مذکر) قیامت کا دربار جو حساب
کتاب جزا سزا کے لئے قائم ہوگا۔ **دیوان مظالم**
(مذکر) ایک دربار جو شاہی زمانے میں حکام کے برخلاف
شکایات سننے کے لئے منعقد ہوتا تھا۔ **دیوان ہمایوں**
(مذکر) شاہی دربار۔ **دیوانی** (مونث) وہ عدالت
جس میں روپے اور جائداد کے مقدمات فیصل ہوتے
ہوں۔
مثل۔ دیوانی آدمی کو دیوانہ
کر دیتی ہے۔ دیوانی مقدمات پر بہت روپیہ
اور وقت خرچ ہوتا ہے۔

دیوان (ف۔ مذکر) دیوانہ کا مخفف
علیحدہ استعمال نہیں ہوتا۔ **دیوان پن** (مذکر)
۱۔ دیوانہ پن۔ جنون۔ سودا۔ وحشت ۲۔ نادانی۔ بیوقوفی۔
دیوانگی (مونث) دیکھو آخری **دیوانہ** (صفت)
۱۔ پاگل۔ سودائی۔ سڑی۔ مجنون ۲۔ وارفتہ۔ عاشق۔
دیوانہ بنا دینا یا بنانا (متعدی) ۱۔ پاگل کر دینا۔
پریشان کرنا ۲۔ عاشق بنا لینا۔ مفتون کرنا۔ **دیوانہ**
بن جانا یا بننا (لازم) ۱۔ جان بوجھ کر اپنے آپ کو
پاگل ظاہر کرنا ۲۔ عاشق ہو جانا۔ **دیوانہ پن** (مذکر)
دیکھو دیوان پن۔ **دیوانا کر دینا یا کرنا** (متعدی)
دیوانہ بنانا۔ **دیوانہ ہوا ہے۔** پاگل ہوا ہے عقل ماری
گئی ہے۔ کوئی بیوقوفی کی بات یا برا فعل کرے تو کہتے
ہیں۔ **دیوانہ ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیوانہ بنانا کا۔
دیوانی (مونث صفت) ۱۔ باؤلی۔ پگلی۔ سڑن ۲۔
عاشق عورت۔ **دیوانی باتیں کرنا** (متعدی) اول
جلول بکنا۔ **دیوانی ہانڈی** (مونث) وہ ہانڈی
جس میں مختلف ترکاریاں ملا کر پکائیں۔ **دیوانے ہو**
جب کوئی شخص فضول یا خلاف عقل بات کہے تو کہتے ہیں۔
امثال واقوال۔ دیوانوں کے
سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں۔ دیوانے بھی دوسرے
لوگوں کی طرح ہوتے ہیں۔ **دیوانہ باش تا غم تو**
دیگراں خورند۔ بے فکرے کے متعلق کہتے ہیں۔ جو
دوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہتا ہے۔ **دیوانہ بکار**
خود ہشیار۔ دیوانہ اپنے کام کے لئے بہت ہوشیار
ہوتا ہے۔ **دیوانہ را ہوئے بس است**
دیوانے کو چھیڑنے کے لئے صرف ہو کہدینا کافی ہے
وہ بکواس شروع کر دے گا۔ **دیوانہ ہے لیکن**
بات کہتا ہے ٹھکانے کی۔ ہے تو بیوقوف
مگر بات مطلب یا پتے کی کہتا ہے۔ **دیوانی بیوی**
خالی گھر ۱۔ جو دل میں آئے سو کرو ناچو کودو ۲۔ خالی
گھر میں بیوی خوامخواہ دیوانی ہو جاتی ہے ۳۔ بیوی دیوانی
ہو تو گھر خالی ہو جاتا ہے کچھ نہیں رہتا۔ **دیوانے**
سے آنکھ نہ ملائیے۔ دیوانے سے الگ رہنا ہی
بہتر ہے۔ **دیوانے کو بات بتائی اسنے لے**
چھپّر چڑھائی۔ کسی بیوقوف یا پیٹ کے
ہلکے سے راز کی بات کہو تو وہ اسے چھپا نہیں سکتا۔
مشہور کر دیتا ہے۔ **دیوانے کے ہاتھ میں چھری**
نہایت خطرناک بات۔

دیوانا (دو۔ متعدی) دلانا۔

دیوانجی بیگم (۱۰) ممتاز محل کی ماں
اور آصف خاں وزیر کی بیٹی تھی۔ روضہ تاج محل کے
قریب اسکا بھی سنگ مرمر کا روضہ ہے۔

دیوانہ (۔۱۷۹۱) رائے سرب سنگھ
اردو شاعر اور جرات کا استاد تھا۔ ایک دیوان اردو اور
چار دیوان فارسی کے لکھے۔

دیوانیہ (ایشیا) عراق میں ایک شہر
جو دریائے فراط پر ہے۔ یہاں چھاؤنی ہے۔

دیوبند (ہند) ۱۔ ضلع سہارنپور میں
ایک تحصیل رقبہ ۳۸۷ (۲۰۶) ۲۔ ایک قصبہ (۲۱)۔

دیوپور (ہند) ضلع راج شاہی میں ایک قصبہ

دیوتا (س) **دیوتا** (ہ - مذکر) ۱ ایک ہستی جس کے متعلق یہ خیال ہے کہ اس میں خرق عادت طاقتیں ہوتی ہیں - خدا - فرشتہ - صنم ۲ کوئی چیز یا جانور جسے مقدس تصور کریں جیسے سانپ - گرڈ ۳ (صفت) بزرگ - مقدس ۴ بھولا بھالا - سادہ لوح ۵ (طنزاً) مکار شریر - **دیوتا جت** (مذکر) بھرت کا پوتا اور سومتی کا بیٹا -

مثل - دیوتا بھی باسنا کے بھوکے ہیں - ہر جگہ دینے سے کام نکلتا ہے -

دیوٹ (ہ) **دیوٹ** (مذکر) **دیوٹ** (ہ - مذکر) ۱ چراغ دان - شمعدان ۲ (صفت) کالا کلوٹا - کالا آدمی) **دیوٹی** (ہ - مونث) چراغ لمپ - دیا -

دیوث (ع - مذکر) ۱ وہ شخص جسکی عورت زانیہ ہو اور وہ چشم پوشی کرے - جورو کا بھڑوا - قرمساق ۲ بے حمیت - بے غیرت آدمی -

دیوجانس کلبی (۴۱۲ - ۳۲۳) ایک یونانی فلسفہ داں - یہ ایک ٹب میں رہتا تھا - سکندر اس سے ملنے گیا - تو اسنے اس کی طرف توجہ بھی نہ کی - اسنے اس سے کہا کہ کچھ مانگ تو اسنے کہا کہ دھوپ چھوڑ کر کھڑا ہو - اس وقت سکندر نے کہا اگر وہ سکندر نہ ہوتا تو دیوجانس کلبی ہوتا -

دیودر (ہند) ۱ صوبہ بمبئی میں ایک ریاست رقبہ ۸۸ ۲ راجدھانی -

دیور (ہ - مذکر) خاوند کا چھوٹا بھائی -

دیورانی (مونث) خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی -

دیورا (ہ - صفت) بایاں -

دیوراکوٹ (ہند) ضلع فیض آباد میں ایک قصبہ -

دیوری (ہند) ۱ ضلع ساگر میں ایک قصبہ ۲ ضلع ہزاری باغ میں ایک قصبہ -

دیوریہ (ہند) ۱ ضلع گورکھپور میں ایک تحصیل رقبہ ۵۸۷ (۱۵۱۸) ۲ ایک قصبہ -

دیوڑی (ہ - مونث) چڑانے کے لئے انگلی خم کر کے ہلانا - دیوڑی دیوڑی کرتا ہے چڑاتا ہے کھجاتا ہے -

دیوک (ف - مونث) ۱ دیمک ۲ کیڑا جو فصلوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے -

دیوک (س - صفت) ۱ دیوتا کے مانند ۲ آسمانی - خدائی ۳ (مذکر) دیوتا ۴ ایک آدمی کا نام جس کا ذکر رگ وید میں آتا ہے ۵ ایک گندھرو راجہ جو اہک کا بیٹا اور دیوکی کا باپ تھا ۶ یدھشٹر اور پوروی کا ایک بیٹا - **دیوکا** (مونث) ۱ دیویوں کی ایک جماعت جو کمتر درجے کی ہیں ۲ بھینٹ جو ان دیویوں کو دی جائے ۳ یدھشٹر کی بیوی اور یودھیا کی ماں - **دیوکی** (مونث) دیوک کی بیٹی - وسدیو کی بیوی اور کرشن جی کی ماں -

دیوگاؤں (ہند) ۱ ضلع اعظم گڑھ میں ایک تحصیل رقبہ ۳۸۹ (۲۶۵) ۲ ایک قصبہ ۳ ضلع بالا گھاٹ میں ایک قصبہ -

دیوگڑھ (ہند) ضلع رتنا گڑھی میں ایک بندرگاہ -

دیوگڑھ (ہند) ۱ ضلع سنتال پرگنہ صوبہ بہار کا ایک شہر (۱۲) ۲ ضلع رتنا گری میں ایک قصبہ ۳ ریاست اودے پور میں ایک قصبہ (۸) ۴ ریاست بامرا کی راجدھانی -

دیول (ہ - مذکر) چھوٹا مندر - کسی بت کا مندر -

دیولا (ہ - مذکر) چھوٹا چراغ - **دیولی** (مونث) ۱ چھوٹا چراغ ۲ آنکھ کا گڑھا -

دیول دیوی (۱۳۱۲) راجہ کرن کی بیٹی کنولا دیوی کے بطن سے تھی - گرفتار ہو کر علاء الدین خلجی کے پاس آئی اور شاہزادہ خضر خاں سے اس کی شادی ہوئی - اس کے قتل پر مبارک شاہ کے محل میں داخل ہوئی اور اس کے قتل پر ملک خسرو نے اسے اپنے محل میں داخل کیا -

دیول گاؤں راجہ (ہند) ضلع بلدانہ میں ایک قصبہ (۷) -

دیولی (ہند) ۱ علاقہ اجمیر میں ایک چھاؤنی ۲ ضلع وردھا میں ایک قصبہ -

دیولی (ہ - مذکر) ۱ چھوٹا چراغ ۲ چیچک کے دانوں کا کھرنڈ -

دیونارائن سنگھ (- ۱۸۷۰) راجہ بنارس کا ایک راجہ تھا -

دیونتھل (ہند) پنجاب میں ایک ہندو پہاڑی ریاست -

دیون ہلی (ہند) ضلع بنگلور میں ایک قصبہ (۷) -

دیوہ (ہند) ضلع ایلچپور میں ایک قصبہ -

دیوہا (ہند) ضلع پیلی بھیت میں ایک نالہ جو رام گنگا کا معاون ہے -

دیوی (ہ - صفت) ۱ آسمانی - فلکی - خدائی ۲ عجیب - بے نظیر ۳ (مونث) آفت ناگہانی - نہ رکنے والا حادثہ ۴ (تف) اتفاقاً ۵ آخر کار -

دیوی گتی (مونث) دیکھو دیوا گتی -

دیوی (ہ - مونث) ۱ دیوتا کی بیوی ۲ دیوتا کی مونث ۳ درگا جی - بھوانی ۴ ساوتری - برہما جی کی بیوی ۵ چار بدھ دیویاں - روچنی - ماکی - پاندرا اور تارا ۶ ایک پری جس سے سریا کو محبت تھی ۷ ایک اپسرا ۸ ملکہ ۹ (ہ) نیک عورت (ہند) عورت ۱۰ کئی پودوں کا نام - **دیوی داس** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام - **دیوی دت** (مذکر) رام سیوک کا باپ اور کرشن متر کا دادا تھا -

دیوی پٹنم (ہند) ضلع مدورا میں ایک بندرگاہ اور بڑا بھاری تیرتھ (۴) -

دیہ (ف - مذکر) دیکھو دہ - **دیہی** (صفت) دہ کا - دہ کے متعلق - دہ کا رہنے والا - **دیہات** (مذکر) دیہ کی جمع - گاؤں - قریے - **دیہاتی** (صفت) دیہات کا رہنے والا -

دیہی (ہ - صفت) ۱ بدن کا - بدن کے متعلق ۲ بدن والا - جسمانی ۳ (مذکر) جانور ۴ انسان ۵ (مونث) جسم -

دیہیگام (ہند) ریاست بڑودہ میں ایک قصبہ (۶) -

دہیم (ف - مذکر) شاہی تاج -

ڈ

ڈ (ہ۔ مذکر) تلفظ ڈال۔ ۱ اردو زبان کا بارھواں حرف ۲ دیوناگری کا تیرھواں وینجن اور تیسرا ٹورگ حرف ہے ۳ یہ عربی اور فارسی میں نہیں ہے اور معرب یا مفرس بناتے ہوئے دت یا دیگر حروف سے بدل جاتا ہے ۴ اس کو دال ہندی بھی کہتے ہیں ۵ ابجد میں دال شمار ہوتا ہے اور اس کے چار عدد فرض کئے جاتے ہیں ۶ آخر کلمات ہندی میں مصدریت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے ٹھنڈ۔

ڈکار۔ (ھ۔ مذکر) حرف یا آواز ڈ۔

ڈاب (ہ۔ مؤنث) ۱ کُسا گھاس جو ہندو بھینٹ کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔ ۲ ایک قسم کی گھاس جس کا بان بٹا جاتا ہے ۳ کچا ناریل ۴ پرتلا جس میں تلوار لٹکاتے ہیں (س ڈبر۔ چھوٹا)

ڈابر (ہ۔ مؤنث) ۱ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہو جاتا ہے ۲ چھوٹا تالاب۔ گڑھا ۳ دلدل ۴ چلچی ۵ پانی کا برتن (س ڈپ۔ جمع ہونا)

ڈابر نینی (صفت) وہ جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے رہیں۔

مثل۔ ڈابر ڈوبے جگ ترے جگ ڈوبے ڈابر ترے۔ جب بہت بارش ہو تو ہر جگہ اچھی فصلیں ہوتی ہیں۔ لیکن نشیب زمین میں کچھ نہیں رہتا۔ لیکن خشک سالی میں نشیب زمینوں میں اچھی فصل ہوتی ہے۔

ڈابسن (۱۸۴۰ - ۱۹۲۱) انگریز شاعر۔ اس نے بہت سی نظموں کی کتابیں اور سوانح عمریاں لکھی ہیں۔

ڈابک (ہ۔ مذکر) ۱ تازہ پانی کنوئیں کا ۲ (ھ) ڈر۔ خوف۔

ڈاھب (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو ڈاب ملا تا ہے ۳ جنگل۔ اس معنی میں سن داؤ کا بگڑا ہوا۔

ڈابی (ہ۔ مؤنث) فصل کا دسواں حصہ جو فصل کاٹنے والوں کو دیا جاتا ہے۔

ڈاٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ کاگ۔ کارک ۲ وہ چیز از قسم کاغذ یا کپڑا جو بندوق کے منہ میں ٹھوس دیتے ہیں تاکہ بارود نہ گرے ۳ محراب کے بیچ کا پتھر ۴ محراب ۵ ڈانٹ۔ گھُرکی ۶ روک۔ ممانعت ۷ (امر) ڈاٹنا کا۔ **ڈاٹ کسنا** (متعدی) کاگ لگانا۔ **ڈاٹ لگانا** (متعدی) ۱ کاگ لگانا ۲ روکنا۔ بند کرنا ۳ محراب بنانا۔ **ڈاٹنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۱ و ۲ ۲ ٹھونسا ۳ زیب بدن کرنا ۴ گھُرکنا ۵ بھرنا ۶ درست کرنا۔ سزا دینا ۷ گھوڑے کو روکنا۔ گھوڑے کی لگام کھینچنا۔

ڈاڈا (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈانڈا۔

ڈاڈھا (ھ۔ صفت) ۱ جلا ہوا ۲ (مذکر) آگ (س۔ دمبھ۔ جلنا)

ڈار (ہ مؤنث) قطار۔ جانوروں کا جھنڈ۔ پرندوں کا پرا۔ **ڈار کی ڈار** (مؤنث) کل قطار کل جھنڈ یا گلہ۔

ڈاربی (۔۔۔ ۱۷۳۰) اور جون۔ انگریز میاں بیوی تھے ان میں اس قدر محبت تھی۔ کہ اس پر ہنری وڈفال نے ایک مشہور عام گیت لکھا

ڈارٹ۔ ڈارڈرکٹ (ہالینڈ) ایک صنعتی شہر (۵۵)

ڈارٹمور (انگلستان) ایک مرتفع علاقہ ڈیوان شائر میں۔ یہاں ایک مشہور قید خانہ ہے۔

ڈارڈلس (یو۔ عص) زنٹس دیتا اور الکٹرا کا لڑکا۔ اہل ٹرائے کا جد اعلےٰ۔

ڈارڈنلز (یورپ) ۱ ایک آبنائے جو بحیرہ مارمورا اور بحیرہ ایجین کو ملاتی ہے ۲ ایک شہر جزیرہ نما گیلی پولی میں (۱۹) ساحل ایشیا پر ۱ سے ترکی میں چناک کہتے ہیں۔

ڈارسٹ شائر (انگلستان) ایک کونٹی رقبہ ۹۸۷ (۲۳۹)

ڈارسول (۱۷۲۳-۱۸۰۰) جین - فرانسیسی کیمیا دان و طبیب۔ اس نے مٹی کے اجزا اور ہیرے کا جلنا دریافت کیا۔ اور ایک مرکب دھات ایجاد کی۔

ڈارلنگ (انگ۔ صفت) پیارا۔ پیاری۔

ڈارلنگ (آسٹریلیا) ایک دریا جو ۱۷۰۰ میل لمبا ہے۔

ڈارلنگٹن (انگلستان) کونٹی ڈرہم کا ایک شہر جہاں لوہے کی اشیا بنتی ہیں۔ پہلی ریلوے یہاں سے شروع ہوئی تھی (۷۲)

ڈاروِن (۱۸۰۹ - ۱۸۸۲) انگریز عالم طبعیات۔ سیاح اور فلسفہ دان۔ اس نے یہ اصول قرار دیا تھا کہ ہر ایک ذی اعضا چیز قدرتی انتخاب سے پیدا ہوتی ہے۔

ڈارم (ھ۔ مذکر) انار کا درخت یا پھل۔

ڈارمشٹاٹ (جرمنی) ایک شہر (۹۰) یہاں بہت سے کارخانے ہیں۔

ڈارنا (ھ۔ متعدی) ڈالنا۔

ڈاری (ھ مؤنث) ڈالی۔

ڈاڑم (ھ مذکر) دیکھو ڈارم۔

ڈاڑھ (ہ۔ مؤنث) پچھلا دانت کھانے کا دانت (س ونشترا) **ڈاڑھا** (مذکر) ۱ لمبی اور بھاری ڈاڑھی ۲ اینٹوں کے لبے جو آئندہ بننے والی دیوار کے وصل ہونے کے لئے کشادہ رکھے گئے ہوں ۳ (ھ) بڑا دانت۔ باہر نکلا ہوا دانت ۴ کثرت۔ افراط۔ بہت سی تعداد۔ **ڈاڑھ جھڑ گرہ یا نکل جانا** (لازم) ڈاڑھ کا جڑ سے اُکھڑ جانا۔ **ڈاڑھ گرم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ کچھ کھانا ۲ رشوت ملنا۔ **ڈاڑھ نہ لگنا** (لازم) بغیر چبائے نگلا جانا۔ **ڈاڑھی** (مؤنث) رخسار...

اور ٹھوڑی کے بال ۲ بھٹے کے ریشے ۳ برگد کے ریشے ۴ بکرے کی ٹھوڑی کے بال- **داڑھی بڑھانا** (متعدی) داڑھی کو لمبا کرنا یا بڑھنے دینا- **داڑھی بنانا** (متعدی) داڑھی مونڈنا- **داڑھی بنوانا** (مم) شیو بنوانا- داڑھی منڈوانا- **داڑھی پر ہاتھ پھیرنا** (متعدی) ۱ معمولی معنوں میں لمبی داڑھی والے کو عادت ہو جاتی ہے ۲ تیار ہو جانا- مستعد ہو جانا ۳ فخر سے کوئی بات کہتے وقت ایسا کرتے ہیں- **داڑھی پھٹکارنا** (متعدی) داڑھی کو ہاتھوں سے جھٹکنا- **داڑھی پیٹ میں ہونا** (لازم) دیکھو پیٹ میں داڑھی ہونا- **داڑھی پیشاب سے منڈوانا** (متعدی) کنایہ ہے ذلیل اور قائل کرنے سے- **داڑھی چڑھانا** (متعدی) داڑھی کے دونوں طرف کے بالوں کو کنگھی سے اونچا کرنا- **داڑھی چھوڑنا** (متعدی) داڑھی بڑھانا- **داڑھی خصی کرانا** (مم) داڑھی منڈوانا- **داڑھی دھوپ میں سفید کرنا** (متعدی) ناتجربہ کار یا کم عقل ہونا- **داڑھی رکھنا** (متعدی) داڑھی نہ منڈوانا- **داڑھی رنگنا** (متعدی) داڑھی سیاہ یا سرخ کرنا مہندی یا خضاب سے- **داڑھی سفید ہونا** (لازم) بڑھاپا آنا- سیاہ بال داڑھی کے سفید ہو جانا- **داڑھی کا ایک ایک بال کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) داڑھی بجنا ۲ بے عزت ہونا- **داڑھی کا بال ایک ایک ہو گیا**- کھل گیا- خوش ہو گیا- **داڑھی کتروانا** (مم) کترنا (لازم) داڑھی کے بالوں کو قینچی سے کاٹ کر چھوٹا کرنا- **داڑھی کھونا** (ھ) داڑھی منڈوانا چھوڑ دینا- **داڑھی منڈا** (صفت) وہ جس کی داڑھی منڈی ہوئی ہو- **داڑھی منڈنا** (لازم) منڈانا- منڈوانا (مم) مونڈنا (متعدی) داڑھی کو استرے سے صاف کرنا- **داڑھیں** (مؤنث) داڑھ کی جمع- **داڑھیں مار کر رونا**، مارنا (متعدی) بلندی آواز سے رونا- مقولہ- **داڑھی خدا کا نور** ہے- داڑھی کی تعریف میں کہتے ہیں-

ڈاس (۱۶۴۷-۱۷۰۸) ناروے کی شاعری کا بانی- سکاٹ لینڈ کا باشندہ تھا- لوتھر فرقے کا پادری ہو گیا- کئی کتابیں نظم کی لکھی ہیں-

ڈاسن (ھ- مذکر) بچھونا- بستره- **ڈاسنا** (متعدی) بستره بچھانا (س دھون- ڈھانپنا)

ڈاک (ہ- مؤنث) ۱ چھٹیوں کا تھیلا ۲ چھٹی کا بکس ۳ پوسٹ آفس ۴ خط وغیرہ جو ڈاک خانے کے ذریعے تقسیم ہوں ۵ گاڑی جس میں چھٹیاں جائیں ۶ چوکی- گھوڑوں یا لکی برداروں وغیرہ کا انتظام ۷ وہ لوگ یا گھوڑے وغیرہ جو سڑک پر سواریوں وغیرہ کو لے جانے کے لئے رکھے جائیں ۸ لگاتار آمد و رفت کا سلسلہ ۹ آدمیوں کی علی اتصال آمد و رفت جو کسی کی خبر لانے یا لے جانے کے واسطے ہو (س ورا- ادھر ادھر دوڑنا) ۱۰ قے- جو پیہم آتی ہو ۱۱ (ھ) آواز دینا ۱۲ نیلام کی بولی دینا (س- وَم- قے کرنا- نکالنا) ۱۳ (ھ) چاندی یا سونے کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے یا ہیرے کے نیچے جڑنے سے پہلے رکھ دیں تاکہ چمک زیادہ ہو ۱۴ رنگدار چیز جو شیشے کے ٹکڑے کے نیچے رکھ دیں تاکہ قیمتی پتھر معلوم ہو (س- دَہ- جلنا) ۱۵ (ھ) جادوگر- ساحر ۱۶ ڈاکنی کا خاوند- **ڈاک آجانا یا آنا** (لازم) ۱ چھٹیاں آنا ۲ کسی چیز کا مسلسل آنا- **ڈاک بٹھانا** (متعدی) ۱ قاصد پر قاصد روانہ کرنا ۲ چوکی بٹھانا ۳ تقاضے پر تقاضا بھیجنا- **ڈاک بند کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم) ۱ ڈاک کا تھیلا بند ہونا ۲ خطوط یا خبریں پہنچانے کا سلسلہ درہم برہم ہو جانا ۳ چوکی اٹھ جانا- **ڈاک بنگلا** (مذکر) انگریزی نمونے کا مسافر خانہ جس میں کرایہ لیا جائے اور کھانا مہیا کرنے کے لئے خانساماں ہو- **ڈاک بہنگی** (ھ) پارسلوں کی ڈاک- **ڈاک بولنا** (متعدی) نیلام کی بولی دینا- **ڈاک بھیجنا** (متعدی) ڈاک دوسری جگہ روانہ کرنا- **ڈاک بیٹھنا** (لازم) گھوڑے یا آدمیوں کی چوکی کسی کو بعجلت لے جانے کے لئے مقرر ہونا- **ڈاک پیادہ** (مذکر) ڈاکیہ- پوسٹمین **ڈاک (چلا) جانا** (لازم) ڈاک کا روانہ ہونا- **ڈاک چوکی** ۱ (مؤنث) وہ جگہ جہاں گھوڑا یا ہرکارہ بدلے- **ڈاکخانہ** (مذکر) پوسٹ آفس- وہ مکان جہاں چھٹیوں کی آمد و رفت کا انتظام کیا جائے- **ڈاک کا تھیلا** (مذکر) وہ تھیلا جس میں چھٹیاں بند کر کے بھیجی جائیں- **ڈاک کا خرچ** (مذکر) وہ خرچ جو ڈاک میں خط یا کوئی چیز بھیجنے کی وجہ سے برداشت کرنا پڑے- **ڈاک کا گھوڑا** (مذکر) ۱ وہ گھوڑا جو ڈاک لے جانے کے لئے استعمال ہو ۲ وہ گھوڑا جو بہت دوڑنے کی وجہ سے بیکار ہو گیا ہو ۳ تیز چلنے والا آدمی- **ڈاک گاڑی** (مؤنث) ۱ وہ گھوڑا گاڑی جس میں ڈاک لے جائیں ۲ وہ گھوڑا گاڑی جس میں گھوڑوں کی ڈاک لگا کر سفر کریں ۳ وہ ریل گاڑی جس میں چھٹیاں جائیں اور جو بہت تیز جاتی ہے- میل ٹرین- **ڈاک گھر** (مذکر) ڈاک خانہ- **ڈاک لگانا** (متعدی) ڈاک بٹھانا- **ڈاک لگنا** (لازم) ۱ دیکھو ڈاک بیٹھنا ۲ متواتر قے ہونا ۳ بار بار پیاس معلوم ہونا- **ڈاک لوٹنا** (متعدی) چوروں کا ڈاک چھین لینا- **ڈاک میں چھٹی پڑنا** (لازم)، ڈالنا، یا ڈالنا (متعدی)، لگانا (مت) ۱ چھٹی کو ڈاک کے بکس میں ڈالنا ۲ **ڈاک میں سفر کرنا یا سوار ہونا** (متعدی) میل ٹرین میں سوار ہو کر کہیں جانا- **ڈاکنا** (متعدی) ۱ قے کرنا ۲ (ھ) آواز دینا- ڈکارنا- **ڈاک والا** (مذکر) ڈاکیہ- ہرکارہ- **ڈاک وڈاک** (ھ) ڈاک کی طرح- بہت جلدی- بغیر ٹھیرنے کے- **ڈاکی** (ھ) بہت کھانے والا- پیٹو- **ڈاکیا** (مذکر) ۱ وہ شخص جو ڈاک تقسیم

کرے - چھٹی رساں - پوسٹ مین ۲ (ھ) ڈاکو -
ڈاکا (ہ - مذکر) ۱ ڈاکوؤں کا
حملہ - ڈکیتی ۲ وہ لوگ جو ایسا حملہ کریں - **ڈاکا پڑنا**
(لازم) **ڈالنا یا مارنا** (متعدی) لوٹنا - غارتگری -
ڈاکا زنی (مؤنث) لوٹ - غارت گری -
ڈاکٹر (انگ - مذکر) ۱
انگریزی علم طب کا ماہر ۲ حکیم - طبیب وید ۳ عالم -
فاضل - وہ شخص جو کسی علم میں سب سے بڑی ڈگری
حاصل کرے - **ڈاکٹر آف پبلک ہیلتھ** (مذکر)
علم حفظان صحت کی سب سے بڑی ڈگری -
ڈی - پی - ایچ - **ڈاکٹر آف ڈوونٹی** (مذکر) علم
الہیات کی سب سے بڑی ڈگری اس کا مخفف
ڈی ڈی ہے - **ڈاکٹر آف سائینس** (مذکر)
علم طبعیات کی سب سے بڑی ڈگری - اس کا
مخفف ڈی ایس سی ہے - **ڈاکٹر آف سول**
لا (مذکر) قانون دیوانی کی سب سے بڑی ڈگری
اس کا مخفف ڈی سی ایل ہے - **ڈاکٹر آف**
فلاسفی (مذکر) فلسفے کی سب سے بڑی ڈگری
اس کا مخفف پی ایچ ڈی ہے - **ڈاکٹر آف لا**
(مذکر) قانون کی ایک بڑی ڈگری - اس کا مخفف
ڈی ایل ہے - **ڈاکٹر آف لاز** (مؤنث) قانون
کی سب سے بڑی ڈگری - اس کا مخفف ایل ایل
ڈی ہے - **ڈاکٹر آف لٹریچر** (مذکر) علم ادب
کی سب سے بڑی ڈگری - اس کا مخفف ڈی ایل
یا ڈی لٹ ہے - **ڈاکٹر آف میڈیسن** (مذکر)
طب کی سب سے بڑی ڈگری - اس کا مخفف ایم
ڈی یا ڈی ایم ہے - **ڈاکٹر آف میوزک** (مذکر)
علم موسیقی کی سب سے بڑی ڈگری مخفف ڈی میوز -
ان کے علاوہ اور بھی ڈگریاں ہیں - **ڈاکٹر بنانا**
(متعدی) **بننا** (لازم) ڈاکٹری کا علم پڑھنا - **ڈاکٹر**
بلانا (متعدی) علاج کے لئے ڈاکٹر کو گھر پر لانا -
ڈاکٹر کا علاج (مذکر) انگریزی علم طب کے ماہر
کا علاج - **ڈاکٹر کی فیس** (مؤنث) وہ روپیہ جو
ڈاکٹر کو علاج کے واسطے دیا جائے - **ڈاکٹری**
(مؤنث) انگریزی علم طب کا پیشہ - **ڈاکٹری کرنا**
(متعدی) ڈاکٹر کا کام یا پیشہ کرنا -
ڈاکر (ھ - مؤنث) **ڈاکرا** (مذکر)
زرخیز چکنی مٹی کی زمین جو کاشت کے لئے بہت
اچھی سمجھی جاتی ہے - مگر اس کے لئے بہت
پانی کی ضرورت ہوتی ہے -
ڈاکن (اردو صفت) بہت
کھانے والی عورت -
ڈاکن (ھ - مؤنث) ۱ ڈاکو
عورت ۲ ڈاکو کی بیوی ۳ ڈاکیے کی بیوی
۴ ڈاکنی - **ڈاکنی** (مؤنث) ۱ ایک مخلوق
جو کالی کی پرستار ہیں ۲ دیونی - عفریتہ -
بھتنی ۳ جادوگرنی جس کی نظر بچوں کو لگ
جاتی ہے اور وہ مر جاتے ہیں - اور جاہل لوگوں
کا خیال ہے کہ وہ ان کے جگر کو نکال کر کھا
جاتی ہے ۴ بد زبان عورت - لڑاکا
عورت -
ڈاکو (ہ - مذکر) لٹیرا - قزاق بٹمار
راہزن - ڈکیت -
ڈاکوسٹہ (۱۷۹۸ - ۱۸۶۰)
آئیزک - ولندیزی شاعر - بہت سی نظمیں لکھی
ہیں -
ڈاکہ (ہند) ۱ صوبہ بنگال میں ایک
قسمت جس میں اضلاع ڈاکہ - میمن سنگھ - فریدپور
اور باقر گنج ہیں رقبہ ۱۴۸۲۲ (۱۳۸۶) ۲ ایک
ضلع رقبہ ۲۷۳۳ (۲۴۲۲) ۳ صدر مقام (۱۳۹)
ڈاگان (بابل - عص) زرخیزی
کا دیوتا جس کا بدن مچھلی کا تھا -
ڈاگڈا (آئرش - عص) خدائی
نسل کے بڑے دیوتاؤں میں سے ایک جو افراط
کا مالک تھا -
ڈاگر (۱۷۸۹ - ۱۸۵۱) ایک
فرانسیسی فوٹوگرافر جس نے تصویریں لینے کا وہ طریقہ
ایجاد کیا جسے ڈاگروٹائیپ کہتے ہیں
ڈاگن (عبر - عص) فلسطینیوں
کا ایک دیوتا جو نصف انسان نصف مچھلی تھا -
ڈاگوبرٹ (- ۶۳۹) فرانس
کا ایک قدیم بادشاہ جس نے ایک بڑی سلطنت
قائم کی تھی -
ڈاگوبہ (سنگھالی - مذکر) بدھ
مذہب والوں کا گنبد نما مندر جس میں مقدس اشیا
رکھی جاتی ہیں -
ڈال (ہ - مؤنث) ۱ شاخ ٹہنی
۲ ٹوکری یا ڈول جس سے آبپاشی کے لئے پانی
پھینکتے ہیں ۳ اس طرح کی آبپاشی ۴ تلوار کا پھل ۵
ٹکڑا یا حصہ جس میں جوڑ نہ ہو (س - داری) **ڈالا**
(مذکر) درخت کی موٹی اور بڑی شاخ **ڈال کا پکا**
(مذکر) پھل جو درخت پر پک جائے - **ڈال کا ٹوٹا**
(مذکر) ۱ پھل جو درخت پر پک کر شاخ سے ٹوٹا
ہو - تازہ پھل - عمدہ پھل ۲ (صفت) انوکھا ۳ بیوقوف -
احمق **ڈال والا** (مذکر) بندر - **ڈالی** (مؤنث) ۱
درخت کی چھوٹی شاخ - ٹہنی ۲ ٹوکری جس میں میوہ
رکھ کر حکام کے پیش کرتے ہیں ۳ وہ پھل جو پھلت
کا خریدار مالک کو علاوہ قیمت کے دیتا ہے ۵
وہ ترکاری وغیرہ جو باغ سے مالک کے لئے آئے -
۶ وہ ترکاری جو سرکاری باغوں سے ملازمان و افسران
کو بھیجی جائے - **ڈالیا** (مذکر) وہ شخص جو ڈال سے
پانی ڈالے - **ڈالی بھیجنا** (متعدی) افسر یا مالک کے
پاس میوہ یا ترکاری بھیجنا **ڈالی پیش کرنا یا دینا**
(متعدی) افسر کو میوہ یا ترکاری دینا ۲ رشوت دینا -
امثال و اقوال - **ڈال ڈال**
پات پات - دیکھو تو ڈال ڈال کا چوکا
بندر اور بات کا چوکا آدمی نہیں سنبھلتا -
ڈال کا چوکا بندر اور بالنس کا چوکا نٹ -
موقعہ پر چوکنے والا نقصان اٹھاتا ہے -

ڈوال (ہ - امر، ڈالنا کا) اس وری ٹوٹا، **ڈوال جانا** (لازم) پھینک جانا۔ گرا جانا۔ چھوڑ جانا **ڈوال دینا** (متعدی) ۱ رکھ دینا ۲ پھینکنا گرا دینا۔ **ڈوال رکھنا** (متعدی) رکھ چھوڑنا۔ روک رکھنا **ڈوال لینا** (متعدی) دیکھو ڈالنا اور ڈال دینا۔ **ڈالنا** (متعدی) پڑنا کا ۱ کسی چیز کے اندر کوئی چیز رکھنا ۲ پھینکنا۔ گرانا ۳ قے کرنا ۴ اندر کرنا۔ داخل کرنا ۵ پہننا ۶ جمع کرنا۔ شامل کرنا ۷ انڈیلنا ۸ ڈھانا ۹ لگانا ۱۰ حیوان کا حمل گرانا۔ ۱۱ رکھنا ۱۲ (چادر) شادی کرنا۔ ہندوؤں میں عموماً بیوہ کی شادی کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۱۳ (گھر میں) مدخولہ بنانا۔ شادی کرنا۔ اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جس سے باقاعدہ شادی نہ ہو ۱۴ (حساب میں) کسی کے نام کوئی رقم لکھنا ۱۵ (ہاتھ) کام شروع کرنا۔ عورت کی عفت دری کرنا ۱۶ (کام) کسی کے متعلق کوئی کام کر دینا۔ ۱۷ (دل) حوصلہ یا جرأت پیدا کر دینا ۱۸ (دل میں) خیال پیدا کر دینا ۱۹ (ڈول وغیرہ) لٹکانا۔ اندر کرنا ۲۰ پیش کرنا۔ نذر کرنا ۲۱ ایک طرف رکھ دینا ۲۲ (بیج) چھڑکنا۔ بونا ۲۳ پیدا کرنا ۲۴ (تفرقہ) جدائی کرا دینا ۲۵ (مصیبت، تکلیف میں) پھنسانا ۲۶ گھسیڑنا ۲۷ (بنیاد) نیو رکھنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا ۲۸ دوسرے افعال کے ساتھ تکمیل فعل کے لئے لگاتے ہیں جیسے دے ڈالنا۔ کھا ڈالنا۔

مثل۔ ڈالتے دیر نہیں سر پر کوتوال۔ کوئی برا کام کرتے ہی پکڑے جانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

ڈالائیگیٹے (ایشیا) فلپائن کے جزیرہ سلیبو کا ایک شہر۔

ڈالٹن گنج (ہند) بنگال میں ایک قصبہ (۵) ۲ ایک مقام جہاں کوئلہ ملتا ہے۔

ڈالر (انگ - مذکر) ایک امریکن چاندی کا سکہ جس کی قیمت ڈھائی روپے کے قریب ہوتی ہے۔

ڈالم (ھ - مذکر) انار۔

ڈالین (۱۸۶۰ -) گسٹف سویڈن کا ایک موجد جس نے بہت سی ایجادیں کی ہیں ۱۹۱۲ء میں اسے نوبل انعام ملا ۱۹۱۳ء میں گیس کو آگ لگ جانے کی وجہ سے اندھا ہو گیا۔

ڈالین (۱۷۰۸ - ۱۷۶۳) اولف وان۔ سویڈن کا شاعر اور مورخ۔ تاریخ سویڈن کا مصنف ہے ۱۷۵۱ء میں یہ لارڈ بنایا گیا۔

ڈالیہ (انگ - مذکر) ۱ ایک قسم کا بہت خوبصورت پھول ۲ اس پھول کا پودا۔

ڈامانڈول (ھ - صفت) ڈانواں ڈول۔

ڈامچارہ (ہ - مذکر) وہ مچان جو کھیتوں کی رکھوالی کے لئے بناتے ہیں۔

ڈامر (ھ - مذکر) ۱ سال کا گوند ۲ رال۔ قیر ۳ فلیتہ مشعل ۴ کوئی چیز جو حیرت پیدا کرے۔

ڈان (روس) ایک دریا جو ۱۳۲۵ میل لمبا ہے۔ جھیل آیون سے نکل کر بحیرہ ازاف میں جا گرتا ہے۔

ڈانٹ (ہ - مونث) ۱ دیکھو ڈانٹ مع محاورات ۲ دھمکی۔ جھڑکی۔ گھرکی ۳ سخت آواز جس سے کسی کو روکا جائے ۴ (امر، ڈانٹنا کا) **ڈانٹ بتانا** (متعدی) ۱ دھمکی دینا۔ گھرکنا ۲ سخت آواز سے روکنا ۳ بلند آواز سے کہنا۔ **ڈانٹ دینا** (متعدی) گھرک دینا **ڈانٹ ڈپٹ** (مونث) گھرکی۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ **ڈانٹنا** (متعدی) ۱ دھمکانا۔ ڈرانا ۲ گھرکی دینا۔ جھڑکنا ۳ بلند آواز سے کہنا۔ نعرہ مارنا ۴ سخت آواز سے روکنا ۵ چشم نمائی کرنا۔

ڈانٹھ (مونث) **ڈانٹھل** (مذکر)

ڈانٹھی (ھ - مونث) ۱ ڈالی۔ ڈنڈ ۲ نالی۔ بوال ۳ جو کچھ پیڑ پر غلہ اٹھانے کے بعد رہ جائے ۴ اناج کی ڈنڈی کی گانٹھ

ڈانٹسخ (یورپ) ۱ ایک بین الاقوامی علاقہ جو پہلے جرمنی کے قبضے میں تھا۔ رقبہ ۷۹۱ (۳۸۵) ۲ اس کا دارالخلافہ اور بندرگاہ (۲۳۱)

ڈانڈ (ہ - مذکر) ۱ تاوان۔ ڈنڈ ۲ کشتی کھینے کا بانس ۳ (مونث) ایک پیمانہ طولانی ۴ بغیر چمڑے کاگد کا ۵ کھیت کی حد ۶ ریڑھ کی ہڈی ۷ اونچا کھیت جس میں پانی نہ جا سکے ۸ خشک زمین۔ بنجر زمین ۹ لکیر ۱۰ (ھ) بدلہ۔ انتقام (س ڈنڈ) **ڈانڈا** (مذکر) ۱ حد۔ سرحد ملک کی ۲ (ھ) اونچی زمین ۳ (ھ) مینڈ ۴ (ھ) رستہ۔ سڑک۔ **ڈانڈا بلینڈی پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ڈانڈ پہ ڈانڈ پڑنا۔ **ڈانڈا دبانا** (متعدی) سرحد پر قبضہ کرنا **ڈانڈ ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) سرحد کا پاس پاس ہونا **ڈانڈا مینڈا** (مذکر) ۱ سرحد۔ سڑک جو دو سرحدوں کے درمیان ہو ۲ بندرگاہ کی روک ۳ دوستی۔ اتحاد۔ رابطہ۔ **ڈانڈا مینڈا ملا ہوا ہے** ۱ سرحد ملی ہوئی ہے زمین سے زمین ملی ہوئی ہے ۲ آپس میں بہت ربط ضبط ہے **ڈانڈا مینڈی** (مونث) دشمنی اور عداوت جو دوسروں میں ہوتی ہے۔ **ڈانڈ بھرنا یا دینا** (متعدی) تاوان ادا کرنا۔ جرمانہ بھرنا **ڈانڈ لگانا یا مارنا** (متعدی) بانس سے کشتی چلانا **ڈانڈ لینا** (متعدی) جرمانہ یا تاوان وصول کرنا **ڈانڈے مینڈے کی تکرار** (مونث) سرحدی جھگڑا۔ **ڈانڈنا** (متعدی) ۱ سزا دینا۔ جرمانہ کرنا ۲ بدلہ لینا۔ انتقام لینا **ڈانڈی** (مونث) ۱ ترازو کی ڈنڈی ۲ ایک پہاڑی سواری جس میں دونوں طرف ڈنڈے اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے ۳ (مذکر) ملاح۔ کھینے والا **ڈانڈی مارنا** (متعدی) کم تولنا بنئے اس طرح ترازو کی ڈنڈی کو جھٹکا دیتے ہیں کہ جس پلڑے میں چیز ہوتی ہے وہ جھک جاتا ہے

ڈانس (ہ - مذکر) ۱ کسی جانور کا ڈنک ۲ ایک قسم کا بڑا مچھر (س دنش)، **ڈانسنا** (متعدی) ڈنک مارنا۔

ڈانک (ہ - مونث) ۱ سونے

یا چاندی کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے کے نیچے رکھ دیتے ہیں ۲ (ھ) ڈنک ۳ دیکھو ڈاک۔ **ڈانک جڑنا** (متعدی) سونے چاندی کے ورق کو نگینے کے نیچے رکھنا **ڈانکا۔ ڈانکنا۔ ڈانکو۔ ڈانکی** (ھ) دیکھو ڈاکا۔ ڈاکنا۔ ڈانکو اور ڈانگی۔

ڈانکاسٹر (انگلستان) ایک شہر (۶۳) یہاں ہر سال سینٹ لیجر کی مشہور گھوڑ دوڑ ہوتی ہے۔

ڈانگ (ہ۔ مؤنث) ۱ پہاڑ کی چوٹی ۲ پہاڑی علاقہ ۳ اونچی زمین۔ سطح مرتفع ۴ (ھ) لاٹھی۔ ڈنڈا ۵ (ہند) احاطہ بمبئی میں ایک پہاڑی علاقہ (س۔ ڈنڈک۔ ڈنڈا)

ڈانگ (ہند) صوبہ بمبئی میں چند ریاستوں کا مجموعہ رقبہ ۶۶۰ (۳۲)

ڈانگر (ہ۔ صفت) ڈانگرا (ھ) ۱ لاغر۔ دُبلا۔ پتلا ۲ بھوک کا مارا ہوا ۳ (مذکر) چوپایہ ۴ (ھ) مولی وغیرہ کی پھول کی ٹہنی ۵ (ھ) ایک پودا جس میں سیاہی مائل سبز رنگ کے کدو لگتے ہیں۔

ڈانوال (ھ۔ صفت) بایاں (ہاتھ یا پہلو) (بایاں کا بگڑا ہوا)

ڈانواں ڈول (ہ۔ صفت) ۱ آوارہ پھرنے والا جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو ۲ خراب خستہ۔ پریشان حال ۳ ڈگمگاتا ہوا ۴ تباہ۔ برباد ۵ (ھ۔ مذکر) ادھر اُدھر دوڑا پھرنا ۶ (ھ) جھٹکا جیسے زلزلے کا (پھرنا ہونا کے ساتھ) (س دھاؤن۔ ادھر اُدھر دوڑنا) **ڈانواں ڈولی** (مؤنث) ۱ آوارگی سرگشتگی۔ پریشانی ۲ غربت یا افلاس کی حالت۔

ڈانورُو (ہ۔ مذکر) شیر کا بچہ۔

ڈاوا۔ ڈاون (ہ۔ صفت) بایاں ہاتھ یا پہلو۔ بایاں کا بگڑا ہوا (عف)

ڈاہ (ہ۔ مؤنث) ۱ جلن ۲ رشک حسد ۳ دشمنی۔ خصومت۔ **ڈاہ کھانا** (ہ۔ متعدی) رشک وغیرہ کرنا **ڈاہنا** (ھ۔ لازم) ۱ جلنا۔ گرم ہونا ۲ غصے یا رشک سے جلنا ۳ بے کینہ ہونا ۴ دھات کا گرم ہونا یا پگھلنا۔ **ڈاہی** (ھ) ۱ حاسد۔ رشک کرنے والا۔ جلنے والا ۲ کینہ توز ۳ (مذکر) وہ شخص جو رشک حسد یا کینہ رکھے (س۔ دہ۔ جلنا)

ڈاہُک (س۔ مذکر) ایک آبی پرند۔

ڈائجسٹ (انگ۔ مذکر) خلاصہ۔ قانونی نظیروں کے خلاصے کا مجموعہ۔

ڈائرکٹر (انگ۔ مذکر) ۱ حاکم ۲ منتظم۔ سربراہ کار۔ **ڈائرکٹر آف اگریکلچر** (مذکر) محکمہ زراعت کا حاکم۔ **ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن** (مذکر) محکمہ تعلیم کا حاکم **ڈائرکٹر جنرل** (مذکر) اعلیٰ حاکم۔ **ڈائرکٹر آف پریزنز** (مذکر) قید خانوں کا حاکم اعلیٰ۔ **ڈائرکٹر جنرل آف پبلک ہیلتھ** (مذکر) حفظان صحت کے محکمے کا حاکم اعلیٰ۔ **ڈائرکٹر جنرل آف کرمنل انٹیلیجنس یا انویسٹیگیشن** (مذکر) محکمہ تفتیش جرائم یا خفیہ خبر رسانی کا حاکم اعلیٰ۔ **ڈائرکٹری** (مؤنث) ۱ ایک کتاب جس میں لوگوں کے یا کمپنیوں کے پتے ہوتے ہیں ۲ وہ پانچ آدمی جو فرانس میں ۱۷۹۵ء سے ۱۷۹۹ء تک برسر حکومت تھے۔

ڈائرن (الشیا) بندرگاہ منچوریا میں (۲۱ہ)

ڈائری (انگ۔ مؤنث) روزنامچہ۔ یادداشت۔

ڈائل (انگ۔ مذکر) گھڑی کا سامنا حصہ جس پر سوئیاں وغیرہ لگی ہوتی ہیں۔

ڈائمنڈ (انگ۔ مذکر) ہیرا۔ جواہر۔ **ڈائمنڈ جوبلی** (مؤنث) ساٹھ سالہ جشن۔

ڈائن (ہ۔ مؤنث) ۱ دیونی۔ عفریتہ ۲ جادوگرنی جو خیال ہے کہ بچوں کا جگر کھاتی ہے ۳ بدشکل عورت ۴ بلا جو اپنے بچوں کو آپ کھا جائے (س۔ ڈاکن) **ڈائن کو بچہ سونپنا** (متعدی) بچہ دشمن کے حوالے کرنا۔

امثال و اقوال۔ ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے۔ ظالم کو بھی پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے۔ **ڈائن کو بھی داماد پیارا**۔ بُری سے بُری عورت بھی اپنے داماد کی خاطر تواضع کرتی ہے۔ **ڈائن کھائے تو منہ لال نہ کھائے تو منہ لال**۔ ظالم کچھ کرے یا نہ کرے بدنام ضرور ہوتا ہے۔

ڈائنا (رومن۔ عص) اہل اطالیہ کی وضع حمل کی دیوی۔

ڈائیڈو (روما۔ عص) ٹائر کے کے بادشاہ مٹن کی لڑکی اور اسرسب کی بیوی تھی۔ اس نے کارتھیج کا شہر آباد کیا تھا۔

ڈائین (انگ۔ متعدی) رات کا کھانا کھانا۔ **ڈائین کرنا** (متعدی) رات کا کھانا کھانا۔ **ڈائننگ ٹیبل** (مذکر) کھانے کی میز۔ **ڈائننگ ہال** (مذکر) کھانا کھانے کا کمرہ۔

ڈاین (ھ۔ مؤنث) دیکھو ڈائن

ڈایوکلیشن (۲۴۵-۳۱۳) گیئس اوریلیس ولیریئس۔ قیصر روم ۲۸۴ء میں تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں قیصر کی طاقت بہت بڑھ گئی۔ اور عیسائیوں پر بہت سختیاں ہوئیں اور اس نے تین قیصر اور مقرر کر دیئے ۳۰۹ء میں تخت سے دست بردار ہو گیا۔

ڈایونی (یو۔ عص) ایک دیونی جو افروڈائٹی دیوی کی ماں زیئس دیوتا کے نطفے سے تھی۔

ڈایونیسیس ۱ (۲۶۸-۲۵۹) میں پوپ ہوا ۲ (یو۔ عص) شراب کا دیوتا ۳ کئی دیگر آدمیوں کا نام۔

ڈب (ہ۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت۔ زور۔ حکومت ۲ قابو۔ قبضہ (س۔ دم۔ فتح کرنا) ۳ چمڑا جس کے بٹوے۔ کیسے وغیرہ بنتے

ہیں ۱۰ جیب ۔ تہبند کا اوپر کا سرا جو کمر میں گھرس لیتے ہیں ۱۱ گردن کا پچھلا حصّہ (س ۔ ڈور ۔ دھاگا) **ڈبّا** (مذکر) ۱ کپّا ۲ چمڑے کا صندوق ۳ سپاہی کی خلیتی کارتوس کا بکس ۴ چھاتی ۵ پسلی کا عارضہ جو بچّوں کو ہوتا ہے ۔ **ڈبا ڈوالی** (مؤنث) پیٹی اور کارتوس کا تھیلا ۔ **ڈب کرنا** (ھ) جیب میں رکھنا سنبھال لینا ۔ **ڈبگر** (مذکر) ۱ وہ جو چمڑے کے ترازو وغیرہ بنائے ۲ ایک قوم جو یہ کام کرتی ہے **ڈبگری** (مؤنث) ۱ ڈبگر کا کام ۲ ڈبگر کا پیشہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **ڈبے کا مرض** (مذکر) دیکھو ڈبا ۵ ۔

ڈبّارہ (ہ ۔ مذکر) ۱ بڑی ڈبیا ۔ گول لکڑی وغیرہ کا بکس جس میں عورتیں زیورات رکھتی ہیں (ڈبّا سے)

ڈبّا (ھ ۔ مذکر) بایاں ہاتھ ۔

ڈُبا (ھ ۔ امر) ڈبانا کا **ڈبا دینا**

ڈبانا (متعدی) ڈوبنا کا ۱ ڈبونا ۔ غرق کرنا ۲ کھونا ۳ ضائع کرنا ۴ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔

ڈباؤ (ہ ۔ مذکر) آدمی کے قد سے زیادہ گہرا پانی ۔

ڈباؤ (ہ ۔ صفت) ڈبو دینے کے قابل **ڈباؤ پانی** (مذکر) پانی جس میں آدمی ڈوب جائے ۔

ڈبڈبانا (ہ ۔ لازم) آنکھوں میں آنسو بھر آنا (ڈوب سے)

ڈبرا (ہ ۔ مذکر) ۱ پانی جمع ہونے کی جگہ ۲ چھوٹا گڑھا جس میں پانی بھر جائے ۳ خون جمع ہونے کی جگہ ۴ خون کا ٹھٹا (ڈابر سے) **ڈبرا ڈہرا** (مذکر) دیکھو ڈبرا ۱ و ۲ ۔

ڈبرلسن (ہنگری) ایک شہر (۱۰۸)

ڈبروجہ (یورپ) رومانیہ میں ایک علاقہ ۔ رقبہ ۲۲۲۶۷ (۷۰۰) ۔ اس میں چار ضلع ہیں ۔ علاقہ پہاڑی اور زرخیز ہے ۔

ڈبروگڑھ (ہند) ۱ ضلع لکھیم پور کا صدر مقام دریائے ڈبرو پر واقعہ ہے (۱۶)

ڈبری (ہ ۔ مؤنث) ۱ مٹی کا پانی کا برتن ۔ پیالہ ۲ منافع کی تقسیم بموجب حصّہ جو گاؤں کے مالکوں کے درمیان کی جائے ۔

ڈبریا (ھ ۔ صفت) ۱ کھبّا ۲ (مذکر) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا آدمی ۔

ڈبس (ہ ۔ مذکر) بحری سفر کا توشہ ۔ کھانے پانی کا سامان ذخیرہ ۔

ڈبسی (ہ ۔ مؤنث) نیچی زمین جس میں پانی جمع ہو جائے ۔

ڈبکا (ہ ۔ مذکر) ۱ تازہ پانی جو کنوئیں سے نکالا جائے ۲ خوف ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔ ڈر ۳ (ھ) موٹا ۔ فربہ ۔ لحیم (ڈوبنا سے) **ڈبکے کا پانی** (مذکر) تازہ پانی ۔

ڈبکنا (ہ ۔ لازم) چمکنا ۔ دمکنا ۔

ڈبکی (ہ ۔ مؤنث) غوطہ ۔ بڑکی (دینا کھانا لگانا ۔ لگنا ۔ مارنا کے ساتھ) (ڈوبنا سے)

ڈبل (انگ ۔ صفت) ۱ دُگنا ۔ دوچند ۔ دہرا ۲ موٹا ۔ فربہ ۳ (مذکر) پیسا یا روپیہ جو انگریزوں نے ہندوستان میں رائج کیا **ڈبل آدمی** (مذکر) موٹا شخص ۔ **ڈبل پیسہ** (مذکر) انگریزی پیسا ۔ **ڈبل دھیلا** (مذکر) انگریزی دھیلا ۔ پیسے کا نصف ۔ **ڈبل روٹی** (مؤنث) نان پاؤ **ڈبل کوچ** (مذکر) دُگنا سفر ۔ دُگنی منزل (کرنا ہونا کے ساتھ) **ڈبل مارچ** (مذکر) دوڑنا ۔

ڈبلن (آئرلینڈ) دارالسلطنت (۴۱۹)

ڈبو (ہ ۔ امر) ڈبونا کا ۔ ڈبو دیا ۔ برباد کر دیا ۔ بگاڑ دیا **ڈبو دینا** ۔ **ڈبونا** (متعدی) دیکھو ڈبانا ۔

ڈبّو (ہ ۔ مذکر) **ڈبلوا** (ھ) لوہے کا بڑا چمچہ ۔ کفگیر ۔

ڈبوانا (ہ ۔ مم) ڈوبنا کا ۔

ڈبھا (ہ ۔ مذکر) چھوٹا گھڑا ۔

ڈبڑھیلا (ہ ۔ صفت) ۱ گڑھوں سے بھرا ہوا ۔ ناہموار ۲ (مذکر) وہ زمین جس میں بہت سے گڑھے ہوں ۔ ناہموار زمین ۔

ڈُھبری (ہ مؤنث) ایک قسم کا لیپ جو مہوا کے درخت سے تیار کیا جاتا ہے ۔

ڈِبّی (ہ ۔ مؤنث) ڈبّی ۱ چھوٹی ڈبیا ۲ چھوٹی کپی جس میں تیل ڈالتے اور چراغ کی طرح روشن کرتے ہیں ۳ (ھ) بیج ۔ جرم ۔

ڈُبّی (ھ ۔ مؤنث) ڈبکی غوطہ (مارنا کے ساتھ) **ڈبی مارنے والا** (صفت) غوطہ خور ۔

ڈبیا (ہ ۔ مؤنث) ڈبّہ کی تصغیر ۱ چھوٹا گول ڈبہ ۲ فصل کا تھوڑا سا حصّہ جو گاؤں کے کمینوں کو دیا جاتا ہے ۔

ڈپارٹمنٹ (انگ ۔ مذکر) محکمہ ۔ سررشتہ **ڈپارٹمنٹل** (صفت) محکمانہ ۔ **ڈپارٹمنٹل پنشمنٹ یا سزا** (مؤنث) وہ سزا جو افسران محکمہ خود دیں ۔ **ڈپارٹمنٹل کارروائی** (مؤنث) محکمانہ کارروائی برخلاف عدالتی کارروائی کے ۔

ڈپازٹ (انگ ۔ مؤنث) امانت ۔ جمع (کرنا ہونا کے ساتھ)

ڈپٹ (ہ ۔ امر) ۱ ڈپٹنا کا ۲ دھمکی ۔ ڈانٹ ۳ حملہ ۴ جست و خیز ۵ گھوڑے کی تیز رفتاری (دو ۔ دوڑنا) **ڈپٹانا** (مم) سرپٹ کرنا ۔ گھوڑے کو تیز دوڑانا ۔ سوار کا حملہ کرنا ۔ **ڈپٹ کے ساتھ** (تف) تیزی کے ساتھ ۔ **ڈپٹنا** (متعدی) ۱ دھمکانا ۔ ڈرانا ۲ حملہ کرنا ۳ دوڑنا ۔ تیز جانا ۴ نعرہ لگانا ۔

ڈپٹّا (ہ - مذکر) دوپٹا۔
ڈِپٹی (انگ - مذکر) ۱ نائب ۲ عموماً ای اے سی کو کہتے ہیں (بننا۔ بنانا۔ کر دینا۔ کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) **ڈپٹی انسپکٹر** (مذکر) پہلے تھانے داروں کو کہا کرتے تھے۔ **ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس** (مذکر) پولیس کے محکمے میں ایک عہدے دار جو انسپکٹر جنرل کے ماتحت ایک حلقے کا افسر ہوتا ہے۔ **ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل** (مذکر) ڈاک خانے کے محکمہ کا افسر جو پوسٹ ماسٹر جنرل کے ماتحت ہوتا ہے۔ **ڈپٹی ڈائرکٹر جنرل** (مذکر) کسی ڈائرکٹر جنرل کا نائب۔ **ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ** (مذکر) پولیس جیل اور ویٹرنری ڈیپارٹمنٹ کا ایک عہدہ دار۔ **ڈپٹی کلکٹر** (مذکر) ۱ افسر مال ۲ نہر کا ایک گیزٹیڈ افسر۔ **ڈپٹی کمشنر** (مذکر) حاکم ضلع۔ انگریزی حکومت میں سب سے اہم عہدہ ہے۔ **ڈپٹی مجسٹریٹ** (مذکر) ایک قسم کا مجسٹریٹ۔

ڈِپلوما (انگ - مذکر) سرٹیفکیٹ۔ لیاقت کی سند۔

ڈِپلومیٹک (انگ صفت) پالیسی باز۔ جوڑ توڑ کرنے والا۔

ڈِپلومیسی (انگ - مؤنث) جوڑ توڑ۔ پالیسی۔

ڈُپلے (۱۶۹۷-۱۷۶۳) فرانسیسی ہند کا ایک فرانسیسی گورنر جنرل کلائو کا مدّمقابل تھا۔ مگر جنگ میں کامیاب نہ ہوا ۱۷۵۴ء میں معزول ہوا۔ اور فرانس واپس گیا جہاں غربت میں وفات پائی۔

ڈِپوہ - (صفت) ۱ بہت بڑا۔ بہت موٹا ۲ (مذکر) بہت بڑی چیز۔ بہت موٹا آدمی۔

ڈِپو (انگ - مذکر) ذخیرہ۔ کارخانہ۔ تجارت گاہ۔ کوٹھی۔

ڈِپوٹیشن (انگ - مؤنث) ۱ وفد۔ وہ جماعت جو کسی خاص کام کے لئے جائے (بھیجنا۔ جانا کے ساتھ) ۲ کسی عہدے دار کا عاریتاً دیا جانا (پر بھیجا جانا۔ جانا کے ساتھ)

ڈپول (ہ - صفت) بڑا۔ عظیم۔ جسیم۔ قوی ہیکل۔ **ڈپول سنکھ** (مذکر) ۱ بڑا سنکھ ۲ وہ آدمی جو باتیں بہت کرے اور کام کچھ نہ کرے ۳ (صفت) وہ جو وعدے بہت کرے مگر پورے نہ کرے یا شور بہت مچائے اور کرے کچھ نہ۔

ڈُپھ (ہ - مذکر) دف جس کا یہ مخرب ہے۔ **ڈپھارنا** (لازم) ۱ بہت شور مچانا ۲ بہت رونا چیخنا یا چلانا۔ **ڈپھالی** (مذکر) ۱ دفالی - دف بجانے والا ۲ (کنایتاً) بہت باتیں کرنے والا **ڈپھلا** (مذکر) ایک قسم کا دف۔

ڈَٹ (ہ - امر) ڈٹنا کا (س دلش - کاٹنا) **ڈٹانا** (متعدی) روکنا۔ ٹھیرانا وغیرہ دیکھو ڈٹنا۔ **ڈٹ جانا** (لازم) ۱ جم کر بیٹھ جانا ۲ حریف کے مقابلے میں جم کر کھڑا ہو جانا **ڈٹ کر کھانا** (متعدی) خوب سیر ہو کر کھانا **ڈٹنا** (لازم) ۱ رکنا۔ روکا جانا ۲ کھڑا ہونا۔ دیر تک ٹھیرا رہنا۔ جرأت سے کسی جگہ کھڑا رہنا ۳ مدت تک قائم رہنا۔ دیرپا ہونا ۴ گڑ جانا مستحکم ہونا ۵ رہنا۔ ٹھیرنا ۶ فیصلہ ہونا۔ اتفاق رائے ہونا ۷ ارادہ ہونا ۸ ڈاٹ لگنا۔ بند ہونا۔ **ڈٹے رہنا** (لازم) جگہ سے نہ ہٹنا۔ جم کر بیٹھ رہنا۔

ڈٹّا (ہ - مذکر) ۱ ڈاٹ ۲ باڑ۔

ڈٹرائٹ (شا) ریاست مچگن کا دارالسلطنت اور غالباً ریاست ہائے متحدہ میں سب سے پرانا بڑا شہر (۱۵۷۴)

ڈٹفورڈ (انگلستان) لندن کا ایک جنوبی حصہ (۱۱۳)

ڈِٹکٹ (انگ - متعدی) سراغرسانی کرنا۔ سراغ لگانا۔ **ڈٹکشن** (مؤنث) سراغرسانی۔ پتہ جوئی۔ **ڈٹکٹو** (مذکر) سراغرسان۔ خفیہ پولیس کا افسر۔ **ڈٹکٹو پولیس یا فورس** (مؤنث) پولیس کا وہ محکمہ جس کا کام خفیہ سراغرسانی ہے۔

ڈُٹھا (ہ - مذکر) ڈنٹھل۔

ڈِٹھبند (ہ - مذکر) جادوگر۔ نظر بندی کرنے والا۔

ڈِٹھنا (ہ - لازم) ۱ دکھنا۔ دکھائی دینا ۲ معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا ۳ (متعدی) دیکھنا۔

ڈِٹھیارا (ہ - صفت) جس کی نظر قائم ہو۔ جو اندھا نہ ہو۔ دیکھنے والا۔ بینا۔ **ڈٹھیاری** (صفت) بینا عورت ۲ ایک قسم کی آسان پہیلی۔ جو شے بجھانا ہو وہ کہنے میں آجاتی ہے جیسے چٹ آئی پٹ پڑ گئی جی کو اور پلیس۔ ایسی پتلی کامنی کہ نسیں دکھائی دیں۔ اس میں لفظ چٹائی نکلتا ہے۔

ڈُٹھون (ہ - مذکر) دیوالی کے بعد بارہواں دن۔

ڈَڈکا (ہ - مذکر) دھان کے پودوں کی ایک بیماری۔

ڈَڈلے (انگلستان) ایک شہر جہاں دھات کے برتن بنتے ہیں (۶۰)

ڈِڈھیا۔ ڈڈیا (ہ مونث) ۱ اشتیاق کی نظر۔ حرص کی نظر ۲ حرص۔ لالچ۔ **ڈڈیا لگانا یا لگائے رہنا** (متعدی) ۱ شوق یا حرص کی نظر ڈالنا ۲ حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔

ڈِڈیس (۱۳۳-۱۹۳) سلویس جولیانس مارکس۔ قیصر روم۔ قیصر پرٹینکس کی وفات پر شاہی گارد نے تخت نیلام کر دیا۔ اور اس نے خرید لیا۔ مگر دو مہینے بعد بغاوت ہو گئی۔ اور یہ قتل ہو گیا۔ اور سورس تخت نشین ہوا۔

ڈر (ہ - امر) ڈرنا کا ۲ (مذکر) خوف۔ خطرہ - اندیشہ - ہول - بیم - باک - دہشت - ہراس - کھٹکا - بھائے ۔ رُعب - دھاک (س ڈر) **ڈرا** (ماضی) ۱ ڈرنا کا ۲ (امر) ڈرانا کا۔ **ڈرا دینا** (متعدی) خوف پیدا کر دینا **ڈرانا** (متعدی) ۱ خوف دلانا ۲ دھمکانا ۳ (ھ) ڈراونا **ڈرانی** (صفت مؤنث) ڈراؤنی **ڈراؤ - ڈراوا** (مذکر) ۱ دیکھو ڈر ۲ دھمکی **ڈروا دکھانا** (متعدی) دھمکانا۔ دھمکی دینا **ڈراؤنا** (صفت - مذکر) **ڈراونی** (صفت مؤنث) خوفناک۔ بھیانک **ڈراؤنی آواز** (مؤنث) وہ آواز جس کو سُن کر ڈر معلوم ہو۔ **ڈراؤنی شکل یا صورت** (مؤنث) وہ شکل جسے دیکھ کر ڈر آئے۔ **ڈرا ہوا** (صفت) خوفزدہ۔ ہراساں۔ **ڈرپوک - ڈرپوکنا** (صفت) بُزدل۔ **ڈرتا** (صفت) خوف کھاتا۔ ہراساں۔ **ڈرتے ڈرتے** (تف) خائف ہو کر۔ ڈر کر **ڈرتے رہنا** (لازم) ہمیشہ خوف کھانا۔ **ڈر ٹوٹ جانا** (لازم) ۱ جھجھک جاتی رہنا ۲ خوف مٹ جانا۔ **ڈر جانا** (لازم) دیکھو ڈرنا **ڈر کھو دینا** (لازم) دل سے خوف نکال دینا۔ **ڈر کر یا کے** (تف) خوف کھا کر۔ گھبرا کر۔ **ڈر کے مارے** (تف) خوف و خطرے کے مارے۔ **ڈر لگنا** (لازم) خوف معلوم ہونا **ڈر مار گیا**۔ چپ ہو گیا جیسے سوتا ہے۔ **ڈرنا** (لازم) خوف کھانا۔ خوف زدہ ہونا **ڈر نکل جانا** (لازم) خوف نہ رہنا **ڈرونا** (صفت) ۱ ڈراؤنا ۲ (ھ مذکر) بزدل۔ ڈرنے والا آدمی۔ **ڈرویّا - ڈرہایا** (ھ) ۱ ڈرپوک ۲ خوفزدہ۔ خائف۔ **ڈری** (مؤنث) اندیشہ۔ خوف و خطر۔

امثال و اقوال۔ ڈرے آپ کے دیدے سے۔ آپ کی شوخی یا گستاخی سے خوف کھانا چاہیئے۔ **ڈرا سو مرا**۔ ڈرنے والا آدمی نقصان اٹھاتا ہے۔ **ڈر نہ دہشت آثار کچہری خشنک** (عو) بے حیا ہو گئی۔ کسی کی پروا نہیں رہی کھلے بندوں پھرنے لگی۔ **ڈرے رنڈی تیرے دیدے سے** (عو) کسی عورت کی بے حیائی کے متعلق کہتے ہیں کہ بہت دیدہ دلیر عورت ہے۔ **ڈریں لومڑی سے نام دلیر (شیر) خال سخت** بزدل ہیں۔ کسی شخص کی بزدلی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

ڈرافس مین (انگ - مذکر) نقشہ نویس۔

ڈراک - ڈرالو (ھ صفت) ۱ خوفزدہ - دہشت زدہ - ڈرنے والا ۲ (مذکر) بزدل آدمی۔ ڈرپوک شخص۔

ڈرائنگ (انگ - مذکر) نقشہ کشی **ڈرائنگ روم یا ہال** (مذکر) ملاقات کا کمرہ - دیوان خانہ (یہ لفظ ڈرائنگ ود ڈرائنگ کا مخفف ہے۔ جس کے معنی علیحدہ ہو جانا ہے)

ڈرائیور (انگ - مذکر) گاڑی چلانے والا۔

ڈربادہ - مذکر) دیکھو ڈربا۔

ڈربن (ناٹال) سب سے بڑا شہر اور بندرگاہ (۱۸۷)

ڈربی (انگ) ۱ ایک شہر ڈربی شائر کا صدر مقام (۱۴۲) ۲ ایک گھوڑ دوڑ جو بمقام اپسم ہوتی ہے۔ اس کا بانی لارڈ ڈربی تھا۔ اس کے نام پر مشہور ہے۔ **ڈربی ڈے** (مذکر) وہ دن جب ڈربی کی لاٹری نکلتی ہے۔

ڈربی شائر۔ ایک کونٹی۔ رقبہ ۱۰۲۹ (۷۵۷)

ڈرپ (ہ - صفت) خوفزدہ۔ ڈرا ہوا۔ دہشت زدہ **ڈرپنا** (متعدی) ڈرنا۔ خوف کھانا۔

ڈرسڈن (جرمنی) سکسنی کا دار السلطنت (۶۱۹)

ڈرکّا (ہ - مذکر) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔

ڈرل (انگ - مؤنث) ۱ ورزش مشق ۲ قواعد جو سپاہیوں کو کرائی جاتی ہے ۳ ڈبل زین - ایک قسم کا کپڑا جس کی وردیاں بنتی ہیں۔ **ڈرل انسٹرکٹر** (مذکر) سپاہیوں کو ڈرل سکھلانے والا استاد **ڈرل پریڈ** (مؤنث) دیکھو ڈرل ۲۔

ڈرم (انگلستان) ۱ شمال میں ایک کونٹی رقبہ ۱۰۱۴ (۱۴۸۶) ۲ صدر مقام (۱۶) ۳ (شا) ریاست نیو کارولینا کا ایک شہر (۵۲)

ڈرُیالینا - ڈریانا (ھ متعدی) گھوڑے کو رسی یا لگام پکڑ کر لے جانا۔

ڈریرا (ہ - مذکر) زیور کا بٹنہ۔

ڈریس (انگ - لازم) ۱ سیدھا ایک قطار میں کھڑا ہونا ۲ پوشاک ۳ (متعدی) مذبوحہ جانور کو پکانے کے لئے تیار کرنا ۴ پوشاک پہننا پہنانا ۵ زخم کی مرہم پٹی کرنا (کرنا ہونے کے ساتھ) ۶ (مذکر) پوشاک - لباس - **ڈریس پریڈ** (مؤنث) سپاہیوں کی قواعد پوری وردی میں۔ **ڈریسنگ** (مذکر) ۱ سیدھا ایک قطار میں کھڑا ہونا ۲ کپڑا پہننا ۳ مرہم پٹی۔ **ڈریس سوٹ** (مذکر) انگریزی کپڑے جو عموماً سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور شام کو پہنے جاتے ہیں۔ **ڈریسنگ روم** (مذکر) کپڑے پہننے کا کمرہ۔ **ڈریسنگ گون** (مؤنث) ایک قسم کا اوور کوٹ جو شب خوابی کے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں۔ **ڈریسی** (مؤنث) وردی کی بجھائی جو افسران ملاحظہ کرتے ہیں (بجھانا بجھنا دیکھنا ملاحظہ کرنا کے ساتھ) **ڈریس یونیفارم** (مؤنث) وہ وردی جو دربار وغیرہ کے موقع پر پہنی جائے۔

ڈریکنبرگ (افریقہ) ناٹال اور اورینج فری سٹیٹ کے درمیان ایک پہاڑ۔

ڈڑھ (ہ - صفت) ۱ ڈیڑھ کا مخفف ۲ ڈاڑھی کا مخفف **ڈڑھیوا** (مذکر) ڈیڑھ

پاؤ کا باٹ **ڈڑھ منڈا** (صفت) وہ جس کی داڑھی منڈی ہوئی ہو دڑھیالا۔ **ڈڑھیل** (صفت) بڑھی ڈاڑھی والا۔

ڈڑھ (ہ۔ صفت) ڈیڑھ کا مخفف۔

ڈڑھ پٹی (مؤنث) ڈیڑھ پاؤ کا باٹ۔

ڈز (اردو۔ مؤنث) بندوق چلنے کی آواز **ڈز کرنا** (متعدی) ۱ گولی مار دینا۔ بندوق کا نشانہ بنانا ۲ بندوق چلانا۔

ڈزائن (انگ۔ مذکر) نقشہ۔ خاکہ۔

ڈس (ہ۔ مؤنث) ۱ ترازو کے پلڑے ۲ وہ دھاگے جو تھان کے اخیر پر کھلے رہیں ۳ تھان کا سرا (س دشا)

ڈس (ہ۔ امر) ڈسنا کا (س دنش۔ کاٹنا) **ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا**۔ بڑا ظالم ہے جس کو نقصان پہنچائے تباہ کر دیتا ہے۔ **ڈس جانا یا لینا**۔ **ڈسنا** (متعدی) سانپ کا کاٹنا۔

ڈسانا (ہ۔ متعدی) بستر بچھانا۔

ڈسپاٹک (انگ۔ صفت) خود مختار۔ شخصی۔

ڈسپنسر (انگ۔ مذکر) وہ آدمی جو نسخے کو دیکھ کر دوائی بنا کر دیتا ہے **ڈسپنسری** (مؤنث) شفاخانہ۔

ڈسپیچ (انگ۔ متعدی) ۱ بھیجنا (کرنا ہونے کے ساتھ) رپورٹ ۲ جو ایلچی یا جرنیل وغیرہ خاص آدمیوں کے ہاتھ بھیجیں (بھیجنا کے ساتھ)۔ **ڈسپیچر** (مذکر) دفتروں میں ایک کلرک جو چھٹیاں بھیجتا ہے۔

ڈسٹرکٹ (انگ۔ مؤنث) ضلع۔ **ڈسٹرکٹ انسپکٹر** (مذکر) وہ انسپکٹر جو ضلع کے اندر کام کرے۔ یہ پولیس کا بھی ہوتا ہے اور اسکولوں کا بھی **ڈسٹرکٹ جیل** (مذکر) جیلخانہ جس میں ضلع کے قیدی رہیں۔ **ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ** (مذکر) ڈپٹی کمشنر کو بحیثیت مجسٹریٹ کے کہتے ہیں۔ **ڈسٹرکٹ میپ** (مذکر) ضلع کا نقشہ۔

ڈسٹلری (انگ۔ مؤنث) وہ کارخانہ جہاں شراب کی کشید ہوتی ہو۔

ڈسڈیمونا (انگ۔ مؤنث) شکسپیر کے مشہور ڈراما اوتھیلو کی ہیروائین اور اوتھیلو کی بیوی جسے اس نے قتل کر دیا تھا۔ اور پھر خودکشی کر لی۔

ڈسکاؤنٹ (انگ۔ مذکر) کمیشن۔ کٹوتی۔ بٹہ۔ دستوری۔

ڈسکہ (ہند) ۱ ضلع سیالکوٹ میں ایک تحصیل رقبہ ۳۵۱ (۲۰۷) ۲ ایک قصبہ (۱۴)

ڈسمس (انگ۔ صفت) موقوف برطرف۔ خارج (کرنا ہونا کے ساتھ) **ڈسمسل** (مؤنث) موقوفی۔ برطرفی۔

ڈسو (جرمنی) دریائے الب پر ایک شہر (۷۲)۔

ڈف (ہ۔ مذکر) دف (بجانا بجنا کے ساتھ) **ڈفالچی**۔ **ڈفالی** (مذکر) دف بجانے والا **ڈفلی** (مؤنث) چھوٹا دف۔

ڈفلا (ہند) (آسام کی سرحد پر) ۱ ایک پہاڑی علاقہ ۲ ایک قوم جو اس علاقے میں آباد ہے۔

ڈیفنس (انگ۔ مذکر) ۱ حفاظت بچاؤ ۲ دعوے کا جواب زبانی یا تحریری شہادت بچاؤ کی (پیش کرنا دینا ہونا کے ساتھ)۔

ڈک (ہ۔ مذکر) مکا۔ گھونسا۔ **ڈکاڈک**۔ **ڈکم ڈکا** (ہ۔ مذکر) مکے بازی۔ گھوسم گھوسا۔ **ڈکیانا** (متعدی) مکے مارنا۔

ڈکار (ہ۔ مذکر) معدے کی ہوا جو آواز کے ساتھ منہ سے نکلتی ہے (آنا کے ساتھ س اد۔ اوپر۔ گری۔ منہ سے نکالنا) **ڈکار بیٹھنا** (مت)، جانا (متعدی) کسی کا مال ہضم کر جانا خیانت کرنا **ڈکار لینا** (متعدی) ۱ معدے کی ہوا منہ سے نکالنا ۲ مال ہضم کر جانا۔ مال مار لینا **ڈکارنا** (لازم) ۱ معدے کی ہوا منہ سے نکالنا ۲ شیر کا بولنا ۳ (متعدی) کوئی چیز آواز سے نکلنا۔ نگلنا ۴ مال ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا **ڈکار نہ لینا** (متعدی) ۱ چپکے سے مال ہضم کر جانا ۲ پتہ نہ لگنے دینا۔ خبر نہ ہونا۔

ڈکڈکا (ہ۔ امر) ڈکڈکانا کا **دکڈکا کر یا کے لمبے گھونٹ بھر کے ڈکڈکا کے پلینا** (متعدی) ۱ دیکھو ڈکارنا ۳ ۲ لمبے گھونٹ پینا۔

ڈکڈکانا (ہ۔ متعدی) ۱ ڈگڈگانا ۲ دیکھو آخری۔

ڈکر (افریقہ) سینیگال کا بندرگاہ اور مغربی فرنچ افریقہ کا دارالسلطنت (۱۴۳)۔

ڈکر (ہ۔ مذکر) سور۔ خنزیر۔ خوک۔ بارہ۔

ڈکرا (ہ۔ مذکر) زہر۔ بس۔ سم۔ ہلاہل۔

ڈکرا (ہ۔ مذکر) بوڑھا آدمی۔ ڈوکرا۔

ڈکرانا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھو دکارنا ۲ زار زار رونا۔

ڈکری (انگ۔ مؤنث) دیکھو ڈگری ۲ ۳۔

ڈکریا (ہ۔ مؤنث) ڈوکراکی۔ بوڑھی عورت۔ ضعیف عورت۔ **ڈکریا پران** (ہ) بوڑھی عورتوں کی باتیں۔

ڈکشنری (انگ۔ مؤنث) لغت۔ کوش۔ فرہنگ۔ ابھیدان۔

ڈکنز (۱۸۱۲-۱۸۷۰) چارلس جان ہفم۔ انگریزی زبان کا سب سے زیادہ ہر دلعزیز ناول نویس اور غالباً اوّل درجے کے ناول نویسوں میں سب سے بڑا۔ اس کا ہر ایک ناول بڑے اعلیٰ پایہ کا ہے۔ مصنف پکوک پیپر۔ ڈیوڈ کاپر فیلڈ۔ اولور ٹوسٹ وغیرہ۔

ڈکوآ (افریقہ) وسطی افریقہ علاقہ بورنو میں ایک شہر (۳۰)۔

ڈکوت۔ ڈکوتیا (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات۔ یہ برہمن مرد اور گوالن عورت کی اولاد ہیں۔ سنیچر کے دن کا دان لیتے ہیں اور نجومی کا کام کرتے ہیں ۲ اس قوم کا ایک فرد۔

ڈکوٹا (انگ۔ مذکر) ۱ ایک قوم شمالی امریکہ میں ۲ (رشا) ایک پرانی ریاست ریاستہائے متحدہ میں جو آج کل دو ریاستوں میں تقسیم ہوگئی ہے ۳ ایک دریا ۷۰۰ میل لمبا۔

ڈکوری (ہ۔ مؤنث) بھڑ زنبور۔

ڈکوسنا (ہ۔ متعدی) پینا۔ نگلنا۔

ڈکیّ (ہ۔ مؤنث) حملہ۔ دھاوا۔ تاخت۔ یورش۔ ہلہ۔

ڈکیت (ہ۔ مذکر) ڈاکو۔ قزاق۔ لٹیرا۔ (ڈاکو سے) ڈکیتی (مؤنث) ۱ جب پانچ یا پانچ سے زیادہ شخص سرقہ بالجبر کریں تو یہ ڈکیتی کہلاتی ہے ۲ راہزنی۔ قزاقی (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

ڈگ (ہ۔ مذکر) قدم۔ دو قدم کے درمیان کا فاصلہ **ڈگ بھرنا یا دھرنا** (متعدی) قدم اٹھانا۔

ڈُگ (ہ۔ مذکر) ڈک۔ مکا۔ گھونسا۔ **ڈگ رسید کرنا** (متعدی) مکا مارنا۔

ڈگّا (ہ۔ مذکر) وہ گھوڑا جو لمبے لمبے قدم بھرے۔ دبلا اور لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

ڈگارنا (ہ۔ متعدی) ڈگرنا کا۔ بھیجنا۔ نکالنا۔

ڈگامبا (انگ۔ مذکر) ایک قوم جو گولڈ کوسٹ کے ضلع ڈگانگ میں آباد ہے۔

ڈگانا (ہ۔ متعدی) ڈگنا کا۔ ہٹانا۔ سرکانا۔

ڈگڈگ (ہ۔ صفت) ہلتا ہوا۔ لغزش کھاتا ہوا۔ ڈگمگ **ڈگڈگانا** (لازم) لغزش کرنا۔ ڈگمگانا۔

ڈگڈگا۔ ڈگڈگا کر یا کے۔ ڈگڈگا کے پینا۔ ڈگڈگانا (ہ) دیکھو ڈگڈگا۔

وغیرہ۔

ڈُگڈُگانا (ہ۔ لازم) جلنا۔ دہکنا۔ دھکدھکانا۔

ڈُگڈُگانا (ہ۔ لازم) بجنا۔ آواز دینا۔

مثل۔ ڈگ ڈگ باجے بہت نیکی لاگے۔ نوا نیگ مانگے اٹھا بیٹھی لاگے۔ گانا تو اچھا معلوم ہوتا۔ مگر جب کچھ دینا پڑے تو گھبراہٹ ہوتی ہے۔

ڈُگڈُگی (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک قسم کا چمڑے سے مڑھا ہوا باجا جو عموماً بندر یا ریچھ والے یا مداری بجاتے ہیں (بجانا بجنے کے ساتھ) ۲ ڈھنڈورا (پٹنا پیٹنا کے ساتھ) (ڈگڈگانا سے)۔

ڈُگر (ہ۔ امر) ۱ ڈگرنا کا ۲ رستہ۔ سڑک۔ شارع عام۔ شاہی سڑک۔ راہ ۳ کھیتوں کے درمیان چوڑا رستہ مویشی کے چلنے کے لئے۔ (ڈگ سے) **ڈگرا** (ماضی) ۱ ڈگرنا کا ۲ امر ڈگرانا کا ۳ (مذکر) دیکھو ڈگر۔ **ڈگرانا** (متعدی) ڈگرنا کا۔ چلانا۔ لڑھکانا **ڈگر بتانا** (متعدی) رستہ دکھانا۔ راہ بتانا **ڈگر جانا** (متعدی) ڈگرنا **ڈگر چلنا** (لازم) ۱ رستہ چلنا ۲ (اور) دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ غلط راہ بتانا۔ **ڈگر ڈگر کرنا** (متعدی) ۱ لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ۲ کمزوری سے کانپنے لگنا۔ **ڈگرنا** (متعدی) ۱ سفر کرنا۔ سڑک پر چلنا ۲ روانہ ہونا چلا جانا ۳ لڑھکنا ۴ لڑکھڑا کر چلنا۔

ڈُگرّ (ہند) پنجاب کے شمال میں ایک علاقہ جو ہمالیہ کے دامن کی پہاڑیوں میں جموں کے گرد و نواح میں ہے۔ یہاں کے راجپوت ڈوگرا راجپوت کہلاتے ہیں۔

ڈگرا (ہ۔ مذکر) بانس کی ٹوکری۔ چنگیر۔ چھاج۔

ڈگرنا (ہ۔ مذکر) وہ لاٹھی جس پر بوجھ لٹکاتے ہیں۔

ڈگری (ہ۔ مؤنث) ڈگرا کی تصغیر۔

ڈِگری (انگ۔ مؤنث) ۱ حکم۔ فیصلہ۔ فرمان عدالت کا ۲ حکم حاصل کرنا جائداد یا کسی حق کا ۳ کامیابی۔ کامیابی کی سند دیا۔ پانا۔ حاصل کرنا۔ دینا۔ لینا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ درجہ۔ منزل۔ مرحلہ **ڈگریات** (جمع) ڈگری کی۔ **ڈگری دار** (مذکر) وہ شخص جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو **ڈگری داریہ** (عف۔ مؤنث) وہ عورت جس کے حق میں ڈگری ہوئی ہو۔

ڈگشائی (ہند) ضلع شملہ میں ایک پہاڑی چھاؤنی (۲) (س تونگ۔ لڑکھڑانا)

ڈگمگ (ہ۔ صفت) ڈگمگا (ہ) ہلتا ہوا۔ لرزاں۔ کانپتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا۔ متزلزل **ڈگمگانا** (لازم) ۱ ہلنا جنبش کرنا ۲ کانپنا۔ لرزنا ۳ لڑکھڑانا۔ ڈولنا ۴ کمزوری سے کھڑے ہونے کی طاقت نہ رہنا۔ **ڈگمگاہٹ** (مؤنث) ڈگمگانے کا فعل۔

ڈِگمِگ۔ ڈگمگا۔ ڈگمگانا۔ ڈگمگاہٹ (ہ) دیکھو آخری۔

ڈگن (ہ۔ مذکر) چار چھوٹے کلمات کا مرکب۔

ڈِگنا (ہ۔ لازم) ۱ ہلنا جنبش کرنا ۲ سرکنا۔ ہٹنا ۳ لرزنا۔ کانپنا ۴ لغزش کھانا۔ ۵ کنیانا۔ کھسکنا۔ کترانا۔ (س تونگ۔ لڑکھڑانا)۔

ڈُگّی (ہ۔ مؤنث) دیکھو ڈگڈگی۔ (پٹنا کے ساتھ)۔

ڈل (ہ۔ مذکر) ۱ گروہ۔ دستہ ۲ دولت۔ روپیہ ۳ (ہند) کشمیر میں ایک جھیل جس میں سے دریائے جہلم گزرتا ہے۔

ڈلا (ہ۔ مذکر) ڈلا (ہ) ۱ ڈھیلا کلوخ ۲ بڑا ٹکڑا ۳ منجمد شے کا بڑا ٹکڑا ۴ بڑی ٹوکری ۵ (ہ) مٹھائی جو دلھا کے گھر سے دلہن کو جائے (س۔ دل)، **ڈلا سا بھیگ گیا۔**

ایک دفعہ ہی فنا ہوگیا۔
ڈلا (ہ۔ امر) ڈلانا کا **ڈلانا** (متعدی)
دیکھو ڈلوانا (مت)، **ڈلاؤ** (مذکر) ۱۔ کوڑا کرکٹ۔
میلا ۲۔ میلا ڈالنے کی جگہ۔ روڑی۔ کوڑی۔ گھورا۔
ڈلاؤ کی گاڑی (مؤنث) وہ گاڑی جس میں کوڑا
کرکٹ ڈال کر باہر پھینکتے ہیں۔
ڈلانا (ہ۔ امر) ڈلانا کا **ڈلاؤ ڈلانا**
(متعدی) ڈلانا کی تاکید **ڈلانا** (متعدی)، ڈولنا کا۔
حرکت یا جنبش دینا۔ ہلانا۔
ڈلتھ (شا) ریاست منیسوٹو کا ایک
شہر (۱۰۱)۔
ڈلٹا (انگ۔ مذکر) تکون زمین جو
دریا کے دہانے پر سمندر کے قریب بنجاتی ہے۔
ڈلٹن (۱۷۶۶ - ۱۸۴۴) انگریز
ماہر علم طبیعات۔ اصول جوہر دریافت کیا۔
ڈلفٹ (ہالینڈ) ایک شہر جو چینی
کے برتنوں کے لئے مشہور تھا۔
ڈلفی (یونان) ایک قدیم شہر جہاں
اپولو دیوتا کا مندر تھا۔ اب کھنڈرات موجود
ہیں۔
ڈلک (ہ۔ مؤنث) چمک۔ دمک۔
خصوصاً سونے کی ۲ ناہمواری سی جو صاف شفاف
چیز میں معلوم ہو **ڈلکنا** (لازم) چمکنا، دمکنا۔
ڈلک (ہ۔ مذکر) ۱۔ ٹوکری۔
چھینکا ۲۔ بہنگی ۳۔ ڈالی۔ میوہ جو بطور تحفہ بھیجا جائے۔
ڈلکا (ہ۔ مؤنث) ایک پرندہ
ممولا۔
ڈلملانا (ہ۔ لازم) ڈگمگانا۔
ڈلنا (ہ۔ لازم) عو۔ پڑنا۔
ڈلنا (ہ۔ لازم) ہلنا۔ حرکت کرنا۔
دیکھو ڈولنا۔
ڈلو (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈلو۔
ڈلوا (ہ۔ مذکر) بڑا ٹوکرا ۱ بغیر
ڈھکنے کے۔
ڈلوانا (ہ) ڈالنا کا۔
ڈلوچ (انگلستان) لنڈن کا
ایک حصہ (۷۱)۔
ڈلہوزی (۱۸۱۲ - ۱۸۶۰) جیمز
اینڈریو براؤن رامزے۔ پہلا مارکوئیس اور دسواں
ارل۔ انگریز مدبر ۱۸۴۸ء میں ہندوستان کا گورنر
جنرل ہوا۔ اس کے عہد میں پنجاب پیگو اور اودھ کا
الحاق ہوا۔ ۱۸۵۶ء میں انگلستان واپس گیا۔
ڈلہوزی (ہند) ضلع گورداسپور
میں ایک پہاڑی چھاؤنی۔
ڈلی (ہ۔ مؤنث) ۱۔ کسی چیز کا چھوٹا
ٹکڑا خصوصاً مصری مٹھائی یا برف کا ۲۔ سپاری،
چھالیا (ان معنوں میں کترنا کے ساتھ)۔
ڈلی (ہ۔ مؤنث) چھوٹا کچھوا۔
مادہ کچھوا۔
ڈلیا (ہ۔ مؤنث) ڈال کی تصغیر
۱۔ چھوٹی ٹوکری ۲ (ہ) ڈالی۔ شاخ **ڈلیا جھاڑ**
(مذکر) کنایتاً۔ کاشت کے موسم کا اختتام۔
کاشت کے بعد فراغت کا زمانہ۔
ڈلیوری (انگ۔ مؤنث) ۱۔ تقسیم
تفویض کسی چیز کی ۲ ڈاک کی تقسیم ۳ وضع حمل (ہو
جانا ہونا کے ساتھ)۔
ڈم (س۔ مذکر) ناٹک کا کھیل۔
لڑائی یا محاصرے کا سین یا نظارہ جو تماشا گاہ
میں دکھایا جائے۔
ڈمار (ہ۔ مذکر) ڈوم۔
ڈمب (س۔ مذکر) ۱۔ لڑائی۔
بلوہ ۲ لڑائی جو راجہ کے مارے جانے کے بعد
جاری رکھی جائے ۳ انڈا ۴ تیتری اور پروانے
کی پر نکالنے سے پہلی حالت ۵ جنین۔ بچے کی
شروع کی شکل بچہ دان میں ۶ بچہ دان ۷ نوزائیدہ
بچہ ۸ کسی جانور کا بچہ ۹ پھُنگا ۱۰ تلی ۱۱ پھیپھڑا۔
۱۲ بدن ۱۳ جسم کا پاگل۔ سڑی ۱۴ گیند ۱۵ آواز دینے
والا لٹو **ڈمبر کا** (مؤنث) ۱۔ بے شہوت عورت۔ زانیہ۔
۲ بلبلا ۳ ایک بیل۔
ڈمبارٹن شائر (سکاٹلینڈ)
شمال میں ایک کونٹی رقبہ ۲۴۶ (۱۴۸)۔
ڈمبھ (ہ۔ مذکر) غرور۔ فخر۔
تکبر۔
ڈمبھ (س۔ مذکر) ۱۔ نوزائیدہ
بچہ ۲ بچہ ۳ جانور کا بچہ ۴ سڑی۔ دیوانہ ۵ انڈا ۶
شگوفہ ۷ ایک دانو کا نام۔ **ڈمبھا** (مؤنث) بچہ۔
ڈمبھ چکر (مذکر) ایک قسم کا نقش۔
ڈمڈمی (ہ۔ مؤنث) ڈمرو۔
ڈمرن (س)، **ڈمرو** (ہ۔ مذکر)
۱۔ ایک قسم کی ڈگڈگی ۲ کوئی چیز جو اس شکل کی ہو ۳
گھٹنا۔
ڈمروا (ہ۔ مذکر) گھٹنوں کا درد۔
ڈمری (س۔ مؤنث) ڈمرو۔
ڈمرو (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی
ڈگڈگی۔
ڈمفریز شائر (سکاٹلینڈ)
ساحل پر ایک کونٹی رقبہ ۱۰۷۸ (۸۱)۔
ڈناؤ (ایشیا) مجمع الجزائر فلپائین
کے جزیرہ سیبو کا ایک بندرگاہ (۲۳)۔
ڈنٹھا (ہ)، **ڈنٹھل** (ہ۔ مذکر)
ڈنٹھلا ڈنٹھی (ہ) ۱۔ ٹہنی۔ شاخ ۲ مولی۔ گاجر
وغیرہ کی وہ شاخ جس پر بیج آئے۔
ڈنڈ (ہ۔ مذکر) ۱۔ بازو ۲ ایک
قسم کی ورزش۔ ڈنٹر ۳ جرمانہ۔ تاوان (ان معنوں
میں بھرنا دینا لینا کے ساتھ) ۴ (ہ) انتقام ۵
لاٹھی۔ سونٹا ۶ ٹیکس۔ محصول (س۔ ڈنڈ) **ڈنڈا**
(مذکر) سونٹا۔ لاٹھی ۱ زینے یا سیڑھی کی لکڑی ۳
جھنڈے کی لکڑی ۴ گدکا ۵ خیمے کی چوب ۶ مسہری
کی چوب ۷ لکڑی جس پر فقیر دوسری لکڑی مار کر

بجاتے ہیں ۸ وہ لکڑی جو حد مقرر کرنے کے لئے گاڑتے ہیں ۹ ترازو کی لکڑی ۱۰ پولیس کے سپاہیوں کے پاس جو چھوٹا لکڑی کا سونٹا ہوتا ہے ۱۱ (ھ) بازو ۱۲ (ھ) وہ شخص جو محصول اکٹھا کرے ۱۳ (ھ) دیوار جو گھر کے گرد کھینچی جائے۔ **ڈنڈا ڈولی کرنا** (متعدی) کسی شخص کو ٹانگوں اور بازوؤں سے پکڑ کر اٹھانا۔ **ڈنڈا زنی** (مؤنث) تشدد کا ایک طریقہ جس میں بازو پچھلی طرف باندھ دیئے جاتے ہیں اور رسی میں ڈنڈا دیکر اس کو گھماتے ہیں۔ **ڈنڈا کھینچنا** (متعدی) حد مقرر کرنا۔ دیوار بنانا **ڈنڈا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) مارنا (متعدی) لاٹھی سے مارنا **ڈنڈ پر خاک چڑھانا** (متعدی) پہلوان کا بازو پر خاک ملنا **ڈنڈ پیل** (صفت) ڈنٹر پیلنے والا **ڈنڈ پیلنا۔ کرنا یا نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ڈنڈ کی ورزش ہونا **ڈنڈ ڈالنا** (متعدی) تاوان ڈالنا یا عاید کرنا **ڈنڈ کھلا** (مذکر) نیلا کبوتر جس کی دم پر سفید پر ہوں **ڈنڈ منڈ کے بل سے** (تف) سر اور بازوؤں کی طاقت سے۔ پوری قوت سے۔ **ڈنڈنا** (متعدی) ۱ ڈنڈ لگانا ۲ (لازم) تاوان برداشت کرنا۔ جرمانہ دینا۔ سزا برداشت کرنا۔ **ڈنڈی** (مؤنث) ۱ ترازو کی لکڑی ۲ دستہ۔ قبضہ ۳ ہارسنگھار کے پھول کا سرخی مائل زرد حصہ ۴ ڈنٹھل ۵ گز ۶ آلہ تناسل ۷ (ھ) ایک قسم کی بالی ۸ ٹال۔ تک ۹ ہندو فقیروں کی ایک قسم جو صرف برہمن سے دان لیتے ہیں ۱۰ چھوٹا راستہ۔ راہ ۱۱ (ھ) گاڑی کی لمبی لکڑی ۱۲ لکیر۔ دھاری۔ **ڈنڈے** (مذکر) ڈنڈا کی جمع **ڈنڈیا** (مذکر) محصول وصول کرنے والا **ڈنڈے بجاتے پھرنا** (مذکر) بیکار پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا **ڈنڈے بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ ڈنڈے بجانے والے فقیروں کا پیشہ ہونا ۲ بیکار ہونا **ڈنڈی دار** (مذکر) تولنے والا۔ تولا۔ **ڈنڈی لگانا** (متعدی) دستہ لگانا **ڈنڈی مار** (مذکر) کم تولنے والا شخص **ڈنڈی مارنا** (متعدی) کم تولنا۔ ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا کہ کم تلے **ڈنڈے منڈے کے بل سے** دیکھو ڈنڈ منڈ الخ۔

امثال واقوال۔ ڈنڈا سی پونچھ بڈھانہ کا رستہ۔ کمال بے سامانی پر سفر کرنا۔ **ڈنڈنا اچھا ہنڈنا برا**۔ نقصان ایک جگہ رہ کر اٹھانا مضائقہ نہیں۔ جگہ جگہ سکونت اختیار کرنی بری ہے۔

ڈُنڈ (ہ۔ مذکر) درخت کا تنہ بغیر شاخوں کے ٹنڈ۔

ڈَنڈَھ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گرگٹ ۲ ایک قسم کا سانپ۔

ڈِنڈِرہ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی کی ہڈی۔

ڈِنڈِم (س۔ مذکر) **ڈنڈمی** (ھ) ۱ ایک قسم کا ڈمرو ۲ ایک پودہ۔ کرونڈا۔

ڈَنڈوارا (ھ۔ مذکر) جنوبی ہوا۔

ڈَنڈَوَت (ھ) **ڈندوت**۔ (ہ۔ مؤنث) ہندوؤں میں سلام کا ایک طریقہ۔ سجدہ۔ آداب۔ تسلیم (کرنا ہونا کے ساتھ)

ڈَنڈی (سکاٹ لینڈ) سکاٹ لینڈ کا تیسرا شہر اور بندرگاہ (۸۵)۔

ڈَنڈیرہ (ھ۔ مؤنث) لکیر۔ دھاری۔ نشان۔ **ڈنڈیروان** (صفت) لکیردار۔ دھاری دار۔

ڈِنڈِیگل (ہند) ایک شہر ضلع مدورا مدراس میں (۲۱)۔

ڈِنر (انگ۔ مذکر) ۱ رات کا کھانا۔ انگریزوں کا دن میں سب سے بڑا کھانا ۲ دعوت (دینا۔ کرنا۔ کھانا۔ کھلانا۔ لینا۔ ہونا کے ساتھ)۔

ڈَنٹر (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈنڈ ۲ و ۳

ڈنٹر بجھا (صفت) کمزور۔ ناتواں **ڈنٹر بجھے گواہی دیتے ہیں**۔ طنز سے کہتے ہیں۔ تم ایسا کام نہیں کر سکتے بہت کمزور ہو۔ **ڈنٹر پیل پیلنا** وغیرہ دیکھو ڈنڈ کے تحت میں **ڈنٹر ملنا** (متعدی) تعریف کے طور پر پہلوانوں کے ڈنڈ ملتے ہیں۔

ڈُنسنا (ھ۔ متعدی) ڈسنا۔

ڈُنک (ہ۔ مذکر) ۱ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا۔ نیش (چبھونا لگانا لگنا کے ساتھ) ۲ انگریزی قلم کا نب ۳ نشان جو جونک کے کاٹنے سے پڑ جاتا ہے۔ **ڈنک لگانا یا مارنا** (متعدی) ۱ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹنا ۲ آزار پہنچانا۔ نقصان پہنچانا **ڈنکی** (ھ) دیکھو ڈنکیلا **ڈنکیانا** (ھ۔ متعدی) ڈنک مارنا **ڈنکیلا** (ھ۔ صفت) ۱ ڈنک مارنے والا ۲ (مذکر) ڈنک مارنے والا جانور۔

ڈَنکا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ (ھ) نقارہ بجانے کی لکڑی جو موٹی آواز پیدا کرتی ہے ۳ (کنایتاً) شہرت۔ شہرہ۔ چرچا۔ آوازہ ۴ عروج۔ ترقی (آخری دو معنوں میں بجنا بجانا کے ساتھ) **ڈنکا بجانا** (متعدی) ۱ نقارہ بجانا ۲ شہرت دینا۔ مشہور کرنا ۳ حکومت یا سلطنت کرنا ۴ اختیارات برتنا۔ رعب جمانا ۵ خوشی کرنا۔ مزے اڑانا ۶ بدنام کرنا۔ قلعی کھولنا **ڈنکا بجنا** (لازم) شہرت پانا **ڈنکا دینا** (متعدی) ۱ نقارہ بجانا ۲ کسی بات کا اعلان کرنا **ڈنکا ڈالنا** (مرغبازی) ۱ مرغ سے مرغ لڑانا۔ ۲ مرغ کا چونچ مارنا ۳ مرغ کی بازی بدنا **ڈنکا ہونا** (لازم) سواری کے آگے ڈنکے کا بجنا **ڈنکے بجے ہیں**۔ **ڈنکائی** (ھ۔ مؤنث) ڈنکا بجانے کی اجرت **ڈنکے پر چوب پڑنا** (لازم) نقارہ بجنا **ڈنکے کی چوٹ** (تف) کھلم کھلا۔ علی الاعلان (کہنا کے ساتھ)۔

ڈَکارنا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھو ڈکارنا ۲ نبکارنا۔ چیخنا ۳ خفا ہونا۔

ڈُنکنی (ہ۔ مؤنث) دیکھو ڈاکنی۔

ڈِنگا (ہند) ضلع گجرات میں ایک ایک قصبہ (۷)۔

ڈَنگَر (ھ۔ مذکر) مویشی۔ حیوان۔ ڈنگر ہے۔ احمق ہے۔ بیہودہ ہے۔

ڈِنگَر (س۔ مذکر) ۱ غلام۔ ملازم۔

نوکر ۲ بدمعاش - دغاباز ۳ کمینہ یا رذیل بدچلن آدمی ۴ موٹا آدمی -

ڈُنگر پُور (ہند) ۱ راجپوتانہ میں ایک ریاست رقبہ ۱۴۴۷ (۲۲۸۰) ۲ راجدھانی (۷)

ڈِنگل (ھ - صفت) ۱ نیچا - گہرا ۲ بے قاعدہ ۳ غلط -

ڈِنگو (انگ - مذکر) اصل لفظ ڈنگے ہے - ایک قسم کا بخار جس سے بدن میں سخت درد ہوتا ہے -

ڈُنگوارا (ھ - مذکر) کاشتکاری میں ایک دوسرے کی امداد - کاروبار کا شریک - **ڈُنگواری** (مؤنث) مویشی کی مشترکہ ملکیت - کاروبار کی شرکت -

ڈُنگولا (افریقہ) ۱ سوڈان کا ایک صوبہ رقبہ ۱۰۰۰۰ (۱۳۱۴) (۶۰) ۲ جدید - صدر مقام (۱۵)

ڈِنگی (ھ - مؤنث) ڈینگی چھوٹی کشتی -

ڈُنگیا (ہ - مؤنث) چھوٹی کشتی - ناؤ یا ڈونگا -

ڈِنمارک (یورپ) جرمنی کے شمال میں ایک ملک ۱۲۵۶۸ (۳۴۳۵) کوپن ہیگن دار الخلافہ -

ڈُنور (شا) ریاست کولوروڈو کا دار السلطنت (۲۸۸)

ڈنیپروپیٹروؤسک (یوکرین) ایک شہر جہاں بہت سے کارخانے ہیں (۱۸۸) -

ڈوّا (ہ - مذکر) بڑی ڈوئی یا لکڑی کا بڑا چمچا -

ڈُوب (ہ - امر) ۱ ڈوبنا کا ۲ (مذکر) غوطہ - ڈبکی (س ورُڈ - ڈوبنا) **ڈوبا** (ماضی) ۱ ڈوبنا کا ۲ (ھ - امر) ڈوبانا کا ۳ غرق - پانی کے نیچے ۴ تباہ - برباد - کھویا ہوا ۵ (مذکر) ڈوبا ہوا آدمی - ۶ نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہے - **ڈوبا جزیرہ** جو دریا میں پیدا ہو جائے ۲ ڈوبا ۶ **ڈوبا خرچ** (مذکر) خرچ جس کی برآمدگی کی امید نہ ہو - وہ خرچ کیا ہوا روپیہ جس کی واپسی نہ ہو **ڈوبا دینا ڈوبانا** (ھ - متعدی) ڈبانا - **ڈوبا نام اچھالنا** (متعدی) گئی ہوئی آبرو کو دوبارہ حاصل کرنا **ڈوبا ہوا** (صفت) ڈوبا ۳و۴و۵ **ڈوبا ہوا کھاتا** (مذکر) ان اخراجات کا رجسٹر یا کھاتا جن کی برآمدگی ناممکن ہوگئی ہو - **ڈوبا ہونا** (لازم) ۱ نشے میں بے خود ہونا ۲ خیالات میں محو ہونا - متفکر ہونا ۳ تباہ ہونا - برباد ہونا **ڈوبائی** (ھ) ۱ ڈوبنا ۲ رشوت جو بلا شرط دی جائے - چاہے کام ہو نہ ہو - جو کام نہ ہونے پر واپس ہوا سے ترانی یا ترائی کہتے ہیں -

ڈوبتا (صفت) ۱ ڈوبنے والا - غرق ہونے والا - ۲ (مذکر) وہ آدمی جو ڈوب رہا ہو - **ڈوبتے اچھلتے** (تف) بمشکل **ڈوبتی ہوئی ناؤ کو ترا لینا** (متعدی) بگڑی ہوئی حالت کو بنا لینا **ڈوب جانا** (لازم) دیکھو ڈوبنا **ڈوب دینا** (ھ) ڈبکی لگانا غوطہ مارنا - **ڈوب گیا** ۱ برباد ہوگیا - غرق ہوگیا ۲ کم ہمتی کی - عاجز ہوگیا - **ڈوب مرنا** (متعدی) شرم یا حیا سے پانی میں غرق ہو کر مرجانا - **ڈوبن** (صفت) ڈوبنے والا **ڈوبنا** (لازم) ۱ غرق ہونا - پانی کے نیچے جانا - دریا برد ہونا ۲ ضائع ہونا - نقصان ہونا ۳ نیست و نابود ہونا - مرنا ۴ تباہ ہونا - برباد ہونا ۵ کسی چیز میں پوری طرح گھس جانا ۶ نشے میں چور ہونا ۷ خیال میں محو ہونا ۸ کھو جانا ۹ بھیڑ میں چھپ جانا ۱۰ (سورج وغیرہ) غروب ہو جانا - چھپ جانا ۱۱ (پسینے میں) بھیگنا - پسینہ پسینہ ہونا **ڈوبن بیڑا** (ھ) ۱ ڈوبتی ہوئی کشتی ۲ کوئی کام جس میں نقصان ہو ۳ سخت پاپ یا گناہ -

ڈوبن بیڑا آجانا یا پڑنا (ھ) ۱ نقصان وہ ثابت ہونا ۲ سخت پاپ کرنا ۳ بیڑا ڈوبنے لگنا -

ڈوبنت (ھ) ۱ ڈوبا ہوا ۲ تباہ - برباد ۳ ناقابل وصولی **ڈوبنت ٹیپ** (ھ) ہنڈی جس کی میعاد گزر گئی ہو **ڈوبنت کھاتا** (ھ) ناقابل وصولی بقایا - **ڈوبونا** (ھ) ڈبونا - **ڈوبی (ہوئی) آسامی** (مؤنث) مقروض جب قرضہ ادا کرنے کے قابل نہ رہے **ڈوبی ڈھیری ہے** - محض نکما ہے - کم ہمت - آرام طلب یا بے مقدور ہے - **ڈوبی ہوئی رقم** (مؤنث) وہ رقم جس کے ملنے کی امید نہ ہو **ڈوبی ہوئی رقم ہری ہونا** (لازم) ایسی رقم مل جانا جس کے ملنے کی امید نہ تھی -

امثال واقوال - **ڈوبا بنس کبیر کا جو اپجا پوت کمال** - اولاد خراب ہونے کے موقع پر کہتے ہیں - کبیر نے اپنے بیٹے کو تعلیم دی تھی کہ دنیا میں عورتوں کو مائیں - بہنیں یا بیٹیاں سمجھنا چاہیئے - جب کمال بڑا ہوا تو کبیر نے اس کی شادی کرنی چاہی - کمال نے انکار کر دیا کہ وہ ماں، بہن، بیٹی سے کس طرح شادی کرے - **ڈوبا بنس کبیر کا جو جائے پوت کمال - رام رام دھن نہیچ کے لائے چار ہنوال** - ایک راجہ کا بیٹا کمال کی دعا سے اچھا ہوگیا - اس نے چار خچر اشرفیوں کے لدوا کر بھیجے جو کمال نے رکھ لئے - کبیر کو جب معلوم ہوا تو اس نے ناراض ہو کر یہ کہا - ناخلف اولاد کی نسبت کہتے ہیں - **ڈوبتے کو تنکے کا سہارا** - مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بہت ہے - **ڈوبے کٹورا پٹے گھڑیال** خطا کسی کی سزا کسی کو **ڈوبی کنٹھ بھروسے تیرے** (ع) تجھ پر اعتبار کر کے برباد ہوئی **ڈوبے گا بھاڑو کا بھاڑو - رات سمے نے دے سٹی جھاڑو** - ہندوؤں کا خیال ہے کہ رات کو جھاڑو دینا سخت منحوس ہوتا ہے اور بربادی کا باعث ہوتا ہے -

ڈوب (ہ - امر) ڈوبنا کا ۲ غوطہ کسی چیز کو کسی چیز میں بھگونا ۳ قلم کو ایک بار سیاہی میں تر کرنا ۴ کپڑے کو ایک دفعہ رنگ یا پانی میں ڈبونا ۵ بدن پر بار بار پسینہ آنا **ڈوبا** (مذکر) ۱ قلم کو ایک بار سیاہی میں ڈبونا - بھر لینا کے ساتھ ۲ (ھ) صفت - بیہوشی ۳ (ھ) تالاب - پانی کا ذخیرہ **ڈوبان** (ھ - مذکر)

دیکھو ڈوبا ۳ **ڈوب دینا۔ ڈوبنا** (متعدی) ڈوبنا کا ۱ قلم کو سیاہی میں ڈالنا ۲ کپڑے کو رنگ یا پانی میں ڈبونا ۳ دور دور بخیہ کرنا۔

ڈوپٹہ ۔ (ہ۔ مذکر) دیکھو دوپٹہ۔

ڈوڈا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ گول چیز جس کے اندر پھل کے بیج ہوتے ہیں۔ خصوصیت سے پوست۔ کپاس اور آک کی نسبت استعمال ہوتا ہے ۲ (مذاقاً) آلہ تناسل کا اگلا سرا۔

ڈور (ہ۔ مؤنث) ۱ دھاگا۔ تاگا بٹا ہوا ۲ سوت کی باریک رسی۔ سُتلی ۳ تاگا جس سے پتنگ اُڑاتے ہیں ۴ تاگا جس سے مچھلی کا شکار کھیلتے ہیں ۵ فائق۔ غالب۔ زبر ۶ نئی بات۔ انوکھی بات ۷ لو۔ دھن ۸ عاشق۔ مائل۔ لٹو (س۔ دولا) **ڈورا** (مذکر) ۱ دھاگا۔ بٹا ہوا دھاگا ۲ آنکھ کی رگیں یا سُرخی ۳ خط۔ لکیر ۴ گھی وغیرہ کی دھار ۵ تلوار کی باڑھ ۶ کٹورا ڈنڈی دار جس سے باورچی گھی ڈالتے ہیں ۷ وہ خط جو سرمہ آلود سلائی سے آنکھوں میں کھینچ دیتے ہیں ۸ ناپنے کا تاگا ۹ گردن کی جنبش ناچنے والے کی یا معشوق کی ۱۰ تاگا جس سے کبابوں کو باندھتے ہیں ۱۱ ڈوڈا پوست کا ۱۲ جال۔ دام۔ فریب ۱۳ گانے میں لمبی اور اونچی آواز۔ **ڈورا الجھانا** (متعدی) ڈورا مروڑنا **ڈورا ڈالنا** (متعدی) تاگا پرونا **ڈور پر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ہلنا۔ سدھایا جانا۔ ڈھب پر لگنا **ڈور پر رکو، مانجھا دینا** (متعدی) پسا ہوا شیشا اور چاولوں کی پیچ اور رنگ ملا کر ڈور پر لگانا۔ اس طرح تیار کیا ہوا تاگا پتنگ اُڑانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے **ڈور سلجھانا** (متعدی) الجھی ہوئی ڈور کے پھندے نکالنا **ڈورک** (س) ۱ دھاگا جو بازو یا کمر میں باندھا جاتا ہے ۲ دھاگا جو پارسل پر باندھا جاتا ہے **ڈور لگنا** (لازم) لو لگنا۔ خیال میں غرق ہونا **ڈور ہونا** (مذکر) ۱ عاشق ہونا۔ مائل ہونا ۲ غالب ہونا **ڈوری** (مؤنث) ۱ پتلا بٹا ہوا دھاگا۔ پتلی رسی ۲ وہ بٹا ہوا ڈورا یا فیتہ جو عورتیں سینہ بند وغیرہ کے سرے پر ٹانکتی ہیں ۳ وہ ریشمی یا سوتی دھاگا جس سے پلنگ کے چاروں طرف چادر کو باندھ دیتے ہیں ۴ پانی بھرنے کی رسی ۵ خیمہ کی رسی ۶ زمین ناپنے کی رسی۔ ۷ وہ دھاگا جس سے کاغذات اور پارسل باندھتے ہیں ۸ ڈورک۔ **ڈورے** (مذکر) ڈورا کی جمع۔ **ڈورے چھوٹنا** (لازم) آنکھوں کی رگوں کا گلابی ہونا خمار یا بیداری سے **ڈورے چھوڑنا** (متعدی) ۱ تاگے ڈالنا ۲ سرمے کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر کھینچنا **ڈورے ڈالنا** (متعدی) ۱ روئی دار کپڑے میں تاگے ڈالنا ۲ لحاف رضائی وغیرہ نگندنا ۳ سر گوندھنا ۴ مائل کرنا اشاروں یا محبت کی باتوں سے ۵ جال بچھانا۔ پھندا لگانا۔ ۶ فریب کا جال پھیلانا ۷ اونچی اور لمبی آواز نکالنا ۸ چڑیا یا مینا کا لگاتار چہچہانا **ڈوری ڈھیلی چھوڑنا** (متعدی) نگرانی نہ کرنا۔ حفاظت سے غافل ہوجانا۔ **ڈورے کاٹنا یا کترنا** (متعدی) چھالیا کے سروتے سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ **ڈوری کھینچنا** (ھ) بلانا۔ طلب کرنا۔

ڈورا (ھ۔ مذکر) ڈوڈا ۲ (مذکر) ۱ ڈوئی۔ بڑا چمچا جس سے پانی برتن میں سے نکالتے ہیں عموماً ناریل کے کھوپرے میں ڈنڈی لگا کر بنا لیتے ہیں ۳ گڑھا پانی سے بھرا ہوا ۴ گڑھے جو دریا کے خشک رستے میں پانی کے لئے نکالتے ہیں۔ چویا **ڈوری** (مؤنث) ڈوئی۔

ڈورالسو (البانیہ) بندرگاہ (۱۰)۔

ڈورٹ مونٹ (پروشیا) ایک شہر جہاں لوہے اور شراب کے کارخانے ہیں۔ (۳۲۱)۔

ڈورو (ہ۔ مذکر) ڈمرو۔ ڈگڈگی۔

ڈورو (ہسپانیہ) ایک دریا جو ۴۸۵ میل لمبا ہے۔

ڈوریا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا ڈوریلا یا دھاری دار کپڑا ۲ کتوں کا پالنے یا سدھانے والا۔

ڈوڑ (ھ۔ مذکر) راجپوتوں کی ایک ذات۔

ڈوڑھا (ھ صفت) ۱ ڈیوڑھا ۲ (مذکر) ایک سُر جو ڈیوڑھی اونچی ہو۔

ڈوسلڈارف (پروشیا) ایک شہر اور دریائے رائین پر ایک بندرگاہ (۴۳۰)۔

ڈوک (ہ۔ مؤنث) ۱ قے کرنا۔ ۲ ایک بیماری جو جانوروں کے پھیپھڑوں میں ہو جاتی ہے ۳ بڑا گھونٹ (س اُد۔ اوپر۔ ڈم۔ منہ سے نکالنا) **ڈوکنا** (لازم) ۱ قے کرنا ۲ لمبے لمبے گھونٹ بھرنا۔ بہت پینا **ڈوکی** (مؤنث) قے کرنے کا فعل۔

ڈوکر۔ ڈوکرا (ھ۔ مذکر) بہت بوڑھا **ڈوکری** (مؤنث) بڑھیا۔

ڈوگ (انگ۔ مذکر) کتا۔ سگ۔

ڈوگر (ہ۔ مذکر) ۱ ایک ذات مسلمانوں اور ہندوؤں میں ۲ دیکھو ڈونگر۔

ڈوگرا (ہ۔ مذکر) ڈگر کا باشندہ۔ یہ لوگ راجپوت ہیں۔ اور پنجاب کے شمال کی پہاڑیوں میں رہتے ہیں۔ انگریزی فوج میں ان کی خاص رجمنٹیں ہیں۔ زیادہ تر علاقہ جموں میں ہیں۔

ڈول (ہ۔ مذکر) ۱ شکل۔ صورت۔ ۲ ڈھنگ۔ وضع ۳ طور۔ طریقہ ۴ خصلت۔ انداز ۵ چال ڈھال ۶ بدن کی قسمتی شکل۔ بناوٹ۔ ڈھانچہ ۷ بولنے کا طریقہ۔ طرزِ گفتگو ۸ نمونہ۔ نقشہ۔ ۹ موقعہ۔ محل ۱۰ تجویز۔ تدبیر ۱۱ (ھ) مالگزاری یا جائداد کا تخمینہ ۱۲ (ھ) کھیت کی مینڈ ۱۳ (ھ) حد۔ ڈولا ۱۴ (ھ) جماع۔ مباشرت۔ مجامعت۔ بھوگ۔ **ڈولا** (ھ) دیکھو ڈول **ڈولا بنانا** (متعدی) ۱ کھیت میں لے جا کر جماع کرنا۔ (زمینداری محاورہ) ۲ کھیت کی مینڈ بنانا۔ کام کرنا۔ **ڈول پتر** (ھ) نمونے کی فارم یا نقشہ **ڈول پٹہ** (مذکر) کھیت کی مالگزاری **ڈول پر لانا** (لازم) ۱ ڈول بنانا۔ اپنے ڈھنگ کا بنالینا۔ ڈھب پر لانا

پر لانا ۷ درست کرنا ۔ ترتیب دینا **ڈول ڈالنا** (متعدی) ۱ بنیاد رکھنا ۲ مثال قائم کرنا ۳ انتظام کرنا ۴ طریقہ اختیار کرنا ۵ تعلق پیدا کرنا **ڈول سے** (تلف) طریقے سے ۔ قاعدے سے ۔ ترتیب سے **ڈول ہونا** (لازم) طریقہ معلوم ہونا ۔

ڈول (ہ ۔ امر) ۱ ڈولنا کا ۲ (مذکر) ہلنا ۔ چلنا وغیرہ دیکھو ڈولنا **ڈولا** (ھ) دیکھو ڈلنا **ڈول پھیر** (ھ) ۱ جنبش ۔ حرکت ایک طرف سے دوسری طرف ۲ بیقراری ۔ بیچینی ۳ بے نظمی کی حالت **ڈول ڈول** (ھ) آوارہ گردی ۔ اِدھر اُدھر پھرنا **ڈولنا** (لازم) ۱ ہلنا ۔ حرکت کرنا ۔ جنبش کرنا ۲ مارا مارا پھرنا ۳ کانپنا ۔ تھرتھرانا ۴ جھولنا ۔ جھومنا ۔ لہرانا ۵ متزلزل ہونا ۔ راہ راست سے پھرنا ۶ آوارہ گردی کرنا ۔

ڈول (ہ ۔ مذکر) ۱ چمڑے یا لوہے کا برتن جس سے کوئیں سے پانی نکالتے ہیں ۲ چمڑے کا برتن جس سے آبپاشی کے لئے پانی پھینکتے ہیں ۔ ۳ (ھ) بادبان ۴ (ھ) ایک قسم کی سیاہ زرخیز مٹی (س دُل ۔ ہلنا) **ڈول پر کا دانا ہے** ۔ صفت ملا ہوا ہے ۔ بے منت و محنت ملا ہوا **ڈول پھانسنا یا ڈالنا** (متعدی) کوئیں میں ڈول پانی نکالنے کے لئے لٹکانا **ڈولچا** (مذکر) **ڈولچی** (مؤنث) چھوٹا ڈول **ڈول کھینچنا** (متعدی) ڈول ۱ کنوئیں سے پانی بھر کر نکالنا ۔ **ڈول گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) رسی ٹوٹ کر ڈول کا کوئیں میں جا گرنا ۔ **ڈول نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ کوئیں میں گرا ہوا ڈول باہر نکال لاجانا ۲ پانی کا بھرا ہوا ڈول کنوئیں سے باہر لانا ۔

ڈولا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک زنانی سواری جس میں دلہن کو رخصت کرتے ہیں ۲ عورت جو بادشاہوں یا بڑے آدمیوں کو بطور نذر دی جاتی تھی ۔ اس سے نکاح ہوتا تھا مگر باقاعدہ شادی نہیں ہوتی تھی ۔ یہ بیاہتا سے کم درجے کی اور کنیزوں سے برتر سمجھی جاتی تھی ۳ (ھ) جھولا ۴ (ھ) گہوارا (س دُل ۔ ہلنا) **ڈولا اچھلنا** (لازم) ۱ (تحقیراً) ڈولی پر چڑھ کر جانا ۲ ایک عورت کا دوسری عورت کے خاوند سے شادی یا آشنائی کر لینا **ڈولا جانا** (لازم) **دینا** (متعدی) ۱ دیکھو ڈولا ۲ ۔ ۲ امیر آدمی کو اخذ زر کے لئے (بغیر نکاح کے) بیٹی دینا **ڈولا لینا** (متعدی) ۱ عورت کو نذر کے طور پر لینا ۲ ڈولے کی رسم سے عورت کو زوجہ بنانا ۔ **ڈولا نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دولھا کے گھر دلھن کا جانا **ڈولی** (مؤنث) ۱ ایک قسم کی زنانی سواری جسے دو کہار اٹھاتے ہیں ۲ بیماروں کو اٹھا کر لے جانے والی سواری جو چارپائی کی قسم کی ہوتی ہے **ڈولی آنا** (لازم) ۱ دلہن کا شادی کے بعد دولھا کے گھر آنا ۲ جب لڑکی والے لڑکی کو شوہر کے گھر لاکر شادی کرتے ہیں ۔ تو اسے دیہات میں ڈولی آنا کہتے ہیں ۔ **ڈولی اُترنا** (لازم) ڈولی کی سواری اترنا **ڈولی الٹی پھیرنا** (متعدی) ڈولی کو مع سواری کے واپس پھیرنا **ڈولی چڑھنا** (لازم) ڈولی میں سوار ہونا ۔ **ڈولی لگی (کھڑی) ہے** سواری کے لئے ڈولی ڈیوڑھی پر تیار ہے ۔

امثال و اقوال ۔ **ڈولی آئی ڈولی آئی میرے من میں چاؤ ۔ ڈولی میں سے نکل پڑا بھونکڑا بلاؤ** ۔ بدشکل بیوی بیاہ کر لانے پر مذاقاً کہتے ہیں ۔ **ڈولی میں بیٹھ کر اپلے چننے (لینے) گئے ہیں** ۔ ۱ کوئی کام خلاف وضع ہونے کے موقع پر کہتے ہیں ۲ جب کوئی کسی کو پوچھے تو مذاقاً کہتے ہیں ۔ **ڈولی نہ کہار بی بی بیٹھی ہیں تیار** ۔ سامان کچھ نہیں ارادے بڑے ۔

ڈو ولیرا (۱۸۸۲ ۔) ایمن ۔ آئرش مدبر ۔ ۱۹۱۶ء کی بغاوت میں شامل ہوا ۔ مگر گرفتار ہو گیا ۔ اسے موت کی سزا ہوئی مگر آخر کو معاف کر دیا گیا ۔ ۱۹۱۸ء میں آئرش ریپبلک کا پریذیڈنٹ منتخب ہوا ۔ اس کے بعد پھر گرفتار ہوا ۔ مگر فرار ہو کر امریکہ چلا گیا ۔ ۱۹۲۱ء میں واپس آیا ۔ ۱۹۲۳ء میں پھر گرفتار ہوا مگر رہا کیا گیا ۔ ۱۹۲۷ء میں فری سٹیٹ پارلیمنٹ میں شامل ہوا اور وفاداری کی قسم یہ کہہ کر کھائی کہ یہ خالی پولیٹیکل فارمولا ہے ۔

ڈوئل آرن (آئر ۔ مؤنث) آئرش فری سٹیٹ کی پارلیمنٹ ۔

ڈوم (ہ ۔ مذکر) **ڈومب** (ھ) ہندوؤں کی ایک قوم جو ٹوکریاں چٹائیاں وغیرہ بناتی ہے ۔ اور مرگھٹوں پر کام کرتی ہے ۲ مسلمانوں میں ایک قوم جو گانے بجانے کا پیشہ کرتی ہے ۳ اس قوم کا ایک فرد (س ۔ ڈوم) **ڈوم پن یا پنا** (مذکر) ۱ ڈوم کا پیشہ ۲ بے جا خوشامد **ڈومڑا** (ھ ۔ مذکر) ڈوم **ڈومن پنا** (ھ ۔ مذکر) ڈوم پنا **ڈومنی** (مؤنث) ۱ ڈوم قوم کی عورت ۲ ڈوم کی بیوی ۔ **ڈومنی کی لونڈی** (مؤنث) بہت کمینی عورت ۔

امثال و اقوال ۔ **ڈوم اور چنا منہ لگا بُرا** ۔ دونوں کا شوق پڑ جائے تو چھوٹتا نہیں ۔ **ڈوم بجائے چلنی اور ذات بتائے اپنی** ۔ آدمی کی اصلیت اس کے قول و فعل سے ظاہر ہو جاتی ہے ۔ **ڈوم بنیا پوستی تینوں بے ایمان** ۔ ان تینوں کا اعتبار نہیں **ڈوم ڈولی پاٹھک پیادہ** ۔ الٹا زمانہ ہے ۔ ڈوم ڈولی میں چڑھتے ہیں ۔ اور استاد پیدل چلتے ہیں **ڈوم کا تیر خدا جھوٹ (خیرا) کرے** ۔ کسی بین واقعے اور تکلیف اور آفت کو چھپانے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ ایک ڈوم کے تیر لگا تو وہ یہی کہتا تھا کہ خدا جھوٹ کرے ۔ **ڈوم کا گلا عطار کا شیشہ** ۔ دونوں یکساں ہیں ایک کے گلے سے قسم قسم کے نغمے اور دوسرے کے گلے سے قسم قسم کی خوشبوئیں نکلتی ہیں ۔ **ڈوم کا گھر شیخی میں گیا** ۔ اپنی طاقت سے زیادہ نمود میں نقصان ہوتا ہے ۔ **ڈوم کے گھر بیاہ من آوے سو گا** ڈوم کو دوسری جگہ تو جو فرمائشیں ہوں وہ گانا پڑتا ہے ۔ اپنے گھر میں جو چاہے گائے ۔ مطلب یہ ہے

کہ اپنے گھر میں جو چاہو کرو۔ ڈومنی کا پوت چپنی بجائے۔ اپنی ذات آپ ہی بنائے۔ دیکھو ڈوم بجائے الخ۔

ڈومر (ھ۔ مذکر) گولر **ڈومر کا پھول ہونا** (لازم) بہت ہی نایاب ہونا۔

ڈومیشن (۵۱ - ۹۶) ٹائٹس - فلیولیس - بن قیصر وسپیسن قیصر روم ۸۱ء تخت نشین ہوا۔ اس نے بہت سی عمارتیں بنوائیں۔ آخر عمر میں بہت ظلم کئے۔ ایک غلام نے سوتے میں قتل کر ڈالا۔

ڈون (یورپ) روس کا ایک دریا ۱۳۲۵ میل لمبا۔ بحیرہ ازاف میں گرتا ہے۔

ڈون (ھسپانی۔ مذکر) ایک خطاب جو مردوں کے نام کے ساتھ انگریزی مسٹر کے مقابلے کا ہے۔ **ڈونا** (مؤنث) مسز۔ بیگم۔ **ڈون کوگزاٹ** (مذکر) ھسپانوی زبان کی ایک مشہور کتاب مصنفہ سرونٹیز۔ اس کا ترجمہ اردو میں سرشار نے بنام "خدائی فوجدار" کیا ہے۔

ڈونج۔ ڈونجا (ھ۔ مذکر) مچان۔ پاڑ جس پر بیٹھ کر فصل میں سے پرندوں کو اڑاتے ہیں۔

ڈونڈا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک سینگ کا بیل ۲ وہ بیل جس کے سینگ مڑے ہوئے ہوں۔ **ڈونڈا** (صفت) وہ (بیل) جس کا ایک سینگ ٹوٹا ہوا یا مڑا ہوا ہو۔ **ڈونڈی** (مؤنث) گائے جس کا سینگ ٹوٹا یا مڑا ہوا ہو۔

ڈونڈی (ہ۔ مؤنث) ۱ ڈھنڈورا۔ ۲ منادی دینا۔ پیٹنا۔ پھرنا پھیرنا کے ساتھ (اس دُندُمی)۔

ڈونر۔ ڈونرا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گرگٹ ۲ ایک قسم کا دوسر کا سانپ۔

ڈونڑی (ھ۔ مؤنث) ڈونڈی۔

ڈونکاسٹر (انگ) یارک شائر میں ایک شہر (۴۵)۔

ڈونکنا (ھ۔ متعدی) ۱ ڈوکنا۔ ۲ (مذکر) ایک قسم کی فاختہ۔

ڈونگا (ھ۔ مذکر) ۱ پانی نکالنے کا ڈنڈی دار برتن ۲ دسترخوان پر کھانا رکھنے کا چینی یا دھات کا برتن جس کے دونوں طرف پکڑنے کے لئے کنڈے لگے ہوتے ہیں ۳ کونڈا ۴ ایک قسم کی چھوٹی کشتی ۵ (ھ) ڈوئی۔ لکڑی کا بڑا چمچا (اس درون۔ لکڑی کا برتن) **ڈونگی** (مؤنث) ۱ چھوٹی کشتی ۲ ایک قسم کی کشتی جو جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے ۳ (ھ) چمچی **ڈونگیا** (مؤنث) چھوٹی کشتی۔ ڈونگی۔

ڈُونگا۔ ڈونگا (ھ۔ صفت) گہرا۔ عمیق **ڈونگان** (مذکر) **ڈونگائی** (مؤنث) ۱ گہرائی۔ عمق ۲ غار۔ گہری جگہ۔ اتھاہ۔

ڈُونگر۔ ڈونگر (ہ۔ مذکر) ۱ پہاڑ۔ کوہ۔ پربت ۲ پہاڑی علاقہ ۳ اونچی زمین۔ سطح مرتفع **ڈونگر پھل** (مذکر) ایک قسم کی گھاس جو گھوڑوں کو دی جاتی ہے۔ **ڈونگری** (مؤنث) پہاڑ ٹیلا۔

ڈونگرا (ہ۔ مذکر) پھوہار یا بارش۔

ڈونگرا خون کا برسنا (لازم) سخت خونریزی ہونا۔

ڈونگھی (ھ۔ مؤنث) شاخ ٹہنی۔

ڈونی (ھ۔ مؤنث) ۱ چھوٹی کشتی ۲ چھوٹا کونڈا ۳ پتوں کا لمبوترا دونا جو گھی کے لئے بناتے ہیں۔

ڈونیگل (آئرلینڈ) شمال مغرب میں ایک کاؤنٹی (۱۵۳)۔

ڈوور (انگلستان) ۱ ایک آبنائے جو بحر شمالی اور انگلش چینل کو ملاتی ہے ۲ شہر (۴۱)۔

ڈوہ (ھ۔ مذکر) ۱ گہرا پانی ۲ گہرا گڑھا دریا میں ۳ غار۔ گڑھا۔

ڈوہرا (ھ۔ مذکر) لکڑی کا بڑا چمچہ جو گُڑ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

ڈوہی (ھ۔ مؤنث) ۱ ٹیلہ ۲ مٹی کی برجی۔ حد کی برجی ۳ مٹی جو دریا چھوڑ جائے۔

ڈوئس برگ (پرشیا) ایک صنعتی اور تجارتی شہر (۲۷۵)۔

ڈوئی (ھ۔ مؤنث) ۱ لکڑی کا بڑا چمچہ جو کھانا پکانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ چپو۔ ۳ سر (درد کا) **ڈوئی پھوڑ** (مذکر) ۱ کوئی تھکا دینے والا کام ۲ کوئی مشکل یا بے فائدہ محنت یا کوشش **ڈوئی پھوڑیا** (مذکر) ۱ ایک قسم فقیروں کی جنہیں اگر کچھ نہ دیا جائے تو اپنا سر پھوڑ لیتے ہیں ۲ اس قسم کا فقیر ۳ پیچھے لگ جانے والا سائل۔

ڈویژن (انگ۔ مؤنث) ۱ تقسیم ۲ قسمت۔ علاقہ ۳ حصہ ۴ فوج کا حصہ جو رجمنٹ سے بڑا ہوتا ہے۔ **ڈویژنل افسر** (مذکر) علاقے کا افسر۔

ڈوینا (روس) دو دریا۔

ڈھ (ہ۔ مذکر) ۱ دیوناگری کا تیئیسواں وینجن ۲ اردو میں الف ب میں شمار نہیں ہوتا مگر ڈ کے بعد بعض تختیوں میں آتا ہے ۳ ابجد میں د اور ہ شمار ہوتا ہے۔ **ڈھکار** (ھ) حرف یا آواز ڈھ۔

ڈھا (ہ۔ امر) ڈھانا کا **ڈھا بیٹھنا** (متعدی) گرانا۔ مسمار کر دینا **ڈھا دینا** (متعدی) گرا دینا۔ منہدم کر دینا **ڈھانا** (متعدی) ۱ گرانا۔ منہدم کرنا ۲ برباد کرنا مٹانا ۳ (آفت وغیرہ) برپا کرنا۔

ڈھابا (ہ۔ مذکر) ۱ جال ۲ چھجا ۳ ایک قسم کا بڑا کھپرا ۴ بڑ چھتی ۵ اولتی ۶ مرغوں کے بند کرنے کا ٹاپا۔

ڈھاپنا (ہ۔ متعدی) دیکھو ڈھانپنا۔

ڈھاٹا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ کپڑا جو منہ پر باندھ لیتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں ۲ کپڑے کی پٹی جسے منہ پر باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں ۳ وہ کپڑا جس سے مردے کا منہ باندھتے ہیں (باندھنا بندھنا کے ساتھ) (س دھر۔ سنبھالنا) **ڈھاٹی** (مؤنث) ۱ وہ کپڑا جو گھوڑے کے منہ میں لگام کی

جگہ دیتے ہیں رچڑنا چڑھنا کے ساتھ) ۲ نکیل ۳ زور سے باندھنا ۴ شکنجے میں کھینچنا ۵ تشدد۔ صعوبت۔ ایذا۔

ڈھار (ہ۔ مونث) ۱ ڈھال ۲ ایک قسم کی بالی ۳ (مذکر) ڈھیر اناج کا۔

ڈھارس (ہ۔ مونث) ۱ تقویت دل۔ حوصلہ۔ جرات۔ دلیری۔ ہمت ۲ آسرا۔ سہارا ۳ استقلال۔ صبر (س دار ڈھیہ مضبوطی) **ڈھارس باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) **بندھوانا** (م) حوصلہ دلانا۔ امید دلانا **ڈھارس دلانا**۔ (م) **دینا** (متعدی) حوصلہ دینا۔ امید دلانا۔

ڈھارن (ہ۔ مونث) ۱ ڈھاڑی قوم کی عورت ۲ ڈھاڑی کی بیوی۔

ڈھاڑھی (ھ) **ڈھاڑی** (ہ۔ مذکر) اصل میں ایک قوم گویوں کی جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے گاتی ہوئی جایا کرتی تھی ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ ڈوم۔ مراثی۔ گویا (س دھیر بجانا)۔

ڈھاک (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا نام۔ پلاس۔ چھچھرا۔ اس کے پھول سرخ ہوتے ہیں کلیاں سیاہ اور پتے گول اور بڑے پھول رنگنے کے کام آتے ہیں۔ پتے دونے بنانے کے اور اس کی گوند دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے۔ بیج جلاب کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ پھولوں سے گلال تیار ہوتا ہے۔ (س وہ۔ جلنا)۔ **ڈھاک پچھی یا پچھے** (مذکر) وہ جو ڈھاک کی گوند تیار کرے ۲ ڈھاک کی موٹی لکڑی۔

امثال ڈھاک کے تین پات

۱ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو اپنی بات پر اڑا رہے۔ اور قائل نہ ہو ۲ مفلس نادار کی نسبت بھی کہتے ہیں۔ **ڈھاک تلے کی پھوہڑ مہوٹے تلے کی سگھڑ**۔ امیر کے سب کام اچھے معلوم ہوتے ہیں۔

ڈھاکہ (ہند) ۱ بنگال میں ایک ضلع رقبہ ۲۷۲۳ (۳۱۲۶) ۲ صدر مقام (۱۲۰) **ڈھاکہ بائن** (مونث) ایک قسم کا ڈھاکے کا بنا ہوا کپڑا۔ **ڈھاکے کی ململ** (مونث) ایک قسم کی ململ جو اس قدر باریک ہوتی تھی کہ مٹھی میں اس کا تھان آجاتا تھا۔

مثل۔ ڈھاکے کے بنگال کوزے کے کنگال۔ ڈھاکے میں کوزے بنتے تھے ڈھاکے والوں کے پاس کوزے نہ ہونا۔

ڈھال (ہ مونث) ۱ ایک گول چمڑے یا لوہے سے مڑھی ہوئی چیز جسے لڑائی میں ضرب سے بچنے کے لئے آگے کرتے ہیں۔ سپر (س۔ ڈھال) ۲ (امر) ڈھالنا کا ۳ (مذکر) طرز۔ وضع۔ ڈول۔ فیشن ۴ طریقہ۔ طور ۵ رسم۔ رواج ۶ عادت ۷ قدرتی حالت ۸ نشیب۔ پستی ۹ (صفت) ڈھالوان ۱۰ (تف) اس طریقے پر۔ اس طور پر (س دھر رکھنا)۔ **ڈھال بھول** (ھ) مکمل فرخت **ڈھال تلوار** (مونث) سپر و شمشیر **ڈھال دینا** (متعدی) آوازہ کسنا۔ **ڈھال ڈھال جانا** (لازم) آہستہ آہستہ چلنا یا حرکت کرنا **ڈھال سا** (تف) ڈھال کی شکل یا طرح کا۔

ڈھالنا ۱ دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈال کر کوئی چیز بنانا۔ سانچے میں بنانا ۲ عاید کرنا۔ ۳ طنز کرنا ۴ فروخت کرنا ۵ گرانا۔ بکھیرنا ۶ پھینکنا ۷ (سکہ) بنانا ۸ فقرہ گھڑنا ۹ شرارت کرنا ۱۰ ضرر پہنچانا۔ تکلیف دینا۔ **ڈھال کا پھول** (مذکر) دیکھو پھول ۲۵ **ڈھال کا پھول سونگھنا** (لازم) مرجانا۔ **ڈالو** (صفت) ۱ ڈھالوان ۲ بنانے والا ۳ شرارت کرنے والا۔ خراب کرنیوالا ۴ (مذکر) نشیب۔ ڈھلوان ۵ شرارتی آدمی ۶ سانچے میں ڈھالنے والا شخص **ڈھالوان** (صفت) ۱ ایک طرف کو نشیب یا پستی رکھنے والا ۲ سانچے میں ڈھلا ہوا۔ **ڈھالو بھار کرنا** (م) مال و اسباب کو تھوڑے بانی میں سے گذارنا۔ **ڈھالی** (ھ) ۱ ڈھال سے مسلح ۲ (مذکر) وہ شخص جو ڈھال سے مسلح ہو **ڈھالیہ** (مذکر) ڈھالنے والا۔

امثال و اقوال ڈھال

باندھوں تلوار باندھوں کس کے باندھوں پھیٹا۔ بیچ بازار میں ڈاکا ماروں تو باپ کا بیٹا۔ جو بات کروں کھلے طور پر اور دیانت داری سے کرونگا۔ **ڈھال تلوار سرہانے اور چور بندی خانے** بزدل کی نسبت کہتے ہیں۔ **ڈھال تلوار سرہانے اور چور بند نہ جانے** باوجود سامان کے کچھ نہیں ہوسکتا۔

ڈھالہ (ہ۔ مذکر) دیکھو ڈال و ڈالا و ڈھال۔ **ڈھالا بگاڑنا** (متعدی) نقصان کرنا۔

ڈھام۔ ڈھاما (ہ۔ صفت) ۱ ڈھائی گنا ۲ (مذکر) ڈھائی کا پہاڑہ۔

ڈھان (ہ۔ مذکر) جھاڑی۔ باڑ۔

ڈھانپ (ہ۔ امر) ڈھانپنا کا (س اپ اوپر۔ دھا۔ رکھنا)۔ **ڈھانپ دینا۔ ڈھانپنا**۔ (متعدی) ۱ کوئی چیز اوپر رکھ کر چھپا دینا ۲ چھپانا غم کو۔

ڈھانچ۔ ڈھانچا (ہ۔ مذکر) ۱ بے بنی چیز ۲ پنجر ۳ کسی چیز کا اندر کا حصہ جس کے اوپر کوئی چیز مڑھی یا بنی جائے۔ ۴ ٹھاٹر ۵ خاکہ۔ نقشہ ۶ قالب۔ سانچہ۔

ڈھانڈا (ہ۔ مذکر) بوڑھا بیل (ضعف)۔ **ڈھانڈا چلنا** (لازم) دست لگنا۔

مثل۔ ڈھانڈا بالا جاڑ مالا کسی نہ کسی طرح دفع الوقتی کرنا۔

ڈھانس (ہ۔ مونث) ۱ کھانسی دھانس ۲ مچھر۔ ڈانس۔

ڈھانس (ہ۔ امر) ڈھانسنا کا

ڈھانسا (مذکر) الزام۔ قصور۔ حرف۔ دوش۔ چھدا۔ تہمت۔ شکایت۔ علت۔ **ڈھانسا دینا ڈھانسنا** (متعدی) الزام لگانا وغیرہ۔

ڈھانک (ہ۔ امر) ۱ ڈھانکنا کا ۲ (ھ) مذکر ڈھاک (س سھگ۔ غائب کردینا)

ڈھانک دینا (متعدی) ڈھانکنا **ڈھانک لینا** (متعدی) بند کر لینا چھپا لینا۔ **ڈھانکنا** (متعدی) ۱؎ چھپانا چھپانے کیلئے کوئی چیز دوسری چیز پر ڈالنا۔ ڈھانپنا ۲؎ بند کرنا۔ پوشش ڈالنا ۳؎ اوڑھنا۔

ڈھانکر (ہ۔ مذکر) باڑ۔ ڈھان۔

ڈھانگ (ہ۔ مونث) ڈھلوان پہاڑی۔ چوٹی۔ ٹیلہ۔

ڈھاھا (ہ۔ مذکر) ڈھلوان زمین یا دریا کا کنارہ۔

ڈھاھنا۔ (متعدی) ڈھانا۔ اردو میں بعض شعرا نے استعمال کیا ہے مگر اب متروک ہے۔

ڈھائی (ہ۔ صفت) ۱؎ اڑھائی ۲؎ (مونث) آنکھ مچولی کے کھیل میں وہ جگہ جہاں ایک بچہ آنکھ بند کر کے کھڑا ہو جاتا ہے۔ [illegible] **ڈھائی چلو لہو پی جاؤں** (عو) جان سے مار ڈالوں ایک قسم کا کوسنا۔ اگلے زمانے میں دشمن کو قتل کر کے ڈھائی چلو لہو پیتے تھے۔ **ڈھائی چھو لینا** (متعدی) ۱؎ جو بچہ اس جگہ کو چھو لے پھر پکڑنے والا بچہ اسے نہیں پکڑتا ۲؎ (کنایۃً) جلدی سے کوئی کام کرنا ۳؎ جلدی سے کسی نتیجے پر پہنچ جانا۔ **ڈھائی چھونا** (متعدی) آتے ہی چلے جانا۔ **ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا** (متعدی) ۱؎ نوشاہ بننا ۲؎ چند روزہ حکومت کرنا۔ **ڈھائی گھڑی کی (مونث) آجانا یا آنا** (لازم) جھٹ پٹ مرجانا۔ **ڈھائی گھڑی کی موت آئے** (بددعا) جلدی مر جائے۔

امثال و اقوال۔ ڈھائی پیڑ ریکا بُن کے میاں باغ میں۔ ادنے حالت میں اعلےٰ حالت کی خواہش کرنا۔ **ڈھائی چلو لہو پی جاؤں۔** عورتیں غصے کی حالت میں کہتی ہیں۔

ڈھائیں۔ (ہ۔ مونث) لکڑیوں کا ٹھاٹھر جس پر بیل چڑھاتے ہیں۔

ڈھب (ہ۔ مذکر) ۱؎ ڈھنگ۔ طریقہ۔ طور۔ روش۔ چلن ۲؎ عادت ۳؎ طرز۔ وضع۔ ڈول۔ جنبش ۴؎ پسند ۵؎ (ھ) محاورہ ۶؎ دسترس۔ مہارت ۷؎ ذریعہ۔ وسیلہ ۸؎ حیثیت۔ درجہ ۹؎ موقعہ ۱۰؎ علم۔ واقفیت ۱۱؎ اچھا انتظام ۱۲؎ (ھ) چھوٹا ہتھوڑا (س دھرم) **ڈھب بننا** (لازم) موقع ہاتھ آنا **ڈھب پر چڑھانا یا لگانا** (متعدی) **چڑھ جانا۔ چڑھانا** (لازم) ۱؎ قابو میں آنا ۲؎ دوسرے کے مطلب کے مطابق کام کرنا۔ **ڈھب ڈالنا** (متعدی) عادت ڈالنا ۲؎ موقع نکالنا۔ **ڈھب دار** (صفت) ۱؎ خوش شکل۔ وجیہ ۲؎ سجیلا۔ خوش وضع ۳؎ نفیس۔ عمدہ۔ **ڈھب ڈھب شوربا یا قلیہ** (مذکر) پتلا بمزہ سالن۔ **ڈھب (ڈھب) کا** (صفت) ۱؎ مناسب۔ درست۔ ٹھیک طریقے کا ۲؎ درمیانی۔ متوسط ۳؎ معقول۔ واجب ۴؎ ماہر۔ مشاق ۵؎ پسندیدہ۔ **ڈھب سے** (تف) مناسب طریقے سے **ڈھب کڈھب** (تف) جابجا (مت)۔ **ڈھب کی چیز** (مونث) پسندیدہ چیز **ڈھب لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱؎ موقعہ ہاتھ آنا یا مل جانا ۲؎ قابو پانا ۳؎ فائدہ رہنا **ڈھب ہونا** (لازم) سلیقہ ہونا۔

ڈھبڈھب (ھ۔ صفت) ۱؎ آبی۔ دلدلی ۲؎ بے مزہ۔ پھیکا **ڈھبڈھبانا** (ہ متعدی) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔

ڈھبر۔ ڈھبرا (ھ صفت) ۱؎ آبی جس میں پانی ہو ۲؎ دلدلی۔ میلا۔ گاڑھا **ڈھبر ڈھبر** (صفت) دیکھو ڈھب ڈھب۔

ڈھبری (ہ مونث) پیچ کے اوپر کا لوہا جس کو پھیر کر پیچ کو کس دیتے ہیں۔

ڈھبس (ہ۔ صفت) بدقطع (جانور)۔

ڈھبکا (ھ مذکر) ۱؎ ڈھیلا۔ ڈلا ۲؎ ابھار۔ پھولن۔

ڈھبکی (ھ۔ مونث) وہ لکڑی جو کولھو میں رہتی اور اس لٹھ کو ملاتی ہے جس میں جوا لگا یا جاتا ہے۔

ڈھبلی (ہ مونث) لوہے کا سوراخ دار ٹکڑا جو جڑ کے نیچے رکھ دیتے ہیں کہ جڑ نہ بڑھے۔

ڈھبو۔ ڈھبوا (ھ مذکر) ۱؎ تانبے کا بلا مہر ٹکڑا جو بطور سکہ استعمال ہوتا ہے۔ جس کی قیمت ایک پیسے کے برابر ہوتی ہے ۲؎ روپیہ۔ دولت۔

ڈھبوس (ھ۔ صفت) ۱؎ موٹا فربہ ۲؎ بھدا۔ بے ڈھنگا۔ بد وضع۔

ڈھبیلا (ھ صفت) ۱؎ خوش شکل وجیہ۔ سڈول۔ سجیلا۔

ڈھپ (ہ۔ مونث) ۱؎ دف ۲؎ (مت) ڈھب۔ **ڈھپلی۔ ڈھپالیہ** (ھ مذکر) ڈفالی۔ **ڈھپڑ پانا** (ہ۔ متعدی) ڈھول بجانا ۲؎ میز وغیرہ پر طبلہ بجانا۔

ڈھپنا۔ (ہ متعدی) ۱؎ ڈھکنا۔ ڈھپنا۔ چھپنا ۲؎ ڈوبنا۔ غرق ہونا ۳؎ (مذکر) ڈھکنا۔ ڈھکن۔

ڈھپو (ھ۔ صفت) ۱؎ موٹا۔ فربہ۔ لحیم ۲؎ (مذکر) موٹا آدمی۔

ڈھپونا (ھ۔ مذکر) ڈھپنا۔

ڈھٹ (ہ۔ صفت) ۱؎ کڑا۔ مضبوط۔ پکا ۲؎ مضبوط کپڑا۔

ڈھٹائی (ہ۔ مونث) ۱؎ ڈھیٹ پن۔ ضد ۲؎ بے شرمی۔ بے حیائی ۳؎ گستاخی۔ شوخی (کرنا کے ساتھ) **ڈھٹائی سے** (تف) ڈھیٹ ہو کر۔ بے شرمی سے۔ بے حیائی سے۔ (ڈھیٹ سے) **ڈھٹائی دیکھنا** (متعدی) بے حیائی وغیرہ ملاحظہ کرنا۔

ڈھٹنگڑا (ہ۔ صفت) موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔

ڈھٹ بندی (ہ۔ مونث) نظر بندی

ڈھٹھیا۔ ڈھٹی۔ ڈھٹیا۔
(ھ۔ مونث) باگ ڈور۔ نکیل۔
ڈھٹینگر۔ ڈھٹینگڑا (ہ۔
صفت) ۱۔ مضبوط۔ موٹا تازہ ۲۔ مسٹنڈا۔ جیم شحیم۔
ڈھچر (ہ۔ صف) ۱۔ کمزور۔ نازک
۲۔ ڈھیلا۔ انجر پنجر ہلے ہوئے ۳۔ (مذکر) ڈھانچ۔
کسی چیز کی درستی کا ضروری سامان ڈھانچ
سے۔ ڈھچر باندھنا یا کھڑا کرنا (متعدی)
۱۔ تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا ۲۔ دکھاوا کرنا۔ نمائش کرنا۔
ڈھچر پھیلانا یا ڈالنا (متعدی) ۱۔ تیاری
کرنا۔ انتظام کرنا ۲۔ ضروری سامان مہیا کرنا۔
ڈھچری۔ (مونث) ۱۔ تجویز۔ تدبیر ۲۔ چھل۔
حیلہ۔ فریب چالاکی۔
ڈھڈا (ھ۔ مذکر) نیچی زمین یا
نشیب جہاں پانی جمع ہو جائے۔ ڈابر۔ ڈبرا۔
ڈھڈی (مونث) ڈھڈا کا۔
ڈھڈو (ہ۔ مونث) ۱۔ بڑھیا عورت
۲۔ بے شرم عورت ۳۔ ایک قسم کا پرندہ جو عموماً
سات یا زیادہ کی تعداد میں اکٹھے رہتے ہیں۔
ڈھڈھ (ہ۔ مذکر) جانوروں کے
دم کے پر نکلنے کی جگہ۔
ڈہڈہا (ہ۔ صفت) ۱۔ سرسبز۔ شاداب
تر و تازہ ۲۔ خوشگوار۔ نفیس ۳۔ شوخ رنگ ۴۔
چمکیلا۔ روشن ۵۔ بڑا۔ زیادہ۔ حد سے بڑا۔
(س دہ۔ جلنا) ڈہڈہانا (متعدی) ۱۔ چمکنا۔
دمکنا ۲۔ سرسبز ہونا۔ ہرا ہونا ۳۔ بہار آنا۔ جوبن
پر ہونا۔ سبزے کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔
ڈھنڈورنا (ھ۔ متعدی) ڈھونڈھنا
تلاش کرنا ۲۔ جستجو کرنا۔ دریافت کرنا۔ تفتیش
کرنا۔
ڈھڈھی (ھ) ڈھڈی (ہ۔ مونث)
پیٹھ کے نیچے کی ہڈی۔ پنجر کا نچلا سرا ۲۔ دم۔
دم کی آخری ہڈی۔

ڈہرہ۔ مذکر) ۱۔ نشیبی زمین ۲۔ برساتی
پانی کا تالاب ۳۔ جہاز یا کشتی کا پیندا ۴۔ قسم کا وہ زرد
رنگ جو شہاب سے پہلے نکلتا ہے ۵۔ (ھ) دیکھو ڈگر
(س وک۔ پانی) ڈہرا (مذکر) ڈہرا (ھ) ۱۔ گڑھا
جو پانی کے لئے کھودا جائے ۲۔ نشیبی زمین جہاں پانی
کھڑا ہو ۳۔ پانی کا تالاب جو جہاز میں بنا ہو ۴۔ پیپا جس میں
جہاز میں پانی رکھتے ہیں ۵۔ جہاز یا کشتی کی وہ جگہ جہاں
پانی جمع ہوتا ہے۔
ڈھرا (ہ۔ مذکر) ۱۔ شارع عام ۲۔
روش قدیم۔ ڈھنگ۔ ڈھرا لگا ہونا (لازم) عام
رستہ بنا ہونا۔ ڈھرے پر چلا جانا (لازم) ایک
خاص طریقے یا روش پر عمل کرنا۔ ڈھرے پر
لگا لینا یا لگانا (متعدی) راہ پر لانا۔ ٹھیک
رستے پر لگا لینا۔
ڈھرکانا (ھ۔ متعدی) ڈھرکنا (لازم)
دیکھو۔ ڈھلکنا۔
ڈھرکھا ڈھرلا (ھ۔ مذکر) وہ پتلا
جو پرندوں کو ڈرانے کے لئے بناتے ہیں۔ دھوکا۔
ڈھرنا (ھ۔ لازم) ۱۔ آنا ۲۔ قریب آنا۔
پہنچنا ۳۔ نیچے کی طرف بہنا۔ گرنا۔
ڈھری (ھ۔ صفت۔ دلدلی۔
ڈھڑ (ہ۔ مذکر) کولا۔ پٹھا۔ ڈھڑ پہ
اٹھا کر دے مارنا۔ ڈھڑ پر اڑانا (متعدی) کولے
پر لاد کر گرا دینا ڈھڑ پر چڑھانا (متعدی) کولے
پر لادنا۔
ڈھڑ کوا (ھ۔ مذکر) پہاڑی کوا۔
ڈھڑوا (ھ۔ مذکر) مینا کی قسم کا ایک
پرند۔
ڈھڑ ھوڑ (ھ۔ مذکر) بنارس کے
اہیروں کی ایک گھٹیا ذات۔
ڈہڑی (ھ۔ مونث) ڈیوڑھی۔
ڈہڑبدار (مذکر) دربان۔
ڈھسلنا (ھ۔ لازم) ۱۔ گرنا۔ بیٹھ

جانا ۲۔ اطاعت کرنا۔ قبول کرنا۔
ڈھسنی (اردو۔ صفت) ۱۔ مہمل۔
بیہودہ۔ فضول ۲۔ سفلہ۔ کمینہ
ڈبک (ھ۔ مذکر) غار۔ کھوہ ۲۔ گڑھا
ڈھک (ھ۔ مذکر) وزن۔
ڈھک (ہ۔ امر) ڈھکنا کا (س ستھگ
چھپانا)، ڈھکا (امر) ۱۔ ڈھکانا کا ۲۔ (ماضی) ڈھکنا کا
ڈھکا رہنا (لازم) ۱۔ چھپا رہنا ۲۔ کسی چیز پر کپڑا یا
ظرف پر سرپوش پڑا ہونا ڈھکانا (ھ۔ متعدی) ڈھکوانا
ڈھکا ہونا (لازم) ۱۔ چھپا ہونا ۲۔ دیکھو آخری ۲۔ ڈھک
جانا (لازم) دیکھو ڈھکنا ۱ ۲ ڈھک لینا (متعدی)
دیکھو ڈھکنا۔ ڈھکنا (متعدی) ۱۔ چھپانا ۲۔ کپڑا یا
کوئی چیز اوپر ڈالنا ۳۔ ٹھیک آنا۔ درست آنا۔
۴۔ (لازم) چھپ جانا ۵۔ کپڑا یا پردہ پڑنا ۶۔ سرپوش۔
ڈھکنی (مونث) چھوٹا سرپوش۔ ڈھکوانا (م)
۱۔ چھپوانا ۲۔ سرپوش کسی چیز پر رکھوانا۔ کپڑا ڈلوانا۔
ڈھکا (س۔ مذکر) بڑا نقارہ۔ ڈھول۔
ڈہکا (ہ۔ امر) ڈہکانا کا ڈہکانا (متعدی)
۱۔ ترسانا۔ دکھا کر نہ دینا۔ ۲۔ آگے کر کے ہٹا لینا ۳۔ دھوکا
دینا۔ بہکانا ۴۔ بے فائدہ پھینک دینا ۵۔ خراب کرنا۔
ڈہکایا (ماضی) ڈہکانا کا ڈہکایا کرنا (متعدی)
دھوکا دینا ۲۔ کھانے پینے کی چیز کسی کے منہ کے پاس
لے جانا اور جب وہ کھانے لگے تو ہٹا لینا۔
ڈھکلی (ھ۔ مونث) ایک کل جس
سے پانی اونچی زمین پر پہنچاتے ہیں۔ ڈھینکلی۔
ڈھکن (ھ۔ مذکر) ڈھکنا۔ سرپوش۔
ڈھکنا (ھ۔ لازم) ۱۔ نزدیک آنا۔ پاس
آنا۔ قریب جانا ۲۔ جھکنا کسی چیز کی طرف۔ رجوع کرنا ۳۔
دبکنا ۴۔ نشانہ لگانا۔ تاکنا ۵۔ دیکھنا۔ جھانکنا۔ تاکنا ۶۔
واپس آنا۔ پھرنا ۷۔ ہمدردی کرنا۔ پاس کرنا ۸۔ داخل ہونا۔
گھسنا۔
ڈھکوس (ہ۔ امر) ڈھکوسنا کا ۲۔
(مونث) تشنگی۔ ڈھکوسلا (مذکر) دھوکا دینے کی چیز

جھوٹی کہانی۔ مہمل بات۔ لغو کام۔ چرچلا ۲ (ھ) بھرتی۔ زیادتی۔ افراط ۳ (ھ) بے ضرورت چیز۔ ڈھکوس جانا (لازم) لینا (متعدی) کھا جانا۔ ڈھکوسنا (متعدی) بہت کھانا یا پینا۔

ڈھکّی (ہ۔ مونث) ۱ شکار وغیرہ کے لئے دبک کر بیٹھنا ۲ (ھ) تاکنا۔ جھانکنا۔ نشانہ لگانا۔ ڈھکی لگانا (متعدی) ۱ جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا ۲ نشانہ لگانا۔ ڈھکی مارنا۔ اس طرح چھپ کر بیٹھنا کہ کوئی نہ دیکھے۔ تاک لگانا ۲ جھمکائی دینا۔

ڈھکیل (ہ۔ امر) ڈھکیلنا کا ۲ (مذکر) دیکھو دھکیل ڈھکیل دینا۔ ڈھکیلنا (متعدی) ۱ پیچھے سے آکر ریلنا ۲ دھکیلنا۔ دھکا دینا ۳ کسی چیز کو اس کی جگہ سے اٹھانا۔ ڈھکیلو (ھ مذکر) دیکھو دھکیلو۔

ڈِھگ (ھ۔ مذکر) ۱ پہلو۔ طرف ۲ (نف) نزدیک۔ قریب۔

ڈھگّا (ھ۔ مذکر) ۱ ڈگّا ۲ (پ) چھوٹا بیل۔ دھوبی کا بیل۔

ڈِھگار (ھ۔ مذکر) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔

ڈھگن (ھ۔ مذکر) تین چھوٹے حروف کا مرکب۔

ڈھل (ہ۔ امر) ڈھلنا کا ڈھلا (امر) ڈھلانا کا ۲ (ماضی) ڈھلنا کی ڈھلان۔ (مونث) ڈھال۔ اتار۔ جھکاؤ۔ ڈھلانا (ھ۔ متعدی) ڈھلنا کا ۱ بہانا۔ ڈالنا ۲ دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا ۳ ڈھلوانا ڈھلا ہوا (صفت) ۱ اس مضمون یا شعر کی نسبت کہتے ہیں جس میں آمد ہو آورد نہ ہو ۲ پلپلا ۳ سانچے میں بنا ہوا۔ ڈھلاؤ (مذکر) ڈھال اتار۔ ڈھلاؤ (صفت) ۱ ڈھلوان ۲ (مذکر) ڈھال۔ اتار۔ ڈھلاؤ کھنچاؤ (مذکر) اتار چڑھاؤ کمان یا سنار کا۔ ڈھلاؤ کونا (مذکر) ڈھلوان کا زاویہ۔ ڈھلائی

ڈھلوائی (مونث) ۱ ڈھلوانے کی اجرت ۲ ڈھالنے کا فعل ڈھلَت (مونث) اس چیز کی ساخت جس کو سانچے میں ڈھالا ہو۔ ڈھلتا۔ (صفت) کم ہوتا ہوا۔ گذرتا ہوا۔ ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے۔ زمانے کا تغیر تبدل ہے۔ ڈھلتی چھاؤں (مونث) ضائع ہونے والی چیز۔ ڈھل جانا (لازم) ڈھلنا۔ ڈھلک (مونث) دیکھو علیحدہ۔ ڈھلنا (لازم) ۱ گذر جانا ۲ سانچے میں بننا یا پڑنا ۳ پلپلا ہونا ۴ زوال ہونا۔ گھٹنا ۵ بہنا۔ رواں ہونا ۶ تنا ہوا نہ رہنا۔ لٹک پڑنا ۷ مضمون یا شعر کا بے ساختگی سے لکھا جانا۔ آمد ہونا ۸ نیچے کی طرف سرک جانا۔ کھسک جانا ۹ شراب گلاس میں پڑنا ۱۰ نشے کی چیز پی جانا ۱۱ بوڑھا ہو جانا۔ عمر میں زیادہ ہو جانا ۱۲ جھکنا ۱۳ ڈھلوان ہونا۔ ڈھلوان (صفت) ۱ ترچھا۔ سلامی ۲ پھسلنے والا۔ ڈھلوانا (مم) ڈھلنا کا۔ سانچے میں بنوانا۔

مقولہ۔ ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے (کبھی اِدھر کبھی اُدھر) ایسی حالت کی متعلق کہتے ہیں جو ہمیشہ قائم نہ رہے۔

ڈھُل (ہ۔ امر) ڈھلنا کا ڈھلا۔ (امر) ڈھلانا کا ۲ (ماضی) ڈھلنا کی ڈھلانا (متعدی) ڈھلنا کا ڈھلائی۔ ڈھلوائی (مونث) ڈھلانے کی مزدوری۔ ڈھل گیا۔ ادھر کو پھر گیا ڈھلنا (لازم) ۱ جھکا ہونا۔ مائل ہونا ۲ کسی کا کسی کی طرف متوجہ ہونا ۳ لڑھکنا۔ حرکت کرنا ۴ پھسلنا ۵ ڈھالا جانا۔ بھرا جانا ۶ گرنا پانی کا ۷ ڈھویا جانا۔ لیجایا جانا سامان وغیرہ کا۔ ڈھلنا پالنا (مذکر) لڑھکنے والا پنگھوڑا۔ مجازاً ایک بات پر قائم نہ رہنے والا۔ ڈھلوانا (مم) اسباب اٹھوانا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھوا کر لیجانا۔

ڈِھلّر (ہ)، ڈھلّر (ھ۔ صفت) ۱ ڈھیلا ڈھالا۔ سست ۲ (مذکر) ڈھیلا ڈھالا آدمی۔

ڈھلک (ہ۔ امر) ڈھلکنا کا ۲ (مونث) جھکاؤ ۳ لڑھک۔ چھلک۔ ڈھلکا (مذکر) دیکھو ڈھلکا ۲ چندھا ۳ بہانا۔ چھلکانا۔ ڈھلکا دینا (متعدی) لنڈھا دینا۔ ڈھلکانا (متعدی) ڈھلکا ہونا۔ ڈھلک جانا۔ ڈھلکنا (لازم) ۱ بہنا۔ ٹپکنا۔ نیچے سرک آنا۔ گر پڑنا۔

ڈھُلک (ہ۔ امر) ۱ ڈھلکنا کا۔ ڈھلکا (امر) ڈھلکانا کا ۲ (ماضی) ڈھلکنا کی ۳ (مذکر) آنکھوں سے پانی بہنے کی بیماری ۴ موت کے قریب آنکھوں سے پانی جاری ہونا۔ ڈھلکا لگنا (متعدی) آنکھ سے پانی جاری رہنا۔ ڈھلکانا (متعدی) ڈھلک جانا۔ ڈھلکنا (لازم) لڑھکنا۔ غلطاں ہونا ۲ جھک جانا۔ مائل ہونا۔

ڈِھل کمرا (ہ۔ صفت) نامرد۔ مخنث۔

ڈھُلکی (ہ۔ مونث) ڈھولکی۔

ڈَھلمل (ھ)، ڈِھلمل (ہ۔ صفت) ہلتا ہوا۔ جنبش کرتا ہوا۔ لڑکھڑاتا ہوا ۲ مذبذب۔ ڈگمگاتا ہوا۔ ڈھلملانا (لازم) ۱ جنبش کرنا۔ لڑکھڑانا ۲ مذبذب ہونا۔

ڈِھلنگی (ھ۔ مونث) سستی۔ کاہلی۔ تاخیر۔ ڈھیل۔ ڈھیلا پن۔

ڈَھلوا (ھ۔ صفت) ۱ ڈھلوان ۲ ڈھلا ہوا۔

ڈھلوانسی (ہ۔ مونث) فلاخن۔

ڈِھلہانس (ہ۔ مذکر) ڈھیلوانس۔

ڈَھلیّا (ہ۔ مذکر) وہ جو دھات کو ڈھالے۔

ڈَھلیَت (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھلیّا ۲ ڈھال باندھنے والا ۳ فوجی جو ڈھال شمشیر سے مسلح ہو ۴ چوکیدار پولیس کا سپاہی۔ ڈھلیتی (صفت) ۱ ڈھلیت کا یا اس کی ملکیت ۲ ڈھلیت کا عہدہ یا نوکری۔

ڈِھمڈِھمی (ہ۔ مونث) خنجری۔ ڈفلی۔

ڈَھمک (ہ۔ تابع مہمل) امک کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ڈھمکا (ہ۔ تابع مہمل

اسکا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

ڈھملانا (ھ۔ متعدی) لڑکھانا۔ ڈگمگانا۔ ڈھلملانا۔ ڈگرنا۔

ڈھنا (ھ) ڈہجانا۔ ڈہنا (ہ۔ لازم) گرنا۔ گر پڑنا۔ منہدم ہونا۔ مسمار ہونا ۲ غرور جاتا رہنا۔ دعوے باطل ہونا (س۔ دھم گرانا)۔

ڈھنپنا (ھ۔ لازم) ڈھپنا۔

ڈھنڈنا (ہ۔ متعدی) تلاش ہونا۔ جستجو ہونا ڈھنڈوانا (متعدی) ڈھونڈنا کا۔

ڈھنڈورا (ہ۔ مذکر) منادی کا ڈہل ۲ منادی۔ تشہیر۔ اعلان (س ڈھنڈ۔ تلاش کرنا) ڈھنڈورا پٹ جانا۔ پٹنا (لازم) پیٹنا (متعدی) ۱ منادی کا ڈھول بجانا ۲ کوئی بات جابجا کہتے پھرنا۔ تشہیر کرنا۔ بدنام کرنا ڈھنڈورا پھرنا (متعدی) منادی ہونا ڈھنڈورچی۔ ڈھنڈوریا (مذکر) منادی کرنے والا۔ ڈھنڈورا پیٹنے والا۔

مثل۔ ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں۔ جب کوئی چیز قریب پڑی ہو اور اس کی تلاش کریں تو کہتے ہیں۔

ڈھنڈھوئی۔ ڈھنڈوی (ھ۔ مونث) ابلتے ہوئے گنے کے رس کا میل جو اوپر آ جاتا ہے۔

ڈھنڈھیل۔ ڈھنڈیل (ھ۔ مذکر) ۱ تیل یا گھی کا میل ۲ تیل جس میں کوئی چیز بھونی گئی ہو۔

ڈھنڈیا (ہ مونث) تلاش جستجو۔ (پڑنا مچنا کے ساتھ) (ڈھونڈنا سے)۔

ڈھنکنا۔ ڈھنکنی (ہ) دیکھو ڈھکنا۔ ڈھکنی۔

ڈھنگ (ہ۔ مذکر) ۱ طرز۔ وضع قطع۔ انداز ۲ نشان۔ علامت۔ لکشن ۳ خصوصیت اختصاص ۴ طریقہ۔ روش۔ فیشن ۵ چلن۔ رویہ۔ چال ۶ بناوٹ۔ ساخت۔ ترکیب۔ ساز ۷ صورت۔ شکل۔ ڈول ۸ رواج۔ معمول ۹ عادت۔ سیرت ۱۰ ہنر۔ سلیقہ ۱۱ خوش اسلوبی۔ طرحداری۔ زیبائی۔ (س۔ دھرم) ڈھنگا (صفت) اردو میں اکیسلا نہیں استعمال ہوتا بے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو بے ڈھنگا۔ ڈھنگ اڑانا (متعدی) انداز کی نقل کرنا۔ طرز سیکھنا ڈھنگ برتنا (متعدی) ۱ کسی خاص۔ روش یا طریقے پر چلنا ۲ پیش آنا ڈھنگ بگڑنا (لازم) حال خراب ہونا۔ معاملہ خراب ہونا۔ ڈھنگ ڈالنا (متعدی) ۱ کسی کام کی ابتدا کرنا ۲ بنیاد ڈالنا ڈھنگ سیکھنا (متعدی) طریقہ نکالنا۔ طرز نکالنا ڈھنگی (صفت) ۱ دیکھو ڈھنگا ۲ (ھ) چالاک۔ چاتر ڈھنگیا (ھ۔ مونث) ڈھنگ۔

ڈھنگیلا (ھ۔ صفت) ۱ خوش شکل۔ خوشنما ۲ حسین۔ خوبصورت ۳ مہذب۔ باسلیقہ۔

ڈھنگڑا (ہ صفت) جوان۔ قوی۔ طاقتور۔

ڈھنمنانا (ھ۔ متعدی) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔

ڈھنوریا (ھ۔ مذکر) ڈھنڈوریا کا مخرب۔

ڈھنلیک (ھ۔ مذکر) دھنیش کا مخرب۔

ڈھو۔ ڈھو (ھ۔ مذکر) گہرا پانی۔ دیکھو ڈہ ڈھو (ھ۔ صفت۔ مذکر) دیکھو ڈھوئے۔

ڈھو (ہ۔ امر) ڈھونا کا ڈھو (مذکر) پھول ترکاری جو اہل حرفہ کسی تقریب پر پیش کرتے ہیں۔ ڈھونا (متعدی) سر پر یا گاڑی وغیرہ پر کوئی چیز ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ بوجھ اٹھانا ۲ چوری سے لیجانا۔ اٹھا لیجانا ڈھویا (ماضی) ۱ ڈھونا کی ۲ (صفت) ڈھو کر جمع کیا ۳ (مذکر) جو کھلونوں کا تحفہ جو کمہار بیاہ شادی کے موقعوں پر دیتے ہیں ۴ دیکھو ڈھوا۔

مثل۔ ڈھوے کی ٹوکری۔ گاوے کے گیت۔ غربت میں بھی خوش ہے۔

ڈھوا (ھ۔ مذکر) ۱ کیچڑ یا مٹی کا ڈھیر تودہ۔ ٹیلہ ۲ حد کا نشان۔ ڈھولا۔

ڈھوا (ھ۔ مذکر) ۱ رنڈی کے پیچھے ساز بجانے والا ۲ بھڑوا۔ دلال۔

ڈھوانا (ہ۔ مم) ڈھونا کا۔ گردانا۔

ڈھوائی (ہ۔ مونث) ڈھونے کی مزدوری۔

ڈھوبرا (ہ۔ مذکر) ۱ پرانا مٹی کا برتن۔ ٹھیکرا ۲ پرانا گھر یا دیوار ۳ سوراخ جو کسی برتن وغیرہ میں ہو۔

ڈھوٹا (ھ۔ مذکر) بچہ۔ بیٹا۔ خصوصیت سے مضبوط اور موٹا تازہ بچہ۔

ڈھوڈا (ہ۔ مذکر) ڈھوڈھا (ھ) ۱ قالب۔ ڈھانچ ۲ دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ دیکھو ڈھوٹا۔ ڈھوڈا بنائے رکھنا (متعدی) پرانی عزت قائم رکھنا۔ دولت وغیرہ گنوا کر امارت کی حالت بنائے رکھنا ڈھوڈا پھیلانا یا ڈالنا یا کھڑا کرنا (متعدی) ۱ کارخانہ پھیلانا ۲ مکر کرنا۔ جال پھیلانا۔

ڈھور (ہ۔ مذکر) مویشی۔ ڈنگر۔

مثل۔ ڈھور مرے نہ کوا کھائے فضول امید کے موقع پر کہتے ہیں۔ ڈھوروں کے گھر کوے مہمان۔ نیکوں میں بدوں کا شامل ہونا۔

ڈھوڑا (ھ۔ مذکر) ۱ ڈھورا ۲ ایک کیڑا جو چنے کو لگتا ہے ۳ مٹی کا بند جو کسی نالی کے کنارے پر بناتے ہیں۔

ڈھوروا (ھ۔ مذکر) مٹر۔

ڈھوری (ھ۔ مونث) جوش۔ اشتیاق شوق۔

ڈھوڑا (ہ۔ مذکر) ۱ تعزیہ ۲ مکان ۳ دوکان ۴ دکھاوا۔ ظاہری صورت یا ٹیپ ٹاپ۔ ڈھوڑا بنا رہے، رکھنا (متعدی) دیکھو ڈھوڈا بنائے رکھنا۔

ڈھوڑنا (ھ۔متعدی) ڈھونڈنا۔

ڈھوس (ھ۔مذکر) بھونک ہول۔ زخم۔ گھاؤ۔

ڈھوسر (ھ۔مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات جو ویش ہیں اور اپنے آپ کو برہمن کہتے ہیں۔

ڈھوک (ھ۔امر) ۱ ڈھوکنا کا ۲ (مونث) تذبذب ۳ ٹال مٹول ۴ **ڈھوکا** (مذکر) ۱ گھات۔ ڈبکی ۲ جھانکنا ۳ چھونا ۴ دھکا ۵ مونڈھا یا ہاتھ یا کہنی یا انگلی مارنا ۶ چھپنے کی جگہ۔ بھٹ۔ غار۔ **ڈھوکا دینا۔ ڈھوک ڈھاک بتانا** (متعدی) ٹالنا۔ آج کل کرنا۔ **ڈھوکنا** (لازم) ۱ پہنچنا۔ نزدیک ہونا ۲ چپکے سے آپکڑنا ۳ گھات لگانا۔ ڈبکی مارنا ۴ جھانکنا ۵ چھپ رہنا ۶ داخل ہونا ۷ بند کرنا۔

ڈھوک (ھ۔مونث) دیکھو دھوک۔

ڈھوک (ھ۔امر) ڈھوکنا کا ۲ (مذکر) گھونٹ جرعہ **ڈھوکنا** (متعدی) ۱ گھونٹ بھرنا ۲ پینا۔ چڑھا جانا ۳ برک جانا۔

ڈھوک۔ ڈھوکا (ھ۔مذکر) ۱ پتھر کا بڑا ٹکڑا ۲ ایک قسم کے چھوٹے چھوٹے پتھر جو چنار کی پہاڑی میں سے نکلتے ہیں۔

ڈھوکا (ہ۔مذکر) گنڈوں یا اپلوں کی گنتی۔ پانچ گنڈے۔

ڈھول (ہ۔مذکر) ۱ دہل۔ طبل۔ لکڑی کا ایک گول باجہ جو دونوں سروں پر چمڑے سے مڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اسپر لکڑی سے مار کر آواز نکالتے ہیں ۲ (ھ) چرخی جو ایک جگہ لگی ہوئی ہو (س ڈھول)۔ **ڈھول بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ ڈھول پر لکڑی لگ کر آواز نکلنا ۲ شہرت ہونا۔ مشہور ہونا ۳ بدنامی ہونا **ڈھول پیٹنا** (متعدی) ڈھول بجانا۔ **ڈھول ڈھمکا** (مذکر) ۱ دھوم دھڑکا۔ باجا گاجا ۲ بہت اسباب یا سامان ۳ پانی جو چرسے کے ذریعے نکلے۔ چونکہ جب چرسا اوپر آتا ہے تو ڈھول بجا دیتے ہیں۔ **ڈھولک۔ ڈھولکی** (مونث) چھوٹا ڈھول۔ **ڈھولکی** (ھ) **ڈھولکیا** (مذکر) **ڈھولی** (ھ) **ڈھولیا** (ھ) ڈھول بجانے والا۔

امثال واقوال

ڈھول باجے وما مے باجے۔ پہلے جو بات تھوڑے لوگوں کو معلوم تھی وہ اب بہت کو ہوگئی۔ **ڈھول کی آواز دور سے سہانی معلوم دیتی ہے** دیکھو دور کے ڈھول سہاونے **ڈھول کے اندر بھیتر پول۔** ظاہری نمائش بہت اس میں کچھ نہیں۔ **ڈول نہ دف ہر ہر گیت** حیثیت کچھ نہیں۔ کام بڑا کرنا چاہتے ہیں۔

ڈھولا (ہ۔مذکر) ۱ وہ نشان جو کھیتوں یا زمین کی سرحد بتانے کیلئے بناتے ہیں ۲ مٹی یا اینٹوں کا ڈھیر ۳ قالب طاق یا گنبد کا ۴ (ھ) دریا کا کنارہ ۵ (ھ) دھوکا۔ ڈھوا ۶ (ھ) لکڑی جو شریر گائے بیل کے گلے میں باندھ دیتے ہیں ۷ (صفت) بیوقوف۔ احمق **ڈھولا باندھنا** (متعدی) در کی ڈانٹ میں لکڑی ڈال کر بھراؤ بھرنا۔

ڈھولا بندی (مونث) حد بندی۔

ڈھولا (ھ۔مذکر) ۱ ایک مشہور پنجابی عاشق کا نام ۲ ایک پنجابی گیت کا نام ۳ عاشق۔ دھوکا دینے والا عاشق ۴ منہ لگا شخص۔ پیارا۔ دلارا۔ عزیز ۵ بچہ۔ لڑکا۔ بیٹا۔ **ڈھولے گانا** (متعدی) بیکار بیٹھنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔

ڈھولن (ھ۔مذکر) ۱ عاشق۔ چاہنے والا ۲ دوست۔

ڈھولنا (ہ۔مذکر) ۱ ایک چھوٹا زیور ڈھول کی شکل کا ۲ چھوٹی تقطیع کا قرآن (ڈھول سے)۔ **ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا** (لازم) قرآن شریف کی قسم کھانا۔

ڈھولی (ہ۔مونث) دو سو پانوں کا مٹھا۔

ڈھومی (افریقہ) فرانسیسی نوآبادی دارالسلطنت پورٹونووو۔ رقبہ ۱۰۰۰۱ہم (۱۰۰۰)۔

ڈھونچا (ہ۔مذکر) ۱ ساڑھے چار کا پہاڑا ۲ (صفت) ساڑھے چار۔ ساڑھے چار گنا۔

ڈھونڈ (ہ۔امر) ڈھونڈنا کا ۲ (مونث) تلاش۔ جستجو (ڈھنڈھ۔ تلاش کرنا)۔ **ڈھونڈ پھرنا** (لازم) تلاش کر کے ناکام واپس آنا **ڈھونڈتا پھرنا** (لازم) تلاش میں مارے مارے پھرنا **ڈھونڈ ڈھانڈ** (مونث) ۱ تلاش جستجو ۲ کھوج۔ سراغ۔ **ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تلاش ہونا۔ **ڈھونڈ ڈھانڈ کے** (نعت) جستجو کر کے سراغ لگا کے **ڈھونڈ لانا** (لازم) تلاش کر کے لانا۔ **ڈھونڈ لڑائی مول لینا** (متعدی) خواہ مخواہ لڑتے پھرنا **ڈھونڈ مارنا** (متعدی) بہت تلاش کرنا **ڈھونڈنا** (متعدی) ۱ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا ۲ سراغ چلانا۔ کھوج لگانا **ڈھونڈنا ڈھانڈنا** (متعدی) ۱ تلاش کرنا ۲ تفتیش کرنا۔ چھان بین کرنا **ڈھونڈ نکالنا** (متعدی) سراغ نکالنا۔ **ڈھونڈے نہ پانا** (متعدی) باوجود تلاش کے نہ پانا۔

مقولہ۔ ڈھونڈ لاؤ بتادینگے ٹالنے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔

ڈھونڈ (ھ) **ڈھونڈھ** (ہ۔صفت) ۱ خراب خستہ۔ ذلیل ۲ بوڑھا۔ ضعیف ۳ (مذکر) پرانا مکان۔ کھنڈر۔

ڈھونڈ۔ ڈھونڈا (ھ۔مذکر) پوست۔ روئی چنے وغیرہ کا ڈوڈا ۲ ایک قسم کی گھاس جو اکثر دھان کے کھیت میں اگتی ہے۔ اور فصل کو خراب کردیتی ہے ۳ ایک قسم کا سرکنڈا **ڈھونڈی** (مونث) ڈھونڈ کی تصغیر دیکھو ڈھونڈ۔

ڈھونڈی (ھ۔مونث) ڈوڈا خصوصاً چنے کا۔

ڈھونڈیا (ھ۔ مذکر) چین سادھو۔
ڈھونگ (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔
دغا۔ فریب۔ چھل۔ بتا۔ مکر۔ دم۔ جھانسا۔ چرتر
۲ حیلہ سازی۔ بہانہ۔ پاکھنڈ ۳ ریاکاری۔ ظاہر
داری۔ بناوٹ ۴ متکبرانہ یا دغابازی کی فرضی
یا مصنوعی باتیں یا دکھاوا (س ومبھک)۔
ڈھونگ باندھ دکھانا یا باندھنا (متعدی)
۱ ظاہری ٹیپ ٹاپ بنانا۔ دکھانے کے لئے عزت
بنائے رکھنا ۲ دھوکے بازی کرنا۔ دغا کرنا ۳
ظاہرداری رکھنا۔ ڈھونگی ڈھونگیا (ھ) دغا
باز وغیرہ دیکھو ڈھونگ۔
ڈھونگا۔ (ھ۔ مذکر) ۱ چوتڑ۔ سرین
۲ پٹھا۔ پُڑا ۳ پہلو۔ طرف ۴ قمیص وغیرہ کا چاک۔
ڈھوہ۔ ڈھوہ (ھ۔ مذکر) ۱ ٹیلہ۔
تودہ ۲ ندی نالوں کے درمیان اونچی زمین۔
ڈھوئی (ہ۔ مونث) ۱ اینٹوں کا بوجھ
جو ایک بار لیجا سکیں ۲ اینٹیں جو ایک دفعہ گدھے
پر لیجائیں۔ ڈھوئی والا (مذکر) وہ شخص جو گدھے
پر اینٹیں لاد کر لیجائے۔
ڈھویا (ہ۔ مذکر) پھول ترکاری یا
میوہ جو اہل حرفہ پیش کرتے ہیں۔ ڈالی۔
ڈھئی (ہ۔ مونث) ۱ ایک جگہ جم جانا۔
کہیں بیٹھ کر نہ اٹھنا ۲ بہت دیر تک رہنا خصوصاً
مہمان یا ملاقاتی کا ۳ (ھ) زور کا جھٹکا یا کھنچاؤ۔
۴ بیحد کوشش۔ انتہائی جدوجہد (س۔ دراہ گرنا)
ڈھئی دینا (متعدی) ۱ جم کر بیٹھنا ۲ اتنی دیر
ٹھہرنا کہ کھانے کا وقت ہوجائے اور میزبان کو
کھانے کیلئے کہنا پڑے ۳ (ھ) بیحد کوشش کرنا۔
ڈھی۔ (ھ۔ مونث) ۱ ڈھیر۔ تودہ۔
انبار ۲ دریا کا اونچا کنارہ ۳ گرے ہوئے مکان کی
جگہ۔ کھنڈر۔
ڈھے (ھ۔ مذکر) جاٹوں کی ایک
گوت۔

ڈھے (ہ۔ امر) ڈھینا کا (س دراہ۔
گرنا) ڈھے پڑنا (لازم) ۱ گر پڑنا ۲ زبردستی
رہنا یا اتر پڑنا ڈھے پڑو (صفت) ۱ بےشرم
بیحیا ۲ خواہ مخواہ یا بےشرمی سے رہ پڑنیوالا۔
ڈھے جانا (لازم) گر پڑنا عمارت کا۔ ڈھینا
(لازم) دیکھو ڈھہنا۔
ڈھیا۔ ڈہیا (ھ۔ صفت) ۱ گرا ہوا۔
تباہ شدہ۔ برباد۔ کھنڈر ۲ زمین جو گاؤں کے
نزدیک ہو کھیت ۳ جاٹوں کی ایک قوم۔ ڈھیا
ٹیکر (صفت) تباہ۔ برباد۔ کھنڈر۔
ڈھیّا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھائی سیر کا
باٹ ۲ لڑکوں کا ایک کھیل (ڈھائی سے)۔
ڈھیپ۔ ڈھیپ۔ ڈھیپا۔
ڈھیپا۔ (ھ۔ مذکر) ۱ ڈلا۔ ڈھیم کھل یا ابلے
ہوئے چاولوں کا ۲ مٹی کا ڈھیلا ۳ قابل کاشت
زمین ڈھیپا (صفت) بڑا۔ موٹا۔ فربہ۔ بھاری۔
بھرکم۔
ڈھیٹ۔ ڈھیٹھ (ہ۔ صفت)
۱ بےشرم۔ بےحیا ۲ بیباک۔ نڈر ۳ گستاخ شوخ
دیدہ۔ خیرہ چشم ۴ سرکش جو کسی کا کہا نہ مانے
(سناد بنا بنانا۔ بن جانا بنا۔ کردینا کرنا ہوجانا
ہونا کے ساتھ) ڈھیٹا (ھ) ڈھیٹ ڈھیٹھائی
(ھ) ڈھٹائی۔
ڈھیٹھ۔ ڈھیٹھا (ھ۔ صفت)
دیکھا ہوا۔ معلوم کیا ہوا۔ محسوس کیا ہوا۔
ڈھینڈھا۔ (ھ۔ مذکر) پیٹ۔
ڈھیر (ھ۔ مذکر) ۱ انبار۔ تودہ۔ اٹالا
۲ بہت سی چیزوں کا مجموعہ ۳ افراط۔ بہتات۔
بڑی تعداد ۴ آنکھ کا میل ۵ قبر۔ فقیر کا مزار ۶
(صفت) بہت زیادہ۔ بےانتہا۔ بکثرت۔ بافراط
(س دھیر) ڈھیر رہنا (لازم) ۱ انبار کی طرح
پڑ رہنا ۲ مرجانا۔ قتل ہوجانا ڈھیر سا (صفت)
بہت سا۔ بافراط (غفت) ڈھیر کردینا یا کرنا۔

(متعدی) ۱ انبار کرنا۔ جمع کرنا ۲ خاک کا تودہ بنانا
۳ مار ڈالنا۔ ڈھیر لگا دینا (متعدی) لگنا۔
(لازم) انبار ہونا۔ جمع ہونا ڈھیری (مونث)
۱ چھوٹا سا انبار کسی چیز کا خصوصاً روپے غلے
مٹھائی وغیرہ کا ۲ گاؤں یا جائداد میں حصہ پٹی
کا ایک حصہ ۳ (ھ۔ مذکر) گاؤں یا جائداد کا
حصےدار۔ ڈھیر ہوجانا یا ہونا (لازم) ۱ انبار
لگ جانا ۲ مرجانا۔ قتل ہوجانا ۳ تھک جانا ۴
مکان کا گر پڑنا۔ ڈھیروں (مذکر) ڈھیر کی جمع۔
ڈھیروں مال اڑانا (متعدی) بےشمار مال چرا
لینا یا غبن کرلینا ۲ بےشمار دولت خرچ کرنا۔
ڈھیرا (ھ۔ مذکر) ۱ دو لکڑیاں پیچ
میں سے جڑی ہوئی جن پر رسی یا دھاگا بٹتے
ہوئے لپیٹتے جاتے ہیں ۲ جمع کا نشان الجبرے
میں ۳ + کا نشان جو ان پڑھ آدمی بجائے دستخط
کے بناتے ہیں ۴ موٹی جوں۔ موٹا کھٹمل ۵ (صفت)
بھینگا۔ احول جس کی آنکھ کج ہو۔ ڈھیرا دیدہ
(مذکر) ڈھیری آنکھ۔ بھینگی آنکھ۔ ڈھیری (مونث)
ڈھیرا کی ڈھیری آنکھ (مونث) بھینگی آنکھ۔
ڈھیبر۔ ڈھیبر (ھ۔ مذکر و مونث)
۱ ڈھیر تودہ۔ انبار ۲ آنکھ کا میل۔
ڈھیڑ۔ ڈھیڑھ (ہ۔ مذکر) ۱ کوا ۲
ہندوؤں کی ایک ادنیٰ ذات جو کھال کا کام کرتے
ہیں ۳ اس قوم کا ایک فرد۔ ڈھیڑی کوا (مذکر)
دیکھو آخری ع۔
ڈھیڑھ (ھ۔ مذکر) ۱ بڑا پیٹ۔
توند ۲ حمل۔
ڈھیڑھی (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو
ڈوڈا ۲ ایک زیور ڈوڈے کی شکل کا جو کان میں
پہنا جاتا ہے۔
ڈھیک (ھ۔ مذکر) بگلا۔
ڈھیکلی۔ ڈھیکولی (ھ۔ مونث)
دیکھو ڈھیکلی ۲ وہ لوہا جس پر غلہ کوٹتے ہیں ۳

وہ پیچ جس سے سویاں بناتے ہیں۔ ڈھیکلی کھانا (متعدی) قلابازی کھانا۔

ڈھینگ (ھ۔ مذکر) بڑا ڈھیر یا انبار۔

ڈھیل (ہ۔ مونث) ۱ دیر۔ تاخیر۔ وقفہ ۲ فرصت۔ مہلت ۳ سستی۔ کاہلی ۴ جھول ۵ پتنگ کی ڈور چھوڑنا بڑھانے کے لئے ۶ آزادی ۷ (ھ) احتیاط۔ پیش بندی۔ ڈھیلا- (س گنتھل) ڈھیلا (صفت) ۱ کھلا۔ کشادہ۔ جو چست نہ ہو ۲ پھسپھسا۔ پھولا ہوا ۳ سست کاہل۔ غافل ۴ بھدا۔ بے احتیاط ۵ جھول پڑا ہوا ۶ کمزور ضعیف ۷ نامرد۔ ڈھیلا بنانا (متعدی) کھلا بنانا۔ کشادہ بنانا ۲ سیدھا بنانا ۳ کڑا پن دور کرنا ڈھیلا بننا (لازم) کھلا بننا۔ ڈھیلا پاجامہ (مذکر) غرارے دار پائجامہ۔ ڈھیلا پائنچا (مذکر) بڑے عرض کا پائنچا۔ ڈھیلا پڑ جانا (لازم) ۱ کھلا ہو جانا۔ کشادہ ہو جانا ۲ چست نہ رہنا۔ تنگ نہ رہنا ۳ سست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا ۴ نامرد ہو جانا۔ کمزور ہو جانا ۵ نرم پڑ جانا۔ غصہ جاتا رہنا۔ تندی یا کڑا پن جاتا رہنا ۶ پھسپھسا ہو جانا ۷ جھول پڑ جانا ڈھیلا پن- (مذکر) ۱ فراخی۔ کشادگی ۲ سستی۔ کاہلی ۳ نامردی- ڈھیلا پیچ (مذکر) ۱ سر کے بال ابرو کے اوپر گندھے ہوئے ۲ پگڑی کا پیچ جو بھون پر پڑا ہو۔ ڈھیلا ڈھلا (صفت) بہت ڈھیلا۔ ڈھیلا ڈھالا (صفت) ۱ کشادہ۔ کھلا ۲ لٹکتا ہوا ۳ پھسپھسا ۴ سست۔ کاہل ۵ بھدا۔ ڈھیلا کرنا (متعدی) ۱ کشادہ کرنا۔ کھلا کرنا ۲ سست کرنا۔ مضمحل کرنا ۳ (روپے کے لئے) ادا کرنا۔ خرچ کرنا ڈھیلا ہو جانا یا ہونا (لازم) دیکھو ڈھیلا پڑ جانا۔ ڈھیل دینا (متعدی) ۱ بے پروائی کرنا ۲ پتنگ کی ڈور چھوڑنا ۳ آزادی دینا ۴ زیادہ وقت دینا ڈھیل کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱ وقت گزرنا۔ دیر ہونا ۲ پہلو تہی کرنا ۳ سستی ہونا ۴ بے احتیاطی ہونا۔ ڈھیلی (صفت۔ مونث) ڈھیلا کی ۲ ڈھیلی چھوڑنا۔ دینا یا ڈالنا۔ ڈھیلی ڈوری چھوڑنا۔ ڈالنا (متعدی) ۱ آزادی دینا ۲ توجہ نہ کرنا ۳ کسی شخص کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا۔

ڈھیلا- (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی کا بڑا ٹکڑا۔ ڈھیم (لگانا لگنا۔ مارنا کے ساتھ) ۲ سونے چاندی گرد و غیرہ کا ڈلا ۳ آنکھ کا اندرونی گول حصہ آنکھ- (س ستمبھ) ڈھیلا پھینکنا (متعدی) ۱ چور کا یہ دیکھنے کے لئے کہ کوئی جاگتا نہیں مٹی کا ڈلا مارنا ۲ عاشق مزاج آدمی کا توجہ دلانے کیلئے ڈلا مارنا ۳ خفیہ طور پر آنے کا اشارہ کرنا ڈھیلا چلانا چلنا۔ لینا دیکھو ڈھیلے چلانا چلنا۔ لینا ڈھیلوں سے مقدر پھوڑنا (متعدی) بدقسمت ہونا۔ ڈھیلے (مذکر) جمع ڈھیلا کی ڈھیلے پتھرانا (لازم) ۱ آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔ دیدوں کا بےحس و حرکت ہو جانا۔ ڈھیلے چلانا (متعدی) چلنا (لازم) ڈھیلے پڑنا یا لگنا۔ ڈھیلے لینا (متعدی) استنجے کے لئے ڈھیلے اٹھانا۔

ڈھیلائی (ھ۔ مونث) ڈھیل- ڈھلائی۔

ڈھیلوا۔ ڈھیلوانس (ھ۔ مذکر) گوپھن۔ فلاخن ڈھیلوانسی۔ (مذکر) گوپھن پھینکنے والا۔

ڈھیم (ہ۔ مذکر) ڈھیمھ (ھ) ڈھیما (ھ) ڈھیما (ھ) مٹی کا بڑا ڈھیلا۔ ڈھیم باندھنا (متعدی) مٹی کا بڑا ڈھیلا بنانا۔

ڈھینڈا (ہ۔ مذکر) ۱ توند۔ بڑا پیٹ ۲ حمل۔ ڈھینڈا پھلانا (متعدی) پھولنا (لازم) حمل ہونا یا رہنا۔ دونوں صورتوں میں لازم کے معنی ہیں۔

ڈھینڈرا (ھ۔ مذکر) ڈوڈا-

ڈھینڈس (ہ۔ مذکر) ۱ ھنڈی ۲ ایک قسم کا گول کدو ۳ خصیہ۔ فوطہ۔ خایہ۔

ڈھینگا (ھ۔ مذکر) ۱ لمبی ٹانگوں والا آدمی یا جانور ۲ سارس ۳ کوٹنے کا ایک آلہ ۴ خمدار لکڑی جو کولھو کے پٹے کے اوپر سے گذرتی ہے اور اسے نیچے دبائے رکھتی ہے ۵ وہ لکڑی جو گنے پیلنے کی مشین میں محرک شہتیر اور عمودی لٹھ کو جوڑتی ہے۔ ڈھینگا ڈھینگی (تعت) دیکھا دیکھی یا کسی کی ضد سے (کوئی کام کرنا) ڈھینگی (مونث) دیکھو ڈھینگا ۳ ۔

ڈھینگلی (ہ۔ مونث) ۱ ایک آلہ جس سے پانی نکالتے ہیں۔ ایک شہتیر کو ایک عمودی لکڑی پر لگا دیتے ہیں۔ لمبی طرف نوک کے پاس رسی سے ڈول باندھ دیتے ہیں اور چھوٹے حصے پر بھاری وزن رکھ دیتے ہیں۔ ڈول کو ہاتھ سے نیچا کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ پانی میں ڈوب کر بھر جاتا ہے۔ پھر اسے چھوڑ دیتے ہیں جو بھاری وزن کے باعث خود بخود اوپر آ جاتا ہے ۲ قلابازی ۳ کپڑے کے عرض جوڑنے یا کپڑے کو قطع کرنے کا ایک طریقہ (س ستمبھ)۔

ڈھینگوا (ھ۔ مذکر) ڈھینگلی ۱

ڈھینگھر (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا سہاگا یا ہینگا۔

ڈھینگ (ھ۔ مذکر) قدم ڈگ-

ڈھینگر (ہ۔ صفت) لاغر۔ دبلا۔ ضعیف (پ۔ سوکھی ہوئی پتلی لکڑی) ڈھینگر ہو گیا۔ نہایت لاغر یا ضعیف ہو گیا۔

ڈھیو۔ ڈھیو (ھ۔ مذکر) ۱ لہر ۲ ترنگ۔

ڈھیہا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا

نفقیر یا جاٹوں کی ایک قوم۔
ڈی (انگ۔مونث) انگریزی کا
چوتھا حرف ڈی اور مذکر) ڈیمی آفیشل کا
مخفف۔ نیم سرکاری چھٹی ڈی۔آئی۔جی
(مذکر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل کا مخفف ڈی۔ایس
ایم (مذکر) ایک انگریزی تمغہ ڈسٹنگوش
سروس میڈل کا مخفف ڈی۔ایس۔او
(مذکر) ایک انگریزی خطاب ڈسٹنگوش سروس
آرڈر کا مخفف ڈی۔ایس۔پی (مذکر)
ڈپٹی یا ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کا مخفف
ڈی۔ایس۔سی (مذکر) ڈاکٹر آف سائنس
کا مخفف ڈی۔ایل او (مذکر) ڈیڈ لیٹر
آفس کا مخفف ڈی۔ایم (مذکر) ڈسٹرکٹ
مجسٹریٹ کا مخفف ڈی۔او (مذکر) ڈیمی
آفیشل کا مخفف ڈی۔پی۔ایچ (مذکر)
ڈائرکٹر آف پبلک ہلتھ کا مخفف ڈی۔ٹی۔
ایس (مذکر) ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ
کا مخفف ڈی ڈی (مذکر) ڈاکٹر آف ڈونٹی
کا مخفف ڈی سی (مذکر) ڈپٹی کمشنر کا مخفف
ڈی۔سی۔ایل (مذکر) ڈاکٹر آف سول لا کا مخفف۔
ڈے (ت۔مذکر) ۱ الجیریا کے گورنر
کا خطاب ترکوں کے زمانے میں ۲ جانثاروں کے
سردار کا خطاب ۳ بعض وقت طرابلس کے
حاکم کو بھی کہتے تھے۔
ڈیبرٹیین (یورپ) ہنگری کا
ایک شہر جس میں بہت سے کارخانے
ہیں (۱۰۳)۔
ڈیپارٹمنٹ (انگ۔مذکر)
محکمہ۔
ڈیبانگ (ہند) ایک دریا
جو دریا گنڈک سے ملکر دریائے برہمپتر بنتا
ہے۔
ڈیٹین (شا) ریاست اوہایو کا
ایک شہر (۲۰۰)
ڈیٹھ (ہ۔مونث) نظر۔نگاہ۔
چتون۔آنکھ۔ درشٹ ڈیٹھ بند (صفت)
۱ نظر بندی کرنے والا ۲ جادوگر۔ ساحر۔ ڈیٹھ
بند ڈیٹھ بندی (مونث) ڈٹھ بندی۔
سحر۔جادو ۲ نظر بندی (کرنا ہونا کیساتھ)۔
ڈیڈ (انگ صفت) مرا ہوا۔مردہ۔
ڈیڈ لیٹر آفس (مذکر) محکمہ ڈاک کا وہ دفتر
جس میں لاوارث چھٹیاں تلف کر دی جاتی
ہیں۔ یا لکھنے والے کا پتہ کھلنے پر لگ جائے
تو اس کو واپس کر دی جاتی ہیں۔
ڈیڈ (انگ۔مذکر) دستاویز۔
وثیقہ۔
ڈیڈلس (یو۔عص) ایک قدیم
بت تراش۔جو کریٹ کا رہنے والا تھا۔ شاہ
میناس اس سے ناراض ہوگیا اور یہ اور اسکا
بیٹا نقلی پر لگا کر اُڑ کر نکل گئے۔
ڈیڈیکیٹ (انگ۔متعدی)
معنون کرنا۔کتاب کو کسی کے نام پر نامزد
کرنا ڈیڈیکیشن (مونث) نام نہادی۔
کتاب کو کسی کے نام پر معنون کرنا۔
ڈیر (انگ صفت) پیارا محبوب۔
معشوق ڈیر سر (مذکر) میڈم (مونث)
القاب برابر والے اور چھوٹے کو لکھتے ہیں۔
ڈیرا (ہ۔مذکر) ۱ خیمہ۔تنبو ۲
گھر۔مکان ۳ عارضی مکان یا قیام گاہ ۴
چھوٹا مکان جو بڑی حویلیوں کے ساتھ علیحدہ
بنا لیتے ہیں ۵ رہائش۔قیام ڈیرا پڑنا۔
(لازم) ڈالنا (متعدی) قیام کرنا۔ٹھہر جانا۔
ڈیرا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) اترنا ٹھہرنا۔
ڈیرا کھڑا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) خیمہ
لگنا ڈیرے (مذکر) جمع ڈیرا کی ڈیرے
پڑنا (لازم) ۱ خیمے لگنا ۲ ٹھہرنا۔قیام کرنا۔
ڈیرے دار یا وال (صفت) ۱ خوشحال۔
کسبی ۲ وہ جس کی رہائش مستقل ہو (کسبی)
ڈیرے ڈالنا (متعدی) قیام کرنا۔ٹھہرنا۔
ڈیربورن (شا) ریاست مچیگن
میں ایک شہر۔
ڈیرن (منچوریا) بندرگاہ (۳۰۰)۔
ڈیرہ (ہ۔مذکر) ۱ دیکھو ڈیرا ۲
کئی شہروں کے ناموں کے شروع میں آتا ہے
جیسے ڈیرہ دون ڈیرہ اسمٰعیلخاں (ہند)
۱ صوبہ سرحدی کا ایک ضلع رقبہ ۳۴۰۳ (۲۷۴)
۲ صدر مقام (۳۹) ڈیرہ بابا نانک (ہند)
ضلع گورداسپور میں ایک قصبہ ڈیرہ لسبی
(ہند) ریاست کلسیا میں ایک قصبہ (۴) ڈیرہ
پور (ہند) ضلع کانپور میں ایک قصبہ ڈیرہ جات
(ہند) پہلے ڈیرہ غازی خاں اور ڈیرہ اسمٰعیلخاں
کو کہتے تھے۔ ڈیرہ دون (ہند) ۱ صوبہ متحدہ
میں ایک ضلع رقبہ ۱۰۱۶ (۲۱۲) ۲ صدر مقام (۳۸)
یہاں محکمہ جنگلات کا کالج اور فوجی کالج ہیں ۳
چھاؤنی (۴) ڈیرہ غازی خاں (ہند) پنجاب
کا ایک ضلع جو مغربی سرحد پر ہے رقبہ ۵۳۳۵
(۴۹۱) ۲ صدر مقام۔ پرانا شہر دریائے اٹک نے
گرا دیا تھا۔ نیا شہر اب دریا سے دور آباد کیا
گیا ہے۔
ڈیری (انگ۔مونث) ۱ وہ مکان
یا کمرہ جہاں دودھ اور مکھن رکھا جائے یا بنایا
جائے ڈیری فارم (مذکر) وہ زمین جس
پر ڈیری کے مویشی پرورش کئے جائیں۔
ڈیڑ (ہ۔مونث) ڈاڑھ ڈیر مارنا
ڈیریں مارنا (متعدی) ڈھاریں مارنا۔
ڈیڑھ، ڈیڑھ (ہ۔صفت) ایک
اور آدھا ۱ (س اردھ۔ادھا۔دوی رتی)۔
ڈیڑھ انچھر (مذکر) جادو کے بول (پڑھنا۔
پڑھنے کے ساتھ) ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا

یا چھٹنا (متعدی) سب سے الگ رائے قائم کرنا یا کام کرنا متفق الرائے نہ ہونا ڈیڑھ پایا پاؤ (مذکر) ۱ چھ چھٹانک ڈیڑھ پوّا (مذکر) ڈیڑھ پاؤ کا وزن ڈیڑھ پہر کی توپ (مونث) شاہی زمانے میں ڈیڑھ پہر گذرنے پر شب کو توپ چلا کرتی تھی (چلنا کے ساتھ) ڈیڑھ چلو (صفت) تھوڑا سا (مائعات کے واسطے) ڈیڑھ چلو پانی (مذکر) کنایتاً تھوڑی سی شراب ڈیڑھ چلو لہو پینا (متعدی) عورتیں غصے کی حالت میں یہ الفاظ کہتی ہیں - پرانے زمانے میں دستور تھا کہ دشمن کو قتل کر کے ۱½ چلو لہو پیتے تھے - ڈیڑھ حاشیہ (مذکر) ایک قسم کی زردوزی یا کشیدہ جو دو کناروں پر تو زیادہ ہوتا ہے اور دو پر کم - ڈیڑھ حاشیہ کی جوتی (مونث) وہ جوتی جس کے بننے کا ڈیڑھ حاشیے کا مدار ہوتا ہے - ڈیڑھ سو (صفت) ایک سو پچاس - ۱۵۰ - ۱۵۰ -
ڈیڑھ سیر (مذکر) ایک سیر اور آٹھ چھٹانک - ڈیڑھ گت (مونث) ایک قسم کا ناچ ڈیڑھ گرہ (مونث) ۱ ½۱ انچ ۲ وہ گرہ جو آسانی سے کھل جائے جیسے عموماً بوٹ کے فیتوں کو دیتے ہیں جب ایک طرف فیتے کی چھوٹی ہو - ڈیڑھ گز (مذکر) ایک گز اور ۸ گرہ - ڈیڑھ گز کی زبان (صفت) زباندراز لڑکیوں کے لئے عموماً استعمال ہوتا ہے -

امثال و اقوال - ڈیڑھ لکائن میاں باغ میں - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو امارت کا دکھاوا کرتا ہے اور حقیقت میں معمولی حیثیت کا ہوتا ہے - ڈیڑھ پاؤ آٹا پُل پر رسوئی - ڈیڑھ پاؤ چون چوبارے رسوئی - ڈیڑھ پاؤ چون نو بیگاری - راہ میں ڈر بھی ہے - معمولی کام کیلئے بڑا انتظام - ڈیڑھ چاول اپنے جدا ہی پکاتے ہیں - سب سے علیحدہ رائے قائم کرتے یا کام کرتے ہیں -

ڈیزی (انگ - مونث) ۱ ایک پھولدار پودا ۲ سفید یا گلابی پھول جو اس پودے میں لگتا ہے ۳ عورتوں کا ایک نام -

ڈیژون (فرانس) ایک شہر اور چھاونی (۷۶) -

ڈیس (انگ - مذکر) ۱ چبوترہ پلیٹ فارم ۲ وہ جگہ جہاں تماربازکھیلوں کے ذریعے جوا کھلاتے ہیں -

ڈیسک (انگ - مونث) ایک قسم کی چھوٹی خانہ دار ڈھلوان میز جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں -

ڈیسٹو (جرمنی) جمہوری سلطنت انہالٹ کا دارالخلافہ (۱۷) -

ڈیشیا (یورپ) ایک قدیم علاقہ جس کی جگہ آجکل رومانیہ اور ٹرانسلوینیا ہیں -

ڈیشس (۲۰۱-۲۵۱) گیئس - میسیس کونٹس ٹریٹیس - قیصر روم - ۲۴۹ء میں تخت نشین ہوا - عیسائیوں پر بہت ظلم کرتا تھا - گاتھ قوم کے ساتھ لڑتا ہوا مارا گیا -

ڈیفنس (یونان) سسلی کا ایک گڈریا جو ہرمیز دیوتا اور ایک پری کا فرزند تھا - یہ چرواہوں کی شاعری کا بانی سمجھا جاتا ہے -

ڈیفنے (یو - عص) پینیس دیوتا کی بیٹی جسے کے بطن سے تھی - اپولو دیوتا اس پر عاشق ہو کر اس کے پکڑنے کو دوڑا تو اس کے باپ نے اسے درخت لارل بنا دیا -

ڈیفو (۱۶۶۱-۱۷۳۱) ڈینیل انگریز مصنف اس کی سب سے بڑی تصنیف رابنسن کروسو ہے -

ڈیک (ہ - مذکر) آگ کا بڑا اونچا شعلہ -

ڈیک (ہند) پنجاب کا ایک مشہور برساتی نالا جو ریاست جموں کی پہاڑیوں سے نکل کر دریائے راوی میں جا گرتا ہے -

ڈی کوئنسی (۱۷۸۵-۱۸۵۹) ایک انگریز مصنف - اس کی مشہور تصنیف ایک افیونی کا اقبال ہے -

ڈیگ (ہ - مذکر) ۱ قدم - ڈگ ۲ (ہند) دیکھو ڈیک -

ڈیل (ہ - مذکر) ۱ جسم - جثہ - قد - کاٹھی - قامت ۲ شکل - صورت - مشابہت ۳ جسامت ۴ پاؤں کا گٹا - گوکھرو - ڈیل ڈول (مذکر) قدوقامت - جسامت - قدوقامت کا اندازہ -

مثل - ڈیل ڈول گنبد آواز درپھش - دیکھنے میں بہت لمبا چوڑا - آواز بہت باریک -

ڈیل (ہ - مذکر) پاؤں کا گٹا - گوکھرو -

ڈیلا (ہ - مذکر) ۱ ڈھیلا ۲ ایک قسم کا گھاس -

ڈیلا (ہ - مذکر) ۱ آنکھ کا ڈھیلا ۲ کریر کا پھل -

ڈیلا گوا (افریقہ) پرتگیزی مشرقی افریقہ کے جنوب میں ایک جھیل ۶۰ میل لمبی ہے -

ڈیلا ویر (شا) ۱ ریاست ہائے متحدہ کی ایک ریاست جو وسط میں ہے زقبہ ۲۳۷۰ (۲۰۲۳) صدر مقام ڈوور ۲ ایک قصبہ ریاست اوہایو میں (۹) ۳ ایک دریا اس پر سب سے بڑا شہر فیلیڈلفیا ہے -

ڈیلس (شا) شمالی ٹیکس کا ایک شہر (۲۶۰) -

ڈیلمیشا (یورپ) پہلے آسٹریا کا ایک صوبہ تھا - اب یوگوسلاویہ میں شامل ہے -

ڈیلیگیٹ (انگ۔ مذکر) سفیر۔ ایلچی۔ قاصد۔

ڈیلوری (انگ۔ مونث) ۱ تقسیم خطوط ۲ وضع حمل۔

ڈیم (انگ۔ متعدی) ۱ لعنت بھیجنا ۲ (مونث) مال جانوروں میں ۳ بند (علم کے آخیر میں این آتا ہے جو بولتے نہیں) **ڈیم فول** (مذکر) سخت احمق یا بیوقوف۔ ایک گالی جو انگریز عموماً لگاتے ہیں۔

ڈیمرج (انگ۔ مذکر) ریل یا جہاز سے وقت مقررہ کے بعد مال لیجانے کا جرمانہ۔

ڈیڑا (ھ۔ مذکر) اندرونی پھوڑا۔

ڈیمن (یو۔ عص) سیرا کیوز کا باشندہ اور فنتیاس کا بڑا دوست تھا۔ فنتیاس کو بادشاہ نے قتل کی سزا دی اس نے مہلت مانگی۔ ڈیمن نے ضمانت دی۔ قتل سے پہلے وہ آگیا بادشاہ نے دونوں کو چھوڑ دیا۔ اور ان کا دوست بننے کی خواہش کی۔

ڈیموقلیز (یو۔ مذکر) شاہ ڈائونیسیس کا درباری تھا۔ اس نے ایک دفعہ یہ بات کہی کہ بادشاہ بہت خوش رہتے ہیں۔ بادشاہ نے اسے دعوت پر بلایا اور ایک تلوار بال سے باندھ کر اس کے سر پر لٹکادی جس کی وجہ سے ڈیموقلیز کو کھانے کے دوران میں سخت ڈر رہا۔ اس پر بادشاہ نے کہا کہ ہم لوگوں کا ہر وقت یہی حال رہتا ہے۔

ڈیموٹن (شا) ریاست آیودا کا دار السلطنت (۱۴۲)۔

ڈیمی (انگ۔ صفت) نصف۔ آدھا۔

ڈیمی آفیشل (صفت) ۱ نیم سرکاری ۲ (مونث) ایسی چھٹی جو ایک افسر دوسرے افسر کو کسی سرکاری معاملے کے متعلق نج کے طور پر لکھتا ہے۔

ڈیمیٹر (یو۔ عص) زیئس دیوتا کی بہن اور پراسیفونی کی ماں تھی۔ شادی۔ اناج اور زرخیزی کی دیوی تھی۔

ڈیمیٹریئس ۱ (۲ قم) باختر کا بادشاہ تھا۔ اس نے پنجاب سندھ اور گجرات فتح کیا تھا ۲ اول (۷ ۳۳ - ۲۸۳) شاہ مقدونیہ ۳ دوم (۔ ۲۲۹ قم) شاہ مقدونیہ ۴ اول (۔ ۱۵۰ قم) شاہ شام ۵ دوم (۔ ۱۲۵ قم) شاہ شام ۶ سوم (۔ ۸۸) شاہ شام

ڈیمیسس ۱ اول (۔ ۳۸۴) ۳۶۶ء میں پوپ ہؤا ۲ دوم (۔ ۱۰۴۸) چند مہینے پوپ رہا۔

ڈین (ھ۔ مذکر) پرندے کا پر۔

ڈینا (مذکر) ۱ پر۔ پرندے کا بازو ۲ شاخ۔ ٹہنی۔

ڈین (س۔ مذکر) ۱ پرواز۔ اڑنا ۲ ڈولی۔ پالکی۔

ڈینا (ھ۔ مذکر) لکڑی جو شریر گائے بیل کے گلے میں باندھ دیتے ہیں۔

ڈیناؤ (ایشیا) ایک شہر جزیرہ سیلبو فلپائن میں (۲۳)۔

ڈیناڈس (یو۔ عص) بیلس شاہ مصر کا دوسرا لڑکا اسے اس کے بھائی نے مصر سے نکال دیا یہ عرب کو چلا گیا اور وہاں بادشاہ بن گیا اس کی پچاس لڑکیاں تھیں۔ ایجپٹس کے چالیس لڑکوں نے اسے مجبور کر کے اس کی چالیس لڑکیوں سے شادی کرلی۔ انہوں نے اپنے باپ کے حکم سے اپنے خاوندوں کو قتل کر دیا۔ سوائے ہائپرمسٹرا کے جس نے لیٹس کو چھوڑ دیا اور جسنے بعد کو اُسے اور اُس کی لڑکیوں کو قتل کر دیا۔ اس کی بیٹیوں کو نگے جہاں میں یہ سزا ملی کہ ایک ایسے برتن کو بھریں جس کی پیندی نہیں تھی۔

ڈینٹھ (ھ۔ مذکر) دیکھو ڈنٹھ یا ڈنٹھا۔

ڈینڈولو (۱۱۰۶-۱۲۰۵) دینس کا ایک ڈیوک جس نے چوتھی صلیبی جنگ کیلئے ایک بیڑا دیا تھا۔ اور لاطینوں کا بادشاہ بننے سے انکار کیا اور آخیر میں رومانیا کا بادشاہ ہوگیا۔

ڈینگ (ھ۔ مونث) شیخی۔ لن ترانی۔ لاف و گزاف۔ تعلی۔ دون۔ ہانک۔ بڑائی ۲ غرور **ڈینگ کی اڑانا۔ لینا۔ مارنا یا ہانکنا** (متعدی) اترانا۔ غرور کرنا ۲ شیخی مارنا۔ دون کی لینا۔ **ڈینگ مار** (ھ) **ڈینگیا** (صفت) شیخی مارنے والا۔

ڈینگی۔ ڈینگی (ھ۔ مونث) ۱ ڈونگا۔ چھوٹی کشتی ۲ چھوٹا جہاز جو تجارت کے لئے ساحل پر استعمال ہوتا ہے۔ **ڈینگی والا**۔ (صفت) کشتی چلانے والا ۲ (مذکر) ملاح۔

ڈینی (ھ۔ صفت) بدقسمت۔ بدشگون۔ منحوس۔ **ڈینی انگلی** (مونث) درمیانی انگلی۔

ڈینیئے (یو۔ عص) اکریسیس شاہ ارگاس کی لڑکی۔ نجومیوں نے شاہ کو بتایا تھا کہ اس لڑکی کا بیٹا شاہ کو قتل کریگا۔ سو اس نے اسے ایک پیتل کے مینار پر قید کر دیا۔ جہاں زیئس دیوتا آئے اور اس کو حاملہ کر گئے۔ اس کے ایک لڑکا پیدا ہؤا شاہ نے ماں اور بیٹے کو صندوق میں ڈالکر سمندر میں پھنکوا دیا۔ صندوق بہتا ہؤا جزیرہ سریپس میں چلا گیا وہاں کے بادشاہ نے ان کی پرورش کی اور لڑکے کا نام پرسیس رکھا آخیر میں بادشاہ اس کے ہاتھ سے قتل ہؤا۔

ڈینیوب (یورپ) سب سے بڑا دریا کوہ بلیک فارسٹ سے نکل کر بحیرہ اسود میں جا گرتا ہے لمبائی ۲ ہزار میل۔

ڈیوٹ (ہ۔ مذکر) پرانے فیشن کا چوبی چراغدان ۲ (صفت) بیوقوف (خفا)۔

ڈیوٹی (انگ۔ مونث) ۱ فرض منصبی۔ نوکری۔ کام۔ ۲ خدمت ۳ محصول چنگی۔

ڈیوڈ ۱ (۵۰۰-۶۰۰) سکاٹلینڈ کا قومی سینٹ ۲ اول (۱۰۸۴-۱۱۵۳) شاہ سکاٹلینڈ بن ملکم ۱۱۲۴ء میں اپنے بھائی الگزینڈر کی وفات پر بادشاہ ہوا۔ سٹیفن شاہ انگلستان سے اس کی لڑائیاں رہیں ۳ دوم (۱۳۲۴-۱۳۷۱) بن شاہ رابرٹ بروس ۱۳۲۵ء میں باپ کی وفات پر بادشاہ ہوا۔ ایڈورڈ ثالث شاہ انگلستان سے لڑائیاں لڑیں پہلے فرانس کو بھاگ گیا۔ واپسی پر قید ہو گیا۔ گیارہ سال بعد رہائی پائی ۴ ویلز کے تین شہزادے ۱ (-۱۲۰۳) ۲ (-۱۲۰۸) ۳ (-۱۲۸۳) ۵ دیکھو داؤد۔

ڈیورنگو (مکسیکو) ۱ ایک ریاست رقبہ ۴۲۲۷۲ (۳۳۷) ۲ دارالسلطنت (۳۹)۔

ڈیوڑھ (ھ۔ صفت) ۱ ڈیڑھ یا ڈیوڑھا کا مخفف ۲ (مونث) مستزاد۔

ڈیوڑھا (ہ۔ صفت) ۱ ایک اور آدھا ۲ نصف حصہ زیادہ ۳ (مذکر) پچاس فیصدی سود اجناس میں۔ اگر بیج کیلئے ایک من دیا جائے تو ۱½ من لیا جاتا ہے ۴ ریل کا درمیانہ درجہ (س۔ ادھ۔ آدھا۔ ودی تیک) ڈیوڑھا درجہ (مذکر) ریل کا وہ درجہ جس میں تیسرے درجے کی نسبت ڈیوڑھا کرایہ لیا جاتا ہے۔ ڈیوڑھا کرنا (متعدی) حساب بند کرنا۔ اگلے زمانے میں دستور تھا کہ جب سود ڈیوڑھا ہو جاتا تو مزید سود نہیں دلایا جاتا تھا۔ ڈیوڑھانا (ھ) ڈیوڑھا لینا۔ ڈیوڑھی (مونث) ڈیوڑھا کی۔

ڈیوڑھی (ہ۔ مونث) ۱ دہلیز آستانہ۔ درگاہ ۲ وہ حصہ مکان کا جس میں بیرونی دروازہ کھلتا ہو ۳ بار یابی۔ آمدرفت۔ امیروں کے گھر (س دہلی) ڈیوڑھی بند ہونا (لازم) امیروں کے گھر آمدورفت بند ہونا۔ ڈیوڑھی دار (مذکر) دربان ڈیوڑھی دارنی (مونث) دربان عورت ڈیوڑھی داری (مونث) دربانی ڈیوڑھی وان (ھ۔ مذکر) ڈیوڑھی دار۔

ڈیوڑی (ھ۔ مونث) ڈیوڑھی۔

ڈیوز بری (انگلستان) یارک شائر میں ایک شہر (۵۴)۔

ڈیوس ۱ (۱۵۵۰-۱۶۰۵) ملکہ ایلزبتھ کے زمانے کا ایک مشہور ملاح اور سیاح۔ اس نے آبنائے ڈیوس دریافت کی تھی ۲ ایک آبنائے جو گرین لینڈ اور بیفن لینڈ کے درمیان ہے۔

ڈیوک (انگ۔ مذکر) انگلستان میں سب سے بڑے درجے کے امیر کا خطاب۔ روس جرمنی اور آسٹریا میں آرچ ڈیوک ہوتا تھا۔ جب سے شہنشاہیت ختم ہوئی۔ یہ خطاب بھی جاتے رہے۔

ڈیوکیلین (یو۔عص) پرامیتھیس کا بیٹا۔ پرہا کا خاوند اور تھسلی کا باشندہ تھا۔ جب زیئس دیوتا نے دنیا کو تباہ کرنا چاہا تو اس نے کشتی بنا کر اپنے آپ کو بچایا۔ حضرت نوح کے قصے کی طرح قصہ ہے۔

ڈیولا (ھ۔ مذکر) ۱ ٹیلہ۔ تودہ ۲ اونچی زمین۔ سطح مرتفع۔

ڈیوپورٹ (شا) ریاست ہائے متحدہ کی ریاست آئیووا کا ایک شہر (۶۵)۔

ڈیون شائر (انگلستان) جنوب مغرب میں ایک کونٹی۔ رقبہ ۲۶۰۵ (۷۳۳)۔

ڈیوننٹ (۱۶۰۶-۱۶۶۸) انگریز ملک الشعرا اور ناٹک نویس۔ بن جانسن کے بعد ملک الشعرا ہوا

ڈیونیڈن (نیوزیلینڈ) ایک شہر (۸۵)۔

ڈیوئل (انگ۔ مذکر) دو عاشقوں رقیبوں یا مخالفوں کے درمیان جنگ۔ اب قانوناً بند ہے۔

ڈیہہ (ہ۔ مذکر) بلند جگہ جو گاؤں کے اجڑ جانے کے بعد مکانات کے گر جانے سے ہو جاتی ہے۔ تھیہ ڈیہا (ھ) مٹی کا تودہ۔ انبار۔ بند۔

ڈیہری (ھ۔ مونث) دلدلی زمین۔

ڈیہڑ (ھ۔ مونث) بندوقوں کی باڑھ۔

ڈیہومی (افریقہ) مغرب میں ایک فرانسیسی نوآبادی۔ یہ پہلے حبشیوں کی سلطنت تھی رقبہ ۳۹ ہزار (۸۴۲) دارالسلطنت پورٹو نوو۔

ذ

ذ (ع۔ مذکر) تلفظ ذال[1]۔ اردو زبان کا تیرھواں اور عربی کا نواں اور فارسی کا گیارہواں حرف ہے[2]۔ ہندی اور سنسکرت میں نہیں ہے[3]۔ فارسی میں چند الفاظ کے شروع میں آتا ہے[4]۔ مگر درمیان یا آخر میں الف بعض وقت حرف علت کے بعد ذال فارسی سے بدل جاتا ہے[5]۔ اصل میں فارسی میں بھی نہیں ہے[6]۔ اسے ذال معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔[7] عربی میں ذوالحج کے مہینے کو ظاہر کرتا ہے[8]۔ حساب ابجد میں اس کے سات سو عدد فرض کئے گئے ہیں۔

ذا (ع۔ ضمیر)[1] وہ۔ یہ[2] (تف) کا مالک والا۔ **ذا اربع اضلاع** (مذکر) چاروں ضلعوں والا۔ مربع۔

ذابح (ع۔ صفت) ذبح کرنے والا۔ قربانی کرنے والا۔

ذاہر (ع۔صفت) عالم۔ فاضل

ذات (ع۔مونث) ذو کا[1] حقیقت۔ اصلیت۔ ماہیت۔ مادہ۔ روح[2] بدن۔ شخصیت[3] وجہ۔ دم[4] قسم۔ نوع[5] عزت آبرو[6] حیثیت۔[7] قسمت[8] قوم۔ معنی نمبر ۴ و ۵ میں غالباً سنسکرت لفظ جاتی سے تعلق رکھتا ہے[9]۔ اسم کی ایک قسم دیکھو اسم ذات [10] مالک۔ قابض۔ **ذات البین** (مذکر) دوستی۔ اتفاق **ذات الجنب** (مذکر) ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں پانی پڑ جاتا ہے۔ پسلی کا درد۔ **ذاتُ الرّقاع** (مذکر، رقاع جمع رقعہ کی) ایک قسم کا استخارہ۔ کاغذ کے پرزوں پر افعل و لاتفعل لکھ کر جانماز کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔ اور بعد نماز کے ایک پرزہ اٹھاتے ہیں۔ اگر افعل نکل آئے تو اجازت سمجھتے ہیں۔ **ذاتُ الرّیت** (مذکر) پھیپھڑوں کا سوج جانا

ذاتُ الصّدر (مذکر) سینے کا درد۔ سینے کا ورم۔ **ذات اوکٹنا** (متعدی) اصل نسل بیان کر دینا **ذات باہر** (صفت) ذات سے نکالا ہوا۔ **ذاتِ بزرگ** (مونث) دیکھو ذات شریف۔ **ذات پات** (مذکر) پات تابع مہمل ہے۔ قوم۔ قبیلہ۔ ذات۔ **ذات پر جانا** (لازم) کمینے کے متعلق کہتے ہیں۔ کمینہ ہونے کی وجہ سے سرزد ہونا۔ **ذات پوچھنا** (متعدی) ذات دریافت کرنا۔ **ذات جانا** (ھ) ذات کا خراب ہو جانا۔ ذات سے نکالا جانا۔ **ذات جماعت یا ذمات** (مونث) ذات پات (دہلی) **ذات دینا** (ھ)[1] کسی کے ساتھ کھا پی کر ذات کو خراب کرنا[2] کسی کو ذات میں شامل کرنا۔ **ذات رات** (مونث) حسب و نسب۔ **ذات سے** (تف) وجہ سے۔ دم سے۔ **ذات سے گرا ہوا** (صفت) ذات سے خارج۔ برادری سے نکالا ہوا۔ **ذات سے نکالدینا یا نکالنا** (متعدی) برادری سے خارج کر دینا۔ حقہ پانی بند کر دینا۔ **ذاتِ شریف** (صفت) چالاک۔ مفسد۔ شرارتی۔ استاد۔ **ذات لینا یا مارنا** (ھ) ذات خراب کر دینا۔ کھانے کی چیز کو چھو کر۔ **ذات فائض البرکات** (مونث) برکتیں پہنچانے والی ہستی۔ **ذات میں بٹا** (دھبا) **لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) نسل میں عیب پیدا ہو جانا۔ **ذات میں ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) برادری میں شامل ہونا۔ **ذات نام** (ھ) اسم نکرہ۔ **ذاتو نیا** (صفت۔ عو) نجیب۔ **ذات ہمایوں** (مذکر) بادشاہ سلامت۔ بادشاہ کا بدن۔ **ذاتی** (صفت) اصلی حقیقی[1] شخصی۔ اپنا۔ نج کا۔ **ذاتی تعلق** (مذکر) نج کا تعلق۔ **ذاتی جوہر** (مذکر) وہ خوبی جو کسی شخص میں قدرتی طور پر ہو۔ **ذاتی طور پر** (تف) اپنے علم سے۔ اپنے طور پر۔ **ذاتیلا** (ھ) ذاتی۔

امثال واقوال۔

ذات پات (بھانت یا ذمات) **نہ پوچھے کوئے جینو پہن کے باہمن ہوئے۔** آج کل ایسا زمانہ ہے کہ ظاہری حالت کی قدر ہوتی ہے ذات وغیرہ کو کوئی نہیں پوچھتا جنیو پہن لیا اور برہمن بن گئے۔ **ذات پات** (بھانت) **نہ پوچھے کوئے کرتی پہنی تلنگیا ہوئے۔** دیکھو آخری۔ **ذات پات** (بھانت ذمات) **نہ پوچھے کوئے ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے۔** جو شخص کوشش اور محنت کرتا ہے وہی مقبول ہوتا ہے۔ ذات کو کوئی نہیں پوچھتا۔ **ذات پڑی کھو** (گوہ) **میں روٹی پڑی منہ میں** اس کے متعلق کہتے ہیں جو روپے کے لئے ذلیل کام کرے۔ **ذات خدا کی بے عیب ہے** ۔ خدا میں کوئی نقص نہیں۔ انسان بے عیب کبھی نہیں ہو سکتا۔ **ذات کا بیری ذات کاٹھ کا بیری کاٹھ**۔ اپنے رشتے والے انسان کے زیادہ دشمن ہوتے ہیں جسطرح اگر کسی لوہے کے اوزار کے ساتھ لکڑی کا دستہ وغیرہ نہ لگایا جائے تو وہ کاٹتا نہیں۔ **ذات کے بلائے برابر بیٹھے کم ذات بلائے نیچے بیٹھے۔ ذات کے بُلَیّا برابر بٹھیّا۔ کم ذات کے بُلَیّا نیچے بٹھیّا** (پوربی) اپنے برابر کے آدمیوں کی عزت کرنی چاہئے۔ کم ذاتوں کو نیچے بیٹھنا چاہئے۔ **ذات کی بیٹی ذات** (میں) **ہی جاتی ہے**۔ شریف کی شادی شریف کے ساتھ ہوتی ہے۔ شریفوں میں آپس میں تعلقات اچھے ہوتے ہیں۔ **ذات**

گنوائی پیٹ نہ بھرا۔ بعض لوگ لالچ کی وجہ سے مذہب تبدیل کرتے ہیں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے۔ **ذات مدھ پئے معلوم ہوئے**۔ نشے میں انسان کی اصلیت کھلتی ہے۔ **ذات میں ترک باجے میں ٹُنڈک** مسلمان اور باجہ بہت شور مچاتے ہیں۔

ذاکر (ع۔ صفت) ۱ ذکر کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص شیعوں میں جو منبر پر بیٹھ کر اہل بیت کے مصائب بیان کرتا ہے (ذکر۔ ذکر کرنا)۔

ذاکر احمد (۔۔۔ ۱۹۱۶) مجاہد الدین بدایونی۔ شاعر اور طبیب مصنف مظہر الاسلام۔

ذال (ع۔ مذکر) حرف ذ کا نام۔

ذالنون (ع۔ مذکر) مچھلی کا مالک۔ حضرت یونس کا لقب۔

ذاہب (ع۔ صفت) جانیوالا۔ (ذہب۔ جانا)۔

ذائق (ع۔ صفت) چکھنے والا۔

ذائقہ (مذکر) چکھنے کی قوت۔ ایک حس جو زبان میں ہے ۲ مزہ۔ لذت ۳ لطف۔ چسکا۔ **ذائقہ پڑنا** (لازم) چسکا پڑنا۔ **ذائقہ تلخیٔ مرگ چکھانا** (متعدی) **چکھنا** (لازمی) مرجانا۔ **ذائقہ چکھانا** (متعدی) **چکھنا** (متعدی) ۱ مزہ چکھنا ۲ سزا ملنا **ذائقہ دار** (صفت) مزیدار۔ لذیذ۔ **ذائقہ شناس** (صفت) وہ جو اچھے مزے کے شناخت کرنے میں ماہر ہو۔ **ذائقہ لینا** (متعدی) مزا لینا۔ لطف اٹھانا۔

ذُباب (ع۔ مذکر) مکھی۔

ذَبح (ع۔ مذکر) ۱ شرعی طور پر حلال کرنا ۲ گلا کاٹنا۔ **ذبح کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ شرعی طور پر حلال ہونا ۲ قتل ہونا ۳ سخت نقصان پہنچنا۔

ذُبیان (ع۔ مذکر) ۱ ایک عرب قبیلہ جو مدینہ کے جنوب میں آباد تھا۔

ذَبیح (ع۔ صفت) ۱ ذبح کیا ہوا۔ ۲ قتل کیا ہوا ۳ (مذکر) وہ جانور جو قربانی کے لئے منتخب کیا جائے ۴ حضرت اسمٰعیل کا لقب (ذبح۔ گلا کاٹنا)۔ **ذبیح اللہ** (مذکر) دیکھو ذبیح ۴

ذبیحہ (مذکر) قربانی کا جانور۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔ **ذبیحین** (مذکر تثنیہ) دو ذبیح حضرت اسمٰعیل اور عبداللہ والد پیغمبر صلعم سے مراد ہوتی ہے۔

ذخّار (ع۔ صفت) دیکھو زخّار۔

ذخائر (ع۔ مذکر) ذخیرہ کی جمع۔

ذخیرہ (ع۔ مذکر) ۱ خزانہ ۲ گودام۔ ۳ پونجی۔ جمع (ذخر۔ کوئی چیز جمع کرنا) **ذخیرہ خانہ** (مذکر) اناج کا گودام۔ **ذخیرہ کر رکھنا** (متعدی) جمع کرنا سنبھال کر رکھنا۔ **ذخیرہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)۔ ۱ جمع ہونا ۲ گودام میں رکھا جانا ۳ پونجی ہونا۔

ذرا (ع۔ مذکر) ۱ تھوڑا وقت ۲ چھوٹا سا معاملہ ۳ (صفت) تھوڑا۔ بہت کم ۴ (تف) بالکل ۵ تھوڑی دیر کے لئے ۶ مہربانی کرکے (ذرّ۔ چھڑکنا) **ذرا اس کے کلیجے کو تو دیکھو**۔ اسکی ڈھٹائی یا دلیری کا ملاحظہ کرو کس قدر ڈھیٹ ہے۔ **ذرا اونچ نیچ نہیں** کمی بیشی بالکل نہیں۔ ٹھیک ہے۔ **ذرا بات کی بات ٹھیرو**۔ تھوڑی دیر صبر کرو۔ **ذرا جیتا ہے**۔ کچھ بڑھتی ہے۔ **ذرا چھاتی کے کواڑ کھول کر دیکھو**۔ ذرا غور کرو۔ سوچو۔ **ذرا خشکا کھاؤ**۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ **ذرا خیالات کو اونچے کرو** حوصلہ بڑھاؤ۔ خوب سوچو۔ **ذرا دم باقی ہے**۔ تھوڑا کام باقی ہے۔ **ذرا ذرا** (تف) ۱ تھوڑا تھوڑا ۲ کل۔ تمام۔ **ذرا ذرا کرکے** (تف) ۱ تھوڑا تھوڑا کرکے۔ آہستہ آہستہ ۲ کل۔ تمام **ذرا سا** (صفت) چھوٹا۔ تھوڑا سا۔ **ذرا سا منہ نکل آیا**۔ بیماری گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اتر گیا۔ **ذرا سی آبرو ہے**۔ تم ان کے مقابلے کے نہیں ہو۔ **ذرا سی بات ہے** معمولی کام ہے۔ آسان کام ہے۔ **ذرا سی جان** (صفت) چھوٹا سا۔ **ذرا سینک کر بجائیے گا** ۱ سوچ سمجھکر کام کیجئے گا ۲ مذاقاً کوئی پادے تو کہتے ہیں۔ **ذرا ظہور** (صفت) تھوڑا۔ کچھ۔ کسی قدر۔ **ذرا عقل کے ناخن لو**۔ سمجھ کے بات کرو۔ بیوقوفی نہ کرو۔ **ذرا کی ذرا** (تف) تھوڑی دیر کے لئے۔ **ذرا کی ذرا میں** (تف) تھوڑی دیر میں۔ **ذرا منہ دھو رکھو**۔ ایسی بات کی امید نہ رکھو۔ **ذرا منہ (سنبھال کے) سنبھالو**۔ جب کوئی شخص بدزبانی کرتا ہو تو اسے بطور دھمکی کے کہتے ہیں۔ **ذرا میں** (تف) تھوڑی سی دیر میں۔ **ذرا ہوش میں آؤ**۔ سوچ سمجھ کے باتیں کرو۔ عقل کے ناخن لو۔ **ذری** (مونث) بعض جگہ ذرا کی بجائے استعمال ہوتا تھا۔ جیسے ذری ظہور۔ ذری کی ذری (مت) **ذرے ذرے میں** (تف) ہر چیز میں۔ ہر حصے میں (ہونا۔ کے ساتھ)۔

امثال واقوال

ذرا جیا تو کیا جیا۔ دیکھو ٹک جیا الخ۔ **ذرا چھری تلے دم لے**۔ کچھ ٹھہر جلدی مت کر۔ **ذرا دانت تلے زبان دے**۔ ٹھہر تامل کر **ذرا ذرا سا کر لیا اور اپنا پلہ بھر لیا** تھوڑا تھوڑا کر کے بہت سا لے لینا چاہئے۔ **ذرا سا کھاوے بہت بتاوے وہ ہے بہو سگھڑ یلی۔ بہت کھاوے کم بتلاوے وہ بہو ڑھگویلی**۔ جو بہو تھوڑا کھا کر زیادہ ظاہر کرے بہت اچھی ہے اور جو بہت کھا کر تھوڑا ظاہر کرے بہت خراب ہے **ذرا سا منہ بڑا پیٹ**۔ لالچی حریص یا بہت کھانے والے بچے کی نسبت کہتے ہیں۔ **ذرا سا منہ بڑی باتیں**۔ چھوٹی عمر والا بڑے معاملات پر گفتگو کرے تو کہتے ہیں۔ **ذرا نہ ظہور بات میری بات بھرپور**۔ پاس کچھ نہیں اور شیخیاں

اتنی -

ذرّات (ع- مذکر) جمع ذرہ کی -

ذرارہ (ع- مذکر) کسی پستی یا کٹتی ہوئی چیز کے ذرے جو اڑیں -

ذراری (ع- مونث) ذریت کی جمع اولاد- نسل- تخم -

ذِراع (ع- مذکر) ۱ بازو درمیانی انگلی کے سرے سے کہنی تک ۲ ایک ہاتھ- ایک گز ۳ گھوڑے کی اگلی ٹانگ ٹخنے سے اوپر ۴ نشان جو اونٹ کی ٹانگ پر لگائیں ۵ نیزے کا حصہ سرے سے لیکر درمیان تک ۶ ساتواں نچھترہ ۷ دوستارے برج جوزہ کے سرے پر (ذرع- ہاتھ پھیلانا) -

ذرّہ (ع- مذکر) ۱ مادے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا- ریزہ ۲ وہ مادے کے اجزا جو سورج کی کرن میں نظر آتے ہیں ۳ وہ جز جو قابل تقسیم نہ ہو- ایٹم ۴ ریت کا جز جو چمکتا ہے ۵ (صفت) تھوڑا- قلیل (ذرّ- چھڑکنا) **ذرہ بھر** (صفت) تھوڑا سا- ذرا سا **ذرۂ بے مقدار** (صفت) بیوقعت **ذرہ پرور** (صفت) ناچیز کی قدر کرنے والا- **ذرہ ذرّہ** (تف) تفصیل کے ساتھ **ذرہ صفت یا وَر** (صفت) ۱ ذرے کی طرح- چھوٹا سا ۲ بیوقعت- ناچیز **ذری** (مونث) ذرہ کی تصغیر **ذرے** (مذکر) ذرہ کی جمع- **ذرے بھر کی چیز** (مونث) چھوٹی سی چیز **ذرے کو آفتاب بنانا** (متعدی) ناچیز کو اعلے مرتبے پر پہنچانا-

مثل - ذرہ را با خورشید چہ نسبت - ذرے کا سورج سے کیا مقابلہ- دو شخصوں یا چیزوں کے درمیان بہت فرق ظاہر کرنے کو کہتے ہیں -

ذرّہ (۱۸) مرزا راجہ رام- اردو شاعر- شاہ عالم ثانی کا ملازم تھا-

ذُرِّیت (ع- مونث) اولاد - نسل- تخم (ذرّ- چھڑکنا) -

ذُرّیح (ع- مذکر) ۱ جمع ذراریح ۲ ایک مشہور اونٹ سانڈ کا نام ۳ ایک قوم کے جدا اعلیٰ کا نام -

ذَریعہ (ع- مذکر) ۱ وسیلہ- وساطت ۲ طفیل- معرفت ۳ موقع- پہنچنے کا طریقہ- (ذرَع- بازو پھیلانا) **ذریعہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) وسیلہ ہونا **ذریعہ پیدا کرنا**- (متعدی) **ہونا** (لازم) طریقہ نکل آنا- موقعہ ہونا- **ذریعہ رکھنا** (لازم) دلچسپی لینا **ذریعہ نکالنا** (متعدی) وسیلہ پیدا کرنا **ذریعہ ہونا** (لازم) وسیلہ ہونا **ذریعے** (سے) (تف) معرفت- وسیلے سے- وساطت سے- وجہ سے -

ذُعاف (ع- مذکر) ۱ زہر قاتل ۲ مرنا (ذعف- زہر دینا) -

ذَقن (ع- مذکر) ٹھوڑی -

ذکاوت (ع- مونث) ذہن کی تیزی- ذہانت- تیزی طبع- تیز فہمی (ذکو- تیز ہونا) -

ذکا (ع- مونث) دیکھو ذکاوت -

ذکا ۱ (-۱۷۶۱) میر اولاد علی بلگرامی اردو شاعر ۲ (۱۹) خوبچند دہلوی- اردو شاعر مصنف حیات الشعرا-

ذُکا (ع- مذکر) سورج- شمس - آفتاب (ذکو- دیکھنا) -

ذکاءاللّٰہ (۱۸۳۰-۱۹۱۰) مولوی- شمس العلما- دہلوی سررشتہ تعلیم میں پروفیسر تھے- ۱۵۰ کے قریب تصنیفات ہیں- تاریخ ہندوستان دس جلدوں میں بہت مشہور ہے-

ذَکر (ع- مذکر) ۱ نر- مرد- پرش- مذکر- پرکھ ۲ آلہ تناسل ۳ فولاد ۴ تلوار فولاد کی بنی ہوئی (ذکر- بیان کرنا) -

ذِکر (ع- مذکر) ۱ تذکرہ- چرچا ۲ یاد کرنا- بیان کرنا- زبان پر لانا ۳ خدا کی یاد زبان و دل سے سبحان اللہ- الحمدللہ لاالہ الااللہ- اللہ اکبر- اللہ جل شانہٗ یا دوسرے الفاظ کہہ کر ۴ یاد- حافظہ ۵ یادگاری عرس ۶ قرآن شریف کی تلاوت ۷ قرآن شریف ۸ تعریف- شہرت- حمد ۹ خدا کا شکر بجا لانا ۱۰ دعا- نماز - (ذکر- بیان کرنا)- **ذکرِ اَرّہ** (مذکر) ایک قسم کا صوفیوں کا ذکر جس میں حق حق کی آواز حلق سے نکالی جاتی ہے- **ذکر آنا** (لازم) گفتگو ہونا- تذکرہ ہونا **ذکر بالخیر ذکر جمیل یا خیر** (مذکر) کسی کے متعلق اچھی بات کہنا- کسی کا تذکرہ جو نیک بات سے کیا جائے - **ذکر چلنا** (لازم) تذکرہ ہونا **ذکر چھیڑنا** (متعدی) **چھڑنا** (لازم) بات چیت ہونا- کسی بات کی ابتدا ہونا- **ذکر حبیب** (مذکر) معشوق کی باتیں- معشوق کا تذکرہ **ذکر حق**، **خدا** (مذکر) دیکھو ذکر ۳ **ذکر خوال** (مذکر) خدا کا ذکر کرنے والا **ذکر خیر** (مذکر) دیکھو ذکر بالخیر **ذکر کرنا** (متعدی) ۱ تذکرہ کرنا ۲ یاد الٰہی کرنا **ذکر نکلنا یا ہونا** (لازم) تذکرہ ہونا -

مثل - ذکر العیش نصف العیش - عیش و عشرت کے تذکرے سے بھی بہت سا لطف حاصل ہوتا ہے -

ذکور (ع- مذکر) ذکر کی جمع-

ذَکی (ع- صفت) تیز فہم- ذہین- ہوشیار- زیرک- زود فہم (ذکی- ہوشیار ہونا)-

ذکی (۱۸) جعفر علی خاں دہلوی- اردو شاعر **ذکی خاں** (۱۸) کریم خاں کی وفات پر تخت ایران پر قبضہ کیا لیکن دو ماہ بعد قتل ہوا **ذکی ہمدانی** (-۱۹۲۱) ایک ایرانی شاعر صاحب دیوان -

ذِلّ (ع- مذکر) ۱ آسانی- سہولت ۲ اطاعت- فرمانبرداری -

ذُلّ (ع - مونث) کمینہ پن - رذالت -

ذُلال (ع - مذکر) جمع ذلیل کی -

ذُلالت - (ع - مونث) ۱ ذلت - رسوائی - خواری ۲ ہتک - توہین ۳ کمینہ پن - رذالت ۴ حقارت ۵ ذلیل کرنا - خوار کرنا -

ذُلام (ع - مذکر) پیٹ کا درد - دردشکم -

ذِلّت (ع - مونث) دیکھو ذلالت ۱ تا ۴ (ذُلّ کمینہ ہونا) - **ذلت اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) خواری ہونا - شرمندگی ہونا - ذلت کی برداشت ہونا **ذلت چھانا** (لازم) نحوست یا نکبت برسنا **ذلت دینا** (متعدی) شرمندہ کرنا خفیف کرنا **ذلت ہونا** (لازم) ۱ رسوائی ہونا ۲ ہتک ہونا ۳ حقارت ہونا ۴ شرمندگی ہونا **ذلت و رسوائی** (مونث) بے عزتی اور بدنامی (اٹھانا اٹھنا کے ساتھ) -

ذَلق (ع - مذکر) ۱ تیز زبان - فصیح زبان ۲ تیز زبانی - لسانیت (ذَلقَ فصیح ہونا - تیز ہونا) -

ذُلّ (ع - مذکر) دیکھو ذلت -

ذَلول (ع - صفت) ۱ حلیم سلیم الطبع ۲ تابعدار - فرمانبردار (ذَلّ - آسان ہونا)

ذَلیل (ع - صفت) ۱ خوار - خستہ ۲ رسوا - بدنام ۳ کمینہ - رذیل - پاجی - سفلہ (ذَلّ - کمینہ ہونا) **ذلیل النفس** (صفت) ۱ کمینی طبیعت کا - رذیل - کمینہ ۲ حکم بردار - مطیع - تابع - **ذلیل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ رسوا ہونا - خفیف ہونا - ذلیل ہونا - ۲ شرمندہ ہونا -

ذَم (ع - مونث) مذمت - ہجو - برائی (ذَمّ - الزام دینا) **ذم کا پہلو نکلنا** - (لازم) برائی یا مذمت کی صورت ہونا **ذم کرنا** (متعدی) ہجو کرنا - حقارت کرنا -

ذمار (عرب) ۱ جنوب میں ایک علاقہ ۲ ایک قصبہ -

ذمائم (ع - مذکر) ذمیمہ کی جمع -

ذِمّہ (ع - مذکر) ۱ ضمانت - کفالت - ضامنی ۲ عہد - پیمان ۳ سپردگی تحویل - امانت ۴ جوابدہی - مواخذہ - بار ۵ فرض - نوکری ۶ وفاداری ۷ تف متعلق - ذات پر ۸ قبضے میں (ذِمّ - الزام دینا) **ذمہ دار** (صفت) ۱ ضامن - کفیل ۲ جوابدہ **ذمہ داری** (مونث) ۱ ضمانت - کفالت ۲ جوابدہی **ذمہ کرنا** (متعدی) ۱ سپرد کرنا - تحویل میں دینا ۲ ذمہ لینا **ذمہ لینا** (متعدی) ۱ اپنے اوپر لینا ۲ تحویل میں لینا ۳ ضامن ہونا **ذمہ وار** (صفت) ذمہ دار **ذمہ واری** (مونث) دیکھو ذمہ دار (لینا کے ساتھ) **ذمہ ہونا** (لازم) متعلق ہونا -

ذِمّی (ع - مذکر) غیر مسلم جو اسلامی سلطنت میں رہے اور جزیہ ادا کرے -

ذَمیمہ (ع - صفت) برا - خراب -

ذَنب (ع - مذکر) گناہ - پاپ - قصور - جرم - برا کام (ذَنبَ - سراغ کے پیچھے جانا) -

ذَنَب (ع - مذکر) ۱ دم - پونچھ ۲ سرا ۳ آنکھ کا باہر کا سرا **ذنب الثعلب** (مذکر) ایک پودے کا نام **ذنب الخیل** (مذکر) ایک پودے کا نام **ذنب الفرس** (مذکر) ایک ستارے کا نام -

ذُنوب (ع - مذکر) جمع ذنب کی - گناہ -

ذُو (ع - مذکر) ۱ مالک - آقا - خداوند - صاحب ۲ (صفت) قبضے میں رکھنے والا - قابض - **ذوار بعتہ الاضلاع** (مذکر) چار پہلو کی شکل **ذواضعاف** (مذکر) وہ رقم جو کئی عددوں پر تقسیم ہو جائے **ذواضعاف اقل** (مذکر) وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد جو کئی عددوں پر تقسیم ہو جائے - **ذوالاحترام** (صفت) مرتبے والا **ذوالجلال** (صفت) صاحب جلال - مرتبے والا - دبدبے والا **ذوالجلال والاکرام** (صفت) بزرگی اور عزت والا - خدا کا صفاتی نام سورۂ الرحمٰن کے آخیر میں آتا ہے **ذوالجناح** (مذکر) "پروں والا" حضرت امام حسین کے گھوڑے کا نام **ذوالحال** (ع) بدمزاج - سخت دل **ذوالحج** (مذکر) مسلمانوں کا بارھواں مہینہ **ذوالشرا** (مذکر) عربوں کا ایک بت **ذوالفقار** (مونث) فقار بمعنی پیٹھ کی ہڈیاں یہ ایک تلوار تھی جو العاص بن منبہ کی ملکیت تھی یہ جنگ بدر میں قتل ہوا - اور تلوار پیغمبر صلعم کے قبضے میں آئی - جنہوں نے حضرت علیؓ کو عطا کی چونکہ اس کی پشت پیٹھ کی ہڈیوں کی طرح سیدھی تھی - اس لئے یہ نام تھا - **ذوالقربا** (مذکر) رشتے دار **ذوالقرنین** (مذکر) "دو قرنوں والا" ایک بادشاہ جسکا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے - بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ سکندر تھا - مگر یہ غلط ہے - یہ ایک دیوار کا جو یاجوج ماجوج کے روکنے کے لئے بنائی گئی تھی بانی سمجھا جاتا ہے سب سے بڑی دیوار چین کی دیوار ہے - جو ایک چینی بادشاہ نے بنائی تھی - **ذوالقعد** (مذکر) مسلمانوں کا گیارہواں مہینہ **ذوالکفل** (مذکر) ۱ ایک پیغمبر کا نام ۲ ایک پیغمبر کے ایک مصاحب کا نام **ذواللونین** (صفت) دو رنگا - **ذوالمن** - **ذوالمنن** (صفت) بخشش اور احسان کرنے والا - خدا کی صفت ہے - **ذوالنون** (مذکر) "صاحب مچھلی کا" حضرت یونس کا لقب جو بقول مسلمانوں کے تین دن

تک مچھلی کے پیٹ میں رہے ۲ ہسپانیہ کا ایک خاندان جو بربر سے آکر نویں صدی میں آباد ہُوا تھا۔ **ذُوالوَجہتین** (صفت) دو معنوں والا۔ **ذُوجَسدَین** (مذکر) "دو بدنوں والا" ستارہ عطارد۔ **ذُوذَنب** (صفت) ۱ دمدار ۲ (مذکر) دمدار تارا۔ **ذُوفنون** (صفت) ۱ وہ جو کئی فن جانتا ہو۔ عالم۔ فاضل ۲ (طنزاً) پُرفن۔ چالاک۔ عیار۔ **ذُومُثلّثۃُ الاضلاع** (صفت) ۱ تین پہلوؤں والا ۲ (مذکر) تکون۔ مثلث۔ **ذُومعنی** (صفت) بامعنی۔ عموماً ذومعنین کے بجائے استعمال ہوتا ہے۔ **ذُومعنی کہنا** (متعدی) ایسی بات کہنا جس میں کئی معنی نکلتے ہوں۔ **ذُومعنَین** (مذکر) ایسی بات جس کے کئی معنی ہوں۔ پہلو دار بات۔

ذُوالرُّمّا (۷۱۹/۷۳۵) غیلان بن عقبہ۔ قبیلہ بنی عدی کا ایک عرب شاعر۔

ذُوالفَقار (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو ذو کے تحت میں ۲ مسلمانوں میں ایک نام۔ **ذوالفقار الدولہ**۔ نجف خاں کا لقب تھا۔ **ذوالفقار جنگ**۔ صلابت جنگ کا لقب تھا۔

ذوالفقار خاں (– ۱۶۵۹) شاہجہان کا ایک امیر اور اسد خاں کا باپ تھا۔ جس کے بیٹے کا بھی یہ خطاب تھا ۲ (۱۶۵۷ – ۱۷۱۳) امیر الامرا نصرت جنگ۔ بنمبر ۱ کا پوتا اور اسد خاں کا بیٹا تھا۔ عالمگیر کے عہد میں ملازم ہُوا۔ اور بہادر شاہ کے عہد میں امیر الامرا کا خطاب اور دکن کی صوبیداری ملی۔ اس کی وفات پر اس نے جہاں دار شاہ کی امداد کی اور وہ شاہنشاہ ہوا۔ مگر فرخ سیر کے ہاتھ سے شکست کھا کر مارا گیا۔ اور یہ بھی قتل ہُوا ۳ (۱۲) سبزواری ایک بڑے پائے کا شاعر تھا۔ جو سلطان محمد شاہ خوارزم کے زمانے میں ہُوا۔ **ذوالفقار علی** (۱۸/۱۷) المتخلص بہ مست۔ مصنف تذکرہ ریاض الوفاق۔ **ذوالفقار علی خاں** (۱۹) بن نواب علی بہادر خاں۔ بندا کا نواب تھا۔

ذُوالقَدر ۱ (– ۱۷) ایک ترک شاعر صاحب دیوان ہے ۲ ترکوں کا ایک قبیلہ ۳ (۱۵/۱۶) ایک ترک خاندان جس نے تقریباً ۱۵۰ سال تک البستان اور ملاطیہ میں حکومت کی۔

ذُوالنُّون ۱ (– ۸۶۰) مصری ابوالفضل ثوبان بن ابراہیم مصر کے ایک مشہور بزرگ اور صوفی جن کی بہت سی کرامات مشہور ہیں۔ لطائف الاخبار میں ان کی سوانحعمری ہے ۲ (– ۱۵۰۷) بیگ ارغون سندھ کے خاندان ارغون کا بانی تھا شیبانی کے ساتھ جنگ کرتا ہوُا قتل ہُوا۔

ذَوّاق (ع۔ صفت) بہت چکھنے والا۔

ذُوائب (ع۔ مذکر) ذنب کی جمع۔ دمیں۔

ذُوسَنطاریا (ع۔ مذکر) انگریزی لفظ ڈائی سنٹری کا مخفف۔ پیچش۔

ذَوق (ع۔ مذکر) ۱ مزا۔ لطف۔ حظ ۲ شوق۔ خوشی۔ نشاط و ذوق۔ ذاق۔ چکھنا۔ **ذوق افزا یا فزا** (صفت) مزا بڑھانے والا۔ **ذوق بخش** (صفت) خوشی دینے والا۔ **ذوق پیما** (صفت) خوشی تولنے یا ماپنے والا۔ خوشی دینے والا۔ **ذوق چش** (صفت) مزا چکھنے والا۔ حظ حاصل کرنے والا۔ **ذوق سرشت** (صفت) خوشی سے ملا ہُوا۔ **ذوق سے** (تف) مزے سے۔ خوشی سے۔ شوق سے۔ **ذوق رکھنا** (متعدی) شوق رکھنا۔ **ذوق (و) شوق** (مذکر) عیش و عشرت۔ خوشی۔ **ذوق وشوق سے** (تف) بڑی خوشی سے شوق سے۔ **ذوق ہونا** (لازم) شوق ہونا۔ کسی بات میں خوشی ہونا۔

امثال و اقوال۔ ذوق چمن زخاطر بلبل نمی رود۔ جس چیز کا کسی کو شوق ہو وہ دل سے نہیں جاتا۔ **ذوق چمن زخاطر صیّاد میرود**۔ ہر روز کی دید شوق کو مٹا دیتی ہے۔ **ذوق گل چیدن اگر داری بہ گلزارے برو**۔ بغیر دوڑ دھوپ کے مقصد پورا نہیں ہوتا۔ **ذوق میں شوق نفع میں لڑکا دستوری میں بچہ**) محنت یا شوق کے کام میں کوئی فائدہ ہوجائے تو کہتے ہیں۔

ذَوق (۱۷۸۹ – ۱۸۵۵) شیخ ابراہیم بن شیخ محمد انصاری دہلوی۔ اردو شاعر صاحب دیوان۔ شاہ نصیر کا شاگرد اور ظفر اور داغ کا استاد تھا۔ اُردو زبان کے اول درجے کے شاعروں میں اس کا شمار ہے۔

ذَوْلَق (ع۔ مذکر) ۱ زبان کا سرا ۲ نیزے کی نوک۔ **ذولقیہ** (صفت) وہ حروف جو زبان کے سرے سے نکلیں۔ ل۔ ر۔ ن۔

ذَوِی (ع۔ مذکر) ذو کی جمع۔ مالکان۔ صاحبان۔ **ذوی الاحترام** (صفت) وہ جو بہت قابل عزت ہوں۔ **ذوی الارحام** (مذکر) وہ رشتے دار جو ماں بہن۔ بیوی یا لڑکیوں کی طرف سے منسوب ہوں اور ذوی الفرائض اور عصبہ نہ ہوں۔ **ذوی الاعتبار** (صفت) وہ جن پر بہت اعتبار ہو معتبر۔ **ذوی الاقتدار** (صفت) طاقت والے۔ قوت والے۔ اختیار والے۔ **ذوی الاکرام** (صفت) وہ جن کی عزت کی جائے معزز۔ **ذوی الفرائض** (مذکر) وہ وارثان شرعی جن کے حصے قرآن شریف میں مقرر ہیں۔ **ذوی القربیٰ** (مذکر) جدی رشتے دار۔ ایک خاندان کے ہم جدی لوگ۔

ذَہاب (ع۔ مذکر) ۱ جانا۔ روانگی۔ ہونے والا ۲ ناکامیابی ۳ دل کی حرکت بند ہوجانا ۴ جاتے رہنا عقل کا۔

ذَہانت (ع۔ مونث) ذہن کی تیزی۔ ہوشیاری۔ ذکاوت۔

ذَہَب (ع۔ مذکر) ۱ سونا ۲ انڈے کی زردی ۳ یمن کا ایک خشک چیزوں کا پیمانہ۔

ذَہبی (۱۲۷۴ – ۱۳۴۸) شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن احمد۔ عرب محدث اور مصنف تذکرۃ الحفاظ۔ تجرید اسمائے مجاہد وغیرہ۔

ذُہل (ع۔ مذکر) ۱ ایک درخت کا نام جسے بشام بھی کہتے ہیں ۲ ایک قبیلے کا نام۔

ذِہن (ع۔ مذکر) ۱ حافظہ۔ یاد ۲ ادراک یا سمجھ کی قوت ۳ زیرکی۔ دانائی۔ سمجھ ۴ قابلیت۔ ذکا (ذہن۔ ہشیار ہونا) **ذہن دقیق** (مذکر) نہایت اچھا

ذہن ۔ باریک باتوں کو پا جانے والا ذہن ۔ **ذہن سے اتر جانا** (لازم) بھول جانا ۔ **ذہن کند ہونا ۔ ذہن کندی ہونا** (لازم) ۱ غبی ہونا ۲ جب کوئی موقع کی بات یاد آئے تو استعمال کرتے ہیں ۔ **ذہن کُھلنا** (لازم) عقل کا تیز ہونا ۔ **ذہن لڑانا** (متعدی) سوچنا ۔ غور کرنا ۔ **ذہن لڑنا** (لازم) خیال کی رسائی ہونا ۔ **ذہن منتقل ہونا** (لازم) کسی بات کی طرف خیال جانا ۔ **ذہن میں بیٹھنا** (لازم) کسی بات کا سمجھ میں نہ آنا ۔ **ذہن نشین** (صفت) سمجھا ہُوا ۔ یاد رکھا ہُوا ۔ سمجھ میں آیا ہُوا ۔ **ذہن نشین کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ سمجھانا ۲ تشفی کر دینا ۔ **ذہن نشین ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ سمجھ میں آنا ۲ یاد ہو جانا ۳ تشفی ہو جانا ۔ **ذہنی** (صفت) ۱ ذہن کے متعلق ۔ ذہن کا ۲ دماغی ۔ عقلی ۔

ذُہن (ع ۔ مذکر) ایک قبیلے کا نام ۔

ذُہُول (ع ۔ مذکر) ۱ بھول جانا ۲ غفلت ۔ بھول (ذَہَل ۔ بھول جانا) **ذہولت** (مؤنث) غفلت ۔ لاپرواہی ۔ بھول ۔

ذَہِین (ع ۔ صفت) وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو ۔ ذکی ہوشیار ۔ تیز فہم (ذہن ۔ کسی چیز کو سمجھنا) **مقولہ ذہین کی دور بلا ۔** عقلمند کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا ۔

ذِئب (ع ۔ مذکر) بھیڑیا ۔

ذی (ع ۔ مذکر) دیکھو ذُو ۔ **ذی آبرو** (صفت) آبرو دار ۔ عزت والا ۔ **ذی اختیار** (صفت) اختیار والا ۔ حکومت والا ۔ حاکم ۔ **ذی استعداد** (صفت) ۱ قابل ۔ لائق ۲ امیر ۔ دولتمند ۔ **ذی اقتدار** (صفت) حکومت والا ۔ اقتدار والا ۔ حاکم ۔ **ذی الحجّ** (مذکر) سلمانوں کا بارھواں مہینہ ۔ جس میں حج ہوتا ہے ۔ **ذی القعد** (مذکر) سلمانوں کا گیارھواں مہینہ ۔ **ذی پنبہ** (مذکر) ایک سر جو مسخرے گاتے ہیں ۔ **ذی جاہ** (صفت) مرتبے والا ۔ افسر ۔ **ذی حُرمت** (صفت) عزت دار ۔ باعزت ۔ **ذی حق** (صفت) حقدار ۔ مستحق ۔ **ذی حس** (صفت) ملجاندار ۔ **ذی حشم** (صفت) صاحب حشمت ۔ **ذی حیات** (صفت) ۱ جاندار ۔ زندہ ۲ (تف) زندگی میں ۔ دوران زندگی ۔ **ذی خاندان** (صفت) خاندانی ۔ **ذی خِرد** (صفت) عقلمند ۔ دانا ۔ **ذی رُتبہ** (صفت) عہدہ دار ۔ صاحب منصب ۔ افسر ۔ حاکم ۔ **ذی رُوح** (صفت) جاندار ۔ **ذیشان** (صفت) شان و شوکت والا ۔ **ذی شعُور** (صفت) عقلمند ۔ دانا ۔ ہوشیار ۔ سمجھدار ۔ **ذی عِزّت** (صفت) عزت دار ۔ **ذی قعد** (مذکر) گیارھواں مہینہ ۔ **ذی قیمت** (صفت) قیمتی ۔ بیش بہا ۔ **ذی کمال** (صفت) صاحب کمال ۔ **ذی لیاقت** (صفت) قابل ۔ لائق ۔ **ذی وجاہت** (صفت) وجاہت والا ۔ **ذی وقار** (صفت) معزز ۔ صاحب وقار ۔ صاحب ثروت ۔ **ذی ہوش** (صفت) سمجھدار ۔ ہوشیار

ذِیابیطس (ع ۔ مذکر) بار بار پیشاب آنے کی بیماری ۔ سلسل بول ۔

ذَیل (ع ۔ مذکر) ۱ دامن ۔ نیچے کا حصّہ ۲ وہ جو نیچے درج ہو ۳ علاقہ ۔ حلقہ ۴ گروہ ۔ زمرہ ۵ واسطہ ۔ آڑ (ذَیَل ۔ ذال ۔ کپڑے کو گھسیٹنا) **ذیلدار** (مذکر) ایک سرکاری عہدہ دار جس کے حلقے میں کئی گاؤں ہوتے ہیں ۔ **ذیل گھر** (مذکر) ایک مکان جس میں معزز آدمی نمبردار ۔ ذیلدار وغیرہ ٹھیرتے ہیں ۔ **ذیل میں** (تف) تحت میں ۔ نیچے ۔ **ذیل وار** (صفت) ذیل کے حساب سے ۔

ر (ہ ۔ مونث) تلفظ رے ۱ اردو کا چودھواں ۔ فارسی کا بارھواں اور عربی کا دسواں حرف ہے ۲ دیوناگری کا ستائیسواں ویجن اور دوسرا آدھا سور ہے ۳ اسے رائے مہملہ غیر منقوطہ یا قرشت بھی کہتے ہیں ۔ ابجد میں اس کے ۲۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں ۔ علم نجوم میں چاند کو اور عربی میں ربیع الاول کے مہینے کو ظاہر کرتا ہے ۔ عموماً ل سے بدل جاتا ہے ۔ فارسی میں د ذ ژ ل ن سے بدل جاتا ہے ۔ بالکسر دیوناگری کا ساتواں سور ہے ۔ **رکار** (ہ) لفظ یا آواز رے

را (ف ۔ حرف) ۱ کا ۔ کو ۲ سے ۔ لئے ۔ ان معنوں میں اردو میں قضا را اور خدارا میں استعمال ہوتا ہے ۳ بجائے رائے فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے نیکسرا ۔ روشنرا ۔

را (مصر ۔ عص) سب سے بڑا دیوتا آفتاب نصف النہار ۔ یہ عقاب سر آدمی کی شکل کا تھا جس کے سر پر آفتاب کا قرص نظر آتا تھا ۔ یہ نٹ کا بیٹا تھا اور فرعون اس کی اولاد خیال کئے جاتے تھے ۔

راب (ہ ۔ مونث) پتلا گڑ (س در ۔ پانی کی طرح ہونا ۔ بہنا) ۔

مثل ۔ راب نہ رابڑی لے اٹھے کھابڑی ۔ کوئی اچھی یا بری بات نہیں کہی اور یونہی تلوار نکال لی ۔ خوامخواہ ناراض ہو گئے ۔

رابا زبیر (۱۸۳۰ ۔ ۱۹۰۰) ایک نصف عرب نصف حبشی امیر تھا ۔ اس نے سوڈانیوں کے برخلاف بغاوت کی اور مہدی کا ساتھ دیا ۔ اس کی وفات پر یہ بورنو چلا گیا ۔ فرانسیسیوں کے ساتھ لڑائی میں مارا گیا ۔

رابرٹ ۱ اول ۔ دیکھو بروس شاہ سکاٹ لینڈ ۲ ثانی (۱۳۱۶ ۔ ۱۳۹۰) رابرٹ بروس کا پوتا اور خاندان سٹوارٹ کا پہلا بادشاہ تھا ۔ ۱۳۷۱ء میں تخت نشین ہوا ۳ ثالث (۱۳۴۰ ۔ ۱۴۰۶) ۲ کا بیٹا ۱۳۹۰ء میں تخت نشین ہوا ۴ رابرٹ اول (۸۶۳ ۔ ۹۲۳) ۵ دوم (۹۷۰ ۔ ۱۰۳۱) شاہان فرانس ۔

رابڑی (ہ ۔ مونث) دیکھو ربڑی ۔

رابط (نامعلوم) مولوی عبدالاحد ایک شاعر ۔

رابطہ (ع ۔ مذکر) ۱ تعلق ۔ میل ۔ ملاپ ۲ کوئی چیز جو ملائے ۔ باندھے یا درست کرے ۳ جوڑ ۔ میل ۔ بندش ۴ رشتہ ۔ قرابت ۵ قرآن ۶ باندھنے کی رسی ۔ زنجیر ۷ پٹی ۔ بند ۸ وہ حرف جو صفحہ کے نیچے اور اگلے صفحہ کے اوپر لکھا جاتا ہے ۹ وہ حرف جو فاعل اور فعل کا تعلق ظاہر کرے (ربط ۔ باندھنا) **رابطہ پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تعلق ہونا ۔ اتحاد ہونا ۔ **رابطہ ہونا** (لازم) تعلق ہونا ۔ رشتہ ہونا ۔

رابع (ع ۔ صفت) چوتھا ۔ **رابعاً** (تف) چوتھی دفعہ ۔ **رابعہ** (مونث) چوتھی ۔

رابعہ بصری (۔ ۸۰۱) بصرے کی ایک زاہدہ جو اپنی پاکدامنی کے لئے مشہور تھیں ۔ انہوں نے ایک نہر بغداد سے مدینے تک بنائی تھی ان کو بہت سی احادیث یاد تھیں ۔

رابغ (عرب) ایک وادی جو مکے جانے والوں کو طے کرنی پڑتی ہے ۔

رابکوب (ہند) ریاست اودے پور میں ایک گاؤں ۔ یہاں سونے کی کانیں ہیں ۔

رابلے (۱۴۸۳ ۔ ۱۵۵۳) فرانسواز ایک فرانسیسی مذاقیہ مصنف ۔ اس کی کتابیں پنٹاگرول اور گارگنٹوا بہت مشہور ہیں ۔

رابن (ہ ۔ مذکر) راون کا مخرب ۔

رابنسن کروسو (انگ ۔ مذکر) ۱ ڈی فو کا ایک مشہور عالم ناول ۲ اس کتاب کا ہیرو ۔ جس کا جہاز ایک طوفان میں تباہ ہو جاتا ہے اور وہ ایک جزیرے میں پناہ لیتا ہے وہاں کے حالات بطور قصے کے بیان کئے گئے ہیں ۔

رابن ہُڈ (انگ ۔ مذکر) قرن وسطی کا مشہور انگریزی راہزن اس کے قصے بہت مشہور ہیں ۔

رابو (ف ۔ مذکر) موسم بہار کا ایک پھول ۔

راپٹا (اردو ۔ مذکر) طمانچا (غف) ۔

راپٹی (ہند) ایک دریا ۴۰۰ میل لمبا ہے اور گاگرا کا معاون ہے ۔

راپڑ (ہ ۔ صفت) بنجر ۔

راپی (ہ ۔ مونث) چمڑا کاٹنے اور چھیلنے کا اوزار (س رمپھ) ۔

رات (ہ ۔ مونث) ۱ سورج کے غروب ہونے سے طلوع ہونے کا وقت ۔ شب ۔ لیل ۲ (تف) بجائے رات کو ۔ کو عموماً محذوف ہوتا ہے (س راتری) **رات اخیر ہونا** (لازم) رات کٹنا ۔ رات ختم ہونا ۔ **رات آنکھوں میں کاٹنا یا گزارنا** (متعدی) **کٹنا یا گزرنا** (لازم) انتظار میں ساری رات جاگتے رہنا ۔ **رات آنا** (لازم) رات گزرنا ۔ **راتا رات** (تف) رات بھر ۔ ساری رات ۔ **رات بڑی آنا** (متعدی) بہت رات گزرنا ۔ **رات بس کر** (تف) شب کو قیام کرکے ۔ **رات لبیے کا رستہ** (مذکر) وہ رستہ جس کو طے کرنے میں رات کو بیچ میں رہنا پڑے ۔ دو پڑاؤ کا رستہ ۔ **رات بولنا** (لازم) رات کو سناٹا ہونا ۔ **رات بھاری ہونا** (لازم) تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات نہ کٹنا یا رات جاگ کر بسر ہونا ۔ **رات بہت آنا** (لازم) رات کو دیر ہو جانا ۔ بہت رات گزرنا ۔ **رات بھر** (تف) ساری رات ۔ **رات بھیگنا** (لازم) رات کو خنکی ہو جانا ۔ رات کا سرد ہو جانا ۔ **رات پڑی ہے** ۔ بہت رات باقی ہے ۔ **رات پکڑنا** (متعدی) رات گزرنا ۔ رات پالینا ۔ **رات پہاڑ ہونا** (لازم) تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات لمبی معلوم ہونا

یا کاٹے نہ کٹنا۔ رات تمام ہونا (لازم) رات ختم ہونا۔
رات تو اپنی ہے۔ فلاں وقت یا کام تو اپنا ہے۔
یہ وقت تو قابو کا ہے۔ رات تھوڑی ہونا (لازم)
رات کا کم باقی رہنا صبح ہونے کے قریب ہونا۔ رات
تیر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رات گزرنا یا بسر ہونا۔
رات جانا (لازم) رات گزرنا۔ رات چر (ھ)
رات کو چلنے والا ۱ بھوت ۲ چور۔ رات چلنا
(لازم) ۱ رات گزرنا ۲ رات کو رخصت ہونا۔ رات
ختم ہونا (لازم) رات اخیر ہونا یا کٹنا۔ رات دن
(تف) ہر وقت۔ شب و روز۔ آٹھوں پہر۔ رات
دن برابر چکر (ھ) خط معتدل النہار۔ رات
دن اس کی تسبیح ہے۔ ہر وقت اس کو یاد کرتا ہے۔
رات دن برابر ہونا (لازم) ۱ ۲۳۔ اپریل اور
۲۳ ستمبر کو دن اور رات کی لمبائی پورے ۱۲ گھنٹے ہوتی
ہے ۲ دن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھنا۔ جو کام دن کو
ہونا چاہئے وہی رات کو بھی کرنا۔ رات دن خیر کا
سامنا ہے۔ ہر روز نئی مصیبت ہے۔ رات دن
محبت گرم رہتی ہے۔ اکٹھے مل کر بیٹھتے ہیں۔ رات
ڈھلنا (لازم) رات کا زوال پر آنا۔ نصف سے
زیادہ رات گزر جانا۔ رات رہنا (لازم) ۱ رات
باقی ہونا ۲ رات کو قیام کرنا ۳ عورت کا مرد کے پاس
رات کو سونا۔ رات رہے (سے) ایسے وقت جب
تھوڑی رات باقی ہو۔ رات زیادہ آنا (لازم)
رات کا بڑا حصہ گزر جانا۔ رات کا بڑھ جانا
(لازم) ۱ رات کا موسم سرما میں لمبا ہونا ۲ تکلیف یا
انتظار کی وجہ سے رات کا لمبا معلوم ہونا۔ رات
کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) رات گزرنا تکلیف
وغیرہ میں۔ رات کاٹے کھانا (لازم) رات کو
تنہائی میں فرقت کی تکلیف ہونا۔ رات کو (تف)
رات کے وقت۔ سورج کے غروب اور طلوع ہونے
کے درمیان۔ رات کا کھایا یاد نہیں رہتا بہت
بھول جانے والا آدمی ہے۔ رات کی رات
(تف) صرف ایک رات۔ رات کے وقت
(تف) رات کو۔ رات گزار دینا۔ گزارنا
(متعدی) گزر جانا۔ گزرنا (لازم) رات کٹنا۔
رات بسر ہونا۔ رات گئے (تف) ایسے وقت
جب رات کا بڑا حصہ گزر چکا ہو۔ رات مشکل
میں کٹنا (لازم) رات کسی وجہ سے تکلیف میں گزرنا۔
رات میں (تف) رات کو۔ رات نہ پکڑنا
(لازم) رات ہونے سے پہلے مر جانا۔ رات تک
زندہ نہ رہنا۔ رات والا (مذکر) ۱ الو ۲ ہیضہ
چاند۔ راتوں رات (تف) رات بھر میں۔ رات
کے وقت۔ بہت جلد۔ راتوں کو نیند نہ آنا
(لازم) غم و رنج کی وجہ سے کئی کئی رات تک جاگتے
رہنا۔ رات ہو جانا یا ہونا (لازم) سورج
غروب ہو کر رات کا وقت آ جانا۔ راتی (ھ)
۱ رات ۲ (صفت) رات کا۔ راتی راتا (تف)
مارا مارا۔ دن رات چل کر۔

امثال و اقوال۔ رات بھر
گائی بجائی۔ بچے کے نونی نہیں۔ رات
بھر گایا بجایا سویرے بھیا کے لولو نہیں
ساری محنت اکارت گئی۔ رات بھر ممیائی۔
اور ایک بچہ بیائی۔ وہاں بولتے ہیں جہاں
محنت بہت اور فائدہ کم ہو۔ رات پڑے
اپاسی دن کو کھلائے (کھوجے) باسی
بہت غریب ہے۔ رات کو بھوکا سوتا ہے۔ دن کو
باسی کھاتا ہے۔ رات پڑی بوند۔ نام رکھا
محمود۔ کام مشکل سے شروع ہوا ہے۔ خوشی ابھی
سے شروع کر دی ہے۔ رات تھوڑی (سوانگ
بہت) کہانی بڑی۔ وقت تھوڑا ہے اور کام
بہت۔ رات دن پیسا اور چٹنی بھر اٹھایا
بڑی مشقت کے بعد تھوڑا فائدہ۔ رات رات کا
پڑ رہنا۔ بھور بھئے چل دینا زندگی عارضی ہے
زندگی کا وقت بہت تھوڑا ہے۔ رات کو جاگی
آئے دن کو منہ پھیلائے۔ کام میں عجلت
کرنے والا۔ رات کو جھاڑو دینا منحوس ہے
عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو جھاڑو نہیں دینا چاہئے۔
رات کو سانپ کا نام نہیں لیتے ہیں۔ یہ بھی
عورتوں کا خیال ہے کہ اگر سانپ کا نام رات کو لیا جائے
تو وہ نکل آتا ہے۔ رات کو مچھر کی ٹانگ پکڑیں
دن کو اونٹ نہ سجھائی دے۔ ان کے متعلق
کہتے ہیں جنہیں رات کو زیادہ نظر آتا ہے۔ رات
کی مالزادی۔ دن کی خوزادی۔ رات کو
بدکاری کرتی ہے۔ دن کو شریف زادی بن جاتی ہے۔
ایسی عورت کے متعلق کہتے ہیں جو ظاہر تو پارسا بنی
رہے اور حقیقت میں بدچلن ہو۔ رات کی نیت
حرام۔ عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو کوئی تجویز کرنا
منحوس ہوتا ہے۔ رات گئی بات گئی۔ موقع
نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا۔ رات ماں کا
پیٹ ہے ۱ رات کو سب آرام پاتے ہیں ۲ رات کو
عیب چھپے رہتے ہیں۔ رات نربدا اتری۔
صبح (اٹھ کوئیں سے ڈری) کوا ل دیکھ
ڈری ۱ خواہ مخواہ نخرے بگھارتی ہے۔ دکھانے کو
ڈرتی ہے۔ خطرناک کام کر جائے اور تھوڑے خطرے
سے ڈر جائے۔ راتوں روئی ایک ہی مرا
یا موا۔ بہت محنت کی فائدہ تھوڑا ہوا۔ راتوں
کاتا کاتنا۔ سر پر نہیں ناتنا۔ بہت محنت
کرتی ہے پھر بھی گزارا نہیں ہوتا۔ رات ہٹائی
تڑکے آئی۔ بھوگ بید نابری رہے
بھائی۔ بھوک بری بلا ہے۔ ہر وقت لگی رہتی
ہے۔

راتا (ھ۔ صفت) ۱ سرخ۔ لال
قرمزی ۲ سرخ رنگا ہوا۔

راتب (ع۔ مذکر) ۱ کتے۔ بلی
ہاتھی کی روزانہ خوراک ۲ گھوڑے کو جو چیز معمولی
دانے گھاس کے علاوہ دی جائے ۳ (ع) تنخواہ۔ روزینہ
پنشن۔ وظیفہ۔ راشن (دینا۔ لانا۔ لینا۔ ملنا کے
ساتھ) (رتب۔ مقرر ہونا) راتب باندھنا
(متعدی) معمول مقرر کر لینا۔ راتب خور

(صفت) وظیفہ خوار۔ **راتب لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کتے بلی کا راتب مقرر ہونا۔

راتر (س۔ مذکر) رات۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **راتری** (مونث) ۱ رات ۲ رات کا اندھیرا ۳ برہماجی کے چار بدنوں میں سے ایک بدن۔ **راتری بھار دواج** (مونث) ایک عورت جس پر ویدوں کا ایک منترا اترا تھا۔

راتنا (ھ۔ متعدی) ۱ رنگنا۔ سرخ رنگنا ۲ (لازم) سخت جوش آنا ۳ نہایت شائق ہونا ۔ عاشق ہونا ۔ سخت محبت ہونا۔

راتھسچائیلڈ (انگ۔ مذکر) ایک مشہور خاندان یہودی ساہوکاروں کا ہے۔ جس کی بنا میر راتھسچائیلڈ نے رکھی تھی۔ اس کے بیٹوں نے جابجا یورپ میں بینک کھول دئیے تھے اور ان کو آسٹریا کا بیرن بنا دیا گیا تھا۔ اس کا پوتا ناتھن میر انگلستان میں بیرن بنایا گیا تھا۔

راٹرڈام (نیدرلینڈ) ایک بندرگاہ (۵۳۲)

راٹسبون (یورپ) بویریا کا ایک شہر (۵۳)

راٹھور (ہ۔ مذکر) ۱ راجپوتوں کی ایک ذات ۲ راجپوتوں کا ایک خاندان۔ جو مسلمانوں کے ہندوستان میں آنے کے وقت قنوج پر حکومت کرتا تھا۔ جے چند کے بعد اس کے پوتے شیوجی نے مارواڑ میں سلطنت قائم کی اور جودھپور کے راجے اس کی اولاد سے ہیں۔

راٹھور (ھ۔ صفت) ۱ مضبوط۔ پکا ۲ سخت ۳ کھردرا۔ رکھڑا۔

راج (ہ۔ مذکر) ۱ بادشاہت۔ سلطنت ۲ ریاست ۳ حکومت۔ دور دورہ (س راج بمعنی راجہ) (س راجن) **راجا** (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ **راج آ رہا ہے**۔ خوب بیفکری میں گزرتی ہے۔ **راج بنس** (مذکر) راجوں کا خاندان

راج بنسی (صفت) شاہی خاندان کا ۲ (مذکر) راجپوتوں کا ایک شاہی خاندان ۳ سانپ۔ **راج بہا** (مذکر) نہر جو بڑی نہر سے پانی دینے کے لئے نکالی جائے۔ **راج بھنگ ہو جانا** (لازم) سلطنت پر زوال آنا۔ **راج پاٹ** (مذکر) ۱ حکومت۔ سلطنت۔ تخت و تاج ۲ عورت کا سہاگ۔ **راج پاٹ چھوڑ دینا** (متعدی) تخت و تاج سے دست بردار ہو جانا۔ **راجپوت** (مذکر) ہندوؤں کی ایک قوم۔ چھتری اس کی تقریباً ۶۰ گوتیں ہیں ۲ اس قوم کا ایک فرد۔ **راجپوتانہ** (صفت) ۱ راجپوت کی طرح۔ راجپوت کی ملکیت ۲ (ہند) ایک ملک جو پنجاب کے جنوب اور مالوہ کے شمال میں واقع ہے۔ مغرب میں سندھ ہے اور مشرق میں پنجاب۔ آگرہ اور وسطی ہند کا مغربی حصہ ہیں۔ رقبہ ۱۲۷۵۴۱ (۹۸۴۴۴) عام طور پر راجپوت قوم آباد ہے اس میں ۱۹ ریاستیں ہیں۔ **راجپوتنی** (مونث) ۱ راجپوت قوم کی عورت ۲ راجپوت کی بیوی۔ **راجپوتی** (مونث) راجپوت قوم کا شعار۔ بہادری یا آن۔ **راج پھوڑا** (مذکر) ایک پھوڑا جو پیٹھ پر ہو جاتا ہے۔ شب چراغ۔ **راج تلک** (مونث) تخت نشینی کی رسم۔ **راج تلک دینا** (متعدی) گدی نشین۔ **راج دلار** (مذکر) راجہ کا پیارا۔ راجہ کا بیٹا۔ **راج دلاری** (مونث) راجہ کی بیٹی۔ **راج دھر** (مذکر) وزیر اعظم۔ **راج رجانا** (متعدی) سکھ دینا۔ **راج رجنا** (لازم) ۱ سلطنت یا حکومت کرنا ۲ عیش سے زندگی بسر کرنا۔ **راج روگ** (مذکر) ۱ مہلک بیماری ۲ کوڑھ ۳ تپ دق ۴ کوئی بڑا شوق ۵ طول طویل مقدمہ۔ **راج سہاگ** (مذکر) وہ زمانہ جس میں عورت کا خاوند زندہ رہے۔ **راج سہاگ قائم رہے**۔ سہاگن عورت کو دعا دی جاتی ہے۔ **راج کرنا** (متعدی) ۱ سلطنت کرنا ۲ عیش میں زندگی بسر کرنا۔ خوش ہونا۔ **راج کرے**۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔ بھاڑ میں جائے۔

راج گدی دینا (متعدی) تخت نشین کرنا۔ **راج لٹ جانا** (صفت) خاوند کا مر جانا۔ **راج ہنس** (مذکر) ایک دریائی پرند۔ قاز۔

امثال و اقوال۔ **راجپوت اور جاٹ موسل کے دھنوہی ٹوٹ جات تیوہیں نہیں کبھی**۔ دونوں اکھڑ ہوتے ہیں۔ نقصان ہو جائے مگر اکڑ نہیں جاتی۔ **راج کا راج ہیں بیاج کا بیاج ہیں۔ ناج کا ناج ہیں۔ سماج کا سماج ہیں** ۱ جس قسم کی آمدنی ہو ویسا ہی خرچ ہوتا ہے۔ راجہ کا سلطنت کے کاموں میں۔ ساہوکار کا قرضہ دینے میں اور غلہ فروش کا اناج خریدنے میں ۲ اپنے محل پر ہر ایک بات ہونی چاہئے۔ **راج ہٹ بالک ہٹ۔ تریا ہٹ۔ جوگی ہٹ** راجہ۔ بچہ۔ عورت اور فقیر جو دل میں آئے کرتے ہیں کسی کی نہیں مانتے۔

راج (ع۔ مذکر) راز کا مہند معمار۔ **راج گیری** (مونث) معمار کا کام۔ **راج مزدور** (مذکر) معمار اور قلی۔ **راج مزدور لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) تعمیر کا کام ہونا۔

راجَ (س۔ مذکر) ۱ راجہ۔ بادشاہ ۲ مالک۔ حاکم ۳ کوئی بڑی چیز ۴ کسی قسم کی سب سے بڑی چیز۔ **راجادِتیہ** (مذکر) ایک مصنف۔ **راجا دھیراج** (مذکر) شہنشاہ۔ قیصر۔ راجوں کا راجہ۔ **راجارام** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **راجاسن** (مذکر) تخت شاہی۔ **راجا ولی** (مونث) ۱ راجوں کا سلسلہ۔ شاہی خاندان۔ راجوں کا شجرہ نسب ۲ ایک کتاب جو راج ترنگنی کے سلسلے میں لکھی گئی تھی۔ اور پراجیہ بھٹ کی تصنیف ہے۔ **راج پال** (مذکر) ایک شاہی خاندان کا نام۔ **راج پتر** (مذکر) ۱ راجپوت ۲ راجہ کا بیٹا ۳ ویش کا بیٹا امبشٹھا سے یا چھتری کا بیٹا کرنی سے ۴ بدھ کا نام جو چندرماں کا بیٹا سمجھا جاتا ہے ۵ کام شاستر کا ایک مصنف ۶ ایک قسم کا آم۔ **راج پترا** (مونث) راجہ کی ماں۔ **راج پتری** (مونث) ۱ راجہ کی بیٹی ۲ راجپوت عورت۔

۳ کئی پودوں کا نام ۴ ایک خوشبو ۵ ایک دھات ۶ چھچھوندر۔ **راج پتنی** (مونث) رانی۔ **راج پربھند** (مذکر) ۱ شاہی پولیس ۲ شاہی انتظام۔ ملک کا انتظام۔ **راج پرتاب** (مذکر) شاہانہ شان وشوکت۔ **راج پرتی ندھ** (مذکر) لاٹ صاحب۔ صوبے دار۔ گورنر۔ وائسرائے۔ **راج پور یا پوری** (مذکر) ۱ ایک شہر کا نام ۲ دارالسلطنت۔ **راج ترنگنی** (مونث) کشمیر کی ایک مشہور تاریخ بمصنفہ کلہن۔ (۱۱۴۸) **راج تیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ کا نام۔ **راج چکر** (مذکر) ۱ کرشن جی کا چکر ۲ راجہ کا ڈر یا خوف۔ **راج چندر** (مذکر) ایک فرہنگ نویس کا نام۔ **راج دربار** (مذکر) راجہ کا دربار۔ راجہ کی ملاقات۔ **راج درشن** (مذکر) راجہ کا دیدار۔ راجہ کی ملاقات۔ **راج دوار** (مذکر) راجہ کا دروازہ یا ڈیوڑھی۔ **راج دُوت** (مذکر) راجہ کا ایلچی۔ **راج دَھرم** (مذکر) ۱ راجہ کا فرض ۲ راجہ کی ذمہ داری یا کام ۳ چھتری کے فرائض۔ **راج دھرمن** (مذکر) بگلوں کے راجہ کا نام جو کشپ کا لڑکا تھا۔ **راج دیو** (مذکر) ایک فرہنگ نویس۔ **راج راج** (مذکر) ۱ راجا دھیراج ۲ کوبیر ۳ چندرماں۔ **راج راجگری** (مذکر) ہموت کا نام۔ **راج رام** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **راج رتھ** (مذکر) راجہ کی گاڑی۔ شاہی گاڑی۔ **راج رشی** (مذکر) ۱ شاہی خاندان کا رشی۔ وہ رشی جو شاہی خاندان سے ہو ۲ کلیان کا بیٹا ۳ کئی مصنفوں کا نام۔ **راج سبھا** (مونث) ۱ راجہ کا دربار ۲ راجوں کا دربار ۳ وہ دربار جس میں راجہ موجود ہو ۴ پریوی کونسل۔ پارلیمنٹ۔ **راجستھان** (مذکر) راج دھانی۔ **راج سنہا** (مذکر) کئی راجوں کا نام۔ **راج سُویہ** (مذکر) ایک قسم کا یگ جو کسی مہاراجہ کی تخت نشینی کے موقع پر کیا جاتا تھا۔ **راج ستی** (مذکر) ایک ملک۔ **راج سیوا** (مونث) راجہ کی خدمت۔ شاہی ملازمت۔ **راج سیوک** (مذکر) راجہ کا نوکر۔ درباری۔ **راج شاہی** (مونث) بادشاہت

راج شیکھر (مذکر) ۱ کئی مصنفوں اور شاعروں کا نام ۲ (۱۰) ایک شاعر جو درُوک اور شیلاوتی کا بیٹا اور کنیا کبج کے راجہ مہیندر پال کا بیٹا تھا۔ اس نے چار ناٹک لکھے ہیں جن میں بال بھارت اور بال رامائن مشہور ہیں۔ **راج شیل** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **راجکل** (مذکر) ۱ راجہ کا خاندان۔ شاہی خاندان ۲ شاہی دربار۔ عدالت شاہی ۳ راجہ کا بیٹا۔ **راج کمار** (مذکر) راجہ کا بیٹا۔ شاہزادہ۔ **راج کماری** (مونث) راجہ کی بیٹی۔ شہزادی۔ **راج کندرپ** (مذکر) علم موسیقی کی ایک کتاب کا مصنف۔ **راج کوی** (مذکر) ملک الشعرا۔ **راج گدی** (مونث) تخت شاہی۔ **راج گرو** (مذکر) راجہ کا گرو۔ **راج گری** (مونث) ایک مقام۔ **راج لکشن** (مذکر) بدن پر کوئی نشان جس سے ظاہر ہو کہ یہ شخص راجہ ہوگا ۲ شاہی نشان۔ **راج لکشمن** (مذکر) یدھشٹر کا لقب۔ **راج محل** (مذکر) شاہی محل۔ **راج مُدرا** (مذکر) شاہی مہر۔ **راج مکٹ** (مذکر) ۱ تاج شاہی ۲ ایک مصنف۔ **راج منتری** (مذکر) وزیر شاہی۔ شاہی امیر۔ **راج مندر** (مذکر) ۱ قصر شاہی ۲ کلنگہ کی راجدھانی۔ **راج منڈل** (مذکر) قصر شاہی۔ **راج ناتھ**۔ **راج نارائن** (مذکر) مصنفوں کے نام۔ **راج نیت** (مونث) ۱ شاہی پالیسی۔ بادشاہ کے فرائض ۲ انتظام سلطنت۔ نظام سلطنت ۳ دھرم شاستر۔ **راج نیل** (مذکر) زمرد۔ **راج واڑا** (مذکر) راجوں کا ملک۔ **راج واہن** (مذکر) راجہ ہنس کا بیٹا۔ **راج وَت** (صفت) ۱ راجہ کے مانند ۲ (مذکر) دیتی مت کا ایک بیٹا ۳ دیو بربھ کی بیوی۔ **راج ونش** (مذکر) راجوں کا خاندان۔ **راج ونشی یا ونشیہ** (صفت) ۱ شاہی خاندان کا ۲ (مذکر) راجوں کی اولاد ۳ راجپوتوں کی ایک گوت۔ **راج ہنس** (مذکر) ۱ ایک قسم کا بڑا ہنس جس کی ٹانگیں اور چونچ سرخ ہوتی ہے ۲ مگدھ کا ایک راجہ ۳ ایک مصنف۔ **راجیشور** (مذکر) ۱ دیکھو راجیندر ۲ ایک شاعر اور کئی دیگر مشہور آدمیوں کا نام۔ **راجیندر** (مذکر) راجوں کا سردار۔ راجہ ادھیراج شہنشاہ۔

راجا (ہ۔ مذکر) ۱ بادشاہ۔ سلطان۔ شاہ ۲ سب سے بڑا ہندوستانی خطاب جو ہندوؤں کو دیا جاتا ہے ۳ راجپوت اور آوان پنجاب میں اپنے ناموں کے آگے لکھتے ہیں ۴ مالک۔ حاکم ۵ امیر۔ دولتمند ۶ (صفت) سخی یا فیاض ۷ بھولا بھالا۔ لاپروا۔ فضول خرچ ۸ (مذاقاً) حجام کو کہتے ہیں۔ **راجا اندر کا اکھاڑا** (مذکر) **کی محفل** (مونث) حسین عورتوں کا مجمع۔ **راجاپن** (مذکر) بادشاہی۔ تاجداری۔ رتبۂ پادشاہی۔ **راجہ سے پرجا تک** (لف) ہر کوئی۔

امثال واقوال۔ **راجا آگے راج پیچھے نہ چھلنی نہ چھاج۔** بیوہ عورت کہتی ہے کہ خاوند کی زندگی میں مزے تھے اس کی وفات کے بعد کچھ بھی نہیں۔ **راجا بلاوے ٹھاڑے آوے۔** راجہ بلائے تو جلدی آتا ہے۔ حاکم کی بہت تابعداری کرتا ہے۔ **راجا بھٹے تو کیا ہوا انت جاٹ کے جاٹ۔** باوجود دولتی کے قدیم عادت نہ بدلی۔ **راجا بھیم کی قضا۔ رام کی رضا۔** جب موت آتی ہے۔ تو بڑے بڑے بھی نہیں بچ سکتے۔ **راجا جوگی اگنی جل انکی الٹی ریت۔ ڈرتے رہیئے پرس رام یہ تھوڑی پالیں پریت۔** راجہ جوگی آگ اور پانی کا اعتبار نہیں کرنا چاہئے۔ انکی محبت تھوڑی ہوتی ہے۔ **راجا جوگی کس کے میت۔** بادشاہ اور جوگی کسی کے دوست نہیں ہوتے۔ **راجا چھوڑے نگری جو بھاوے سو لے** ۱ راجہ سلطنت چھوڑدے تو جو چاہے کرے ۲ راجہ اگر شہر چھوڑدے جس کا دل چاہے قبضہ کرلے۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ **راجا چھوٹے اور رانی ہوٹے۔** جس پر راجہ مہربانی کرے وہی حکومت کرتا ہے۔ **راجا راج پرجا (چین) سکھی۔** حاکم اچھا ہو تو رعیت آرام میں

رہتی ہے۔ راجا رکھے رانی کھاوے۔ کماتا کوئی ہے کھاتا کوئی ہے۔ **راجا روٹھے گا اپنا سہاگ لے گا کیا کسی کا بھاگ لے گا** راجہ ناراض ہو تو جو اس نے دیا ہو لے لے گا۔ قسمت پر تو اس کا کچھ اختیار نہیں۔ **راجا روٹھے گا اپنی نگری لے گا۔** راجا ناراض ہوگا تو شہر بدر کر دیگا۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کی ناراضگی کی پروا نہیں ہوتی **راجا روٹھے گا تو اپنی ریاست سے نکال دے گا اس کے سوا اور کیا کرے گا۔** دیکھو آخری۔ **راجا کا پرچانا اور سانپ کا کھلانا برابر ہے۔** بادشاہوں کی صحبت میں ہر وقت خطرہ ہوتا ہے۔ **راجا کا دان پرجا کا اشنان۔** خیرات اپنی حیثیت کے موافق ہونی چاہئے۔ غریب نہالے تو وہی اس کی خیرات ہے۔ **راجا کا دوجا بکری کا تیجا دونوں خراب** وہ سلطنت کے لئے جھگڑا کرتا ہے۔ اور وہ بھوکا رہتا ہے کیونکہ بکری کے دو ہی تھن ہوتے ہیں۔ **راجا کرے سو نیاؤ پانسہ پڑے سو داؤ۔** حاکم جو فیصلہ کرے انصاف کہلاتا ہے۔ اگر بازی جیتے تو داؤ کہلاتا ہے۔ **راجا کس کے پاہنے (پاہن) جوگی کس کے میت۔** دونوں کی محبت کا اعتبار نہیں۔ **راجا کو موتی کا دکھ۔** جہاں افراط ہونی چاہئے وہاں کوئی چیز نہ ملے تو کہتے ہیں۔ **راجا کیا جانے بھوکے کی سار۔** بھوک کی قدر امیر آدمی نہیں جان سکتا **راجا کی بیٹی قسمت (کرم) کی ہیٹی۔** امیر کی لڑکی غریب کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔ **راجا کی سبھا نرک کو جائے۔** راجا کے ہمراہی خوشامد کرنے اور جھوٹ بولنے کے عادی ہو جاتے ہیں۔ حق و باطل سے کچھ سروکار نہیں رہتا۔ ہاں سے ہاں ملانے سے کام رہتا ہے۔ **راجا کے گھر کاج ہمارے گھر ٹھک ٹھک۔** بادشاہوں کے اخراجات کا بوجھ رعیت پر پڑتا ہے۔ بادشاہ مزے اڑائیں۔ غریب بھوکے مرتے ہیں۔ **راجا کے گھر (آئی) گئی ترت رانی کہلائی۔** جب غریب کی بیٹی امیر کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔ **راجا کے گھر موتیوں کا کال۔** افراط کی جگہ کسی چیز کے میسر نہ آنے پر کہتے ہیں۔ **راجا گھائل کا سوانگ بھرا** زخمی ہو گیا۔ **راجا مارے پودنی سو بیر بساہن جائے۔** راجا کا تھوڑا سا ظلم بھی عداوت کا باعث ہو جاتا ہے۔ **راجا نل پر بپتا پڑی بھونی مچھلی جل میں پڑی۔** برے دن آئیں تو ہر کام میں نقصان ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ جب راجہ نل بن باس میں تھے تو انکی رانی نے ایک دن مچھلی بھونی۔ چونکہ اسکو راکھ لگ گئی تھی۔ دریا پر جا کر دھونے لگی تو مچھلی زندہ ہو کر تیر کر چلی گئی۔ **راجا نیاؤ نہ کرے گا تو گھر تو جانے دے گا۔** کوشش کرنی چاہئے فائدہ نہ ہوگا تو نقصان بھی نہ ہوگا۔ **راجا ہوئے تو کیا وہی جاٹ کے جاٹ۔** کمینہ آدمی ترقی کر جائے تو بھی اسکی پرانی عادتیں نہیں جاتیں۔ **راجا ہو کر چوری کرے نیاؤ کون کرے۔** حاکم ہی ظلم کرے تو انصاف کہاں۔

راجابُراری (ہند) ضلع ہوشنگ آباد میں ایک جنگل۔

راجاپالیم (ہند) ۱ ضلع تناولی میں ایک قصبہ (۱۳) ۲ ضلع سالم میں ایک گاؤں۔

راجاپور (ہند) ۱ ضلع باندا میں ایک قصبہ (۶) ۲ ضلع رتناگری میں ایک قصبہ (۸)۔

راجاپور رہیرپور (ہند) ضلع احمد آباد میں ایک قصبہ (۳)۔

راجا جنگ (ہند) ضلع لاہور میں ایک قصبہ۔

راج اندر گوسائیں (۔۱۷۵۳) ہندو سادھوؤں کے ایک فرقے کا بانی جو ننگے رہتے تھے یہ نواب صفدر جنگ کے پاس ملازم تھا۔ اور احمد شاہ اور صفدر جنگ کے درمیان جو جنگ ہوئی اس میں مارا گیا۔

راجپپلا (ہند) ۱ گجرات میں ایک ریاست رقبہ ۱۵۱۴ (۱۶۸) ۲ راجدھانی۔

راجتادری (س۔ مذکر) "چاندی کا پہاڑ" کیلاش پربت کا نام۔

راجح (ع۔ صفت) ۱ غالب۔ فائق ۲ قابل ترجیح۔ پسندیدہ (رَجَحَ۔ وزن میں بڑھ جانا)۔

راجز (ع۔ صفت) رجز کہنے والا (رَجَزَ۔ شعر پڑھنا)۔

راجس (س۔ صفت) ۱ رجس کا۔ رجس کے متعلق ۲ جوش یا ولولے کے ساتھ ۳ جوش سے بھرا ہوا جوشیلا۔ **راجسی** (مونث) درگا جی کا لقب۔

راجس (انگ۔ مذکر) راجرز کا بگڑا ہوا۔ یہ ایک لوہے کے انگریزی کارخانے کے مالک کا نام ہے۔ اس کے چاقو بہت مشہور ہیں۔

راج سنگھ ۱ (۔۱۶۱۵) راجہ کچھواہا راجہ اسکرن کا بیٹا اور راجہ بہاری مل کا بھائی تھا۔ اکبر اور جہانگیر کی ملازمت میں رہا ۲ رانا (۔۱۶۸۰) رانا جگت سنگھ کے بعد ۱۶۵۲ء میں تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں عالمگیر کے حکم سے چتوڑ کا قلعہ گرا دیا گیا۔

راج سنگھ منگلم (ہند) قصبہ ریاست رام ناد ضلع مدراس (۵)۔

راجستی (س۔ مذکر) ایک ملک کا نام۔

راجشاہی (ہند) ۱ ایک قسمت بنگال میں جس میں اضلاع دارجلنگ۔ راجشاہی۔ دیناج پور۔ بوگرا۔ رنگ پور اور پٹنہ ہیں (۱۰۴۴۹) ۲ ایک ضلع (۱۵۰۰)۔

راجع (ع۔ صفت) ۱ رجوع کرنے والا۔ پھرنے والا ۲ (مونث) وہ عورت جو خاوند کے مرنے کے بعد اپنے والدین کے گھر واپس آ جائے ۳ اونٹنی جو حاملہ معلوم ہو مگر ہو نہیں (رَجَعَ۔ پھرنا)۔

راجف (ع۔ مذکر) جاڑے کا بخار۔ تپ لرزہ (رَجَفَ۔ کانپنا) **راجفت** (مونث) قیامت کے دن صور اسرافیل کی پہلی

آواز۔

راجک (مذکر) **راجکا** (س مونث) دھار۔ لکیر ۲ سطر۔ قطار ۳ کھیت ۴ سیاہ رائی۔

راجکوٹ (ہند) ۱ ایک ریاست گجرات میں (۳،۷) ۲ اس کا دارالخلافہ (۲۹)۔

راجگڑھ (ہند) ۱ ایک شہر ریاست الور میں ۲ گاؤں وسط ہند کی بھیل اجنسی میں ۳ ریاست بھوپال کے علاقے میں ۴ اس ریاست کا سب سے بڑا قصبہ ۵ قصبہ بیکانیر میں (۵) ۶ گاؤں ریاست کوٹہ میں ۷ قصبہ ضلع چندا صوبجات وسطی میں ۸ گاؤں ریاست اودے پور میں ۹ قلعہ ریاست سرمور میں۔ ۱۰ قصبہ علاقہ اجمیر میں ۱۱ گاؤں ریاست چھترپور بندیلکھنڈ میں۔

راجگن (ہند) گاؤں سنتال پرگنہ بہار میں۔

راجگنج (ہند بنگال) ۱ گاؤں ضلع دیناج پور میں ۲ گاؤں ضلع پٹنا میں۔

راجگھاٹ (ہند) ۱ قلعہ ضلع بنارس میں ۲ ایک گھاٹ ضلع ملتان میں۔

راجگی (ف۔ مونث) دیکھو راجائی۔

راجگیر (ہند) دیکھو راجاگوہا۔

راجمان (س۔ صفت) چمکتا ہوا۔

راج محل (ہند) ۱ بنگال میں ایک اجاڑ شہر ۲ کلکتے کا ایک اجاڑ حصہ جس میں پرانے محل ہیں۔

راج مندری یا مہندری (ہند) ایک شہر ضلع گوداوری مدراس میں (۲۸)۔

راجن (س۔ مذکر) ۱ راجا ۲ عموماً دیوتاؤں کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے ورن۔ اندر۔ آدتیہ ۳ سوما اور چندرماں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ۴ چھتری قوم کا آدمی ۵ یکش ۶ سریا کے اٹھارہ پرستاروں کا نام ۷ یدھشٹر کا نام ۸ گورنمنٹ۔ سلطنت۔ سرکار ۹ رہنمائی۔ ہدایت۔

راجن (ع۔ صفت) ۱ ہلا ہوا۔ پالتو۔ سدھا ہوا ۲ کسی چیز یا جگہ کے ساتھ مانوس (رجن۔ مانوس ہونا)۔

راجن (س۔ مذکر) چندرماں کے ایک گھوڑے کا نام۔

راجنا (ہ۔ لازم) ۱ مزین ہونا۔ سجا ہونا ۲ چمکنا۔ دمکنا۔

راجنی (س۔ مونث) ۱ رانی۔ ملکہ ۲ ایک دریا کا نام ۳ سریا کی بیوی ۴ مغربی سمت کا نام۔ اس جگہ کا نام جہاں روح عالم رہتی ہے۔

راجنیہ (س۔ صفت) ۱ شاہی۔ سلطانی۔ قیصری ۲ (مذکر) بادشاہ۔ راجہ ۳ چھتری قوم کا آدمی ۴ اگنی کا نام ۵ ایک خاص چھتری خاندان کا نام ۶ ایک قسم کا کھجور کا درخت۔ **راجنیہ کمار** (مذکر) راجکمار۔

راجوارا (ہند) ایک مقام آگرے میں جہاں کئی راجوں نے محل بنائے تھے۔

راجو قتال (۔۱۴۰۳) سید سعدالدین ایک مسلمان میر۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے بھائی تھے۔ انکا مزار اُچھ ضلع ملتان میں ہے۔ یہ تحفۃ النصائح کے مصنف ہیں۔

راجوک (س۔ مذکر) ایک شاعر کا نام۔

راجولی (ہند) قصبہ ضلع گیا بنگال میں۔

راجوند (ہند) گاؤں ضلع کرنال میں۔

راجہ (ہ۔ مذکر) دیکھو راجا۔ عموماً راجوں کے ناموں کے پہلے لکھا جاتا ہے۔

راجہ رام (۔۱۷۰۰) سنبھاجی کا بھائی اور سیواجی کا لڑکا دوسری بیوی سے تھا۔ ۱۶۸۹ء میں تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں عالمگیر نے ستارا فتح کیا۔

راجہ علی خاں (۔۱۵۹۷) خاندیس کا حاکم تھا۔ اپنے بھائی میراں محمد علی خاں ثانی کے بعد گدی نشین ہوا۔ اسنے خود بخود اکبر کی اطاعت کرلی اور خانخاناں کے ہمراہ احمدنگر کی جنگ میں شامل ہوا۔ مگر میگزین کے پھٹنے سے مارا گیا۔

راجہ کنس پوربی (۔۱۳۹۲) ایک ہندو زمیندار تھا۔ ۱۳۸۵ء میں سلطان شمس الدین پوربی ثانی کی وفات پر بنگال کا بادشاہ ہوگیا اور نئے خاندان کی بنیاد ڈالی۔ اس کے بعد اس کا بیٹا جتمل بادشاہ ہوا مگر وہ مسلمان ہوگیا اور جلال الدین نام رکھا۔

راجی (ع۔ مونث) امیدوار۔ سائل۔

راجی (س۔ مونث) ۱ دھاری۔ لکیر ۲ قطار۔ صف۔ پرا ۳ سیدھی لکیر ۴ مانگ ۵ حلق کا کوا ۶ آیو کے ایک بیٹے کا نام۔

راجیاودھدیو (س۔ مذکر) ایک راجہ کا نام۔

راجیو (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ ایک قسم کا ہرن ۳ بگلا ۴ ہاتھی ۵ نیلا کنول ۶ وشوا ناتھ کا ایک شاگرد ۷ دھاری دار ۸ راجہ کے وظیفے پر گزارہ کرنے والا۔

راجیہ (س۔ مذکر) ۱ بادشاہت حکومت ۲ فرمانروائی۔ راجائی۔ بادشاہی ۳ گورنمنٹ سلطنت ۴ راج۔ اختیار۔ عملداری ۵ انتظام سلطنت اہتمام ۶ (صفت) شاہی۔ سلطانی۔ شاہانہ۔ **راجیہ پاٹ** (مذکر) تخت شاہی۔ راج پاٹ۔ **راجیہ پال** (مذکر) ایک راجہ کا نام۔ **راجیہ دھرم** (مذکر) دیکھو راج دھرم۔ **راجیہ دیوی** (مونث) بان کی ماں کا نام۔ **راجیہ سین** (مذکر) نندی پور کے ایک راجہ کا نام۔ **راجیہ شری** (مونث) ۱ اقبال شاہی ۲ پرتاپ شیل کی ایک بیٹی کا نام۔ **راجیہ لکشمی** (مونث) اقبال شاہی۔

راچسٹر (انگ) ایک شہر (۲۹۶) کنٹ میں۔

راچنا (ھ۔ لازم) ۱ عاشق ہونا۔

محبت میں گرفتار ہونا ۲ بہت الفت ہونا۔

راچھ (ہ۔ مذکر) ۱ جلاہوں کی دندانے دار کنگھی ۲ آلہ۔ اوزار ۳ بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار ۴ لوہے کا کنگڑا جس کے گرد چکی پھرتی ہے ۵ درخت یا لکڑی کے اندر کا سخت حصہ (س راکشم) **راچھ رچھندے** (مذکر جمع) ۱ اوزار۔ آلات ۲ برتن۔ بھانڈے۔

راچھس (مذکر) **راچھسنی** (مونث) **راچھسی** (ہ۔ مونث) دیکھو راکشس اور راکشسی۔

راح (ع۔ مذکر و مونث) ۱ مزے اڑانا۔ مطلب حاصل کرنے کے قریب ہونا ۲ شراب (رَوح۔ خوش ہونا) ۳ راحت کی جمع۔ ہتھیلیاں ۴ (ف) ایک سر کا نام۔ **راحِ بقا** (مذکر) ایک سر کا نام۔ **راحِ روح** (مذکر) ایک راگ۔ جو باربد نے ایجاد کیا تھا۔

راحت (ع۔ مونث) ۱ آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ قرار۔ سکھ۔ استراحت ۲ محنت تکلیف یا بے آرامی کا ختم ہو جانا ۳ محنت یا تکلیف سے آزادی ۴ امن۔ چین۔ سکون۔ کل ۵ خوشی۔ مسرت (رَوح۔ خوش ہونا) **راحت آزار** (صفت) دوسروں کا آرام کھونے والا۔ **راحت افزا** (صفت) سکھ پہنچانے والا۔ آرام بڑھانے والا۔ **راحت پرست** (صفت) خوشی اور آرام چاہنے والا۔ **راحتِ جان** (صفت) ۱ دل خوش کرنے والا۔ بیوی معشوق یا اولاد کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ (بلا اضافت) ایک کھانا جو سبز مرچیں کاٹ کر اور ان پر نمک اور لیمو کا رس نچوڑ کر تیار کرتے ہیں۔ ۳ دہلی میں رنگتروں کو چھیل کر شکر ملا کر بناتے ہیں۔ **راحت دل** (صفت) دیکھو راحت جان ۱۔ **راحت دینا** (متعدی) آرام دینا۔ سکھ دینا۔ **راحت رساں** (صفت) آرام یا خوشی پہنچانے والا۔ **راحت طلب** (صفت) آرام طلب۔ **راحت فروش** (صفت) آرام طلب۔ **راحت فشاں** (صفت) آرام و آسائش پھیلانے یا پہنچانے والا۔ **راحت گاہ** (مونث) آرام کی جگہ۔ **راحت ملنا یا نصیب ہونا** (لازم) خوشی ہونا۔ آرام و چین ہونا۔ **راحت نشیں** (صفت) آرام سے بیٹھنے والا۔ آرام طلب۔ **راحت ہونا** (لازم) آرام ہونا۔ خوشی ہونا وغیرہ۔

راحتی (مونث) ۱ وضو کا طشت ۲ چلمچی ۳ جھاڑ۔ چراغ ۴ راحتی کا مخفف ۵ کیف۔

مثل۔ **راحت طلباں درد دل زار ندانند**۔ جن کی زندگی راحت میں گزرتی ہے وہ درد بھرے دل کا دکھ نہیں سمجھتے۔

راحت گڑھ (ہند) گاؤں ضلع ساگر میں (م)۔

راحِل (ع۔ صفت) چلنے یا کوچ کرنے والا۔ مسافر۔ پیدل (رَحَل۔ کوچ کرنا) **راحِلہ** (مذکر) سواری کا جانور یا اونٹ ۲ کارواں۔ قافلہ۔

راحِم (ع۔ صفت) رحم کرنے والا۔ (رَحَم۔ مہربانی کرنا)۔

راحیہ (۔ ۷۰) پیغمبر صلعم کے صحابی انکے متعلق آنحضرت فرماتے تھے کہ انکی شکل حضرت جبرائیل سے مشابہ ہے۔

راد۔ رادھ (ہ۔ مونث) پیپ۔ مادہ۔

رادِف (ع۔ صفت) جو بعد میں آئے (رَدَف۔ پیچھے آنا)۔

رادِفہ (ع۔ مونث) صور اسرافیل کی دوسری آواز۔

رادَور (ہند) ضلع کرنال میں ایک قصبہ۔

رادَھ (س۔ مذکر) ۱ بیساکھ کے مہینے کا نام ۲ دو بدھ گروؤں کا نام۔ **رادھ گپت** (مذکر) اشوک کے ایک وزیر کا نام۔

رادھا (س۔ مونث) ۱ کامیابی مقصد وری ۲ اقبال مندی۔ طالع مندی ۳ اکیسویں نکچھترے کا نام ۴ کرشن جی کی ایک گوپی کا نام جس کے ساتھ انہیں بہت پریم تھا ۵ کرن کی دودھ ماں کا نام جو راجہ شور کے رتھبان ادھیرتھ کی بیوی تھی ۶ ایک درخت **رادھا بھرتری** (مذکر) رادھا ۴ کا خاوند۔ **رادھا بھیدن** (مذکر) ارجن کا نام۔ **رادھا پیاری** (مونث) رادھا کا لقب بحیثیت کرشن جی کی گوپی ہونے کے **رادھا تنیہ** (مذکر) رادھا کا بیٹا۔ رادھا کا لقب۔ **رادھا جنم اشٹمی** (مونث) آٹھویں تاریخ ایک خاص نصف مہینے کی جب رادھا کی سالگرہ منائی جاتی ہے۔ **رادھا دامودر** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **رادھا کانت** (مذکر) کرشن جی کا لقب۔ **رادھا کرشن** (مذکر) ۱ ایک کلمہ جو کرشن جی کے پیرو اکثر استعمال کرتے ہیں ۲ ہندوؤں کا ایک نام۔ **رادھا کنڈ** (مذکر) متھرا کے قریب ایک مقدس مقام۔ **رادھا کو یاد کرو**۔ اپنے کام لگو۔ امید مت رکھو۔ نہیں مانتے مت مانو خوش رہو۔ **رادھا مادھو۔ رادھا موہن** (مذکر) مصنفوں کے نام۔ **رادھا نگری** (مونث) ۱ ایک شہر جو اجین کے قریب تھا ۲ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو اس شہر میں بنا جاتا ہے۔ **رادھا ویدھن** (مذکر) ارجن کا نام۔

رادھا پورم (ہند) قصبہ ضلع تناولی مدراس میں۔

رادھا رام (ہند) گاؤں ضلع لاہور میں۔

رادھا سوامی (س۔ مذکر) ایک ہندو گرو جس نے ایک فرقہ نکالا تھا۔

رادھن پور (ہند) ۱ گجرات میں ایک ریاست رقبہ ۸۰۰ (۹۲) ۲ راجدھانی (۱۵)۔

راڈوم (یورپ) ۱ ایک صوبہ پولینڈ میں رقبہ ۴۷۶۹ ۲ شہر (۶۲)۔

راڈوٹانگا (ایشیا) بحر الکاہل میں ایک جزیرہ رقبہ ۳۱ مربع میل۔

راڑ (ہ۔ مونث) ۱ لڑائی۔ جھگڑا

فساد - ہنگامہ ۲ بچوں کا ضد کرنا یا مچلنا (س رٹ - شور مچانا) راڑ بڑھانا (متعدی) ۱ جھگڑا ڈالنا ۲ قصہ بڑھانا - راڑ کرنا (متعدی) لڑنا جھگڑنا - راڑ لانا (متعدی) جھگڑا مچانا - راڑ مچانا (متعدی) جھگڑا پیدا کرنا - لڑائی کرانا - راڑ ہی کیا ہے - جھگڑا ہی کیا ہے - کچھ بڑی بات نہیں - راڑی (صفت) ۱ لڑاکا جھگڑالو ۲ (مذکر) تیر یا قلم کی تیز نوک - راڑیا (مذکر) ۱ لڑاکا یا جھگڑالو شخص ۲ ضدی بچہ یا فقیر -

راڑھ - راڑھا (ھ - مذکر) بنگال کا وہ حصہ جو گنگا کے مغرب میں واقعہ ہے - راڑھی (صفت) راڑھ کا یا راڑھ کے متعلق ۲ (مذکر) راڑھ کا برہمن ۳ ایک قسم کی گھاس جو بنجر زمینوں میں ہوتی ہے -

راز (ف - مذکر) ۱ بھید - خفیہ یا پوشیدہ بات ۲ ایک گاؤں کا نام ۳ ایک بادشاہ جس نے اپنے بھائی کے ساتھ مل کر رے کا شہر بسایا تھا ۴ رے کا دوسرا نام (ٹ ندر - س رَہ - چھوڑنا) رازِ آب (مذکر) وہ شکل جو پانی میں نظر آئے - عکس - راز افشا کر دینا یا کر دینا (متعدی) ہونا یا ہو جانا (لازم) بھید کھل جانا - خفیہ بات ظاہر ہو جانا - راز افشائی (مونث) راز کا کھلنا - بھید ظاہر ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) راز بستہ یا پنہانی (مذکر) سخت خفیہ بھید - راز پوش (صفت) ۱ وہ جو راز کو چھپائے - محرم راز - ۲ قابل اعتبار - باوفا - وفادار ۳ جرم چھپانے والا (ہونا کے ساتھ) راز پوشی (مونث) ۱ راز کا چھپانا - بھید ظاہر نہ کرنا ۲ جرم چھپانا (کرنا ہونا کے ساتھ) راز پوشیدہ رکھنا (لازم) راز چھپانا - راز ظاہر نہ کرنا - راز جوئی (مونث) ۱ بھید معلوم کرنا ۲ تفتیش - دریافت کسی معاملے کی (کرنا ہونا کے ساتھ) راز چھپانا (متعدی) چھپنا (لازم) راز پوشیدہ رکھنا - بھید ظاہر نہ کرنا - راز دار یا دان (صفت) دیکھو راز پوش - راز داری (مونث) دیکھو راز پوشی - راز دل (مذکر) دل کی بات (کہنا کے ساتھ) راز روشن کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو راز فاش ہونا - راز سر بستہ (مذکر) ایسا راز جو ابھی ظاہر نہ ہوا ہو - راز سے آگاہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بھید سے واقف ہونا - راز جاننا - راز فاش کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بھید کھل جانا - خفیہ بات ظاہر ہو جانا - بھانڈا پھوٹ جانا - راز کو چھپانا (متعدی) بھید کو خفیہ رکھنا - بات ظاہر نہ ہونے دینا - راز کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) بھید ظاہر کرنا - راز فاش کرنا - راز نہاں (مذکر) خفیہ بھید - راز (و) نیاز (مذکر) ۱ محبت کی باتیں - پیار کی گاتیں (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ نماز و دعا -

امثال - رازِ خود با یارِ خود چنداں کہ بتوانی مگو - جہاں تک ہو سکے اپنا راز اپنے دوست سے بھی مت کہو - رازِ درون پردہ ز رندانِ مست پرس - پردے کے اندر کا راز مست رندوں سے پوچھو - مطلب یہ ہے کہ جن رازوں سے ہم واقف ہوں تم کو ان کی کیا خبر - رازِ دل جز بیار نتواں گفت - دل کا بھید دوست کے سوا کسی سے نہیں کہا جاتا -

رازق (ع - صفت) روزی دینے والا - رزق رساں - پروردگار (رَزَق - خدا کا روزی دینا) رازقہ (مذکر) رزق - روزی - رازقہ بند کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رزق یا روزی بند ہو جانا -

رازی ۱ (- ۹۲۲) محمد بن ذکریا - رے کا رہنے والا اور خلیفہ مقتدر باللہ کا وزیر تھا - زبردست شاعر - فلسفہ داں اور ماہر علم نجوم تھا - اس کی تصنیف الحاوئے فی الطب سنسکرت سے ماخوذ ہے ۲ (۱۷) میر عسکری عاقل خاں وزیر عالمگیر کا لقب -

راس (ع - مذکر) ۱ سر ۲ سردار - حاکم - سرگروہ ۳ فرد - نفر - کس ۴ چوٹی - سرا ۵ زاویہ کی نوک ۶ خشکی کا وہ قطعہ جو دور تک پانی میں چلا جائے - ۷ (قصابوں کی اصطلاح) ذبیحہ بکریوں یا بھیڑوں کی تعداد ظاہر کرنے کو استعمال کرتے ہیں (رَأس سردار ہونا) راس الجدی (مذکر) آسمان پر وہ نقطہ جہاں سورج پہنچنے پر موسم سرما شروع ہوتا ہے - راس الحد (عرب) جنوب مشرقی میں ایک راس - راس السرطان (مذکر) وہ نقطہ جہاں سورج کے پہنچنے پر موسم گرما شروع ہوتا ہے - راس المال (مذکر) پونجی - اصل زر - سرمایہ تجارت - راس امید (افریقہ) جنوب میں ایک راس - راس بیناس (عرب) بحر قلزم میں ایک راس - راس کماری (ہند) ہندوستان کے جنوب میں ایک راس - راس محمد (عرب) جزیرہ نما سنائی کا جنوبی سرا -

راس (ف - صفت) راست کا مخفف ۱ درست - ٹھیک ۲ مبارک - سازگار ۳ دایاں جیسے چپ و راس میں - راس آنا (لازم) ۱ موافق پڑنا - ٹھیک ہونا - راس آنا شرط ہے تدبیر کا درست اور موقع پر ہونا چاہئے - راس نہ ہونا (لازم) موافق نہ ہونا - سزاوار نہ ہونا - راس نہیں - نامبارک ہے - ناموافق ہے -

راس (ہ - مونث) ۱ ڈھیر - تودہ - انبار ۲ اناج کا ڈھیر ۳ لگام - باگ ۴ (علن) برج - گھر ۵ طالع ۶ (ھ) سود - بیاج ۷ گود لینا بچے کا - (س داشِ) راس اٹھانا (متعدی) فصل کے بعد اناج گھر لے جانا - راس بیٹھانا (متعدی) گود لینا - متبنٰے کرنا - راس چکر (مذکر) منطقۃ البروج آسمان پر ایک خیالی چوڑا دائرہ جو زمین کی گردش کے خط سے ۸ درجے تک دونوں طرف پھیلا ہوا ہے - تمام سیارے اس کے اندر ہیں - اس کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جنہیں برج کہتے ہیں - راس چکر کا جھکاؤ (مذکر) میل - منطقۃ البروج - وہ زاویہ جو راس چکر زمین کے خط استوا کی سطح کے ساتھ بناتا ہے - راس لینا (متعدی) گود لینا - راس ملنا (لازم) ۱ دو شخصوں کے طالع کا یکساں ہونا ۲ متفق ہونا - موافقت ہونا - راس نشین (مذکر) گود لیا ہوا لڑکا -

راس (س - مذکر) ۱ آواز - صدا ۲ شور - غل ۳ گفتگو - بات چیت ۴ ہندوؤں کا ایک تیوہار جو کاتک کے مہینے میں کرشن جی اور گوپیوں کے اعزاز میں ہوتا ہے جس میں ناچ رنگ ہوتے ہیں ۵ ایک ناچ جو کرشن جی اور انکی گوپیوں کی یادگار میں چکر باندھ کر ناچتے ہیں ۶ (ہ) کھیل - ناچ تماشا ۷ راز و نیاز - چہل بازی ۸ زنجیر - **راس پڑنا** (لازم) راس ڈالنا کا - **راس دھاری** (مذکر) وہ ناچنے والا جو کرشن جی اور انکی گوپیوں کی نقل کرتا ہے - **راس ڈالنا** (متعدی) کرشن جی اور ان کے گوپیوں کی نقل کرنا - **راس لیلا** (مونث) **منڈل یا دلاس** (مذکر) کرشن جی اور انکی گوپیوں کا کھیل **راس یاترا** (مذکر) دیکھو راس ۴ -

راس (۱۸۵۷ -) سر رونلڈ - ایک انگریز طبیب جس نے یہ معلوم کیا تھا کہ ملیریا مچھروں کے ذریعے پھیلتا ہے - اسے ۱۹۰۲ء میں نوبل کا انعام ملا -

راسائیل (عبر - مذکر) زبور میں ایک فرشتہ جس نے حضرت آدم کو سکھلایا تھا -

راسب (ع - صفت) ۱ مضبوط - پکا ۲ بے حرکت (رَسَبَ - تہ میں بیٹھنا) -

راسبھ (س - مذکر) گدھا - خر -

راسپے (۱۷۳۷-۱۷۹۴) ایک جرمن مصنف سفرنامہ منچاسن بہت مشہور تصنیف ہے -

راست (ف - صفت) ۱ ٹھیک - درست ۲ سیدھا ۳ دایاں ۴ دیانت دار - سچا - نیک - کھرا ۵ ایک سُر ۶ (تف) درست ٹھیک - یقیناً (ژند رارس راج - چمکنا) **راست آنا** (لازم) راس آنا - ٹھیک بننا - درست ہونا - **راستباز** (صفت) سچا - دیانتدار - نیک - **راستبازی** (مونث) راستی - سچائی - دیانتداری - ایمانداری - **راست بیں** (صفت) منصف - عادل - سب کو ایک نظر دیکھنے والا - **راست پوش** (صفت) راستی کو چھپانے والا - کافر - **راست رو** (صفت) سیدھا چلنے والا - ایماندار - **راست روشن** (مذکر) بہرام گور کا وزیر - **راست کردار** (صفت) سچ بولنے والا - دیانت داری سے کام کرنے والا - **راست گفتار یا گو** (صفت) سچا - سچ بولنے والا - صاف گو - **راست گفتاری یا گوئی** (مونث) سچ - صداقت - حق گوئی - **راست لانا** (لازم) مبارک کرنا - حسب منشا کرنا - **راست مزاج** (صفت) نیک مزاج - نیک طبیعت یا طینت - **راست معاملہ** (صفت) وہ جو لین دین میں صاف یا ایماندار ہو - **راست نما** (صفت) جو ظاہر اطور پر درست ہو - **راستہ** (مذکر) دیکھو علیحدہ - **راست ہونا** (لازم) درست ہونا - ٹھیک ہونا - **راستی** (مونث) ۱ سچائی - صدق ۲ ایمانداری - دیانتداری ۳ سیدھا ہونا ۴ درست ہونے کی حالت - **راستی پر آنا** (صفت) ۱ سچ بولنا ۲ سیدھے راستے پر آنا - **راستی پر ہونا** (لازم) ۱ موافق ہونا - درست ہونا ۲ سچا ہونا - سچائی پر ہونا - **راستی پسند** (صفت) وہ جو سچائی کو پسند کرے - سچا - **راستی سے** (تف) ۱ نرمی سے ۲ ایمانداری سے - دیانتداری سے ۳ انصاف سے - سچائی سے - **راستی کا چلن** (مذکر) نیک چلنی -

امثال واقوال - راست

(و) **دروغ (بر) بہ گردن راوی** - کسی بات سے اپنی ذمہ داری برطرف کرنے پر کہتے ہیں - **راست گو مفلس مجلس میں جھوٹا** - غریب آدمی اگر سچ بھی بولے تو اسے لوگ جھوٹا سمجھتے ہیں - **راستی را زوال کے باشد** - سچائی کو زوال نہیں - **راستی موجب رضائے خدا است (کس ندیدم کہ گم شد از رہِ راست)** سچائی سے خدا خوش ہوتا ہے (مینے کسی کو نہیں دیکھا کہ راہ راست پر سے گم ہو گیا ہو) -

راستا (ھ - مذکر) راستہ -

راستہ (ف - مذکر) ۱ سڑک - رستہ - راہ ۲ رسم - رواج - دستور قاعدہ ۳ ڈھنگ طریقہ ۴ (صفت) چالاک - چابکدست ۵ وہ جو داہنے ہاتھ سے کام کرے (راست سے) **راستہ بتانا** (متعدی) ۱ رستہ دکھانا - رستے پر ڈالنا ۲ ہدایت کرنا ۳ ٹالدینا - حیلے حوالے کرنا - **راستہ بچانا** (متعدی) راستہ کترانا - ایک طرف ہو کے نکل جانا - **راستہ بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رستہ رک جانا - راہ بند ہونا - **راستہ بندی** (مونث) سڑک بنانا - **راستہ بھٹکنا** (متعدی) بے راہ ہو جانا - دوسرے راستہ پر جا پڑنا - راہ راست پر نہ رہنا - **راستہ بھول جانا بھولنا** (لازم) راستہ یاد نہ رہنا - **راستہ پکڑنا** (لازم) جانا - روانہ ہونا - **راستہ پکڑو** - جاؤ - دور ہو - **راستہ تاک لینا** (متعدی) کسی خاص راستے کی طرف نظر رکھنا - **راستہ چلتا** (مذکر) راہرو - مسافر - **راستہ چلتے اپنے سائے کو دیکھتا جاتا ہے** - بناؤ سنگار کا بہت خیال ہے - **راستہ چلنا** (لازم) ۱ جانا - روانہ ہونا ۲ کسی طریقے پر کام کرنا - **راستہ دکھانا** (متعدی) ۱ انتظار کرانا ۲ رستہ بتانا - **راستہ دیکھا ہونا** (لازم) سڑک معلوم ہونا - **راستہ دیکھنا** (لازم) انتظار کرنا - **راستہ سیدھا ہونا** (لازم) سڑک میں پھیر نہ ہونا - **راستہ روکنا** (متعدی) گزرنے نہ دینا - راستہ بند کر دینا - **راستہ فراموش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رستہ بھول جانا - راہ گم کرنا - **راستہ لو** - جاؤ - چلتے بنو - **راستہ لینا** (متعدی) کسی طرف روانہ ہونا - **راستہ ملنا** (لازم) ۱ بھولے ہوئے کا اصلی راستے پر آجانا ۲ راہ پانا - **راستہ ناپنا** (متعدی) تھوڑی دیر کے لئے آنا - تھوڑا ٹھیرنا - **راستہ ناپو** - چلے جاؤ جاؤ - **راستہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ تدبیر نکلنا - طریقہ سوچا جانا ۲ تلاش ہونا - **راستے** (مذکر) ۱ راستہ کی جمع ۲ بجائے راستہ حروف مغیرہ سے

پہلے - راستے پر آنا (لازم) ۱ درست ہوجانا ۔ نیک ہوجانا ۲ قابو میں آنا - راستے میں پھیر پڑنا (لازم) راستہ سیدھا نہ ہونا -

راسٹاف (روس) ایک شہر (۱۲۱) -

راسٹاک (جرمنی) ایک بندرگاہ (۶۸) -

راسخ (ع - صفت) ۱ پکا مضبوط - پائدار ۲ مقررہ معین ۳ صادق - خالص - کھرا ۴ عالم - فاضل (رَسَخَ - پکا ہونا) راسخ الاعتقاد (صفت) جس کا ایمان پکا ہو - جس کا عقیدہ مضبوط ہو -

راسخ ۱ (- ۱۶۹۵) میر محمد زمان سرہندی - ایک فارسی شاعر جو عالمگیر کے زمانے میں ہوا ۲ (- ۱۸۲۴) غلام علی ساکن پٹنہ - اردو شاعر صاحب دیوان -

راسم (ع - صفت) وہ جو مہر لگائے - لکھے - نشان کرے یا خاکہ اتارے (رَسَمَ - تصویر کھینچنا) -

راسنا (س مونث) ۱ لاجونتی ۲ ایک قسم کی خوشبو -

راسو (ف - مذکر) نیولا -

راسی (ع - صفت) ۱ مضبوط - پکا ۲ نہ حرکت کرنے والا - مستحکم - استوار (رَسُوَ - پکا ہونا) -

راسی (ھ - صفت) ڈھیر یا انبار کا ۲ درمیانی درجے کا - درمیانی قسم کا ۳ معمولی -

راسیس (۱۰) ایک عرب طبیب -

راسین (۱۶۳۹-۱۶۹۹) ریسن - فرانسیسی ناٹک نویس - انی جینیا وغیرہ کا مصنف ۲ (۱۶۹۲-۱۷۶۳) لوئی ۱ کا بیٹا - فرانسیسی شاعر (شا) ریاست وسکونسن میں ایک شہر (۵۹) -

راش (ھ - مذکر) صاف شدہ اناج کا ڈھیر -

راش (ع - مذکر) پر - بال و پر -

راشتات (جرمنی) ایک شہر (۱۲) یہاں فرانس اور سپین کے مابین ۱۷۱۴ء میں ایک عہدنامہ ہوا تھا جس پر ہسپانیہ کی جنگ وراثت کا اختتام ہوا تھا -

راشٹر (س - مذکر) ۱ بادشاہت - حکومت - سلطنت ۲ ملک - علاقہ ۳ کوئی عام مصیبت جیسے وبا - قحط - خشک سالی ۴ سلطنت کے پانچ پر کرتوں میں سے ایک جو وزیر - فوج - خزانہ - قلعہ اور ملک ہیں ۵ قوم - رعایا ۶ ایک راجہ - راشٹر بھرت (مذکر) ۱ باجگزار راجہ ۲ پاسہ ۳ بھرت کا ایک بیٹا ۴ (مونث) ایک اپسرا ۵ خاص پر ارتھنا اور اشنان کا نام - راشٹر پال (مذکر) ۱ راجہ ادھیراج - مہاراجہ - شہنشاہ ۲ اگرسین کا ایک بیٹا - راشٹر پالی (مونث) اگرسین کی ایک بیٹی - راشٹر دیوی (مونث) چتربھانو کی بیوی - راشٹر کوٹ (مذکر) ایک قوم - راشٹر وردھن (صفت) ۱ سلطنت کو بڑھانے والا ۲ (مذکر) دسرتھ راشٹر کا ایک وزیر -

راشٹرکا (س - مونث) ایک قسم کی مکو -

راشد (ع - صفت) ۱ راہ راست پر چلنے والا - ہدایت پانے والا - عقیدے کا پکا ۲ نیک پارسا (رُشْدَ - سیدھا رستہ پکڑنا) -

راشن (انگ - مذکر) رسد - خوراک جو سپاہیوں کو دی جائے -

راشی (ع - صفت) رشوت لینے والا (رَشْوَ - رشوت دینا) -

راشی (س - مذکر) ۱ ڈھیر - انبار - تودہ ۲ تعداد - مقدار ۳ رقم جو کسی عمل کے لئے لکھی جائے ۴ میزان - کل ۵ راس - برج ۶ مضروب - مقسوم ۷ ایک اکاہا کا نام -

راصد (ع - صفت) نگاہداشت رکھنے والا ستاروں اور ستاروں کی (رَصَدَ - کسی چیز کو دیکھنا) -

راضی (ع - صفت) ۱ خوش - مسرور - شاد ۲ قانع - صابر - شاکر - متوکل ۳ متفق - مطمئن ۴ رضامند ۵ تندرست - باصحت ۶ آمادہ - خواہشمند ۷ پسند کرنے والا - منظور کرنے والا (رَضُوَ - خوش ہونا) راضی برضا یا بقضا (صفت) خدا کے حکم پر رضامند - قانع - صابر - متوکل - راضی بنانا (متعدی) ٹھیک بنایا - خوب مارنا - راضی خوشی (صفت) قانع اور خوش - تندرست اور شاد - راضی راضی (تف) خوشی سے - رضامندی سے - خوش خوش - راضی کرنا (متعدی) ۱ خوش کرنا ۲ رضامند کرنا ۳ منانا ۴ راغب کرنا - مائل کرنا - راضی نامہ (مذکر) باہمی فیصلے کی تحریر - وہ نوشتہ جس میں مستغیث تحریر کرتا ہے کہ مدعا علیہ نے اسکی تسلی کردی ہے اور اب اسے کوئی دعوےٰ نہیں - راضی ہونا (لازم) دیکھو راضی تمام معنوں کے ساتھ -

راضی (- ۱۸۰۰) فصاحت خاں ایک شاعر صاحب دیوان و مثنوی -

راعنا (ع - مذکر) دیکھ ہماری طرف - ایک طرح کا سلام جسکی ممانعت پیغمبر صلعم نے کی تھی - کیونکہ یہودی اسکو بدل دیتے تھے اور اسکے معنی خراب آدمی کے ہوجاتے تھے - سورہ بقر آیت ۹۸ -

راعی (ع - مذکر) ۱ چرواہا - گلہ بان - پالی ۲ کنایتاً بادشاہ ۳ ارائیں قوم نے اب اپنا یہ لقب اختیار کیا ہے اور اپنے آپ کو عرب ظاہر کرتے ہیں -

راعیل (عبر - مونث) زلیخا کا نام تھا -

راغ (ف - مذکر) پہاڑ کے دامن کا میدان - سبزہ زار - راغی (صفت) دامن کوہ کا (باشندہ) -

راغب (ع - صفت) ۱ رغبت کرنے والا - مائل ۲ خواہشمند - شائق (کرنا ہونا کے

ساتھ) (رَغب - خواہش کرنا)-

رافائیل (ع - مذکر) ایک فرشتہ-

رافت (ع - مونث) مہربانی- شفقت - ترحم (رَاَف - رحم کرنا)-

رافد (ف - مذکر) دریائے فرات-

رافس (ف - مذکر) ایک مشہور نجومی-

رافض (ع - صفت) ۱ برچھی یا پتھر پھینکنے والا ۲ منکر- ساتھ چھوڑ دینے والا (رَفض ساتھ چھوڑ دینا) **رافضہ** (مذکر) فوجی سپاہیوں کا گروہ جو اپنے سردار کا ساتھ چھوڑ کر پھر آملا ہو۔ شیعوں کا ایک فرقہ جنے پہلے زیدبن علی بن حسین کے ہاتھ پر بیعت کی اور پھر انکو چھوڑ دیا- کیونکہ انہوں نے انہیں تبرا کہنے سے روکا تھا- **رافضی** (مذکر) ۱ فرقہ رافضہ ۲ فرقہ رافضہ کا ایک فرد-

رافع (ع - صفت) ۱ بلند کرنے والا- درجہ بڑھانے والا ۲ حرف کو پیش دینے والا- (رَفعَ - بلند کرنا)-

رافعی (نامعلوم) ایک مصنف- اس نے بہت سی کتابیں فارسی میں تصنیف کی ہیں- جن میں سے ایک تدوین ہے-

رافہ (ف - صفت) ۱ فرمانبردار- تابع ۲ مہینے کے بارھویں دن کا نام-

راقب (ع - صفت) ۱ رقیب ۲ دیکھنے والا- نگاہ رکھنے والا- (رَقَبَ - غور سے دیکھنا)

راقم (ع - صفت) لکھنے والا- محرر- (رَقَمَ - لکھنا) **راقم الحروف** (صفت) تحریر مضمون یا خط کا لکھنے والا-

راک (ف - مذکر) ۱ لڑنے والا مینڈھا ۲ پیالہ - ساغر ۳ دھاگا-

راکا (س - مونث) ۱ بدر کا دن ۲ بدر ۳ خارش ۴ وہ لڑکی جسے خون حیض آنا شروع ہوجائے ۵ انومتی - دیوی جو بدر کے دن کی حاکم ہے ۶ انگیرس اور سمرتی کی ایک بیٹی ۷ دھاتری کی بیوی اور پراتری کی ماں ۸ ایک راکھشسی جو سروپ نکھا اور کھر کی ماں تھی ۹ سُمالین کی بیٹی ۱۰ ایک دریا-

راکارہ (ف - مونث) بدکار عورت- فاحشہ-

راکب (ع - مذکر) سوار جانور یا جہاز کا (رَکبَ - سوار ہونا)-

راکٹی (ھ - مونث) راکھڑی-

راکڑ (ھ - مونث) پتھریلی اور ریتلی زمین-

راکس (ھ - مذکر) راکھشس-

راکشس (س - صفت) ۱ عفریت کا یا اس کے متعلق- شیطانی - پُرکینہ - پریت سا ۲ عفریتوں سے بھرا ہوا ۳ (مذکر) خبیث روح - عفریت - دیو - بھوت - شیطان - جن - آسیب - پریت - راکشسوں کی تین قسمیں بیان ہوتی ہیں- ایک تو آسمانی جو نیک ہیں اور یکشوں کے برابر سمجھے جاتے ہیں- دوسرے بھوت پریت کی قسم کے جو رات کو نکلتے ہیں- مرگھٹوں میں رہتے اور بھینٹوں کو خراب کرتے اور انسانوں کا گوشت کھاتے ہیں سوم وہ جو دیوتاؤں کے دشمن ہیں- جیسے راون وغیرہ - یہ تمام برہماجی کے پاؤں سے پیدا ہوئے ہیں- بعض پلستیہ کی اولاد ہیں ۴ شادیوں کی ایک قسم جس میں لڑکی کے رشتے داروں کو شکست دے کر اس کے ساتھ زبردستی شادی کی جاتی ہے ۵ راکشسوں کا ایک راجہ ۶ تیسواں مہورت ۷ ایک یوگ ۸ نندا کا ایک وزیر ۹ ایک شاعر - **راکھشسالیہ** (مذکر) راکھشسوں کا ملک - **راکشس بیاہ** (مذکر) دیکھو راکشس ۴ - **راکھشس بیلا یا ویلا** (ھ - مذکر) وہ وقت جب راکھشس نکلتے ہیں- **راکشس گرہ** (مذکر) ایک قسم کا دیوانہ پن - **راکشسی** (مونث) راکشس عورت ۲ بڑا دانت ۳ ایک قسم کی خوشبو

راکفورڈ (شا) ریاستہائے متحدہ کی ریاست الینائس میں ایک شہر (۶۶) یہاں ایک بڑا کالج ہے-

راکفیلر ۱ (۱۸۳۹ -) جان ڈیویسن- سٹانڈرڈ آئل کمپنی کا بانی- ریاستہائے متحدہ امریکہ کا باشندہ اور دنیا کے چوٹی کے امیروں میں سے ہے ۲ (۱۸۴۱- ۱۹۲۲) ولیم ۱ کا بھائی- اس کمپنی کا پریزیڈنٹ تھا-

راکھ (ھ - مونث) ۱ کسی جلی ہوئی چیز کی خاکستر- بھبوت ۲ مٹی - خاک (س رکشا) **راکھ سر پر ڈالنا** (متعدی) سخت غم کی حالت میں یا خاوند کے مرنے پر عورتیں ایسا کرتی ہیں- **راکھ جھاڑنا** (متعدی) چلم پر رکھنے سے پہلے کوئلوں یا اپلوں سے راکھ علیحدہ کرنا- **راکھ واکھ** (مونث) راکھ وغیرہ- **راکھ ہوجانا** (لازم) جل کر خاکستر ہوجانا-

راکھا (ھ - مذکر) دیکھو راکھی-

راکھات (ھ - مذکر) وہ زمینیں جو چراگاہ کے لئے چھوڑی جائیں-

راکھڑی (ھ - مونث) ایک قسم کا زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں-

راکھس (ھ - مذکر) دیکھو راکشس

راکھس پٹہ (مذکر) ایلوا - مصبر - **راکھس گڈا** (مذکر) ایک قسم کا پودا - **راکھسی** (مونث) راکشسی

راکھنا (ھ - متعدی) رکھنا-

مثل - راکھن ہار بھٹے بجھ جا تو کیا بھٹے بجھ دو کے بگاڑے - جب میرا مددگار چار بازوؤں والا یعنی شوجی ہے- تو انسان میرا کیا بگاڑ سکتا ہے-

راکھی (ھ - مونث) ۱ راکھ ۲ دھاگا جو سلونو کے موقع پر کلائی پر باندھتے ہیں ۳ تیوہار جس پر یہ دھاگا باندھتے ہیں- سلونو ۴ روپیہ جو حفاظت کے لئے دیا جائے ۵ وہ زمین جو چوکیدار کے گزارے کے لئے مقرر کی جائے ۶ ڈونڈ جو سکھ جمنا کے کنارے کے

باشندوں سے وصول کیا کرتے تھے ۲ چوکیدار۔ محافظ
۳ وہ شخص جو فصلوں کی حفاظت کرے۔
راکی (شا) ایک سلسلہ کوہ جو شمال سے
جنوب تک مغربی کنارے کے قریب پھیلا ہوا ہے۔
راکیس۔ راکیش (س۔ مذکر)
پورا چاند۔ بدر۔
راگ (س۔ مذکر) ۱ رنگ۔ برن۔
لون ۲ جوش۔ ولولہ ۳ محبت۔ الفت۔ شفقت ۴ خوشی
۵ خوشی ۶ رنج ۷ غصہ ۸ (ہ) گانے کا طریقہ۔ نغمہ۔
گیت ۹ ہندوستان میں ۶ راگ ہیں۔ بھیروں۔ مالویا
مالکوس۔ سارنگ۔ ہنڈول۔ وسنت۔ دیپک جسے
میگھ راگ بھی کہتے ہیں۔ **راگا** (مونث) ایک قسم کا
اناج جو دکن میں کاشت کیا جاتا ہے ۲ انگیرس کی دوسری
بیٹی۔ **راگ بھول جانا** (ہ) مقدور یا جوانی
جاتی رہنا۔ **راگ پورنا** (ہ) ۱ لمبا قصہ چھیڑنا ۲
ضدی بچے کا رونا۔ **راگ چھانا** (ھ) ہم صلاح ہونا۔
راگ دینا (ہ) آسیب زدہ کو راگ سنانا۔ **راگ
رنگ** (ہ) کھیل تماشے۔ عیش و عشرت۔ **راگ
رنگ بھول جانا** (ہ) کسی وجہ سے عیش و عشرت کی
طرف توجہ رہنا۔ **راگ رلیاں** (ھ) راگ رنگ۔
راگ ساگر (مذکر) ایک گانا جس میں کئی راگ ہوں۔
راگ سب بھول گئے۔ اوسان خطا ہو گئے۔
چوکڑی بھول گئے۔ **راگ گانا** (ہ) ۱ گیت گانا
۲ لمبا قصہ چھیڑنا ۳ بچے کا روں روں کرنا یا رونا۔ **راگ
لانا** (ہ) ۱ فیل مچانا۔ جھگڑا کرنا۔ لڑنے کو تیار ہونا ۲
روٹھ جانا۔ بے محل آزردہ ہو جانا۔ **راگ لتا** (مونث)
کامدیو کی استری رتی کا نام۔ **راگ مالا** (مذکر) ۱
راگوں کی کتاب ۲ لمبا قصہ۔ طول طویل داستان۔
راگن (صفت) ۱ رنگا ہوا ۲ سرخ۔ سرخ رنگ کا
۳ مشفق۔ شفیق ۴ خوش کرنے والا ۵ (مذکر) مصور
نقاش ۶ عاشق ۷ اناج۔ **راگنی** (ہ) ۱ راگوں کو چھتیس
راگنیوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۲ بدکار عورت ۳ مینک
کی بڑی لڑکی ۴ لکشمی کی ایک شکل ۵ (ھ) رانی۔ رگنی
آ کے کھڑی ہونا (ہ) اچھے گانے کی تعریف میں کہتے
ہیں۔ **راگ و رنگ** (ہ) دیکھو راگ رنگ
راگی۔ دیکھو راگن۔
**مقولہ۔ راگ بھی اپنے وقت کا
اچھا ہوتا ہے**۔ ہر چیز اپنے موقع پر اچھی ہوتی
ہے۔
راگھو (س۔ مذکر) ۱ رگھو کی نسل کا
کوئی شخص ۲ اجا۔ دسرتھ اور رامچندر جی کا لقب
۳ کئی مصنفوں کا نام ۴ ایک ناگ دیت ۵ سمندر ۶
ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ **راگھو چرتر** (مذکر) رامائن کا
ایک خلاصہ۔ **راگھو چیتنیہ** (مذکر) ایک شاعر۔ **راگھو
دیو** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **راگھو ستھا** (مذکر)
رامچندر جی۔ **راگھویشور** (مذکر) شوجی کا ایک
لنگ۔ **راگھویندر** (مذکر) کئی مصنفوں اور
دیگر اشخاص کا نام۔
راگھوبا (ہ۔ مذکر) دیکھو رگھو
ناتھ راؤ۔
راگھوجی۔ اول (۔ ۱۵۷۳)
بھونسلا۔ مرہٹہ فوج کا کمانڈر انچیف تھا۔ ۱۷۴۵ء
میں برار کا راجہ بن گیا ۲ **ثانی** (۔ ۱۸۱۶) برار کا
چوتھا راجہ۔ مادھوجی کی وفات پر گدی نشین ہوا ۳
ثالث (۔ ۱۸۵۲) برار کا آٹھواں راجہ۔ بے
اولاد مرنے پر برار کا الحاق انگریزی علاقے سے
ہو گیا۔
رال (ہ۔ مونث) ۱ چیڑ کا گوند۔
(س رال) ۲ لعاب دہن۔ تھوک۔ پانی جو بچے کے
منہ سے نکلے۔ (س لالا) **رال اڑانا** (متعدی)
رال کو آگ لگا کر جلا دینا۔ **رال بہنا** (لازم) پانی
کا منہ سے جاری ہونا۔ **رال ٹپکتی ہے**۔ حرص کرتا
ہے۔ **رال ٹپکنا** (متعدی) ۱ منہ سے رطوبت کا
نکلنا ۲ منہ میں پانی بھر آنا۔ حرص کرنا۔ جی چاہنا ۳ کسی چیز پر
فریفتہ ہونا یا راغب ہونا۔ **رال ٹپک یا ٹپکی
پڑنا** (متعدی) دیکھو آخری ۲ و ۳۔ **رال گرنا**
(لازم) رال ٹپکنا۔
رال (ھ۔ امر) رالنا کا۔ **رالا**
(صفت) ۱ ملا ہوا۔ کٹا ہوا۔ ہلایا ہوا ۲ (مذکر)
مختلف قسم کے اناج کا مجموعہ ۳ ایک قسم کا اناج۔
رالا گڑ (مذکر) ایک قسم کا گڑ۔ **رالنا** (متعدی)
۱ کوٹنا ۲ ملانا۔ **رالی** (مونث) کٹا ہوا اناج۔
رام (س۔ صفت) ۱ خوشگوار۔
خوش کن ۲ خوبصورت۔ حسین ۳ سیاہ ۴ (مذکر) خوشی
مسرت ۵ ویدوں میں تین راموں کا ذکر آتا ہے ۶
تین رام بعد کے زمانے میں مشہور ہوئے۔ رامچندر
جی۔ پرسرام اور بلرام دیکھو علیحدہ ۷ آٹھویں منونتر کے
کے ۷ رشیوں میں سے ایک ۸ جینیوں کے ۹ بلوں
میں سے ایک ۹ ملیبور کا ایک راجہ ۱۰ سرنگ دیر کا
ایک راجہ جو ناگیش کا سرپرست تھا ۱۱ ورن ۱۲ عاشق
۱۳ گھوڑا ۱۴ ہرن کی ایک قسم ۱۵ ایک قوم۔ **راما**
(مونث) ۱ خوبصورت عورت۔ نوجوان اور حسین
عورت ۲ عورت۔ بیوی ۳ نیچ ذات کی عورت ۴
کئی پودوں کا نام ۵ ایک سُر ۶ ایک وزن یا بحر ۷
کبھاند کی بیٹی ۸ ایک اپسرا۔ **رامادھار** (مذکر)
دو مصنفوں کا نام۔ **رامار یہ** (مذکر) شنکرا چارج کا
گرو۔ **راماشرم** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **راما
شومیدتھ** (مذکر) پدم پران۔ **رامارگنج** (مذکر)
ایک مصنف۔ **رامانج** (مذکر) ۱ راما کا چھوٹا بھائی
۲ کرشن جی کا لقب کیونکہ وہ بلرام کے چھوٹے بھائی تھے
۳ ایک ہندو مصلح دیکھو علیحدہ۔ **رامانج مت**
(مذکر) وہ فرقہ جو رامانج نے نکالا تھا۔ **رامانند**
(مذکر) ۱ ایک ہندو مصلح دیکھو علیحدہ ۲ کئی مصنفوں
اور دیگر آدمیوں کے نام۔ **رامانند تیرتھ** (مذکر)
ایک گرو۔ **رامانند سوامی** (مذکر) دو مصنفوں
کا نام۔ **رامانندی** (مذکر) ۱ سادھوؤں کا ایک
فرقہ جو رامانند نے نکالا تھا ۲ اس فرقے کا ایک فرد۔
راماوتار (مذکر) وشن جی کا ساتواں اوتار رامچندر
جی جو راون کے قتل کے لئے لیا گیا تھا۔ **رامایدھ**

(مذکر) رام کا اسلحہ - کمان - راماین (صفت) رام کے متعلق ۲ (مونث) رام کی اولاد مادینہ ۳ والمیک کی وہ شہرہ آفاق رزمیہ نظم جس میں راجہ رامچندر جی اور سیتا کا قصہ ہے - اسکو ۷ کنڈوں میں تقسیم کیا گیا ہے - بال کنڈ یا ادی کنڈ - الودھیا کنڈ - ارنیا کنڈ - کش کنڈھیا کنڈ - سندر کنڈ - یدھ کنڈ - اتر کنڈ - اس میں ۲۴ ہزار شلوک ہیں ۴ کئی اور نظمیں اسی نام کی ۵ (کنایتًا) لمبا قصہ - طول طویل کہانی - رام بٹائی (ھ) مالک اور کاشتکار کے درمیان برابر کی تقسیم فصل - رام بول - جب گڑ کی چاشنی پک کر تیار ہوتی ہے تو آنچ کم کرنے کے لئے پکانے والا کہتا ہے - رام بھجن (ھ) رامچندر جی کی تعریف کے بھجن - انکی پوجا - رام بھگت (مذکر) رامچندر جی کا پجاری - رام بھگنی (مونث) "رام کی بہن" - پاربتی کا نام - رام پُتر (مذکر) رودرک کا لقب - رام پتی (مذکر) وشنو پتی کا باپ - رام پد (مذکر) ۱ رام کے پاؤں ۲ رام کا مذہب ۳ رام کی حیثیت - ۴ مکتی جو رام کی وجہ سے ہو - رام پرتاپ (مذکر) رام کی تجلی یا شان و شوکت - رام پرشاد (مذکر) کئی مصنفوں کا نام - رام پُوجا (مونث) رام کی پرستش - رام پھل (ہ) شریفے کی ایک قسم جو اوپر سے صاف ہوتی ہے - رام تارک (مذکر) ایک منتر جس کے پڑھنے سے مکتی حاصل ہوتی ہے - رام ترئی (ہ) بھنڈی - وھینڈرس - رام تلسی (ہ) تلسی کی ایک بڑی قسم - رام تُنیاں (ھ) مٹی کا پیالہ - کلھیا - رام توشن (مذکر) ایک مصنف - رام تیرتھ (مذکر) ۱ ایک تیرتھ ۲ بہت سے مصنفوں اور دیگر آدمیوں کا نام - رام ٹیک (مذکر) ایک پہاڑ ناگپور کے نزدیک - رام جانے ۱ خدا جانے ۲ خدا کی قسم - رام جِت (مذکر) ایک مصنف - رام جَس (مذکر) ۱ رامچندر جی کی شہرت ۲ ہندوؤں میں ایک نام - رام جنمن (مذکر) رام کی پیدائش یا سالگرہ رام جنمنی (مونث) رام کی ماں - رام جنی (ہ) کسبی - رنڈی - طوائف - رام جیون (مذکر) ۱ ایک راجہ کا نام جو رودر رائے کا بیٹا تھا ۲ ایک مصنف - رام چَر (مذکر) بلرام - رام چرچا (مونث) ۱ مذہبی گفتگو ۲ اپدیش - وعظ ۳ کسی بات کی زور کی تردید یا انکار کے موقع پر کہتے ہیں - رام چَرن (مذکر) ۱ رام کے پاؤں ۲ کئی مصنفوں کا نام رام چندر (مذکر) دیکھو علیحدہ - رام چیرہ (مذکر) چیری (مونث) رام کا غلام یا لونڈی - ہندوؤں کا ایک نام - رام داس (مذکر) ۱ اکبر کا ایک وزیر ۲ دھرم گپت کا باپ ۳ رتناکر کے بیٹے اور رہی دھر کا باپ اسے رام بھگت بھی کہتے ہیں - رام داشرتھی (مذکر) رامچندر جی - رام دانہ (مذکر) ایک بیج کا نام جس کی مالا بناتے ہیں - رام دت (مذکر) ۱ نرسنہا راجہ متھلا کا وزیر ۲ کئی مصنفوں کا نام - رام درگا (مذکر) ایک ستوتر کا نام جو وسوامتر کی تصنیف بیان ہوتا ہے - رام دوادشی (مونث) جیٹھ کے مہینے کی بارھویں تاریخ شدی یا بدی - رام دُوارا (مذکر) رام کا دروازہ - دھرم سالہ - رام دُوت (مذکر) "رام کا ایلچی" ۱ ہنومت کا نام - ۲ بندر - رام دُوتی (مونث) ایک قسم کی تلسی - رام دھام وا (مذکر) دریائے سرجو کا لقب - جو لوگ اس میں نہاتے ہیں مکتی حاصل کرتے ہیں - رام دُہائی (مونث) دھائی (ھ) ۱ رام کی پناہ ۲ رام کی قسم - رام دھنش (مذکر) رام کی کمان - رام دیال یا دیالو (مذکر) کئی آدمیوں اور مصنفوں کا نام - رام دیو (مذکر) ۱ راجہ رامچندر جی ۲ کئی مصنفوں اور آدمیوں کا نام - رام راجہ (مذکر) ایک مصنف - رام رام (مذکر) ۱ ایک گرو کا نام ۲ (مونث) ہندوؤں کا سلام ۳ جان پہچان - واقفیت ۴ (حرف ندا) توبہ توبہ - رام رام بھجنا (ھ) ۱ رام کو یاد کرنا - رام کی حمد کرنا ۲ رام سے مدد مانگنا ۳ رام رام کہنا - رام رام جپنا (ھ) رام کو یاد کرنا - رام کی حمد کرنا - رام رام شام شام (مذکر) ۱ ہندوؤں کا سلام ۲ جان پہچان - واقفیت - رام رام کرنا یا کہنا (ھ - متعدی) ہونا (لازم) ۱ سلام کرنا ۲ رام کو یاد کرنا ۳ توبہ توبہ کرنا - رام رام بھجو یا کرو (ھ) ۱ توبہ کرو ۲ خدا نہ کرے ۳ خدا کے لئے ایسا نہ کہو - رام رچھا (ھ) رکشا (مونث) "رام کی حفاظت" منتر - رام رَس (مذکر) ۱ نمک ۲ ایشر کی محبت پرمیشور کی بھگتی - رام رشی (مذکر) ایک مصنف - رام رنگی (ہ) جہانگیر نے شراب کا یہ نام رکھا تھا - رام رولا (ہ) ۱ شور و غل ۲ رام کے بھجن (کرنا ہونا کے ساتھ) رام ساہی (مذکر) ایک راجہ - رام سرس (مذکر) ایک جھیل - رام سکھ (مذکر) "رام کا دوست" سگریو کا لقب - رام سینگھا (ھ) ایک بڑا سینگ جس میں سے بہت اونچی آواز نکلتی ہے - رام سنہا (مذکر) ایک راجہ جو جیا سنہا کا بیٹا تھا - رام سنہہ دیو (مذکر) راجہ متھلا جو رتنیشور کا مربی تھا - رام سنہہ ورمن (مذکر) جے پور کا ایک راجہ جو دھاتورتن منجری کا مصنف ہے - رام سوامی (مذکر) ۱ رام کا ایک بت ۲ کئی مصنفوں کا نام - رام سیتو (مذکر) دیکھو رامیشور - رام سین (مذکر) رس سارامرت کا مصنف - رام سیوک (مذکر) ۱ دیوی دت کا بیٹا ۲ کئی مصنفوں کا نام - رام شاستری (مذکر) نرہر تیرتھ کا دنیاوی نام جو ۱۲۱۴ء میں فوت ہوا - رام شیشہ - شنکر یا شیشہ (مذکر) مصنفوں کے نام رام کاجی (مذکر) سادہ لوح - بھولا بھالا - رام کانت (مذکر) ۱ ایک قسم کا گنا ۲ کئی مصنفوں کا نام - رام کانڈ (مذکر) ایک قسم کا گنا - رام کاویہ (مذکر) ایک نظم - رام کتھا (مونث) رامچندر جی کی مہمات کا تذکرہ یا بیان - رام کرت (مذکر) ایک راگ - رام کرشن (مذکر) ۱ بہت سے مصنفوں اور دیگر آدمیوں کے نام - رام کری یا کلی (مونث) ایک راگنی - رام کِشور (مذکر) ایک مصنف - رام کشیتر (مذکر) ایک ضلع - رام کِمکر (مذکر) کئی مصنفوں کا نام - رام کہانی (ہ - مونث) ۱ رام کا قصہ ۲ لمبا قصہ - مصیبت کی کہانی - طول طویل کہانی -

رام کیری یا کیلی (مذکر) ایک راگنی ۔ رام گیشو
تیرتھ (مذکر) ایک تیرتھ ۔ رام کی مایا (مونث)
خدا کی قدرت ۔ ایشور کی لیلا ۔ فطرت ۔ رام گایتری
(مذکر) ایک منتر رامچندر جی کی تعریف میں ۔ رام
گرام (مذکر) ایک سلطنت ۔ رام گرُو (مذکر)
رامچندر جی کا گرو ۔ وسشٹھ ۔ رام گری (مونث)
کئی پہاڑوں کا نام خصوصاً چترکوٹ اور رام ٹیک کا ۔
رام گنگا (مونث) دیکھو علیحدہ ۔ رام گوبند یا
گوپال (مذکر) مصنفوں کے نام ۔ رام لتنگ (مذکر)
دو مصنفوں کا نام ۔ رام لیکھا (مذکر) ایک رانی کا
نام ۔ رام لیلا (ہ) دسہرے کا میلا ۔ رامچندر جی کی
حمات کی نقل جو ہندو دسہرے کے موقع پر کرتے ہیں ۔
رام منتر (مذکر) ایک منتر جو راجہ رامچندر جی کے
اعزاز میں پڑھا جاتا ہے ۔ رام منی داس موہن
مَنے (مذکر) مصنفوں کے نام ۔ رام ناتھ (مذکر)
۱۔ رام داسرتھی کا نام ۲۔ دیوگری کا ایک راجہ ۳۔ ایک
گروہ ۔ رام نارائن (مذکر) کئی آدمیوں کا نام ۔
رام نام (مذکر) ۱۔ خدا کا نام ۲۔ رامچندر جی کا نام ۔ رام
نامی (صفت) وہ جس پر رام کا نام ہو (کپڑا یا انگوٹھی)
رام ندھ (مذکر) ایک مصنف ۔ رام نرپتی (مذکر)
ایک راجہ ۔ رام نَومی (مونث) چیتر کی نویں سدی
جو رامچندر جی کی سالگرہ کی تاریخ ہے ۔ رام ورمن
(مذکر) تنک کا مصنف ۔ رام ولبھ (مذکر) ۱۔ دار
چینی ۲۔ ایک مصنف ۔ رام ویاکرن (مذکر) ایک
صرف ونحو کی کتاب مصنفہ دوپدیو ۔ رام وِینَ
(مونث) ۱۔ ایک قسم کی بانسری ۲۔ مذاقاً بلرام کے
نرسنگھے کو بھی کہتے ہیں ۔ رام ہَرَد (مذکر) ایک مقدس
اشنان کی جگہ ۔ رام ہری (مذکر) ایک مصنف ۔
رام یَس (مذکر) رامچندر کی شہرت ۔ رام ینتر
(مذکر) ایک خاص قسم کا نقش ۔

امثال و اقوال ۔ رام بڑھائے
سو بڑھے بل کر بڑھا نہ کوئے ۔ بل کر کے
راون بڑھا چھن میں ڈارے کھوئے
خدا جس کو ترقی دے وہ ہی بڑھتا ہے ۔ اپنی طاقت
سے راون بڑھا تھا ۔ ایک پل میں سب کچھ کھو بیٹھا
رام بنا دکھ کون ہرے ۔ برکھا بن ساگر کون
بھرے لچھمی بن آدر کون کرے ۔ ماتا بن
بھوجن کون دھرے ۔ خدا دکھ دور کرتا ہے ۔
بارش سمندر کو بھرتی ہے ۔ دولت عزت کراتی ہے ۔
اور ماں کھانے کو دیتی ہے ۔ رام بھروسا بھاری
ہے ۔ خدا پر بھروسا کرنا بہت اچھی بات ہے ۔ رام
بھروسے جو رہیں پربت پر لہرائیں ۔ تلسی
بروا باغ کے سینچت ہی کملائیں ۔ جو لوگ
خدا پر بھروسہ رکھتے ہیں ۔ وہ ویرانوں میں بھی اچھی
حالت میں رہتے ہیں ۔ باغ کے پودے باوجود سینچنے
کے سوکھ جاتے ہیں ۔ رام جھروکے بیٹھ کے سب کا
مجرا لیت جیسی جا کی چاکری ویسا اس کو
دیت ۔ خدا ہر ایک کو اس کی کوشش کے مطابق
دیتا ہے ۔ رام جی نے بیٹا دیا وہ بھی مسلمان کا
پوری کچوری کھاتا نہیں مانگے ٹکڑا نان کا
بڑی آرزوؤں سے ایک چیز ملی وہ بھی ناکارہ ۔ رام
چھوڑی اجودھیا من بھاوے سو لے
جو چیز چھوڑ دی اسے کوئی لے لے ۔ رام رام تو کہو
من میرے ۔ پاپ کٹیں گے چھن میں تیرے
اے میرے دل خدا کا نام لے ترے گناہ پل میں معاف
ہوں گے ۔ رام رام ٹھاکراں سلام میاں جی
پاؤں لاگے مصر جی ڈنڈوت گروجی ۔ ہر
ایک سے اس کے درجے کے مطابق برتنا ۔ رام رام
جپنا پرایا مال اپنا ۔ ریاکار کی نسبت کہتے ہیں
جو ظاہر میں تو پارسا ہو مگر لوگوں کا مال اڑاتا ہو ۔
رام رام دُو نیاں گلے مل چُونیاں ۔ دو کاندار
واقف آدمیوں سے زیادہ قیمت لیتے ہیں ۔ رام
رام سب کوئی کہے ۔ جسرتھ کہے نہ کوئے
ایک بار جسرتھ کہے ۔ کوٹ یگ پھل
ہوئے ۔ جسرتھ رام کا باپ تھا ۔ لیکن اس کا نام
کوئی نہیں لیتا ۔ سب رام ہی کا نام لیتے ہیں ۔ حالانکہ
اس کا باپ اس سے بڑا ہے ۔ جو اس کا نام لے اسے
بے انتہا یگوں کا پھل حاصل ہوتا ہے ۔ لوگ فرع کی
طرف رجوع کرتے ہیں ۔ اصل کی طرف کریں تو جلد مقصد
حاصل ہو ۔ پیروں ۔ فقیروں کی آس چھوڑ کر اگر خدا
کی طرف رجوع کریں تو جلد مقصد حاصل ہو ۔ رام
رام ست ہے ۔ خدا سچا ہے ۔ ہندو جنازے کے
ہمراہ یہ الفاظ کہتے ہیں ۔ رام رام کہتے رہو
جب لگ گھٹ میں پران ۔ کبھو تو دین
دیال کے بھنک پڑے گی کان ۔ جب تک
جان میں جان ہے ۔ رام رام کہتے رہو کبھی تو ایشور
سنے ہی گا ۔ رام رام کے کارنے سب دھن
ڈارو کھوئے ۔ مورکھ جانے گر پڑا دن دن
دونا ہوئے ۔ ایشور کے نام پر خرچ کرنا چاہئے ۔
بیوقوف خیال کرتے ہیں کہ کھویا گیا ۔ لیکن وہ دن
بدن دونا ہوتا ہے ۔ خیرات کی تعریف ہے ۔ رام
رام کی لوٹ ہے ۔ لوٹی جائے سو لوٹ
انت کال پچھتائے گا جب پران جائینگے
چھوٹ ۔ رام کے نام کی لوٹ ہے ۔ جتنا لوٹ
سکے لوٹ لے ورنہ مرنے کے بعد پچھتائے گا ۔ رام
رام لکھ دے سلا تر جائیگی ۔ بھج لے سیتا
رام مکت ہو جائے گی ۔ اگر پتھر پر رام کا
نام لکھ دو تو پتھر تر جاتا ہے ۔ اگر سیتا اور رام کا نام
لو تو مکتی ہو جاتی ہے ۔ رام سہائے کرے تو
کوئی کیا کر سکے ۔ اگر رام بچائے تو کوئی کچھ نہیں
کر سکتا ۔ رام کا آسرا ہے ۔ خدا کا بھروسا ہے ۔
رام کے بھگت کاٹھ کی گڑیا ۔ دن بھر
ٹھک ٹھک رات کے گھُسکریا ۔ ویشنو
پجاریوں پر طنز ہے کہ یہ لکڑی کی پتلی کی طرح ہیں ۔ دن
بھر کھٹ کھٹ ہوتی رہتی ہے رات کو سو جاتے
ہیں ۔ رام کی مایا کہیں دھوپ کہیں چھایا
خدا کی قدرت ہے کہیں روشنی ہے کہیں دھوپ ہے
رام ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی
دونوں ایک جیسے بدمعاش ہیں ۔ رام نا مارے

آپنی مرائی (بیوقوفی)، دے کومتی چڑھائے خدانہیں مارتا اپنی بیوقوفی تباہ کراتی ہے۔ رام نام سمرن کرو یہی نام ہے تنت تین لوک چودہ بھون چھائے رہے بھگونت۔ خدا کا نام لیتے رہو یہ نام بڑی طاقت والا ہے۔ تین دنیا اور چودہ سمتوں میں خدا کی طاقت رہتی ہے۔ رام نام شمشیر پکڑلی کرشن کٹارا باندھ لیا دیا دھرم کی ڈھال بنالے جم کا دوارا جیت لیا۔ جس نے رام اور کرشن کو اپنا اسلحہ بنایا اور دھرم اور رحم کی ڈھال اختیار کرلی اس کی مکتی ہوگئی۔ رام نام کو آسکتی بھوجن کو تیار نالایق اور سست رشتے دار کے متعلق کہتے ہیں۔ رام نام لڈوا گوپال نام گھی۔ ہر کا نام مصری تو گھول گھول پی۔ یہ ایک پرارتھنا ہے جو اکثر مندروں میں کی جاتی ہے۔ رام گوپال ہر سب ایشور کے نام ہیں۔ رام نام لے سو دھکا پاوے چوتڑ ہلاوے سو ٹکا پاوے۔ خدا کا نام لینے والے بری حالت میں رہتے ہیں۔ اور بدکار مزے اڑاتے ہیں۔ رام ہی رام ست ہے۔ دیکھو رام رام ست ہے۔

رام (ف۔ صفت) ۱ مطیع۔ فرمانبردار ۲ سدھا ہوا۔ ہلا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ مہینے کا اکیسواں دن ۴ اس فرشتے کا نام جو اس دن کا موکل ہے۔

رام آردشیر (ایران) ایک شہر۔

رامال (با۔ عص) ہوا۔ آندھی اور انتقامی انصاف کا دیوتا۔

رامانج (۱۱) ایک برہمن تھا جو مدراس کے قریب ایک گاؤں پیرمبور میں پیدا ہوا۔ اسنے بہت سی کتابیں سنسکرت زبان میں لکھیں۔ اور رام و کرشن کی پوجا کی تلقین کی۔ یہ سری وشنو فرقہ کا بانی تھا جس کے پیرو صرف برہمن ہیں۔ **رامانجن** (۱۸۸۷۔ ۱۹۲۰) سری نواس۔ تینگر۔ ہندو ریاضی داں۔ اسنے علم ریاضی کے متعلق بہت سے رسالے شائع کئے ہیں۔

رامپور (ہند) ۱ صوبجات متحدہ میں ایک ریاست رقبہ ۹۴۵ (۷۵۴) ۲ اس کا دارالخلافہ (۷۳) ۳ ریاست ٹہری کی راجدھانی ۴ بیالیا (ہند) ضلع راج شاہی بنگال کا صدر مقام (۲۱)۔

رام گنگا (ہند) صوبجات متحدہ میں ایک دریا جو گنگا کا معاون ہے۔

رام نگر (ہند) ایک شہر ضلع بارہ بنکی ممالک متحدہ میں (۱۱)۔

رامانند (۱۴) رامانج فرقے کا ایک گسائیں تھا۔ اپنے گرو کے ساتھ کھانے کے متعلق جھگڑ کر شمالی ہند میں آگیا۔ اور اس نے رام اور سیتا کی پرستش کی تلقین شروع کی اور ہر فرقے کے آدمیوں کو سری وشنو مت پر لانا شروع کیا۔ اس لئے بہت لوگ اس کے پیرو ہوگئے۔ اس کے ۱۲ چیلوں میں کبیر بھی تھا۔ اس فرقے کے پیرو بہت لوگ ہیں۔

راماوت (ھ۔ مونث) رامانج کا نکالا ہوا مذہب۔

رام برزین (ف۔ مذکر) ۱ ایک آتش کدہ کا نام ۲ ایک پہلوان۔

رامتھی (ھ۔ مونث) رام دوہائی۔ شکایت۔ استغاثہ۔

رامتین (ف۔ مذکر) ایک مشہور گوئیے کا نام۔

رام جس منشی (۱۹) المتخلص محیط بن گنگابشن عاجز۔ لاہور کا باشندہ تھا۔ دہلی میں پیدا ہوا۔ بہت سی مثنویاں لکھی ہیں۔ محیط عشق۔ محیط در محیط غم۔ کئی صوفیانہ کتابوں کا سنسکرت سے ترجمہ کیا جیسے محیط الاسرار۔ گلشن معرفت۔ محیط معرفت۔

رامجی (۱۷) راجہ بھگوان داس کا بیٹا اسے مع دو بھائیوں کے جہانگیر نے ہاتھیوں کے پاؤں سے کچلوا دیا۔

رام چرن مہنت (۱۷۱۹۔ ۱۷۹۸) رام سینہی فرقے کا بانی۔ اسنے بت پرستی چھوڑ دی اور نیا فرقہ نکالا۔ اسنے ۳۶۲۵۰ شبد لکھے ہیں۔

رامح (ع۔ صفت) ۱ نیزے سے چھیدنے والا یا مسلح ۲ سینگ دار (بیل) (رمح۔ نیزہ مارنا)۔

رامدیو (۔ ۱۳۱۰) دیوگری کا راجہ اسنے سلطان علاء الدین سکندر ثانی کی اطاعت کرلی تھی۔

رامِر (ف۔ مذکر) ایک شہر جو مٹی کے برتنوں کے لئے مشہور ہے۔

رامراج (۔ ۱۵۶۵) بیجانگر کا راجہ۔ چار مسلمان بادشاہوں کے ساتھ لڑتا ہوا جنگ تلی کوٹ میں گرفتار ہوا اور حسین نظام شاہ کے حکم سے اس کا سر کاٹ کر نیزے پر رکھ کر اس کی فوج کو دکھایا اس کی ایک لاکھ فوج قتل ہوئی۔

رام راجا (۔ ۱۷۷۷) ساہو جی ثانی راجہ ستارہ کا متبنے تھا اور اس کے بعد ۱۷۴۹ء میں تخت نشین ہوا۔

رامِز (ع۔ صفت) اشارہ کرنیوالا (رمز۔ اشارہ کرنا)۔

رام سنگھ ۱ (۔ ۱۶۷۵) اول جے پور کا راجہ۔ راجہ جے سنگھ کا بیٹا تھا۔ عالمگیر نے اسے باپ کی حکومت دے کر راجہ کا خطاب دیا ۲ ثانی (۱۸۳۴۔) راجہ جے سنگھ ثالث کا بیٹا تھا اپنے باپ کی وفات سے چند ماہ پہلے پیدا ہوا ۳ (نامعلوم) کوٹہ اور بوندی کا راجہ ۴ راٹھور (۔ ۱۷۷۳) جودھپور کا راجہ۔ اپنے چچا بھگت سنگھ کو قتل کرکے گدی نشین ہوا ۵ ہاڑا (۔ ۱۷۰۷) عالمگیر کے عہد کا ایک ہندو جرنیل۔

رامِش (ف۔ مونث) ۱ آرام۔ آسائش۔ استراحت ۲ خوشی۔ مسرت۔ انبساط۔ خرمی ۳ خوشی میں گانا ۴ نصیحت۔ صلاح۔ مشورہ ۵ سردں کا میل۔ ہمسازی۔ سریلاپن۔ رامشت

(مونث) ۱ آرام - استراحت ۲ پانچ میں سے چار دن جو ایرانی سال میں شامل کئے جاتے ہیں - **رامش جان** (مونث) ۱ ایک سر کا نام ۲ تیس میں سے آٹھویں نغمے کا نام جو باربد نے ایجاد کئے تھے - **رامشخوار** (مذکر) ایک سر کا نام - **رامشک** (مونث) آرام - استراحت - **رامشیگاہ** (مونث) آرام کی جگہ - **رامشگر** (مذکر) ۱ گویا - مطرب - گانے والا ۲ عیاش - **رامشگری** (مونث) ۱ گانا بجانا ۲ گفتگو - **رامشی** - **رامشیں** (مذکر) گویا -

رانگ (ع - مذکر) ہیچش کی ایک دوا -

رام گنگا (ہند) ایک دریا صوبجات متحدہ میں جو دریائے گنگا کا معاون ہے - ۳۰۷ میل لمبا -

رام موہن رائے (۱۷۷۲-۱۸۳۳) ریشہ بنگال کا ایک برہمن تھا - اس کے دل میں ہندوؤں کی اصلاح کرنے کا خیال پیدا ہوا - اسنے ویدوں اپنشدوں اور دوسرے مذہبوں سے اچھی اچھی باتیں چن کر تحریر کیں - اور ایک جدید فرقہ نکالا - اسنے یجروید کے اپنشد کا انگریزی میں ترجمہ کیا - انگلستان کی سیر کے لئے گیا - اور برسٹل میں وفات پائی -

رامناد (ف - صفت) ۱ تابعدار - فرمانبردار ۲ (مذکر) مہینے کے اٹھائیسویں دن کا نام -

رام نارائن (- ۱۷۶۳) راجہ میر جعفر علی نواب بنگالہ کے عہد میں پٹنہ کا ڈپٹی گورنر تھا - میر قاسم کو اسپر تغلب کا شبہ ہوا اور اس کی جائداد ضبط ہوئی - اس کے گھر سے سات لاکھ روپیہ ملا - اور سات لاکھ جو اسنے ساہوکاروں کے پاس جمع کیا ہوا تھا وہ بھی ضبط ہوا - میر جعفر نے اسے گنگا میں ڈبودیا -

رامندی (ف - مونث) ایک قدیم ایرانی بولی -

راموول (ھ - مذکر) ایک قسم کی بکری -

رامنی (ہند) ایک جزیرہ جہاں کا کافور مشہور ہے -

رام ہرمز (ایران) نان میں ایک شہر -

رامی - دیکھو شرف الدین رامی -

رامی (ف - مذکر) ۱ بانسری کے موجد کا نام ۲ رام ہرمز کا باشندہ -

رامی (ع - صفت) تیر انداز - خشت انداز (رَمَیَ - پھینکنا)

رامیاد (ف - صفت) ۱ فرمانبردار - تابعدار ۲ مہینے کے اٹھائیسویں دن کا نام -

رامیتن (ف - مذکر) بخارا کے نزدیک ایک شہر -

رامیشورم (ہند) ہند اور لنکا کے درمیان ہندوؤں کا خیال ہے کہ یہ اس پل کا حصہ ہے - جو راجہ رامچندر جی نے بنایا تھا -

رامین (ف - مذکر) ویس کے عاشق کا نام - رامین و ویس کا قصہ نظامی عروضی نے فارسی میں نظم کیا ہے -

ران (ف - مونث) ۱ جانگھ - زانو - ٹانگ کا اوپر کا اندرونی حصہ جو گھٹنوں سے اوپر ہوتا ہے ۲ (ڑندوس ار - حرکت کرنا) ۳ (صفت) راندن سے - چلانے والا - دھکیلنے والا ۴ انتظام کرنے والا - منتظم - آخری ہر دو معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے حکمران - جہاز ران - کامران - **ران اکھڑنا** (متعدی) سوار کی ران کا گھوڑے کی پیٹھ سے ہٹ جانا - **ران تلے آنا** (لازم) **دبانا** (متعدی) ۱ قابو میں لانا - مطیع کرنا ۲ سوار ہونا - **ران جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) پٹری جمنا - ران کا گھوڑے کو مضبوط پکڑنا - **ران چھوڑنا** (متعدی) نکال دینا (عف) **ران سے پھرجانا** (لازم) گھوڑے کا ران کے اشارے سے مڑجانا - **ران سے ران باندھنا** (متعدی) ۱ قریب ہونا - دور نہ ہونے دینا ۲ حفاظت کرنا - **ران سے ران ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) جماع کے وقت یہ حالت ہوتی ہے - **رانوں سے رانیں ملا کر بیٹھنا** (لازم) بالکل قریب بیٹھنا - عورت مرد کا اختلاط کی حالت میں بیٹھنا -

ران (ناعص) ہمندر کی دیوی اور ایجر کی بیوی -

رانا (ہ - مذکر) ۱ ہندو راجا راجا دھیراج ۲ اودے پور کے اور دیگر راجوں کا لقب - ۳ راجپوتوں کی ایک قوم ۴ (صفت) خودرو - جنگلی -

رانا امر سنگھ (- ۱۶۱۹) اودیپور کا راجہ اپنے باپ راجہ پرتاپ سنگھ کے بعد تخت نشین ہوا - جہانگیر سے بغاوت کی مگر شکست کھا کر پھر اطاعت اختیار کی -

رانا سانگا (- ۱۵۲۸) اودے پور کا راجہ تھا - بابر سے لڑائی میں شکست کھائی راجپوتانے کے تمام راجوں نے اس کی اطاعت کی تھی -

رانا کرن (- ۱۶۲۸) اودے پور کا راجہ - اپنے باپ امر سنگھ کے بعد ۱۶۱۹ء میں تخت نشین ہوا -

رانا مل (۱۳) بھٹنیر کا راجہ - اس کی بیٹی نیلا کی شادی رجب سالار برادر غیاث الدین تغلق سے ہوئی تھی -

رانبھنا (ھ - لازم) ۱ چیخنا - چلانا - شور مچانا ۲ ڈکرانا - گائے کا آواز نکالنا -

رانپی (ہ - مونث) ایک اوزار جس سے چمڑے کو چھیلتے ہیں -

رانجھا (پ - مذکر) ۱ عاشق - پیارا - محبوب ۲ ہیر کا عاشق - تخت ہزارا ضلع شاہ پور پنجاب کا رہنے والا تھا - ہیر پر جو جھنگ کے خاندان سیالان میں سے تھی عاشق ہوگیا - انکے عشق کا

قصہ وارث شاہ کی ہیر میں بڑی خوش اسلوبی سے نظم کیا گیا ہے۔ جو بڑے پائے کی کتاب ہے۔ اس کا اصل نام ڈیڈو تھا۔

رانجھن (ھ۔ مذکر) مٹی کا بڑا گھڑا۔

رانجھن۔ رانجھنا (ھ۔ مذکر) ۱۔ عاشق۔ پیارا۔ معشوق۔ ۲۔ قابل عزت شخص۔

رانچی (ہند) صوبہ بہار میں ایک ضلع رقبہ ۱۲۰۷ (۱۳۳۴) ۲۔ صدر مقام (۲۰)۔

راند (ف۔ ماضی) راندن کی۔ نکالنا۔ دور کرنا۔ **رانداجانا** (لازم) مردود ہونا۔ ملعون ہونا۔ **راندگان** (مذکر) جمع راندہ۔ **راندگی** (مونث) نکالا جانا۔ **راندگان (راندۂ) درگاہ** (مذکر) بادشاہی دربار یا خدا کی درگاہ سے نکالے ہوئے۔ شیطان۔ گنہگار۔ **راندنا** (متعدی) ۱۔ نکالنا۔ خارج کرنا۔ دور کرنا ۲۔ (چرخہ) چلانا۔ **راندہ** (صفت (مذکر) نکالا ہوا شخص۔ مردود۔ ملعون۔ محروم۔ خارج۔

راندنی (ھ۔ مونث) اجمو۔ خراسانی اجوائن۔

راندھ (ھ۔ مونث) جھگڑا۔ تکرار۔ راڑ۔ **راندھ کاٹنا** (متعدی) جھگڑا ختم کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ **راندھ لو**۔ پکالو۔ **راندھنا** (متعدی) ۱۔ پکانا۔ کھانا تیار کرنا ۲۔ چرخہ چلانا۔ **راندھنیا** (مذکر) باورچی۔ رسوئیا۔

مثل۔ راندھو نہ سمجھاؤ۔ مجھے میٹھے کھلاؤ۔ خود غرض ہیٹو کی نسبت کہتے ہیں۔ تم کچھ ہی کرو میرا پیٹ بھر دو۔

رانڈ (ھ۔ مونث) ۱۔ بیوہ ۲۔ تحقیراً۔ عورت ۳۔ گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔ (س) رنڈل **رانڈا** (مذکر) ۱۔ وہ مرد جس کی عورت مرگئی ہو۔ رنڈوا ۲۔ بنجر زمین ۳۔ درخت جو پھل نہ دے۔ **رانڈاپا** (ھ) رنڈاپا۔ بیوگی۔ **رانڈانہ پوتی** (ھ۔ مونث) ۱۔ بیوہ اور بغیر بچے کے ہونے کی حالت ۲۔ (عو) گالی کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ **رانڈ چھندی** (ھ) رنڈی باز۔ بدکار یا لچا آدمی۔ **رانڈ کا سانڈ** (صفت) ۱۔ لاپرواہ۔ آزاد طبع ۲۔ (مذکر) بدکار آدمی۔ شوقین مزاج آدمی۔ بانکا ۳۔ ذلیل آدمی۔ کمینہ شخص ۴۔ لاڈلا بچہ۔ **رانڈ کے سانڈ**۔ بدکار آدمی۔ ذلیل آدمی۔ کمینے شخص۔ (گالی جب دوسرے کو خطاب کرکے کہیں) **رانڈ کرڑھی** (مونث) وہ کڑھی جس میں پھلکیاں نہیں ہوتیں۔ **رانڈ نپوتی کرنا** (متعدی) ایک دوسری کو رانڈ اور بن اولاد والی کہنا۔ کوسنا۔ بد دعا یا گالیاں دینا ۲۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔

امثال واقوال۔ رانڈا گیا سگائی کو۔ آپکو لائے یا بھائی کو۔ جہاں کوئی کام کرنے والا پہلے اپنے لئے کرے اور پھر دوسرے کے لئے وہاں کہتے ہیں۔ ایسے آدمی کو کام نہیں کہنا چاہئے۔ **رانڈ اور کھانڈ کا جوبن رات کو**۔ عورت اور کھانڈ رات کے وقت اچھی معلوم ہوتی ہیں۔ **رانڈ بھانڈ۔ سانڈ بگڑے برے**۔ تینوں غصے میں ہوں تو نقصان پہنچاتے ہیں۔ **رانڈ بیٹی مرگئی جنم سدھر گیا**۔ ہندوؤں میں رانڈ کی شادی نہیں کرتے۔ اس کی بہت حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ مرجائے تو خوش ہوتے ہیں۔ **رانڈ روئے کواری روئے سانتھ لگی ست خصمی روئے**۔ رانڈ روتی ہے اس کا خاوند مرگیا۔ کنواری روتی ہے اس کا باپ مرگیا۔ ست خصمی کیوں روتی ہے۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی دکھانے کے لئے ہمدردی ظاہر کرے۔ **رانڈ رہے جو رنڈوے رہنے دیں**۔ دیکھو رانڈیں الخ۔ **رانڈ سانڈ بھانڈ بگڑے ہوئے برے**۔ ان سب کا موافق رکھنا مصلحت ہے۔ رانڈ بھاگ جاتی ہے۔ سانڈ ملتا ہے بھانڈ بدنام کرتا ہے۔ **رانڈ سانڈ سیڑھی سنیاسی ان سے بچے تو سیوے کاشی**۔ دنیا میں یہ چیزیں انسان کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ اگر ان سے بچے تو خدا کی پرستش کرے۔ **رانڈ سے بڑھ کر کوسنا نہیں۔ رانڈ سے پرے کوسنا ہی کیا**۔ عورت کو رانڈ کہنے سے بڑھ کر کوئی گالی نہیں۔ رانڈ عورت کیلئے سب سے بڑی بد دعا ہے۔ **رانڈ کا سانڈ چھنال کا چھنڑا**۔ رانڈ اور رنڈی کا بیٹا دونوں بدچلن ہوتے ہیں۔ **رانڈ کا رونا بازار کا سودا کس نے سنا**۔ ان دونوں کی دادرسی نہیں۔ **رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھائے بہت چلے تھوڑا**۔ دونوں سے کوئی کام نہیں کیا جاتا۔ **رانڈ کو بیٹے کا بل رنڈوے کو روپے کا بل**۔ رانڈ کو اولاد کا فخر ہوتا ہے۔ رنڈوے کو روپے کا۔ **رانڈ کے آگے گالی کیا**۔ دیکھو رانڈ سے الخ۔ **رانڈ کے چرخے کی طرح چلا ہی جاتا ہے**۔ بڑا بکی ہے کسی وقت چپ ہی نہیں ہوتا۔ رانڈیں عموماً چرخہ کات کر گذارہ کرتی ہیں۔ چونکہ اس میں مزدوری تھوڑی ملتی ہے۔ اس لئے انہیں سارا سارا دن کام کرنا پڑتا ہے۔ **رانڈ کی گانٹھ میں مال کا ٹوٹک**۔ رانڈ کے پاس روپے پیسے کی بہت کمی ہوتی ہے۔ **رانڈ گیا سگائی کو آپ لاوے کہ بھائی کو**۔ چیز تھوڑی خریدار بہت۔ **رانڈ موئی گھر سنیت ناسی موند منڈائے بھئے سنیاسی**۔ مجبوری کی وجہ سے سنیاسی ہوا۔ بیوی مرگئی گھر تباہ ہوا۔ سادھوؤں سنیاسیوں پر طنز ہے۔ **رانڈیں تو بہت رہیں جو رنڈوے رہنے دیں**۔ بیوہ عورتیں بیوگی کی حالت میں تو بہت رہیں۔ مگر مرد نہیں رہنے دیتے۔ بیوہ عورتیں بدچلن نہ ہوں اگر مرد ان کا پیچھا چھوڑ دیں۔

رانڈی (ھ۔ مونث) رنڈی۔ طوائف۔

مثل۔ رانڈی کے گھر

ماڈی عاشقوں کے گھر گڑا کا۔ رنڈیاں مزے اڑاتی ہیں اور جوان کو روپیہ پیسہ دیتے ہیں وہ بھوکے مرتے ہیں۔

رانڑ (ھ۔ مونث) رانڈ۔

مثل۔ رانڑ بھیلا کے سکھ کون۔ جو نچنت سوتل نار (پوربی) رانڈ ہونے کا کیا فائدہ جو آرام سے نہ سوئی۔

رانڑکا (ھ۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔

رانگ (ہ۔ مونث) ۱ پودوں کا عرق جو رنگنے کے کام آتا ہے۔ رنگ ۲ قلعی۔ (س رنگ) **رانگا** (مذکر) قلعی۔ **رانگ بھریا** (مذکر) وہ شخص جو رنگدار کھلونے اور زیور بنا کر بیچتا ہے۔ **رانگ ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ پگھل جانا۔ نرم ہوجانا ۲ کم قیمت ہوجانا۔ چیز خراب ہو جانا ۳ غصہ دور ہوجانا۔ راضی ہوجانا ۴ بالکل گھل جانا۔

مقولہ۔ رانگ ہیرے کو کاٹتا ہے۔ کبھی ناتواں زبردست پر غالب آجاتا ہے۔

رانگڑ (ھ) **رانگڑا** (ھ) **رانگھڑ** (ہ۔ مذکر) ۱ مسلمان راجپوت ۲ گجرات اور میوات کے درمیان ایک علاقہ ۳ اس علاقے کا باشندہ۔ **رانگڑی** (ھ) **رانگھڑی** (مونث) رانگھڑوں کی زبان۔

مثل۔ رانگھڑ گوجر دو۔ کتا بلی دو یہ چاروں نہ ہوں تو کھلے کواڑ سو۔ یہ چاروں چوری کے عادی ہیں۔

رانوا (ھ۔ مذکر) ۱ جنگل یا افتادہ زمین جو شہر کے قریب ہو ۲ ایک محصول جو مویشی چرانے کے لئے لیا جاتا ہے۔

رانوجی سندھیا (-۱۷۵۰) گوالیار کا پہلا راجہ۔ پہلے سپاہی بھرتی ہوا۔ ترقی کرتے کرتے باجی راؤ اول کا سپہ سالار ہوگیا۔ فتح مالوہ کے بعد ۱۷۴۳ء میں راجہ گوالیار ہوا۔ اسکی اولاد اب تک وہاں حکومت کرتی ہے۔

رانی (ھ۔ مونث) ۱ راجہ کی بیوی ملکہ ۲ ہندوؤں میں معزز عورت (رانا کی مونث)

رانی گھن (مذکر) جھگڑا جو مدت تک گھر میں رہے (ڈالنا۔ مچانا۔ مچنا کے ساتھ)۔

امثال واقوال۔ رانی دیوانی ہوئی۔ اوروں کو پتھرا پنول کو لڈو مارے۔ دیوانہ بکار خود ہوشیار۔ ان کی دیوانگی میں بھی اپنا ہی فائدہ ہے۔ **رانی روٹھے گی اپنا سہاگ لے گی کیا کسی کا بھاگ لے گی**۔ اس جگہ عورت کے متعلق بولتے ہیں جہاں وہ روٹھ جائے۔ روٹھ جائے گی تو ہمارا کیا کرے گی۔ ہمیں پرواہ نہیں۔ **رانی کو باندھی کہا ہنس دی باندھی سے باندھی کہا رو دی**۔ کمینے کو کمینہ کہو تو وہ ناراض ہوجاتا ہے اگر شریف کو کہو تو وہ پرواہ نہیں کرتا۔ **رانی کو رانا پیارا کانی کو کانا پیارا**۔ ہر ایک کو اپنا ہم جنس اچھا معلوم ہوتا ہے۔ **رانی کو کون کہے آگا ڈھک**۔ بڑے آدمیوں کو غلطی کرتے ہوئے دیکھ کر کون روک سکتا ہے۔ **رانی گئیں ہاٹ لائیں ریچھ کر چکی کے پاٹ**۔ بڑے آدمی بعض وقت فضول چیزیں خرید لیتے ہیں جو ان کے کسی صرف کی نہیں ہوتیں۔

رانی گنج (ہند) ضلع بردواں میں ایک شہر (۱۰۱)۔

راوت (ھ۔ مذکر) ۱ راجہ ۲ سردار۔ راؤ ۳ شجاع۔ بہادر۔ سورما ۴ چوہڑوں کی ایک اونچی ذات جو جھوٹا نہیں کھاتے ۵ اس ذات کا ایک فرد ۶ (ہ۔ تلواریوں کی اصطلاح) سیف بازی کا استاد جس کے بہت شاگرد ہوں۔

راوٹی (ہ۔ مونث) دیکھو راؤٹی

راور (ھ۔ ضمیر) تمہارا۔ آپکا۔

راول (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو راوت ۱ تا ۳ ۲ راجہ کا دربار۔

راولپنڈی (ہند) ۱ پنجاب میں ایک قسمت رقبہ ۲۰۷۳۸ (۳۴۶۱) ۲ ایک ضلع رقبہ ۲۸۴۴ (۵۶۹) ۳ صدر مقام (۱۰۱)۔

راولیا (ھ۔ صفت) شاہانہ۔ شاہی۔ راجوں جیسا ۲ سپاہیوں کی طرح۔ سرداروں کی طرح۔

راون (س۔ مذکر) "چیخنے والا" لنکا کا راجہ جو وشرس اور کیشنی کا لڑکا اور کوبیر کا سوتیلا بھائی تھا۔ یہ ذات کا برہمن تھا۔ اور بڑا دیاوان تھا۔ اسنے تپسیا کے بل سے یہ طاقت حاصل کی کہ کوئی دیوتا یا انسان اسے قتل نہ کر سکے۔ اس لئے اس کی سرکوبی کے لئے وشن جی نے دسواں اوتار راجہ رام چندر جی کی صورت میں لیا۔ اس کے دس سر اور بیس بازو تھے ایک سر گدھے کا تھا۔ دبھیشن اور کمبھ کرن اس کے بھائی تھے۔ اس کی بہن راجہ رام چندر جی پر عاشق ہوگئی۔ مگر انہوں نے توجہ نہ کی اور لچھمن جی نے اس کی ناک کاٹ ڈالی۔ وہ راون کے پاس جاکر فریادی ہوئی۔ راون گیا اور سیتا جی کو اٹھا لیا۔ جس پر وہ بڑی جنگ ہوئی جس کا ذکر رامائن میں ہے۔ آخر یہ رام چندر جی کے ہاتھ سے مارا گیا۔ کیونکہ وہ نہ دیوتا تھے نہ انسان ۲ کشمیر کا ایک راجہ ۳ کئی مصنفوں کا نام۔ **راون گنگا** (لنکا) ایک دریا۔ **راون ودھ** (مذکر) بھٹی کاویا کا اصل نام۔ **راون وہا** (مذکر) سیتوبندھ کا دوسرا نام۔ **راون سرد** (مذکر) ایک جھیل جس میں سے دریائے ستلج نکلتا ہے۔ **راونی**

(مذکر) ۱ اندرجیت ۲ سہناد ۳ رادن کے بیٹوں کا لقب ۴ ایک مہورت۔ **رادن کا سالا** وہ شخص جو کسی بڑے آدمی کی حمایت میں نوکروں پر ظلم کرے۔ **رادن کی سینا یا سینّا** (مونث) راجہ رادن کی سیاہ پوش فوج۔ کالے کلوٹے لڑکوں کی جماعت۔

راوَنْد (ف۔ مونث) ۱ رسی جس پر کپڑے یا انگور کے خوشے لٹکاتے ہیں ۲ ریوند ایک پودے کی جڑ ۳ اصفہان کے قریب ایک شہر۔ **راوند چینی** (مونث) چین کا راوند۔ ایک دوا۔ **راوند خراسانی** (مذکر) خراسان کا راوند۔

راوندان (ف۔ مذکر) حلب کے نزدیک ایک قلعہ۔

راوی (ع۔ مذکر) روایت یا بیان کرنے والا شخص۔ مورخ۔ افسانہ نگار ۲ قصے یا کہانی کا مصنف۔ **راویان** (جمع) راوی کی۔

راوی (ہند) پنجاب کا ایک دریا جس کے کنارے لاہور آباد ہے۔ ۴۷۰ میل لمبا دریا ہے چناب سے مل جاتا ہے۔

راوینا (اٹلی) ۱ ایک صوبہ رقبہ ۷۱۹ (۲۶۷) ۲ ایک شہر (۷۹) یہاں دانتے کی قبر ہے۔

راہ (ف۔ مونث) ۱ رستہ۔ گذر۔ سڑک۔ باٹ۔ طریق۔ شارع۔ ڈگر ۲ ڈھب۔ بیل غرض ۳ سفر۔ مسافرت ۴ میل جول۔ دوستی۔ آشنائی رابطہ۔ رسائی ۵ طریقہ۔ طرز۔ ڈھنگ۔ رسم۔ رواج ۶ آگاہی۔ واقفیت۔ خبر ۷ تدبیر۔ موقع۔ محل ۸ لے ۹ سیدھا رستہ ۱۰ اصلہ۔ بہانہ ۱۱ (تقف) طریقے پر۔ رستے میں۔ کے لئے (پہلوی راس یا راش ژند رتھیہ س دتھیا۔ **راہِ آب** (مونث) نالی۔ نہر۔ **راہِ آفتاب** (مونث) سورج کا راستہ۔ طریق الشمس۔ راس چکر۔ **راہ آہن** (مونث) ریل کی سڑک۔ **راہ الٹی ہونا** (لازم) کسی طرف کو سیدھا راستہ جاتے جاتے پھر پیچھے کی طرف کو پھر جانا۔ **راہ باریک ہونا** (لازم) رستہ تنگ ہونا۔ **راہ باندھنا** (متعدی) ۱ رستہ روکنا۔ بڑھنے نہ دینا ۲ روکنا۔ داخل نہ ہونے دینا۔ **راہ بائٹ ہونا** (لازم) رستہ جدا یا علیحدہ ہونا۔ **راہ بتانا** (متعدی) ۱ طریقہ بتانا۔ تدبیر بتانا ۲ رستہ دکھانا۔ راہنمائی کرنا۔ راستے کا پتہ دینا ۳ نصیحت کرنا۔ ہدایت کرنا ۴ نکال دینا۔ موقوف کرنا۔ ۵ ڈھنگ سکھانا ۶ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۷ ٹالنا رخصت کرنا۔ **راہبر** (مذکر) ۱ راہنما۔ رستہ دکھانے والا ۲ سردار۔ سرغنہ ۳ پیر۔ ہادی پیغمبر۔ **راہبری** (مونث) راہنمائی۔ ہدایت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **راہ بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ راستہ کھلا نہ ہونا یا رکا ہونا ۲ کوئی طریقہ نہ ہونا۔ **راہ بھٹکنا** (لازم) ۱ ایک راستے کی بجائے دوسرے راستے چلا جانا۔ **راہ بھلانا** (متعدی) گمراہ کرنا۔ **راہ بھولنا** (لازم) ۱ گمراہ ہونا ۲ راہ گم کرنا ۳ مدت کے بعد آنا۔ **راہ پانا** (متعدی) موقع پانا۔ گنجائش پانا۔ **راہ پر آنا** (لازم) ۱ ٹھیک رستے پر آنا ۲ ہدایت پانا۔ نیک بننا ۳ گمراہ کا راہ راست پر آنا ۴ اصلاح قبول کرنا۔ **راہ پرخطر** (مذکر) وہ راستہ جس میں بہت خطرہ ہو۔ **راہ پر لانا** (متعدی) ۱ نیک بنانا۔ رہبری کرنا ۲ اپنے ڈھب کا بنانا ۳ قابو میں لانا ۴ دوست بنانا۔ یار بنانا۔ **راہ پر لگالانا** (متعدی) اپنے ڈھب پر لگا لینا۔ **راہ پر لگانا** (متعدی) ڈھب پر لانا۔ موافق بنانا۔ **راہ پر لے آنا** (لازم) دیکھو راہ پر لانا۔ **راہ پر ہونا** (لازم) ۱ طرز پر ہونا۔ طریقے پر ہونا ۲ روش اختیار کرنا۔ **راہ پڑنا** (لازم) ۱ درست رستے پر جانا ۲ ایک دوسرے پر اعتبار کرنا۔ **راہ پوچھنا** (متعدی) رستہ دریافت کرنا۔ **راہ پھٹنا** (لازم) ایک رستے کا دوسرے سے علیحدہ ہونا۔ **راہ پھرنا** (لازم) راستے کا مڑنا۔ **راہ پیدا کرنا** (متعدی) ۱ رستہ نکالنا۔ طریقہ نکالنا ۲ دوستی پیدا کرنا۔ ملاقات بہم پہنچانا ۳ کسی کام میں مہارت پیدا کرنا۔ **راہ پیدا ہونا** (لازم) طریقہ نکل آنا۔ رستہ نکلنا۔ **راہ پیما** (صفت) راہرو۔ مسافر۔ **راہ تجویز کرنا** (متعدی) کسی خاص راہ کو منتخب کرنا۔ کہ وہاں سے کوئی خاص شخص گزرے گا۔ **راہ تکنا** (متعدی) انتظار کرنا۔ **راہ جاری ہونا** (لازم) رستے پر آمد و رفت ہونا۔ **راہ جانا** (لازم) راستہ جانا۔ **راہ چینی** (ہ۔ مونث) مٹھائی وغیرہ جو برہمنوں کو دی جاتی ہے۔ تاکہ روح کو مرنے کے بعد رستہ چلنے میں آسانی ہو۔ **راہ چلتا** (مذکر) مسافر۔ راہرو۔ **راہ چلتوں (سے لڑنا) کا پلہ پکڑنا** (متعدی) خواہ مخواہ جھگڑا پیدا کرنا۔ بے سبب لڑنا۔ **راہ چلتے** (تقف) رستے میں۔ رستہ چلتے ہوئے۔ **راہ چلنا** (لازم) ۱ راستے پر جانا۔ طریقہ یا ڈھنگ اختیار کرنا۔ **راہ چھوڑ کر کراہ چلنا** (لازم) ۱ راہ راست سے بھٹکنا۔ گمراہ ہونا ۲ برے ڈھنگ یا طریقے پر چلنا۔ **راہ چھوڑنا** (متعدی) ۱ غلط رستے پر پڑنا۔ گمراہ ہونا ۲ راستے سے ہٹ جانا۔ ایک طرف ہو جانا ۳ سڑک سے اتر جانا۔ **راہِ حقیقت** (مذکر) سچائی کا رستہ۔ درست رستہ۔ **راہ خدا** (تقف) ۱ خدا کے لئے۔ لِلّٰہ ۲ (مذکر) خدا کے پانے کا ذریعہ۔ **راہِ خدا دینا** (متعدی) خیرات کرنا فی سبیل اللہ دینا۔ **راہ خدا میں جان دینا** (لازم) شہید ہونا۔ **راہ خرچ** (مذکر) سفر خرچ۔ رستے کے اخراجات۔ **راہ دار** (مذکر) ۱ راہ کا نگہبان ۲ رستے کا محصول لینے والا ۳ ایک قسم کا کپڑا جس پر دھاریاں اور نشان بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ **راہداری** (مونث) ۱ رستے کا محصول ۲ رستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔ پاسپورٹ۔ **راہداری کا پروانہ** (مذکر) دیکھو آخری معنے۔ **راہ درپیش ہونا** (لازم) سفر آگے ہونا۔ **راہ دکھانا** (متعدی) ۱ رستہ بتانا ۲ انتظار کرانا۔

راہ دیکھنا (لازم) انتظار کرنا۔ **راہ دینا** (متعدی) ۱ رستے سے ہٹ جانا۔ رستہ چھوڑ دینا ۲ آنے یا جانے دینا۔ ۳ اجازت دینا۔ کسی کام کی خصوصاً فال یا استخارے کا۔ **راہ ڈالنا** (متعدی) رسم قائم کرنا۔ عادت اختیار کرنا۔ **راہ راست** (مذکر) سیدھا یا درست رستہ۔ **راہِ راست پر آنا** (لازم) ۱ سیدھا رستہ اختیار کرنا ۲ گناہوں سے توبہ کرنا ۳ مسلمان ہونا۔ **راہ راست پر چلنا** (لازم) ایماندار ہونا۔ بے ایمانی نہ کرنا۔ **راہِ راست پر لانا یا لگانا** (متعدی) ۱ مسلمان کرنا ۲ گناہ سے توبہ کرانا ۳ ٹھیک رستے پر لگانا۔ **راہ راست دکھانا** (متعدی) مسلمان بنانا۔ مسلمان ہونے کی توفیق دینا۔ **راہ راست سے بھٹکانا** (متعدی) **بھٹکنا** (لازم) بدراہ ہونا۔ کافر ہونا۔ **راہ راہ (سے)** (تف) ۱ راستے راستے ۲ بموجب رواج کے۔ ٹھیک طور پر ۳ معقول طور سے۔ انصاف سے ۴ ٹھیک ٹھیک۔ واجبی طور سے۔ **راہ راہ چلنا** (لازم) ۱ سیدھے رستے پر چلنا ۲ معمولی عادت یا طریقے کے بموجب کام کرنا ۳ کسی شخص کے طریق کی پیروی کرنا ۴ متوسط طریق اختیار کرنا ۵ ٹھیک طور پر یا رسم و رواج کے مطابق کام کرنا۔ **راہ راہ کا** (صفت) ۱ ٹھیک ٹھیک۔ درست۔ سیدھا سیدھا ۲ معقول۔ رسمی۔ **راہ راہ کی باتیں** (مونث) درست باتیں۔ مناسب باتیں۔ **راہ راہ کی کہنا** (متعدی) ٹھیک بات کہنا۔ سیدھی سیدھی بات کہنا۔ **راہ رسم کرنا** (متعدی) ملاقات پیدا کرنا۔ شناسائی۔ صاحب سلامت رکھنا۔ **راہ رکھنا** (متعدی) ۱ رسم رکھنا۔ ربط رکھنا ۲ باہم تعلق رکھنا۔ دوستی رکھنا۔ معاملت رکھنا۔ **راہرَو** (مذکر) ۱ مسافر۔ راہ چلتا۔ **راہ روانِ ملک عدم** (مذکر) مردے۔ متوفی لوگ۔ **راہ روش** (مونث) ۱ چال چلن۔ رویہ ۲ رسم و رواج۔ عادتیں۔ طریقے۔ **راہ روکنا** (متعدی) ۱ رستہ بند کرنا ۲ مزاحمت کرنا۔ **راہ رُوندن** (ف) ۱ راہ روکنا ۲ رستے کو صاف رکھنا۔ **راہروی** (مونث) سفر۔ راہ چلنا۔ **راہروی کر کے چلا جانا** (لازم) بغیر ٹھیرنے کے چلا جانا۔ رستے رستے چلا جانا۔ **راہ ربت** (مونث) ۱ رسم و رواج۔ رسوم ۲ انداز۔ طریقہ۔ **راہ زن** (مذکر) قزاق۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔ قطاع الطریق۔ **راہ زنی** (مونث) لوٹ مار۔ ڈاکہ۔ سرقہ بالجبر۔ **راہ سوجھنا** (لازم) تدبیر۔ سوجھنا یا سمجھ میں آنا۔ **راہ سے** (تف) ۱ رستے سے ۲ سیدھی طرح۔ قاعدے سے۔ طریقے سے ۳ رسم و رواج کے مطابق۔ **راہ سے بے راہ ہونا** (لازم) ۱ سیدھا رستہ چھوڑ کر غلط راستے پر آنا۔ رستہ بھول جانا ۲ گمراہ ہونا۔ کافر ہونا ۳ بدچلن ہونا۔ بدوضع ہو جانا ۴ حد سے بڑھ جانا۔ **راہ سے جا لگنا** (لازم) بھٹکنے جا لگنا۔ **راہ سے چلنا** (لازم) ٹھیک یا درست طریقے پر کام کرنا۔ معقولیت سے کام کرنا۔ وضعداری کی زندگی بسر کرنا۔ **راہ سیدھی لگنا** (لازم) سیدھے رستہ جانا۔ **راہ سیدھی ہونا** (لازم) رستہ سیدھا یا بغیر پھیر یا چکر کے ہونا۔ **راہ سر** (تف) دیکھو راہ راہ (مت)۔ **راہ سر چلنا** (لازم) راہ راہ چلنا۔ (مت) **راہ سے گزرنا** (لازم) راہ میں چلنا۔ رستے پر سفر کرنا۔ **راہ سے منہ (نہ) موڑنا** (متعدی) کسی کام کے کرنے سے (نہ) رکنا۔ **راہِ ضلالت** (مذکر) گمراہی۔ **راہ طے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سفر ہونا۔ مسافت طے کرنا۔ **راہ غلط کرنا** (لازم) غلط رستے پر چلنا۔ **راہِ فرار اختیار کرنا یا لینا** (متعدی) بھاگ جانا۔ **راہ قطع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) راہ طے ہونا۔ **راہ کا پھیر یا پیچ** (مذکر) رستے کا چکر۔ راہ کی کجی۔ **راہ کاٹنا** (متعدی) ۱ رستہ چلنے والے کے آگے سے نکل جانا ۲ راہ چلنے میں مانع ہونا۔ رستہ روکنا ۳ ایک رستہ چھوڑ کر دوسرا رستہ اختیار کرنا ۴ مسافت طے کرنا ۵ چھوٹا راستہ اختیار کرنا۔ **راہ کترا کر نکل جانا** (متعدی) ۱ ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے نکل جانا ۲ کسی کو دیکھ کر دوسرے راستے کی طرف چلے جانا۔ **راہ کٹنا** (لازم) رستہ طے ہونا۔ **راہ کرنا** (متعدی) دیکھو راہ پیدا کرنا ۱ رسائی پیدا کرنا ۲ ادائے قرض کی صورت نکال لینا۔ **راہ کڑی ہونا** (لازم) رستہ مشکل یا دشوار ہونا۔ **راہ کھلنا** (لازم) ۱ رستہ جاری ہونا ۲ پابندی موقوف ہونا۔ بندش ہٹ جانا۔ **راہ کھوٹی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ چلنے میں دیر ہونا ۲ راستہ رکنا ۳ سفر سے رک جانا۔ ۴ چلتے ہوئے کام میں خلل پڑنا۔ کام رکنا۔ **راہ کی بات** (مونث) واجبی بات۔ معقول بات۔ شائستہ بات (ہونا کے ساتھ) **راہ کی روٹی** (مونث) وہ کھانا جو مسافر ساتھ لے لیتا ہے۔ **راہ گر یا گرا** (مذکر) مسافر۔ راہرو۔ **راہگزار۔ راہگزر** (مونث و مذکر) رستہ۔ سڑک۔ **راہِ گریز اختیار کرنا** (متعدی) بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ **راہ گلی میں** (تف) راستے میں۔ **راہگیر** (مذکر) مسافر۔ راہرو۔ **راہگیر عالم بقا ہونا** (لازم) مر جانا۔ **آ راہ لگ** اپنا رستہ لے۔ **راہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ طریقے پر لگنا۔ ڈھنگ پر لگنا ۲ راہنمائی ہونا ۳ جانا۔ رستے پر روانہ ہونا۔ **راہ لینا** (متعدی) ۱ روانہ ہونا۔ جانا ۲ (اپنا) اپنا کام کرنا۔ **راہ مار** رہزن۔ قزاق۔ **راہ مارنا** (متعدی) ۱ رہزنی کرنا۔ لوٹنا ۲ رکاوٹ پیدا کرنا ۳ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ **راہ ماری** (مونث) لوٹ مار۔ غارتگری۔ **راہ مرنا** (لازم) راستہ ناپید ہو جانا۔ **راہِ ملکِ عدم لینا** (متعدی) مر جانا۔ **راہ ملنا** (لازم) ۱ رستہ پانا ۲ کوئی تدبیر نکل آنا۔ منزل مقصود نظر آنا۔ **راہ میں آنکھیں بچھانا** (لازم) بہت خاطر تواضع کرنا۔ **راہ میں بچھ جانا** (لازم) بہت عاجزی یا انکسار کرنا۔ **راہ میں پھیر ہونا** (لازم) ۱ راستہ ٹیڑھا ہونا۔ رستے میں چکر ہونا ۲ کسی معاملے میں دھوکا ہونا۔ **راہ میں ٹکنا** (لازم) رستے میں کہیں ٹھہر جانا۔ **راہ میں جا کر خبر لینا** (متعدی) رستے میں جا کر امداد کرنا۔ **راہ میں چلنا** (لازم) رستے پر سفر کرنا۔ **راہ میں حائل ہونا** (لازم) رستے میں آ جانا۔ رستہ روکنا۔ **راہ میں رہ جانا** (لازم) ۱ ساتھ چھوڑ دینا ۲

تھک کر رہجانا۔ **راہ میں قدم مارنا** (متعدی) چلنا۔ روانہ ہونا۔ **راہ میں کانٹے بچھانا** (متعدی) **بچھنا** (لازم) ۱ رستہ دشوار گزار ہونا ۲ دشمنی یا تکلیف کی بات ہونا۔ **راہ میں لینا** (متعدی) ۱ کسی کو پہنچنے سے پہلے جا ملنا۔ رستے پر ملجانا ۲ ملاقات کرنا ۳ پیشوائی کرنا۔ **راہ میں ہونا** (لازم) رستے پر چلتے ہونا۔ اثنائے راہ میں ہونا۔ **راہ ناپنا** (متعدی) ۱ آکر جلد چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا ۲ مارا مارا پھرنا ۳ بیفائدہ کام کرنا۔ **راہ نامہ** (مذکر) سڑکوں کا نقشہ یا کتاب۔ **راہِ نجات** (مونث) ۱ بخشش یا نجات کا ذریعہ ۲ مسلمانوں کی ایک مذہبی کتاب۔ **راہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم اُردو) ۱ راستہ بنانا۔ سڑک نکالنا ۲ تدبیر یا تجویز نکالنا ۳ وسیلہ پیدا کرنا ۴ رسائی حاصل کرنا۔ **راہنُما** (مذکر) رہبر۔ ہادی۔ پیشوا۔ **راہنمائی** (مونث) رہبری ہدایت۔ **راہ نورد** (صفت) ۱ تیز چلنے والا۔ راستہ چلنے والا ۲ مسافر۔ راہرو۔ **راہ نوردی** (مونث) سفر۔ مسافت۔ **راہ نہیں**۔ طریقہ نہیں۔ چارہ نہیں۔ تدبیر نہیں۔ **راہوار** (مذکر) ۱ گھوڑا۔ تیز چلنے والا گھوڑا۔ اچھا گھوڑا ۲ (صفت) تیز۔ صبا رفتار۔ بادپا۔ **راہوار اٹھانا** (متعدی) گھوڑے کو تیز چلانا۔ **راہواری** (مونث) قدم بازی۔ گھوڑے کا تیز قدم چلنا۔ **راہ وا ہونا** (لازم) رستہ کھلنا۔ **راہ و ربط یا رسم** (مونث) میل جول۔ ربط ضبط۔ صاحب سلامت۔ راہ ربت۔ **راہ ہول خیز** (مذکر) خوفناک رستہ۔ ایسا رستہ جسپر ڈر آئے۔ **راہ ہونا** (لازم) ۱ میل جول ہونا۔ معاملت ہونا ۲ محبت ہونا ۳ صلح ہونا۔ **راہی** (مذکر) مسافر۔ راہرو۔ **راہیں بنانا** (متعدی) تدبیریں بتانا۔ مشورے دینا۔ تدبیروں سے آگاہ کرنا۔ **راہیِ ملکِ بقا ہونا** (لازم) مرجانا۔

امثال و اقوال۔ **راہ پڑے جانئے یا باہ پڑے جانئے**۔ آدمی کی اصلیت ہم سفر ہونے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے۔ **راہ چلے یا پاس بسے جب جانئے**۔ باہم سفر یا ہمسائگی سے آدمی پہچانا جاتا ہے۔ **راہ چھوڑ کر راہ پڑے**۔ جو سیدھے رستے کو چھوڑ کر گمراہ ہوئے۔ **راہ چھوڑ کر راہ جائے (چلے) ترت دھوکہ کھائے**۔ جو سیدھے رستے کو چھوڑ دیتا ہے۔ فوراً گمراہ ہوتا ہے۔ **راہ ہی راہ سو راہی را**۔ **راہ ہے راہ سو ہی ہے اپنا**۔ جو سب کا بن ہے وہی خوب ہے یا منظور ہے۔

راہب (ع۔ مذکر) ۱ عیسائی زاہد یا عابد ۲ تارک الدنیا۔ جوگی (رَہَب۔ ڈرنا)۔

راہتیہ (س۔ مذکر) ۱ ہر چیز سے آزادی ۲ افلاس۔ غربت۔

راہُری (ہند) ۱ ضلع احمد نگر میں ایک قصبہ (۳۲۰) ۲ (خورد) ایک قصبہ (۵)۔

راہِن (ع۔ مذکر) رہن کرنے والا۔ گروی رکھنے والا شخص۔

راہنا (ہ۔ مذکر) چکی پر لوہے کے اوزار سے نشان کھودنا۔

راہُو (س۔ مذکر) پکڑنے والا۔ ایک دَیت جو دِپرچِتّی اور سنہکا کا لڑکا تھا۔ یہ چاند اور سورج کو پکڑ لیتا ہے جس کی وجہ سے گرہن ہوجاتا ہے ۲ کسی سیارے کا نقطہ راس۔ **راہو یا کیتو** (مذکر) نقطہ راس و ذنب۔ **راہو گراس یا گرہ**۔ سورج یا چاند گرہن۔

راہول (ہند) شہر ضلع جالندھر پنجاب میں (۱۱)۔

رائِتا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی خوراک جو بینگن کدو وغیرہ کو گرم راکھ میں جھلس کر یا ابال کر دہی میں ڈالکر بناتے ہیں (س راجی۔ رائی) **رائتا بنانا۔ کرنا** (متعدی) **بننا یا ہونا** (لازم) ۱ بھرتا بننا ۲ مار سے پتلا حال ہونا۔

رائج (ع۔ صفت) ۱ جاری۔ رواں ۲ عام ۳ رسمی۔ دستور کے موافق (رَ دَ ج۔ فوراً ایک جانا)۔ **رائجُ الوقت** (مذکر) ۱ زمانے کا دستور یا فیشن ۲ سکہ جو اس وقت جاری ہو۔ **رائج کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جاری ہونا۔ رواج پانا۔

رائح (نامعلوم) میر محمد علی۔ ایک ایرانی شاعر۔

رائحہ (ع۔ مذکر) خوشبو۔ مہک۔ نکہت۔ روائح جمع۔

رائکا (ہند) کاٹھیاواڑ گجرات میں ایک ریاست۔

رائگاں (ف۔ صفت) "رستہ پر پڑا ہوا" ۱ فضول۔ بے وقعت ۲ (تف) ضائع۔ لاحاصل اکارت (جانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔

رائفل (انگ۔ مونث) ایک نالی بندوق جس میں گولی چلتی ہے۔ اس کے اندونی حصے پر جھریاں بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ جن سے گولی چکر کھاتی ہوئی نکلتی ہے۔ **رائفلز** (جمع) کئی انگریزی رجمنٹوں کا نام جیسے سکاٹش رائفلز۔

رائق (نامعلوم) ایک مورخ جس کی تصنیف تاریخ رائق ہے۔

رائل (انگ۔ صفت) ۱ شاہی۔ شاہانہ۔ سلطانی۔ خسروی ۲ نہایت عمدہ ۳ نامی۔ مشہور۔ **رائل اکیڈمی** (مونث) ایک جماعت انگلستان میں جو علوم نفیسہ کی ترقی کے لئے ۱۷۶۸ء میں سر جوشو رینلڈز اور اس کے دوستوں نے قائم کی تھی۔ **رائل روڈ** (مونث) ۱ شاہی سڑک ۲ مذاقاً کسی امتحان میں آسان مضمون لے کر اس کو پاس کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ خصوصاً بی اے میں فارسی اور تاریخ۔ **رائل سکاٹز** (مذکر) ایک انگریزی رجمنٹ کا نام۔ **رائل فیملی** (مونث) شاہی خاندان۔

راؤ (ہ۔ مذکر) ۱ راجہ۔ راجہ کا بیٹا ۲ سردار ۳ ہندوؤں کا ایک اعزازی لقب (س۔ راجگ)۔ **راؤ بہادر۔ راؤ صاحب** (مذکر) سرکاری خطاب جو ہندوؤں کو عطا کئے جاتے ہیں۔ **راؤ کرشنک** (مذکر) گاؤں کا نمبردار۔

راؤ امر سنگھ (۱۷) اس کی لڑکی کی شادی سلیمان شکوہ سے ہوئی تھی۔

راؤ بہادر سنگھ (- ۱۷۵۳) گھسیرا اور کوٹیل کا راجہ تھا۔ ایک لڑائی میں اس نے نواب صفدر جنگ کا ساتھ چھوڑ دیا۔ شہنشاہ نے راجہ سورج مل کو اس کی سزا کے لئے مقرر کیا۔ محاصرہ گھسیرا میں مارا گیا۔

راؤت (ھ۔ مذکر) "شاہی ایلچی" ۱ وہ شخص جو مالگزاری جمع کرنے کے لئے مقرر کیا جائے۔ نمبردار ۲ ایجنٹ۔ بیلف۔ ناظر۔

راؤٹی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا چھوٹا خیمہ۔ چھولداری ۲ چھوٹا کمرہ جو مکان کے اوپر بناتے ہیں۔ چوبارہ۔ **راوٹی کھڑی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) چھوٹا خیمہ لگانا۔

راؤ جودھ سنگھ راٹھور (۱۵) راجہ جودھپور ۱ سنے جودھپور کی بنا رکھی تھی۔

راؤ دلیپ (- ۱۷۰۰) دلپت راؤ بندیلا۔ عالمگیر کا ایک جرنیل تھا۔ بہادر شاہ اور اعظم شاہ کی جنگ میں ایک توپ کے پھٹ جانے سے مارا گیا۔

راؤر۔ رواں (ھ۔ مذکر) دیکھو راول۔

راؤر۔ راؤرا۔ راؤرُو (ھ۔ ضمیر) تمہارا۔ آپکا۔

راؤ راج سنگھ (- ۱۶۷۵) عالمگیر کی ہراول فوج کا، جب اس نے دکن پر چڑھائی کی سپہ سالار تھا۔

راؤ رتن سنگھ ہاڑا (- ۱۶۳۰) بن راؤ بھوج۔ بوندی کا راجہ۔ اور جہانگیر کے پنجہزاری امیروں میں سے تھا ۱۶۰۷ء میں گدی پر بیٹھا۔

رائی (ھ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پودا جسکے بیج بہت چھوٹے ہوتے ہیں ۲ اس پودے کا بیج خردل ۳ ذرہ۔ بہت چھوٹی سی چیز (س راجی)۔ **رائی برابر** (تف) بہت تھوڑا سا۔ **رائی بھر** (تف) تھوڑا سا۔ **رائی سے پربت ہو جانا** (لازم) چھوٹے معاملے سے بہت بڑا ہو جانا۔ **رائی کا پربت بن جانا** (لازم) ذرا سی بات کا بڑا فساد پھیل جانا۔ کام بڑھ جانا۔ **رائی کا پہاڑ (پربت) بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) چھوٹی سی بات کو بہت بڑا کر کے دکھانا۔ سخت مبالغہ کرنا۔ **رائی کائی** (صفت) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیا ہوا۔ ذرہ ذرہ کیا ہوا۔ **رائی کائی کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ذرہ ذرہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۲ برباد ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔ **رائی نون چولھے میں ڈالنا** (متعدی) نظر بد کے دفعیہ کے لئے عورتیں رائی اور نمک چولھے میں ڈالتی ہیں۔ **رائی کرنا** (متعدی) دیکھو آخری۔

امثال و اقوال۔ رائی بھر سگائی ہیٹھا بھر پریت۔ ذرا سا رشتہ بہت سی محبت سے بہتر ہے۔ **رائی بھر ناتہ اور گاڑی بھر آشنائی** تھوڑا سا رشتہ بھی بہت سی ملاقات پر فوقیت رکھتا ہے۔ **رائی کو پربت کرے اور پربت کو رائی مان کرے رائی۔** خدا کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **رائی نوں تیری آنکھوں (تیرے دیدوں) میں۔** جب کوئی کسی کی تعریف کرے تو اسے نظر بد سے بچانے کیلئے کہتے ہیں۔

رائے (ہ۔ مذکر) ۱ راجہ۔ سردار ۲ ہندوؤں میں ایک خطاب ۳ قنوج کے بادشاہوں کا لقب ۴ (صفت) مرکبات میں۔ بڑا۔ اعلےٰ۔ افضل (س راجا) **رائے بانس** (مذکر) ایک قسم کا نیزہ۔ **رائے بہادر** (مذکر) ایک خطاب جو ہندوؤں کو گورنمنٹ انگریزی کی طرف سے ملتا ہے۔ **رائے بیل** (مونث) ۱ ایک قسم کی دوہری چنبیلی ۲ اس کا پھول۔ **رائے جامن** (مذکر) ایک قسم کا بڑا جامن۔ **رائے چمپا** (مذکر) چمپا کی ایک بڑی قسم۔ **رائے رایاں** (مذکر) ۱ راجا دھیراج۔ شہنشاہ ۲ ہندوؤں میں ایک خطاب ۳ ایک افسر جسکے ماتحت اراضی ہوتی تھی ۴ اعلےٰ خزانچی۔ **رائے زادہ** (مذکر) ۱ راجہ کا بیٹا ۲ ایک خطاب ہندوؤں میں۔ **رائے صاحب** (مذکر) ایک خطاب جو ہندوؤں کو گورنمنٹ کی طرف سے ملتا ہے۔ یہ رائے بہادر سے چھوٹا ہوتا ہے۔ **رائے منی یا منیا** (مذکر) ایک قسم کا چاول۔ **رائے مُنی** (مذکر) ایک نر پرند۔ لال۔ **رائے مینا کی چوڑیاں** (مونث) ایک قسم کی چوڑیاں جو بہت خوبصورت ہوتی ہیں۔

مثل۔ رائے رایاں رائے گھن چکر آدھی روٹی ڈیڑھ پاؤ شکر۔ ۱ باوجود مرتبے والے ہونے کے عقل ندارد ۲ بے میل کام۔

رائے (ع۔ مونث) ۱ سمجھ۔ خیال۔ دانست ۲ مشورہ۔ تجویز۔ تدبیر ۳ عقل۔ فہم۔ گیان۔ دانش۔ دانست۔ دانائی ۴ ووٹ (رَ اَ یَ۔ دیکھنا۔ قیاس کرنا)۔ **رائے بیں** (صفت) ہوشیار۔ عقلمند۔ **رائے پوچھنا** (متعدی) مشورہ کرنا۔ صلاح لینا۔ **رائے تسلیم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رائے مانی جانا۔ **رائے حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ رائے لی جانا ۲ انتخاب کے لئے کسی شخص کے حق میں کسی شخص کا ووٹ دینے کے لئے ماننا۔ **رائے دہندہ** (صفت) ووٹ یا رائے دینے والا۔ **رائے دینا** (متعدی) ۱ صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ **رائے زن** (صفت) وہ شخص جو مشورہ دے۔ **رائے زنی** (مونث) کسی کی نسبت اپنا خیال ظاہر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **رائے سالم یا صائب** (مونث) درست رائے۔ **رائے کے خلاف کرنا** (متعدی) مشورہ نہ ماننا۔ **رائے کے خلاف ہونا** (لازم) تجویز کے مطابق نہ ہونا۔ مشورے کے برعکس ہونا۔ **رائے لگانا** (متعدی) فیصلہ دینا۔ خیال ظاہر کرنا۔ **رائے لینا** (متعدی) مشورہ لینا۔ **رائے ماننا** (متعدی) صلاح ماننا۔ تجویز منظور کرنا۔ **رائے ہونا** (لازم) ۱ مشورہ ہونا۔ تجویز ہونا ۲ خیال ہونا۔

رائے (ہند) دہلی کے قریب ایک گاؤں ۲ جزیرہ سلٹ ضلع تھانہ میں ایک بندرگاہ۔

رائیا (ھ۔ مونث) ۱ رائی کی ایک قسم ۲ جو کھر۔ چھلکا۔

رائے اِندرمن (۱۸) ایک ہندو مصنف حصار کا باشندہ تھا۔ دستور الحساب یادگار ہے۔

رائے بریلی (ہند) ۱۔ ایک قسمت صوبجات متحدہ میں ۲۔ ایک ضلع اس قسمت میں (۹۳۶) ۳۔ اس کا صدر مقام (۱۹)۔

رائے بندر (ہند) نیوگا کے باہر کا حصہ۔

رائے پور (ہند) صوبجات وسطی میں ایک ضلع رقبہ ۱۱۷۲۴ (۱۴۰۷) ۲۔ اس کا صدر مقام (۲۵)۔

رائے تنسکھ رائے (۱۸) بن رائے مجلس رائے۔ فارسی شاعروں کے تذکرے سفینۃ الشوق کا مصنف ہے۔

رائیٹ (انگ۔ صفت) ۱۔ درست۔ ٹھیک ۲۔ دائیاں۔ **رائیٹ بیک** (مذکر) ہاکی یا فٹ بال کے کھیل میں تیسری صف کا دایاں آدمی۔ **رائیٹ ٹرن** (قواعد) دائیں طرف مڑو۔ **رائیٹ لفٹ** (قواعد) چلنے میں ایک حکم جسکے بموجب لفظ رائیٹ پر دائیاں پاؤں اٹھتا ہے اور لفٹ پر بایاں۔ **رائیٹ ہاف بیک** (مذکر) فٹ بال یا ہاکی کے کھیل میں دوسری صف کا دایاں آدمی۔ **رائیٹ ویل** (مذکر) قواعد کا ایک حکم ساری صف دائیں طرف مڑو۔

رائیچور (ہند) ۱۔ ریاست حیدرآباد میں ایک ضلع رقبہ ۳۶۶۱ (۵۱۳) ۲۔ شہر قلعہ اور ریلوے سٹیشن (۲۳)

رائیخس بینک (جر۔ مذکر) جرمنی کا سب سے بڑا بینک جو ۱۸۷۵ء میں بنا تھا۔

رائیخنباخ (۱۷۸۸-۱۸۶۹) بیرن وان کارل ایک جرمن کیمیادان۔ جسنے پیرفین اور کریوسوٹ ایجاد کئے ہیں۔

رائیخنبرگ (جرمنی) ایک صنعتی شہر (۶۴)۔

رائیدھاک (ہند) ایک دریا دریائے کلبنی سے مل کر برہمپتر میں گرتا ہے۔

رائے رائے سنگھ (-۱۶۱۲) بن رائے کلیان مل بیکانیر کا زمیندار اور جہانگیر کا پنجہزاری امیر اور افسر تھا۔

رائے رکھول (ہند) ایک ریاست صوبجات وسطی میں رقبہ ۴۳۳ (۲۰) ۲۔ دار الخلافہ۔

رائے سرجن ہاڑا (۱۶) اکبر کے زمانے میں رنتھنبور کا راجہ تھا۔

رائے سنکل (ہند) جھالاواڑ کاٹھیاواڑ میں ایک ریاست۔

رائے سینا (ہند) دہلی کے قریب ایک گاؤں تھا۔ اب نئی دہلی وہاں آباد ہوئی ہے۔

رائے کوٹ (ہند) ضلع لدھیانہ میں ایک قصبہ۔

رائیگاؤں (ہند) بندیل کھنڈ میں ایک ریاست اور اس کی راجدھانی۔

رائے گڑھ (ہند) ۱۔ صوبجات وسطی میں ایک ریاست رقبہ ۱۴۸۶ (۱۶۹)۔

رائے گنج (ہند) ضلع دیناج پور میں ایک قصبہ۔

رائے گوبند (۱۷) منشی۔ ایک شاعر جس نے پدماوت کو فارسی میں نظم کیا ہے۔

رائے لون کرن (-۱۶۱۵) سانبھر کا راجہ۔ فارسی شاعر توسنی تخلص کرتا تھا۔

رائیمین (یورپ) ایک دریا جو ۸۱۰ میل لمبا ہے۔ سوئٹزرلینڈ میں سے نکلکر جرمنی اور نیدرلینڈ میں سے گزر کر بحیرہ شمالی میں جا گرتا ہے ۲۔ جرمنی کے مغرب میں ایک رقبہ ۱۰۴۳۰ (۷۶۹۹) **رائین لینڈ**۔ دیکھو رائین ۲۔

رائیونڈ (ہند) ضلع لاہور میں ایک قصبہ اور ریلوے جنکشن۔

رایا (ھ۔ مذکر) ۱۔ راجہ ۲۔ دیکھو رائیا۔

رایات (ع۔ مذکر) جمع رایت کی۔ جھنڈے۔

رایت (ع۔ مذکر) جھنڈا۔ علم۔ درفش۔ نشان۔ پرچم (رائی۔ دیکھنا)۔

رایو (ہسپا۔ مذکر) دریا۔ نالہ۔ ندی۔

رایو برانکو (برازیل) ایک شہر (۵۳) **رایو پریٹو** (برازیل) ایک شہر (۱۲۷) **رایو ڈی ژینیرو** (برازیل) ۱۔ ریاست رقبہ ۲۶۶۳۴ (۱۵۵۹)۔ دار الخلافہ نکھتیرائے ۲۔ برازیل کا دار السلطنت (۱۱۵۰) ۳۔ ایک خلیج جس پر یہ واقع ہے۔ **رایو گرانڈے** (رشا) ایک دریا جو ریاستہائے متحدہ اور مکسیکو کے درمیان حد فاصل ہے۔ ۱۷۷۰ میل لمبا ہے۔ کوہ راکی میں سے نکل کر خلیج مکسیکو میں گرتا ہے ۲۔ ایک شہر برازیل میں۔ **رایو گرانڈے ڈوسل** (برازیل) ایک ریاست رقبہ ۹۱۳۳۳ (۲۱۸۳) دار الخلافہ پورٹو الگرو۔ **رایو گرانڈے دونورٹے** (برازیل) ایک ریاست رقبہ ۲۲۱۹۵ (۵۳۷) دار الخلافہ ناتال۔

رَبّ (ع۔ مذکر) ۱۔ مالک۔ ۲۔ آقا۔ سردار۔ ۴۔ پروردگار۔ پالنے والا ۳۔ خدا کا ایک نام۔ رَبّ حکومت کرنا۔ پالنا) **رَبِّ اکرم** (مذکر) بخشش کرنیوالا پروردگار۔ **رَبُّ الارباب** (مذکر) تمام پرورش کرنے والوں کا پروردگار۔ **رَبُّ السماءِ (السموات) و الارض** (مذکر) آسمانوں اور زمینوں کا مالک۔ **رَبُّ العالمین** (مذکر) تمام عالموں کا مالک۔ **رَبُّ العباد** (مذکر) بندوں کا خدا۔ **رَبُّ العزت** (مذکر) وہ پروردگار جو عزت دیتا ہے۔ **رب المشرقین والمغربین** (مذکر) دو مشرقوں اور دو مغربوں کا بادشاہ اس کی مختلف تاویلیں کی گئی ہیں ۱۔ دو مشرقوں سے موسم سرما و گرما کے سورج کے چڑھنے اور دو مغربوں سے ان موسموں کے غروب ہونیکے مقام مراد ہیں ۲۔ چونکہ زمین گول ہے مغرب کو جا کر انسان پھر مشرق کو آجاتا ہے۔ اس لئے دو مشرق اور اسی طرح دو مغرب ہوئے۔ رَبّ

النَّوع (مذکر) وہ ہر ایک فرشتہ جو مخلوقات کی پرورش اور حفاظت کے واسطے ہے۔ **ربِّ انس وجاں** (مذکر) انسانوں اور جنوں کا مالک یا پالنے والا۔ **رب دوجہاں** (مذکر) دنیا اور عاقبت کا مالک۔ **ربّانی** (صفت) ۱ رب کا۔ رب کی طرف منسوب ۲ علم الٰہی جاننے والا۔ **ربِ کارساز** (مذکر) خدا جو کام بناتا ہے۔ **رَبَّنا** (ندا) اے ہمارے رب۔ **ربی** (ندا) اے میرے رب۔ **رب یسّر و تمّم بالخیر** اے رب آسان کر اور اختتام پر اچھی طرح پہنچا۔ یہ دعا بچوں کو کتاب شروع کرانے پر پڑھاتے ہیں۔

رُبّ (ع۔ مذکر) ۱ میووں کا رس پکا کر گاڑھا کیا ہُوا ۲ شربت (رَبّ۔ جمع کرنا)۔

رَبا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چھکڑا۔

رِبا (ع۔ مذکر) سود (رَبو۔ بڑھنا) **ربا خوار** (مذکر) سود خوار۔

رُبا (ف۔ صفت) اڑا لینے والا۔ چرا لینے والا کشش کرنے والا۔ مرکبات میں وصفی معنی پیدا کرتا ہے جیسے دلربا۔ **رُبائی** (مونث) اڑا لینے یا چرانے کا فعل۔ مرکبات کے آخر میں آکر اسمائے مونث بناتا ہے۔ جیسے دلربائی۔

رَباب (ع۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی سارنگی ۲ ایک خوبصورت عورت کا نام ۳ ایک مقام مکہ کے نزدیک ۴ ایک پہاڑ مدینے کے قریب۔ فارسی میں بالضم ہے۔ (ربّ۔ قابو پانا کسی چیز پر) **ربابی** (مذکر) **ربابیا** (ہ) رباب بجانے والا۔

رَباط (مراکو) ایک شہر اور بندرگاہ (۲۵) یورپ کی تجارت کا مرکز۔

رِباط (ع۔ مذکر) ۱ رسی۔ بند ۲ نس ۳ سرائے۔ مسافرخانہ ۴ سرحد پر قلعہ (رَبط۔ باندھنا) **رباطی** (مذکر) سرائے کا مالک یا منتظم۔

رُباعی (ع۔ مونث) ایک قسم کی نظم جو بحر ہزج میں چار مصرعوں کی ہوتی ہے۔ اور پہلا دوسرا اور تیسرا مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں (رَبَع۔ چار ہونا)

رباعیات (ع۔ مونث) جمع رباعی کی۔ **رباعی ترانہ** (مونث) وہ رباعی جس کے چاروں مصرع ہم قافیہ ہوں۔

رَبانا رہ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا دف جسے ربابی بجاتے ہیں۔

رَببار (ہ۔ مذکر) آیتوار۔

رَبدہ (ہ۔ مذکر) وہ کیچڑ جو پانی کے بہاؤ کی وجہ سے ہو۔

رَبڑ (ہ۔ مونث) ۱ ادھر ادھر دوڑتے پھرنا۔ دوڑ دھوپ ۲ محنت مشقت۔ مزدوری ۳ کوشش تندہی۔ سرگرمی ۴ تھکاوٹ تھکن۔ ماندگی ۵ (ہ) بیفائدہ محنت ۶ بیفائدہ دوڑ دھوپ بیفائدہ سفر۔ **رَبڑا** (صفت) تھکا ہُوا۔ تھکا ماندہ۔ کسلمند۔ **رَبڑانا** (متعدی) **رَبڑنا** (لازم) ۱ بیفائدہ دوڑنا۔ ہلکان ہونا ۲ بیفائدہ محنت کرنا ۳ تھکنا۔ **رَبڑ پڑنا** (لازم) ۱ بیفائدہ تھکنا ۲ بیفائدہ محنت کرنا۔ **رَبڑ مارنا** (متعدی) بے حصول مطلب کسی جگہ جا کر پھر آنا۔

رَبَڑ (انگ۔ مذکر) ایک درخت کا رس جسکو پکا کر جما لیتے ہیں۔ اس سے مختلف قسم کی اشیا بنتی ہیں (اصل رَبَر کھسانیوالا)۔ **ربر کا درخت** (مذکر) یہ درخت برگد کی قسم ہے مگر پتے لمبوترے نوکدار اور بہت سبز اور چمکیلے ہوتے ہیں۔ عموماً دلدلی زمینوں میں ہوتے ہیں۔

رَبڑی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ کو گرم کرکے بناتے ہیں۔ رابڑی ۲ ایک قسم کا دلیا جو مکی سے بناتے ہیں۔

رَبڑ (ہ۔ مذکر) قصاب۔ بوچڑ۔

رَبط (ع۔ مذکر) ۱ بندش۔ جوڑنا ۲ تعلق۔ رشتہ۔ علاقہ۔ لگاؤ ۳ دوستی۔ یارانہ ۴ میل جول میل ملاپ ۵ تناسب۔ نسبت ۶ مہارت۔ مشق۔ موافقت۔ یکسانیت ۷ (صرف و نحو) بناوٹ۔ ترکیب ۸ (صرف) وہ لفظ جو دو فقروں یا لفظوں کو ملائے۔ جیسے اور یا۔ ۹ دبے (رتف) بلا جوڑ۔ بغیر ترکیب۔ **ربط بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) تعلق زیادہ ہونا۔ بے تکلف ہونا۔ واقفیت بڑھانا ۲ مشق زیادہ ہونا۔ مہارت حاصل ہونا۔ **ربط چھٹنا یا چھوٹنا** (لازم) بندش درست نہ رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا۔ **ربط دینا** (متعدی) ۱ جوڑنا۔ ملانا ۲ مضبوط کرنا ۳ یکسانیت پیدا کرنا۔ **ربط ڈالنا** (متعدی) مشق کرنا۔ مہارت حاصل کرنا۔ **ربط وضبط** (مذکر) ۱ میل ملاپ۔ آمد و رفت۔ راہ و رسم ۲ اپنے آپکو قابو میں رکھنا یا روکنا۔ ضبط کرنا ۳ انتظام (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **ربط وضبط کو کام فرمانا** (متعدی) اپنے آپ کو قابو رکھنا۔ **ربط ہونا** (لازم) ۱ مشق ہونا ۲ جوڑ ہونا ۳ تعلق ہونا۔ لگاؤ ہونا۔ **ربطی** (مونث) جوڑ۔ تعلق وغیرہ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بے ربطی۔

رُبع (ع۔ صفت) ۱ چوتھائی۔ ¼ ۲ (مذکر) چوتھا حصہ۔ چار حصوں میں سے ایک ۳ کاغذ کا چوتھا حصہ (رَبَع۔ چوتھا ہونا) **ربع مسکون** (مذکر) زمین کا چوتھا حصہ جو آباد ہے۔ زمین پر ایک حصہ خشکی اور دو حصے تری ہے۔ مگر خشکی کا سارا حصہ آباد نہیں ہے قطبین کے گرد کی زمین بالکل غیر آباد ہے۔ صحرائے اعظم اور صحرائے گوبی کا اکثر حصہ غیر آباد پڑا ہے۔

رُبُوب (ع۔ مذکر) جمع رب کی۔

رُبوبی (ع۔ صفت) ۱ خدائی۔ الٰہی ۲ مذہبی۔

رُبوپور (ہند) تحصیل خورجہ میں ایک قصبہ۔

رُبودگی (ف۔ مونث) غنودگی یا غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے ۲ لوٹ۔ لوٹ کھسوٹ۔

رَبیب (ع۔ مذکر) سوتیلا بیٹا۔ بیوی کا بیٹا پچھلے خاوند سے (رَبّ۔ پالنا) **ربیبہ** (مونث) ۱ سوتیلی بیٹی۔ بیوی کی بیٹی ۲ دودھ پلائی۔

ربیرا (۱۵۸۸-۱۶۵۲) گسپ۔ ہسپانیہ کا ایک مشہور مصنف۔

رِبیرو (۱۴۸۲-۱۵۵۲) برنارڈم ایک پرتگالی شاعر جس نے بہت سے پرلطف قصے اور نظمیں لکھی ہیں۔

رَبیع (ع۔ مذکر) ۱ موسم بہار جو

چیت بیساکھ یا مارچ اپریل میں ہوتا ہے ۲ وہ فصل جو موسم بہار میں کاٹی جاتی ہے۔ جیسے گیہوں۔ چنے۔ جو۔ سرسوں۔ تل۔ مٹر وغیرہ ۳ دو مہینوں کا نام ۴ ایک آدمی کا نام ۵ ندی۔ نالہ ۶ موسم بہار کی بارش ۷ (صفت) چوتھا (رُبع۔ چوتھا ہونا) **ربیع الآخر یا ثانی** (مذکر) مسلمانوں کا چوتھا مہینہ۔ **ربیع الاول** (مذکر) مسلمانوں کا تیسرا مہینہ۔ **ربیعی** (صفت) موسم بہار کا۔ ربیع کا۔

رَپ (رَپ رپ) (اردو۔ مونث) ۱ چلنے میں پاؤں کی آواز ۲ قینچی کے کترنے کی آواز ۳ گھوڑے کے سرپٹ جانے کی آواز۔ **رپ پانا** (متعدی) تیز چلنا۔ سرپٹ جانا۔ **رپ رپ کرتے آنا** (صفت) جلدی آنا۔ تیزی سے آنا۔

رِپ (ھ۔ مذکر) ۱ دشمن ۲ وہ شخص جو کسی کام کے لئے پیچھے پڑا رہے۔ **رپو** (مذکر) دشمن۔ عدو۔ مخالف۔ **رپو سودھن** (صفت) ۱ دشمنوں کو تباہ کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو دشمنوں کو تباہ کرے ۳ رامچندر جی کے سب سے چھوٹے بھائی کا نام۔ **رپ ہو جانا** (لازم) دشمن کی طرح سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔

رَپَٹ (ہ۔ مونث) ۱ پھسلن ۲ (ھ) دیکھو ربڑ۔ دوڑ دھوپ وغیرہ ۳ (ھ) دیکھو رپیٹ شکار وغیرہ۔ **رپٹا کر** (فعل) دوڑ کر۔ جلدی سے۔ تیزی سے۔ **رپٹا دینا۔ رپٹانا** (متعدی) ۱ تیز دوڑانا۔ سرپٹ دوڑانا ۲ جلدی کرانا ۳ پھسلانا۔ **رپٹپانا** (متعدی) دیکھو آخری ۱۔ **رپٹ پڑنا یا جانا** (لازم) رپٹنا۔ **رپٹن** (مونث) پھسلن۔ **رپٹنا** (لازم) ۱ تیز جانا ۲ پھسلنا۔

مثل۔ رپٹ پڑے کی ہر گنگا

مجبوراً کوئی کام کرنا پڑے یا اتفاقاً حصول مدعا ہو جائے تو کہتے ہیں۔ ہندو اشنان کرتے ہوئے ہر گنگا کہتے ہیں پھسل پڑے تو ہر گنگا کہنا شروع کر دیا کہ اشنان ہی سہی۔

رَپَٹ (انگ۔ مونث) ۱ اطلاع۔ خبر ۲ وہ تحریر جس میں کوئی اطلاع ہو (پڑھنا۔ بھیجنا۔ تحریر کرانا۔ چلا جانا۔ جانا۔ دینا۔ کرنا۔ لکھانا۔ لکھنا۔ ہونا۔ وغیرہ کے ساتھ) (اصل رپورٹ) **رپٹ دہندہ** (مذکر) اطلاع دینے والا۔ **رپٹی** (مذکر) رپٹ دہندہ۔ چوکیدار۔

رُپلی (اردو۔ مذکر) حقارتاً روپے کو کہتے ہیں۔

رِپَن (۱۸۲۷ - ۱۹۰۹) مارکوئیس جارج فریڈرک سیمول رابنسن۔ ایک انگریز لارڈ جو ۱۸۸۰ء سے ۱۸۸۵ء تک ہندوستان کا وائسرائے رہا۔ اس کے زمانے میں البرٹ بل پاس ہوا۔

رَپورٹ۔ رپوٹ (انگ۔ مونث) دیکھو رپٹ۔ **رپورٹر۔ رپوٹر** (مذکر) ۱ اطلاع دہندہ ۲ نامہ نگار۔

رُپہرا۔ رُپہلا (ھ۔ صفت) دیکھو روپہلا۔

رُپئے (ھ۔ مذکر) روپے۔

رُپیا (ھ۔ مذکر) روپیا۔ **روپیا والا** (صفت) امیر۔ دولتمند۔

رَپیٹ (ھ۔ مذکر) ۱ دوڑ ۲ تعاقب ۳ شکار۔ **رپیٹنا** (متعدی) ۱ دوڑنا ۲ تعاقب کرنا ۳ شکار کرنا۔

رَت (ھ۔ مذکر) دیکھو رتی۔

رَت (ہ۔ مونث) رات کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **رتجگا** (مذکر) ۱ شب بیداری ۲ ایک قسم کی نیاز جب عورتیں رات بھر جاگتی ہیں۔ اور گلگلے تلتی ہیں۔ ڈومنیوں کا ناچ ہوتا ہے (کرنا۔ ماننا ہونا کے ساتھ)۔

رَت (س۔ صفت) ۱ خوش مسرور ۲ مطمئن۔ راضی ۳ مشتاق۔ مفتوں ۴ رجوع کرنے والا ۵ مشغول۔ متوجہ ۶ (مذکر) خوشی۔ مسرت۔ فرحت ۷ محبت کے مزے۔ وصل۔ جماع ۸ آلات مخصوصہ ۹ معشوق۔ عاشق۔ **رتنا** (مونث) ۱ دن کی ماں کا نام ۲ (مذکر) دیکھو ملے ۲۔ **رتارتھی** (صفت) ۱ وصل کا خواہاں ۲ شہوت پرست۔ مستانہ۔ **رتارتھنی** (مونث) بدکار عورت۔ **رتانتا** (مذکر) وصل کے مزے کا اختتام۔ **رتاینی** (مونث) طوائف۔ رنڈی فاحشہ عورت۔ **رت بندھ** (مذکر) وصل۔ جماع بھوگ۔ **رت تالن** (مذکر) عیاش۔ لچا۔ **رت تالی** (مونث) دلالہ۔ فاحشہ۔ **رت کیل** (مذکر) وصل جماع۔ بھوگ۔

رَت (ھ۔ مونث) ۱ لگاؤ۔ تعلق۔ عادت وغیرہ دیکھو رتی۔ **رت گھٹ** (مونث) محنت۔ مشقت۔ محنت اور تکلیف۔

رِت (ھ۔ مونث) ریت کا مخفف

رِت (ھ) **رُت** (ہ۔ مونث) ۱ موسم۔ سماں۔ زمانہ۔ فصل ۲ عورت کے ماہواری ایام ۳ جانوروں کی جفتی کا موسم۔ **رت آنا** (لازم) موسم ہونا۔ زمانہ آنا۔ **رت بدل** (مونث) تغیر موسم۔ **رت بدلنا یا پھرنا** (لازم) موسم کا تبدیل ہونا۔ **رت کا** (صفت) موسم کا۔ موسمی۔ **رت کڑی ہونا** (لازم) موسم خراب ہونا۔

رَتنا (ہ۔ مذکر) کیڑا جو گیہوں اور جو کے پودوں میں لگ جاتا ہے۔

رَتنائو (ہ۔ مذکر) اردی کی قسم کی جڑ جو سُرخ رنگ کی ہوتی ہے۔

رَتانا (ھ لازم) ۱ مست ہونا ۲ زانی ہونا۔ زناکار ہونا۔

رِتانا (ہ متعدی) ۱ خالی کرنا ۲ رم، خالی کرانا۔

رَتاوا (ھ۔ مذکر) ۱ شبخون ۲ تاخت یورش۔

رِتنائی (ھ۔ مونث) ریتنے کی اجرت۔ ریتنا۔

رُتبا (ع۔ مذکر) دیکھو رتبہ۔ اشعار میں استعمال ہوتا ہے۔

رُتبہ (ع۔ مذکر) ۱ عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ ۲ عزت۔ حرمت ۳ قدر۔ منزلت۔ پایہ (بڑھانا۔ بڑھنا۔ پانا۔ دینا۔ گھٹنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ (ع) سیڑھی۔ زینہ۔ **رتبہ بلند ہونا** (لازم) عزت و افتخار بڑھنا۔ پایہ بلند ہونا۔ **رتبہ شناس** (صفت) رتبے کو پہچاننے والا۔ قدردان۔ **رتبہ شناسی** (مونث) رتبہ پہچاننا۔ **رتبہ دار** (مذکر) اونچے درجے کا۔ شریف۔ معزز۔ **رتبۂ علیا** (مذکر) سب سے اونچا درجہ۔ **رتبہ کم کرنا** (متعدی) عزت گھٹا دینا۔

رَتلام (ہند) ۱ مالوہ ایجنسی میں ایک ہندو ریاست رقبہ ۶۹۳ (۸۵) ۲ راجدھانی (چھاؤنی) (۳۰)۔

رَتَن (س۔ مذکر) **رَتن** (ھ) ۱ جواہر۔ یہ نو رتن شمار ہوتے ہیں لعل۔ ہیرا۔ یاقوت۔ زمرد۔ نیلم۔ پکھراج۔ لاجورد۔ موتی۔ مونگا ۲ اس لئے ۹ کے عدد کو بھی کہتے ہیں ۳ خزانہ ۴ آنکھ کی پتلی ۵ (مرکبات میں) بہترین چیز۔ قیمتی چیز۔ **رتناپور** (مذکر) ایک شہر۔ **رتنادری** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **رتنا دِنندن** (مذکر) ایک مُنی۔ **رتنا دِھپتی** (مونث) ۱ اگستیہ کا لقب ۲ ایک راجہ۔ **رتنا دیوی** (مونث) ایک دیوی۔ **رتناچیں** (مذکر) ایک بودھ۔ **رتناسَن** (مذکر) جواہرات سے جڑا ہوا تخت۔ **رتناکر** (مذکر) ۱ جواہرات کی کان ۲ سمندر۔ بحر ۳ ایک بدھ ۴ ایک بدھی ستوا ۵ کئی دیگر اشخاص کا نام ۶ کئی کتابوں کا نام ۷ ایک شہر ۸ (جمع) ایک قوم۔ **رتناوتی** (مونث) ۱ کئی عورتوں کا نام ۲ ایک شہر۔ **رتناولی** (مونث) ۱ موتیوں کا ہار ۲ کئی عورتوں کا نام ۳ ایک ناٹک مصنفہ راجہ ہرش دیو۔ **رتن باہو** (مذکر) وشن جی۔ **رتن بھوتے** (مذکر) ایک شاعر۔ **رتن پال** (مذکر) ایک راجہ۔ **رتن پانی** (مذکر) ۱ ایک بودھی ستوا ۲ کئی مصنفوں کا نام۔ **رتن پربھ** (مذکر) ۱ ایک قسم کے دیوتاؤں کا نام ۲ ایک راجہ۔ **رتن پربھا** (مذکر) ۱ زمین ۲ جینیوں کا ایک دوزخ ۳ کئی عورتوں کا نام ۴ ایک ناگن ۵ ایک اپسرا۔ **رتن پَرَوَت** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **رتن پنچک** (مذکر) پانچ جواہر۔ سونا۔ چاندی۔ موتی۔ ایک قسم کا ہیرا۔ مونگا۔ **رتن پور** (مذکر) لنکا کا ایک شہر۔ **رتن پوری بھٹارک** (مذکر) ایک مصنف۔ **رتن پریہ** (مذکر) ۱ بدھوں کے نزدیک تین چیزیں بدھ۔ دھرم اور سنگھ ۲ جینیوں کے نزدیک سمیگ درشن۔ سمیگ جناں و سمیگ چرتر۔ **رتن جوت** (مذکر) ایک پودہ جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سرخ ہو جاتا ہے۔ **رتن چندر** (مذکر) ایک دیوتا جو جواہرات کی کانوں کا مالک ہے ۲ ایک بودھی ستوا ۳ بمبئی سار کا ایک بیٹا۔ **رتن چود** (مذکر) ایک بودھی ستوا۔ **رتن درپن** (مذکر) آئینہ جس میں ہیرے جڑے ہوں۔ **رتن دویپ** (مذکر) ایک جزیرہ۔ **رتن دھوج** (مذکر) ایک بودھی ستوا۔ **رتن دیپ** (مذکر) چراغ جس میں جواہرات جڑے ہوں اور روشنی دیتے ہوں۔ **رتن راج** (مذکر) یاقوت۔ **رتن راجی** (مونث) موتیوں کا ہار۔ **رتن راسی** (مذکر) ۱ جواہرات کا ڈھیر ۲ موتیوں کا ڈھیر۔ **رتن ریکھا** (مونث) ایک رانی۔ **رتن سانو** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **رتن سنتھل نگر** (مذکر) ایک شہر۔ **رتن سوامی** (مذکر) ایک بت جو رتن نے نصب کیا تھا۔ **رتن شِکھر** (مذکر) ایک بودھی ستوا۔ **رتن شِکھن** (مذکر) ایک بودھ۔ **رتن شیکھر** (۱۵) ایک جین مصنف۔ **رتن کِرتن** (مذکر) کِنروں کا ایک راجہ۔ **رتن کوٹ** (مذکر) ۱ ایک پہاڑ ۲ ایک بودھی ستوا ۳ ایک جزیرہ۔ **رتن کھانی** (مونث) جواہرات کی کان۔ **رتن کھیت** (مذکر) ایک مصنف۔ **رتن کیتو** (مذکر) ۱ ایک بدھ ۲ ایک بودھی ستوا ۳ ایک نام جو دو ہزار آنے والے بدھوں کا نام ہے۔ **رتن کیرتی** (مذکر) ایک بدھ۔ **رتن گربھ** (صفت) ۱ جواہرات سے بھرا ہوا۔ جڑا ہوا یا پُر ۲ (مذکر) سمندر ۳ کوبیر ۴ ایک بودھی ستوا ۵ کئی مصنفوں کا نام۔ **رتن گربھا** (مونث) زمین۔ **رتن گِری** (مونث) ایک پہاڑ۔ **رتن گریو تیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ۔ **رتن لنگیشوَر** (مذکر) بدھوں میں سوایمبھو کا نام جب وہ نظر آئے۔ **رتن مالا** (مونث) ۱ جواہرات یا موتیوں کا ہار ۲ ایک گندھرو لڑکی ۳ کئی کتابوں کا نام۔ **رتن مالاوتی** (مونث) رادھا کی ایک خواص۔ **رتن متی** (مذکر) ایک نحوی۔ **رتن مُدرا** (مذکر) ایک سمادھی۔ **رتن مدراہست** (مذکر) ایک بودھی ستوا۔ **رتن مُکت** (مذکر) ایک بودھی ستوا **رتن مکھیہ** (مذکر) ہیرا۔ **رتن منجری** (مونث) ۱ ایک ودیادھری ۲ کئی مشہور عورتوں کا نام۔ **رتن ناتھ** (مذکر) ایک مصنف۔ **رتن ندی** (مونث) ایک دریا۔ **رتن وت** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **رتن وتی** (مونث) ۱ زمین ۲ کئی مشہور عورتوں کا نام۔ **رتن ور** (مذکر) سونا۔ **رتن ورش** (مذکر) یکشوں کا ایک راجہ۔ **رتنشک** (مذکر) ایک مصنف۔ **رتنیشور** (مذکر) ۱ کئی مشہور آدمیوں کا نام ۲ ایک لنگ۔

رَتنا (ھ۔ متعدی) ۱ سرخ رنگا جانا ۲ غصے میں آنا۔

رِتنا (ہ۔ لازم) ۱ ریتی سے رگڑا جانا ۲ خالی ہونا ۳ سارنگی بجنا (ریتی سے)۔

رتنار۔ رتنارے (ھ۔ صفت) ۱ سرخ ۲ روشن ۳ خوشگوار ۴ (مذکر) سرخ رنگ۔

رتناگری (ہند) ایک ضلع صوبہ بمبئی میں رقبہ ۱۱۵۴۳۹۹ ۲ صدر مقام۔ (۱۹)۔

رتن سنگھ (۱۷۶۸)، راجہ بھرت پور۔ سورج بل کا بیٹا تھا۔ اپنے بھائی جواہر سنگھ

کے بعد تخت نشین ہُوا۔ مگر ۱۹ مہینے تیرہ دن کے بعد ایک قاتل کے ہاتھ سے مارا گیا۔

رَتنیاں (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول۔

رَتُو (س۔ مونث) ۱۔ سرگ کا دریا۔ آگاسی گنگا ۲۔ سچی بات ۳۔ سچی گفتگو۔

رِتو (س۔ مذکر) ۱۔ دیکھو رُت ۲۔ مہینہ ۳۔ مقررہ یا مناسب وقت ۴۔ جماع کے لئے مناسب موسم ۵۔ ہندوؤں نے موسم کو چھ حصّوں میں تقسیم کیا ہے۔ وسنت یا بہار۔ گرشم یا گرمی۔ سَرَد یا خزاں۔ ہمنت یا سردی سسر یا شبنم کا موسم ۶۔ ایک رشی ۷۔ بارھواں منو۔ **رتو اشنان** (مذکر) وہ اشنان جو عورتیں حیض کے بعد کرتی ہیں۔ مہینے کا نہان۔ **رتو پرن** (مذکر) ایودھیا کا ایک راجہ۔ **رتو پریش** (مذکر) ایک منتر جو موسموں کی بھینٹ کے موقع پر پڑھتے ہیں۔ **رتو جت** (مذکر) متھلا کا ایک راجہ۔ **رتو راج** (مذکر) موسم بہار۔ **رتو سَتھَلا** (مونث) ایک اپسرا۔ **رتو سمدھی** (مذکر) دو موسموں کا میل۔ شدی اور بدی کا میل۔ **رتو کال** (مذکر) مناسب موسم۔ عورتوں کے حیض کا موسم۔ **رتو متی** (مونث) لڑکی جو بالغ ہو جائے۔ **رتو ناتھ** (مذکر) بہار۔ **رتو ہارک** (مونث) "حیض کو روکنے والی" ایک دیونی کا نام۔

رَتوا (ھ۔ مذکر) ۱۔ ایک سُرخ پتھر جو بچّوں کو بخار وغیرہ سے بچانے کے لئے گلے میں لٹکاتے ہیں ۲۔ سرخ کیڑا جو گیہوں کی فصل کو تباہ کرتا ہے۔

رِتوانا (ہ۔ مم) ریتی سے رگڑوانا۔

رَتواہی (ھ۔ مونث) ۱۔ شبخون ۲۔ وہ آشنا جو رات کو آئے ۳۔ ایک گانا جو میواتی گاتے ہیں۔

رَتَونَد (فرانس) ایک گاؤں جہاں ۱۹۱۸ میں جرمنوں نے عہد نامہ پر دستخط کئے تھے۔

رَتَوندا (ھ) **رتوندھا** (ہ۔ مذکر) ایک بیماری جسکی وجہ سے رات کو دکھائی نہیں دیتا۔ **رتوندھی** (مونث) رتوندھا۔ **رتوندھی آنا** (لازم) رات کو نظر نہ آنے کی بیماری ہونا۔ **رتوندھیا** (مذکر) وہ شخص جسے رات کو نظر نہ آئے۔ **رتوندھی** (مونث) رتوندا۔

رَتھ (س۔ مذکر) **رَتھ** (ہ) "۱۔ جانے والا" ۱۔ چار پہئے کی گاڑی جس کے اوپر گنبد نما چھت ہوتی ہے ۲۔ دو پہئہ ہلکی لڑائی کی گاڑی ۳۔ کسی قسم کی گاڑی۔ دیوتاؤں کی گاڑی ۴۔ بیل گاڑی۔ گڑا ۵۔ بہادر۔ شجاع۔ سپاہی ۶۔ بدن ۷۔ عضو۔ بدن کا حصّہ ۸۔ شطرنج میں پیل۔ **رتھانکا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھانگ** (مذکر) ۱۔ رتھ کا کوئی حصہ۔ پہیہ ۲۔ کرشن جی کا چکر ۳۔ کمہار کا چاک ۴۔ ایک درخت کا نام ۵۔ ایک کوی کا نام۔ **رتھاوا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ بان** (مذکر) رتھ ہانکنے والا۔ **رتھ بانی** (مونث) رتھ چلانے کا کام۔ **رتھ بندھ** (مذکر) ۱۔ کوئی چیز جو رتھ کے حِصّوں کو جوڑے ۲۔ بہادروں کا اتحاد۔ **رتھ پرا** (صفت) ۱۔ رتھ کو دولت سے بھرنے والا۔ (والیو) ۲۔ (مونث) ایک دریا۔ **رتھ پشا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ چترا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ راجہ** (مذکر) گوتم بدھ کا ایک بزرگ۔ **رتھ سارتھی** (مذکر) رتھ بان۔ **رتھ ستھا** (مونث) ایک دریا۔ **رتھ شالا** (مذکر) رتھوں کے رکھنے کا مکان۔ **رتھکار** (مذکر) رتھ بنانے والا۔ بڑھئی۔ **رتھم تری** (مونث) تنسو کی ایک بیٹی۔ **رتھوان** (مذکر) رتھ بان۔ **رتھی** (مذکر) ۱۔ رتھ کا مالک ۲۔ رتھ کا سوار ۳۔ رتھ بان ۴۔ بہادر۔ جو رتھ میں بیٹھ کر لڑے۔ **رتھیا** (مونث) ۱۔ رتھوں کی سڑک۔ بگی لوٹ ۲۔ وہ جگہ جہاں کئی سڑکیں ملیں ۳۔ بہت سی رتھیں۔ **رتھ یاترا** (مونث) ۱۔ بت کا جلوس رتھ پر ۲۔ ایک تیوہار جس میں جگن ناتھ کے بت کو رتھ پر نکالتے ہیں۔

رَتھ (س۔ مذکر) خوشی۔ مسرت۔ آنند۔

رَتھی۔ رَتھّی (ھ۔ مونث) جنازہ ارتھی۔

رَتی (ھ۔ مونث) ۱۔ ۸ چاول کا وزن۔ ماشہ کا آٹھواں حصّہ ۲۔ ایک پودے کا بیج جسے اس وزن کے طور پر استعمال کرتے ہیں گھونگچی ۳۔ قلیل مقدار ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **رتی بھر** (تف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

امثال واقوال۔ **رتی بھر دھن ساتھ نہ جاوے۔ جب تو مر کر جیو گنواوے** (ھ) مرنے کے وقت ذرا سی دولت بھی ساتھ نہیں جاتی۔ **رتی بھر کی تین چپاتی کھانے والے سات سنگھاتی۔** انتظام تھوڑا اور مہمان بہت۔ **رتی بھر سگائی (ناتہ) (نہ) گاڑی بھر آشنائی۔** تھوڑا رشتہ بہت سی دوستی سے اچھا ہوتا ہے۔ **رتی دان نہ دھی کو دیا۔ دیکھوری سمدھن کا ہیا** (عو) جب جہیز تھوڑا ہو تو کہتی ہیں۔ **رتی دیکر ملنگے تولہ واکو کون بتاوے بھولا۔** جو تھوڑا دیکر بہت لے اسے کون بیوقوف کہہ سکتا ہے۔ **رتیوں جوڑے تولوں کھووے واکو لابھ کہاں سے ہووے۔** فضول خرچ آدمی کو کبھی فائدہ نہیں ہوتا۔

رتی (س۔ مونث) **رَتّی** (ھ) ۱۔ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ آنند ۲۔ خواہش۔ آرزو ۳۔ محبت۔ الفت۔ عشق۔ شفقت ۴۔ مہربانی۔ عنایت لحاظ ۵۔ عادت ۶۔ مشغولیت ۷۔ محبت کا لطف۔ شہوت ۸۔ جماع۔ وصل۔ مباشرت۔ بھوگ ۹۔ قسمت۔ نصیبا۔ خوش قسمتی ۱۰۔ ایک بحر یا وزن العشق کی دیوی اور کام دیو کی بیوی ۱۲۔ فرج۔ عورت کی جائے مخصوص ۱۳۔ ایک اپسرا کا نام ۱۴۔ چاندکی پانچویں کلا ۱۵۔ ادبھو کی استری اور برہتوشین کی ماں ۱۶۔ ایک منتر جو ہتھیاروں پر پڑھتے ہیں ۱۷۔ حرف نون کا نام

رتی بندھو (مذکر) خاوند۔ عاشق۔ رتی بھوگ (مذکر) جماع۔ مباشرت۔ رتی بھون (مذکر) ۱کوٹھی چھلا۔ چکلا ۲ فرج۔ رتی پھل (صفت) مباشرت کا لطف پیدا کرنے والا۔ ممسک۔ رتی پریتی (مونث) کامدیو کی دونوں بیویاں۔ رتی جاگنیا یا چمکنا (لازم) قسمت کھل جانا۔ نصیبا جاگنا۔ رتی جنگ (مذکر) ایک راجہ۔ رتی زور (ور) پر ہونا (لازم) قسمت یا نصیبا اچھا ہونا۔ رتی سمیوگ (مذکر) مباشرت۔ مجامعت۔ رتی سین (مذکر) چولا کا ایک راجہ ۲ ایک کوی۔ رتی شکتی (مونث) قوت جماع۔ شہوت۔ رتی کر (صفت) خوشی پیدا کرنے والا۔ رتی مت (صفت) ۱خوش۔ مسرور۔ آنند۔ شاد ۲ مفتون۔ شیدا ۳ رتی کے ہمراہ۔ رتی متر (مذکر) ایک آسن ۲ ایک کوی۔ رتی مندر (مذکر) ۱خوشی کا گھر ۲ فرج۔

رَتیکا (س۔ مونث) ایک قسم کی شُرتی۔

رِتیلا (ہ۔ صفت) ریت ملا ہوا۔ ریتلا۔

رَٹ (ہ۔ امر) ۱رٹنا سے ۲(مونث) کسی بات کا بار بار کہے جانا۔ رٹا (امر) ۱رٹنا کا ۲ (ماضی) رٹنا کا۔ رٹا دینا۔ رٹانا (متعدی) زبانی یاد کرانا۔ رٹ رہنا (لازم) جیتے رہنا۔ بار بار کہتے رہنا۔ رٹ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) بار بار کہے جانا۔ جپنا۔ رٹنا (متعدی) ۱بار بار کہنا دہرانا ۲ کسی بات کا بار بار کرنا ۳ کسی کا نام بار بار لینا ۴ بار بار مانگنا ۵ (مذکر) تکرار۔ دہراؤ۔ مسلسل طلب۔ رٹنا لگا رہنا یا لگنا (لازم) بار بار کہنا یا مانگنا۔

رَٹ گھٹ (ہ۔ مونث) دیکھو رت گھت۔

رٹلینڈ شائر (انگلینڈ) سب سے چھوٹی کونٹی رقبہ ۱۵۲ (۸) صدر مقام اوکہم۔

رُٹھانا (ہ۔ متعدی) روٹھنا کا ۱ ناراض کرنا۔ ناخوش کرنا ۲ کھجانا۔ ستانا۔

رُٹھ کھاوا (ہ۔ صفت) کم ہمت۔ صرف روٹی پر گزارا کرنے والا۔

رُٹھنا (ہ۔ لازم) روٹھنا۔

رَج (س۔ مذکر) رَج (ہ۔ مونث) ۱میل۔ مٹی۔ خاک ۲ ریت۔ بالو ۳ پھولوں کا زیرہ ۴ حیض۔ ایام ۵ شہوت ۶ دلدل ۷ زندہ چیزوں کے تین گنوں میں سے ایک۔ یہ ہوا میں ہوتا ہے۔ اور اس کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ یہ شہوت۔ طمع۔ غرور۔ جھوٹ۔ بدمعاشی اور تکلیف کا باعث ہوتا ہے ۸ ایک راجہ۔ رج ویریہ (مذکر) ۱حیض ۲ منی۔

رَج (ہ۔ امر) رجنا کا (س رِج۔ سیر ہونا) رجا (امر) ۱رجانا ۲ (ماضی) رجنا کا ۳ (صفت) سیر۔ شکم سیر۔ پر۔ بھرا ہوا۔ رجا پچا (صفت) ۱دیکھو رجا ۳ ۲ امیر دولتمند۔ رجانا (متعدی) سیر کرنا۔ رجا ہُوا (صفت) رجا پچا۔ رج جانا۔ رجنا (لازم) سیر ہو جانا۔ رج کر (تعف) سیر ہو کر۔

مثل۔ رجا کیا جانے بھوکے کی سار۔ مصیبت زدہ کا حال وہی جانتا ہے جو پہلے مصیبت جھیل چکا ہو۔

رَج (ہ۔ امر) رجنا کا (س راج۔ حکومت کرنا) رجا (امر) ۱رجانا کا ۲ (ماضی) رجنا کا۔ رجانا (متعدی) حکومت کرانا سلطنت کرانا۔ راج رجانا میں استعمال ہوتا ہے۔ رجائی (مونث) ۱حکومت کا مزا ۲ حکومت۔ سلطنت۔ ۳ حکم۔ فرمان۔ رجائی سُو (مذکر) شاہی فرمان۔ رجنا (لازم) حکومت یا سلطنت کرنا۔

رَجا (ع۔ مونث) ۱امید۔ آس ۲ خوف۔ ڈر ۳ دعا منت (رَجو۔ امید کرنا)۔

رَجا (ہ۔ مونث) رضا کا مخرب۔

رِجال (ع۔ مذکر) ۱جمع رجل کی لوگ۔ مردان ۲ راجل کی جمع۔ پیدل۔ رجال الغیب (مذکر) ایک خیالی ہستی جو نظر نہیں آتی مگر زمین کے گرد پھرتی رہتی ہے۔ یوگنی۔ وساسول قمری۔ مہینے کی ۱-۹-۱۶ اور ۲۴ تاریخ کو یہ مشرق میں ہوتی ہے۔ ۲-۱۰-۱۷-۲۵ کو شمال میں۔ ۳-۱۱-۱۸-۲۶ کو شمال مشرق میں۔ ۴-۱۲-۱۹-۲۷ کو جنوب مغرب میں۔ ۵-۱۳-۲۰-۲۸ کو جنوب میں۔ ۶-۱۴-۲۱-۲۹ کو مغرب میں۔ ۷-۱۵-۲۲ کو شمال مغرب میں۔ ۸-۲۳-۳۰ کو شمال مشرق میں۔ اس کا زیادہ اثر دن کے اختتام پر ۹ گھڑی یا ۳ گھنٹے ۳۶ پل کے لئے ہوتا ہے۔ اور اس وقت اس سمت میں جہاں وہ ہو یا اسے داہنی طرف رکھ کر سفر کرنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

رَجّان (ایران) ایک مقام جسے ارجان بھی کہتے ہیں۔

رِجائی (ر-۸۵۵) ایک فارسی زبان کا شاعر جو ہرات کا باشندہ تھا۔

رَجَب (ع۔ مذکر) عربی اور مسلمانوں کے سال کا ساتواں قمری مہینہ۔ زمانہ جاہلیت میں یہ متبرک مہینہ سمجھا جاتا تھا۔ اور اس میں جنگ حرام تھی (رَجَب۔ عزت) رجب المرجّب (مذکر) قابل عزت رجب۔ رجب کا مہینہ۔

رجب سالار (۱۴) تغلق شاہ کا بھائی اور سلطان فیروز شاہ کا باپ تھا۔

رَجَت (س۔ صفت) ۱سفید۔ چاندی کے رنگ کا ۲ (مذکر) سفید رنگ ۳ چاندی ۴ سونا ۵ موتیوں کا ہار ۶ ہاتھی دانت ۷ خون ۸ نکشتر ۹ ستاروں کا مجمع ۱۰ کوہ کیلاس ۱۱ ایک جھیل۔ رجت نشتر (مذکر) دجر دنشتر کا بیٹا جو دو دیا دھروں کا راجہ تھا۔ رجت کوٹ (مذکر) ملایا کے پہاڑوں کی ایک چوٹی۔

رُجحان (ع۔ مذکر) میلان۔ توجہ (رَجح۔ جھکنا)۔

رَجَز (ع - مونث) ۱ وہ شعر جو عرب لڑائی میں بہادری وغیرہ پر فخر کرنے کے لئے پڑھتے ہیں ۲ ایک بحر یا وزن کا نام (رَجَز، شعر پڑھنا) **رجز خوان** (مذکر) رجز پڑھنے والا - **رجز خوانی** (مونث) رجز پڑھنا -

رَجَس (س - مذکر) ۱ دیکھو رج ۲ آسمان، کرہ ہوا - بادلوں یا کہر کی جگہ ۳ بادل کہر - دھند ۴ تاریکی - اندھیرا ۵ کھیت - قابل کاشت زمین ۶ جوش - محبت - شہوت ۷ فلسفے میں تین گنوں میں دوسرا - دیکھو ۵ - باقی دو ستو اور تمس ہیں ۸ خزاں ۹ منی ۱۰ زعفران ۱۱ ایک رشی جو وسشٹ کا بیٹا تھا -

رَجِسٹر (انگ - مذکر) ۱ وہ بڑی سادے اوراق کی کتاب جس پر کچھ لکھا جائے - دفتر - یادداشت یا حاضری کی کتاب - **رجسٹرار** (مذکر) ۱ وہ شخص جو درج رجسٹر کرے ۲ وہ شخص جو رجسٹری کرے ۳ ایک عہدہ ملازمان سرکار کا - **رجسٹرار کواپریٹو بینکز** (مذکر) زمینداری بینکوں کا افسر اعلےٰ - **رجسٹرار یونیورسٹی** (مذکر) یونیورسٹی کا افسر اعلےٰ - **رجسٹر پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) رجسٹر میں لکھا جانا - **رجسٹرڈ** (صفت) رجسٹری شدہ - **رجسٹر رکھنا** (متعدی) رجسٹر کو باقاعدہ طور پر لکھنا - **رجسٹر مرتب کرنا** (مذکر) **ہونا** (لازم) کسی بات کیلئے رجسٹر لکھنا - **رجسٹر میں اندراج (درج) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رجسٹر میں لکھا جانا - **رجسٹر ہونا** (لازم) رجسٹر موجود ہونا - **رجسٹری** (مونث) ۱ محکمہ ڈاک میں محصول دیکر چٹھی وغیرہ درج رجسٹر کراکر بھیجنا ۲ ایسی چٹھی وغیرہ جو بھیجی جائے ۳ رجسٹرار کے رجسٹر میں کسی بات کا اندراج ۴ داخلہ ۵ تکمیل (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) **رجسٹری شدہ** (صفت) ۱ جس کی رجسٹری کرائی گئی ہو ۲ رجسٹر میں درج کیا ہوا ۳ مستحکم - پکا مضبوط - **رجسٹریشن** (مذکر) درج رجسٹر کرنا (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) -

رَجعَت (ع - مونث) ۱ لوٹنا - واپسی ۲ کسی سیارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا سوائے چاند کے ۳ کسی عمل کے شرائط میں غلطی ہو جانے سے پاگل ہو جانا ۴ جنون - سودا ۵ بکواس - فضول یا بیہودہ باتیں ۶ بعد موت کے زمین پر واپس آنا ۷ طلاق کے بعد عورت سے پھر نکاح کرنا ۸ چھٹی کا جواب (رَجَعَ - لوٹنا) **رجعت پسند** (صفت) وہ جو پرانے دقیانوسی طریقوں کو پسند کرے - **رجعت ضرب** (مونث) دھمک - صدمہ - **رجعت قہقری** (مونث) الٹے پاؤں واپس ہونا - **رجعت ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بار بار واقع ہونا - بار بار کہنا یا دوہرانا ۲ پاگل ہو جانا - سودائی ہو جانا -

رَجَک (س - مذکر) دھوبی -

رجکنی (ھ) **رجکی** (مونث) ۱ دھوبن ۲ وہ عورت جسکے حیض شروع ہوئے تین دن ہوئے ہوں -

رَجُل (ع - مذکر) آدمی - مرد (رَجِل پیدل چلنا) -

رِجل (ع - مذکر) پاؤں (رَجِل پیدل چلنا) -

رِجلے خِجلے (اردو - صفت جمع) کمینے - رذیل -

رَجم (ع - مذکر) ۱ پتھر جو مارا جائے ۲ شہاب ثاقب (رَجَمَ - پتھر مارنا) **رجما بالغیب** (تف) بغیر سوچے سمجھے - اٹکل سے - **رجم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سنگسار ہونا پتھروں سے مارا جانا -

رَجمنٹ (انگ - مونث) ۱ پیدل سپاہیوں کا دستہ - پلٹن - رجمنٹ میں عموماً سو یا ہزار سپاہی ہوتے ہیں -

رَجنی (س - مونث) **رَجنی** (ھ) ۱ سیاہ رنگ کی چیز ۲ رات ۳ املی ۴ نیل کا پودہ ۵ لاکھ ۶ درگاجی ۷ ایک اپسرا ۸ ایک دریا -

رَجّو (س - مذکر (مونث) **رَجو** (ھ) **رَجُّو** (ھ) ۱ رسی - دھاگا - ڈور ۲ گانٹھ ۳ بینڈھی - کامل -

رِجو (س - صفت) ۱ سیدھا - راست ۲ دیانت دار - ایمان دار ۳ سنجیدہ -

رجواڑا (ہ - مذکر) راجا کا ملک - راجا کی عملداری -

رُجُوع (ع - مونث) ۱ واپس ہونا - مڑنا - لوٹنا ۲ مائل ہونا - راغب ہونا ۳ رغبت - میل - میلان ۴ ظاہر ہونا - حاضر ہونا ۵ التجا - گذارش یا اپیل عدالت میں ۶ توجہ (رَجَعَ - لوٹنا) **رجوع قلب** (مونث) دلی توجہ - **رجوع کرنا** (متعدی) ۱ مڑنا - پٹ جانا ۲ معالجہ کرنے کے لئے حکیم کے پاس جانا ۳ مخاطب ہونا - پلٹ جانا کسی طرف - متوجہ ہونا ۴ اشارہ کرنا - ایما کرنا ۵ عدالت میں دائر کرنا یا دعوے کرنا - **رجوع لانا** (متعدی) ۱ دیکھو رجوع کرنا ۲ حمایت کرنا ۳ اطاعت کرنا - مطیع ہونا - **رجوع ہونا** (لازم) رجوع کرنا -

رجوگن (س - مذکر) رجس کی قوت -

رجوگنی (صفت) رجوگن کے متعلق -

رُجُولت - رُجُولیّت (ع - مونث) مردمی - قوت باہ - قوت تولید (رجل بمعنی مرد سے) -

رُجُوم (ع - مذکر) رجم کی جمع - شہاب ثاقب - وہ ستارے جن سے شیطان بھگائے جاتے ہیں -

رَجھانا (ھ - متعدی) پکانا - ابالنا -

رِجھانا (ہ - متعدی) رِجھنا کا ۱ مائل کرنا - فریفتہ کرنا - لبھانا ۲ خوش کرنا - مسرور کرنا ۳ (ھ) چھیڑنا - ستانا -

رَجھاؤ (ھ - مذکر) پکانا - ابالنا -

رَجھنا (ھ - لازم) پکنا - ابلنا -

رُجھ جانا (ھ - لازم) دیکھو رجھنا -

رِجھنا (ہ - لازم) رجھانا کا -

مائل ہونا۔ خوش ہونا۔ ریجھنا۔

رُجھنا (ہ۔ لازم) ! رکنا۔ ٹھیرنا۔ بند ہونا ۲ مشغول ہونا ۳ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔ ستایا یا چھیڑا جانا۔

رجھوار۔ رجھواڑ۔ رِجھوَیّا (ہ۔ صفت) ! رجھا ہوا۔ خوش۔ مسرور ۲ مائل۔ مفتون۔

رَچ (ہ۔ امر) رچنا کا (س رَچ۔ بنانا۔ **رچا** (امر) ! چانا کا ۲ (ماضی) رچنا کی **رچانا** (متعدی) ! کرنا۔ مقرر کرنا۔ شروع کرنا۔ پھیلانا ۲ منانا۔ خوشی منانا ۳ مہندی سے ہاتھ رنگنا **رچاٹ** (مونث) حنا سے ہاتھ رنگنا **رَچ کر کھانا** (متعدی) رغبت سے کھانا۔ **رچنا** (لازم) ! سرایت کرنا۔ اثر ہونا ۲ مہندی کا رنگ لانا ۳ شروع ہونا۔ پھیلنا۔ سامان مہیا کرنا شادی کا ۴ جزو بدن ہونا ۵ کبوتر کا خانے میں جانا ۶ کھانا ہضم ہونا۔ **رچنی مہندی** (مونث) وہ مہندی جو اچھا رنگ دے۔

رَچ (ہ۔ امر) ! رچنا کا ۲ (مذکر) صورت ۳ شکل ۴ کاریگری۔ صنعت ۵ بناوٹ۔ ترکیب ۶ ساخت۔ **رچا** (امر) رچانا کا ۲ (ماضی) رچنا کی۔ **رچانا** (متعدی) ! بنانا۔ کرنا ۲ بنوانا۔ کرانا ۳ کام میں مشغول ہونا۔ کام شروع کرنا ۴ خوش ہونا۔ خوشی منانا۔ **رچنا** (لازم) ! بننا۔ خلق ہونا ۲ مرتب ہونا ۳ ایجاد ہونا ۴ کام پر لگنا۔ کام میں مشغول ہونا ۵ مستعمل ہونا۔ استعمال ہونا ۶ متعلق ہونا ۷ واقف ہونا ۸ بے تکلف ہونا ۹ ہلنا۔ مانوس ہونا ۱۰ گانے میں سم جانا ۱۱ مقسوم ہونا۔ قسمت میں ہونا ۱۲ عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا ۱۳ (متعدی) تیاری کرنا ۱۴ تجویز کرنا۔ انتظام کرنا ۱۵ لکھنا۔ تحریر کرنا ۱۶ ہار گوندھنا ۱۷ تراشنا۔ صورت بنانا ۱۸ سجانا۔ مزین کرنا۔

مثل۔ رچیگا پان براچیگا مہندی
اگر محبت ہے تو پان لاکر دیگا۔ اگر نہیں تو مہندی۔

رَچن (س۔ مذکر) بنانے وغیرہ کا فعل۔ **رچنا** (مونث) ! ترتیب۔ تنظیم۔ انتظام ۲ تکمیل۔ تعمیل۔ بجاآوری ۳ تیاری ۴ پیداوار ۵ ایجاد ۶ تصنیف۔ تالیف ۷ فوجوں کی ترتیب ۸ کپڑوں کا پہننا ۹ تخیل ۱۰ تیر پر لگانا ۱۱ بال بنانا ۱۲ ہار گوندھنا ۱۳ نونشتری کی استری۔

رِچ۔ رِچا (س۔ مونث) ! کسی دیوتا کو سراہنا۔ حمد۔ ثنا۔ شعروں میں تعریف یا ستائش ۲ مقدس تحریر۔ منتر ۳ رگ وید کا منتر ۴ رگ وید۔ ۵ مرکبات میں رگ یا رگ سے بدل جاتا ہے۔

رُچ (س۔ مونث) ! روشنی۔ چمک ۲ شان۔ تجمل ۳ خوبصورتی۔ روپ ۴ رنگ۔ رنگت ۵ شکل۔ صورت ۶ خوشی۔ مسرت ۷ اپسراؤں کی ایک قسم ۸ (ہ) خواہش۔ رغبت۔ پسند۔ **رچک** (صفت) ! بہت بڑا ۲ خوشگوار۔ مزیدار ۳ مقوی ۴ تیز ۵ (مذکر) دانت ۶ سونے کا ایک زیور ۷ اسانا کا ایک بیٹا ۸ ایک راجہ ۹ مصنف ۱۰ ایک پہاڑ۔

رُچِر (صفت) روشن۔ چمکدار۔ **رچی** (مونث) ! دیکھو رُچ ۲ مزا۔ لذت ۳ ایک اپسرا ۴ دیو شرما کی بیوی ۵ (مذکر) ایک پراچینی کا نام جو آکوتی کا خاوند اور یجن اور منو روچیہ کا باپ تھا ۶ وشوامتر کا بیٹا ۷ ایک راجہ۔ **رچی بھوجن** (مذکر) مزیدار کھانا۔ **رچی وت** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **رچی کر** (مذکر) ایک راجہ۔ **رچی کرنا** (متعدی) ! کسی چیز کی خواہش کرنا ۲ پسند کرنا ۳ کسی چیز کی طرف رغبت ہونا۔

رِچابھ (س۔ مذکر) ویشمپاین کا ایک چیلا۔

رِچرڈ (۱۱۵۷-۱۱۹۹) اول پسر ہنری ثانی۔ شاہ انگلستان ۱۱۸۹ء میں تخت نشین ہوا۔ جنگ صلیبی میں صلاح الدین سے لڑائیاں رہیں ۲ (۱۳۶۷-۱۴۰۰) ثانی پسر ایڈورڈ بلیک پرنس اپنے دادا ایڈورڈ ثالث کی وفات پر ۱۳۷۷ء میں تخت نشین ہوا۔ ہنری چہارم نے اسے تخت سے اتار کر قتل کر دیا۔ ۳ (۱۴۵۲-۱۴۸۵) ۱۴۸۳ء میں اپنے بھتیجوں کا حق غصب کر کے تخت نشین ہوا۔ پھر ان کو قتل کر دیا۔ ۱۴۸۵ء میں بغاوت ہوئی اور یہ قتل ہوا۔

رِچرڈسن (۱۶۸۹-۱۷۶۱) ایک مشہور انگریز ناول نویس۔ مصنف کلارسا ہارلو۔

رِچلیو (۱۵۸۵-۱۶۴۲) کارڈینل ارمان ین دو پلاسس۔ ایک فرانسیسی پادری جو لوئی سیزدہم کا وزیر ہو گیا تھا۔ اس نے فرنچ اکاڈمی قائم کی۔

رِچمنڈ (شا) ایک تجارتی شہر اور ریاست ورجینا کا دارالسلطنت۔

رِچھ۔ رِچھا۔ رچھک۔ رُچھن۔ رِچھنا۔ رچھیس (ہ) دیکھو رکش وغیرہ۔

رِچیک (س۔ مذکر) ! جمدگنی کا باپ ۲ ایک ملک۔

رِچیپو (س۔ مذکر) ایک رشی ۲ رودراشو کا ایک بیٹا۔

رح (ع) رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف۔

رَحبعام (عبر۔ مذکر) حضرت سلیمانؑ کا ایک بیٹا۔ جس کے برخلاف بربعام اور یہودیوں کی دس قوموں نے بغاوت کی تھی۔

رَحل (ع۔ مذکر) ! روانگی ۲ سفر ۳ رہنے کی جگہ۔ جائے سکونت۔ مکان۔ آرام کی جگہ ۴ وہ لکڑی کی چیز جس پر قرآن رکھ کر پڑھتے ہیں (رَحَل۔ چلنا)۔

رِحلت (ع۔ مونث) ! روانگی۔ کوچ ۲ انتقال۔ موت (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

رَحم (ع۔ مذکر) ! ترس ۲ مہربانی۔ شفقت (آجانا آنا کرنا ہونا کے ساتھ) (رَحَم۔ ترس کھانا) **رحم آشنا** (صفت) رحم کرنے والا۔ **رحمانی** (صفت) الٰہی۔ خدائی۔ **رحمت** (مونث)

۱ مہربانی۔ کرم۔ فضل ۲ معافی۔ عفو ۳ خدا کی مہربانی برکت ۴ بارش (کرنا ہونا کے ساتھ) ۵ عورتوں کا ایک نام۔ **رحمت برسنا** (لازم) خدا کی بیحد مہربانی ہونا۔ **رحمت اللہ یا الٰہی** (مونث) ۱ خدا کی مہربانی ۲ مردوں کے نام۔ **رحمت خدا** (مونث) خدا کی مہربانی۔ **رحمت خدا کی** (مونث) شاباش۔ آفرین۔ **رحمۃ اللہ علیہ**۔ اس پر خدا کی رحمت ہو۔ **رحمۃٌ للعالمین** (مونث) پیغمبر صلعم۔ **رحمدل** (صفت) ۱ رقیق القلب ۲ مہربان۔ شفیق۔ **رحمدلی** (مونث) ۱ دیکھو رحم ۲ دلسوزی۔ ہمدردی۔ **رحم کرنا** (متعدی) ۱ ترس کھانا ۲ گلگلے پکا کر مسجد کا طاق بھرنا۔ **رحم کھانا** (متعدی) ترس کھانا۔ **رحمٰن** (صفت) ۱ رحم کرنے والا ۲ بڑا مہربان ۳ خدا کا ایک نام اور صرف اسی کی ذات کے لئے مخصوص ہے۔ **رحمی** (مونث) رحم کے مرکبات میں جیسے بے رحمی۔

امثال واقوال۔ رحمدلی بڑائی کی نشانی ہے۔ بڑے لوگوں میں رحم ہوتا ہے۔ **رحمت حق بہانہ می خواہد**۔ خدا کی رحمت بہانہ چاہتی ہے۔ **رحمت حق بہانمی خواہد**۔ خدا کی رحمت معاوضہ نہیں چاہتی۔ **رحمٰن جوڑے پلی پلی۔ شیطان** (نقمان) **لنڈھائے کپا**۔ کفایت شعار تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور فضول خرچ سب اڑا دیتا ہے۔

رحمان گڑھ (ہند) ایک پہاڑی ضلع کولاپور ریاست میسور میں۔

رَحِیب (ع۔ صفت) چوڑا کھلا۔ (رَحُبَ۔ کھلا ہونا) **رحیب الصدر** (صفت) چوڑی چھاتی والا۔

رَحِیق (ع۔ مونث) ۱ شراب خالص اعلےٰ شراب ۲ ایک قسم کی خوشبو۔

رَحِیل (ع۔ مذکر) ۱ سفر۔ مسافرت۔ ۲ روانگی۔ کوچ ۳ اونٹ جو سفر کے قابل ہو ۴ (صفت) زین لگا ہُوا (اونٹ) (رَحَلَ۔ چلنا)۔

رَحِیم (ع۔ صفت) ۱ بہت مہربان۔ رحم کرنے والا۔ خدا کا ایک نام صرف اسی کے لئے مخصوص ہے (رَحِمَ۔ ترس کھانا)۔

رَحِیم آباد (ہند) گاؤں ضلع لکھنو میں۔

رَحِیمُ الدّین (۱۹) بخت مرزا شاہ عالم ثانی کا پوتا تھا۔

رحیم بیگ (۱۹) مصنف مخزن الشعر سردھنہ کا رہنے والا تھا۔ یہ کتاب ۱۸۵۲ء میں لکھی گئی۔

رحیمت پور (ہند) ضلع ستارا میں ایک قصبہ (۷)۔

رحیم نگر (ہند) ضلع لکھنو میں ایک قصبہ۔

رحیم یار خاں (ہند) گاؤں اور ریلوے سٹیشن ریاست بھاولپور۔

رُخ (ف۔ مذکر) ۱ چہرہ۔ منہ ۲ گال ۳ صورت۔ شکل ۴ طرف۔ جانب ۵ سامنا ۶ میلان۔ توجہ۔ رجحان ۷ شطرنج کا مہرہ جو شروع میں کونے کے خانے میں رکھا جاتا ہے ۸ ایک فرضی جانور جو بہت بڑا ہوتا ہے اور جس کا ذکر الف لیلہ میں آتا ہے سیمرغ ۹ ایک تاج جو شاہان ایران پہنا کرتے تھے (زرخش س رُخج) **رخ اتارنا** (متعدی) اتر جانا۔ **اترنا** (لازم) ۱ چہرہ زرد ہو جانا۔ بے رونق ہو جانا ۲ ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ **رخ بدلنا** (متعدی) ۱ منہ پھیرنا۔ سمت بدلنا ۲ بے توجہی کرنا۔ بے التفاتی کرنا ۳ رکھائی کرنا۔ بے مروت ہونا ۴ انداز تقریر بدلنا ۵ ناراض ہونا۔ کشیدہ ہونا۔ **رخ پانا** (متعدی) متوجہ پانا۔ **رخ پھرنا** (لازم) **پھیر لینا۔ پھیرنا** (متعدی) ۱ چہرہ دوسری طرف کرنا ۲ بے اعتنائی کرنا۔ کشیدہ ہونا ۳ ناراض ہونا۔ **رخ چھوٹنا** (لازم) ہمت پست ہو جانا۔ **رخ دے کر بات نہ کرنا** (متعدی) توجہ سے بات نہ کرنا۔ **رخ دیکھنا** (متعدی) ۱ توجہ دیکھنا۔ **رخ دینا** (متعدی) ۱ دیکھو رخ کرنا ۲ شطرنج میں رخ بٹوا لینا۔ **رخ زرد ہونا** (لازم) ڈر جانا۔ خوف کھانا۔ **رخ زیبا** (مذکر) خوبصورت چہرہ۔ **رخسار۔ رخسارہ** (مذکر) گال۔ عام طور پر رخ سارے چہرے کے لئے اور رخسار گال کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **رخ فروز** (مذکر) مہینے کا ساتواں دن۔ **رخ کر جانا** (متعدی) خم کر جانا۔ **رخ کرنا** (متعدی) ۱ توجہ کرنا ۲ منہ کرنا ۳ کہیں جانا ۴ ارادہ کرنا ۵ التفات کرنا ۶ جرات دلانا۔ حوصلہ بندھانا۔ **رخ نہ پانا** (متعدی) متوجہ پانا۔ **رخ نہ دیا** (کیا) بے اعتنائی متوجہ نہ پانا۔ **رخ ہونا** (لازم) دیکھو رخ کرنا۔

رُخام (ع۔ مذکر) سنگ مرمر۔ **رخام سفید** (مذکر) سفید سنگ مرمر۔

رَخت (ف۔ مذکر) ۱ کپڑا ۲ اسباب۔ اثاثہ۔ **رختِ خانہ** (مذکر) گھر کا مال واسباب۔ اثاثہ۔ **رختِ سفر** (مذکر) سفر کا سامان۔ **رختِ سلامی** (مذکر) درباری لباس۔ **رخت عروس** (مذکر) جہیز۔ **رخت عریانی** (مذکر) ننگے پن کا لباس بدن کا چمڑا۔ **رخت عریانی پھاڑنا** (متعدی) بدن کو زخمی کرنا۔ **رخت ہستی** (مذکر) عقل۔ سمجھ۔

رِخَٹر (۱۷۶۲ - ۱۸۲۵) جاہن پال فرائیڈرخ ایک مشہور جرمن مصنف۔ اس کی تصنیفات ۶۵ جلدوں میں چھپ چکی ہیں۔

رُخج (ف۔ مذکر) پشت میں ایک مقام۔

رَخش (ف۔ مذکر) ۱ سفید و سرخ ملا ہُوا رنگ ۲ گھوڑا ۳ رستم کا گھوڑا (اصل رُخش ہے۔ س رُخ)۔

رَخشاں (ف۔ صفت) چمکنے والا چمکدار۔ منور (رخشیدن۔ چمکنا)۔

رَخشَندگی (ف۔ مونث) چمک۔ دمک (رخشیدن۔ چمکنا)۔

رُخصَت (ع۔ مونث) ۱ چھٹی۔ تعطیل ۲ اجازت ۳ مہلت ۴ روانگی ۵ وداع ۶ برطرفی ۷ جاڑ ۸ خدا کی طرف سے بندے کو کسی کام میں تخفیف کی اجازت ہونا (رخص۔ نرم ہونا) **رخصت اتفاقی** (مونث) وہ رخصت جو کسی اتفاقی کام کے لئے ملتی ہے۔ عام طور پر دس دن سے زیادہ نہیں ہوتی **رخصتانہ** (مذکر) وہ انعام جو رخصت کے وقت دیا جاتا ہے۔ **رخصت دینا** (متعدی) ۱ اجازت دینا ۲ چھٹی دینا۔ **رخصت رعایتی** (مونث) پوری تنخواہ پر چھٹی جو گیارہ ماہ کے بعد ایک مہینے کی ملتی ہے۔ **رخصت طلب** (صفت) جانے کی اجازت چاہنے والا۔ **رخصت فرما** (صفت) جانے کی اجازت دینے والا۔ **رخصت کرنا** (متعدی) ۱ جانے کی اجازت دینا ۲ مسافر کو روانہ کرنا ۳ برطرف کرنا ۴ لڑکی کو شوہر کے گھر بھیجنا۔ **رخصت لینا** (متعدی) ۱ اجازت لینا ۲ چھٹی لینا۔ **رخصت مانگنا** (متعدی) ۱ اجازت چاہنا ۲ چھٹی کی درخواست کرنا۔ **رخصت ملنا** (لازم) ۱ جانے کی اجازت ملنا ۲ چھٹی ملنا ۳ موقوف ہونا۔ **رخصت (نا) منظور ہونا** (لازم) چھٹی (نہ) ملنا۔ **رخصت ہونا** (لازم) ۱ روانہ ہونا ۲ مر جانا ۳ چھٹی ملنا۔ **رخصتی** (صفت) ۱ وہ جو رخصت پر ہو ۲ (مونث) دلھن کی روانگی ۳ وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے۔ سلامی۔

رُخَم (ع۔ مذکر) ۱ مکہ کے قریب ایک پہاڑی ۲ ایک مقام۔

رَخنَہ (ف۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ چھید ۲ دیوار میں نقب ۳ ہڈی کا ٹوٹنا ۴ تلوار کا نشان ۵ نقص۔ عیب ۶ خلل۔ مزاحمت ۷ فتنہ۔ فساد ۸ روزن۔ کھڑکی۔ **رخنہ انداز** (صفت) خلل ڈالنے والا۔ **رخنہ اندازی** (مونث) خلل ڈالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **رخنہ بندی** (مونث) سوراخ بند کرنا۔ **رخنہ بندیاں کرنا** (متعدی) عیب چھپانا۔ عیب پوشی کرنا۔ **رخنہ پڑنا** (لازم) خلل پڑنا۔ **رخنہ دار** (صفت) ۱ سوراخدار ۲ نشان والی (تلوار) **رخنہ ڈالنا** (متعدی) خلل انداز ہونا۔ **رخنہ کرنا** (متعدی) ۱ سوراخ کرنا۔ فساد کرنا ۲ شرارت کرنا۔ **رخنہ کھلنا** (لازم) سوراخ کھلنا۔ **رخنہ (رخنے) نکالنا** (متعدی) ۱ نقص نکالنا۔ عیب نکالنا ۲ نکتہ چینی کرنا ۳ حیلہ حوالہ کرنا۔ عذر کرنا۔ **رخنہ (رخنے) نکلنا** (لازم) نقص ظاہر ہونا۔ عیب معلوم ہونا۔

رَدّ (ع۔ مذکر) ۱ تردید۔ ابطال ۲ جھٹلانا۔ جھٹلاؤ۔ غلط ثابت کرنا ۳ نہ ماننا ۴ پھیر دینا۔ واپس کرنا ۵ رد کرنا۔ دفع کرنا ۶ باطل توڑنا۔ قے (کرنا ہونا کے ساتھ) (ردّ۔ واپس کرنا) **ردِّ بلا** (مذکر) مصیبت کا دور ہونا۔ **ردِّ ثبوت** (مذکر) تردید۔ ثبوت کو توڑنا۔ **ردِّ جواب** (مذکر) ۱ جواب ۲ جواب دعوے کی تردید۔ **ردِّ خلق** (صفت) مردود۔ برادری سے خارج۔ **ردِّ دعوت** (مذکر) دعوت کی نامنظوری۔ **ردِّ سحر** (مذکر) جادو کا توڑ (پڑھنا کرنا ہونا کے ساتھ) **رد و سلام** (مذکر) سلام کا جواب وعلیکم السلام۔ **ردِّ قدح** (مذکر) دیکھو رد و قدح **ردِّ قدح کرنا** (متعدی) شراب کا پیالہ لینے سے انکار کر دینا۔ **رد قرض** (مذکر) قرضہ ادا کر دینا۔ **رد کر دینا** (متعدی) ۱ ہرا دینا۔ مات کر دینا ۲ تردید کر دینا۔ **ردِّ کلام** (مذکر) تردید کسی بات کی۔ **رد گیا** اپنے کلام سے پھر گیا۔ **رد و بدل** (مذکر و مونث) ۱ تکرار۔ حجت ۲ الٹ پھیر۔ الٹ پلٹ ۳ پھیرنا۔ واپس کرنا ۴ بدلنا ۵ دفع کرنا ۶ تبدیلی ۷ جنگ میں حملہ اور اس کا توڑ (کرنا ہونا کے ساتھ) **رد و قدح** (مونث) ۱ بحث۔ تکرار حجت (کرنا ہونا کے ساتھ) **رد و کد** حجت۔ بحث۔ مباحثہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **رد نہ ہو سکنا** (لازم) رفع نہ ہو سکنا **رد ہونا** (لازم) ۱ غلط ثابت ہونا ۲ دفع ہونا۔ باطل ہونا۔ رکنا۔ ۳ تردید ہونا ۴ منسوخ ہونا۔ ٹوٹنا ۵ مقابلے میں پست ہونا۔

مثل۔ رد بندہ خریدار خدا اکیلے کا خدا ساتھی۔

رَدَ (س۔ صفت) ۱ کاٹنے والا۔ توڑنے والا۔ کھرچنے والا ۲ (مذکر) کاٹنے وغیرہ کا فعل ۳ دانت ۴ عدد بتیس ۵ ہاتھی دانت۔

رَدّ (س۔ مذکر) گیارھویں یوگ کا نام۔

رِدا (ع۔ مونث) ۱ چادر ۲ چغہ۔ (ردی۔ بڑھنا گلے کا)۔

رَدّا (ف۔ مذکر) ۱ تہ پر تہ۔ اینٹ کی تہ پر مٹی کی تہ۔ مٹی کی تہ پر اینٹ کی تہ ۲ قطار صف ۳ دن بھر کا کام۔ **ردا جمانا** (متعدی) الزام رکھنا۔ **ردا رکھنا** (متعدی) ۱ ایک تہ پر دوسری تہ رکھنا ۲ الزام رکھنا ۳ کھانے پر کھانا۔

رَدائت (ع۔ مونث) خراب یا فاسد ہونا (ردی۔ مارنا)۔

رُدَر (س۔ صفت) ۱ چیخنے والا۔ غل مچانے والا۔ گرجنے والا ۲ ہیبتناک۔ خوفناک۔ دہشتناک (اسوین۔ اگنی۔ اندر۔ متر۔ درن اور سپاشنہ کے متعلق استعمال ہوتا ہے) ۳ (مذکر) گرج اور طوفان کا دیوتا جو مرتوں اور رودروں کا باپ اور حاکم ہے۔ برہما جی کی پیشانی میں سے پیدا ہوا تھا ۴ شو جی ۵ عدد گیارہ کیونکہ رودراؤں کی تعداد گیارہ ہے ۶ گیارھواں ۷ شو جی کی بیویوں میں سے ایک ۸ پہلا مہورت ۹ کئی آدمیوں۔ مصنفوں اور گروؤں کا نام ۱۰ ایک ساز جس میں تار ہوتے ہیں ۱۱ رودر کے نام کے منتر ۱۲ ایک قوم ۱۳ (جمع) رودر کے بیٹے جو گیارہ ہیں ۱۴ (تثنیہ) رودر اور رودرانی۔ **رودرا** (مونث) ۱ ایک بیل ۲ دسو دیو کی ایک بیوی ۳ رودر اشو کی ایک بیٹی ۴ (جمع) سورج کی سو گرم کرنیں۔ **رودرائی** (مونث) رودر کا دشمن۔ کامدیو۔ **رودر اینج** (مذکر)

ایک مصنف - رودرانی (مونث) رودر کی بیوی-
درگا - رودراداس (مذکر) ۱ رودر کے رہنے کی
جگہ ۲ بنارس - کاشی ۳ کیلاس ۴ مرگھٹ - رودرا
ورت (مذکر) ایک تیرتھ - **رودربھٹ**
(مذکر) کئی مصنفوں اور دو دیاوانوں کا نام - رودر
بھوت (مذکر) ۱ ایک گروہ ۲ ایک سردار - رودر
بھیروی (مونث) درگاجی کی ایک شکل - رودر
پُتر (مذکر) بارھویں منو کا نام - رودرپرتاب
(مذکر) ایک راجہ - رودرپور (مذکر) ایک صوبے
کا نام - رودرپریا (مونث) ۱ ہڑ کا درخت ۲
پاربتی - رودرپریاگ (مذکر) وہ تیرتھ جہاں دریائے
مندا کنی اور گنگا ملتے ہیں - رودرترپاٹھن (مذکر)
ایک مصنف - رودرتنیہ (مذکر) ۱ رودر کا بیٹا -
سزا کا دیوتا ۲ ایک تلوار کا نام ۳ جینیوں کے نزدیک
تیسرا سیاہ وسدیو - رودرج (مذکر) پارا جو شوجی
کی منی سمجھا جاتا ہے - رودرجپ (مذکر) ایک دعا جو
رودر سے کی جاتی ہے - رودرچندر (مذکر) ایک
راجہ - رودرچندر دیو (مذکر) ایک مصنف - رودر
چنڈی (مونث) درگاجی کی ایک شکل - رودر
دامن (مذکر) ایک راجہ - رودردت (مذکر)
ایک مصنف - رودردھر (مذکر) کئی مصنفوں کا
نام - رودرساورنی (مذکر) بارھویں منو کا نام -
رودرسُتہ (مذکر) سکند کا ایک لقب - رودرسر
(مذکر) ایک جھیل - رودرسکھ (مذکر) رودر کا دوست
کوبیر کا نام - رودرسکند (سوامی) (مذکر) ایک
شارح - رودرسمپردائن (مذکر) ایک فرقہ - رودر
سندری (مونث) ایک دیوی - رودرسوری
(مذکر) ایک مصنف - رودرسیہا (مذکر) ایک راجہ -
رودرکالی (مونث) درگا کی ایک شکل - رودر
کوٹی (مونث) ایک تیرتھ - رودرکونا (مذکر)
ایک مصنف - رودرگرھ (مذکر) رودر کا بیٹا -
اگنی کا ایک نام - رودروٹ (مذکر) ایک تیرتھ -
رودرورٹنی (تثنیہ) اسوین کا نام - رودرہمالیہ
(مذکر) کوہ ہمالیہ کی ایک چوٹی - رودری (مونث)
ایک قسم کی بانسری یا ستار -

ردلاکھنڈلا (اردو - صفت)
حقیر - خراب - نکما -

رَدّوا کھدوا (ھ) **ردوے**
خدوے (ہ - صفت جمع) خراب - نکمے - سفلے
کمینے - رذیل -

ردودرا (ہند) کاٹھیاواڑ میں
ایک ریاست اور اس کی راجدھانی -

رَدی (ع - صفت) دیکھو ردی
۲ اور ۳ -

رَدّی (ع - صفت) ۱ ناقص -
خراب - نکما - ناکارہ ۲ بگڑا ہوا - پھینکا ہوا ۳ (مونث)
ناقص یا ناکارہ کاغذ (کر دینا - کرنا - ہو جانا ہونا کے
ساتھ) (رَدّ - واپس کرنا) -

رَدیف (ع - مذکر) ۱ وہ شخص
جو گھوڑے یا اونٹ پر پیچھے سوار ہو ۲ پیچھے کی فوج ۳
وہ لفظ یا الفاظ جو اشعار غزل یا قصیدے کے آخر میں
قافیہ کے پیچھے بار بار آئیں - داغ - نہیں ہوتی بندے
سے طاعت زیادہ - بس اب خانہ آباد دولت زیادہ
زیادہ ردیف ہے - داغ - بتانِ ماہوش اجڑی
ہوئی منزل میں رہتے ہیں - کہ جنکی جان جاتی ہے
اسی کے دل میں رہتے ہیں - میں رہتے ہیں ردیف
ہے ۴ کوئی حرف علت جب فوراً روی کے پہلے آئے
روی وہ حرف یا حروف ہیں جو سب سے آخر میں شعر
میں آتے ہیں - جیسے بازار - درکار - ہوش - جوش -
نسیم - شمیم میں الف و اور ی ردیف ہیں ۵ حروف
تہجی کی ترتیب سے جب اشعار کہے جائیں تو ان کے
لئے بھی لفظ ردیف استعمال ہوتا ہے ۶ ایک ستارہ
جو صورت کوکبہ عقاب کے قریب ہے ۷ ایک ستارہ
جو اس وقت چڑھے جب اس کا مقابل غروب
ہو جائے - ردیف باندھنا (متعدی) بندھنا
(لازم) ردیف کا موقع سے استعمال ہونا - ردیف
چمکنا (لازم) ردیف کا لطف دینا - ردیف سرطان
(مذکر) برج سرطان - ردیف وار (صفت)
حروف تہجی کی ترتیب سے - ہر غزل کے آخری حرف
کے مطابق -

رِڈلے (۱۵۰۰ - ۱۵۵۵) نکلس -
انگریز پادری - ہنری ہشتم کے عہد میں پراٹسٹنٹ مذہب
کے موجدوں میں سے تھا - ملکہ میری کے عہد میں اسے
گریمز اور لیٹیمر کے ہمراہ زندہ جلا دیا گیا -

رِذال (ع - صفت) رذالا - اردو
میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا - رذالا (صفت) ۱ کمینہ -
رذیل - پاجی - کم ذات - ناقص ۲ سخت رذیل سخت
پاجی ۳ بے حیا - بے شرم - رذالپن (مذکر) رذالت
(مونث) کمینگی - کمینہ پن - پاجی پن - رذالے کا
لٹھ (صفت) ۱ کمینہ - رذیل ۲ بے حیا - بے شرم ۳ منہ
پھٹ - گستاخ - بیباک -
امثال و اقوال - رذالا مست
ہوا خدا کو بھول گیا - رذیل آدمی امیر ہو جائے
تو بہت مغرور ہو جاتا ہے - رذالوں کی دوستی
پانی کی لکیر - شریفوں کی دوستی پتھر کی
لکیر - کمینوں کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں - رذالے
کی جورو کو سدا طلاق - کمینہ اپنے وعدے کا
پابند نہیں ہوتا - اسکی دوستی کا کبھی اعتبار نہیں کرنا
چاہیئے - رذالے کے ناخن ہوئے - کمینہ صاحب
اختیار ہو گیا -

رَذیل (ع - صفت) کمینہ - رذالا -
امثال - رذیل کی دو ونہ اشراف
کی سو - کمینے کی دو گالیاں - اشراف کی سو گالیوں
کے برابر ہوتی ہیں - رذیلوں کی دوستی الخ -
دیکھو رذالوں کی دوستی الخ -

رِریانا (ہ - لازم) ۱ رونا - چیخنا ۲
گڑگڑانا - عجز کرنا ۳ مانگنا -

رَڑک (ھ - مونث) چبھن - خلش -
کھٹک - رڑکا (مذکر) ۱ جھاڑو ۲ ذرہ - ریزہ -

رِڑکانا (متعدی) ۱۔ نکالنا - الگ کرنا ۲۔ دھکیلنا - چلانا - رِڑکنا (لازم) چبھنا - خلش ہونا - درد ہونا - رِڑکنا (ھ - لازم) ۱۔ دیکھو رِیانا ۲۔ دوہنا -

رَز (ف - مذکر) ۱۔ انگور ۲۔ (صفت) رنگنے والا جیسے رنگرز - اردو میں دخترِ رز و دخترِ رز میں استعمال ہوتا ہے -

رَزّاق (ع - صفت) ۱۔ رزق دینے والا - خوراک پہنچانے والا ۲۔ (مذکر) خدا کا نام - رزاقِ (عالم مُطلق (مذکر) خدائے تعالے - رزّاقی (مونث) ۱۔ رزق دینے کا فعل ۲۔ رزق دینا - رزق رسانی -

رزال - رزالا - رزالین - رزالینا - رزالہ (ع) ز سے املا غلط ہے - مگر بعض لوگ لکھ دیتے ہیں -

رِزرواٹر (انگ - مونث) پانی کا ذخیرہ - تالاب -

رِزروڈ (انگ - صفت) مخصوص - کسی خاص شخص کے لئے رکھا ہوا جسے دوسرا نہ استعمال کرسکے - رزروڈ کلاس (مونث) درجہ خاص - وہ درجہ جو درجہ اول سے اوپر ہوتا ہے -

رِزرویشن (انگ - مونث) ۱۔ شرط ۲۔ استثنا -

رِزق (ع - مذکر) ۱۔ خوراک - روزی - کھانا ۲۔ ذریعۂ معاش ۳۔ تنخواہ - بھتہ - روزینہ - وظیفہ (رِزَق - خوراک پہنچانا کسی کو خدا کا) رزق اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) خدا کی طرف سے سامانِ رزق ہونا - رزق پہنچانا (متعدی) پہنچنا (لازم) خدا کی طرف سے خوراک ملنا - رزق دینا (متعدی) خوراک پہنچانا - کھانے کو دینا - رزق ملنا (لازم) خدا کی طرف سے خوراک پہنچنا -

امثال واقوال - رزق را روزی رساں پرمے دہد - روزی پہنچانے والا رزق کو پردے دیتا ہے - خدا ہر ایک کو روزی اپنے آپ پہنچا دیتا ہے - رزق نہ پلّے باندھتے پنچھی اور درویش - جن کا تکیہ رب ہے ان کا رزق ہمیش - جانور اور فقیر رزق پلے باندھ کر نہیں پھرتے - جو خدا پر بھروسا کرتے ہیں انہیں مل ہی جاتا ہے - رزق ہے نہ موت بڑا بد قسمت ہے -

رِزق اللہ (۱۴۹۵ - ۱۵۶۱) شیخ مشتقی - دہلوی مصنف اور شاعر - سکندر لودھی کے زمانے میں واقعات مشتقی تصنیف کی - یہ فارسی اور ہندی کا شاعر تھا - ہندی میں راجن تخلص کرتا تھا اور ایک کتاب جوت نرنجن کا مصنف ہے -

رِزَلٹ (انگ - مذکر) نتیجہ - خصوصًا امتحان کا - رِزَلٹ آوٹ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) امتحان کا نتیجہ نکلنا - رزلٹ اچھا ہونا (لازم) بہت طالب علموں کا کامیاب ہونا - رزلٹ بُرا (خراب) ہونا (لازم) بہت طالب علموں کا امتحان میں ناکامیاب ہونا نتیجہ خراب ہونا -

رَزم (ع - مونث) لڑائی - جنگ - معرکہ - کارزار - زن - بَد (رَزَم - دشمن کو گرا کر اسپر جھکنا) رزمگاہ (مونث) لڑائی کی جگہ - میدان جنگ - رزم گیر (مذکر) مہینے کی پندرھویں تاریخ - رزم وبزم (مذکر) میدان جنگ اور محفل - لڑائی اور عیش وعشرت کی جگہ - رزمی (صفت) لڑائی کا - رزمیّہ (صفت) جنگی - لڑائی سے نسبت رکھنے والا - رزمیہ اشعار (مذکر) وہ شعر جو میدان جنگ میں پڑھے جائیں - رزمیہ نظم (مونث) وہ نظم جس میں لڑائیوں کا ذکر ہو - جیسے شاہنامہ - مہابھارت - رامائن - الیڈ - اوڈسی - اینیڈ وغیرہ -

رَزمک (ہند) وزیرستان میں ایک انگریزی چھاؤنی -

رزولیشن (انگ - مذکر) تجویز جو کسی مجلس میں پیش کی جائے - رزولیشن پاس کرنا (متعدی) تجویز منظور کرنا - رزولیشن پیش کرنا (متعدی) تجویز پیش کرنا - رزولیشن (دنا) منظور کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تجویز منظور (نہ) ہونا -

رِزیو (۱۵۴۰ - ۱۵۶۶) ایک اطالوی تھا جو میری ملکہ سکاٹ لینڈ کا سکریٹری تھا - میری کے خاوند نے اسے قتل کرادیا - جس کے کچھ مدت بعد میری کے اشارے سے اس کا خاوند قتل ہوا -

رَس (ہ - مذکر) ۱۔ پودوں کا عرق یا دودھ ۲۔ پھلوں کا پانی ۳۔ گنے کا شیرہ ۴۔ کوئی مائع ۵۔ ست - جوہر ۶۔ آواز کی نرمی یا شیرینی ۷۔ لچک - لوچ ۸۔ دھات - پارہ ۹۔ بدن کا پانی - کیلوس ۱۰۔ (ھ) شوربہ ۱۱۔ (ھ) منی - نطفہ ۱۲۔ (ھ) پارہ (رس رَس) رسا (ھ - مونث) رس - رس اترنا (لازم) گھوڑے کے سم سے مواد نکلنا - رس بھری (صفت) ۱۔ نشیلی - خمار آلودہ (آنکھ) ۲۔ رسیلی - رس پڑنا (لازم) ۱۔ اناج میں دودھ پیدا ہونا ۲۔ منی پیدا ہونا - سن بلوغ کو پہنچنا ۳۔ (ھ) لطف اٹھانا - مزا اٹھانا - رس ٹپکنا (لازم) ۱۔ رس کا قطرہ قطرہ گرنا ۲۔ پکنا ۳۔ (ھ) بالغ ہونا - پوری طاقت میں ہونا ۴۔ (ھ) پرشہوت ہونا - رس چوس لینا (لازم) جوہر نکال لینا - چوس لینا - رس چُونا (متعدی) رس ٹپکنا - رس رس (ھ - لف) آہستہ آہستہ - نرمی سے - رس کا بیندھا (صفت) محبت یا عشق کا مارا - رس کی باتیں یا بتیاں (مونث) میٹھی میٹھی باتیں - پیار یا لگاوٹ کی باتیں - رس لینا (متعدی) ۱۔ چوسنا ۲۔ مزا لینا ۳۔ (ھ) شوربہ لینا - رسمسا (صفت) ۱۔ تر - گیلا ۲۔ (ھ) وہ (سالن) جس میں شوربا کھوٹا ہو - رسمسانا (متعدی) تر ہونا - رسمیلا (صفت) رسمسا -

امثال واقوال - رس وٹے

مرے تو بس کیوں دیجے - جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے - اس میں سختی نہیں کرنی چاہئے - رس کھائے رساین بنتی ہے - تکلیف اٹھانے سے فائدہ ہوتا ہے - رس مارے رسائن ہو - پارے کو جلاؤ تو چاندی ہو جاتا ہے - تکلیف اٹھا کر انسان ترقی کرتا ہے - رس میں بس - نیکی میں برائی - رس میں بِس ملا دیا - خوشی میں رنج پیدا کر دیا -

رَس (ہ - مونث) رسی کا مخفف -
رس بٹّا (مذکر) رسی بٹنے والا - رسن ساز -
رَسْ (س - مذکر) ۱ دیکھو رس - (ہ) ۲ شراب - شربت ۳ رقیق دوائی ۴ دودھ ۵ کسی چیز کا بہترین حصہ ۶ زہر ۷ امرت ۸ مہندی ۹ سونا ۱۰ سبز پیاز ۱۱ گوند ۱۲ مزا - لطف - بومائعات کی - چھ رس ہیں - میٹھا - کڑوا - نمکین - کھٹا - چرپرا کسیلا - بعض ۳ شمار کرتے ہیں - ۱۵ دو کے - ۲۰ تین کے - ۱۵ چار کے - پانچ کے اور ایک چھ کا مرکب ۱۳ محبت - خواہش ۱۴ مزا - مسالا - چٹنی ۱۵ زبان ۱۶ خوشی فرحت ۱۷ خوبی - نفاست ۱۸ کسی تصنیف کی خوبی یا جذبہ یہ دس شمار کئے جاتے ہیں - عشق - بہادری - نفرت - غصہ - مذاق - ڈر - رحم - حیرت - قناعت - الفت پدری ۱۹ دل کی حالت - مذہبی خیال ۲۰ ایک وزن یا بحر ۲۱ عدد چھ ۲۲ لفظ اوم ۲۳ ایک نشاد اور ایک شنکی کا بیٹا - رساد (مذکر) رس کو پینے والا شخص - رساین (مونث) ۱ کیمیا ۲ ایک دوائی جو کیڑوں کو مارتی ہے ۳ گرو ۴ امرت - آب حیات ۵ چھاچھ ۶ زہر ۷ وہ دوا جو کوئی دھات کشتہ کر کے بنائی جاتی ہے ۸ طبی مرچ -
رسائن بنانا (متعدی) کم قیمت دھات کو سونا یا چاندی بنا دینا - رساین ودیا (مونث) علم کیمیا -
رساینی ۱ (مذکر) ۱ کیمیاگر - کیمیادان ۲ (مونث) بدن کے رسوں کی نالی ۳ کئی پودوں کا نام - رس شاستر (مذکر) علم کیمیا - رس کپور یا کر پور (مذکر) پارے کا جوہر جو پارے گندھک اور نمک سے بنایا جاتا ہے - رس کلیا (مذکر) کشدویپ میں ایک دریا - رس کھان (مذکر) کرشن جی کا ایک نام - رس کیتو (مذکر) ایک راجہ - رس گنگا دھر (مذکر) ایک مصنف -

رَس (ف - صفت) ۱ پہنچنے والا ۲ واقع ہونے والا ۳ چھونے والا ۴ (مذکر) وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز پہنچے ۵ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دادرس - دسترس (رسیدن - پہنچنا) -
رسا (صفت) ۱ پہنچنے والا - دور جانے والا ۲ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے آہ رسا - رساں (صفت) ۱ پہنچنے والا - دور جانے والا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے خبر رساں چٹھی رساں -
رسائی (مونث) ۱ پہنچ - باریابی ۲ داخلہ ۳ مہارت ۴ رسوخ - رسائی پانا (متعدی) باریاب ہونا - رسائی پیدا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رسوخ حاصل ہونا - رسائی دشوار یا محال ہونا (لازم) رسوخ یا باریابی بہت مشکل ہونا - رسائی ہونا (لازم) پہنچ ہونا - باریابی ہونا - رسی (مونث) ۱ پہنچنا ۲ حاصل ہونا ۳ مکمل ہونا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دادرسی -

رِس (ہ - امر) رسنا کا - رِستا برتن (مذکر) وہ برتن جس میں سے پانی وغیرہ باہر نکل جائے - رستا ہے - تھوڑا تھوڑا کر کے بہتا یا نکلتا ہے - برتن یا پھوڑے کی نسبت کہتے ہیں - رِسنا (لازم) چونا - ٹپکنا - رسنا بسنا (لازم) آباد رہنا - خوش رہنا - سرسبز رہنا -

رِس (ہ - مونث) غصہ - ناراضگی - رنج - رسانا (لازم) ۱ غصہ ہونا ۲ (صفت) ناراض - خفا - رسانی (مونث) غصہ - رسنا (لازم) ناراض ہونا - خفا ہونا - رسہا (صفت) ناراض - خفا -
رَسا (س - مونث) ۱ زمین ۲ مٹی ۳ انگور - انگور کی بیل ۴ سب سے نچلی زمین - پاتال ۵ نمی ۶ ایک دریا جو زمین کے گرد بہتا ہے ۷ کئی پودوں کا نام -

رَسا (۱۹) ایزد بخش - اردو زبان کا ایک شاعر - صاحب دیوان -
رَسّا (ہ - مذکر) موٹی رسی رس - (رشک) رسوں (مذکر) رسا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے -
مثل - رسوں جکڑے اب نہیں ٹھیرے - چاہے کچھ ہی کرو اب وہ نہیں ٹھیرنے کے -
رَسال (ہ - صفت) رسدار - رس سے بھرا ہوا ۱ آم ۲ گنا -
رَسالا (س - مونث) چھاچھ جس میں قند اور گرم مسالہ پڑا ہو ۲ (ہ) رسالہ ۳ دیکھو رسالے -
رِسالت (ع - مونث) پیغمبری - سفارت (رَسَلَ - بھیجنا) رسالت پناہ - رسالتمآب (صفت) پیغمبر صلعم سے مراد ہے -
رسالدار (ع - مذکر) رسالہ دار کا مخفف - رسالے کا افسر - رسالداری (مونث) رسالہ داری کا مخفف - رسالدار کا عہدہ یا کام -
رَسالسا (س - مذکر) بدن کی کوئی نس - رگ -
رِسالہ (ع - مذکر) ۱ چھوٹی کتاب ۲ سو سواروں کا دستہ (رَسَلَ - بھیجنا) رسالہ دار (مذکر) داری (مونث) دیکھو رسالدار و رسالداری -
رَسّام (ع - مذکر) کھودنے والا شخص - حکاک (رَسَمَ - کھودنا) -
رَسانا (ہ - متعدی) ٹانکا لگانا - جوڑنا برتن کو -
رُسانا (ہ - متعدی) غصہ ہونا خفا ہونا -
رَسانیا (ہ - مذکر) کیمیاگر -
رساول (ہ - مذکر) گنے کے رس کی کھیر -
رسائل (ع - مذکر) رسالہ ۱ کی

جمع - رسلے - چھوٹی کتابیں -

رَسبٹا (ھ - مذکر) رسی بٹنے والا شخص -

رَسبھری (انگ - مونث) بیر کی قسم کا ایک پھل (اصل راسپبری) -

رسپانڈنٹ (انگ - مذکر) جوابدہ اپیلانٹ کا مخالف فریق -

رَست (ف - ماضی) رستن کی (رستن - بچانا) **رستخیز** (مذکر) قیامت - **رستگار** (صفت) ۱ رہائی پانے والا ۲ نجات پانے والا ۳ آزاد ۴ محفوظ ۵ فیاض - سخی - **رستہ** (صفت) ۱ آزاد - رہا شدہ ۲ بچا ہوا ۳ مفرور -

رُست (ف - مونث) ۱ نمو - اگنا ۲ مضبوط - طاقتور ۳ دلیر - بہادر (رستن - اگنا) **رستخیز** (صفت) نئی اگی ہوئی - **رستنی** (صفت) ۱ جو چیز اگے ۲ ترکاری ۳ وقت جب - وہ جگہ جہاں کوئی چیز اگے

رست وخیز (مونث) نمو - اگنا (صفت) اگا ہوا

رُستم (ف - مذکر) ۱ ایک ایرانی پہلوان جو زال کا بیٹا تھا - اس کا ذکر شاہنامہ میں آتا ہے - یہ زابلستان کا حاکم تھا ۲ (صفت) بہادر - شجاع - دلیر ۳ (چھپا) پوشیدہ کامل فن - چھپا بدمعاش - **رستم خاں** (صفت) ۱ طنزاً شیخی باز - اترانے والا ۲ طنزاً بہادر - دلیر - **رستم خصال رکاب یا عنان** (صفت) بہادر - دلیر - شجاع - **رستمِ دستاں - زال (زر) یا سگزی** (مذکر) رستم کے القاب - **رستم کا سالا** (صفت) دیکھو رستم خاں - **رستم کی دھاک** (مونث) بہادری کی شہرت - رستم کا رعب - **رستم کی گور پر لات مارنا** (متعدی) بہادری کا دعوے کرنا - **رستم ہونا** (لازم) دلیر ہونا - بہادر ہونا - **رستمی** (مونث) بہادری - دلیری - شجاعت - **رستمی دکھانا** (متعدی) بہادری دکھانا - **رستمِ وقت** (مذکر) اپنے زمانے کا بہادر یا کسی کام میں مشہور آدمی - **رستم یک دست** (مذکر) ایک ایرانی شجاع جس کا پیدائشی ایک ہاتھ تھا -

رُستم آباد (ایران) ایک مقام -

رستم بسطامی (۱۴۳۱ -) ایک مصنف -

رُستمدار (ایران) ماژندران میں ایک صوبہ -

رستم زماں خاں - دیکھو الہ یار خاں -

رستمِ علی (۱۷۶۴ -) مولانا مصنف تفسیر صغیر -

رَستوران (ف - مذکر) دیکھو رسٹورنٹ -

رَستہ (ف - مذکر) راستہ کا مخفف -

رستہ آنا (لازم) راستہ معلوم ہونا - رستے کا پتہ ہونا - **رستہ بتانا** (متعدی) دیکھو راہ بتانا - **رستہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) سڑک تعمیر ہونا - **رستہ بند کر دینا یا کرنا** (متعدی) **بند ہو جانا یا ہونا** (لازم) راہ بند ہونا - روک ہونا - **رستہ بہکانا یا بھلانا** (متعدی) **بھولنا** (لازم) ۱ گمراہ ہو جانا ۲ رستے سے بھٹک جانا - **رستہ بھول کے نکل آنا** (لازم) جو شخص دیر کے بعد ملنے آئے اس کو کہتے ہیں - **رستہ پانا** (لازم) ۱ تدبیر سوجھنا یا ہاتھ آنا ۲ جانے کے لئے راہ ملنا - **رستہ پر لگا دینا** (متعدی) صحیح راہ بتانا - ٹھیک رستے پر کر دینا - **رستہ پکڑنا** (متعدی) کسی طرف جانا - **رستہ پکڑو** - جاؤ - راہ لو - **رستہ پہاڑ ہو جانا** (لازم) رستہ نہ کٹنا - رستہ دوبھر ہو جانا - **رستہ پھٹنا** (لازم) ایک راستے سے دوسرا راستہ علیحدہ ہونا - **رستہ پھرنا** (لازم) راہ مڑنا - رستہ بدلنا - **رستہ چلتا** (مذکر) مسافر - راہگیر - **رستہ چلتے** (تف) راہ چلتے - **رستہ چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ۱ راہ ترک کر دینا ۲ رستے سے ایک طرف ہو جانا - **رستہ دکھانا** (متعدی) ۱ راہ پر ڈالنا ۲ راہ دکھانا ۳ تدبیر سجھانا ۴ انتظار کرانا - **رستہ دیکھنا** (لازم) انتظار کرنا - **رستہ روکنا** (لازم) سد راہ ہونا - **رستہ سمجھ میں آنا** (لازم) ۱ رستہ یاد آنا - رستہ ذہن پر چڑھنا ۲ تدبیر سوجھنا - ڈھنگ سمجھ میں آنا - **رستہ سوجھنا** (لازم) تدبیر سوجھنا - **رستہ سے نکال دینا** (متعدی) ناک منہ وغیرہ کے ساتھ شیخی کرکری کر دینا - ٹھیک بنانا - **رستہ کاٹ کے جانا یا چلنا** (لازم) کترا کے جانا - **رستہ کترانا** (متعدی) کسی کو دیکھ کر رستہ چھوڑ کر دوسرے رستے چلا جانا - **رستہ کٹا ہونا** (لازم) رستہ پھرا ہونا - **رستہ کٹنا** (لازم) ۱ راہ طے ہونا ۲ ایک راہ سے دوسری راہ نکلنا - **رستہ کھلنا** (لازم) ۱ بند رستے کا جاری ہونا ۲ تدبیر نکل آنا - **رستہ گھیر کر کھڑا ہونا** (لازم) **گھیرنا** (متعدی) سد راہ ہونا - رستہ روکنا - **رستہ لو** - جاؤ - بھاگو - **رستہ لینا** (لازم) کسی طرف جانا - رستہ اختیار کرنا - **رستہ ناپنا** (متعدی) جلدی جلدی رستہ طے کرنا - جلد آ کر چلا جانا - **رستہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) تدبیر سوجھنا یا نکلنا - راہ نکلنا - **رستہ نہ ملنا** (لازم) ۱ جگہ نہ ملنا ۲ رستے کا پتہ نہ چلنا ۳ موقع نہ ملنا - **رستے** (مذکر) ۱ جمع رستہ کی ۲ بجائے رستہ حروف مغیرہ سے پہلے - **رستے پر آنا** (لازم) ۱ ٹھیک ہونا - درست ہونا - نیک بننا ۲ قابو میں آنا ۳ سیدھی راہ پر آنا - **رستے پر چلنا** (لازم) پیروی کرنا - **رستے پر ڈالنا** (متعدی) دیکھو رستے لگانا - **رستے سے کٹ جانا** (لازم) کچھ راہ چل کر الگ ہو جانا - **رستے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ ٹھیک راہ پر جانا - چلا جانا ۲ ٹھیک طریقے پر چلنا - **رستے میں** (تف) بیچ میں - راہ میں - **رستے میں پڑا پانا** (متعدی) مفت ملنا - بے زحمت پانا - **رستے میں ملنا** (لازم) اثنائے راہ میں ملاقات ہونا -

رَسٹورنٹ (انگ - مذکر) ایک قسم کا ہوٹل جہاں چائے وغیرہ ملتی ہے - رستوراں -

رَسَد (ف - مونث) ۱ وہ چیز جو پہنچے

یا آئے - آمدنی - درآمد ۲ ذخیرہ - فوج وغیرہ کے لئے - اناج - کھانے کا سامان ۳ خوراک کا الاؤنس راشن ۴ حصہ - بخرہ - عموماً حصہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (رسد - پہنچنا) **رسد پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** - سامان خوراک پہنچنا - **رسد رساں** (صفت) رسد پہنچانے والا - **رسد رسانی** (مونث) رسد پہنچانا - **رسدی** (صفت) حصے کے مطابق -

رَسرا (ھ - مذکر) رسی - **رسری** (مونث) رسی

رَسِک (س - صفت) ۱ مزیدار - چٹپٹا ۲ پرمذاق (تصنیف) ۳ پرجوش - حساس - پُر درد ۴ بامذاق - ظریف - حاضر جواب ۵ طرح دار - خوش اسلوب - وضعدار ۶ خوش ہونے والا ۷ وہمی - وسوسی ۸ پرشہوت - شہوتی - عیاش ۹ (مذکر) عیاش آدمی ۱۰ پرجوش یا حساس شخص ۱۱ گھوڑا ۱۲ ہاتھی - **رسکا** (مونث) ۱ گنے کا رس ۲ لسی قند و گرم مسالحہ ملی ہوئی ۳ کیلوس ۴ زبان ۵ عورت کی بیٹی ۶ جوشیلی بیوی -

رَسک (انگ - مذکر) ایک قسم کا بسکٹ -

رَسکِن (۱۸۱۹ - ۱۹۰۰) جان - ایک انگریز نقاد اور مصنف - اس کی تصنیف مصوران جدید بہت مشہور کتاب ہے -

رَسکوک (ہ - مذکر) جواہریوں کی اصطلاح - چھوٹا موتی -

رُسُل (ع - مذکر) جمع رسول کی

رَسَم (ع - فر) ۱ کوئی چیز مقرر کرنا ۲ نشان مٹا دینا بارش کا ۳ نشان چھوڑنا ۴ لکھنا - نقش کرنا - نشان کرنا ۵ مقرر کرنا دعوت کا ۶ دینا تنخواہ کا ۷ اونٹ کا تیز چلنا ۸ پادری کو مقرر کرنا -

رَسم (ع - مونث) بیگمات مذکر بولتی ہیں ۱ دستور - رواج - ریت ۲ طور - طریقہ - ڈھنگ - چلن - روش - رویہ ۳ ایک کھیل بچوں کا جس میں ایک بچہ سوال کرتا ہے اور دوسرا ایسا جواب دیتا ہے جس میں حروف ر س م نہ آئیں - اگر ان میں سے کوئی حرف آجائے تو سوال کنندہ جواب دینے والے کو کسی جانور کی آواز نکالنے کے لئے کہتا ہے - (رَسَم - نشان کرنا) **رسم آوا** (صفت) رسم کو زینت دینے والا - کوئی کام کرنے والا - **رسم اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) رسم چھوٹ جانا - رواج بند ہو جانا - **رسم الخط** (مذکر) املا - **رسم المُہر** (مذکر) شاہی زمانے میں وہ محصول جو مہر کرنے کے لئے لیا جاتا تھا - **رسم و رواج** (مذکر) قاعدہ - دستور - **رسم و راہ** (مونث) ۱ میل جول - برتاؤ - ربط ضبط ۲ دستور - ڈھنگ - **رسم راہ اٹھ جانا** (لازم) میل جول بند ہو جانا - **رسم و راہ پڑ جانا یا ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ میل جول ہونا ۲ رواج یا دستور ہونا - **رسم و راہ سے آگاہ یا واقف ہونا** (لازم) طریقے جاننا - دستور معلوم ہونا - **رسم ہو جانا یا ہونا** (لازم) دستور ہونا - رواج ہونا - **رسمی** (صفت) ۱ رواجی - جس کا رواج ہو ۲ معمولی عام - متوسط درجے کا - **رسمیات** (مونث جمع) رسمیں - رواج -

رَسَن (ع - مذکر) رسی (رَسَن - رسی سے باندھنا) **رسن باز** (مذکر) بازی گر یا نٹ جو رسیوں پر کھیل کرتا ہے - **رسن بازی** (مونث) رسی کا کھیل - بازی گری - **رسن بستہ** (صفت) رسی سے بندھا ہوا - **رسن پیچ** (مذکر) کوئیں کی چرخی - **رسنِ لنگر** (مذکر) جہاز کے لنگر کی زنجیر یا رسی -

رَسنا (س - مونث) ۱ زبان ۲ (ھ) عورت کا کمربند - **رسناولی** (مونث) ۱ زبان ۲ گفتگو -

رَسنا (ہ - متعدی) بسنا کے پہلے استعمال ہوتا ہے - **رسنا بسنا** (متعدی) رہنا سہنا - پھولنا پھلنا فارغ البالی سے گزر ہونا -

رُسوا (ف - صفت) ۱ ذلیل - خوار ۲ بدنام - بے عزت - روسیاہ - **رسوا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ذلیل ہونا ۲ بدنام ہونا ۳ عیب فاش ہونا - **رسوائی** (مونث) ۱ فضیحت - ذلت - خواری ۲ بدنامی - بے عزتی - **رسوائے عالم** (مذکر) دنیا میں بدنام - سخت بدنام -

رَسوائی (ھ - مونث) ۱ گنے کے پہلے رس کی تقسیم کی رسم ۲ گنے سے رس نکالنے کا موسم -

رَسوت - رَسَوت (مونث)

رَسوتھ (ھ) ایک درخت کا رس جس کا لیپ آنکھوں پر یا بچوں کا دودھ چھڑانے کے لئے چھاتیوں پر کرتے ہیں -

رُسُوخ (ع - مذکر) ۱ رسائی - پہنچ - ربط ضبط ۲ اعتبار - اعتماد (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ (ع) پکا پن - مضبوطی (رَسَخ - پکا ہونا) **رسوخیت** (مونث) رسوخ (جتانا کے ساتھ) -

رُسُول (ع - مذکر) ۱ وہ شخص جو خدا کی طرف سے پیغام لائے - وہ شخص جسے خدا کسی مذہب کی تلقین کے لئے بھیجے اور جس پر کوئی کتاب اترے - نبی پر کتاب نہیں اترتی صرف الہام ہوتا ہے - مگر رسول کے لئے بھی نبی کا لفظ استعمال ہوتا ہے - ۲ پیغمبر ۳ قاصد - ایلچی - نامہ بر (رَسَل - بھیجنا) **رسول اللہ** **رسولِ خدا** (مذکر) خدا کا بھیجا ہوا پیغمبر - عموماً پیغمبر صلعم کے متعلق استعمال ہوتا ہے - **رسول دار** (مذکر) ایک شاہی افسر جو میزبانی کا کام انجام دیا کرتا تھا - **رسول زادی** (مونث) پیغمبر کی لڑکی **رسول شاہی** (مذکر) آزاد فقیروں کا ایک فرقہ جو داڑھی ٹھوڑی کے نیچے رکھتے ہیں - **رسولِ کریم** (مذکر) پیغمبر صلعم - **رسولی** (صفت) ۱ رسول کی

۲ رسول کے متعلق ۳ رسول کی طرح کی ۴ (مونث) رسالت - نبوت - **رسولی داڑھی** (مونث) وہ داڑھی جو رسول شاہی فقیر رکھتے ہیں - اس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے بال ہوتے ہیں - اس لئے ہر ایسی داڑھی کو بھی رسولی داڑھی کہتے ہیں -

رَسَولی (ہ - مونث) ایک قسم کا غدود جو بہت سخت ہو جاتا ہے (رَس سے) -

رُسُوم (ع - مذکر) ۱ جمع رسم کی ۲ (مونث) اسٹامپ کی فیس ۳ سرکاری خرچہ ۴ کورٹ فیس ۵ محصول یا چندہ جو کسی حصہ زمینداری سے قابل وصول ہو ۶ فروخت شدہ مال پر کمیشن یا دستوری - **رسومات** (مونث) جمع الجمع رسوم کی - **رسوم دار** (مذکر) وہ جسے خاص فیس یا محصول ملے - **رسوم سرکار** (مونث) سرکاری حقوق یا محصول - اسٹامپ کی فیس - **رسوم عُرفیہ** - محصول یا خراج جو مالک لے -

رَسوئی (ہ - مونث) ۱ کھانا بننا - پکنا - تیار کرنا یا ہونا کے ساتھ) ۲ کھانا پکانا ۳ باورچی خانہ - کھانا پکانے اور کھانے کی جگہ - **رسوئیا** (مذکر) باورچی - کھانا پکانے والا -

مثل - رسوئی اور رسائن برابر کھانا پکانا اور کیمیا دونوں بہت مشکل ہیں -

رَسّی (ہ - مونث) ۱ موٹے دھاگوں سے بٹی ہوئی ڈوری ۲ لگام ۳ سانپ - عورتیں اسکا نام نہیں لیتیں کہ کہیں نکل نہ آئے ۴ ایک پیمانہ جو ۱۲۰ فٹ لمبا ہوتا ہے - **رسیاں تڑانا** (متعدی) ۱ آزاد ہونا - قابو سے نکل جانا - آزادی کی کوشش یا خواہش کرنا ۲ بیزار ہونا - **رسی بٹنا** (متعدی) ۱ موٹے دھاگوں کو اکٹھا بل دینا ۲ حیلہ بنانا - **رسی تڑانا** (متعدی) بہت تیزی سے دوڑنا کسی چیز سے نہ رکنا - بے تحاشا بھاگنا - **رسی دراز کرنا** (متعدی) ۱ مہلت دینا ۲ عمر زیادہ کرنا ۳ اغماض کرنا - **رسی دراز ہونا** (لازم) ۱ رسی کا طویل ہونا ۲ عمر زیادہ ہونا - زندگی لمبی ہونا ۳ مہلت ملنا - ڈھیل ہونا ۴ انتہا نہ ہونا - **رسی ڈھیلی چھوڑنا** (متعدی) ۱ آزادی دینا - نگرانی کم کرنا ۲ لگام ڈھیلی چھوڑنا - **رسی کا سانپ بنانا** (متعدی) مبالغہ کرنا - معمولی بات کو بہت بڑا کر کے دکھانا - **رسی کوتاہ ہونا** (لازم) عمر کم ہونا -

امثال - رسی جلتی ہے لیکن بل نہیں جلتا - رسی جل گئی (اینٹھ باقی ہے) **اینٹھن نہیں گئی** (بل نہیں کھلا یا (پر) **بل نہیں گیا**) تباہ ہو گئے - مگر غرور نہیں گیا - **رسی کا سانپ بن** (ہو) **گیا** - بے اصل بات کی دھوم یا نمائش -

رَسی (س - صفت) ۱ مزیدار - لذیذ ۲ جوشیلا - تیز مزاج ۳ مسخرا - بامذاق -

رَسے (ہ - تف) آہستہ سے نرمی سے - رسے رسے (تف) رسے -

رَسیا (ہ - مذکر) ۱ بانکا - طرح دار - رنگیلا ۲ خوش خور ۳ وہ شخص جو زندگی مزے میں گزارے - عیاش ۴ زن فاحشہ کا آشنا (س - رَسِک)

رَسیانا (ہ - صفت) ۱ رسدار ہونا - گیلا ہونا ۲ رس ٹپکنا ۳ پکنا - پکنا شروع ہونا ۴ چونا - رسنا -

رُسیانا (ہ - متعدی) غصے ہونا - ناراض ہونا -

رَسیاول (ہ - مونث) دیکھو رسوائی -

رَسید (ف - مونث) ۱ پہنچنا آدمی خط یا کسی چیز کا ۲ تحریر جس میں کسی چیز کی وصولی کا اقرار ہو ۳ گنجفے کی بازی میں کسی کو سر پہنچنا (آنا - دینا لینا - ملنا وغیرہ کے ساتھ) (رسیدن پہنچنا) **رسید تک نہ دینا** (متعدی) اقرار نہ کرنا - اقراری نہ ہونا - **رسید کرنا** (متعدی) ۱ ملنے کی تحریر لکھ دینا ۲ (تھپڑ وغیرہ) مارنا - لگانا (خف) **رسیدگی** (مونث) ۱ دیکھو رسید ۱، ۲ ۲ پختگی - تکمیل - **رسیدہ** (صفت) ۱ پہنچا ہوا ۲ کمال پر پہنچا ہوا ۳ پختگی پر پہنچا ہوا میوہ یا پھل ۴ کامل ۵ مبتلا - مرکبات کے اخیر میں جیسے اجل رسیدہ -

امثال و اقوال - رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت - مصیبت آئی تھی مگر خیر گزری - جب کسی مصیبت سے بچ نکلیں تو کہتے ہیں - **رسید مژدہ کہ ایام غم نخواہد ماند چناں نماند و چنیں نیز ہم نخواہد ماند** خوشخبری پہنچی کہ غم کے دن باقی نہ رہیں گے - نہ وہ حالت باقی رہی نہ یہ باقی رہے گی - یعنی نہ وہ عیش کے دن باقی رہے نہ یہ غم کا زمانہ باقی رہے گا -

رُسیل (ہ - صفت) غصیلا - جلد ناراض ہو جانے والا -

رَسیلا (ہ - صفت) ۱ بانکا طرح دار - رسیا ۲ رسدار - عرق دار ۳ شاداب ۴ نیم پختہ - (گوشت) ۵ عیاش - شوقین - پرشہوت - **رسیلا پن** (مذکر) رسیلا ہونا - **رسیلی** (صفت مونث) رسیلا کی - **رسیلی آنکھ** (مونث) پیار کی آنکھ - مست آنکھ - رس بھری آنکھ - **رسیلی آواز یا بولی** (مونث) وہ آواز جس کے سننے سے لطف آئے - میٹھی زبان - سریلی آواز -

رُسیلا (ہ - صفت) جس کے سر میں خشکی ہو - پپڑیلا - بھوسیدار -

رِسیلور (انگ - مذکر) وہ شخص جس کے سپرد عدالت کے حکم سے مال وغیرہ وصول کرکے اور بیچ کر روپیہ داخل کرنا ہو -

رَسیہ (س - صفت) ۱ رسدار رس بھرا ۲ مزیدار - لذیذ ۳ (مذکر) خون -

رَشاؤ (ہ - مذکر) ۱ بنجر زمین کو کاشت کرنا ۲ زمین کو ہل چلا کر اور سہاگا پھیر کر کچھ عرصے کے لئے پڑا رہنے دینا -

رِشبھ (س - مذکر) ۱ بیل ۲ سردار

۲ جینیوں کے پہلے چوبیس جنوں میں سے کوئی ایک ۲ بہترین یا اعلےٰ چیز کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے جیسے پرش رشبھ ۵ گنے میں دوسرا سُر جس کا مخفف رے ہے ۲ ایک خاص اکاہا ۷ پندرھواں کلپ ۸ کئی آدمیوں کا نام ۹ ایک ناگ ۱۰ ایک بندر ۱۱ ایک پہاڑ ۱۲ ایک تیرتھ - **رشبھاس** (مذکر جمع) ۱ کرونچا دویپ کے باشندوں کا نام ۲ ایک قوم - **رشبھ پوجا** (مذکر) بیل کی پوجا - ایک خاص رسم - **رشبھ دویپ** (مذکر) ایک جگہ - **رشبھ کوٹ** (مذکر) ہیم کوٹ کا نام - **رشبھی** (مونث) ۱ عورت جس میں مردوں کی سی خصوصیتیں ہوں ۲ بیوہ -

رَشت (ایران) ایک شہر گیلان کا دار الخلافہ (۸۰) اس کے نام سے اس کے آباد ہونے کا سنہ ہجری نکلتا ہے جو ۹۰۰ ہے - **رشتی** (مذکر) رشت کا باشندہ -

رُشت (ف - مذکر) ایک مشہور کیمیا داں کا نام -

رِشتہ (ف - مذکر) ۱ دھاگا - تاگا - رسی ۲ قرابت - رشتہ داری - ناتہ ۳ سلسلہ ۴ تعلق - لگاؤ - واسطہ ۵ ایک مرض جس میں ڈورے کی طرح کا ایک مادہ جسم انسان سے نکلتا ہے ۶ لڑی قطار (رشتن - مروڑنا) **رشتۂ آوازا** (مذکر) مسلسل آواز - **رشتۂ الفت** (مذکر) محبت کا تعلق - دوستی - **رشتہ بر پا** (صفت) پاؤں میں ڈورا بندھا ہوا - مقید - **رشتۂ تاک** (مذکر) انگور کی بیل کا ریشہ - **رشتۂ جاں** (مذکر) سانس لینے کا سلسلہ - **رشتہ جوڑنا** (متعدی) ۱ نسب کا سلسلہ چلانا ۲ شادی کرنا - بیاہ کرنا - **رشتۂ حیات** (مذکر) زندگی کا سلسلہ - **رشتۂ حیات منقطع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مرجانا - **رشتۂ خاک** (مذکر) انسان اور دوسرے جانور - **رشتہ دار** (مذکر) قرابتی - ناتہ دار - بھائی بند - **رشتہ داری** (مونث) رشتہ ۲ - **رشتۂ دنداں** (مذکر) دانتوں کی قطار - **رشتۂ شمع** (مذکر) بتی - **رشتۂ صبح** (مذکر) صبح کاذب - **رشتۂ عمر** (مذکر) ایک دھاگا جس میں سال گزرنے پر ایک گرہ دیدیتے ہیں - **رشتۂ فرنگی** (مذکر) ایک قسم کی سویاں - **رشتہ قطع ہونا** (لازم) تعلق ٹوٹنا - دوستی جاتی رہنا - **رشتہ کرنا** (متعدی) ۱ نسبت کرنا ۲ شادی کرنا ۳ تعلق پیدا کرنا - **رشتۂ محبت** (مذکر) دوستی - یارانہ تعلق - **رشتۂ محبت توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) یارانہ نہ رہنا - دوستی ٹوٹ جانا - **رشتۂ محبت قطع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو آخری - **رشتۂ مریم** (مذکر) ایک نہایت باریک دھاگا جو کہتے ہیں کہ حضرت مریم نے کاتا تھا - **رشتہ ناتہ** (مذکر) ۱ قرابت - رشتہ داری ۲ میل جول - **رشتۂ نگندہ** (مذکر) لحاف یا رضائیوں کو سینے کا دھاگا - **رشتہ ہونا** (لازم) دیکھو رشتہ کرنا -

مثل - رشتہ چو گسست میتوان بست - لیکن بمیاں گرہ بماند - لڑائی کے بعد صلح تو ہو ہی جاتی ہے - مگر دل صاف مشکل سے ہوتا ہے - **رشتہ در گردنم افگندہ دوست می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست** - میں کوئی کام اپنی خوشی سے نہیں کرتا - مجھے اپنے دوست کی مرضی کے مطابق چلنا پڑتا ہے -

رِشتی (ہ - مونث) وہ روپیہ جو کاشتکار بنجر زمین کو کاشت کرنے پر مالک کو دیتے ہیں -

رِشٹ (س - مذکر) ۱ خوشی - شادمانی ۲ خوش قسمتی - سعادت - اقبال مندی سہاگ ۳ بدقسمتی ۴ شامت - تباہی - زوال ۵ ایک پودہ ۶ (ھ) خوش - شاد - آنند - **رشٹ پُشٹ** (ھ) خوش اور فربہ - موٹا تازہ - مضبوط بدن -

رِشٹِ (س - مذکر) نیزہ - تلوار -

رُشٹ (س - صفت) ناراض - غصے -

رِشٹک (س - مذکر) ریٹھا -

رِشٹِک (س - مذکر) ایک قوم -

رَشحہ (ع - مذکر) ۱ ٹپکنا پانی کا ۲ قطرہ ۳ پسینہ ۴ رس (رَشح - پانی رسنا) **رشحات** (جمع) دیکھو رشحہ -

رُشد (ع - مذکر) ۱ راہ راست پر ہونا - ہدایت پانا ۲ راستی - سچائی ۳ تمیز - ہوش -

رَشف (ع - مذکر) ۱ گھونٹ پینا ۲ گھونٹ - قطرہ (پانی کا) -

رَشک (ف - مذکر) ۱ حسد - جلن - ڈاہ - حسد اور رشک میں یہ فرق ہے کہ رشک میں آدمی دوسرے کا برا نہیں چاہتا - بلکہ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ دوسرے کے برابر ہو جائے - حسد میں دوسرے کا نقصان مقصود ہوتا ہے ۲ غیرت (اصل ارشک - پہلوی ارسک - ژند ارشکہ - س ارش) **رشک آنا** (لازم) کسی کی ترقی وغیرہ دیکھ کر خواہش ہونا کہ ویسا ہو جائے - **رشکِ پری** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر پری کو رشک آئے - **رشکِ جنت** (صفت) جس پر جنت کو رشک آئے - **رشکِ حور** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر حور کو رشک آئے - **رشک دہ** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر رشک آئے - **رشکِ دیدۂ غزال** (صفت) وہ جس پر ہرن کی آنکھیں بھی رشک کریں - بڑی اور خوبصورت آنکھوں والا - **رشکِ زہرہ** (صفت) ایسا خوبصورت جس پر زہرہ کو بھی رشک آئے - **رشک سے جلنا** (لازم) کسی کی ترقی وغیرہ دیکھ کر رنج کرنا - **رشکِ قمر** (مذکر) ایسا خوبصورت جس پر چاند کو بھی رشک آئے - **رشک کرنا - کھانا یا لے جانا** (متعدی) دوسرے کی ترقی وغیرہ دیکھ کر رنج کرنا - **رشکِ گلشن** (صفت) وہ جس پر باغ کو رشک آئے -

رشکِ ماہ (مہر یا نجوم) (صفت) ایسا خوب صورت جس پر چاند (سورج یا ستاروں) کو رشک آئے۔ **رشک ہونا** (لازم) رشک کرنا کا۔ **رشکی** (صفت) رشک کرنے والا۔ **رشکِ یوسف** (صفت) ایسا خوبصورت جو یوسف کو بھی مات کرے۔ **رَشک** (۱۹) علی اوسط۔ اردو شاعر۔ ایک لغت اور تین دیوان یادگار رہیں۔

رِشمی (س۔ مذکر) ۱ باگ ۲ کرن ۳ پلک ۴ بال ۵ چابک۔

رَشن (ف۔ مذکر) ایرانی مہینے کی اٹھارویں تاریخ۔

رَشنا (س۔ مونث) ۱ رسی۔ رسن ۲ باگ۔ لگام ۳ عورت کا کمربند پیٹی ۴ کرن ۵ زبان۔

رَشنواد (ف۔ مذکر) ملکہ ہمائے کا سپہ سالار۔

رِشنی (س۔ مونث) رشی کی بیوی۔

رِشوت (ع۔ مونث) وہ نقدی یا چیز جو لے کر کسی کا کام کیا جائے۔ ناجائز نذرانہ۔ ڈالی۔ چلنا۔ دینا۔ کھانا۔ لینا۔ ہونا کے ساتھ (رِشوَ رُشاَ۔ رشوت دینا) **رشوت خوار یا خور** (مذکر) رشوت کھانے والا شخص۔ **رشوت دہی** (مونث) رشوت دینا۔ **رشوت ستانی** (مونث) رشوت لینے کا فعل۔ رشوت۔ **رشوت ستانی کا بازار گرم ہونا** (لازم) لوگوں کا عام طور پر رشوت لینا۔ **رشوت و بدکرداری** (مونث) ناجائز نذرانے لینا اور برے کام کرنا۔ **رشوتی** (مذکر) رشوت لینے والا۔ راشی۔

مقولہ۔ رشوت خور جہنمی ہے رشوت کھانے والا دوزخ میں جائے گا۔ رشوت کی مذمت ہے۔

رِشی (س۔ مذکر) ۱ پوتر منتروں کو گانے یا بنانے والا ۲ شاعر یا عالم جسے الہام ہوتا ہو ۳ عابد۔ زاہد۔ خدا پرست۔ سنت۔ منی ۴ وید یا مقدس کتاب ۵ زمانہ قدیم میں رشی ایک خاص مخلوق تھی۔ اور منتر گانے یا بنانے والے تھے۔ ان میں سات مشہور ہیں۔ گتسس۔ اتری۔ ربیھ۔ اگستیہ۔ کُیک۔ وسشٹھ اور ویاس۔ مہابھارت میں انگیرس۔ پُلبھ۔ کرتو۔ پلستیہ۔ وسشٹھ۔ مرچی۔ اتری کا ذکر پہلے منونترے کے رشیوں کی حیثیت سے آتا ہے۔ انہیں پرجاپتی بھی کہتے ہیں۔ بعد میں ڈکش۔ بھرگو اور نارد کا نام ایزاد ہوتا ہے ستپتھ براہمنہ میں گوتم۔ بھاردواج۔ وسوامتر۔ جمدگنی۔ وسشٹھ۔ کشیپ اور اتری کا ذکر ہے۔ اس کے بعد رشی کا لفظ عام ہو گیا اور خدا پرست اور زاہد کے معنوں میں استعمال ہونے لگا اور انکی کئی قسمیں ہو گئیں۔ مثلاً دیو رشی۔ برہم رشی۔ راجرشی وغیرہ انکے بعد مہارشی۔ پرم رشی وغیرہ بن گئے ۶ ساتوں رشی علم الافلاک میں صورت دب اکبر بناتے ہیں ۷ برہمنوں کے آٹھ درجوں میں سے آخری ۸ عدد سات ۹ چاند ۱۰ ایک خیالی دائرہ ۱۱ روشنی کی کرن ۱۲ ایک قسم مچھلی کی ۱۳ منتر رشی کا بنایا ہوا ۱۴ (مونث) رشی کی بیوی۔ **رشی پُتر** (مذکر) ۱ رشی کا بیٹا ۲ ایک مصنف۔ **رشی پَتن** (مذکر) بنارس کے نزدیک ایک جنگل۔ **رشی درون** (مذکر) ۱ ایک مقام۔ **رشی دیش** (مذکر) رشیوں کا ملک جو دریائے سرسوتی اور دردوتی (دگھگھر) کے درمیان واقع تھا۔ **رشی کلپ** (مذکر) برہمنوں کے آٹھ درجوں میں سے چھٹا۔ **رشی کُلیہ** (مونث) ۱ دریائے سرسوتی ۲ پوتر منتر۔

رِشیپن (۱۸۴۹-۱۹۲۶) فرانسیسی شاعر۔ ناٹک نویس اور ناولسٹ۔

رَشید (ع۔ صفت) ۱ ہدایت یافتہ۔ تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ ۲ نیک بخت پرہیزگار ۳ فرمانبردار۔ تابعدار ۴ خدا کا ایک صفاتی نام ۵ بعض ناموں کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے ہارون الرشید مامون رشید۔ **رشیدیہ** (مذکر) ایک فرقہ۔

رَشید (۱۸۰۰-۱۸۵۸) مشہور ترک مدبر بڑا قابل آدمی تھا۔ **رشید الدین** ۱ (۱۲۴۷-۱۳۱۸) امیر فضل اللہ۔ ابن عماد الدولہ۔ حکیم تھا ہمدان میں پیدا ہوا۔ اباخاں کے پاس ملازم ہوا۔ غزان خاں نے اسے وزیر بنایا۔ الجیتو نے بھی اسے وزارت پر قائم رکھا۔ ابوسعید کے عہد میں اسے قتل کر دیا گیا۔ اس کی تصنیفات جامع التواریخ۔ مفتاح التفاسیر۔ کتاب التوضیحات۔ رسالت السلطنت وغیرہ ہیں ۲ دیکھو رشیدی۔ **رشیدی** (۱۰۸۵-۱۱۸۲) عبد الجلیل وطواط عمری۔ ایرانی شاعر۔ بلخ میں پیدا ہوا۔ سمرقند میں تعلیم پائی۔ انوری کا بہت دوست تھا۔ اسکی تصنیفات مصباح شریف اور حدائق الشعر ہیں۔

رِشیلو (۱۵۸۵-۱۶۴۲) کارڈینل ڈیوک ڈ۔ ایک فرانسیسی پادری اور مدبر جو لوئی سیزدہم کا وزیر تھا۔

رِشیہ (س۔ مذکر) سفید پاؤں کا بارہ سنگا۔

رَصاص (ع۔ مذکر) رانگ۔ سیسہ۔

رَصّاص (ع۔ مذکر) سیسہ بیچنے والا۔ سیسے کے برتن وغیرہ بنانے والا۔

رَصد (ع۔ مذکر) ۱ ملاحظہ کرنا۔ مشاہدہ کرنا ستاروں کا ۲ وہ جگہ جہاں ستاروں کا مشاہدہ کیا جائے ۳ وہ آلات جن سے مشاہدہ کیا جائے (رَصَدَ۔ نگاہداشت رکھنا) **رصد خانہ یا گاہ** (مونث) ستاروں کے مشاہدہ کرنے کا مینار۔ **رصد نشین** (مذکر) نجومی۔

رض (ع) رضی اللہ عنہ کا مخفف۔

رَضا (ع۔ مونث) ۱ مرضی۔ رضامندی ۲ اجازت ۳ خوشی یا قناعت کی حالت ۴ خوشنودی ۵ رخصت۔ چھٹی (رَضُوَ۔ خوش ہونا) **رضا پانا** (متعدی) اجازت پانا۔ **رضا پٹی** (مونث) سالانہ تعطیلوں کی فہرست۔ **رضا جو۔ رضا جوئی**

(مونث) دوسرے کی خوشنودی - دوسرے کو خوش کرنے کی کوشش - **رضاکار** (صفت) والنٹیر - **رضامند** (صفت) راضی - خوشنود - **رضامندی** (مونث) خوشنودی - منظوری - **رضا و رغبت** (مونث) مرضی اور خوشنودی - آزاد اجازت - **رضا و رغبت سے** (تف) خواہش سے - آپ سے - **رضائے خدا** (مونث) خدا کی مرضی یا خوشنودی کے لئے - خدا کے لئے - **رضائے خدا پر راضی رہنا** (لازم) صبر کرنا -

امثال - **رضا بہ قضا** - جو خدا کی مرضی ہے اسپر راضی ہیں - **رضائے مولا از ہمہ اولے** - خدا کی مرضی سب سے بہتر ہے -

رضا ۱ (۱۸) قلی مرزا ابن نادر شاہ باپ نے اسے ۱۷۴۲ء میں اندھا کر دیا تھا ۲ دیکھو علی موسئے رضا - **رضا شاہ** (۱۸۷۷ -) پہلوی - اصل نام رضا خاں - فوج میں معمولی سپاہی تھا - ترقی کرتے کرتے جرنیل ہو گیا - قاچار خاندان کا آخری بادشاہ یورپ چلا گیا تھا - اس کی غیر حاضری میں اس نے تخت و تاج پر قبضہ کر لیا - ملک ایران میں بہت سی اصلاحیں کی ہیں -

رَضاع (ع - مذکر) **رضاعت** (مونث) بچوں کو دودھ پلانا (رضع - ماں کا دودھ پینا) **رضاعی** (صفت) اکٹھا دودھ پیا ہوا - **رضائی بھائی** (مذکر) **بہن** (مونث) وہ جس کی ماں کا دودھ پیا ہو -

رَضائی (ف - مونث) روئی دار دولائی رنگدار کپڑے کی - چھوٹا لحاف (ف رزیدن رنگنا (س رَج) -

رِضوان (ع - مذکر) ۱ بہشت ۲ داروغہ بہشت کا نام ۳ برکت ۴ رضا - رضامندی - خوشنودی (رَضو - خوش ہونا) **رضوانَ اللّٰہِ علیہ** - رضی اللہ عنہ - **رضوانی** (صفت) بہشت کا یا اس کے متعلق -

رَضوی (عرب) مدینہ کے قریب ایک پہاڑی -

رَضوی - رَضویہ (ع - صفت) امام علی موسئے رضا سے منسوب -

رَضی (ع - صفت) خوشنود - راضی - **رضی اللہ عنہُ** (عنہا عورت کے لئے) خدا اس سے راضی ہو - پیغمبر صلعم کے اہل بیت - اماموں اور اصحابہ کے ناموں کے بعد تعظیماً کہتے ہیں -

رضی ۱ (- ۱۲۸۷) شیخ بن حسن - کافیہ اور شافیہ کا شارح ۲ (- ۱۲۰۲) مولانا رضی الدین نیشا پوری - شاعر اور فقیہ - محیط کا مصنف - **رضی الدین** ۱ (- ۱۲۸۵) محمد بن علی شاطبی ایک عرب مصنف ۲ دیکھو رضی ۲ ۳ دیکھو علی لالہ -

رَضیع (ع - صفت) ۱ رضاعی ۲ شیر خوار (طفل) (رَضَع - بلند کرنا) -

رَضینا (ع - ماضی جمع متکلم) ہم راضی ہوئے - **رضینا بقضا** - ہم حکم خدا پر راضی ہوئے -

رَضیہ (ع - صفت) ۱ قابل تعریف ۲ (مذکر) قابل تعریف کام (رَضو خوش ہونا) -

رَضیہ سلطانہ (- ۱۲۳۹) بنت شمس الدین التمش - دہلی کے تخت پر ۱۲۳۶ء میں اپنے بھائی رکن الدین فیروز کی معزولی کے بعد بیٹھی - اور ایک حبشی غلام پر مہربانی کرنے کی وجہ سے ۱۲۳۹ء میں معزول ہو کر قلعہ بھٹنڈہ میں قید کی گئی - وہاں سے فرار ہو کر لشکر جمع کر کے دہلی کی طرف کوچ کیا - مگر کیتھل کے قریب اس نے شکست کھائی - اس کے بھائی بہرام شاہ نے اسے قتل کیا - اس کا مقبرہ کیتھل کے قریب ہے -

رَطب (ع - مذکر) ۱ تر خرما ۲ (صفت) تر - تازہ - نرم (رُطب - گیلا ہونا) **رطب اللسان** (صفت) تر زبان - مداح - **رطب و یابس** (صفت) ۱ تر و خشک ۲ نیک و بد - برا بھلا اونچ نیچ -

رُطب (ع - مذکر) سبزی - سبز درخت سبزہ زار (رَطب - تازہ ہونا) -

رُطَب (ع - مذکر) ارطب کی جمع تازہ پکی ہوئی کھجوریں -

رَطل (ع - مذکر) ۱ ایک وزن جو عرب میں ۲۸ تولے ۴ ۱/۲ ماشے کا ہوتا ہے - شام میں ۲ ۱/۲ سیر کا - مصر میں تقریباً ایک سیر کا - اور بعض جگہ نصف من کا ہوتا ہے (رَطل - تولنا) -

رِطل (ع - مذکر) شراب کا پیالہ -

رُطوبات (ع - مونث) رطوبت کی جمع -

رُطوبت (ع - مونث) ۱ تری - نمی - سیل ۲ تھوک ۳ تازگی - نرمی (رَطب - گیلا ہونا) **رطوبتِ اصلیہ** (مونث) خلقی نرمی جو عضو بدن میں ہوتی ہے - **رطوبتِ معدہ** (مونث) صفرا - پت -

رُعاب (ع - مذکر) بازاریوں نے رعب کی مٹی پلید کی ہے (غف) -

رُعایا (ع - مونث) رعیت کی جمع - اردو میں مفرد -

رِعایت (ع - مونث) ۱ حفاظت - بچاؤ - نگہداشت ۲ مناسبت ۳ لحاظ - خیال - وجہ ۴ طرفداری ۵ مہربانی - توجہ ۶ کمی تخفیف ۷ رحم - نرمی ۸ ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ تشبیہات اور استعارے پہلے لفظ کی مناسبت سے آتے ہیں (رَعیٰ - چرانا - حفاظت کرنا) **رعایت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ طرفداری ہونا ۲ مہربانی ہونا ۳ کمی ہونا ۴ کسی بات کا خیال یا لحاظ ہونا - **رعایت منظور ہونا** (لازم) طرفداری ہونا - مہربانی ہونا - **رعایتی** (مونث) وہ جس کی رعایت کی جائے - **رعایتی رخصت** (مونث) ایک قسم کی رخصت جو گیارہ مہینے کی نوکری کے بعد ایک مہینہ ملتی ہے - اس میں پوری تنخواہ ملتی ہے -

رُعب (ع - مذکر) ۱ ڈر - خوف - دہشت - ہیبت ۲ ڈر سے کانپنا ۳ دبدبہ - شان و شوکت - دھاک (رَعَب - ڈرانا) **رعب باندھنا** بٹھانا (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) **جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) **چھاجانا یا چھانا** (لازم) دھاک بٹھانا - **رعب حسن** (مذکر) رعب کا دبدبہ - (و **داب** (مذکر) دبدبہ - دھاک - **رعب دار** (صفت) ۱ دبدبہ والا ۲ ڈراونا - خوفناک - **رعب ماننا** (متعدی) **بامیں آجانا** (لازم) ڈر جانا - خوف میں آجانا - **رعب ہونا** (لازم) دبدبہ ہونا - ڈر ہونا (رُعَب ڈالنا - کھانا) -

رَعبان (عراق) دریائے فرات پر ایک قصبہ -

رَعد (ع - مذکر) ۱ آواز جو ابر سے پیدا ہوتی ہے - یہ دو بجلیوں کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے ۲ بادلوں کا فرشتہ - مسلمانوں کا خیال ہے کہ یہ اس کی آواز ہے ۳ ایک آدمی کا نام جو رباب کا عاشق تھا (رَعَدَ - گرجنا) **رعد کی آواز** (مونث) بجلی کی کڑک - **رعد گڑگڑانا** (متعدی) بادل گرجنا - **رعد و برق** (مونث) بجلی اور کڑک -

رَعشہ (ع - مذکر) ۱ کپکپی تھرتھراہٹ ۲ ایک بیماری کا نام جس میں بدن کانپتا ہے (رَعَشَ کانپنا) **رعشہ آنا** (لازم) بدن کانپنا - **رعشہ براندام** (صفت) وہ جس کے بدن پر رعشہ پڑا ہو - **رعشہ پڑنا** (لازم) رعشہ کی بیماری ہونا - **رعشہ دار** (صفت) کانپنے والا - **رعشہ دار آواز** (مونث) وہ آواز جو تھرتھرا کر منہ سے نکلے - **رعشہ ہونا** (لازم) رعشہ کی بیماری ہونا -

رَعنا (ع - صفت) ۱ انداز سے چلنے والا - خوش خرام ۲ خوشنما زیبا ۳ خوبصورت - حسین ۴ نازک - نرم ۵ ایک پھول - **رعنا زیبا** (مذکر) لکھنؤ کا ایک قسم کا کپڑا - **رعنائی** (مونث) ۱ خوشخرامی ۲ خوب صورتی - حسن ۳ زیبائی - خود آرائی (دکھانا - دیکھنا کے ساتھ) **رعنائی سے خالی نہ ہونا** (لازم) خوبصورتی سے مبرا نہ ہونا - خوبصورتی ہونا - زیبائی ہونا - **رعنائی و زیبائی** (مونث) خوبصورتی - حسن - خوشخرامی اور حسن (دکھا - دیکھنا - مٹانا - ٹنا کے ساتھ) -

رُعُونت (ع - مونث) تکبر - غرور - فخر - کبر - گربھ - نخوت - گھمنڈ - خود بینی - ابھیمان (رَعَنَ - نرم ہونا) -

رَعیّہ (ہند) ضلع امرتسر میں ایک قصبہ - جو سکندر کی آمد کے وقت ایک بڑا شہر تھا - اس کے قریب سے سکندر واپس ہوا تھا -

رَعیّت (ع - مونث) وہ لوگ جو بادشاہ یا راجہ کی سلطنت میں آباد ہوں - پرجا - رعایا ۲ مالگذار - کاشتکار - اسامی ۳ نوکر - ملازم - متعلقین ۴ وہ شخص جو بغیر کرائے کے کسی مکان میں رہے (رَعیٰ - حفاظت کرنا) **رعیت آزار** (صفت) رعیت کو تکلیف دینے والا - ظالم - **رعیت آزاری** (مونث) رعیت پر ظلم کرنا - **رعیت پرور** (صفت) رعیت کی حفاظت یا مدد کرنیوالا - فیاض (حاکم یا مالک) **رعیت پروری** (مونث) رعیت کی حفاظت - رعیت کے ساتھ نیک سلوک **رعیت دار** (مذکر) حاکم - گورنر - **رعیت واری** (مونث) حکومت - سلطنت - **رعیت نواز** (صفت) دیکھو رعیت پرور - **رعیت نوازی** (مونث) دیکھو رعیت پروری - **رعیت واری** (صفت) ۱ فرداً فرداً - ایک ایک کاشتکار کے ساتھ ۲ (مونث) ایک طریقہ مالگذاری کا جس میں ہر ایک کاشتکار براہ راست مالگذاری سرکار کو دیتا ہے - **رعیت واری فیصلہ** (مذکر) بند و بست رعیت واری طریق پر - **رعیتی** (مونث) ۱ رعیت کا - رعیت کی ملکیت ۲ جو کاشتکار یا آسامی کو دی جائے ۳ (مونث) دخل کاری - قبضہ کرایہ داری ۴ اطاعت - تابعداری ۵ زمین جس کی مالگذاری نقدی میں دی جائے برخلاف خمار کے جس کی جنس میں ادا کی جاتی ہے ۶ زمین جو براہ راست کاشتکار کو کاشت کے لئے دی جائے ۷ زمین جس پر کاشتکار رہے اور کاشت کرے -

رَغبت (ع - مونث) ۱ خواہش - آرزو ۲ رجحان - میلان (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَغِبَ خواہش کرنا) **رغبت آنا** (لازم) میلان یا رجحان ہونا - **رغبت دلانا** (متعدی) خواہش پیدا کرنا - اکسانا - **رغبت رکھنا** (متعدی) میلان ہونا - خواہش ہونا - **رغبت کی آنکھ سے دیکھنا** (متعدی) پسند کرنا - خواہش کرنا -

رَغم (ع - مذکر) ۱ حقارت سے دیکھنا ۲ ذلت - شرم ۳ نفرت - حقارت - تحقیر - (رَغَمَ - ناپسند کرنا) **رغم سے** (تف) ۱ نفرت سے - حقارت سے - بغض سے - کینے سے -

رِغی (۱۸۵۰ - ۱۹۲۰) آگسٹو - اطالوی ماہر - علم طبیعات -

رِف (ع - مذکر) مراکو کے علاقہ ریف کی بربر قوم -

رِفادت (ع - مونث) ۱ زخم پر باندھنے کی پٹی ۲ بھری ہوئی زین - بھرا ہوا سرہانہ ۳ وہ اشیا جو قریش حاجیوں کے لئے کعبہ میں لاتے ہیں - (رَفدَ - مدد کرنا) -

رِفارم (انگ - مذکر) مصلح - اصلاح کرنے والا -

رِفاعت (ع - مونث) پیغمبر صلعم کے ۲۳ - اصحاب کا نام -

رِفاقت (ع - مونث) ۱ ہمراہی - ساتھ - سنگت ۲ میل جول - صحبت - اتحاد ۳ وفاداری - خیر خواہی (ہونا کے ساتھ) (رَفَقَ - مہربان ہونا) **رفاقت چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ساتھ چھوڑ دینا - صحبت ترک کر دینا - میل جول نہ رکھنا - **رفاقت سے منہ موڑنا** (متعدی) ساتھ چھوڑنا بیشتر نفی کے ساتھ - **رفاقت کرنا** (متعدی) ۱ ساتھ دینا - ہمراہ رہنا ۲ وفاداری

کرنا۔ خیر خواہی کرنا۔ **رفاقت نہ چھوڑنا** (متعدی) ساتھ نہ چھوڑنا۔ وفاداری کرنا۔

رِفاہ (ع۔ مونث) ۱ آرام کی زندگی۔ زندگی کا لطف ۲ آرام۔ چین۔ سکھ ۳ تن آسانی ۴ نیکی۔ بھلائی۔ بہبودی (رَفہ۔ آرام سے زندگی بسر کرنا) **رفاہِ عام یا خلائق** (مونث) عوام یا خلقت کی بہبودی۔ **رفاہیت** (مونث) دیکھو رفاہ۔

رَفت (ف۔ ماضی) ۱ رفتن کی ۲ (مونث) روانگی۔ چلنا۔ اردو میں آمد رفت میں استعمال ہوتا ہے ۳ رفتہ کا مخفف گیا ہوا۔ **رفتار** (مونث) ۱ چال ۲ چلن۔ روش۔ **رفتار اڑانا** (متعدی) چال یا وضع کی نقل کرنا۔ **رفتار زمانہ** (مونث) زمانے کی روش۔ **رفتارِ مستانہ** (مونث) نخروں کی چال۔ جھوم جھوم کر چلنا۔ مست آدمی کی چال۔ **رفتار و گفتار** (مونث) چال چلن۔ طور طریقہ۔ **رفتگاں** (مذکر) جمع رفتہ کی۔ گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ۔ **رفتگی** (مونث) ۱ بیخودی ۲ نقصان۔ جاتے رہنا۔ **رفتگیٔ بصارت** (مونث) اندھا ہو جانا۔ بینائی جاتی رہنا۔ **رفتگیٔ خون**۔ (مونث) خون کا نکل جانا۔ **رفتگیٔ شنوائی** (مونث) بہرا ہو جانا۔ **رفت (و) آمد** (مونث) آمد رفت۔ **رفت و گذشت** (مونث) گیا گزرا (ہونا کے ساتھ) **رفتن** (متعدی) ۱ جانا۔ چلنا ۲ مرنا ۳ بیہوش ہو جانا۔ **رفتنی** (مونث) ۱ جانے کے قابل۔ جانے پر مجبور ۲ جانے والا ۳ عارضی۔ **رفتہ** (صفت) ۱ بیخود۔ عاشق ۲ گیا ہوا ۳ مرا ہوا ۴ کھویا ہوا۔ **رفتہ رفتہ** (تف) آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔

مثل۔ رفتن و نشستن بہ کہ دویدن و گسستن۔ آہستہ روی اور بیٹھ جانا چھٹنے اور دوڑنے سے بہتر ہے۔ آرام سے کام کرنا جلدی کام کرنے سے بہتر ہے۔

رُفت (ف۔ ماضی) رُفتن کی۔ (مونث) جھاڑو دینا۔ **رفت (و) روب** (مونث) جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔

رَفرَف (ع۔ مذکر) ۱ لہروں کی تیز حرکت ۲ پھڑپھڑاہٹ پروں کی ۳ ایک چوڑا طاقچہ جس پر گھر میں قیمتی اشیا رکھتے ہیں ۴ سبز کپڑا جس کے فرش وغیرہ بنتے ہیں ۵ تکیہ۔ سرہانہ۔ فرش ۶ کوئی فالتو چیز جو لٹکتی رہے ۷ خیمے کے نیچے کا کپڑا ۸ زرہ کے پہلو جو نیچے لٹکے رہیں۔ ۹ کوئی چیز جو خود کے پچھلی طرف لگائی جائے اور لٹکتی رہے ۱۰ حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام ۱۱ ایک درخت جو یمن میں ہوتا ہے ۱۲ ایک قسم کی مچھلی ۱۳ وہ جانور جس پر پیغمبر صلعم معراج میں سوار ہوئے تھے۔

رَفری (انگ۔ مذکر) وہ شخص جو کسی معاملے یا کھیل میں فیصلہ کرے۔

رِفض (ع۔ مذکر) ۱ رافضی کا عقیدہ یا مذہب ۲ بدعت۔ اختلاف ۳ رافضی ہونا۔ چھوڑ دینا (رَفض۔ چھوڑ دینا)۔

رَفضی (ف۔ مذکر) رافضی۔

رَفع (ع۔ مذکر) ۱ اٹھانا۔ بلند کرنا ۲ نکالنا۔ دور کرنا ۳ پورا کرنا۔ مکمل کرنا ۴ فیصلہ کرنا۔ طے کرنا ۵ ترقی۔ عروج ۶ فیصلہ۔ طے شدہ بات (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَفعَ۔ اٹھانا۔ **رفع احتیاج یا حاجت** (مذکر) پیشاب پاخانہ کرنا کی ضرورت (ہونا کے ساتھ) **رفع دفع** (مذکر) ۱ ختم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ پیچھا چھڑانا ۲ فیصلہ۔ طے شدہ بات۔ **رفع دفع کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ دور ہونا۔ ہٹنا ۲ ختم ہونا۔ معاف ہونا ۳ پیچھا چھٹنا ۴ جھگڑا مٹنا۔ **رفع شر یا فساد** (مذکر) شر یا فساد دور کرنا۔ **رفع نامہ** (مذکر) فیصلے کی تحریر۔ **رفع یدین** (مذکر) نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اٹھانا۔

رِفعت (ع۔ مونث) بالفتح غلط العام ہے ۱ بلندی۔ اونچائی ۲ مرتبے کی بلندی۔ ترقی۔ عروج ۳ عظمت۔ شان۔ منزلت۔ عزت۔ (رَفَعَ۔ اٹھانا)۔

رِفق (ع۔ مونث) مہربانی۔ نرمی حلم (رَفقَ۔ حلیم ہونا)۔

رُفَقا (ع۔ مذکر) جمع رفیق کی۔

رَفل (انگ۔ مونث و مذکر) رُفل کا مخرب ۱ ایک نالی بندوق جس میں گولی چلے ۲ ایک قسم کا باریک کپڑا۔ **رفل پڑنا** (لازم) اچانک صدمہ پہنچنا۔ **رفل چلانا** (متعدی)، **چلنا** (لازم) رفل کا سر ہونا۔

رَفو (ع۔ مذکر) ۱ پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگوں سے مرمت کرنا۔ پھٹی ہوئی جگہ کو بھرنا ۲ ایک قسم کی سلائی جس سے عام طور پر شال دوشالوں کی مرمت کی جاتی ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَفوَ۔ مرمت کرنا) **رفو چکر** (مذکر) فرار ہونا۔ کھسک جانا۔ چپکے سے چلا جانا۔ (ہو جانا ہونا کے ساتھ) **رفو چکر میں آجانا یا آنا** (لازم) ۱ مصیبت میں پھنس جانا ۲ گھبرا جانا۔ حیران ہونا۔ (مت) **رفو چکر ہو**۔ چلتا بن۔ ابھی چلا جا۔ **رفو کاری** (مونث) دیکھو رفو۔ **رفو کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو رفو ۲ دل دکھانے والی بات کہنے کے بعد پھر سخن سازی و چاپلوسی کرنا۔ **رفو کھلنا** (لازم) رفو کے تاگے ٹوٹ جانا۔ **رفوگر** (مذکر) وہ شخص جو رفو کرے۔ **رفوگری** (مونث) ۱ رفو کا کام ۲ رفو کرنے کا پیشہ۔

رَفَہ (ف۔ مذکر) عقد ثریا۔ پروین سپت رشی۔

رِفیدہ (ع۔ مذکر) ۱ پرانے کپڑے جو اکٹھے سئے ہوئے ہوں ۲ گدا جس پر رکھ کر روٹی تنور میں لگاتے ہیں ۳ گدا جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں ۴ (طنزاً) پگڑی۔ گول اور بد وضع پگڑی (رَفدَ۔ جانور پر نمدہ رکھنا۔

رَفیع (ع۔ صفت) بلند۔ اونچا۔ (رَفعَ۔ بلند ہونا)، **رفیعُ الدرجات** (صفت) بڑے درجے یا مرتبے والا۔ **رفیعُ الشان** (صفت) بڑی شان یا مرتبے والا۔ **رفیعُ المرتبہ** (صفت) اونچے

مرتبے والا۔ رفیع ہونا (لازم) اونچا یا بلند ہونا۔
رفیع - دیکھو محمد رفیع واعظ۔ **رفیع الدرجات** (۱۷۱۹ -) بن رفیع الشان بن بہادر شاہ اول۔ شہنشاہ ہند۔ ۱۷۱۹ء میں فرخ سیر کی وفات پر تخت نشین ہوا۔ مگر چند ماہ بعد تپ دق سے فوت ہوا رفیع الدولہ اس کی جگہ تخت نشین ہوا۔ **رفیع الدولہ** (۱۷۱۹ -) شاہ جہان ثانی بن رفیع الشان بن بہادر شاہ شہنشاہ ہند۔ رفیع الدرجات کا چھوٹا بھائی اسکی وفات پر ۱۷۱۹ء میں تخت نشین ہوا مگر بہت جلد ہی مرگیا۔ اس کے بعد محمد شاہ تخت نشین ہوا۔ **رفیع الدین** (۱۶/۱۷) ۱ اکبر کے زمانے کا ایک فارسی شاعر جو صاحب دیوان ہے ۲ حیدر (۱۶) رفیعی معمائی۔ ایک ایرانی شاعر ۳ سودا دیکھو سودا ۴ لبنانی (۱۶) ایرانی شاعر صاحب دیوان ۵ محمد (۱۵۴۷ -) محدث۔ دہلی کا باشندہ تھا۔ **رفیع الشان** (۱۷۱۲ -) بن بہادر شاہ اول۔ اپنے بھائی جہاندار کے ساتھ جنگ کرتا ہوا قتل ہوا۔ **رفیع خاں** (۱۷۱۱ -) باذل۔ عالمگیر کے زمانے میں قلعہ گوالیار کا حاکم تھا۔ اس کی وفات پر اسنے گوشہ نشینی اختیار کی۔ صاحب دیوان ہے اور حملہ حیدری کا مصنف ہے۔ دلی کا باشندہ تھا۔ **رفیعی معمائی**۔ دیکھو میر حیدر رفیعی۔
رَفیق (ع۔ مذکر) ۱ ساتھی۔ ہمراہی۔ ہم سفر ۲ مددگار۔ معاون ۳ خیر خواہ ۴ مصاحب۔ ہم نشین ۵ دوست۔ یار ۶ کسی کام میں شریک ۷ مرید۔ پیرو (رفق۔ ہمراہ چلنا)۔
مثل۔ رفیق کنج تنہائی کتاب است
کتاب گوشہ تنہائی کی رفیق ہے۔ تنہائی کی حالت میں کتاب ایک رفیق کا کام دیتی ہے۔
رِقاب (ع۔ مذکر) جمع رقبہ کی۔
رَقابت (ع۔ مونث) ۱ مخالفت چشمک۔ ہم چشمی۔ ہمسری ۲ ایک معشوق کے کئی عاشق ہونا ۳ محبت میں شرکت (رقیب۔ نگاہداشت رکھنا)۔ **رقابت کی آگ** (مونث) وہ جلن جو رقابت کی وجہ سے ہو۔

رَقّاص (ع۔ مذکر) ۱ ناچنے والا شخص ۲ کلاک کا لٹکن ۳ گھڑی کا سپرنگ (رَقص۔ ناچنا)۔ **رقّاص فلک** (مذکر) زہرہ ستارہ۔ **رقّاصہ** (مونث) ناچنے والی عورت۔ طوائف۔ **رقّاصی** (مونث) ۱ ناچنا ۲ ناچنے کا پیشہ۔
رِقاع (ع۔ مذکر) ۱ جمع رقعہ کی ۲ ایک قسم کا خط۔
رَقاق (ع۔ مذکر) ۱ نرم سطح زمین ۲ (صفت) گرم (دن) (رَقّ۔ باریک ہونا)۔
رِقاق (ع۔ مذکر) ۱ جمع رقیق کی غلام ۲ جمع رَقّت کی۔ ایسی زمین جس میں پانی بھر جائے۔
رُقاق (ع۔ مذکر) جمع رُقاقت کی۔ **رُقاقت** (مونث) پتلی روٹی۔ چپاتی (رَقّ پتلا ہونا)۔
رَقائق (ع۔ مذکر) جمع رقیقہ۔
رَقائم (ع۔ مذکر) جمع رَقیمہ۔
رَقبہ (ع۔ مذکر) ۱ گردن ۲ غلام ۳ (ف) گھری ہوئی زمین۔ احاطہ ۴ زمین متعلقہ دیہ ۵ وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب دینے سے حاصل ہو۔ یہ مستطیل شکل کے لئے ہے۔ مختلف اشکال کے رقبہ نکالنے کے مختلف طریقے ہیں (رَقب۔ گردن سے باندھنا)۔ **رقبۂ ارضی** (مذکر) زمین کا رقبہ ۲۔ **رقبہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) حساب کے طریقے سے کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا۔
رِقّت (ع۔ مونث) ۱ پتلا پن ۲ رونا۔ گریہ ۳ منی کا پتلا ہونا ۴ رحم۔ مہر۔ شفقت۔ مہربانی (رَقّ۔ پتلا ہونا)۔ **رقّت آنا** (لازم) ۱ گریہ کرنا ۲ رحم آنا۔ **رقّتُ الدم** (مونث) خارش۔ **رقّتُ العیش** (مونث) زندگی کا آرام۔ **رقّت انگیز** (صفت) جس پر رونا یا رحم آئے۔ **رقّتِ قلب** (مونث) دل کی نرمی یا مہربانی۔ **رقّتِ منی** (مونث) ایک بیماری جس میں منی پتلی پڑجاتی ہے۔ **رقّت نہ رکنا** (لازم) رونا بند نہ ہونا۔ لگاتار روتے جانا۔ **رقّت ہونا** (لازم) ۱ رونا آنا ۲ رقّت منی کی بیماری ہونا۔
رَقص (ع۔ مذکر) ناچ۔ مجرا۔ نرت۔ (رَقص۔ ناچنا) **رقصاں** (تف) ناچنے والا ۲ (مذکر) ناچنا۔ کودنا ۳ اونٹ کا کودنا۔ **رقصِ بسمل** (مذکر) ۱ ذبح کئے ہوئے جانور کا پھڑکنا۔ تڑپنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔ **رقصِ چار پارہ** (مذکر) ایک قسم کا ناچ **رقصِ درختاں** (مذکر) آندھی سے درختوں کی ٹہنیوں اور پتوں کا زور سے ہلنا۔ **رقصِ روانی** (مذکر) ایک قسم کا ناچ۔ **رقصِ صنوبر** (مذکر) صنوبر کی ٹہنیوں اور پتوں کا ہلنا۔ **رقصِ طاؤس** (مذکر) ۱ مور کا ناچنا ۲ ایک قسم کا ناچ۔ **رقصِ فانوس** (مذکر) ۱ روشن مینار کا چمکنا ۲ فانوس کا گردش کرنا۔ **رقصِ فرنگی یا کچول** (مذکر) ایک قسم کا ناچ۔ **رقص کرنا** (متعدی) ۱ ناچنا۔ خوشی منانا یا ظاہر کرنا ۲ دوڑتے پھرنا۔ **رقص کناں** (تف) ناچتے ہوئے **رقص وسرود یا غنا** (مذکر) ناچنا گانا۔
مثل۔ رقص کردن خودنہ داند صحن را گوید کج است۔ ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔
رَقطاء (ع۔ مونث) ایک صنعت تحریر کی جس میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط ہوتا ہے۔
رُقعات۔ رُقعجات (ف۔ مذکر) رقعہ کی جمع۔ **رقعاتِ عالمگیری** (مذکر) ایک کتاب کا نام جس میں اورنگزیب کے خطوط درج ہیں۔
رُقعہ (ع۔ مذکر) ۱ ٹکڑا۔ پرزا ۲ چھوٹا خط۔ خط ۳ وہ کاغذ جو پیام نسبت کے واسطے حسب نسب لکھ کر لڑکی کے گھر بھیجتے ہیں ۴ وہ چھپا یا لکھا ہوا رنگین خط جو بیاہ شادی یا دیگر کسی خوشی کے موقعہ پر لوگوں کو بلانے کے لئے بھیجتے ہیں ۵ پیوند۔ تھگلی (رَقع۔ پیوند لگانا)۔ **رقعہ آنا** (لازم) ۱ نسبت کا

پیغام آنا۔ کسی تقریب کے موقعہ پر بلاوے کی چٹھی آنا۔ **رقعہ بھیجنا** (متعدی) کسی تقریب پر بلانے کے لئے چٹھی بھیجنا۔ **رقعہ جانا** (متعدی) نسبت کیلئے چٹھی بھیجنا۔ **رقعہ لکھوانا** (متعدی)، **لکھنا** (لازم) چٹھی لکھنا۔ **رقعہ وار** (مذکر) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

رَقم (ع۔ مونث) ۱ تحریر۔ لکھنا ۲ عدد۔ ہندسہ ۳ عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار سے بنائے گئے ہیں۔ عہ عدد۔ عہ عدوان۔ ثہ ثلاثہ۔ للہ اربعہ۔ صہ خمسہ۔ سے ستہ۔ سہ سبعہ۔ ثہ ثمانیہ۔ لہ تسعہ۔ عہ عشر ۴ کل تعداد۔ میزان ۵ مال۔ دولت۔ قیمتی چیز ۶ جواہر مرصع ۷ قسم۔ نوع۔ جنس ۸ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ ۹ اندراج۔ مد ۱۰ مشترکہ جائداد کا ایک حصہ ۱۱ مالگزاری کی شرح ۱۲ چٹھی جو شاہزادہ لکھے ۱۳ کشیدہ کار یا دھاری دار کپڑا ۱۴ نشان۔ قیمت کا نشان ۱۵ ناٹک کا ایک ایکٹ ۱۶ حساب (رَقَمَ۔ لکھنا)۔ **رقمِ اوّل** (مونث) خدا کا تخت۔ کرسی۔ **رقم پذیر یا زدہ** (صفت) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔ **رقم زن۔ سنج یا طراز** (صفت) لکھنے والا۔ کاتب۔ محرر۔ **رقم سائر یا سوائے** (مونث) وہ آمدنی جو علاوہ لگان کے زمیندار کو وصول ہوتی ہے۔ **رقم کاٹنا** (متعدی)، **کٹ جانا یا کٹنا** (لازم) روپیہ کم ہوجانا۔ **رقم کٹ گئی**۔ بہت روپیہ صرف ہوگیا یا چوری ہوگیا۔ **رقم کرنا** (متعدی) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ **رقم ماری جانا** (لازم) روپے کا نقصان ہوجانا۔ **رقم وار** (صفت) تفصیل وار۔ **رقم ہندی** (مونث) اردو کے ہندسے۔ **رقم ہونا** (لازم) لکھا جانا۔ **رقمی** (صفت) ۱ نشان کیا ہوا ۲ لکھا ہوا۔ **رقمیں** (مونث) رقم کی جمع۔ **رقمیں چیرنا** (متعدی) روپیہ کمانا۔ مال حاصل کرنا۔

رقوم (ع۔ مونث) رقم کی جمع۔

رَقّہ (عراق) ایک شہر جو فرات کے کنارے آباد تھا۔ اب ویران ہے۔

رَقیب (ع۔ مذکر) ۱ ہم چشم۔ حریف ۲ ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک ۳ محافظ۔ نگہبان ۴ خدا کا ایک نام (رَقَبَ نگاہداشت رکھنا) **رقیباں** (جمع) رقیب کی۔ **رقیبانِ دست یا ہفت بام** (مذکر) سات ستارے۔ **رقیبانِ راز** (مذکر) مذہبی لیڈر۔

رَقیق (ع۔ صفت) ۱ پتلا۔ لطیف ۲ نرم۔ ملائم ۳ (مذکر) غلام (رَقَّ۔ پتلا ہونا)۔ **رقیق القلب** (صفت) نرم دل۔ **رَقیقہ** (مونث) لونڈی۔ کنیز۔

رَقیم (ع۔ مذکر) ۱ تحریر۔ کتاب ۲ خصوصاً وہ جس میں اصحاب کہف کا قصہ درج ہے ۳ انکا کتا ۴ انکا گاؤں یا پہاڑ ۵ غار جس میں وہ سوئے تھے۔ **رقیمہ** (مذکر) خط۔ چٹھی۔ رقعہ۔ نوشتہ۔ **رقیمۂ اول** (مذکر) ۱ خدا کا تخت۔ کرسی ۲ الف۔ **رقیمۂ نیاز یا وداد** (مذکر) نیازمند کی بجائے خط کے آخر میں نام سے پہلے لکھتے ہیں۔

رُقَیّہ ۱ (۔۴ ۶۲ء) پیغمبر صلعم کی ایک لڑکی کا نام جو پہلے عتبہ سے بیاہی گئی تھیں۔ ان کے طلاق دینے پر حضرت عثمان سے نکاح ہوا ۲ (۔۱۶۲۶ء) سلطان مرزا ہنڈال کی بیٹی اور اکبر کی بیگم تھی۔ اس کے کوئی اولاد نہیں تھی۔ اکبر نے اسے جہانگیر کا اتالیق مقرر کیا تھا۔

رَک (ف۔ مذکر) ۱ ناراضگی۔ غصہ یا بےصبری کی وجہ سے بڑبڑانا ۲ قطار۔ صف۔

رِک (س۔ مونث) ۱ رگ وید ۲ رگ وید کا منتر۔ مرکبات میں رگ ہوجاتا ہے۔

رُک (ہ۔ امر) ۱ رکنا کا ۲ (ہ۔ مذکر)۔ روک ۳ (تف) رُک کر (س رَکھ۔ حرکت کرنا) **رُکا** (ماضی) رکنا کی۔ **رکانا** (ہ) رُکوانا۔ **رکاوٹ** (مونث) روک۔ رکاؤ۔ **رکاؤ** (مذکر) ۱ روک ۲ توقف ۳ ہچکچاہٹ۔ جھجک۔ تامل ۴ اٹک۔ ٹھیراؤ۔ اٹکاؤ۔ **رکاؤ زور** (ہ) مزاحمت۔ روک۔ **رک جانا یا رہنا یا رکنا** (لازم) ۱ ٹھیرنا۔ کھڑا ہوجانا ۲ دم لینا۔ ستانا ۳ گفتگو میں اٹکنا ۴ ناتمام رہنا۔ ادھورا رہنا ۵ بند ہونا۔ مسدود ہونا ۶ پس وپیش کرنا ۷ آہستہ آہستہ کسی چیز میں سے نکلنا ۸ کھنچنا۔ کشیدہ ہونا ۹ کسی کام کو نہ کرنا۔ **رک (رُک) کر** (تف) ۱ ٹھیر ٹھیر کر ۲ لڑکھڑا کر۔ ہکلا کر۔ گفتگو میں ٹھیر کر ۳ ستا کر۔ دم لے کر۔ **رکنے والا** (صفت) وہ جو رک جائے یا ٹھیر جائے۔ **رُکوانا** (م) روکنا کا۔

رِکاب (ع۔ مونث) ۱ لوہے کا حلقہ جو زین میں دونوں طرف لٹکتا ہے۔ جس میں پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتے ہیں ۲ بادشاہوں یا امیروں کی سواری کا گھوڑا ۳ جلو۔ تزک۔ حشم وخدم ۴ وہ لفظ جو ایک صفحہ کے اخیر میں نیچے لکھتے ہیں اور جس سے اگلا صفحہ شروع ہوتا ہے ۵ ہشت پہلو پیالہ ۶ بڑی رکابی۔ (رَکِبَ۔ سوار ہونا) **رکاب پر پاؤں رکھے ہونا** (لازم) رخصت یا سفر پر آمادہ ہونا۔ چلنے کے لئے تیار ہونا۔ **رکاب تھامنا** (متعدی) گھوڑے پر چڑھتے ہوئے سائیس یا کسی دوسرے شخص کا رکاب پکڑنا۔ **رکاب ٹوٹنا** (لازم) رکاب کے چمڑے کا سواری میں ٹوٹ جانا۔ **رکابدار** (مذکر) ۱ گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر ۲ وہ نوکر جو امیر آدمیوں کے گھوڑے کے ساتھ دوڑتا ہے ۳ اعلےٰ باورچی ۴ وہ شخص جو اچار چٹنیاں مربے وغیرہ بنا کر بیچے۔ **رکاب دوال** (مذکر) وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی ہے۔ **رکابِ سعادت** (مذکر) بادشاہ کے گھوڑے کے ساتھ دوڑنے والا۔ ملازم۔ **رکاب میں** (تف) ہمرکاب۔ ہمراہ۔ **رکاب میں پاؤں رکھنا** (متعدی) گھوڑے پر سوار ہونا۔ **رکاب میں پاؤں رہنا** (لازم) ہروقت چلنے کے لئے تیار رہنا۔ **رکابی** (مونث) ۱ تشتری عموماً چینی کی تھالی۔ چھوٹا طباق ۲ ساقی۔ پیالہ بردار ۳ گھوڑا جسے پریڈ پر پکڑ کر لے جائیں ۴ تلوار جو گھوڑے کے پہلو میں لٹکتی ہے۔ رکابدار ۵ ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا ۶ ایک قسم کا نیل جو دمشق سے اونٹوں پر آتا تھا۔ **رکابی چہرہ** (مذکر) چوڑا منہ۔ گول منہ۔ **رکابی سا منہ** (مذکر) بدشکل۔ گول منہ۔ چوڑا چکلا

منہ - رکابی مذہب (مذکر) وہ شخص جو طمع کی وجہ
سے کبھی ادھر ہو کبھی ادھر - طفیلیہ - خوشامدی -
مثل - رکابی ہیں جب تک
بھات میرا تیرا ساتھ - فائدے کا لالچ ساتھ
رکھتا ہے - مطلب کا یار ہے -
رکاکت (ع - مونث) ۱ سستی -
کمزوری - ضعف ۲ بے عزتی ۳ سفلہ پن - کمینگی -
رذالت (رک - کمزور ہونا) -
رکان (ہ - مونث) ۱ طریقہ -
ڈھنگ ۲ لگام -
رکانہ (ع - مذکر) ایک پہلوان
جو پیغمبر صلعم سے لڑا تھا - اور زیر ہونے پر اطاعت
کر لی تھی -
رکت (س - مذکر) ۱ سرخ رنگ
۲ خون ۳ (صفت) رنگدار - رنگین ۴ سرخ - قرمزی
۵ بیحد مشتاق - فریفتہ - **رکتاکش** (صفت) ۱ جسکی
آنکھیں سرخ ہوں ۲ خوفناک - ہیبتناک ۳ (مذکر)
سانڈ - بیل ۴ ایک قسم کا کبوتر ۵ ایک قسم کا بگلا -
رکتالو - رتالو - **رکت ہنس** (مذکر) ایک راگ -
مثل - رکت لے گیلن سوتن
کے پنہر (عو) خون سوتن کی ماں کے گھر سے لو -
سخت نفرت ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں -
رکت (س - صفت) ۱ خالی ۲ غریب -
مفلس ۳ (مذکر) خلا ۴ جنگل -
رکتھ (س - مذکر) ۱ ترکہ - جائداد جو
میت چھوڑے ۲ دولت ۳ سونا -
رکس (ہ - مذکر) ۱ جواب ۲ شمال
۳ راکس - بہت کھانے والا آدمی (ان معنوں میں
راکس کا مخرب) **رکسپن** (مذکر) ۱ شیطنت - کینہ
وری ۲ طمع - لالچ -
رکش (س - صفت) ۱ حفاظت کرنے
والا ۲ بچانے والا ۳ (مذکر) محافظ - **رکشا** (مونث) ۱ حفاظت
۲ حمایت - پناہ ۳ بچاؤ - امان ۴ سنتری - چوکیدار ۵ کوئی چیز
جو بچائے رخصوصاً پہنچی یا تعویذ جو حفاظت کے لئے استعمال
کیا جائے ۷ راکھ ۸ محافظ دیوتا ۹ راکھی - **رکشا بندھن**
(مونث) ۱ ایک تیوہار جس پر ہندو راکھی باندھتے ہیں
۲ راکھی باندھنے کی رسم - **رکشاپتی یا دھپتی یا دھکاری**
(مذکر) پولیس کا کپتان - کوتوال - **رکشا کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) حفاظت ہونا - بچنا - **رکشی** (مونث)
۱ راکھی ۲ حفاظت کرنا - بچانا ۳ بچانے والا - مرکبات
میں استعمال ہوتا ہے -
رکش (س - مذکر) راکش کا مخفف -
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے -
رکشس (س - صفت) ۱ حفاظت
کرنے والا - نگرانی کرنے والا ۲ (مذکر) کوئی چیز جس
سے بچایا جائے یا حفاظت کی جائے ۳ نقصان - ضرر
۴ عفریت - دیت - بھوت - راکھشس ۵ (جمع) ایک
بہادر قوم کا نام -
رکعت (ع - مونث) نماز کا ایک
حصہ کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک جس میں ایک
رکوع آ جائے - نمازیں دو تین یا چار رکعتیں ہوتی
ہیں (رکع - جھکنا) **رکعت چلنا یا دوڑنا**
(لازم - مرت) مشہور ہونا -
رکم (س - مذکر) ۱ چمکدار چیز ۲ سونا
۳ سونے کا زیور ۴ لوہا ۵ ایک قسم کا انجن ۶ ایک
درخت ۷ رچک کا بیٹا - **رکم باہو** (مذکر) بھیشمک کا
ایک بیٹا - **رکم پور** (مذکر) "سونے کا شہر" وہ شہر
جہاں گروڑ رہتا ہے - **رکم دھر** (مذکر) ایک راجہ
رکم رتھ (مذکر) ۱ سونے کا رتھ ۲ درون اچارج
۳ درون کا رتھ - **رکم کوچ** (مذکر) اسانس کا ایک
پوتا - **رکم کیش** (مذکر) بھیشمک کا ایک بیٹا - **رکمن**
(مذکر) ۱ وہ شخص جو سونے کا زیور پہنے ۲ بھیشمک کا
سب سے بڑا بیٹا جو کرشن جی کا حریف تھا اور بلرام کے
ہاتھ سے قتل ہوا تھا ۳ ایک پہاڑ - **رکمنی** (مونث)
۱ بھیشمک کی بیٹی اور رکمن کی بہن تھی - اس کی منگنی
سیسوپال سے ہوئی تھی - مگر بلرام نے سیسوپال کو قتل
کیا - اور کرشن جی نے اس سے شادی کر لی - یہ پروین
۲ لچھمی جی ۳ ایک پودہ - **رکم وتی** (مونث)
ایک بحر یا وزن ۲ رکمن کی ایک پوتی -
رکن (ع - مذکر) ۱ باہر کا حصہ -
کونہ - زاویہ ۲ ستون - سہارا ۳ مدد - امداد ۴ کسی
چیز کا ضروری جز ۵ سربراہ - کارندہ ۶ امیر - سردار
۷ (عروض) جزن - وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے
اوتاد سے بنے - ارکان عربی میں دس ہیں - فاعلن -
فعولن - فاعلاتن - مفاعیلن - مستفعلن - متفاعلن
مفاعلتن - مفعولاتُ - انکو اصول افاعیل کہتے ہیں
(رکن - جھکنا) **رکن اسلام** - مذہب اسلام کا
فرض یا ضروری چیز - **رکن اعظم** (مذکر) ۱ بڑا سردار
یا امیر ۲ وزیر - **رکن الدولت** (مذکر) امیر - وزیر -
رکن الدین - **رکن دین** (مذکر) بڑا مولوی - عالم
دین - **رکن رکین** (مذکر) بڑا رکن - مضبوط رکن -
رکن سلطنت (مذکر) امیر - وزیر - سردار - **رکن**
گرنا (متعدی) کسی امیر یا وزیر کا مر جانا - **رکن**
معاملت (مذکر) معاملے کی بنیاد یا بنا - **رکن یمانی**
(مذکر) کعبہ شریف کے رکنوں میں سے ایک رکن -
رکن (- ۱۶۲۶) کاشی - حکیم - مسیح
تخلص شاہ عباس کے دربار کا حکیم - اکبر کے زمانے میں
ہندوستان آیا - اور شاہ جہان کے عہد میں یہاں رہا
پھر حج کے لئے گیا - اور رستے میں فوت ہوا - ایک لاکھ
اشعار کا مصنف ہے - **رکن الدولہ** (- ۹۷۶) عماد
الدولہ علی بویہ بانئے خاندان بویہ کا بھائی تھا - اس کی
وفات پر ۹۴۹ء میں فارس اور عراق کے تخت پر
بیٹھا - بڑی قابلیت سے سلطنت کی ۲ (- ۱۷۱۹)
اعتقاد خاں اصل نام محمد مراد کشمیری تھا - فرخ السیر نے
اسے ہفت ہزاری امیر بنایا اور جاگیر دی - اس کی
وفات پر محمد شاہ کے زمانے میں قتل کیا گیا ۳ (- ۱۷۹۴)
نظام الملک کا وزیر تھا - **رکن الدین** ۱ (نامعلوم)
مصنف شمائل عتقیہ ۲ (۱۳۳۵) شیخ - ابوالفتح بن صدرالدین
عارف بن بہاءالدین زکریا ملتانی - مسلمان بزرگ تھے -

نظام الدین اولیا کے ہمعصر اور شیخ جلال اور مخدوم جہانیاں کے مرشد تھے ۳ (۔ ۱۲۳۶ء) فیروز بن التمش۔ سلطان دہلی۔ باپ کی وفات پر تخت نشین ہوا مگر امرانے ۷ ماہ بعد تخت سے اتار کر رضیہ سلطانہ کو تخت نشین کیا ۱۳ (۱۳) قبائی۔ فارسی زبان کا ایک شاعر ۱۶ (۱۶) مولانا مسعود مسیحی۔ حکیم مصنف ضابطۃ العلاج۔

رُکن (ھ۔ مونث) روک۔ اٹکاؤ۔

رُکناباد (ایران) شیراز کے قریب ایک صاف پانی کی ندی جس کا ذکر اکثر حافظ کے شعروں میں آتا ہے۔

رُکنی (ف۔ مذکر) ۱ خالص سونا ۲ رکناباد۔

رُکوب (ع۔ مذکر) ۱ سواری ۲ سواری کا اونٹ (رَکب۔ سوار ہونا) **رکوبت** (مونث) سواری کا اونٹ یا گھوڑا۔ بمقابلہ حمولت۔ لدو اونٹ یا گھوڑا۔

رُکوب (ع۔ مذکر) سواری۔

رُکوع (ع۔ مذکر) ۱ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر نماز میں جھکنا۔

رُکویا (ھ۔ مذکر) جو شخص روکے یا ٹھیرائے۔

رَکھ (ہ۔ امر) ۱ رکھنا کا ۲ (مذکر) جنگل۔ وہ جنگل جس میں سے عوام کو گھاس یا لکڑی کاٹنے کی ممانعت ہو (س۔ رکش۔ رکھنا) **رکھا رکھایا** (صفت) ۱ رکھا ہوا ۲ باسی۔ بچا کچا۔ **رکھا رہنا** (لازم) ۱ پڑا رہنا۔ کسی کا نہ اٹھانا ۲ بے اثر ہونا۔ بیکار رہنا۔ کام نہ آنا۔ **رکھانا** (متعدی) رکھوانا۔ **رکھائی** (مونث) ۱ رکھنا ۲ حفاظت سے رکھنا ۳ رکھنے کی مزدوری۔ رکھوائی۔ **رکھ آنا** (لازم) چھوڑ آنا۔ **رکھ چھوڑنا** (متعدی) ۱ جمع رکھنا ۲ نہ دینا۔ دبا لینا۔ **رکھ دینا** (متعدی) ۱ کسی جگہ کوئی چیز ڈال دینا ۲ ہار مان کر ہتھیار ڈال دینا۔ **رکھ رکھاؤ** (مذکر) بچوں کی پرورش اور حفاظت۔ بچوں کی خبر داری۔ **رکھ کر (کے) کہنا** (متعدی) ۱ کسی پر ڈھال کے کوئی بات کہنا ۲ اشارۃً کہنا ۳ کچھ بات جی میں رکھ کر بیان کرنا۔ آدھی بات بیان کرنا۔ **رکھ لینا** (متعدی) ۱ لے لینا ۲ بچا لینا ۳ (پر) ذو پر رکھنا۔ متواتر وار کرنا۔ **رکھنا** (متعدی) ۱ دھرنا ۲ حفاظت کرنا۔ بچانا ۳ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ۴ پاس رکھنا۔ قبضے میں رکھنا ۵ لگانا۔ چسپاں کرنا ۶ پیش کرنا۔ لانا ۷ ڈالنا ۸ لٹکانا ۹ ٹھیرانا۔ روکنا ۱۰ سپرد کرنا ۱۱ دفن کرنا۔ قبر میں اتارنا ۱۲ قیمت مقرر کرنا ۱۳ شرط پر لگانا ۱۴ قبول کرنا ۱۵ دبا لینا۔ چرانا۔ خیانت کرنا ۱۶ ترک کرنا ۱۷ ملتوی کرنا۔ ٹالنا ۱۸ بچے نکلنے کے لئے انڈوں کو قاعدے سے دھرنا ۱۹ مدخولہ بنانا۔ صحبت کرنا ۲۰ طوائف کو نوکر رکھنا ۲۱ چھوڑنا ۲۲ سمجھنا۔ سوچنا ۲۳ (رہن) گروی رکھنا ۲۴ (آگے) بھینٹ چڑھانا۔ نذر کرنا ۲۵ (تعزیہ) زمین پر دھرنا یا کھڑا کرنا ۲۶ (پر) چھوڑنا۔ موقوف رکھنا ۲۷ (آرزو وغیرہ) کرنا ۲۸ (جانور وغیرہ) پالنا۔ پرورش کرنا ۲۹ (ملازم نوکر وغیرہ) بھرتی کرنا۔ ملازمت میں لینا ۳۰ (الزام) تہمت لگانا ۳۱ (دل) دلداری کرنا۔ تسلی کرنا۔ حوصلہ رکھنا ۳۲ (محبت وغیرہ) محبت ہونا ۳۳ (خبر) واقفیت ہونا۔ معلومات ہونا ۳۴ (نام) نام مقرر کرنا۔ **رکھنی** (ھ۔ مونث) آشنا عورت۔ **رکھوال** (ھ) **رکھوالا** (مذکر) محافظ۔ نگہبان۔ کھیت کی نگہبانی کرنے والا۔ **رکھوالی** (مونث) ۱ حفاظت کرنے والی عورت ۲ حفاظت۔ نگہبانی ۳ مویشی کی نگہداشت (کرنا ہونا کے ساتھ) ۴ نگہداشت کرنے کی مزدوری ۵ فیس جو کسی سردار وغیرہ کو حفاظت کرنے کے لئے دیجائے۔ **رکھوا لینا۔ رکھوانا** (مم) رکھنا کا ۱ دھروانا ۲ لے لینا ۳ واپس لینا۔ **رکھوائی** (مونث) دیکھو رکھائی۔ **رکھویا** (مذکر) ۱ رکھنے والا ۲ رکھ والا۔ **رکھی** (ھ) ۱ محافظ۔ نگہبان۔ رکشک ۲ (مونث) رکھوالی ۳ وہ گھاس جو سکھا کر مویشی کے لئے رکھی جائے۔ رکھی ہے۔ طنزاً نہیں ہے۔

امثال و اقوال۔ رکھا تو دشمنوں سے۔ اڑا دیا تو دشمنوں سے۔ اگر مہربانی کی (ذکر رکھا) تو انکی عنایت ہے۔ نہیں تو کچھ پروا نہیں۔ **رکھ پت رکھا پت۔** دوسروں کی عزت کرو تو تمہاری بھی عزت ہوگی۔ جو اوروں کی عزت کرتا ہے۔ اس کی بھی ہوتی ہے۔ **رکھ پچھتا وا اچھا نہیں بیچ پچھتا وا اچھا۔** سوداگر گر مال رکھ چھوڑے اور قیمت گر جائے تو بہت بری بات ہوتی ہے لیکن وہ بیچ دے اور قیمت چڑھ جائے تو وہ اتنی بری بات نہیں بیچ کر پچھتانا بہتر ہے رکھ کر پچھتانے سے۔ **رکھو اس مقولے پہ دار و مدار۔ کہ نو نقد اچھے نہ تیرہ ادھار۔** جو چیز فوراً مل جائے وہ اس اچھی چیز سے جس کا وعدہ کیا جائے بہتر ہے۔ **رکھے تو پیت نہیں تو پلیت۔** اگر محبت کو قائم رکھے تو بہت اچھی بات ہے۔ ورنہ بہت بری۔

رِکھ (ھ۔ مذکر) رشی کا مخرب۔

رُکھ (ھ۔ مذکر) روکھ کا مخفف۔ درخت۔ **رکھ چڑھا** (مذکر) بندر۔ عورتیں صبح کو بندر کا لفظ نہیں کہتیں۔

رُکھا۔ رُکھّا (ھ۔ مذکر) روکھا کا مخفف۔ **رکھانا** (متعدی) ۱ خشک۔ سوکھا ۲ کھردرا۔ سخت ۳ بے لطف۔ بے مزا ۴ بے پروا۔ سہل انگار ۵ بدتہذیب۔ بداخلاق۔ **رُکھاوٹ** (مونث) **رکھائی** (ہ) بے مروتی۔ بے التفاتی۔ بے پروائی۔ **رکھائی برتنا** (ہ۔ متعدی) بے التفاتی کرنا۔ بے رخی کرنا۔ **رکھائی دینا** (مت) یا کرنا (ہ۔ متعدی) بے مروتی کرنا۔ بدمزاجی ظاہر کرنا۔ **رکھائی کی لینا** (ہ۔ متعدی) بدمزاجی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔ **رکھائی ہونا** (لازم) بے مروتی ہونا۔

رُکھانی (ہ۔ مونث) بڑھئی کا ایک اوزار۔ برما۔

رِکھَب (ھ۔ مذکر) ایک سُر کا نام۔

رِکھونچا (ہ۔ مذکر) وہ ٹکڑے جو مونگ یا ماش کی دال کو پیس کر بناتے ہیں۔ بڑیاں

رَکِیب (ع - مذکر) ۱ سوار کے ساتھ جو دوسرا سوار بیٹھے ۲ مرکب (رکب - سوار ہونا)

رَکِیبی (ہ - مذکر) عو - رکابی کا مخرب (عف) -

رَکِیک (ع - صفت) ۱ پتلا - نازک ۲ ناچیز - ادنےٰ - گھٹیا ۳ کم گہرا (پانی) ۴ نفیس باریک (رکّ - پتلا ہونا) -

رَکِیلا (اردو - مذکر) عو - بدذات مرد - رکیلی (مونث) بدذات عورت -

رَکِین (ع - صفت) ۱ سنجیدہ - متین - مطمئن ۲ استوار - محکم (رکَنَ - جھکنا) -

رَگ (ف - مونث) ۱ جسم کی بڑی نالی جس میں خون بہتا ہے ۲ پھول یا پتے کا ریشہ ۳ آنکھ کا ڈورا ۴ تار - تاگا ۵ پٹھا ۶ اصل - ذات - نسل ۷ دودھ پلانے والی کا اثر ۸ بری عادت ۹ ضد - ڈھیٹ پن (س رکتک) **رگِ ابر** (مونث) بادل کی سیاہ دھاری - **رگ اُترنا** (لازم) ۱ آنت کا فوطے میں اترنا ۲ ضد دور ہونا - غصہ رفع ہونا - **رگ پانا** (متعدی) اصل بات معلوم کرنا - **رگ پٹھا** (مذکر) ۱ اصل - نسل وغیرہ کا پتہ ہونا - **رگ پھڑکنا** (لازم) ۱ رگ کا حرکت کرنا ۲ ہونے والی بات سے آگاہ ہو جانا - **رگ پھولنا** (لازم) جوش خون سے رگ کا موٹا ہو جانا - **رگ جالی** (صفت) جس میں رگوں کا جال پھیلا ہو - **رگ جاں** (مونث) وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے - **رگ جان سے نزدیک ہونا** (لازم) خدا کی تعریف ہے - بہت قریب ہونا - **رگ چڑھ جانا رہنا یا چڑھنا** (لازم) ۱ کسی رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۲ ضدی ہونا - ضد کرنا ۳ کوئی بری عادت ہونا - **رگ چڑھ گئی** - غصے میں بھرے ہوئے ہیں - مانتے نہیں - **رگ چڑھی ہونا** (لازم) غصے ہونا - برہم ہونا - **رگِ حمیت** (مونث) غیرت یا حمیت کا جوش - **رگ دار** (صفت) ۱ ریشے دار ۲ بری عادت والا ۳ (کپڑا) جس میں بعض ریشے ابھرے ہوئے ہوں - **رگ دبنا** (لازم) ۱ ڈرنا ۲ قابو میں ہونا - **رگ رگ میں** (تف) ہر رگ میں - رگوں میں - ہر جگہ بدن میں - **رگ رگ سے واقف ہونا** (لازم) پوری طرح جاننا - **رگ رگ میں کوٹ کر بھرا ہونا** (لازم) کسی صفت کا کسی میں کامل طور پر ہونا - **رگ زن** (صفت) فصد کھولنے والا - **رگ طنبور** (مونث) طنبور کے تار - **رگ کا منہ کھل جانا** (لازم) فصد کھلوانے پر حد سے زیادہ خون آئے تو کہتے ہیں - **رگ کھڑی ہونا** (لازم) رگ پر ورم آ جانا - **رگ کھلنا** (لازم) رگ سے بہت خون نکلنا - **رگِ گردن** (مونث) رگِ جان - **رگ غیرت** (مونث) غیرت یا حمیت کا جوش - **رگ ملنا** (لازم) فصد کھولنے کے لئے رگ کو ٹٹول کر معلوم کرنا - **رگ وپے** (مذکر) رگ پٹھا - **رگ وپے سے واقف ہونا** (لازم) اصلیت سے واقف ہونا - **رگ وپے میں دوڑ جانا** (لازم) اثر کرنا - سرایت کرنا - **رگ و ریشہ** (مذکر) ۱ اصل - نسل ۲ خو بو - **رگ و ریشے سے واقف یا ماہر ہونا** (لازم) پوری طرح جاننا - **رگ و ریشہ میں پڑا ہونا** (لازم) کسی بری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا - گوشت و پوست میں شامل ہونا - اصل میں ہونا - گھٹی میں پڑنا - **رگ و ریشے میں شرارت بھری ہونا** (لازم) بے حد شریر ہونا - **رگ و ریشے میں کرامت بھری ہونا** (لازم) ولی ہونا - بیحد خدائی طاقت ہونا - **رگوں میں خون دوڑنا** (لازم) خون کا نسوں میں تیزی سے حرکت کرنا - **رگی - رگیلا** (صفت) ۱ ضدی - ہٹیلا ۲ شریر - بدذات ۳ سرکش - مفسد ۴ (مذکر) موٹی رگوں کا پان ۵ گوشت جس میں تار ہوں - **رگیلی** (مونث) دیکھو رگی ۱ تا ۳ - **رگیں مرنا** (لازم) ۱ رگوں کی قوت جاتی رہنا ۲ نامرد ہو جانا - کمزور ہو جانا - **رگیں نکل آنا** (لازم) بہت دبلا ہونا -

رِگ (س - مونث) دیکھو رک - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **رگ برہمنہ** (مذکر) ایتریہ برہمنہ - رگ وید کے متعلق برہمنہ - **رگ کیتھو** (مذکر) دب اکبر - سپت رشی - **رگوید** (مونث) ۱ ہندوؤں کی چار مقدس کتابوں میں سے پہلی - اس میں مختلف دیوتاؤں کے نام منتر ہیں ۲ رگوید کا منتر -

رَگبی (انگلینڈ) ۱ ایک شہر جہاں لڑکوں کا ایک بڑا مشہور اسکول ہے (۲۵) ۲ ایک قسم کا فٹ بال کا کھیل جس میں فٹ بال بیضوی شکل کا ہوتا ہے -

رَگڑ (ہ - مونث) ۱ نشان جو دو چیزوں کے ٹکرانے یا آپس میں لگنے سے ہو جاتا ہے - گھساؤ ۲ خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے ۳ رگڑے جانے کی حالت ۴ (کہاروں کی اصطلاح) پہلو میں رگڑ لگنے والی کوئی چیز ۵ (ھ) ڈھول کا جلد جلد بجنا - (اس دھرش - حملہ کرنا) **رگڑا** (مذکر) ۱ دیکھو رگڑ ۲ پیسنا ۳ مانجنا - چمکانا ۴ جھگڑا - لڑائی - نزاع ۵ نشان جو دو پتنگوں کے لڑنے سے ڈور پر ہو جاتا ہے ۶ بھنگ گھوٹنا ۷ ایک قسم کا سرمہ یا لیپ آنکھوں کے لئے - **رگڑا جھگڑا** (مذکر) فساد - نزاع - بحث - لڑائی - جھگڑا - تکرار - بحث - مباحثہ (رہنا - کرنا ہونا کے ساتھ) - **رگڑا دینا** (متعدی) ۱ کسی چیز کو دوسری چیز پر رگڑنا ۲ بھنگ گھوٹنا - **رگڑ دینا** (متعدی) گھس دینا - **رگڑ رگڑ کر** (تف) مل مل کے - **رگڑ کھانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) گھسا لگنا - ٹکر لگنا - **رگڑنا** (متعدی) ۱ گھسنا ۲ پیسنا ۳ گھوٹنا ۴ مانجنا - صاف کرنا ۵ چھیلنا - رندہ کرنا ۶ (عف) زنا کرنا ۷ حیران کرنا - ستانا - **رگڑی** (ھ - صفت) جھگڑالو - لڑاکا - فسادی -

رَگنا (ھ - لازم) ۱ لگنا - تعلق رکھنا ۲ عاشق ہونا -

رُگنتا (س ۔ مونث) ۱ شکستگی ۲ خم ۔ کجی ۔ ٹیڑھ پن ۳ بیماری ۔ روگ ۔ مرض ۔ ماندگی ۔

رُگنہ (س ۔ صفت) ۱ ٹوٹا ہوا ۔ شکستہ ۲ ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۳ بیمار ۔ مریض ۔ روگی ۔ ماندہ ۔

رَگھو (س ۔ صفت) ۱ جلد جانیوالا ۔ تیز چلنے والا ۔ تیز پھرتیلا ۔ تیز رفتار ۲ ہلکا ۔ خفیف ۔ چھچھورا ۔ بیوفا ۳ (مذکر) تیز گھوڑا ۔ گھوڑ دوڑ کا گھوڑا ۔ اسپ بادپا ۴ ہندوستان کا ایک قدیم راجہ جو دلیپ اور سدکشنہ کا بیٹا تھا اور راجہ رامچندرجی کا پڑدادا تھا ۵ اس راجہ کی اولاد ۶ گوتم بدھ کا ایک لڑکا ۷ نظم رگھو ونش ۸ کئی مصنفوں کا نام ۔ **رگھو دیو** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام ۔ **رگھو راج سنہا** (مذکر) ایک مصنف ۔ **رگھو کار** (مذکر) "رگھو ونش" کا مصنف کالی داس ۔ **رگھو کل** (مذکر) رگھو کی نسل ۔ **رگھو ناتھ** ۔ دسرتھ یا راجہ رامچندرجی کا لقب ۔ **رگھو ونش** (مذکر) ایک مشہور نظم مصنفہ کالیداس ۔ **رگھو ونشی** (بنسی) (صفت) ۱ رگھو کی نسل کا یا اس کے متعلق ۲ (مذکر) رگھو کی اولاد ۔

رَگھو گڑھ (ہند) ۱ ریاست وسط ہند (۱۸) ۲ صدر مقام ۱ کا ۔

رگھوناتھ پور (ہند) گاؤں ۱ ضلع بنکورا میں ۲ ضلع مدناپور میں ۳ ضلع شاہ آباد صوبہ بنگال میں ۴ قصبہ (۔ ۶) ۵ اور پہاڑی ضلع مانبھوم میں ۔

رگھوناتھ پور گڑھ (ہند) گاؤں ضلع سنگبھوم میں ۔

رگھوناتھ پورم (ہند) قصبہ ضلع گنجام میں ۔

رگھوناتھ پورہ (ہند) گاؤں و ریلوے سٹیشن راجپوتانے میں ۔

رگھوناتھ راؤ (۱۸) ایک مرہٹہ سردار جو باجی راؤ اول کا بیٹا اور باجی راؤ ثانی کا باپ تھا ۔ نارائن راؤ کی وفات پر یہ پیشوا بن گیا مگر کچھ مدت بعد معلوم ہوا کہ نارائن راؤ کی بیوہ حاملہ ہے ۔ اسپروزرا نے اس کا اعلان کر دیا ۔ جنگ میں رگھوناتھ کو شکست ہوئی اور وہ بھاگ کر سورت میں پناہ گزیں ہوا ۔

رگھونندن (ہند) ضلع سلہٹ میں چند پہاڑیاں ۔

رگید (ہ ۔ امر) ۱ رگیدنا کا ۲ (ہ ۔ مونث) پیچھا ۔ تعاقب (س کھِد ۔ مارنا) **رگید پر ہونا** (لازم) تعاقب کرنا ۔ پیچھا کرنا (مرغوں کبوتروں وغیرہ کے لئے کہتے ہیں جب وہ مادہ کے پیچھے ہوں) ۔ **رگید رگاد کر** (تف) تعاقب کر کے ۔ گھیر گھار کر ۔ مار پیٹ کر ۔ **رگید رگاد کرنا** (متعدی) ۱ تعاقب کرنا ۔ پیچھا کرنا ۲ تنگ کرنا ۔ پیچھے پڑنا ۳ مارنا ۔ پیٹنا ۔ **رگیدنا** (متعدی) پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔

رَگیل (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ پالتو کبوتر جو صحرا کو دانہ کھانے جاتے ہیں ۲ ہرجائی آدمی ۳ فضول چیز ۔

رَل (ہ ۔ امر) ۱ رلنا کا ۔ ۲ لا (ماضی) رلنا کی ۳ (امر) رلانا کا ۴ (مذکر) مرکب ۵ ملانا ۔ آمیزش کرنا ۶ تعلق ۔ میل ۔ ملاپ ۷ خلط ملط ۔ ابتری ۔ برہمی ۸ غلطی ۔ فرق ۹ اختلاف ۔ تفاوت ۔ **رلا پڑنا** (لازم) حساب میں مغالطہ یا بھول پڑنا ۔ **رَلا مِلا** (ہ ۔ مذکر) ملا جلا ۔ خلط ملط ۔ **رلانا** (متعدی) **رلجانا** **رلنا** (لازم) ۱ کٹنا ۔ لپٹنا ۔ سفوف ہونا ۲ ملنا ۔ مخلوط ہونا ۔ گڈمڈ ہونا ۳ کسی کے ساتھ شامل ہونا ۔ اتحاد ہونا ۔ **رل مل جانا** (ہ ۔ لازم) ۱ مخلوط ہو جانا ۲ اتحاد ہونا ۔ **رلنا ملنا** (متعدی) رلنا ۔

مثل ۔ رلے ملے پنچوں رہئے جان جائے پر سچ نہ کہئے ۔ پنچایت کے ساتھ اتفاق رکھنا چاہئے ۔ چاہے جھوٹ ہی بولنا پڑے ۔

رُل (ہ ۔ امر) رُلنا کا ۔ **رُلانا** (ہ ۔ متعدی) ۱ لڑھکانا ۔ لڑھکنا ۔ ڈھلکانا ۲ بیلن پھروانا ۳ رندہ پھروانا ۴ مسطح کروانا ۔ ہموار کرانا ۔ **رلجانا** **رُلنا** (لازم) رولنا کا ۱ تباہ ہونا ۔ خاک میں ملنا ۲ مسطح ہونا ۔ ہموار ہونا ۳ رندہ پھرنا ۴ کٹنا ۔ خلط ملط ہونا ۵ بکھرنا ۔ پریشان ہونا ۶ آوارہ ہو جانا ۔ کھو جانا ۔ **رلنا گھلنا** (لازم) ۱ رُلنا ۲ قریب مرگ ہونا ۔ **رُلوانا** (حم) ۱ رُلنا کا ۲ تلوار درست کرانا ۔

رُل ۔ رُلا (ہ ۔ مذکر) زمین جو سال دو سال کاشت نہ کی جائے ۔ تاکہ اس میں طاقت آجائے ۔

رُلا (ہ ۔ امر) رلانا کا ۔ **رلانا** (متعدی) ۱ رونا کا ۲ تنگ کرنا ۔ صدمہ پہنچانا ۔ دق کرنا ۔ **رلوانا** (حم) رلانا ۔

رَم (ہ ۔ امر) رمنا کا (س رَم ۔ ٹھہرنا) ۔ **رمانا** (متعدی) ۱ دوڑانا ۔ پھرانا ۔ گھمانا ۲ قبضہ کرنا ۳ دل بہلانا ۔ بات چیت میں لگانا ۴ سما دینا ۵ (جوگ) اختیار کرنا ۶ (دھونی) آگ جلانا جوگی کا ۔ **رمتا** (صفت) گھومنے والا ۔ چلتا پھرتا ۔ **رمتا جوگی یا فقیر** (مذکر) وہ ہندو فقیر جو ایک جگہ نہیں ٹھیرتا ۔ **رمنا** (لازم) ۱ پھرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔ سیر کرنا گھومنا ۲ بسنا ۔ سمانا ۳ بھٹک جانا ۔ چلا جانا ۴ (مذکر) دیکھو رمنہ ۔ **رَمنہ** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں روزمرہ آمدورفت رہے ۔ باغ ۔ کھیت ۔ رکھ ۲ (متعدی) دیکھو رم کے تحت میں ۔

رَم (ف ۔ مذکر) ۱ ڈر ۔ خوف ۔ دہشت ۲ وحشت ۔ نفرت ۳ گریز ۔ بھاگنا ۴ چھپنا (رمیدن بھاگنا) **رم بھول جانا** (متعدی) چوکڑی بھول جانا ۔ گھبرا جانا ۔ ششں و پنج میں پڑ جانا ۔ **رم خوردہ ۔ دیدہ زدہ یا کردہ** (متعدی) بھاگا ہوا ۔ وحشت زدہ ۔ **رم رہنا** (لازم) ۱ چھپ رہنا ۲ بھاگ جانا ۔ اغوا ہو جانا ۔ **رم کرنا** (متعدی) بھاگ جانا ۔ دوڑ جانا ۔ **رمیدگی** (مونث) ڈر ۔ وحشت ۔ تنفر ۔ **رمیدہ** (صفت) ڈرا ہوا ۔ بھاگا ہوا ۔ وحشی ۔

رَم (انگ ۔ مونث) گڑ کی شراب ۔

رَمّ (س ۔ صفت) ۱ خوش کرنے والا ۔

مسرت دینے والا۔ شاد کرنے والا ۲ پیارا۔ معشوق۔ عزیز ۳ (مذکر) خوشی ۴ عاشق۔ خاوند ۵ کا مدیو ۶ درخت اشوک۔ **رما** (مونث) ۱ بیوی ۲ معشوقہ ۳ آشنا ۴ لچھمی جی کا ایک نام ۵ خوش قسمتی۔ نصیبا۔ اقبال ۶ دولتمندی۔ امارت۔ شان وشوکت ۷ کاتک بدی کی گیارھویں تاریخ ۸ شتی دھوج کی ایک بیٹی اور کلکی کی بیوی کا نام۔ **رماپتی** (مذکر) رما کا خاوند۔ کرشن جی یا وشن جی۔ **رمت** (صفت) ۱ خوش کرنے والا ۲ راز و نیاز کرنے والا ۳ (مذکر) خوشی یا لطف کے لئے آوارہ پھرنا ۴ خوشی۔ لطف ۱۔ مزا۔ **رمتا** (مذکر) ۱ وہ جو خوش فعلیاں کرے ۲ پھرنے والا۔ آوارہ ۳ مسافر۔ راہرو۔ **رمتی** (مذکر) ۱ عاشق ۲ سرگ۔ بہشت ۳ کوا ۴ وقت ۵ کا مدیو ۶ (مونث) کوئی جگہ جہاں جاکر لطف اڑایا جائے ۷ (صفت) ایک جگہ رہنے والی اور آوارہ نہ ہونے والی (گائے)۔ **رمر** (مذکر) دیکھو رمن ۲۔ **رمک** (صفت) ۱ خوش فعلیاں کرنے والا۔ راز و نیاز کرنے والا ۲ عاشق۔ **رم کے کھم گاڑنا** (ھ۔ متعدی) خوش رہنا۔ **رمن** (صفت) ۱ خوشگوار۔ خوش کرنے والا۔ خوبصورت ۲ (مذکر) عاشق۔ خاوند ۳ کا مدیو ۴ ارن کا نام جو سریا کا رتھبان ہے ۵ خوشی۔ شادمانی۔ مسرت ۶ منوہرا کے ایک بیٹے کا نام ۷ (جمع) ایک قوم کا نام ۸۔ **رمنا** (مونث) ۱ حسین عورت۔ بیوی۔ معشوقہ ۲ ایک وزن یا بحر کا نام ۳ داکشاینی کا نام رام تیرتھ میں۔ **رمن پتی** (مذکر) ایک کوی۔ **رمنک** (مذکر) ۱ بجن باہو کا ایک بیٹا ۲ وتی ہوتر کا ایک بیٹا ۳ ایک دویپ ۴ ایک ورش ۵ ایک شہر۔ **رمن کرنا** (متعدی) ۱ لطف اٹھانا۔ مزے اڑانا ۲ چھیڑ چھاڑ کرنا۔ راز و نیاز کرنا۔ **رمنی** (صفت) ۱ خوش کرنے یا مسرت دینے والی ۲ (مونث) ۱ خوبصورت عورت ۲ بیوی۔ معشوقہ ۳ ایک قسم کی بحر یا وزن ۴ ایک ناگ لڑکی کا نام ۵ خوشی۔ مسرت ۶ وصل۔ جماع ۷ راز و نیاز۔ چھیڑ چھاڑ ۸ فرج ۹ ایک جنگل کا نام ۱۰ ایک شہر۔ **رمنیا** (مونث) ۱ ایک مغنیہ ۲ ایک شہر۔ **رمنیک** (مذکر) ۱ ایک جزیرہ ۲ (ھ۔ صفت) دیکھو رمنیہ۔ **رمنیہ** (صفت) ۱ خوشگوار۔ مسرت انگیز۔ پر لطف ۲ خوبصورت۔ حسین۔ **رمنیہ** (مذکر) ۱ خوشی۔ مسرت ۲ کھیل۔ تماشے۔ راز و نیاز۔ چھیڑ چھاڑ۔ **رمیا** (مونث) ۱ رات ۲ گڑمصل ۳ ایک قسم کی شرتی ۴ میرو کی بیٹی اور رمیہ کی بیوی ۵ ایک دریا ۶ منی۔ **رمیک** (مذکر) ۱ نیم ۲ اگنی دھر کا ایک بیٹا ۳ سانکھ شاستر میں ایک کمال یا سدھی کا نام ۴ ایک ورش ۵ ایک دویپ جو الاورت کے شمال میں ہے۔ **رمیہ** (صفت) ۱ دیکھو رمنیہ ۲ (مذکر) ۳ چمپا ۴ اگنی دھر کا ایک بیٹا ۵ رہنے کی عمدہ جگہ۔ **رمیہ دیو** (مذکر) لوشت دیو کا باپ۔ **رمیہ شری** (مذکر) شوجی۔ **رمیہ گرام** (مذکر) ایک گاؤں۔

رِم (انگ۔ مذکر) کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل۔

رِما (ع۔ مونث) ۱ زیادتی۔ افزونی ۲ سود۔

رُما (س۔ مونث) ۱ ایک دریا ۲ ایک مقام ۳ سانبھر کے علاقے میں ؟ کی ایک کان یا جھیل ۴ سگریو کی ایک بیوی۔

رَمّاز (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو اشاروں سے یا خفیہ طور پر گفتگو کرے ۲ پہیلیاں کہنے والا شخص (رَمز۔ اشارہ کرنا)۔

رَمّال (ع۔ مذکر) علم رمل کا ماہر۔ جوتشی۔ نجومی (رَمَل۔ کھجور کے پتوں کی چٹائی بننا)۔ **رمالی** (مونث) رمل۔ جوتش۔ نجوم۔

رُمّان (ف۔ مذکر) انار۔ **رُمّانی** (صفت) ۱ انار کے رنگ کا ۲ انار سے منسوب۔

رَمبا (ھ۔ مذکر) کھرپا۔

رَمبرانٹ (۱۶۰۶-۱۶۶۹) ہرمن وان رجن ایک ولندیزی مصور جسکی تصویریں بہت قیمت پر بکتی ہیں۔

رِمبو (۱۸۵۴-۱۸۹۱) ژین آرتر فرانسیسی شاعر۔

رَمبھا (س۔ مونث) ۱ کیلے کی ایک قسم ۲ اپسرا ۳ رام جنی۔ رنڈی۔ طوائف ۴ خوشی۔ مسرت۔ آنند ۵ گوری کا ایک نام ۶ (ھ) کھرپا۔

رَمبھا (ہ۔ امر ۱ رمبھانا کا ۲ (ھ۔ مونث) ۱ آواز دینا۔ بجنا ۲ دھڑوکنا۔ دھاڑنا وغیرہ۔ **رمبھانا** (متعدی) دھڑوکنا۔ دھاڑنا۔ گائے بھینس کا بولنا۔

رمپا (ہ۔ مذکر) چمڑا چھیلنے کا آلہ۔ (امس چمار) **رمپی** (مونث) چمڑا تراشنے کا آلہ۔

رِم جھم (ہ۔ مونث) ۱ بارش کی خفیف آواز ۲ پاؤں کی آواز۔ **رم جھم مینہ برسنا** (لازم) زور سے مینہ کا برسنا۔

رم جھول یا جھولا (ہ۔ مذکر) زنجول کا مخرب۔ پازیب۔

رَمچیرا (ہ۔ مذکر) ۱ غلام۔ نوکر ۲ ایک نام جو ہندو غلاموں کا رکھتے تھے۔ **رمچیری** (مونث) لونڈی۔

رَمَد (ع۔ مذکر) آنکھ کی بیماری جس سے آنکھیں سرخ رہتی ہیں۔

رَمڈو پھٹو (ھ۔ مذکر) ایرے غیرے نتھو خیرے۔ عام لوگ۔ خلقت۔

رَمری (برہما) ۱ اراکان کے ساحل کے پاس ایک جزیرہ۔ ۵۰×۱۶ میل ۲ ایک شہر۔

رَمز (ع۔ مونث) ۱ اشارہ آنکھ، منہ ابرو وغیرہ سے ۲ ایما۔ کنایہ ۳ نکتہ۔ باریکی ۴ راز ۵ نوک جھونک ۶ پیچدار بات ۷ مخفی یا پوشیدہ بات ۸ پہلودار بات ۹ مراد۔ منشا ۱۰ معاملہ۔ بات ۱۱ طعن۔ طنز ۱۲ نشان۔ علامت ۱۳ پہیلی۔ بجھارت ۱۴ خفیہ تحریر ۱۵ شارٹ ہینڈ۔ مختصر نویسی (رَمز۔ اشارہ کرنا) **رمز آمیز** (صفت) اشارے کنائے کے طنزیہ (کلام باتیں وغیرہ کے ساتھ) **رمز پہچان جانا۔ پہچاننا** (متعدی) اصلی منشا سمجھنا۔ بات تاڑ

جانا۔ **رمز پھینکنا** (متعدی)، دیکھو رمز مارنا۔ **رمز چلنا** (لازم) ۱ اشارہ کنایہ ہونا ۲ آوازے کسے جانا۔ **رمز شناس** (صفت) اشارہ پہچاننے والا۔ **رمز کی باتیں یا گھاتیں** (مونث) ۱ باریک باتیں ۲ راز کی باتیں ۳ طعن و تشنیع۔ **رمز کی چلنا** (لازم) دیکھو رمز چلنا۔ **رمز مارنا** (متعدی) ۱ طعنے دینا ۲ آوازے کسنا۔

رمسن (۱۸۴۶-۱۹۲۷) ایرا۔ امریکن کیمیادان۔ یہ سیکرین کا موجد ہے۔ اس نے علم کیمیا کے متعلق بہت مفید کتابیں تصنیف کی ہیں۔

رمشیٹ (پرشیا) ایک شہر (۱۷) جہاں دھاتوں کے برتن وغیرہ بننے کا کام ہوتا ہے۔

رمضان (ع۔ مذکر) مسلمانوں کا نواں قمری مہینہ (رمض۔ سخت گرم ہونا) **رمضان کے روزے** (مذکر) وہ روزے جو رمضان کے مہینے میں رکھے جائیں۔ **رمضانی** (صفت) ۱ رمضان کا ۲ رمضان کے متعلق ۳ روزوں کا یا ان کے متعلق ۴ جو رمضان میں پیدا ہوا ہو ۵ (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام۔

مثل۔ رمضان کے نمازی محرم کے سپاہی (ہولی کے بھڑوے) وہ اشخاص جو نمائش کے لئے چند روز کے واسطے کوئی اچھا کام کریں۔ رمضان میں نمازی بہت ہوجاتے ہیں محرم میں ہر ایک سپاہگری ظاہر کرتا ہے اور ہولیوں میں ایک دوسرے کو بھڑوا کہتا ہے۔

رمق (ع۔ مونث) ۱ کوئی تھوڑی سی چیز ۲ سسکتی جان۔ آخری سانس۔ **رمقے** (تف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ **رمقے جان ہونا** (لازم) تھوڑی سی زندگی ہونا۔ آخری سانس ہونا۔

رمل (ع۔ مذکر) ایک علم جس سے لکیروں اور ہندسوں کے ذریعے غیب کی بات بتاتے ہیں۔ نجوم۔ جوتش۔

رمل (ع۔ مونث) علم عروض کی ایک بحر جس کا وزن آٹھ دفعہ فاعلان ہے۔

رملا (ہ۔ صفت) میلا کچیلا۔ گندہ۔

رموز (ع۔ مذکر) جمع رمز کی۔ **رموز پھینکنا** (متعدی) طنز کرنا۔ طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔ **رموز نموز** (مذکر) آوازے۔ **رموزیں چھانٹنا** (متعدی) نوک جھوک کی باتیں کرنا۔

امثال۔ رموز عاشقاں عاشق بداند۔ ہم مذہب اور ہم پیشہ ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں۔ **رموز مصلحتِ ملک خسرواں داند**۔ ملک کی بہتری کے راز بادشاہ ہی سمجھتے ہیں۔

رمہ (ف۔ مذکر) ۱ گلہ۔ جھنڈ۔ ۲ گروہ ۳ جماعت۔ فوج۔ بھیڑ۔ **رمۂ گوسپنداں** (مذکر) بھیڑوں کا گلہ۔

رمی (ع۔ مذکر) کوئی چیز پھینکنا۔ (رَمَیَ۔ پھینکنا) **رمی بالغیب** (متعدی) اٹکل پچو کوئی بات کہنا۔ **رمیِ جمار** (مونث) حاجیوں کا منا میں چھوٹی کنکریاں پھینکنا۔

رمیم (ع۔ صفت) گلی ہوئی یا بوسیدہ (ہڈی) (رَمَّ۔ بوڑھا ہونا)۔

رن (ہ۔ مذکر) ۱ لڑائی۔ جنگ۔ رزم۔ کارزار۔ معرکہ۔ یدھ۔ کھیت ۲ میدانِ جنگ۔ رزمگاہ۔ میدان کارزار۔ مقتل ۳ جنگل۔ بیابان۔ ویرانہ (س رَن) **رن بن** (مذکر) جنگل۔ بیابان۔ **رن بولنا** (لازم) میدانِ جنگ سے آوازیں آنا۔ **رن پر چڑھنا** (لازم) ۱ جنگ کے لئے جانا ۲ جنگ کرنا۔ لڑنا۔ **رن پڑنا** (لازم) ۱ جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا ۲ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔ **رنجیت** (مذکر) فاتح۔ **رن فتح ہوگیا** جیت ہوگئی۔ **رن کا کھیت** (مذکر) میدانِ جنگ۔ **رن گڑھ** (مذکر) لڑائی کا قلعہ۔ وہ جگہ جس کے گرد مورچے بنائے جائیں۔ **رن گھن** (مذکر) قتل عام۔ **رن ہلا دینا** (متعدی)، **ہلنا** (لازم) میدان جنگ میں لرزہ پڑنا یا بہت بہادری ظاہر ہونا۔

مثل۔ رن کی فکر نہ دھن کی چوٹ۔ یہ دھم دھوسر کا ہے موٹ بے فکر موٹا آدمی۔

رن (انگ۔ مونث) ۱ دوڑ۔ جھپٹ ۲ کرکٹ کے کھیل میں ایک وکٹ سے دوسری وکٹ تک کی دوڑ۔ **رنز** (مونث) جمع ہے مگر اردو میں عام طور پر واحد اور رنزیں جمع بولتے ہیں (بنانا کرانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) بعض لوگ مذکر بھی بولتے ہیں۔

رن (س۔ مذکر) ۱ دیکھو رَن دہ ۲ خوشی ۳ فکر ۴ مچھر ۵ (پ) عورت بمعنی خوشی یا لڑائی کی چیز۔ **رناشو** (مذکر) ایک راجہ۔ **رنباس پرا یا واس** (مذکر) راجوں کا زنانخانہ۔ حرم۔ **رنبھومی** (مذکر) میدان جنگ۔ **رن پنڈت** (مذکر) سپاہی۔ شجاع۔ **رنجھود۔ رنچھوڑ** (مذکر) کرشن جی کا ایک لقب۔ **رن درگا** (مونث) درگاجی۔ **رندھیر یا دھیرا** (صفت) ۱ ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ با حوصلہ ۲ ثابت قدم شخص۔ **رن شکشا** (مونث) علم جنگ۔ **رن کشیتر** (مذکر) میدان جنگ۔ **رن گرہا** (مذکر) خندقوں کی قطار۔ **رن لکشمی** (مونث) ۱ جنگ کی دیوی ۲ جنگ کا نتیجہ۔ **رن ہستن** (مذکر) ایک مصنف۔

رِن (س۔ صفت) ۱ جانے والا۔ بھلگنے والا ۲ ملزم۔ مجرم ۳ (مذکر) کوئی چیز جس کی ضرورت ہو اور نہ ملے ۴ فرض ۵ قرض ۶ پانی ۷ قلعہ ۸ منفی مقدار (ریاضی)، ۹ برہمنوں کے پانچ فرائض ۱ برہمچاریہ یا ویدوں کا پڑھنا (رشیوں کے متعلق)، ۲ بھینٹ اور پوجا (دیوتاؤں کے متعلق)، ۳ اولاد پیدا کرنا (پتریوں کے متعلق)، ۴ مہربانی۔ لوگوں کے متعلق ۵ مہماں نوازی (مہمان کے متعلق)، **رنی رنیا** (مذکر) مقروض۔

مثل۔ رِن بڑی ہتیا ہے

قرض لینا بہت بری بات ہے۔

رَنبھیر سنگھ (۱۹) مہاراجہ کشمیر بن گلاب سنگھ۔ اس کی وفات پر ۱۸۵۷ء میں گدی نشین ہوا۔

رَنتھی (ھ۔ مونث) ارتھی۔

رَنٹ (ھ۔ صفت) جھگڑالو۔ لڑاکا۔

رَنج (ف۔ مذکر) ۱ تکلیف۔ دکھ۔ درد ۲ افسوس۔ ملال۔ پچھتاوہ۔ آزردگی ۳ غم۔ سوگ ۴ ناراضگی۔ غصہ ۵ نفرت **رنج آنا** (لازم) ملال ہونا۔ **رنج اٹھانا** (متعدی) صدمہ برداشت کرنا۔ **رنجاں مرنج** (صفت) رنج وغم میں شامل ہونے والا۔ **رنج بھلا دینا** (متعدی) رنج بھول جانے کا موجب ہونا۔ **رنج بھولنا** (لازم) رنج دل سے جاتا رہنا۔ **رنج پالنا** (متعدی) خواہ مخواہ تکلیف اٹھانا۔ **رنج پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) تکلیف ہونا۔ اذیت ہونا۔ ملال ہونا۔ **رنج دیکھنا** (متعدی) تکلیف برداشت کرنا مصیبت اٹھانا۔ **رنج دینا** (متعدی) تکلیف دینا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ **رنج راہ سے آسودہ ہونا** (لازم) رستے کی تکلیف کے بعد آرام کرنا۔ **رنج رہنا** (لازم) رنج باقی ہونا۔ **رنج سہنا** (متعدی) تکلیف اٹھانا یا برداشت کرنا۔ **رنج سے چھوٹنا** (لازم) غم و افسوس سے نجات پانا۔ **رنجش** (مونث) رنجیدگی۔ ان بن۔ بگاڑ (بڑھنا ہونا کے ساتھ) **رنج کا اظہار کرنا** (متعدی) افسوس ظاہر کرنا۔ **رنج کش** (صفت) تکلیف برداشت کرنیوالا **رنج کشی** (مونث) تکلیف برداشت کرنا۔ **رنج کھانا** (متعدی) رنج برداشت کرنا۔ **رنج کھینا۔ کھینچنا یا لینا** (متعدی) رنج برداشت کرنا۔ **رنج مٹنا** (لازم) تکلیف یا غم دور ہونا۔ **رنج مول لینا** (متعدی) خواہ مخواہ تکلیف اٹھانا۔ **رنج میں مبتلا ہونا** (لازم) رنجیدہ ہونا۔ **رنج میں دن گزارنا** (متعدی) گزرنا (لازم) ہر وقت مغموم یا رنجیدہ ہونا۔ مصیبت میں ہونا۔ **رنج والم کو ٹالنا** (متعدی) تکلیف و مصیبت سے بچنا۔ **رنجور** (صفت) ۱ مغموم۔ افسردہ ۲ بیمار۔ **رنجوری** (مونث) ۱ مصیبت۔ تکلیف ۲ رنج ۳ بیماری۔ **رنج ومحن مصیبت یا ملال** (مذکر) دکھ۔ تکلیف مصیبت **رنجہ** (صفت) ۱ رنجیدہ۔ مغموم ۲ (مذکر) رنج ۳ نزاکت کی چال یا طرز جیسے قدم رنجہ فرمانا۔ **رنجہ خاطر** (صفت) رنجیدہ۔ **رنجیدگی** (مونث) رنجش۔ **رنجیدہ** (صفت) ۱ خفا۔ ناراض۔ بیزار ۲ اداس۔ افسردہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **رنجیدہ خاطر** (صفت) رنجیدہ۔

رَنج (ھ۔ مذکر) جنگل۔ بن۔

رَنجبت (س۔ صفت) ۱ رنگدار ۲ موثر۔ جس پر اثر ہوا ہو ۳ بہت خوش۔

رَنجک (ف۔ مونث) ۱ بندوق یا توپ کا بارود کا پیالہ ۲ بارود جو اس پیالے میں رکھی جائے یا کان کو اڑانے کے لئے رکھی جائے۔ **رنجک اڑانا** (متعدی) ۱ رنجک کی بارود میں آگ لگانا ۲ دغف، گوزمارنا۔ پادنا۔ **رنجک اُڑنا** (لازم) بارود میں آگ لگنا۔ **رنجک پلانا۔ ڈالنا یا رکھنا** (متعدی) بارود توپ یا بندوق کے پیالے میں رکھنا۔ **رنجک چاٹ جانا** (متعدی) باوجود بارود کو آگ لگنے کے بندوق یا توپ نہ چلنا۔ فیر خطا ہونا۔ **رنجکدان** (مذکر) رنجک رکھنے کا پیالہ۔ **رنجک کی بجلی** (مونث) وہ چمک جو بارود کو آگ لگنے سے ہوتی ہے۔

رَنجنی (س۔ مونث) ۱ سلام۔ دعا۔ نمستے ۲ نیل کا پودہ ۳ املی ۴ زعفران ۵ سرخ سنکھیا ۶ سرخ صندل ۷ دارچینی ۸ ایک خاص شرتی ۹ کوئی عورت جو جوش دلائے یا وصل سے خوش کرے۔

رَنجھنا (ھ۔ لازم) ۱ افراط سے اگنا یا ہونا۔ پھولنا۔ پھلنا ۲ پرانا یا کہنہ ہونا بیماری کا۔

رَنجیت سنگھ ۱ (۔ ۱۸) بن کھری سنگھ۔ اپنے چچا نواب سنگھ کے بعد ۱۷۶۷ء میں بھرتپور کا راجہ ہوا۔ مرہٹوں کی طرف سے شاہان دہلی سے لڑتا رہا ۲ (۱۷۸۰-۱۸۳۹) بن مہاسنگھ۔ مہاراجہ پنجاب ۱۸۰۱ء میں یہ لاہور میں تخت نشین ہوا۔ انگریزوں کے ساتھ عہدنامہ کیا۔ اس کے خاندان کے مفصلہ ذیل راجے ہوئے ۱ رنجیت سنگھ ۲ کھڑک سنگھ (۱۸۴۰) ۳ نونہال سنگھ (۱۸۴۰) ۴ شیر سنگھ (۱۸۴۳) ۵ دلیپ سنگھ بیٹا۔ اسنے ۱۸۴۹ء تک سلطنت کی بعد ازاں انگریزوں نے پنجاب کا الحاق کرلیا۔

رَنچ (ھ۔ مذکر) ۱ ذرہ۔ ریزہ۔ کن ۲ تھوڑی سی چیز چھوٹی سی چیز۔

رَنْد۔ رندا (ہ۔ مذکر) وہ سوراخ جو قلعہ کی دیواروں میں بندوق وغیرہ چلانے کے لئے رکھتے ہیں۔

رِنْد (ف۔ مذکر) ۱ آزاد۔ بے قید شخص ۲ جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو ۳ شرابی ۴ صوفی ۵ عیاش ۶ آوارہ ۷ ہوشیار۔ چالاک۔ **رندان خاک بیز** (مذکر جمع) ہشیار۔ چالاک یا سمجھدار آدمی۔ **رندانہ** (صفت) رند کے طریقے یا طرز کا۔ **رند سیاہ مست** (مذکر) بدکار آدمی۔ شرابی۔ **رندگی** (مونث) رندی۔ **رند مذہب یا مشرب** (مذکر) آزاد وضع۔ بدوضع۔ **رندی** (مونث) ۱ شہدہ پن۔ بدکاری ۲ لامذہبی ۳ رندوں کا کام ۴ دھوکا بازی، فریب۔

امثال واقوال۔ رند عالم سوز را با مصلحت چہ کار۔ از خود رفتہ شخص کو انجام کی کیا فکر۔ **رندی و ہوسناکی در عہد شباب اولٰے۔** ایسی باتیں جوانی میں ہی اچھی ہوتی ہیں۔

رِند ۱ (۱۹) سید محمد خاں بن غیاث الدین محمد خاں نصرت جنگ لکھنوی۔ اردو شاعر صاحب دیوان ۲ (۱۹) جانی مانکی لال کا تخلص دہلوی فارسی کا شاعر۔ ایک چھوٹا سا دیوان شائع کیا ہے۔

رندا (ف - مذکر) دیکھو رندہ۔

رندنا (ہ - متعدی) رندے سے چھیلنا۔ صاف کرنا۔

رُندنا (ہ - لازم) ۱ پامال ہونا۔ روندا جانا۔ کچلا جانا ۲ (متعدی) دیکھو رندھنا ۳ دیکھو روندھنا۔

رندوانا (ہ - مم) رندے سے چھلوانا یا صاف کرانا۔

رُندوانا (ہ - مم) پامال کرانا۔ کچلوانا۔

رندہ (ف - مذکر) بڑھئی کا اوزار لکڑی صاف و ہموار کرنے کا (پھیرنا پھیرنا کرنا ہونا کے ساتھ)۔

رُندھ جانا (ہ - لازم) دیکھو رندھنا۔

رندھر (س - مذکر) ۱ سوراخ۔ چھید۔ رخنہ۔ روزن ۲ گڑھا۔ غار ۳ نقص۔ عیب۔ کسر۔ خامی ۴ (شعروں میں) عدد نو۔

رندھنا (ہ - متعدی) ۱ پکنا۔ کھانا تیار ہونا ۲ کھانا ابلنا۔

رُندھنا (ہ - لازم) ۱ پامال ہونا۔ رندنا ۲ قید ہونا ۳ روکا جانا ۴ غمگین ہونا ۵ گھر آنا۔ چھا جانا ۶ (متعدی) روندھنا۔ گھیرنا۔ قید کرنا۔

رندھیر سنگھ ۱ (۱۸/۱۹) بن رنجیت سنگھ۔ راجہ بھرت پور۔ اپنے باپ کی وفات پر گدی نشین ہوا ۲ (۱۹) راجہ کپورتھلہ۔ اس نے غدر میں بہت خدمات کیں۔

رنڈ (ہ - مونث) رانڈ کا مخفف۔

رنڈا ۱ (پ - مذکر) وہ مرد جس کی بیوی مر جائے ۲ (س) رانڈ۔ رنڈاپا (مذکر) بیوگی۔ بیوہ ہونے کا زمانہ۔ رنڈاپا کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) بیوگی کا زمانہ بسر ہونا۔ رنڈسال یا سالا (مذکر) بیوہ کی پوشاک (پہنانا پہننا کے ساتھ)۔ رنڈوا (مذکر) ۱ وہ مرد جس کی بیوی مر گئی ہو ۲ (صفت) کام چور۔ سست۔ کاہل۔ پست ہمت۔ رنڈی (مونث) (ع و) ۱ عورت ۲ طوائف۔ کسبی۔ زن بازاری ۳ رقاصہ۔ ناچنے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ رنڈیا (مونث) ۱ بیوہ عورت ۲ عورت ۳ بدکار عورت ۴ کمینی ذات کی عورت۔ رنڈیاں بلوانا (مم) قرمساقی کرنا۔ عورتیں زنا کے لئے لاکر دینا۔ دلالی کرنا۔ رنڈی باز (صفت) رنڈیوں سے زنا کرنے والا۔ تماش بین۔ عیاش۔ بدکار۔ رنڈی بازی (مونث) ۱ تماش بینی ۲ زناکاری۔ عیاشی (کرنا ہونا کے ساتھ) رنڈی بازی میں پڑنا (لازم) زناکاری کا عادی ہونا۔ رنڈی رکھنا (متعدی) ۱ زنا کے لئے کسبی کو نوکر رکھنا۔ رنڈی کرنا (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ رنڈی سے شادی کرنا۔ رنڈی گھر میں ڈال لینا یا ڈالنا (متعدی) رنڈی رکھنا۔

امثال و اقوال۔ رنڈوا بیل جی کا جلاپا۔ پست ہمت اور کام چور نوکر سے طبیعت کو سوختگی ہوتی ہے۔ رنڈی پیسے کی آشنا ہے رنڈی پیسے ہی کی یار ہے۔ کسبیاں امیر آدمی کے ساتھ تعلق پیدا کرتی ہیں۔ غریب ہو جائے تو دھتا بتاتی ہیں۔ رنڈی تیرا یار مر گیا کہا کونسی گلی کا۔ رنڈیوں کے بہت سے یار ہوتے ہیں ایک کی پابند نہیں رہتیں۔ رنڈی کا جوبن رکابی ہیں جو خرچ کرے لطف اڑائے۔ رنڈی کا یار سدا خوار۔ رنڈی کا آشنا ہمیشہ مفلس رہتا ہے۔ رنڈی کس کی جورو اور بھڑوا کس کا سالا۔ رنڈیوں اور بھڑووں کا کوئی اعتبار نہیں۔ رنڈی کے سیکڑوں یار۔ رنڈی سے بہت آدمیوں کا تعلق ناجائز ہوتا ہے۔ کوئی گنتی نہیں ہو سکتی۔ رنڈی کی کمائی یا کھائے ڈھاڑی یا کھائے گاڑی رنڈی کی کمائی سازندے یا گاڑیبان کھاتے ہیں۔ رنڈی کی گالی اور بھوت کے پتھر کی چوٹ نہیں لگتی۔ ان سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ رنڈی کے گھر مانڈے اور عاشقوں کے گھر کڑاکے۔ چونکہ وہ اپنا روپیہ رنڈیوں کو دے آتے ہیں۔ وہ مزے اڑاتی ہیں اور ان کے گھر فاقہ ہوتا ہے۔ رنڈی کے ناک نہ ہوتی تو گوہ کھاتی پھرتی۔ عورت بہت بیوقوف ہوتی ہے۔ رنڈی مانگے روپیہ لے لے میری میا۔ پھکڑ مانگے پیسہ چل بے سالے کیسا عیاشی پر خرچ کرتا ہے نیک کام پر خرچ کرنے سے گھبراتا ہے۔ رنڈی موم کی ناک ہوتی ہے۔ عورت کو جس کام پر چاہو لگا لو۔ رنڈیوں کی خرچی اور وکیلوں کا خرچہ پیشگی دیا جاتا ہے۔ اگر وہ پہلے نہ لے لیں تو انہیں کوئی بعد میں نہیں دیتا۔

رنڈ (ہ - مذکر) ارنڈ کا درخت۔

رُنڈ (س - صفت) ۱ بیوفا۔ غدار ۲ اجاڑ۔ ویران ۳ (مذکر) وہ جو اپنے مذہبی رسوم کو ادا نہ کرے ۴ وہ جو بے اولاد مر جائے ۵ درخت جس پر پھل نہ لگے۔ رنڈا (مونث) رانڈ بطور گالی۔ بدکار عورت۔ رنڈک (مذکر) رنڈ ۲۔

رُنڈ (ہ - صفت) ۱ جسم بے سر ۲ درخت کا تنہ بغیر شاخوں کے (س رنڈ)۔ رنڈ منڈ (مذکر) ۱ وہ درخت جس کی شاخیں نہ ہوں ۲ (صفت) چار ابرو کا صفایا کئے ہوئے۔

رُنز (ع - مذکر) چاول۔ برنج۔

رنس (ہ - مونث) کرن۔

رنک (س - صفت) ۱ حریص لالچی ۲ کنجوس۔ بخیل ۳ کمینہ۔ رذیل ۴ غریب۔ مفلس ۵ کمبخت۔ بدنصیب ۶ بھوکا۔ فاقہ کش ۷ (مذکر) فقیر۔ بھوکا آدمی وغیرہ۔

رنکا۔ رنکھا۔ رنکھی۔ رنکی (ہ - صفت) ۱ رونے پر آمادہ ۲ رنجیدہ۔ ناراض۔

رنکشو (س - مذکر) ایک دریا۔

رنکو (س - مذکر) ایک قسم کا ہرن۔

رنگ (ف - مذکر) ۱ برن۔ لون۔

فام[2] چیزوں کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے وہ سورج کی بعض کرنوں کو جذب کرلیتی ہیں اور بعض کو منعکس کرکے آنکھ پر ڈالتی ہیں جن کا خاص اثر آنکھ پر ہوتا ہے۔ سفید کرن سات رنگ سے مرکب ہوتی ہے۔ اودا۔ نیلا۔ آسمانی۔ سبز۔ زرد۔ نارنجی اور سرخ۔ اصل رنگ صرف تین ہیں۔ نیلا۔ زرد اور سرخ۔ دوسرے سب رنگ ان کے مرکبات ہیں[3] رنگت۔ روپ[4] انداز۔ طرز۔ روش[5] وہ سفوف یا سیال چیز جس سے رنگتے ہیں[6] روغن۔ وارنش[7] قسم۔ نوع[8] بہار۔ خوبصورتی۔ رونق[9] مانند۔ نظیر[10] دستور۔ قاعدہ۔ رسم۔ طریقہ[11] مزہ۔ لطف۔ شغل[12] خمار۔ نشہ[13] طاقت۔ قوت[14] سلوک۔ برتاؤ[15] ہمسر۔ جوڑ[16] مکر۔ حیلہ۔ فریب[17] ہنسی۔ مذاق۔ چہل[18] کھیل۔ کود[19] ناچ۔ راگ۔ گانا[20] کیفیت۔ حال۔ حالت[21] خوشی۔ مسرت۔ خوشحالی[22] تماشا۔ سیر[23] سماں۔ موسم[24] گنجفے کی آٹھوں بازیوں کا نام[25] چوسر کی آٹھوں نردوں کا نام[26] اس رنگ کی نردیں جو پہلے کھیلا جائے[27] تاش کی چاروں بازیوں کا نام[28] ترپ۔ ٹرمپ (س۔ رَنج۔ رنگا جانا) **رنگا** (امر) رنگانا کا [1] (ماضی) رنگنا کی [2] (صفت) رنگا ہوا۔ رنگین۔ منقوش [3] (ھ) مخمور شراب سے [4] (ھ) جوش میں آیا ہوا۔ **رنگ آبدار ہونا** (لازم) رنگ چمکیلا ہونا۔ **رنگ آشنا** (صفت) صورت دیکھ کر حال معلوم کرنے والا (ہونا کے ساتھ)۔ **رنگ آمیز** (صفت) [1] رنگ ملانے والا۔ نقاش۔ مصور [2] رنگدار منقش [3] وہ جو کئی مضامین سے واقف ہو [4] بے وفا۔ **رنگ آمیزی** (مونث) [1] نقاشی۔ مصوری [2] عبارت آرائی [3] مبالغہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **رنگ آنا** (لازم) [1] رنگ چڑھنا [2] رونق آنا۔ پھیکا پن جاتا رہنا۔ **رنگ آور** (صفت) [1] رنگدار [2] دغاباز۔ فریبی [3] بے شرم۔ **رنگ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) [1] رنگ جاتا رہنا۔ سفید ہو جانا [2] روغن جاتا رہنا [3] چہرہ فق ہو جانا۔ **رنگ اٹھانا** (متعدی) رنگ قبول کرنا۔ **رنگ اٹھنا** (لازم) چوسر کی گوٹ کا سارے خانے طے کر جانا۔ **رنگا جانا** (لازم) رنگ چڑھنا۔ **رنگا جنگا** (ھ۔ صفت) [1] جوش دلانے والا [2] خوش کرنے والا [3] خوش۔ مسرور۔ **رنگ اچھالنا** (متعدی) **اچھلنا** (لازم) [1] رنگ پڑنا ہولیوں میں [2] عجیب عجیب باتیں ہونا۔ تماشا ہونا۔ **رنگ اداس ہونا** (لازم) رنگ پھیکا ہونا۔ رنگ ٹھیک نہ چڑھنا۔ **رنگارا** (ھ۔ مذکر) رنگریز۔ رنگساز۔ **رنگارنگ** (صفت) قسم قسم کا۔ رنگ برنگ۔ طرح طرح کا۔ **رنگارنگ ہونا** (لازم) رنگین ہونا۔ **رنگ اڑا دینا۔ اڑانا** (متعدی) [1] رنگ زائل کرانا [2] اپنی قابلیت وغیرہ سے دوسرے کا رنگ پھیکا کرنا۔ **رنگ اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) [1] رنگ جاتا رہنا یا پھیکا پڑنا [2] رنگ فق ہو جانا۔ **رنگا سیار** (مذکر) جو شخص بظاہر نیک کردار ہو اور باطن میں بدکردار ہو۔ **رنگ افشانی** (مونث) رنگ چھڑکنا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **رنگ اکھڑنا** (لازم) [1] بے رونقی ہونا [2] اثر جاتا رہنا [3] حال خراب ہونا [4] محفل میں رنگ پھیکا پڑ جانا۔ **رنگا کے آنا** (لازم) عو۔ کوئی خصوصیت رکھنا (غف) **رنگانا** (ھ) [1] رنگوانا [2] رنگنا [3] چھپوانا۔ **رنگاوٹ** (ھ) [1] رنگ کرنا [2] رنگ [3] رنگسازی کا پیشہ۔ **رنگا ہوا** (صفت) [1] رنگ کیا ہوا [2] عارف کامل۔ **رنگا ہوا سیار** (مذکر) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ **رنگائی** (مونث) رنگنے کی اجرت۔ **رنگ اور ہونا** (لازم) [1] دوسرا انداز ہونا [2] بہتر ہو جانا۔ **رنگ باختہ** (صفت) رنگ اڑا ہوا۔ زرد۔ **رنگ بالا** (صفت) چمکدار۔ چمکیلا (گلاب)۔ **رنگ باندھنا** (متعدی) سماں باندھنا۔ **رنگ بدل جانا۔ بدلنا** (لازم) [1] متغیر ہونا کسی چیز کے رنگ کا۔ ایک رنگ سے دوسرا رنگ ہو جانا۔ [2] وضع بدل جانا۔ طرز اور ہو جانا [3] انقلاب ہونا۔

رنگ بدلنا (متعدی) [1] ایک رنگ سے دوسرا رنگ تبدیل کر دینا [2] طرز یا وضع تبدیل کرنا۔ حالت اور ہونا۔ **رنگ برنگ** (مذکر) مختلف رنگ۔ مختلف اقسام۔ **رنگ برنگ کا** (تف) مختلف رنگوں کا۔ طرح طرح کا۔ **رنگ بگاڑنا** (متعدی) **بگڑنا** (لازم) [1] رنگ خراب ہونا [2] بیرونقی ہونا [3] حالت متغیر ہونا۔ حال پتلا ہونا۔ **رنگ بنانا** (متعدی) حالت بنانا۔ صورت بنانا۔ دھج بنانا۔ **رنگ بندھنا** (لازم) [1] سماں بندھنا [2] رونق پکڑنا۔ زیبا ہونا۔ **رنگ بھرا** (مذکر) وہ شخص جو رانگ کا زیور بناتا ہے۔ **رنگ بھرنا** (متعدی) [1] نقاشی کرنا۔ موقع موقع پر رنگ آمیزی کرنا [2] کسی ظرف میں رنگ ڈالنا۔ **رنگ بھریا** (مذکر) رنگ بھرا۔ مصور۔ نقاش۔ **رنگ بھنگ** (مذکر) [1] ہنسی۔ مذاق۔ چہل [2] مستی۔ شہوت۔ **رنگ بھنگ کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) لطف بگڑنا۔ **رنگ بے رنگ ہونا** (لازم) حالت خراب ہو جانا۔ **رنگ پاشی** (مونث) رنگ چھڑکنا۔ ہولیوں کی ایک رسم (کرنا ہونا کے ساتھ) **رنگ پتلا ہونا** (لازم) حال بے حال ہونا۔ **رنگ پختہ ہونا** (لازم) رنگ ایسا پکا ہونا کہ دھونے سے نہ چھوٹے۔ **رنگ پر آنا** (لازم) [1] رونق پر آنا۔ بہار پر آنا [2] زوروں پر ہونا۔ تیز ہونا۔ **رنگ پرواز کرنا** (متعدی) رنگ اڑ جانا۔ **رنگ پر ہونا** (لازم) رونق یا بہار پر ہونا۔ **رنگ پریدہ** (صفت) رنگ اڑا ہوا۔ زرد۔ پیلا۔ **رنگا پکا ہونا** (لازم) رنگ پختہ ہونا۔ **رنگ پکڑنا** (متعدی) [1] رنگ چڑھنا [2] بارونق ہونا۔ رونق پکڑنا۔ **رنگ پھر جانا یا پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) رنگ کرنا یا لگانا۔ وارنش کرنا۔ **رنگ پھوٹنا** (لازم) رنگ کا دوسری طرف نکل جانا۔ **رنگ پھیکا پڑنا یا ہونا** (لازم) [1] رنگ مدھم ہونا [2] رونق کم ہونا [3] بے لطف ہونا۔

رنگ پیدا کرنا (متعدی) نئی طرز یا وضع اختیار کرنا۔ کوئی ڈھنگ اختیار کرنا۔ رنگ پیلا پڑ جانا یا پڑنا (لازم) رنگ اڑ جانا یا زرد ہو جانا۔ رنگت (مونث) ۱ رنگ۔ لون۔ فام۔ برن ۲ چہرے کا رنگ ۳ کپڑے کے اوپر کا رنگ ۴ شکل۔ صورت۔ روپ ۵ حالت۔ کیفیت ۶ (ھ) تجویز۔ تدبیر ۷ کپڑا رنگنے کے لئے ۸ رنگ کا اثر۔ رنگت آنا (لازم) رنگ چڑھنا۔ رنگت اتارنا (متعدی) شکل صورت کی نقل کرنا۔ رنگت اڑ جانا (لازم) رنگ اڑ جانا۔ رنگت بدلنا (متعدی) رنگ بدلنا۔ رنگت بیٹھنا (لازم) رنگ کا سرایت یا اثر کرنا۔ رنگت پھوٹ نکلنا (لازم) رنگ پھوٹ نکلنا۔ رنگت چہرے کی متغیر ہونا (لازم) ڈر سے رنگ سفید یا زرد ہو جانا۔ رنگت چھوٹنا (لازم) رنگ اڑنا۔ رنگترا (مذکر) نارنگی۔ سنگترا۔ یہ نام اس کا محمد شاہ رنگیلے نے رکھا تھا۔ رنگت سفید ہونا (لازم) ۱ رنگ سفید ہونا ۲ پریشانی یا اضطراب سے چہرے کا رنگ سفید ہونا۔ رنگت شوخ ہونا (لازم) رنگ شوخ ہونا۔ رنگت غیر ہونا (لازم) چہرے کا رنگ بدل جانا شرم یا ندامت سے۔ رنگت کھلنا (لازم) چہرے پر سرخی یا رونق آنا۔ رنگت لانا (متعدی) رنگ ظاہر کرنا۔ رنگت نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) چہرہ سرخ ہونا۔ چہرے کا رنگ نمایاں ہونا۔ رنگ ٹپکنا (لازم) ۱ کوئی خاص حالت ظاہر ہونا ۲ چمکدار ہونا۔ رونق دار ہونا۔ رنگ ٹھہرنا (لازم) رنگ نہ اڑنا۔ رنگ پکا ہونا۔ رنگ جل جانا (لازم) غم غصے یا خون کی خرابی سے چہرہ سیاہ ہو جانا۔ رنگ جمانا (متعدی) جمنا (لازم) ۱ اثر پڑنا۔ بنیاد پڑنا ۲ رسائی ہونا۔ رسوخ ہونا۔ اعتبار جمنا ۳ رونق ہونا۔ اچھا معلوم ہونا۔ رنگِ جوانی چمکنا (لازم) جوانی کا زور دیر ہونا۔ رنگ چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) ۱ رنگا جانا۔ رنگدار ہونا ۲ وارنش یا روغن ہونا ۳ چمکدار یا بارونق ہونا ۴ خوش یا شادماں ہونا ۵ کسی کی طرح ہو جانا ۶ نشے میں ہونا ۷ سماں بندھنا ۸ کسم کو بھگو کر کپڑے میں باندھ کر لٹکا کر رنگ نکالا جانا ۹ خدا شناسی کا مزا پڑنا۔ رنگ چمکانا (متعدی) ۱ جلا کرنا۔ صیقل کرنا ۲ رنگ کی آب و تاب بڑھانا۔ رنگ چمکنا (لازم) ۱ عزت بڑھنا۔ قدر ہونا ۲ رنگ نکھرنا۔ رنگ چوکھا آنا (لازم) گہرا رنگ ہونا۔ رنگ چونا (لازم) رنگ ٹپکنا۔ رنگ چھا جانا (لازم) رنگ کا کسی مقام پر محیط ہو جانا۔ رنگ چہچہا ہونا (لازم) رنگ شوخ ہونا۔ رنگ چھڑکنا (لازم) رنگ کے چھینٹے دینا۔ رنگ دار (صفت) رنگین۔ شوخ۔ چمکدار۔ خوشنما۔ بھڑکیلا۔ رنگ دکھانا یا دکھلانا (متعدی) ۱ لطف دکھانا ۲ کیفیت دکھانا ۳ اثر دکھانا ۴ طرز دکھانا۔ مختلف حالتوں کا اظہار کرنا۔ رنگ دگر گوں کرنا (متعدی) ہونا (لازم) رنگ بدلنا۔ خراب حالت ہونا۔ رنگ دگرگوں معلوم ہونا (لازم) حال خراب نظر آنا۔ رنگ دمکنا (لازم) رنگ چمکنا یا نکھرنا۔ سرخی کا گالوں میں چمکنا۔ رنگ دیکھنا (لازم) ۱ کیفیت دیکھنا۔ حالت دیکھنا ۲ اثر دیکھنا ۳ لطف دیکھنا۔ سیر دیکھنا ۴ نتیجے پر نظر ڈالنا ۵ رخ دیکھنا۔ ہوا دیکھنا ۶ خیر جانب دار رہنا۔ رنگ دیا۔ مالا مال کر دیا۔ رنگ دینا (متعدی) ۱ رنگنا ۲ کسی چیز کا رنگ نکالنا ۳ رنگینی ظاہر کرنا ۴ لطف یا مزہ دینا ۵ جلا دینا ۶ مالا مال کر دینا ۷ مبالغہ کرنا۔ رنگ ڈالنا (متعدی) رنگ چھڑکنا۔ رنگ ڈھنگ (مذکر) ۱ طور طریقہ۔ چال چلن۔ برتاؤ ۲ عادت ۳ حالت۔ کیفیت ۴ انداز۔ وضع۔ (دیکھنا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) رنگ رتنا (ھ) عاشق ہونا۔ محبت سے بھر جانا۔ رنگ رچانا (متعدی) ۱ رنگین بنانا ۲ بیاہ شادی رچانا ۳ کسی خوشی کی تقریب کے لئے سامان مہیا کرنا۔ رنگ رچنا (لازم) رنگ کا سرایت کر جانا۔ رنگت بیٹھنا۔ رنگ کا اثر کر جانا۔ رنگ رس (ھ) ۱ خوشی۔ مسرت ۲ لطف۔ مزا ۳ چہل۔ مذاق ۴ خوش الحانی۔ رنگ رسیا (صفت) ۱ رنگیلا۔ شوقین مزاج ۲ عیاش۔ زانی ۳ وہ جو مزے اڑائے۔ رنگ رلیاں (مونث) ۱ چہل۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مذاق ۲ لطف۔ مزہ ۳ عیش و نشاط (دیکھنا۔ مچانا۔ منانا کے ساتھ) رنگ رنگ کا (صفت) ۱ قسم قسم کا۔ طرح طرح کا ۲ مختلف طرز۔ رنگ یا وضع کا۔ رنگ رنگنا (متعدی) کوئی رنگ چڑھانا۔ کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا۔ رنگ رنگیلا (صفت) ۱ رنگین ۲ نابکار۔ رنگ روپ یا روغن (مذکر) ۱ حسن۔ خوبصورتی ۲ چمک دمک ۳ چہرا مہرا۔ رنگ روپ پانا (لازم) خوبصورت ہونا۔ رنگ روپ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) رنگ روغن نکلنا (لازم) خوبصورت ہو جانا۔ بہار پر آنا۔ رنگ رو اڑنا (پرواز ہونا) (لازم) ڈرنا۔ گھبرانا۔ رنگ اڑ جانا۔ رنگ رو زرد ہونا (لازم) چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔ رنگ رو متغیر ہونا (لازم) ۱ متفکر ہونا۔ متحیر ہونا۔ حیران ہونا ۲ رنگ زرد ہونا۔ رنگریز (مذکر) رنگنے والا شخص۔ نیلاری۔ رنگریزی (مونث) رنگنے کا پیشہ۔ رنگ زرد پڑ جانا یا پڑنا یا ہو جانا یا ہونا (لازم) پیلا پڑ جانا شرم خوف یا بیماری سے۔ رنگساز (مذکر) رنگ یا وارنش کرنے والا۔ رنگسازی (مونث) رنگساز کا پیشہ۔ رنگ سرخ سفید ہونا (لازم) چہرے کا رنگ سفید سرخی ملا ہوا ہونا۔ رنگ سرخ ہونا (لازم) گلابی رنگ ہونا۔ رنگ سر ہونا (ھ۔ لازم) اپنی پوری طاقت جوانی یا جوبن پر ہونا۔ رنگ سفید پڑنا (لازم) ڈر وغیرہ سے چہرے کی رنگت جاتی رہنا۔ رنگ سفید کرنا (متعدی) رنگ کاٹ دینا۔ رنگ سفید ہونا (لازم) گورے آدمی کے چہرے کی سرخی جاتی رہنا۔ رنگ شکستہ (صفت) اڑا ہوا رنگ۔ ہوائیاں اڑا ہوا۔ رنگ شوخ ہونا (لازم) رنگ گہرا اور چمکدار ہونا۔ رنگ صاف ہونا (لازم) رنگ ہر جگہ

ایک جیسا ہوتا ہے۔ رنگ میں کوئی داغ یا دھبہ نہ ہونا۔
رنگ عام ہونا (لازم) ایسا رنگ ہر جگہ پایا جانا۔
رنگ آسانی سے مل جانا۔ **رنگ فق سے ہونا** (مت)
فق ہونا (لازم) رنگ اڑ جانا۔ ہوائیاں اڑنا۔ **رنگ**
کاٹنا (متعدی) کھار وغیرہ سے رنگ اڑانا۔ **رنگ**
کٹنا (لازم) ۱ رنگ اڑنا یا زائل ہونا ۲ رنگ اڑنا
شرم یا خجالت سے ۳ چوسر کی گوٹ کا مارا جانا۔ **رنگ**
کچا ہونا (لازم) رنگ کا پکا نہ ہونا یا ناپائیدار ہونا۔
رنگ کرنا (متعدی) ۱ رنگنا ۲ خوشی منانا۔ رنگ
رلیاں منانا۔ **رنگ کندن ہو جانا** (لازم) رنگ
سونے کی طرح ہو جانا۔ **رنگ کھلنا** (لازم) ۱ رنگ کا
جوانی یا طاقت کی دوائی کی وجہ سے نکھرنا ۲ چہرے
یا کسی چیز پر رنگ کا زیب دینا۔ **رنگ کھیلنا**
(متعدی) رنگ ڈالنا ایک دوسرے پر ہولی میں
گلال اڑانا۔ **رنگ لانا** (متعدی) ۱ رنگ پکڑنا۔
اچھا دکھائی دینا ۲ جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا ۳ شورش
برپا کرنا۔ فساد کرنا۔ فتنہ برپا کرنا ۴ مکر پھیلانا۔ فریب کرنا
۵ خبث باطن ظاہر کرنا ۶ اثر دکھانا۔ تماشا دکھانا ۷
بدی کرنا۔ برائی کرنا ۸ کوئی اعلےٰ کام کرنا ۹ تغیر حالات
کرنا ۱۰ کوئی طریقہ نکالنا ۱۱ چہرے کا رنگ سرخ ہو جانا
۱۲ سزا دینا۔ مزا چکھانا۔ **رنگ لگانا** (متعدی)
۱ رنگ بھرنا ۲ جھگڑا پیدا کرنا۔ لڑانا۔ **رنگ لینا**
(متعدی) ۱ رنگنا ۲ اپنی طرح بنا لینا۔ **رنگ مارنا**
(لازم) ۱ رنگ ۲ کی نرد مارنا ۳ جیتنا۔ بازی لیجانا۔
رنگ ماند پڑنا یا ہونا (لازم) رنگ پھیکا ہونا۔
رنگ مبدل ہونا (لازم) دیکھو رنگ پیلا پڑنا۔
رنگ مٹانا (متعدی)، **مٹنا** (لازم) ۱ رعب یا حسن
جاتا رہنا ۲ اثر یا وقعت جاتی رہنا۔ **رنگ متغیر**
ہونا (لازم) متحیر ہونا۔ حیران ہونا۔ گھبرانا۔ **رنگ**
مٹی ہونا (لازم) بے رونقی ہونا۔ آب و تاب نہ رہنا۔
رنگ محل (مذکر) وہ مکان جہاں بادشاہ اور امیر
عیش مناتے ہیں۔ عیش منزل۔ **رنگ ملنا** (لازم)
۱ رنگت ایک جیسی ہونا ۲ طرز یا وضع ملنا۔ **رنگ**

میں (تف) صورت میں۔ حالت میں۔ **رنگ**
میں بھنگ۔ خوشی میں رنج۔ مزے میں بے
لطفی (پڑنا۔ ڈلنا ہونا کے ساتھ) **رنگ میں**
ڈوبنا (لازم) ۱ کسی طرز پر ہونا ۲ شرابور ہونا ۳
عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔ **رنگ میں رنگنا**
(متعدی) اپنی طرز پر لے آنا۔ اپنی طرح بنا لینا۔ **رنگنا**
(متعدی) ۱ رنگ کرنا۔ رنگین بنانا ۲ بنانا۔ مبالغہ کرنا۔
رنگ نکالنا (متعدی) ۱ خوشنما ہو جانا۔ خوبصورت
ہو جانا ۲ طرز نکالنا ۳ کسی چیز سے رنگ حاصل کرنا
۴ صورت اختیار کرنا۔ **رنگ نکلنا** (لازم) ۱ نکھرنا۔
خوبصورت ہونا ۲ کسی چیز میں رنگ جھلکنا۔ **رنگ**
نکھرنا (لازم) ۱ رنگ کا صاف ہونا ۲ چہرہ سرخ و
سفید ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ **رنگ نہ جمنے**
دینا (متعدی) رسائی یا رسوخ نہ ہونے دینا۔ **رنگنے**
والا (صفت) رنگساز۔ رنگریز۔ **رنگوانا** (مم) رنگنا
کا۔ **رنگوائی** (مونث) رنگنے کی مزدوری۔ رنگائی۔
رنگ و بو (مونث) رونق۔ شان و شوکت۔ **رنگ**
و روغن (مذکر) ۱ چمک دمک۔ خوبصورتی۔ حسن
۲ رنگینی یا رنگت کسی چیز کی۔ **رنگوَیا** (ھ) رنگریز۔
رنگساز۔ **رنگ ہونا** (لازم) ۱ رنگ چڑھنا کسی
چیز پر ۲ طرز ہونا۔ وضع ہونا۔ انداز ہونا ۳ اثر ہونا۔
ویسی ہی حالت ہونا۔ **رنگ ہے**۔ تعریف کے
لئے بولتے ہیں۔ واہ واہ کیا کہنا۔ **رنگی** (مونث) ۱
چھینٹ سچے رنگ کی چھینٹ ۲ ایک قسم کا کپڑا
جو خیرآباد میں بنتا ہے ۳ رنگریز۔ رنگساز۔ **رنگیلا**
(صفت) ۱ بانکا چھیلا ۲ رنگدار ۳ خوش مزاج۔
خوش طبع ۴ عیاش ۵ رنڈیوں کی اصطلاح معشوق
۶ پان کا بیڑا۔ گلوری۔ **رنگین** (صفت) ۱ رنگدار
۲ رنگیلا ۳ زندہ دل۔ خوش طبع ۴ دل پسند۔ خوش
کن ۵ گوناگوں۔ رنگ برنگ ۶ سرخ ۷ آراستہ۔
رنگین ادا (صفت) طرحدار حسین۔ **رنگین زبان**
یا سخن (صفت) خوش بیان۔ خوش ادا۔ شوخ
زبان۔ **رنگیں سخنی** (مونث) خوش بیانی۔ **رنگیں**

کمان (مونث) قوس و قزح۔ **رنگین مزاج**
(صفت) ۱ خوش طبع۔ زندہ دل۔ ہنس مکھ ۲ عیاش۔
رنگینی (مونث) ۱ رنگین ہونا ۲ کلام میں شوخی ہونا۔
رنگینیٔ سخن (مونث) کلام کی خوبصورتی۔ خوش
بیانی۔ **رنگینیت** (مونث) رنگینی (غلط العام)۔

امثال و اقوال۔ رنگ

روپ دیکھ کر نہ بھولئے۔ ظاہری صورت پر
نہ جائیے۔ **رنگ (توا) کو اسا مہتاب نام**
برعکس نہند نام زنگی کافور۔ رنگ کی خوشی من کا
سودا۔ دل کو جو پسند آئے وہی رنگ اچھا ہوتا ہے۔
رنگریز بریش خود درماندہ۔ جو خود ہی لاچار ہو وہ
دوسرے کی کیا مدد کرے گا۔ **رنگریز ہوتے تو اپنی**
داڑھی رنگتے۔ اگر کسی بات کے قابل ہوتے تو ترقی
کرتے۔ **رنگ لائی گلہری**۔ انہوں نے بھی پر پرزے
نکالے۔ **رنگم بہ بیں حالم مپرس**۔ حالت چہرے
کی رنگت سے ہی ظاہر ہے۔ پوچھنے کی ضرورت
نہیں۔ **رنگ ہے اسی کو جو کہے نہ کسی کو**۔
وہ مزے میں رہتا ہے جو کسی کی بات میں دخل نہ دے۔

رَنگ (س۔ مذکر) ۱ لون۔ برن۔
فام ۲ روغن۔ وارنش ۳ اکھاڑا۔ تھیٹر یا کوئی جگہ
جہاں لوگ تماشے کے لئے جمع ہوں ۴ کسی حرف علت
کو نون غنہ سے تبدیل کرنا ۵ کسی مجلس کے آدمی ۶ ناچ
گھر ۷ میدان جنگ ۸ ایک سُر ۹ سہاگا ۱۰ خوشی۔ رنگ
رلیاں ۱۱ محبت۔ عشق ۱۲ کئی مصنفوں کا نام۔ **رَنگا**
(مونث) ایک دریا ۲ (مذکر) رانگ قلعی۔ **رنگا**
چاریہ (مذکر) ۱ دیکھو علیحدہ ۲ کئی مصنفوں کا نام۔
رنگ چر (مذکر) ایکٹر۔ **رنگ دیوتا** (مونث)
ایک دیوی جو کھیل تماشوں کی منتظم ہے۔ **رنگ**
راج (مذکر) ۱ سائن کے سرپرست کا نام ۲ کئی مصنفوں
کا نام۔ **رانگ رامنج** (مذکر) ایک مصنف۔
رنگی (صفت) ۱ رنگنے والا ۲ جوشیلا ۳ باوفا ۴ عادی
۵ سٹیج پر ایکٹ کرنے والا ۶ (مذکر) ایکٹر ۷ مصور۔
نقاش ۸ رنگیلا شخص۔

رَنگ (انگ - مذکر) ۱ چھلا۔ انگوٹھی ۲ اکھاڑہ - میدان ۳ بجاتا -

رَنگپور (ہند) ۱ بنگال میں ایک ضلع - رقبہ ۳۴۸۹ ۳ (۲۵۰۰) ۴ صدر مقام (۱۴)۔

رَنگرَنگانا (ھ - لازم) ۱ بچے کا ہر وقت رونا یا ٹھسکنا۔ ٹھنکنا۔

رَنگڑ (ھ - مذکر) دیکھو رانگڑ -

رَنگَن (ھ - مذکر) سبز پتے کا عرق۔

رَنگُون (برہما) ۱ ساحل سمندر پر ایک شہر و ضلع رقبہ ۲۲ (۴۰۰) رنگون کا دار السلطنت ہے۔

رَنگیت (ھ - مذکر) ۱ ایک قسم کا گدھ جس کا بدن سفید اور گردن زرد ہوتی ہے -

رَنگین (۱۷۵۵ - ۱۸۳۵) سعادت یار خاں - مشہور اردو شاعر کئی دیوان مثنوی مہر و ماہ اور ایک دیوان ریختی یادگار ہیں۔

رُنی (ھ - مونث) امرود -

رَنیمیڈ (انگلستان) ٹیمز کے کنارے پر ایک کھیت جس میں میگنا کارٹا پر دستخط ہوئے تھے -

رَو (ہ مونث) ۱ دھارا - پانی کا بہاؤ ۲ قطار - سلسلہ - تار - تانتا ۳ انبوہ - بھیڑ ۴ دھن - خیال ۵ جوش - ولولہ -

امثال و اقوال - رو میں آئے تو آنے دے - جو رو میں آیا سو حلال - رو میں سب روا ہے - جو چیز خود بخود اور مفت مل جائے لے لینی چاہئے۔

رَو (ف - امر) ۱ رفتن کا ۲ (صفت) ۱ چلنے والا - مرکبات میں جیسے راہرو - تیز رو -

روا (صفت) ۱ جاری کرنے والا - پورا کرنے والا - مرکبات میں جیسے حاجت روا - فرماں روا ۲ جائز - مباح ۳ ٹھیک - درست (جاننا - رکھنا - سمجھنا - کرنا ہونا کے ساتھ) **روادار** (صفت) جائز رکھنے والا - مباح رکھنے والا - **رواداری** (مونث) رعایت سے جائز رکھنا - جواز - **روا رو** ہو رہی ہے - بہت جلدی ہو رہی ہے - **روا روی** (مونث) ۱ جانا - چلنا - سفر کرنا ۲ تیز جانا ۳ جلدی - تیزی - سرعت ۴ سرسری - **رواں** (صفت) ۱ جاری - چلنے والا - بہنے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ تیز - برّاں ۳ دوڑنے والا ۴ مشق پر چڑھا ۵ بغیر سمجھے یا معنی کئے پڑھنا ۶ موجودہ - فی الحال - حال کا ۷ (مذکر) متن - کتاب کی اصل ۸ وہ عبارت جو پڑھی جائے ۹ (تف) جلدی سے - تیزی سے - روانی سے - بغیر اٹکے - فر فر (رفتن - جانا) ۱۰ روح - جان (پہلوی روبان) **رواں پڑھنا** (متعدی) بغیر سمجھے یا معنی کے پڑھنا - **رواں دواں** (تف) ۱ دوڑ کر (آنا کے ساتھ) ۲ (صفت) آوارہ خراب خستہ - **رواں دواں پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا مارا مارا پھرنا - **رواں رہنا** (لازم) نکلتا رہنا - جاری رہنا - **رواں کرنا** (متعدی) ۱ جاری کرنا ۲ صاف کرنا مشق کرنا ۳ چلانا - پھیرنا ۴ تیز کرنا - باڑھ کرنا ۵ بہانا ۶ مہیا کرنا - بہم پہنچانا ۷ رواں کرنا - بھیجنا ۸ چالاک و چست بنانا - **روانگی** (مونث) ۱ جانا - چلنا ۲ سفر کو روانہ ہونا ۳ بھیجنا - ارسال - چالان - **روانگی چٹھی** (مونث) پروانہ روانگی - پاسپورٹ - **روانہ** (صفت) ۱ جانے والا ۲ چلنے والا - رواں ۳ گیا ہوا ۴ بھیجا ہوا ۵ (مذکر) پروانہ روانگی - پاسپورٹ - پروانہ راہداری - **روانہ کر دینا یا کرنا** (متعدی) بھیجنا - رخصت کرنا - **رواں ہونا** (لازم) جاری ہونا - **روانہ ہو چکنا** (لازم) ۱ چلا جانا ۲ مرجانا - انتقال - **روانہ ہونا** (لازم) ۱ جانا - چلا جانا ۲ مرجانا ۳ رواں ہونا - بہنا ۴ حرکت میں ہونا - بڑھنا ۵ سفر پر چلنا ۶ بھیجا جانا - **روانی** (مونث) ۱ بہاؤ - سیلان ۲ تیزی - پھرتی - چستی ۳ بہاؤ کی تیزی (رہنا ہونا کے ساتھ) **روانی دکھانا** (متعدی) تیزی ظاہر کرنا - خوبی دکھانا - **روانی سے چلنا** (لازم) ۱ تیزی سے کاٹنا ۲ پھرتی سے چلنا - **روانیِ آب** (مونث) پانی کا چلنا یا بہاؤ - **روائی** (مونث) جاری کرنا - پورا کرنا - مرکبات میں جیسے حاجت روائی - فرماں روائی -

مثل - رو بندے خریدار خدا - بوڑھے آدمی کہتے ہیں - اکیلے کا خدا ساتھی -

رَو (س - مذکر) ۱ غل - غوغا ۲ آواز - شور ۳ انسان کی آواز ۴ بھنبھناہٹ ۵ شہرت - آوازہ -

رو (ہ - امر) رونا کا - **رو بیٹھنا** (لازم) ۱ نا امید ہونا ۲ ضائع کر دینا - کھو دینا ۳ صبر کرنا - ہاتھ دھونا - **رو پڑنا** (لازم) رونے لگنا - **رو پیٹ کر بیٹھ رہنا** (لازم) صبر کر لینا - **روتا پھر** - سب جگہ شکوے شکایات کیا کر - **روتا پھرتا ہے** - شکایت کرتا پھرتا ہے - افسوس کرتا پھرتا ہے - **روتے پھرنا** (لازم) ۱ کہتے پھرنا ۲ افسوس یا شکایت کرنا - فریاد کرنا - **روتی پیشانی یا صورت** (مونث) وہ شخص جو ہر وقت رونی صورت بنائے رکھتا ہو - (بنانا بننا - ہونا کے ساتھ) **روتے پیٹتے** (تف) آہ و فغاں کرتے - **روتے روتے** (تف) رونے کی وجہ سے - **روتے روتے آنکھیں لال کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رونے کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہو جانا - **روتی ہوئی صورت** (صفت) دائمی مغموم - **روتے ہی جنم گزرا** - تمام عمر روتے گزری - **رو دیا** - عاجز ہو گیا - **رو دینا** (لازم) ۱ بے اختیار رونا - رونا شروع کرنا ۲ اپنی دفعہ بگڑنا - ناراض ہونا - غصے ہونا ۳ عاجز ہونا - ہمت ہارنا ۴ دب جانا - ہار ماننا ۵ مذاق وغیرہ برداشت نہ کرنا - **رو ڈالنا** (لازم) زار زار رونا - اشکباری کرنا (مت) - **رو رو کر** (رو رو کے) (تف) نہایت دقت سے - بمشکل - **رو رو کے کاٹنا** (متعدی) مصیبت کے ساتھ گزارنا - بمشکل بسر اوقات

کرنا۔ رو رو کے گھر بھر دینا (متعدی) نہایت شور مچانا۔ خوب زور سے یا پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ رو کے اٹھنا (لازم) رنج و غم سے رو دینا پھر اٹھ کر چلا جانا۔ رو کے دل خالی کرنا (متعدی) رو کر دل کی بھڑاس نکالنا۔ رو گیا۔ تھک گیا۔ اپنے قول سے پھر گیا۔ رونا (لازم) ۱ آنسو بہانا۔ گریہ کرنا۔ اشکبار ہونا ۲ شکایت کرنا۔ گلہ کرنا۔ جھینکنا ۳ غم کرنا۔ سوگ کرنا ۴ رنج کرنا۔ افسوس کرنا۔ کڑھنا ۵ واویلا کرنا۔ فریاد و فغاں کرنا ۶ دکھ بیان کرنا ۷ پچھتانا ۸ تکلیف اٹھانا ۹ رونے کی شکل بنانا ۱۰ افواہ پھیلنا۔ ذکر ہونا ۱۱ (صفت) رونے والا ۱۲ (مذکر) گریہ وزاری۔ اشکباری ۱۳ نوحہ۔ ماتم۔ کہرام ۱۴ رنج۔ افسوس۔ غم ۱۵ شکوہ۔ شکایت ۱۶ صدمہ۔ تکلیف ۱۷ فریاد۔ واویلا۔ رونا آنا (لازم) ۱ دل بھر آنا ۲ افسوس ہونا۔ رونا بند کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) گریہ موقوف ہونا۔ ماتم ختم ہونا۔ رونا پڑنا (لازم) ماتم ہونا۔ کہرام مچنا۔ رونا پیٹنا (لازم) ۱ ماتم کرنا ۲ گریہ زاری کرنا ۳ (مذکر) ماتم۔ نوحہ وشیون گریہ زاری۔ رونا تو اسی بات کا ہے۔ رونا تو یہی ہے۔ سوچ یا فکر یا اندیشہ یا افسوس تو اسی بات کا ہے۔ رونا تو عمر بھر (کا) ہے۔ ساری عمر رونا ہے۔ ساری عمر کی مصیبت ہے۔ رونا چلا آنا (لازم) رونا آنا۔ رونا دھونا (لازم) بہت رونا۔ رونا رلانا (متعدی) خود بھی رونا دوسروں کو بھی رلانا۔ رونا رونا (متعدی) ۱ مصیبت کا ذکر کرنا۔ دکھڑا بیان کرنا ۲ شکوہ کرنا۔ شکایت کرنا۔ رونا ہے۔ افسوس ہے۔ رونے پر آنا (لازم) رونے کے لئے تیار ہونا۔ رونے سے آنکھیں لال ہونا (لازم) گریہ کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہو جانا۔ رونی صورت (مونث) ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہوتی ہو۔ غمگین صورت (بنانا ہونا کے ساتھ) رونے کا تار باندھنا (متعدی)، بندھنا (لازم) برابر روئے جانا۔ رونے کا تار ٹوٹنا (لازم) گریہ موقوف کرنا۔ رونے کی جگہ (مونث) وہ موقعہ جہاں رونا چاہئے۔ افسوس کا مقام۔ روئے دینا (لازم) رو کر اظہار غم یا خوشی کرنا۔ رویا کر۔ خیال کر کر کے پچھتایا کر۔

امثال واقوال

رونا جائے موئے کی خبر لائے۔ دیکھو روتے گئے الخ روتے ہنسے نہ گائے۔ ساہو پھرے منہ بائے۔ کسی نقصان ہو جانے کی حالت میں بولتے ہیں۔ روتے رزق ہے۔ رزق محنت اور مشقت سے ملتا ہے۔ روتے کیوں ہو کہا شکل (صورت) ہی ایسی ہے۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر وقت روتی صورت بنائے رہے۔ روتے گئے موئے کی خبر لائے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو بے دلی سے کام کرے۔ روئے بنیا گڑ دے گا۔ عورتیں بچوں کو کہتی ہیں کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کوئی بہانا چاہئے۔ رو روکے دان مانگتے ہو۔ منت کر کے کام کرانا چاہتے ہو۔ رو کے پوچھے ہنس کے اڑا دے۔ غدار دوست کے متعلق کہتے ہیں جو دوست کا راز معلوم کرنے کے لئے تو منت خوشامد کرے۔ مگر معلوم ہونے پر پروا نہ کرے۔ رونے سے روزی نہیں بڑھتی خالی بیٹھ رہنے اور گلے شکوے کرنے سے رزق میں ترقی نہیں ہوتی۔ جو قسمت میں ہے ملے گا۔ رونیکو تھی ہی اتنے میں آ گئے بھیا۔ رونے ہی کو تھے اتنے میں آ گیا بھائی۔ رونے کے لئے بہانہ مل گیا۔ روئے چور پرائے دھن کو کسی کی سخاوت دیکھ کر ناراض ہونا۔ روئے بغیر ماں بھی دودھ نہیں دیتی۔ بغیر شفقت کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ روئے سے دان نہیں ملتا۔ بغیر محنت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ رویا سو منہ دھویا۔ بہت گندا ہے۔ اگر روئے تو منہ دھویا جاتا ہے۔

رو (ف۔ صفت) روئیدن سے اگنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خود رو۔

رُو (ف۔ مذکر) ۱ منہ۔ چہرہ ۲ شکل صورت ۳ سطح۔ تختہ۔ بساط ۴ آگا۔ سامنے کا حصہ۔ ابرہ ۵ سبب۔ وجہ ۶ باعث ۷ میلان۔ توجہ ۸ بہانہ۔ حیلہ ۹ رخسار۔ ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خوبرو۔ ماہ رو۔ روبراہ (صفت) ۱ اصلاح کیا ہوا۔ درست ۲ تیار سفر کے لئے۔ چلنے کو تیار ۳ کام کے قابل۔ تیار (ہونا کے ساتھ) روبرو (تف) سامنے۔ مقابل۔ آگے (آنا کرنا لانا ہونا کے ساتھ) روبصحت (صفت) اچھا ہونے کی طرف مائل روبہ فرار لانا۔ ہو جانا۔ ہونا (لازم) بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ روبقضا (صفت) سر جھکائے ہوئے۔ روبکار (مذکر) ۱ تحریری حکم۔ پروانہ۔ وہ خط جو برابر والے افسر کو بھیجا جائے (بھیجنا لکھنا لکھنا کے ساتھ) ۲ (صفت) کام کے لئے تیار ۳ ہونیوالا آنے والا۔ روبکاری (مونث) مقدمے کی پیشی یا سماعت (ہونا کے ساتھ) روبہ ہوا (صفت) ہوا کی طرف یا سمت۔ روپاک (مذکر) رومال روپر (تف) منہ پر۔ سامنے۔ روپوش (صفت) ۱ منہ چھپائے ہوئے ۲ مخفی۔ پوشیدہ ۳ (مذکر) وہ ملزم جو کسی مقدمے کی تفتیش پر غیر حاضر ہو جائے یا بھاگ جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) روپوشی (مونث) ۱ منہ چھپانا ۲ غائب رہنا۔ بھاگ جانا (کرنا ہونا کے ساتھ) روداد (مونث) ۱ سرگزشت۔ احوال۔ کیفیت۔ قصہ ۲ عدالت کی کارروائی ۳ حالت ۴ واقعہ۔ ماجرا ۵ حادثہ۔ روادار (صفت) ۱ وجیہہ شکیل ۲ (مذکر) صاحب رتبہ آدمی۔ رواداری (مونث) ۱ لحاظ۔ پاس ۲ درجہ۔ رتبہ ۳ خوشامد ۴ اطمینان۔ دلجمعی۔ رودررو (تف) سامنے۔ منہ پر علانیہ۔ رودینا (متعدی۔ مست) ۱ توجہ کرنا ۲ پیش

ہونا ۳ واقعہ ہونا ۔ **رو رعایت** (مونث) پاس لحاظ ۔ طرفداری (کرنا ہونا کے ساتھ) **روسفید** (صفت) ۱ گورے چہرے کا ۔ خوبصورت ۲ باعزت ۔ عزت دار ۳ پاکدامن ۔ بے عیب ۴ دیانت دار ۵ چیدہ (ہونا کے ساتھ) **روسفیدی** (مونث) ۱ گوراپن چہرے کا ۔ خوبصورتی ۲ شریف چلن ۳ اچھی شہرت ۴ عزت ۔ **رو سے** (تف) سبب سے وجہ سے ۔ **روسیاہ یا رسیہ** (صفت) ۱ کالے منہ کا ۲ گنہگار ۳ بدچلن ۔ بدکار ۴ ذلیل ۔ کمبخت ۔ بدقسمت ۵ بے عزت ۶ مجرم ۷ آسمان ۔ آفتاب ۔ رقیب وغیرہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے ۔ **روسیاہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کالا منہ ہونا ۔ **روسیاہی** (مونث) ۱ بدنامی ۔ ذلت ۔ رسوائی ۔ ۲ بدچلنی ۳ منہ کا کالا ہونا **روشناس** (صفت) واقف ۔ جان پہچان ۔ **روشناسی** (مونث) واقف کاری ۔ صاحب سلامت ۔ **روکار** (مونث) سامنے کا حصہ ۔ آگا ۔ **روکش** (صفت) ۱ مقابل ۔ حریف ۲ وہ جس کا ظاہر اور رہو اور باطن اور ۳ (مذکر) کوئی چیز جو اندر باہر یکساں نہ ہو ۴ آئینے کا غلاف ۔ **روکشی** (مونث) اندر کچھ باہر کچھ ہونے کی حالت ۔ **روگرداں** (صفت) ۱ منہ پھیرنے والا ۔ فرار ہوجانے والا ۲ ناراض ۔ ناخوش غصے ۳ منحرف ۴ وہ جسکا رو پشت یکساں ہو (کپڑا) ۵ بے دماغ ۶ الٹا ۔ اندر کا حصہ باہر کیا ہوا (کپڑا) **روگرداں کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ الٹنا پلٹنا ۲ نیچے کا حصہ اوپر ہونا ۔ اندر کا حصہ باہر ہونا ۳ فرار ہونا ۔ چھٹ جانا ۔ **روگردانی** (مونث) ۱ منہ پھیرنا ۲ انحراف ۔ بغاوت ۔ نافرمانی (کرنا ہونا کے ساتھ) **رومال** (مذکر) کپڑے کا مربع ٹکڑا جو منہ ناک وغیرہ صاف کرنے کے لئے پاس رکھتے ہیں ۲ وہ اونی یا ریشمی کپڑا جو تکونا اوڑھا جاتا ہے ۔ مفلر ۳ وہ کپڑا جو تلوار کے قبضے میں باندھتے ہیں ۔ **رومال اوڑھنا** (مونث) اونی رومال کندھے پر ڈالنا ۔ **رومال (پر رومال) بھگونا یا تر کرنا** (متعدی) **تر ہونا** (لازم) بہت رونا ۔ **رومال جھلنا** (متعدی) مکھیاں اڑانے کے لئے رومال ہلانا ۔ **رومال رکھنا** (متعدی) ایام حیض میں گدی کا استعمال کرنا ۔ **رومال سے رومال بدل جانا** (لازم) عورتیں اوڑھنی یا رومال بدل کر بہنیں بن جاتی ہیں ۔ کنایہ گہری دوستی ہوجانے سے ہے ۔ **رومال ہونا** (لازم) خلعت میں رومال ملنا ۔ **رومالی** (مونث) ۱ لڑکیوں کے اوڑھنے کا رومال ۲ گلوبند ۔ مفلر ۳ وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں ۴ وہ تین گوشوں کا کپڑا جو پہلوان ورزش یا کشتی کے وقت باندھتے ہیں ۵ ایک قسم کی ورزش مگدر ہلانے کی ۶ ایک قسم کا کبوتر ۔ **رومالی سویاں** (مونث) بہت باریک سویاں ۔ **رونما** (صفت) ۱ وہ جو منہ دکھائے ۲ وہ جو ظاہر ہو ۔ **رونما ہونا** (لازم) منہ دکھانا ۔ ظاہر ہونا ۔ **رونمائی** (مونث) ۱ منہ دکھانا ۲ وہ نقدی جو خاوند یا اس کے رشتہ دار دولھن کو منہ دکھانے کی دیتے ہیں ۔ منہ دکھائی (رکھوانا ۔ رکھنا دینا لینا کے ساتھ) **رونمائی میں دینا** (متعدی) منہ دکھائی کا روپیہ یا کوئی چیز دینا ۔ **روئے** ۔ (مذکر) دیکھو رو ۔ **روئے آفتاب** (مذکر) آفتاب کا چہرہ ۔ آفتاب (چھپ جانا ۔ مخفی ہونا کے ساتھ) **روئے بند** (مذکر) نقاب ۔ **روئے تاباں** (مذکر) چمکتا ہوا چہرہ ۔ **روئیداد** (مونث) دیکھو روداد ۔ **روئے زرد** (مذکر) ۱ پیلا چہرہ ۲ (صفت) شرمندہ ۔ **روئے زمین** (مذکر) زمین کی سطح ۔ **روئے زیبا** (مذکر) خوبصورت چہرہ ۔ **روئے سخن** (مذکر) اشارہ ۔ خطاب ۔ **روئے سفید** (مذکر) دیکھو روسفید ۔ **روئے سیاہ** (مذکر) کالا منہ (دکھانا ۔ دیکھنا کے ساتھ) **روئے کتابی** (مذکر) کسی قدر لمبا چہرہ ۔ **روئے کمان** (مذکر) کمان کا لکڑی کا حصہ ۔ وہ حصہ جو چلانے کے وقت بدن سے دور رہتا ہے ۔ **روئے گلگوں** (مذکر) سرخ چہرہ (دکھانا دیکھنا کے ساتھ) **روئے نکو** (مذکر) نیک چہرہ ۔ **رویداد** (مذکر) روداد ۔ **روئے رنگ متغیر ہونا** (لازم) دیکھو رنگ رو الخ ۔

امثال ۔ **رومال آدھا خدمتگار ہے** ۔ بہت کام دیتا ہے ۔ **روئے مفلسی سیاہ** مفلسی کا منہ کالا ۔ **رویش ببیں و حالش مپرس** منہ دیکھ اور حال نہ پوچھ ۔ صورت سے ہی حال ظاہر ہے ۔

رَوا (ف ۔ صفت) ۱ پورا کرنیوالا مرکبات میں جیسے حاجت روا ۲ نافذ یا جاری کرنے والا ۔ مرکبات میں فرماں روا ۳ جائز ۔ مباح ۴ رائج ۔ جاری ۵ معقول ۔ مناسب ۔ واجب ۶ قابل توجہ یا منظوری ۷ درست (جاننا ۔ رکھنا ۔ سمجھنا ۔ ہونا کے ساتھ) **روادار** (صفت) کسی فعل کا جائز رکھنے والا ۔ **روادار رہونا** (لازم) ۱ درست سمجھنا ٹھیک سمجھنا ۲ جائز سمجھنا ۳ اجازت دینا اپنے آپ کو کچھ کرنے کی یا دوسرے کو ۔ **رواداری** (مونث) کسی بات کو جائز رکھنا رعایت سے ۔ رعایت ۔ **رواکرنا** (متعدی) ۱ چلانا ۲ بہانا ۳ بہم پہنچانا ۔ مہیا کرنا ۔ **رواہے** ۔ جائز مباح ہے ۔ **روائی** (مونث) ۱ پورا کرنا ۲ نافذ کرنا ۔ مرکبات میں جیسے حاجت روائی ۔ فرماں روائی ۔

روا (ہ ۔ مذکر) ۱ سوجی ۲ ریت کا ذرہ ۳ چاندی سونے کا ذرہ ۴ گھی یا مصری کا دانہ ۵ بارود کا دانہ ۶ دانہ جو پازیب میں آواز کے واسطے ڈالتے ہیں ۷ کنکر جو طعام میں سے نکلے ۸ چھوٹا سا ٹکڑا ذرہ ۔ **روے دار** (صفت) دانہ دار ۔ خستہ ۔

رَوا (ع ۔ فر) سوچنا جواب کو ۔

روابط (ع ۔ مذکر) جمع رابطہ کی ۔

رواتب (ع ۔ مذکر) جمع راتب ۔ ضروریات زندگی وغیرہ ۔

رواٹا (ہ ۔ مذکر) روٹی کو دوں یا ساواں کی بنی ہوئی ۔

رواج (ف ۔ مذکر) رسم ۔ دستور ۔ معمول (پانا ۔ پڑنا ۔ پکڑنا ۔ دینا کے ساتھ) **رواج**

شدآمد (مذکر) قدیمی دستور - **رواجی** (صفت) ۱ رسمی، معمولی ۲ رائج -

رواحل (ع - مذکر) جمع راحلہ کی ۱ لدو اونٹ ۲ قافلے -

رَوار (ھ - مذکر) چادر یا کپڑا جو تنّور پر ڈالا جائے -

رواراٹ (ھ - مونث) رونا دھونا - نوحہ وشیون چیخ و پکار -

روازن (ف - مذکر) جمع روزن کی کھڑکیاں -

رُواس (ہ - مونث) رونے پر آمادگی - **رواسا** (صفت) ۱ رونے پر آمادہ ۲ ناراض رنجیدہ - **رواسا ہو جانا** (لازم) ۱ رو پڑنا ۲ ناراض ہو جانا -

رَواسن (ھ - مونث) ایک قسم کی پھلی - روانس -

روافض (ع - مذکر) جمع رفض -

رُواق (ع - مذکر) ۱ خیمہ یا شامیانہ جو ایک ستون پر کھڑا ہو ۲ پردہ ۳ خیمہ یا مکان کے آگے سائبان کی طرح لگا ہو ۴ ایوان - جلو خانہ - ڈیوڑھی جو مکان کے آگے بنی ہو ۵ محل - قصر جو ستونوں پر کھڑا ہو - **رواق بے ستون یا نیگوں** (مذکر) آسمان - چرخ - **رواق منظر چشم** (مذکر) آنکھ کی پتلی -

مقولہ - رواق و منظر چشم من آشیانہ تست - کرم نما و فرود آکہ خانہ خانہ تست - میری آنکھ کی مہتابی اور جھروکہ تیرا گھر ہے - کرم کر چلا اور چلا آ کہ میرا گھر تیرا ہی گھر ہے - کسی دوست کو اپنے یہاں بلاتے وقت یہ شعر لکھتے ہیں -

رَوال (ھ - صفت) ۱ روے دار - دانے دار ۲ (مذکر) دیکھو روا - دانہ وغیرہ

رُوآں (ہ - مذکر) ۱ چھوٹے چھوٹے بال جو انسان کے بدن پر ہوتے ہیں ۲ پرندوں کے بچوں کے بال جو پیدا ہونے پر ہوتے ہیں ۳ ترکاری پھل یا پھولوں پر کے چھوٹے بال ۴ چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے پر ہوتے ہیں ۵ کائی - **رواں بدلنا** (متعدی) پرندے کا بال جھاڑ کر پر نکالنا - **رواں رواں** (مذکر) ہر ایک رونگٹا - **رواں رواں دعا دیتا ہے** (عو) کوئی نیکی کرے تو کہتی ہیں - **رواں رواں کانپنا** (لازم) جسم کا ڈر سے سخت کانپنا - **رواں کھڑا ہونا** - (لازم) رونگٹا کھڑا ہونا - **رواں میلا ہونا** (لازم) رنج و ملال پہنچنا - صدمہ ہونا -

مثل - رواں نہ دھواں بیوی مارے جولواں - سارا دن کوئی کام نہیں - نہ کھانا نہ پکانا -

رُوال (فرانس) ایک مشہور شہر جس کا گرجا مشہور ہے یہاں انگریزوں نے جون آف ارک کو زندہ جلایا تھا (۱۲۴) -

رُوانسا (ھ - صفت) بال دار - روئیں دار -

رُوالوک (شا) ریاست ورجینا کا ایک شہر (۲۷) -

رَوائح (ع - مونث) رائحہ کی جمع - خوشبوئیں -

رُوائی (ھ - مونث) رونا - گریہ -

روایا - روایات (ف - مذکر و مونث) روایت کی جمع -

روایت (ع - مونث) ۱ دوسرے کے الفاظ بیان کرنا - دوسرے کی بات کی نقل ۲ سرگزشت - حدیث ۳ بیان - ذکر ۴ قصہ - کہانی - تاریخ ۵ تحریری فتوے کسی عالم کا (کرنا ہونا کے ساتھ) (دَدَیَ - پڑھنا) **روایت صحیح** (مونث) حدیث صحیح - **روایتِ مشہور** (مونث) مشہور حدیث -

روب (ف اسم و صفت) جھاڑو دینے والا - رُفتن سے - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے فاکروب -

روباہ (ف - مونث) ۱ لومڑی ۲ بزدل شخص - **روباہ بازی** (مونث) مکاری فریب - دغابازی (کرنا ہونا کے ساتھ) **روباہ جاننا** (متعدی) وقعت نہ سمجھنا - **روباہی** (مونث) روباہ بازی -

روبسپیر (۱۷۵۸-۱۷۹۴) میکسملین میری اسیڈور - ایک فرانسیسی مقرر جو ۱۷۸۹ء کے انقلاب کا لیڈر تھا - اسے قتل کر دیا گیا تھا -

رُوبل (روس - مذکر) ایک سکہ -

رُوبن (عبر - مذکر) حضرت یعقوب کا سب سے بڑا بیٹا جو لیاہ کے بطن سے تھا -

رُوبنز (۱۵۷۷-۱۶۴۰) ایک نہایت مشہور فلیمش مصور جس کی تصویریں آج کل لاکھوں روپے کو بکتی ہیں -

رُوبہ (ع - مذکر) ۱ عقل - سمجھ منی ۲ ایک شاعر -

روبہ (ف - مونث) دیکھو روباہ -

رُوبے (فرانس) ایک شہر جہاں کپڑے کے کارخانے ہیں (۱۱۳) -

رُوپ (س - مذکر) ۱ ظاہری صورت ۲ شکل بھیس ۳ طرز - ڈھنگ - وضع ۴ حسن - خوبصورت ۵ رونق - آب و تاب ۶ جلوہ - تجلی ۷ تصویر - عکس ۸ سوانگ - نقل ۹ چہرہ نقش نگار ۱۰ رنگ ۱۱ خوبصورت شکل یا چہرہ ۱۲ اصلی حالت ۱۳ قدرتی طبیعت - چلن ۱۴ ڈرامہ - ناٹک ۱۵ وہ شخص جو مرغوب اور پسندیدہ ہو ۱۶ چاندی - روپا کا مخفف ۱۷ (ھ) شعروں میں - ایک کو تشبیہ دیتے ہیں ۱۸ (حساب) عدد ایک - عدد صحیح ۱۹ (الجبرا) رقم معلومہ ۲۰ مرکبات میں بمعنی شکل کا - مانند - ملتا جلتا وغیرہ ۲۱ روپیہ کا مخفف ۲۲ ایک قوم ۲۳ ایک جگہ ۲۴ حیوان - مویشی - **روپا** (مونث) ۱ چاندی ۲ چھچھوندر ۳ ایک دریا کا

نام - روپ پتی (مذکر) نوشتری - روپ پور
(مذکر) ایک شہر - روپ جیونا (مونث) طوائف۔
رنڈی - روپ چندر (مذکر) ایک مصنف -
روپ دھر (مذکر) ایک راجہ - روپ دیو
(مذکر) دو مصنفوں کا نام - روپ ساگر (مذکر)
خوبصورتی کا سمندر - خوبصورت آدمی - روپ
سین (مذکر) ایک راجہ ؏ ایک ودیادھر - روپ
شِکھَہ (مونث) راکھشش اگنی شکھہ کی ایک بیٹی -
روپکار (مذکر) بت تراش - مصور - روپ
گوسوامی (مذکر) ایک مصنف کا نام - روپ
لتا (مونث) ایک راجکماری - روپ مالی
(مونث) ایک بحر یا وزن - روپ متی (مونث)
ایک راج کماری - روپ نارایَن (مذکر)
دو مصنفوں کا نام - روپ نین (مذکر) ایک
شارح - روپ واسِک یا واہِک (مذکر)
ایک قوم - روپ وتی (مونث) ؎ خوبصورت
عورت ؏ کئی عورتوں کا نام ؏ ایک دریا - روپ
وَجرا (مونث) ایک بدھ دیوی - روپی (صفت)
؎ شکل کا - صورت کا ؏ جسم والا ؏ خوبصورت حسین ؏
خاصیت کا - طبیعت کا ؏ مرکب یا بنا ہوا کسی چیز کا
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے پرکاش روپی -

رُوپ (ہ - مذکر) دیکھو آخری
؎ تا ؏ - روپا (مذکر) ؎ چاندی ؏ چھچھوندر -
روپ بدلنا (لازم) بھیس بدلنا - صورت بدلنا -
روپ بگاڑنا (متعدی) بگڑنا (لازم) ؎ بدصورت
ہونا ؏ بے رونق ہونا - روپ بنانا یا بھرنا
(متعدی) ؎ صورت یا وضع کا بدلنا - دوسری شکل
میں ظاہر ہونا ؏ بھیس بدلنا - روپ پانا (متعدی)
صورت نظر آنا - مشاہدہ میں آنا صورت کا - روپ
پر ہونا (لازم) رونق پر ہونا - روپ جست
(مذکر) مرکب دھات - کانسی - روپ چھانا
(لازم) آب و تاب پر ہونا - روپ درشن
(مذکر) روپیہ - روپ دکھانا (متعدی) صورت
دکھانا - روپ دھارن (ھ) بھیس بدلنا - دوسری
شکل بنانا - روپ دھاری (ھ) ؎ بھیس بدلنے
والا شکل بدلنے والا ؏ وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو -
روپ دھرنا (متعدی) دیکھو روپ بنانا - روپ
رس (ھ) چاندی کا کشتہ - روپ رکھنا (لازم)
آب و تاب والا ہونا - خوبصورت ہونا - روپ
ریکھ یا ریکھا (مونث) شکل صورت - نقش و
نگار - روپ لانا (متعدی) مختلف وضع میں ظاہر
ہونا - روپ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) نکھرنا -
چمکنا - آب و تاب ظاہر ہونا -

امثال و اقوال - روپ
(کی) روئے بھاگ (کی) کھائے
خوبصورت بعض وقت بدقسمت ہوتا ہے - اور قسمت
والا گو بدصورت ہو مزے اڑاتا ہے - روپ نر وپ
جائے نہیں بولی - ہلکا گرو جائے نہیں
تولی (ھ) خدا کی تعریف ہے کہ خوبصورت ہے یا بد
صورت ہے کہا نہیں جاتا - ہلکا یا بھاری ہے تولا نہیں
جاتا - روپ نہ سنگار کھترانی کی سادھ
نہ خوبصورتی ہے نہ بناؤ سنگار ہے اور کھترانی کا بھیس
بناتی ہے - کھتری عورتیں عموماً خوبصورت اور امیر
ہوتی ہیں - جو باوجود بدشکل ہونے کے حسین بننے کی
کوشش کرے اس کے متعلق کہتے ہیں

روپنا (ھ متعدی) ؎ بونا - اگانا ؏ ایک جگہ سے اکھاڑ
کر دوسری جگہ لگانا ؏ رکھنا ؏ کوئی کام اپنے ذمے لینا ؏
روکنا ؏ بند کرنا ؏ بچانا - حفاظت کرنا ؏ (مونث) برات
؏ دولھن کو لیجانا ؎ منگنی -

رُوپ سنگھ (۱۷) راجہ - اسنے
اپنی لڑکی کی شادی شاہزادہ معظم سے کی -

رُوپلی (ہ - مونث عو) تحقیراً روپیہ -
رُوپوں (ہ - مذکر) جمع روپیہ
کی -

رُوپہرا (ھ) رُوپہلا (ہ صفت)
چاندی کے رنگ کا -

روپے (ہ - مذکر) جمع روپیہ کی - (س
رُوپ - چاندی) روپیا (مذکر) دیکھو روپیہ -
روپے کو روپیہ نہ سمجھنا (لازم) روپے کی قدر
نہ جاننا یا کرنا - روپے کے چار آنے - سخت
گھاٹا پڑنا - رقم چہارم حصہ رہ جانا - روپے کی
تین اٹھنی بنانا یا مارنا (متعدی) گلچھرے اڑانا -
مزے کرنا - روپے گاڑنا (متعدی) روپے زمین
میں دفن کرنا - روپیہ جمع کرنا - روپے گز (صفت)
ایک روپے کا ایک گز - روپے والا (صفت) امیر
دولتمند - مالدار - روپیوں کا مٹھا چلنا (لازم)
بیاہ شادی کے موقع پر دولھا دولھن پر سے روپے نچھاور
کرنا کہ لوگ لوٹیں - روپیہ (مذکر) ؎ ہندوستان کا
چاندی کا سکہ جو وزن میں ایک تولہ اور قیمت میں
سولہ آنے کا ہوتا ہے ؏ دولت (دینا لینا کے ساتھ) -
روپیہ آنا (لازم) آمدنی ہونا - تنخواہ ہونا - روپیہ
اتار دینا (متعدی) روپیہ کسی کے ذمہ کر دینا - روپیہ
اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) روپیہ یا دولت
خرچ ہونا - روپیہ اڑانا (متعدی) اڑنا (لازم)
دولت یا روپیہ ضائع ہونا - روپیہ بھنانا (متعدی)
بھُننا (لازم) روپے کی ریزگاری ملنا - روپیہ پڑنا
(متعدی) روپیہ دیا جانا - روپیہ پیسا (مذکر) دولت
دھن - روپیہ تڑانا یا تڑوانا (متعدی) روپیہ کی
ریزگاری لینا - روپیہ ٹھیکری (کنکری) کر دینا
(متعدی) روپیہ ضائع کرنا - فضول خرچی کرنا - روپیہ
جوڑنا (متعدی) دولت جمع کرنا - روپیہ چھوڑنا
(متعدی) روپیہ نہ لینا یا معاف کرنا - روپیہ خردہ
کرنا (متعدی) روپیہ تڑوانا - روپیہ دبا لینا
(متعدی) کسی کا روپیہ لے کر نہ دینا - روپیہ ڈوبنا
(لازم) روپے کا نقصان ہونا - گھاٹا پڑنا - روپیہ کو
روپیہ نہ سمجھنا (متعدی) روپے کی پرواہ نہ کرنا -
روپیہ ضائع کرنا - روپیہ مار لینا (متعدی) روپیہ
لے کر نہ دینا - روپیہ نکالنا (متعدی) نکلنا
(لازم) بڑی مشکل سے دیا ہوا روپیہ وصول کرنا -